(ایم۔اے) سال اول کے طلباء کے لیے انمول تحفہ

شرح توضیح وتلویح

شیخ الحدیث علامہ قاضی

عبدالرزاق بھترالوی حطاروی مدظلہ العالی

مہتمم جامعہ جماعتیہ مہرالعلوم ٹکریال راولپنڈی

مکتبہ امام احمد رضا

○ نام کتاب: شرح توضیح وتلویح (اردو)

○ مؤلف: محقق العصر شیخ الحدیث علامہ عبدالرزاق بھترالوی حطاروی

○ باہتمام: حافظ محمد اسحاق ہزاروی

○ کمپوزر: مولانا محمد رمضان عسکری اوکاڑوی

○ سال طباعت: 2015

فہرست

﴿سبب تالیف﴾

بسم اللہ الرحمن الرحیم

توضیح وتلویح کی اردو میں اس انداز پر وضاحت کی گئی ہے کہ کتاب کا مطلب سمجھ آجائے۔ اگرچہ راقم اردو حواشی کا قائل نہیں لیکن طلباء کرام کی توجہ اردو حواشی کی طرف زیادہ ہوگئی۔ اس لئے کبھی کبھی اردو میں کسی کتاب کا خلاصہ وغیرہ لکھنا مذکورہ بالا عذر پر محمول کیا جائے کہ طلباء کو اغیار کے خلاصہ جات کی طرف رجوع نہ کرنا پڑے۔

اصل میں وجہ تالیف یہ ہے کہ راقم نے پہلے توضیح وتلویح کا خلاصہ امتحانات میں متوقع سوالات کو مدنظر رکھتے ہوئے ترتیب دیا تھا لیکن برادر مکرم حضرت مولانا محمد عبدالرشید قریشی صاحب مدرس جامعہ رضویہ ضیاء العلوم نے فرمایا کہ پہلا خلاصہ بہت مختصر ہے، اس طرح ترتیب دو کہ امتحانی کورس والے حصہ کی ایسے وضاحت ہوجائے کہ نفس کتاب حل ہوجائے۔ پہلے تو راقم نے آپ کی رائے سمجھی بوجہ ضعف وعلالت اس طرف توجہ نہ دے سکا۔

جب دوسری اور تیسری مرتبہ آپ نے ارشاد فرمایا تو سمجھ آیا کہ یہ صرف رائے نہیں بلکہ حکم ہے۔ آپ کے امر کو "قول الحکیم لایخلو عن الحکمۃ" پر محمول کرتے ہوئے آپ کے ارشاد پر اردو وضاحت کردی، امید ہے کہ نفس کتاب کو سمجھنا آسان ہوگا۔

حافظ قاضی عبدالرزاق بھترالوی حطاروی

بسم الله الرحمن الرحیم

حامدا لله تعالى اولا وثانيا ولعنان الثناء اليه ثانيا

اللہ کے نام سے ابتداء ہے جونہایت مہربان اور رحم کرنے والا ہے دراں حالیکہ حمد کرتے ہوئے اللہ کیلئے اول اور ثانی اور ثناء کی باگ ڈوری اسی کی طرف پھیرتے ہوئے۔

قوله حامدا حال من المستكن في متعلق الباء اى بسم الله ابتدئ الكتاب حامدا آثر طريقة الحال على ما هو المتعارف عندهم من الجملة الاسمية والفعلية نحو الحمد لله واحمد الله تسوية بين الحمد والتسمية ورعاية للتناسب بينهما.

بسم اللہ کی باء جار کے متعلق بہ کی مستتر ضمیر سے ''حامدا'' حال واقع ہو رہا ہے۔ اگر چہ ظرف مستقر کے متعلق بہ میں آٹھ احتمال ہیں کہ تعلق فعل سے ہو یا اسم سے، پھر ہر ایک میں دو دو احتمال ہیں کہ وہ فعل یا اسم خاص ہوگا یا عام، پھر ہر ایک میں دو دو احتمال ہیں کہ وہ اول میں ہوگا یا آخر میں۔ لیکن علامہ تفتازانی رحمہ اللہ نے ایک ہی شق کو بیان کیا ہے کہ فعل مقدر ہو اور آخر میں ہو، اور اس کی ضمیر سے ''حامدا'' کو حال بنایا جائے۔ تقدیر عبارت کی یہ ہے۔

"بسم الله الرحمن الرحيم ابتدئ حامدا الخ" ابتدئ واحد متکلم مضارع کی مقدر ضمیر ''انا'' سے حال ہے۔

علامہ تفتازانی معروف اسلوب سے ہٹنے کی وجہ بیان کرتے ہیں: مصنف نے حال والا طریقہ اختیار کیا ہے حالانکہ عام

میر سید شریف فرماتے ہیں : بعض نسخوں میں ہے ''توکلت على الله حامدا'' اس صورت میں ''توکلت'' کی ضمیر بارز واحد متکلم سے ''حامدا'' حال ہے اور اکثر نسخوں میں وہی عبارت جو نقل کی گئی ہے۔ اس میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ یہ جار مجرور ''بسم الله'' کا تعلق مضارع سے ہو تو مضارع کی ضمیر واحد متکلم کی مستتر ضمیر سے ''حامدا'' حال ہوگا۔ اور دوسرا احتمال یہ ہے کہ اس کا تعلق ماضی کے واحد متکلم کے صیغہ ''استعنت، ابتدیت'' وغیرہ سے ہو اس صورت میں بارز ضمیر متکلم سے حال ہوگا۔

تیسرا احتمال یہ ہے کہ یہ حال ہو ''الرحیم'' سے اور ذوالحال مفعول محذوف ہو، تقدیر عبارت کی یہ ہو ''الرحيم اياى'' رحمت سے مراد اخروی رحمت ہے۔ اور رحیم صیغہ صفت مشبہ کا ہے اس کا اعتماد ہے اپنے موصوف ''کلمہ اللہ'' پر، اس لئے وہ عامل ہے۔

چوتھا احتمال : کہ مفعول ہو ''کائن'' محذوف کا جو ''حامدا لله'' میں مقدر ہے، یہ ''جاء بالرحمة'' کے معنی میں ہوگا۔

مصنفین کے نزدیک متعارف طریقہ یا تو جملہ اسمیہ کا ذکر کرنا ہے "الحمدللہ" یا جملہ فعلیہ کا ذکر کرنا ہے "احمد اللہ"۔

اس عدول کی دو وجہ ہیں : (۱) حمد اور تسمیہ میں برابری ثابت کرنا ہے۔ (۲) حمد اور تسمیہ میں رعایت تناسب کا لحاظ کیا گیا ہے۔ اس رعایت تناسب اور تسویہ کو یوں بیان کیا گیا ہے۔

فقد ورد في الحديث "كل امر ذي بال لم يبدأ فيه ببسم الله فهو ابتر، وكل امر ذي بال لم يبدأ فيه بالحمدلله فهو اجذم" فحاول ان يجعل الحمد قيدا حالا عنه كما وقعت التسمية كذلك الا انه قدم التسمية لأن النصين متعارضان ظاهرا اذا الابتداء بأحد الامرين يفوت الابتداء بالآخر وقد امكن الجمع بان يقدم احدهما على الآخر فيقع الابتداء به حقيقة وبالآخر بالأضافة الى ما سواه فعمل بالكتاب الوارد بتقديم التسمية والاجماع المنعقد عليه، وترك العاطف لئلا يشعر بالتبعية فيخل بالتسوية.

بیان تسویہ: تسمیہ اور تحمید میں ارشاد مصطفوی ایک جیسا ہے، تسمیہ کے متعلق ارشاد ہے۔ ہر ذی شان کام جس کا ابتداء بسم اللہ سے نہ کی جائے وہ بے برکت ہے، اور یہی حکم تحمید کے بارے میں بھی۔

ابتر اور اجذم کا ایک ہی مطلب ہے۔ ابتر کا معنی دم کٹا ہونا، اجذم کا مطلب جذام کی مرض میں مبتلاء ہونا، مطلب دونوں کا بے برکت ہونا اور ناقص ہونا ہے۔

میر سید شریف رحمہ اللہ حمد کے متعلق بیان کرتے ہیں : حمد کا لغوی معنی ہے ستودن (تعریف کرنا) بعض حضرات نے حمد کی یہ تعریف بیان کی ہے "الحمد هو الثناء باللسان على قصد التعظيم سواء تعلق بنعمة أو بغيرها " (حمد وہ ثناء ہے جو زبان سے تعظیم سے ہو برابر ہے اس کا تعلق نعمت سے ہو یا نہ ہو) لسان کی قید سے "ارکان وجنان" سے کی جانے والی ثناء خارج ہوگئی۔

"قصد تعظیم" کی قید سے وہ ثناء خارج ہوگئی جو انسان سے بغیر ارادہ کے اتفاقی طور پر صادر ہو۔

"سواء تعلق بنعمة او بغيرها " کی تعمیم سے ہر وہ تعریف حمد میں داخل ہوگئی جو زبان سے ہو خواہ نعمت حاصل ہو یا نہ ہو، اسی طرح عام ہے کہ جمیل ہو یا قبیح ہو۔ جسطرح کوئی شخص ظالم کی تعریف کرے اس کے فتنہ کے خوف سے، اسی طرح اور اس میں تعمیم ہے کہ جس کی تعریف کی جارہی ہے اس کا وصف اختیاری ہو یا غیر اختیاری ہو۔

بعض حضرات نے حمد میں "على الجميل الاختياري " کی قید لگائی ہے اس سے جمیل غیر اختیاری خارج ہوگا، جس طرح کوئی شخص کسی کی صورت کی تعریف کرے، صورت کا حسن انسان کے اختیار میں نہیں۔

رعایت مناسبت: ''حامدا'' کو حال بنایا گیا ہے۔جس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ جس طرح تسمیہ سے مصنف اپنی کتاب کی ابتداء کی ہے اسی طرح حمد کو بھی ابتداء کی قید بنایا گیا ہے، یعنی حمد سے بھی ابتداء کی ہے۔

رعایت تناسب پر دلالت ایک سؤال مقدر کا جواب بھی کر رہا ہے۔

سؤال مقدر: تسمیہ اور تحمید دونوں کے متعلق ابتداء کا ذکر ہے، ان دونوں میں تعارض پایا گیا ہے، کیونکہ ایک سے ابتداء ہو تو دوسرے سے ابتداء نہیں ہو گی؟

جواب: تسمیہ میں ابتداء حقیقی پائی گئی ہے، ابتداء حقیقی یہ ہے جو سب سے پہلے ہو، اور تحمید میں ابتداء اضافی پائی گئی ہے، ابتداء اضافی اسے کہا جاتا ہے جو بعض سے پہلے ہو۔ یا دوسرے لفظوں میں یوں کہا جائے ابتداء بنسبت کل کے حقیقی ہے اور بنسبت بعض کے اضافی ہے، اس طرح دونوں احادیث پر عمل پایا گیا ہے۔

سؤال: تسمیہ میں ابتداء حقیقی مراد لی گئی اور تحمید میں ابتداء اضافی، اس کا عکس کیوں نہیں کیا گیا؟

جواب: اس میں کتاب اللہ کی تابعداری کی گئی ہے کیونکہ قرآن پاک میں ابتداء ''بسم اللہ'' سے ہے پھر الحمد للہ ذکر کیا گیا ہے۔ اور دوسری وجہ یہ کہ اس پر اجماع بھی منعقد ہے کہ تسمیہ میں ابتداء حقیقی اور تحمید میں اضافی لی جائے۔

وترک العاطف لئلا یشعر بالتبعیة فیخل بالتسویة.

ترک عطف کی وجہ: تسمیہ اور حمد کے درمیان حرف عطف نہیں لایا گیا کیونکہ معطوف تابع ہوتا ہے معطوف علیہ کے۔

بیضاوی رحمہ اللہ نے حمد کی تعریف یہ کی ہے ''**الحمد ہو الثناء علی الجمیل الاختیاری من النعمة أو غیرہا**'' اگر چہ بیضاوی نے ''باللسان'' کی قید نہیں لگائی لیکن ''ثناء'' میں زبان کی تعریف ہی معتبر ہے۔ بلکہ جن حضرات نے الثناء کے بعد باللسان ذکر کیا ان کو قاعدہ تجرید استعمال کرنا پڑا۔

مدح کی تعریف: **وأما المدح فهو الثناء علی الجمیل**، مدح وہ تعریف ہے جو جمیل کی کی جائے، اس میں اختیاری کی قید نہیں۔ اس لئے جمیل اختیاری یا غیر اختیاری دونوں کی تعریف کو مدح شامل ہے۔ اسی طرح مدح میں ''**علی قصد التعظیم**'' کی قید بھی نہیں۔ حمد اور مدح میں عموم وخصوص مطلق ہے۔

شکر کی تعریف: **واما الشکر فهو فی العرف تعظیم المنعم لکونه منعما سواء کان باللسان أو بالجنان أو بالأرکان.**

شکر یہ ہے کہ منعم کی تعریف تعظیم کے ارادہ سے کی جائے اس لئے کہ وہ منعم ہے، یعنی منعم کی تعریف اس کے انعام پر کی

ہم نے تسمیہ اور تحمید میں تسویہ ثابت کی ہے، اگر حرف عطف ذکر کیا جاتا تو وہم ہوتا کہ حمد تابع ہے تسمیہ کے، اس طرح مقصد میں خلل واقع ہوتا۔

''حامدا'' کیا یقول کے فاعل سے حال واقع ہوسکتا ہے۔ جو بعد میں آرہا ہے''یقول لما وفقنی اللہ'' اس کا جواب علامہ تفتازانی نے دیا۔

ولایجوزان یکون حامدا حالا من فاعل یقول لأن قوله"وبعد فان العبد الخ" علی ما فی نسخة المقروة عند المصنف صارف عن ذلک واما علی النسخة القدیمة الخالیة عن ھذا الصارف فالظاھر انه حال عنه.

مصنف کے نزدیک توضیح کا جو نسخہ معتبر ہے جس میں یہ ذکر ہے''وبعد فان العبد''۔ (تسمیہ اور حمد وصلوۃ کے بعد بندہ یہ کہتا ہے) وہ نسخہ تو''یقول'' کے فاعل سے حال بنانے سے پھیر رہا ہے، لیکن قدیم نسخے جن میں یہ الفاظ ذکر نہیں ان کے مطابق''حامدا'' کو بعد میں آنے والے یقول کے فاعل سے حال بنانا صحیح ہے۔

''اولا وثانیا'' کی وضاحت علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

"واما تفصیل الحمد بقوله اولا وثانیا فیحتمل وجوھا"

حمد کی تفصیل ماتن کے قول''اولا وثانیا'' میں وجوہ کا احتمال پایا گیا ہے۔

ا۔ الاول ان الحمد یکون علی النعمة وغیرھا فالله تعالی یستحق الحمد اولا لکمال ذاته وعظمة صفاته وثانیا لجمیل نعمائه وجزیل آلائه التی من جملتها التوفیق لتالیف ھذا الکتاب.

جائے خواہ زبان سے ہو یا دل سے ہو یا ارکان (اعضاء) سے ہو۔

اولا وثانیا کے متعلق میر سید شریف فرماتے ہیں: چونکہ میر سید شریف رحمہ اللہ نے ذکر فرمایا کہ ایک نسخے میں ہے ''توکلت علی اللہ حامدا'' اس کے مطابق آپ فرماتے ہیں کہ''اولا وثانیا'' کا تعلق تینوں فعلوں سے علی سبیل التنازع ہے تینوں فعلوں سے مراد''توکل، تعالی اور حمد'' ہیں۔

''اولا وثانیا'' ظرف زمان ہیں، یعنی فی اول الزمان وآخرہ، علاوہ اس کے ثانی بمعنی متاخر کے بھی آتا ہے۔ جیسے نحوی حضرات کا قول ہے''التابع کل ثان معرب باعراب سابقه'' تابع اسے کہا جاتا ہے جو متبوع سے متاخر ہو اور پہلے والا اس پر اعراب ہو، اور وجہ اعراب ایک ہو۔

ان وجوہ میں سے پہلی وجہ یہ ہے کہ حمد کبھی نعمت کے حصول پر ہوتی ہے اور کبھی بغیر نعمت کے۔ اللہ تعالی کا کمال ذات اور عظمت صفات کی وجہ سے مستحق حمد ہونا اوّلا ہے۔ اور اس کا اپنی جمیل نعمتوں اور عظیم نعمتوں کی وجہ سے مستحق حمد ہونا ثانیا ہے۔ ان نعمتوں میں سے ہی اس کتاب کی تالیف کی توفیق بھی ہے۔

۲۔ الثاني ان نعمة الله على كثرتها ترجع الى الايجاد والابقاء اوّلا وايجاد وابقاء ثانيا، فيحمده على القسمين تأسيسا بالسور المفتتحة بالتحميد حيث أشير في الفاتحة الى الجميع وفي الانعام الى الايجاد وفي الكهف الى الابقاء اوّلا وفي السباء الى الايجاد وفي الملائكة الى الابقاء ثانيا.

دوسری وجہ "اوّلا وثانیا" کہنے کی یہ ہے کہ اللہ تعالی کی نعمتیں کثیر ہیں، تمام نعمتیں ایجاد وابقاء کی طرف لوٹتی ہیں بعض میں ایجاد وابقاء اولا ہے، اور بعض میں ثانیا ہے۔ رب تعالی نے اپنی حمد کی سورتوں کے شروع میں ان دو قسموں پر بنیاد رکھی ہے۔ سورۃ فاتحہ میں تمام نعمتوں کا ذکر فرمایا "الحمد لله رب العالمين ، الرحمن الرحيم " (سب تعریفیں اللہ کے لئے جو سب جہانوں کا مالک ہے اور مہربان، رحم کرنے والا ہے) اس میں تمام نعمتوں کا ذکر ہے۔ سورۃ انعام کی ابتداء میں ایجاد کا ذکر ہے "الحمد لله الذي خلق السماوات والارض وجعل الظلمات والنور " (سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے پیدا کئے آسمان اور زمین اور بنایا تاریکیوں اور نور کو) اس میں

اول وآخر کی وجوہ: (۱) تینوں طبعیں تو کل وحمد وتعالی یا صرف حمد نسخہ مشہورہ کے مطابق ثابت ہیں عمر کے اول زمانہ میں بھی اور آخر زمانہ میں بھی۔

(۲) تصنیف کے اول وقت اور آخر وقت میں۔

(۳) اول زمانہ خلق میں اور آخر زمانہ خلق میں، اول زمانہ خلق یوم میثاق ہے جو ارواح کی تخلیق کا دن ہے اور آخر زمانہ خلق سے مراد تخلیق اجساد کا زمانہ ہے یا حشر اجساد کا زمانہ ہے، البتہ مراد اول زمان اور آخر زمان سے دوام ہے۔

تنبیہ: جن نسخوں میں کلمہ "تعالی" بھی ہے ان کے مطابق "تعالی" کی ضمیر سے "اولا وثانیا" کو حال بنانا صحیح نہیں کیونکہ اللہ تعالی کے اسماء توقیفیہ ہیں۔ اسے ثانی کہنا درست نہیں کیونکہ اس میں شرک وتشبیہ کا بھی وہم ہے رب تعالی اس سے پاک ہے۔

اوّلا ثانیا پر نصب تمیز کے طور پر بھی آسکتی ہے "حمد" اور "اللہ" کے درمیان جو نسبت ہے اس سے تمیز واقع ہوگی۔ یعنی اللہ

ایجاد وتخلیق کا ذکر ہے۔ اور سورۃ کہف میں اوّلا ابقاء کا ذکر ہے "الحمد لله الذی انزل علی عبده الکتاب ولم یجعل له عوجا " (سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس نے نازل کی اپنے بندے پر کتاب اور نہیں رکھی اس میں ذرا بھی کجی (ٹیڑھ)۔ اس میں شریعت مصطفوی کی ابقاء اولی کا ذکر ہے۔

اور سورۃ سباء میں ایجاد ثانیا کا ذکر ہے "الحمد لله الذی له ما فی السموات وما فی الارض "(سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جس کی ملکیت میں ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے) سورۃ انعام میں آسمانوں اور زمین کی تخلیق کا ذکر ہے اور سورۃ سباء میں "ما فی السماوات وما فی الارض " کا ذکر ہے یہ ایجاد ثانوی ہے۔ اور سورۃ ملائکۃ (سورۃ فاطر کا دوسرا نام سورۃ ملائکۃ ہے) میں ابقاء ثانیا کا ذکر ہے "الحمد لله فاطر السماوات والارض جاعل الملائكة رسلا اولی اجنحة مثنی وثلاث ورباع یزید فی الخلق ما یشاء "(سب تعریفیں اللہ ہی کے لئے ہیں جو پیدا کرنے والا ہے آسمانوں اور زمین کو، بنانے والا ہے فرشتوں کو پیغام دینے والا جو دو دو، تین تین، چار چار پروں والے ہیں وہ زیادہ کرتا ہے پیدائش میں جو چاہے) اس سورۃ میں فرشتوں کے پیغام پہنچانے کا ذکر ابقاء ثانوی ہے۔

تیسری وجہ علامہ تفتازانی رحمہ اللہ نے اولا وثانیا کی بیان فرمائی۔

الثالث الملاحظة لقوله تعالى "وله الحمد فی الأولی والآخرة "علی معنی انه یستحق بالحمد

تعالی کے لئے حمد ہے از روئے ذات اور صفات کے۔ (اول سے مراد ذات اور آخر سے مراد صفات ہیں)

یا اول سے مراد صفات ذات "حیات، علم اور قدرت وغیرہ ہیں" اور ثانی سے صفات افعال یعنی ایجاد، اکمال، انعام اور اکرام وغیرہ ہیں، یا اول سے مراد ایجاد اور ثانی سے مراد ابقاء ہے۔

یا اول سے مراد باعتبار دنیا کے اور ثانی سے مراد باعتبار آخرت کے اس کے انعامات ومحامد ہیں۔

لفظ اوّل کے متعلق بحث : میر سید شریف رحمہ اللہ فرماتے ہیں انوار التنزیل فی اسرار التنزیل میں علامہ بیضاوی رحمہ اللہ نے بیان فرمایا ہے "اوّل" افعل کے وزن پر ہے۔ لیکن اس کا کوئی فعل نہیں۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ یہ اصل میں اُوءل ہے جس کا مادہ "وأل" (مثال واوی اور مہموز العین) ہے، پھر ہمزہ کو خلاف قیاس واؤ سے بدل دیا گیا۔ واؤ کو واؤ میں ادغام کیا تو "اوّل" ہوگیا۔ بعض حضرات نے کہا ہے کہ یہ "آل یؤل أولا" سے لیا ہوا ہے (یعنی مہموز الفاء اور اجوف واوی)۔

ولعنان الثناء اليه ثانيا.

اور تعریف کی باگ ڈوری اس کی طرف دوبارہ پھیرتے ہوئے۔

فی الدنیا علی ما یعرف بالحجة من کماله ویصل الی العباد من نواله وفی الآخرة علی ما یشاهد من کبریائه ویعاین من نعمائه التی لاعین رأت ولااذن سمعت ولاخطر علی قلب بشروالیه الاشارة بقوله "وآخر دعواهم ان الحمد لله رب العالمین"

تیسری وجہ اولا وثانیا، کہنے کی یہ ہے کہ رب تعالی کے اس ارشاد کا لحاظ کیا گیا ہے "ولہ الحمد فی الأولی والآخرة" اسی کے لئے حمد ہے اول اور آخر۔ مطلب یہ ہے کہ وہی مستحق حمد ہے دنیا میں جو اپنے کمال کی دلیل سے پہچان کراتا ہے اور بندوں تک اس کی عطاء پہنچتی ہے اس کے کمال وعطاء کو دیکھ کر بندے اس کی حمد کرتے ہیں۔

اور آخرت میں جب بندے اس کی کبریائی کا مشاہدہ کریں گے اور اس کی ان نعمتوں کا معاینہ کریں گے جو کسی بشر کی آنکھ نے وہ دیکھی نہیں ہوں گی اور کسی کان نے وہ سنی نہیں ہوں گی اور کسی دل میں وہ کھٹکی (واقع) نہیں ہوں گی تو وہ اس کی حمد بیان کریں گے، جیسے رب تعالی نے فرمایا "وآخر دعواهم ان الحمد لله رب العالمین" اور آخرت میں ان کا بول یہ ہوگا کہ سب تعریفیں اللہ رب العالمین کے لئے ہیں۔

فان قلت فقد وقع التعرض للحمد علی الکبریاء والألاء فی داری الفناء والبقاء فما معنی ولعنان الثناء الیه ثانیا ای صارفا عطفا علی حامدا.

اعتراض: جب مصنف نے یہ ذکر کردیا کہ اللہ تعالی کی کبریائی اور اس کی نعمتوں پر دار فناء یعنی دنیا میں اور دار بقاء یعنی آخرت میں اسی کیلئے حمد ہے تو پھر یہ کہنے کی کیا مطلب ہے تعریف کی باگ ڈوری اس کی طرف پھیرتے ہوئے؟

"ثانیا" کا معنی ہے "صارفا" (پھیرنا)، اس کا عطف "حامدا" پر۔

جواب: **قلت معناه قصد تعظیمه ونیة التقرب الیه فی کل ما یصلح لذلک من الأقوال والأفعال**

میر سید شریف رحمہ اللہ فرماتے: "ولعنان الثناء الیه ثانیا" کا عطف ہے "حامدا" پر، المھذب کتاب میں ذکر ہے "عنان" کا معنی باگ، لگام جو سوار اپنے ہاتھ میں پکڑتا ہے۔ "الثناء" اچھی بات، تعریف کرنا۔ "ثانیا" میں دو احتمال ہیں۔ ایک یہ کہ اس کا معنی ہو تعریف کرنا، اس معنی میں عدم انصراف پایا جاتا ہے دوسرا معنی ہے اس کا پھیرنا، اس طرح یہ اضداد کے قبیلے سے ہوگیا اس کے معنی میں انصراف اور عدم انصراف دونوں پائے گئے ہیں۔

وصرف الاموال اشارة الى انواع العبادات فان نعمة الله تعالى يستوجب الشكر بالقلب واللسان والجوارح والحمد لايكون الا باللسان وفيه اشارة الى ان الأخذ في العلوم الاسلامية ينبغي ان يعرض عن جانب الخلق ويصرف اعنة الثناء من جميع الجهات الى جناب الحق تعالى وتقدس عالما بانه المستحق للثناء وحده.

اس کا جواب یہ ہے کہ ارادۃ کیا گیا ہے رب تعالی کی تعظیم کا اور اس کی طرف تقرب کی نیت کا ہر اس چیز میں جس میں بھی تعظیم کرنے کی صلاحیت پائی جائے خواہ اقوال کے ذریعے تعظیم پائی جائے یا افعال کے ذریعے یا مال خرچ کے ذریعے تعظیم پائی جائے، اسی سے عبادات کی مختلف قسموں کی طرف اشارہ بھی مل گیا۔

نعمت مستوجب شکر ہے، شکر خواہ زبان سے کیا جائے یا دل سے یا جوارح (ظاہری اعضاء) سے، اسی سے یہ اشارہ بھی مل گیا کہ علوم اسلامیہ کو شروع کرنے اور حاصل کرنے میں کامل توجہ رب تعالی کی طرف ہو اسی کی ثناء کی جائے کیونکہ حقیقی طور پر مستحق ثناء وہی ہے، اور بندوں کو وسیلہ اور ذریعہ سمجھے، کہ ان کے ذریعے نعمتوں کا حصول رب تعالی کی توفیق سے ہے جو اس نے بندوں پر مہربانی کی ہے۔

فان قلت من شرط الحال المقارنة للعامل والأحوال المذكورة اعنى حامدا وغيره لاتقارن الابتداء بالتسمية. (التلويح)

اعتراض: "حامدا" وغیرہ کو حال بنانا کیسے صحیح ہے جبکہ حال کیلئے شرط یہ ہے کہ وہ عامل کے مقارن ہو حالانکہ احوال

پہلا معنی ابلغ ہے اس لئے کہ رب تعالی کی طرف ثناء کا متوجہ ہونے کے دوام پر اسکی دلالت پائی گئی ہے بخلاف ثانی معنی کے اس میں میں انصراف ہے دوام نہیں۔

الثناء پر الف لام عہد خارجی ہو تو اشارۃ خاص کی طرف ہوگا، وہ ہے حمد۔ یا الف لام جنسی ہو تو لازم ہوگا کہ اللہ کے غیر کی ثناء حقیقی معنی کے لحاظ پر نہیں، البتہ مجازی طور پر ہے، اس لئے کہ سب تعریفیں اللہ تعالی کی طرف ہی لوٹتی ہیں۔

"لعنان" اور "علی افضل" دونوں جگہ (جار مجرور) کو عامل سے مقدم ذکر کیا ہے رعایۃ سجع کیلئے۔

اور ممکن ہے کہ قصر کا ارادہ کیا گیا ہو کہ "عنان الثناء" ہی مراد ہے "عنان الذم" مراد نہیں۔

عنان الثناء میں دو احتمال ہیں :(۱) استعارہ مصرحہ پایا گیا ہو، عنان الثناء سے مراد ارادہ ثنا ہو جس طرح لگام کے ذریعے گھوڑے کو جس طرف بندہ پھیرنا چاہے اس طرف پھیر دیتا ہے۔

وعلى افضل رسله وآله مصليا وفي حلبة الصلوات مجليا ومصليا.

اوراللہ کے رسولوں میں سے افضل پراور آپ کی آل پر درود(رحمت) بھیجتے ہوئے،اور صلوات کے میدان میں آپ پر درود پاک پڑھنے میں سبقت لیتے ہوئے یا دوسرے درجہ پر آتے ہوئے میں اپنی کتاب کی ابتداء کر رہا ہوں۔

مذکورہ یعنی "حامدا" وغیرہ ابتداء بالتسمیہ کے مقارن نہیں؟

ليس الباء صلة لابتدئ بل الظرف حال والمعنى متبركا باسم الله ابتدئ الكتاب والابتداء امر عرفي يعتبر ممتدا من حين الأخذ في التصنيف الى الشروع في البحث ويقارنه التبرك بالتسمية والحمد والصلوة. (التلويح)

جواب: بسم اللہ میں باء اَبْتَدِئُ کے متعلق نہیں بلکہ ظرف حال ہے بلکہ معنی یہ ہے "متبركا باسم الله ابتدئ الكتاب" ابتداء عرفی میں تعمیم ہے یہ تصنیف کو شروع کرنے کے وقت سے مقصودی ابحاث کے شروع کرنے تک ابتداء ہی کہلاتی ہے اس لحاظ پر تسمیہ اور حمد اور صلوۃ سے تبرک حاصل کرنے میں مقارنت پائی گئی ہے۔

فان قلت فعلى الوجه الثالث يكون حامدا ثانيا بمعنى ناويا للحمد وعازما عليه ليكون مقارنا للعامل وح يلزم الجمع بين الحقيقة والمجاز. (التلويح)

اعتراض: اس تیسری وجہ پر ہوگا "حامدا ثانيا" بمعنی ہوگا "ناويا للحمد وعازما عليه" حمد کی نیت کرتے ہوئے اور اس پر عزم کرتے ہوئے، اس صورت میں حقیقت ومجاز کو جمع کرنا لازم آئے گا جو درست نہیں؟

قلت يجعل من قبيل المحذوف اى وحامدا ثانيا بمعنى عازما عليه فلايلزم الجمع. (التلويح)

اسی طرح ثناء کا ارادہ کے ذریعے جسے ممدوح کی طرف بندہ چاہے اسی کی طرف ثناء کو پھیر دیتا ہے۔

(۲) استعارہ مکنیہ ہو، ثناء کو تشبیہ دی گئی ہو فرس سے، کیونکہ دونوں ہی مقصد کا ذریعہ ہیں یہی وجہ شبہ ہے۔ ذکر مشبہ کا انتقال اور نسبت مشبہ بہ کے خواص کی طرف ہے "عنان" اس پر دلیل اور قرینہ ہے "عنان" کا ذکر تخییل اور ثانیا کا ذکر ترشیح ہے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں:

وعلى افضل رسله محمد وآله، جار مجرور متعلق ہے اسم فاعل یعنی "مصليا" سے جار مجرور کو مقدم ذکر کیا گیا ہے سجع کیلئے، قصر کیلئے نہیں۔ کیونکہ صرف نبی کریم ﷺ میں صلوۃ کا منحصر ہونا باقی انبیاء کیلئے صلوۃ کا نہ پایا جانا درست

جواب:اس صورت میں اسے محذوف کے قبیلے سے بنایا جائے گا،حاصل عبارت یہ ہوگی "حامدا ثانیا بمعنی عازما علیه" تواب حقیقت ومجاز کا اجتماع لازم نہیں آئے گا۔

قوله وعلى افضل رسله مصليا: لما كان اجل النعم الواصلة الى العبد هو دين الاسلام وبه التوصل الى النعم الدائمة فى دار الاسلام وذلك بتوسط النبى ﷺ صار الدعاء له تلو الثناء على الله تعالى فاردف الحمد بالصلوة. (التلويح)

بندے کو حاصل ہونے والی نعمتوں میں بڑی نعمت دین اسلام ہے اسی کے ذریعے انسان دارالسلام (جنت) میں دائمی نعمتوں کو حاصل کرنے تک پہنچتا ہے، یہ سب کچھ نبی کریم ﷺ کے وسیلہ سے حاصل ہوتا ہے اس لئے اللہ تعالی کی ثناء کے بعد نبی کریم ﷺ کے لئے دعاء کا ذکر کیا، یعنی حمد کے بعد صلوۃ کا ذکر کیا۔

وفى ترك التصريح باسم النبى ﷺ على ما فى النسخة المقررة ، تنويه بشانه وتنبيه على ان كونه افضل الرسل ﷺ امر جلى لايخفى على احد. (التلويح)

نبی کریم ﷺ کا اسم گرامی معتبر نسخہ میں نہیں ذکر کیا گیا، (اگر چہ بعض نسخوں میں اسم گرامی ذکر کیا گیا ہے) اسم گرامی نہ ذکر کرنے کی وجہ آپ کی بلندی شان کا لحاظ کیا گیا ہے۔"تنويه بشانه" (شان بلند کرنا)۔

نہیں۔بیہقی نے تاج المصادر میں "افضل" کا معنی بیان کیا ہے۔"افزون آمدن وغلبہ کردن" بلند ہونا اور غالب آنا پہلے معنی کے لحاظ پر مطلب یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کو تمام رسولوں پر کمالات انسانیہ پر فضیلت حاصل ہے۔
اور اصل کمالات کے ثبوت کے لحاظ پر سب اولیاء اور علماء صالحین پر آپ کو زیادہ فضیلت حاصل ہے۔
دوسرے معنی کے لحاظ پر مطلب یہ ہے کہ آپ کو زیادتی فضیلت پر غلبہ حاصل ہے جبکہ باقیوں کو فضیلت فی الجملہ حاصل ہے جیسے علماء کو فی الجملہ فضیلت حاصل ہے اور ان سے کم درجہ کو اصل کمالات حاصل ہیں۔
نبی کریم ﷺ کو افضلیت مطلقہ حاصل ہے :صورت اور سیرت کے لحاظ پر آپ کو جمیع محاسن حاصل ہیں۔اسی لئے علامہ بوصیری رحمہ اللہ نے فرمایا: فاق النبيين فى خَلْق وخُلُق ولم يدانوه فى علم ولا كرم
آپ کو سب نبیوں پر صورت اور سیرت میں فوقیت حاصل ہے۔وہ آپ کے قریب نہیں ہیں علم میں اور نہ کرم میں۔
نبی کریم ﷺ کی افضلیت پر دلیل :ارشاد باری تعالی "كنتم خير امة اخرجت للناس" امت کی خیریت وافضلیت دلیل ہے ان کے نبی کی خیریت وافضلیت پر۔

اوراس پر متنبہ کرنا مقصود ہے کہ نبی کریم ﷺ کا افضل الرسل ہونا بہت واضح ہے کسی پر مخفی نہیں۔

والحلبة بالسکون خیل تجمع للسباق من کل اوب استعیرت للمضمار والمجلی هو السابق من الفراس السباق والمصلی هو الذی یعلوه لأن راسه عند صلویه ومعنی ذلک تکثیر الصلوة وتکریرها أو اشار بالمجلی الی الصلوة علی النبی ﷺ وبالمصلی الی الصلوة علی الآل لأنها انما تکون ضمنا وتبعا. (التلویح)

"الحلبة" (بسکون اللام) گھوڑے جن کو دوڑنے کے لئے ہر طرف سے جمع کیا جائے، پھر مجازی طور پر اس کا معنی لیا جاتا ہے گھوڑ دوڑ کا میدان۔ "مجلی" اس گھوڑے کو کہتے ہیں جو مقابلہ میں دوسرے گھوڑوں پر سبقت لے جائے۔ "مصلی" اس گھوڑے کو کہا جاتا ہے جو اس کے پیچھے دوسرے مرتبہ پر ہو، گویا کہ دوسرے نمبر پر آنے والے کا سر پہلے نمبر پر آنے والے کی سرین کے قریب ہوتا ہے۔ (صلوین سرین کے دو پلڑے)۔

مرادی مطلب صلوۃ کی کثرت اور تکرار ہے۔

ایک اور مطلب یہ ہے کہ "مجلی" کا مطلب ہو رسول اللہ ﷺ پر درود پڑھنا اور "مصلی" کا مطلب ہو آپ کی آل پر درود پڑھنا، یہ دوسرا مرتبہ ہے کیونکہ ان پر صلوۃ ضمنا اور بالتبع ہے، مطلب یہ ہو گیا کہ میری کتاب کی ابتداء نبی کریم

الرسل، جمع ہے رسول کی جیسے زبور کی جمع زُبُر، رسول مشتق ہے رسالۃ سے۔

مھذب (کتاب) میں ذکر کیا گیا ہے کہ رسالت کا معنی ہے "پیغام بردن" پیغام لانا، اس لحاظ پر رسول اور نبی کا مطلب ایک ہی ہوگا کیونکہ نبی بھی جب مشتق ہو "نبأ" سے اس کا معنی ہے خبر دینا۔

یعنی رب تعالی کی غیبی خبریں لانے والا ہی نبی بھی ہے اور رسول بھی۔ رسول یا مشتق ہو ارسال سے، تاج المصادر میں ذکر کیا گیا ہے ارسال بمعنی فرستادن، اس لحاظ پر رسول کا معنی ہوگا "مرسل" بھیجا ہوا۔

لغوی معانی کے لحاظ پر نبی ورسول میں فرق ہے: اس لئے لغوی معنی کے لحاظ پر نبی رسول نہ ہو اور رسول نبی نہ ہو تو جائز ہے۔

علامہ برجندی نے فرمایا: یعنی فاضل محقق شارح مدقق عالم ربانی عارف صمدانی مولانا عبدالعلی برجندی نے اپنی شرح مختصر الاصول میں فرمایا "رسول فعول کے وزن پر مشتق ہے رسالت سے اگر یہ بمعنی فاعل کے ہو تو اس کا مطلب ہوتا ہے کسی کے حکم سے اس کے کلام کو غیر کی طرف منتقل کرنا اور اگر مفعل (مفعول) والا معنی ہو جیسے کہا جاتا ہے

ﷺ پر ابتداء درود پاک پڑھتے ہوئے اور آپ کی آل پر ثانیا درود پڑھتے ہوئے۔

ثم لایخفی حسن ما فی قرائن الحمد والصلوۃ من التجنیس ومافی القرینۃ الثانیۃ من الاستعارۃ بالکنایۃ والتخییل والترشیح وما فی الرابعۃ من التمثیل . (التلویح)

حمد اور صلوۃ کو جس طرح ذکر کیا گیا ہے اس میں تجنیس پائی گئی ہے، یعنی حمد میں دومرتبہ ثانیا ذکر کیا گیا ہے مختلف معانی کیلئے، اسی طرح صلوۃ میں دومرتبہ مختلف معانی کیلئے "مصلیا" ذکر کیا گیا ہے۔ الفاظ ایک جیسے ہیں معانی مختلف ہیں۔ اسے ہی تجنیس یا جناس کہا جاتا ہے۔

جس کا ذکر مختصر معانی میں تفصیلی طور پر کیا گیا ہے۔ اسی طرح "مجلیا اور مصلیا" میں تمثیل یعنی مماثلۃ پائی گئی ہے۔

جناس یا تجنیس کا مطلب ہے کہ دولفظ تلفظ میں مشابہ ہوں جیسے "(یوم تقوم الساعۃ) ای القیامۃ(یقسم المجرمون ما لبثوا غیر ساعۃ) من ساعات الأیام "یعنی ساعۃ دوجگہ ذکر ہے اور معانی مختلف ہیں، پھر اس کی کئی اقسام ہیں۔

مماثلۃ یا تمثیل: دوکلمے آخر میں مماثل ہوں جیسے "واتیناھما الکتاب المستبین وھدیناھما الصراط المستقیم" اس مثال میں الکتاب اور الصراط اور مستبین اور مستقیم مماثل ہیں۔

"ارسلت فلانا فی رسالۃ" تو اس صورت میں رسول بمعنی مرسل (بھیجا ہوا) ہوگا"

جوہری نے صحاح میں ذکر کیا ہے کہ "رسول" مصدر ہے جیسے "قبول" مصدر ہے اس کو وصف کا درجہ دیا گیا یا مبالغہ کے طور پر، یا مبنی للفاعل بنایا گیا، یا مبنی للمفعول، یہ تمام لغوی معانی بیان کئے گئے ہیں۔

رسول کا مطلب عرف شرع میں: بعض حضرات نے کہا کہ رسول اور نبی تساوی ہیں۔

بعض نے کہا نبی عام ہے رسول سے، اس لئے کہ رسول وہ ہے جس کو اللہ تعالی نے شریعت متجددہ سے مبعوث فرمایا ہو۔

نبی عام ہے یعنی اسے بھی نبی کہا جاتا ہے جس کو اللہ نے مبعوث فرمایا ہو مخلوق کی طرف اس کی طرف وحی کی گئی ہو خواہ اسے پہلی شریعت کو ثابت کرنے کے لئے ہی بھیجا گیا ہو۔

رسول وہ ہے جسے معجزہ بھی عطا کیا گیا ہو اور کتاب بھی، نبی عام ہے اس کیلئے ضروری نہیں کہ اسے کتاب بھی دی گئی ہو۔

اور رسول وہ ہے جس کے پاس فرشتہ وحی لائے نبی عام ہے خواہ اس کی طرف خواب میں وحی آئے۔

لیکن اس میں اختلاف ہے۔ (راقم کے نزدیک فقط خواب میں وحی کے آنے والا قول ہی اگر لیا جائے تو نبوت کا ثابت کرنا مشکل ہوگا) یہ تمام بیضاوی رحمہ اللہ نے اپنی تفسیر "انوار التنزیل واسرار التاویل" میں بیان کیا ہے۔

اور(ولعنان الثناء اليه ثانيا) میں استعارہ پایا گیا ہے۔جس کا ذکر قریب ہی میر سید شریف رحمہ اللہ کی بحث سے بیان کیا جاچکا ہے۔یعنی استعارہ بالکنایۃ تخییلیہ اور ترشیحیہ پایا گیا ہے۔

وان تقديم المعمولات في القرائن الثلاث الأخيرة لرعاية السجع والاهتمام اذا الحصر لايناسب المقام وان انتصاب اوّلا وثانيا على الظرفية واما التنوين في اوّلا مع انه افعل التفضيل بدليل الأولى والأوائل كالفضلى والأفاضل فلأنه ههنا ظرف بمعنى قبل وهو ح منصرف لاوصفية له اصلا وهذا ما قال في الصحاح اذا جعلته صفة لم تصرفه تقول لقيته عاما اول واذا لم تجعله صفة صرفته تقول لقيته عاما اولا ومعناه في الاول "اول من هذا العام" وفي الثاني "قبل هذا العام". (التلويح)

تین معمولات کی تقدیم کی وجوہ : یا رعایت سجع کیلئے ہے، یا اہتمام کیلئے ہے جبکہ حصر مقام کے مناسب نہیں۔
تین معمولات سے مراد ''ولعنان الثناء الیہ'' (مقدم ہے ثانیا پر) اور ''وعلی افضل رسلہ وآلہ'' مقدم ہے ''مصلیا'' پر اور ''وفی حلبۃ الصلوات'' مقدم ہے ''مجلیا ومصلیا'' پر۔

اور وجہ نبی کے عام ہونے کی یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ سے جب انبیاء کرام کی تعداد کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا ایک لاکھ چوبیس ہزار، پھر جب آپ سے ان میں سے رسولوں کی تعداد کے بارے میں پوچھا گیا تو آپ نے فرمایا تین سو تیرہ، یہ دلیل ہے کہ رسول خاص ہے اور نبی عام ہے۔

تنبیہ: انبیاء کرام کی تعداد کا تعین نہ کیا جائے کیونکہ روایات مختلف ہیں، ایک روایت میں ایک لاکھ چوبیس ہزار کا ذکر ہے اور ایک روایت میں دو لاکھ چوبیس ہزار کا ذکر ہے اور ایک روایت میں آٹھ ہزار ہے اسلئے عقیدہ یہی رکھا جائے کہ اللہ تعالی کے تمام انبیاء کرام پر میرا ایمان جنکی تعداد کی رب تعالی ہی بہتر جانتا ہے۔(شرح عقائد مع نبراس)

رسلہ: رسل کی اضافت ضمیر کی طرف کی جس کا مرجع ''اللہ'' ہے اس میں مضاف کی تعظیم پائی گئی ہے جیسے کہا جائے ''عبد السلطان رکب'' یہاں ''عبد'' کی اضافت سلطان کی طرف مضاف کی تعظیم پر دلالت کررہی ہے۔

اور اس میں ''غیر مضاف'' یعنی درود پڑھنے والے کی تعظیم بھی پائی گئی ہے، جیسے کوئی کہے ''عبد السلطان عندی'' اس مثال میں متکلم اپنی شان بیان کررہا ہے کہ ''میرے پاس بادشاہ کا غلام ہے''۔

افضل رسلہ: سے مراد حضرت محمد رسول اللہ ﷺ ہیں، بعض نسخوں میں ''افضل رسلہ محمد'' ہے لیکن بعض نسخوں میں نبی کریم

اولا وثانیا پر نصب کی وجہ :ظرف ہونے کی وجہ سے ان پر نصب ہے، مراد زمانا یا حینا اولا وثانیا ہے، یعنی مفعول فیہ کا درجہ انہیں حاصل ہے۔

اعتراض: اوّلا ،اسم تفضیل ہے کیونکہ اس کی مؤنث ''اُولی'' اور جمع ''اوائل'' ہے جیسے افضل کی مؤنث فضلی اور جمع افاضل ہے،اسم تفضیل بوجہ وزن فعل اور وصف کے غیر منصرف ہوتا ہے۔تو اولا پر تنوین کا آنا کس طرح صحیح ہے؟

جواب: اوّلا ظرف ہے بمعنی قبل کے، وہ منصرف ہے یعنی اسے وصفیت حاصل نہیں، اسی وجہ سے صحاح میں بیان کیا گیا ہے جبکہ اوّل کو صفت کا درجہ حاصل تو غیر منصرف ہوگا جیسے کہا جائے''لقیتہ عاما اوّل ''اور جب''اول'' کو صفت کا درجہ حاصل نہ ہو تو منصرف ہوگا۔ جیسے کہا جائے''لقیتہ عاما اولا ''پہلی صورت میں معنی ہوگا''لقیتہ عاما اول '' میں اسے پہلے سال ملا۔اور دوسری صورت میں معنی ہوگا''لقیتہ قبل ھذا العام''میں اسے ملا اس سال سے پہلے۔

قولہ سعد جدہ: فیہ ابھام اذ الجد البخت واب الأب.(التلویح)

''سعد جدہ'' میں صنعت ایہام پائی گئی ہے،اس کا ایک معنی ہے''اب الأب'' دادا یہ قریب الفہم ہے اور دوسرا معنی ہے ''بخت''

علیہ السلام کا اسم گرامی ذکر نہیں۔جن (اکثر) نسخوں میں آپ کا اسم گرامی ذکر نہیں اس کی وجہ آپ کی عظمت شان کا لحاظ کیا گیا ہے کہ آپ بہت ہی زیادہ سب سے زیادہ افضل اور رفیع الشان ہیں۔''ولیس من الادب ذکر اسمہ الشریف ''یہ ادب نہیں کہ آپ کا اسم مبارک صراحتہً ذکر کیا جائے۔(لیکن یہ خیال کیا جائے جو آپ کا اسم مبارک ذکر کرتے ہیں وہ آپ کے اسم مبارک سے تبرک حاصل کرنے کیلئے ذکر کرتے ہیں)

اور اس کی وجہ یہ ہے کہ اللہ تعالی کی حمد کے بعد آپ پر صلوۃ کا ذکر ہے، جو کتابیں بھی تصنیف کی جاتی ہیں ان کی ابتداء میں حمد وصلوۃ کا ذکر کیا جاتا ہے اس لئے آپ کا اسم گرامی نہ بھی ذکر کیا تو واضح ہے کہ صلوۃ بلا واسطہ آپ پر ہی ذکر کی جارہی ہے۔

اور''افضل رسلہ'' میں آپ کی افضلیت کے ذکر سے خصوص ذوق بھی حاصل ہوتا ہے۔

حمد میں مبالغہ پایا گیا ہے دو طرح سے ،کم کے لحاظ پر یا کیف کے لحاظ پر۔کم کے لحاظ پر مبالغہ پایا گیا ہے یعنی ''المحمود حمدا کثیرا''اور کیف کے لحاظ پر مبالغہ پایا گیا ہے، یعنی''حمدا کاملا''

وآلہ: کا عطف''افضل رسلہ'' پر۔آل کا معنی گروہ اور اقرباء، آل اصل میں اھل ہے اسی کی تصغیر اھیل ہے بعض نے کہا

وبعد فان العبد المتوسل الى الله تعالى باقوى الذريعة عبيد الله بن مسعود بن تاج الشريعة سعد جده وانجح جده يقول لما وفقني الله تعالى بتاليف تنقيح الاصول اردت ان اشرح مشكلاته وافتح مغلقاته عن شرح المواضع التي من لم يحلها بغير اطناب لايحل له النظرفي ذلک الكتاب.

قوله وفقني الله: التوفيق جعل الاسباب متوافقة ويعدى باللام وتعديته بالباء تسامح أوتضمين لمعنى التشريف والمصنف كثيرا ما يتسامح في صلات الأفعال ميلا منه الى جانب المعنى.

وفقني الله بتاليف تنقيح الاصول: توفیق کا معنی ہے اسباب کو مطلوب کے وافق کرنا۔

اعتراض: توفیق متعدی ہوتا ہے لام کے ذریعے، مصنف نے باء کے ذریعے متعدی کیوں کیا ہے؟

جواب: یا تو مصنف نے تسامح سے کام لیا ہے، یا یہ تشریف کے معنی کو متضمن ہونے کے وجہ سے قاعدہ تضمین کا اعتبار کرتے ہوئے ''باء سے متعدی کردیا'' اصل میں مصنف کی نظر معنی پر ہونے کی وجہ سے لفظی طور پر فعل کے متعلقات میں تسامح سے کام لیتے ہیں، انتھی۔

لیکن اس میں توریہ نہیں پایا گیا، توریہ اسے کہا جاتا ہے کہ ایک لفظ بولا جائے جس کے دو معنی ہوں ایک قریب اور دوسرا بعید، معنی بعید لیا جائے قرینہ خفیہ پر اعتماد کرتے ہوئے۔ لیکن ایہام میں دونوں معنی مراد لئے جاسکتے ہیں، یہ مطلب بھی

ہے کہ اصل میں ''اول'' ہے تصغیر اس کی ''اویل'' آتی ہے۔

نبی کریم ﷺ کے آل بیت کون ہیں؟ آپ کی آل سے مراد آپ کی ازواج اور آپ کی اولاد، اور آپ کے قرابتدار جن پر صدقہ حرام ہے، بعض کے نزدیک کل بنو ہاشم مراد ہیں، اور بعض کے نزدیک صرف بنو مطلب مراد ہیں۔ اور آپ کی آل میں تمام مؤمنین اور مؤمنات بھی داخل ہیں۔ بعض نے کہا کہ آپ کی آل میں صرف متقین داخل ہیں، کیونکہ نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''آلي كل مؤمن تقي'' (میری آل ہر متقی مؤمن ہے)۔

اصل اختلاف اس میں ہے کہ حدیث پاک میں ''تقی'' سے مراد صرف شرک سے بچنے والے بھی آتے ہیں تو ان کے نزدیک آل میں تمام مؤمنین ومؤمنات داخل ہیں۔

اور بعض نے کہا تقوی سے مراد ''محرمات ومکروھات'' سے بچنا ہے ان کے نزدیک صرف پرہیزگار لوگ آپ کی آل میں داخل ہیں۔ اور آپ کی آل میں آپ کے اہل صحبۃ بھی داخل ہیں، یعنی آپ کے صحابہ کرام۔ اور اہل شریعت بھی

حمد وصلوۃ کے بعد بندہ اللہ تعالی سے اقوی ذریعہ سے وسیلہ پکڑنے والا عبید اللہ بن مسعود ابن تاج الشریعۃ "اللہ تعالی اسے نیک بخت بنائے اور اس کے آباء واجداد کو بھی نیک بخت بنائے اور اس کی کوشش کو کامیاب کرے" کہتا ہے، جب اللہ تعالی نے مجھے توفیق عطا کی "تنقیح الاصول" کی تالیف کی تو میں نے ارادہ کیا کہ میں مشکل مقامات کی شرح

ہوسکتا ہے کہ اللہ تعالی اس عبد کے آباء واجداد کو نیک بخت بنائے، اور یہ مطلب بھی ہوسکتا ہے کہ اللہ اس عبد کو نیک بخت بنائے۔ یعنی جد بمعنی دادا لیں تب بھی ٹھیک ہے، اور جد بمعنی بخت لیں تب بھی ٹھیک ہے۔

جد (بالفتح) دادا، نانا، تونگری، زیرکی، عظمت وبزرگی جیسے "جد ربنا" (ہمارے رب کی عظمت) "جد جدودا" (کپڑا کاٹا)۔

جد (بالکسر) کوشش کرنا، اہتمام کرنا۔ "انجح جدہ" میں اسناد مجاز عقلی ہے جیسے "بنی الامیر المدینۃ" میں مجاز عقلی ہے۔ کیونکہ کوشش سبب ہے انجاح (کامیابی) کا۔

لما وفقنی اللہ: توفیق کا مطلب ہے "جعل الاسباب موافقۃ للمطلوب" لغوی معنی کے لحاظ پر عام ہے خواہ مطلوب خیر ہو یا شر ہو، البتہ اصطلاح میں مراد "مطلوب خیر" ہوتا ہے۔

"لما" اسم ظرف ہے، اذ، کے معنی میں ہے "لما" کبھی شرط کے معنی میں آتا ہے اس وقت دو جملوں پر یعنی شرط وجزا پر داخل ہوتا ہے، اس وقت بھی ظرفیت کا اعتبار کیا جاتا ہے۔

تالیف: ماخوذ ہے باب کرم یا باب سمع سے "الف الفۃ" محبت کرنا، یہاں مجازی معنی لیا گیا ہے کیونکہ الفت کو اجتماع واتصال لازم ہے، مطلب یہ ہے کہ "تنقیح الاصول" کے اجزاء کو بعض کے ساتھ ملانے کی رب تعالی نے مجھے توفیق عطا فرمائی۔ اور اگر ماخوذ ہو الف بمعنی ہزار سے، تو مراد کثرت ہوگی تو مطلب یہ ہوگا کہ رب تعالی نے مجھے تنقیح الاصول کے کثیر اجزاء جمع کرنے کی توفیق عطا فرمائی۔

داخل ہیں، یعنی مجتہدین ومحدثین، حفاظ قرآن اور علماء۔ اہل اصول وفروع بھی آپ کی آل میں داخل ہیں۔ کنایۃ آل ذکر ہی اسی وجہ سے کیا گیا تاکہ سب مذکور اقسام کو شامل ہو جائے۔

لایحل لہ النظر فی ذلک الکتاب: یعنی ان مشکلات کو حل کرنے کا میں نے ارادہ کیا جن کے حل کے بغیر کتاب تنقیح الاصول کو سمجھنا آسان نہیں۔ "ذلک" اسم اشارہ بعید کا ذکر کیا کتاب کی بلندی شان کو ظاہر کرنے کیلئے، بعید کو بعد مسافت کے درجہ رکھا۔ (حاشیہ سید)

لکھوں اور پیچیدہ مقامات کی وضاحت کروں ان مقامات کی جن کی وضاحت کے بغیر کتاب حل کرنا مشکل ہے۔البتہ اطناب سے پہلوتہی کی جائے۔

واعلم انی لما سودت کتاب التنقیح سارع بعض الاصحاب الی انتساخه ومباحثته وانتشر النسخ فی بعض الاطراف ثم بعد ذلک وقع فیه قلیل من التغیرات وشیء من المحو والاثبات

تالیف کی عرفی معنی: مشہور عرف میں تالیف بمعنی ترکیب کے ہے، جس کا مطلب ہے"هو جعل الاشیاء بحیث یطلق علیها اسم الواحد" کئی چیزوں کو اس طرح مرکب کرنا کہ ان پر ایک نام بولا جائے۔

کبھی تالیف کو ترکیب سے خاص کرلیا جاتا ہے کہ تالیف میں "اشیاء متناسبہ" کو جمع کرنا مراد ہے۔

اردت ان اشرح مشکلاته: ارادہ کا مطلب یہ ہے کہ نفس کا شروع ہونا اور میلان کرنا فعل کی طرف اس لحاظ پر کہ

واعلم انی لما سودت کتاب التنقیح: اور جان تو بیشک جب میں نے کتاب تنقیح کا مسودہ تیار کرلیا۔

"تسوید الشیء" کا معنی ہے کسی چیز کا سیاہ کرنا، وہ چیز سیاہ کرنے سے پہلے موجود ہوتی ہے،"اسوداد الکتاب" کا مطلب ہوتا ہے کتاب کو لکھ دیا جائے، اس کی تصحیح کی طرف نظر کرنے کے بغیر ہی اوراق کو نقوش کے ذریعے سیاہ کرلیا جائے، اب عرف میں کتاب چھپنے سے پہلے لکھے ہوئے اوراق کو اس کتاب کا مسودہ کہا جاتا ہے۔

سارع بعض الاصحاب الی انتساخه ومباحثته: "سرع سرعا" لازم اور متعدی دونوں طرح استعمال ہوتا ہے، متعدی عام طور پر"الی" کے ذریعے ہوتا ہے۔یہاں اصحاب سے مراد اہل علم احباب ہیں۔"انتساخه" نسخ کا معنی ہے لکھنا، تبدیل کرنا، منتقل کرنا۔"مباحث" بحث کا معنی ہے زمین کو کریدنا، تفتیش کرنا۔

جب سرعت لازم ہو تو مطلب ہوگا کہ جب میں نے تنقیح الاصول کا مسودہ تیار کیا تو بعض اصحاب نے اس کو لکھنے اور دوسروں کی طرف منتقل کرنے میں جلدی کی، اور جلدی سے اس میں بحثیں شروع کردیں۔

اور جب متعدی ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ جہاں تک میرے مسودہ کے مکمل کرنے کی خبر پہنچی ان اہل علم نے میرے احباب کو جلدی سے منتقل کرنے اور ان میں بحثیں کرنے کو کہا، یعنی احباب سے جلدی کرائی گئی۔

وانتشر النسخ فی بعض الاطراف: اور پھیل گئے اس مسودہ کے نسخے بعض اطراف میں۔یعنی جب احباب نے میرے مسودہ کو جلدی سے منتقل کرنا اور نوٹ کرنا شروع کیا تو وہ نسخے بعض اطراف میں پھیل گئے۔

ثم بعد ذلک وقع فیه قلیل من التغیرات وشیء من المحو والاثبات: پھر اس کے بعد واقع ہوئے

وہ فعل پر ابھارے۔اور یہ بیان کیا گیا ہے کہ ارادہ وہ قوت ہے جو شروع کرنے کا مبدأ ہے۔

"اللہ تعالی کا ارادہ" دو مقدوروں کو ایک پر ترجیح دینا ہے۔ایک کام کو کسی وجہ سے خاص کرنا دوسرے کو اس وجہ سے خاص نہ کرنا رب تعالی کا ارادہ ہے۔

"شرح" کا مطلب ہے واضح کرنا، ظاہر کرنا، کھولنا، وسعت پیدا کرنا۔ مشکلات کا معنی ہے مخفیات۔

وافتح مغلقاته: فتح الباب، دروازہ کھولنا، یہاں مراد ہے "پوشیدہ معانی کی وضاحت کرنا" استعارہ مکنیہ پایا گیا ہے۔ پوشیدہ معانی کی وضاحت کو دروازہ کے کھولنے سے تشبیہ دی گئی ہے۔یعنی میں نے ارادہ کیا کہ تنقیح الاصول کی مشکلات کو واضح کروں اور اس کے پیچیدہ اور پوشیدہ معانی کو کھول کر بیان کروں۔

معرضا عن شرح المواضع التی من لم یحلها بغیر اطناب: معرضا کی تعلق ارادہ سے ہو یا شرح سے ہو یا فتح سے ہو، یعنی میں نے ارادہ کیا کہ شرح مشکلات اور فتح مغلقات کا اعراض کرتے ہوئے ان مقامات کا جو بغیر اطناب کے حل نہ ہوں، یا مطلب یہ ہے کہ میں خود اپنے آپ کو اطناب سے بچایا، یا مطلب یہ ہے کہ میں نے متعلمین کو اطناب سے بچایا۔

اطناب: اصل مراد پر زیادتی ہو کسی فائدہ کیلئے۔ تطویل: اصل مراد پر زیادتی ہو، فائدہ کیلئے بھی نہ ہو اور متعین بھی نہ ہو۔ حشو: اصل مراد پر زیادتی ہو، متعین ہو لیکن فائدہ اس میں نہ ہو۔

قوله وفض: من فضضت ختم الكتاب فتحته والفض الكسر بالتفريق واختتمت الكتاب بلغت

اس میں کچھ تغیرات یعنی کچھ چیزوں کو مٹا دیا گیا اور کچھ کو ثابت رکھا گیا۔

اس کلام کے دو مطلب بیان کئے گئے ہیں: ایک احتمال تو یہ پیش کیا گیا ہے کہ یہ تغیرات واقع ہوئے ان لوگوں سے جن تک وہ نسخے احباب نے پھیلائے یا احباب نے ہی کچھ تبدیلیاں کر دیں جو مصنف کو پسند نہیں تھیں۔

دوسرا احتمال یہ ہے کہ مسودہ کے نسخے احباب نے جلدی سے اطراف میں پھیلا دیئے لیکن مصنف نے اپنے مسودہ میں نظر ثانی کے بعد چھانٹ کاٹ کی جو چیزیں پسند نہ آئیں ان کو تبدیل کر دیا۔

پہلے احتمال کے مطابق احباب کے تغیرات سے اصل نسخہ کو بچانا ضروری تھا تو متن کی شرح لکھ کر اصل نسخہ کو اس کے ساتھ شامل کر لیا گیا۔دوسرے احتمال کے مطابق نظر ثانی کے بعد والے نسخہ کو محفوظ کرنے کیلئے اور پہلے نسخہ کو ضائع کرنے کیلئے ضروری سمجھتے ہوئے شرح لکھ کر اپنی مرضی کے مطابق متن کے نسخہ کو بھی اس میں لکھ لیا گیا۔

فکتبت فی ھذہ الشرح عبارۃ المتن علی اللفظ علی النمط الذی تقرر لتغیر النسخ المکتوبۃ قبل ذلک التغیر الی ھذا النمط ثم لما تیسر اتمامہ وفض بالاختتام ختامہ مشتملا علی تعریفات

آخرہ والختام الطین الذی یختم بہ جعل الکتاب قبل التمام لاحتجابہ عن نظر الأنام بمنزلۃ الشیٔ المختوم الذی لایطلع علی مخزوناتہ ولایحاط بمستودعاتہ ثم جعل عرضہ علی الطالبین بعد الاختتام وعدم منعھم عن مطالعتہ بعد التمام بمنزلۃ فض الختام.(التلویح)

وفض بالاختتام ختامہ مشتملا علی تعریفات :میں نے کتاب کوختم کر کے اس کی مہر کو کھولا وہ کتاب تعریفات پر مشتمل ہے۔کہا جاتا ہے"فضضت ختم الکتاب "میں نے خط کی مہر کو کھولا۔"الفض"توڑنا،متفرق کرنا،اور بولا جاتا ہے"اختتمت الکتاب"میں نے کتاب کوختم کرلیا یعنی اسے انتہاء تک پہنچادیا۔"ختام"(بکسر الخاء) اس کیچڑ کو کہا جاتا ہے جس کے ذریعے مہر لگائی جاتی ہے(آجکل مہر لگانے کیلئے راکھ استعمال ہوتی ہے)۔

کتاب کی شرح بمع متن کے مکمل ہونے سے پہلے لوگوں کی نظروں سے محجوب رکھی اسے تشبیہ دی گئی مہر شدہ چیز سے جس کے مخزونات پر کوئی مطلع نہیں ہوتا،اور اس میں جو مضامین وغیرہ ودیعت رکھے ہوتے ہیں ان پر کوئی مطلع نہیں ہوتا۔پھر کتاب کو مکمل کر کے طلباء پر پیش کیا اور انھیں اس کے مطالعہ سے منع نہیں کیا،اسے تشبیہ دی گئی مہر کے کھولنے سے۔

فکتبت فی ھذا الشرح عبارۃ المتن علی النمط الذی تقرر عندی لتغیر النسخ المکتوبۃ قبل التغیرات الی ھذا النمط :تو میں نے لکھ لیا اس شرح میں متن کی عبارت کو بھی اس طریقے پر جو میرے نزدیک ثابت تھا کیونکہ لکھے ہوئے نسخے میں تغیر آچکا تھا اس طریقے کے تغیرات سے پہلے۔

راقم کے نزدیک تغیر دونوں طرف سے واقع ہوا،پہلے مسودہ میں دوسرے لوگوں نے اپنی اپنی مرضی کے مطابق کچھ تبدیلیاں کرلی تھیں،پھر مصنف نے پہلے مسودہ پر نظر ثانی کر کے تبدیلیاں کرلی تھیں۔اس لئے دونوں قسموں کے تغیرات سے بچانے کیلئے اپنی مرضی کے مطابق پسندیدہ نسخہ کا متن شرح میں لکھ دیا تا کہ وہی نسخہ معتبر سمجھا جائے۔

"النمط" کا معنی نوع اور طریقہ،اس پر الف لام عہد خارجی ہے،مراد خاص طریقہ جو مصنف کے نزدیک پسندیدہ تھا جس پر نظر ثانی کے بعد نسخہ کو وضع کیا گیا۔

ثم لما تیسر اتمامہ :پھر جب مجھ پر اس کی شرح کامکمل کرنا آسان ہوگیا،یعنی اللہ تعالی نے مجھ پر اسے مکمل کرنا

وحجج مؤسسة على قواعد المعقول وتفريعات مرصصة بعد ضبط الاصول وترتيب انيق لم

تلویح میں بیان کیا گیا ہے :قوله مؤسسة على قواعد المعقول اى مبنية على الوجوه والشرائط المذكورة في علم الميزان لا كما هو دأب قدماء المشائخ من الاقتصار على حصول المقصود.
کہ وہ کتاب مشتمل ہے ان دلائل پر جن کی بنیاد ان وجوہ اور شرائط پر رکھی گئی ہے جو علم میزان (منطق) میں مذکور ہیں، متقدمین مشائخ کی عادت کے مطابق کتاب کو تصنیف نہیں کیا جو صرف حصول مقصد پر اقتصار کرتے ہیں۔

تلویح میں بیان کیا گیا ہے :قوله وترتيب انيق، ما تصرف فيه من التقديم والتاخير في المباحث والأبواب على الوجه الاحسن الأليق قوله لم يسبقني والصواب لم يسبقني الى مثله سبقت العالمين الى المعالي.

ترتیب انیق، سے مراد حسین ترتیب جو تعجب میں ڈالنے والی ہے۔ مصنف کی مراد یہ ہے کہ میں نے جو بعض بحثوں میں تقدیم وتاخیر کی ہے اور ابواب کو احسن اور بہتر طریقے پر جو قائم کیا اس کی مثل بیان کرنے میں مجھ سے پہلے کسی نے سبقت نہیں کی۔

آسان فرمادیا۔ تیسر کا معنی آمادہ ہونا، اور آسان ہونا ہے۔ (السید)
تنبیہ: "قض" (بالقاف والضاد المعجمة) بھی پڑھا گیا ہے۔ جس کا معنی ہے توڑنا، اس میں "ازالہ بکارۃ" بھی آتا ہے۔ مہر لگانے سے تشبیہ دی گئی ہو بکارۃ سے اور مہر کے کھولنے سے تشبیہ دی گئی ہو ازالہ بکارۃ سے۔ ایک اور احتمال اس میں یہ بھی ہے کہ "فص" (بالفاء والصاد المهملة) ہو بمعنی نگینہ، اس صورت میں مطلب یہ ہوگا کہ میں نے کتاب کو اس طرح مکمل کرلیا کہ جس طرح انگوٹھی کو نگینہ لگا کر مکمل کرلیا جاتا ہے۔

وحجج مؤسسة على قواعد المعقول :اور وہ کتاب مشتمل ہے ان دلائل پر جن کی بنیاد منطقی دلائل پر رکھی گئی ہے۔ "حجج" جمع ہے "حجۃ" کی معنی اس کا ہے دلیل، چونکہ دلیل کے ذریعے انسان دوسرے پر غلبہ حاصل کرلیتا ہے اس لئے دلیل کو حجۃ کہہ لیا جاتا ہے۔ یا حجۃ بمعنی وسط الطریق ہو، تو دلیل کو حجۃ اس لئے کہا جائے گا کہ جاہل کو دلیل کے ذریعے وسط الطریق یعنی صراط مستقیم پر لایا جاتا ہے۔

مؤسسة: مبنية، تاسیس کا معنی بنیاد رکھنا، یا اس کا معنی ہے چلائے ہوئے، بیان کئے ہوئے کیونکہ "اسّ الغنم" کا معنی ہے "سوق الغنم" بکریوں کا چلانا۔ "قواعد" جمع ہے قاعدہ کی، اس کا لغوی معنی ہے جس پر کسی چیز کو تعمیر کیا جائے، یعنی

علامہ تفتازانی مصنف پر اعتراض کرتے ہوئے کہتے ہیں، "لم یسبقنی علی مثلہ" کی جگہ درست یہ تھا کہ کہا جاتا "لم یسبقنی الی مثلہ" یعنی سبقت کے بعد "الی" آتا ہے "علی" نہیں آتا، جیسے کہا جاتا ہے "سبقت العالمین الی المعالی"۔

"تدقیقات غامضۃ" "تدقیق" کا معنی ہے کسی چیز کو باریک کرنا، یہاں مراد امور دقیقہ کو ذکر کرنا ہے۔ یعنی شرح میں اعتراضات دقیقہ کو ذکر کر کے ان کے جوابات دیئے، اور متن کے پیچیدہ مسائل کو بھی وضاحت سے حل کیا۔

لم یبلغ فرسان ھذا العلم الی ھذا الأمد لم یبلغ صفۃ تدقیقات و العائد محذوف ای لم یبلغھا فرسان علم الأصول الی ھذہ الغایۃ من الزمان أو المراد لم یصل فرسان ھذا العلم الی تلک الغایۃ من التدقیق فیکون من وضع الظاھر موضع الضمیر وتعدیۃ البلوغ بالی لجعلہ بمعنی الوصول و الانتھاء. (التلویح)

لم یبلغ، صفت ہے تدقیقات، کی عائد محذوف ہے یعنی "لم یبلغھا فرسان علم الأصول الی ھذا الغایۃ من الزمان" مطلب یہ ہے کہ اس زمانے کے اصول فقہ کے علماء کی تدقیقات اس انتہاء تک نہیں پہنچیں جہاں تک میری تدقیقات پہنچی ہیں۔ یا مطلب یہ ہے "لم یصل فرسان ھذا العلم الی تلک الغایۃ من التدقیق" کہ اس علم کے شاہسوار تدقیق کی اس غایت تک نہیں پہنچے جہاں میں پہنچا ہوں، اس صورت میں گویا کہ مطلب یہ ہے کہ انھیں تدقیق حاصل ہی نہیں، اسم ظاہر کو ضمیر کی جگہ رکھا اور بلوغ کو "الی" سے متعدی کیا جس سے یہ واضح کیا کہ میں نے تدقیقات کی انتہاء کو پالیا جسے دوسرے لوگ اہل علم نہ پاسکے۔

فرسان، جمع ہے فارس کی، جب مشتق ہو "فروسۃ یا فروسیۃ" سے تو معنی ہوتا ہے سوار، اس صورت میں استعارہ پایا گیا ہے۔ اصول فقہ کے علماء کو گھوڑے سواروں سے تشبیہ دی گئی، جس طرح ان میں سے کوئی دوڑ کی حد کو پہلے پالیتا ہے اور کوئی بعد میں اسی طرح مصنف نے تدقیقات کی حد کو پالیا جو دوسرے اہل علم نہ پاسکے۔

بنیاد۔ اصطلاح میں اس کا مطلب ہے امر کلی جس پر اس کی جمیع جزئیات منطبق ہوں، "المعقول" صفت ہے مقدر "العلم" کی معقول سے مراد جس کے مسائل عقلیہ ہیں، مصنف کی مراد علم منطق ہے یعنی میں نے کتاب میں دلائل ذکر کیے ہیں جن کی بنیاد قوانین منطقیہ پر رکھی گئی ہے۔ (السید)

وتفریعات مرصصۃ: وہ کتاب مشتمل ہے تفریعات پر جو قوانین سے ملصق ہیں۔

یسبقنی علی مثله احد مع تدقیقات غامضة لم یبلغ واحد من فرسان هذا العلم الی هذا الامد سمیت هذا الکتاب بالتوضیح فی حل غوامض التنقیح.

اگر فارس مشتق ہو "فراسة" بکسر الفاء سے تو معنی ہوگا، حاذق، دانا۔ یعنی اصول فقہ کے بڑے بڑے حاذق، دانا اور ماہر تدقیقات کی اس حد تک نہ پہنچ سکے جہاں تک میں پہنچا ہوں۔

الی هذا الأمد: "الأمد" کسی کام کی غایت وانتہاء، اس سے مراد یہ بھی ہوسکتا ہے کہ میری کسی ایک تدقیق کی غایت کو نہ پاسکے، اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ میری تعریفات، دلائل، تفریعات، تدقیقات اور ترتیب کی حد کو دوسرے نہ پاسکے۔

قوله سمیت هذا الکتاب جواب لما وضع اسم الاشارة موضع الضمیر لکمال العنایة بتمییزه

"سمیت هذا الکتاب" جواب ہے "لما سودت کتاب التنقیح الخ" کا، اسم اشارہ کو ضمیر کی جگہ رکھا گیا ہے کامل طور پر ممتاز کرنے کیلئے۔

فان قلت لما لثبوت الثانی لثبوت الأول فیقتضی سببیة ما ذکر بعد لما لتسمیة الکتاب بالتوضیح فما وجهه؟

قلت وجهه ان الضمیر فی اتمامه للشرح المذکور الموصوف بأنه شرح لمشکلات التنقیح وفتح لمغلقاته واتمام مثل هذا الشرح مع اشتماله علی الأمور المذکورة یصلح سببا لتسمیته بالتوضیح فی حل غوامض التنقیح. (التلویح)

سوال: "لما" آتا ہے ثبوت ثانی کیلئے بسبب ثبوت اول کے تو "لما" کے بعد والا کلام کتاب کے توضیح نام رکھنے کا سبب کیسے ہے اس کی وجہ؟

جواب: مصنف نے "لما تیسر اتمامہ" جو ذکر کیا ہے اس میں اتمامہ، کی ضمیر شرح مذکور کی طرف لوٹ رہی ہے جو متصف

"رص" (بتشدید الصاد، مضاعف ثلاثی) پختہ کرنا اور ملانا، مطلب یہ ہے کہ وہ کتاب مشتمل ہے تفریعات پر جو قوانین منطقیہ سے متصل ہیں، وہ عقلوں میں ایسے مرتب ہیں کہ وہ ترتیب محکم ہے۔

بعد ضبط الاصول: اس کا تعلق ترصیص سے ہے نہ کہ تفریع پر، کیونکہ مصدر موصوف عامل نہیں ہوتا۔ "ضبط" کا معنی کسی چیز کو ذہن میں حاضر کرکے یاد رکھنا، یہاں مراد اصول فقہ کے مسائل ہیں جن میں خطاء وخلل نہ پایا گیا ہو۔ (السید)

تو جان لے جب میں نے کتاب تنقیح کا مسودہ تیار کرلیا تو بعض اصحاب نے جلدی اسے نقل کرلیا اوراس میں بحثیں شروع کرلیں، اس کے نسخے بعض اطراف میں پھیل گئے، اس کے بعد میں نے اس کتاب میں کچھ تغیرات کردیئے، بعض چیزوں کو مٹادیا اور بعض کو ثابت رکھا، اس وجہ سے شرح کے ساتھ میں نے متن کی عبارت کو بھی اس طرح شامل کیا جونسخہ میرے نزدیک معتبر تھا، کیونکہ میری اس تبدیلی سے پہلے نسخے جو اس تغیر سے پہلے تھے وہ بھی اسی تبدیلی کے حکم میں آگئے تا کہ ان کو بھی اس میری تبدیلی کے مطابق ہی سمجھا جائے۔ پھر جب اللہ تعالی نے مجھ پر آسان کیا کتاب کو مکمل کرنا، اوراس کی تصنیف کو ختم کرنا جو تفریعات پر مشتمل ہے اوران دلائل پر جو قواعد معقول کی بنیادیں اور تفریعات کو ان قوانین سے ملا کر ترتیب کو محکم کیا گیا ہے اور ایسی عمدہ میں نے ترتیب رکھی کہ مجھ سے پہلے اس قسم کی پیچیدہ تدقیقات کے بیان میں کسی نے سبقت نہیں کی اور نہ ہی اس حد تک کوئی سوار پہنچا ہے تو میں نے کتاب کا نام رکھا ''التوضیح فی حل غوامض التنقیح'' اور اللہ سے ہی سوال ہے کہ وہ ہمارے کلام کو خطاء وخلل سے بچائے اور ہمارے قلم اور ہمارے اقدام کو سہو اور لغزش سے محفوظ رکھے۔

والله تعالى مسئول ان يعصم عن الخطأ والخلل كلامنا والزيل اقلامنا واقدامنااليه يصعد الكلم الطيب افتتح بالضمير قبل الذكر ليدل على حضوره فى الذهن فان ذكر الله تعالى كيف لايكون فى الذهن عند افتتاح الكلام كقوله تعالى وبالحق انزلناه وبالحق نزل وقوله انه لقرآن كريم و

ہے تنقیح کی شرح مشکلات اوراس کی مغلقات کے حل پر ایسے امور کی شرح کا مکمل کرنا سبب ہے اس کے ''التوضیح فی حل غوامض التنقیح'' نام رکھنے کا۔

والله تعالى مسئول ان يعصم عن الخطأ والخلل كلامنا والزيل اقلامنا واقدامنا

اس جملہ کا عطف ہے محذوف پر، اصل عبارت یہ ہے ''انا اشرع فی المقصد والله تعالى مسئول ان يوفق أمرى والله مسئول ان يعصم'' اور یہ جملہ خبریہ مقام دعاء میں واقع ہے جیسے بعت، اشتریت، نکحت، تزوجت وغیرہ الفاظ انشاء کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

خطاء کے چند معانی: خطاء، گناہ کرنا، خطاء ضد صواب، درست کام نہ کرنا، خطاء ضد عمد، بلا ارادہ کوئی کام سرزد ہونا۔

زلل، جمع ہے اس کا معنی ماخوذ ہے ''زلۃ'' (بفتح الزاء) لغزش، پھسلنا، اقلام جمع ہے قلم کی اور اقدام جمع ہے قدم کی۔

مصنف کی دعاء کا مقصد یہ ہے کہ ہماری کوشش ظاہری کلام اوراس کے معانی میں جو ہے رب تعالی اسے غلطی، لغزش

تو جان لے جب میں نے کتاب تنقیح کا مسودہ تیار کرلیا تو بعض اصحاب نے جلدی اسے نقل کرلیا اوراس میں بحثیں شروع کرلیں، اس کے نسخے بعض اطراف میں پھیل گئے، اس کے بعد میں نے اس کتاب میں کچھ تغیرات کر دیئے، بعض چیزوں کو مٹادیا اور بعض کو ثابت رکھا، اس وجہ سے شرح کے ساتھ میں نے متن کی عبارت کو بھی اس طرح شامل کیا جونسخہ میرے نزدیک معتبر تھا، کیونکہ میری اس تبدیلی سے پہلے نسخے جو اس تغیر سے پہلے تھے وہ بھی اسی تبدیلی کے حکم میں آگئے تا کہ ان کو بھی اس میری تبدیلی کے مطابق ہی سمجھا جائے۔ پھر جب اللہ تعالی نے مجھ پر آسان کیا کتاب کو مکمل کرنا، اوراس کی تصنیف کو ختم کرنا جو تفریعات پر مشتمل ہے اوران دلائل پر جو قواعد معقول کی بنیادیں اور تفریعات کو ان قوانین سے ملا کر ترتیب کو محکم کیا گیا ہے اور ایسی عمدہ میں نے ترتیب رکھی کہ مجھ سے پہلے اس قسم کی پیچیدہ تدقیقات کے بیان میں کسی نے سبقت نہیں کی اور نہ ہی اس حد تک کوئی سوار پہنچا ہے تو میں نے کتاب کا نام رکھا ''التوضیح فی حل غوامض التنقیح '' اوراللہ سے ہی سوال ہے کہ وہ ہمارے کلام کو خطاء وخلل سے بچائے اور ہمارے قلم اور ہمارے اقدام کو سہو اور لغزش سے محفوظ رکھے۔

والله تعالی مسئول ان یعصم عن الخطأ والخلل کلامنا والزیل اقلامنا واقدامناالیه یصعد الکلم الطیب افتتح بالضمیر قبل الذکر لیدل علی حضوره فی الذهن فان ذکر الله تعالی کیف لایکون فی الذهن عند افتتاح الکلام کقوله تعالی وبالحق انزلناه وبالحق نزل وقوله انه لقرآن کریم و

ہے تنقیح کی شرح مشکلات اوراس کی مغلقات کے حل پر ایسے امور کی شرح کا مکمل کرنا سبب ہے اس کے ''التوضیح فی حل غوامض التنقیح '' نام رکھنے کا۔

والله تعالی مسئول ان یعصم عن الخطأ والخلل کلامنا والزیل اقلامنا واقدامنا

اس جملہ کا عطف ہے محذوف پر، اصل عبارت یہ ہے'' **انا اشرع فی المقصد والله تعالی مسئول ان یوفق امری والله مسئول ان یعصم** '' اور یہ جملہ خبریہ مقام دعاء میں واقع ہے جیسے بعت، اشتریت، نکحت، تزوجت وغیرہ الفاظ انشاء کیلئے استعمال ہوتے ہیں۔

خطاء کے چند معانی: خطاء، گناہ کرنا، خطاء ضد صواب، درست کام نہ کرنا، خطاء ضد عمد، بلاارادہ کوئی کام سرزد ہونا۔

زلل، جمع ہے اس کا معنی ماخوذ ہے ''زلۃ'' (بفتح الزاء) لغزش، پھسلنا، اقلام جمع ہے قلم کی اور اقدام جمع ہے قدم کی۔

مصنف کی دعاء کا مقصد یہ ہے کہ ہماری کوشش ظاہری کلام اوراس کے معانی میں جو ہے رب تعالی اسے غلطی، لغزش

قوله الطیب صفة الکلم والکلم ان کان جمعا فکل جمع یفرق بینه وبین واحده بالتاء یجوز فی وصفه التذکیر والتانیث نحو نخل خاویة ونخل منقعر.

اللہ تعالیٰ سے ہی سوال ہے کہ محفوظ رکھے خطاء وخلل سے ہمارے کلام کو اور محفوظ رکھے ہمارے قلموں اور ہمارے اور پھسلنے سے محفوظ رکھے۔

''الیہ'' کی ضمیر اللہ تعالیٰ کی طرف لوٹ رہی ہے ضمیر قبل الذکر سے کلام کو شروع کیا تا کہ دلالت کرے کہ اللہ تعالیٰ حاضر فی الذہن ہے، اللہ تعالیٰ کا ذکر کیسے ذہن میں حاضر نہ ہو کلام کو شروع کرتے وقت جبکہ رب تعالیٰ کا ارشاد ہے''وبالحق انزلناہ وبالحق نزل ''اور رب تعالیٰ کا ارشاد ہے''وانہ لقرآن کریم ''ان دونوں آیات میں ضمائر کا مرجع ہے اللہ تعالیٰ، جو حاضر فی الذہن ہے۔

''الطیب'' صفت ہے الکلم، کی الکلم اگرچہ جمع ہے لیکن وہ جمع جس کے واحد اور اس میں تاء کا فرق کیا جائے اس کی صفت مذکر اور مؤنث دونوں طرح آسکتی ہے جیسے''نخل خاویة اور نخل منقعر''

قوله الیه یصعد الکلم الطیب افتتاح غریب واقتباس لطیف اتی بالضمیر قبل الذکر دلالة علی حضور ذکر الله تعالی فی قلب المؤمن سیما عند افتتاح الکلام فی اصول الشرع واشارة الی ان الله تعالی متعین لتوجه المحامد الیه لایفتقر الی التصریح بذکره ولایذهب الوهم الی غیره اذ له العظمة والجلال ومنه العطاء والنوال وایماء الی ان الشارع فی العلوم الاسلامیة ینبغی ان یکون مطمح نظره ومقصد همته جناب الحق تعالی وتقدس ویقتصر علی طلب رضاه ولایلتفت الی ما سواه.(التلویح)

مصنف نے اپنی کتاب ''تنقیح'' کو''الیہ یصعد'' سے شروع کیا، یہ افتتاح عجیب وغریب طریقے سے کیا گیا، اور قرآن پاک کی آیۂ مبارکہ''الیه یصعد الکلم الطیب ''سے اقتباس لطیف حاصل کیا گیا۔

ضمیر کی قبل الذکر لانا اس پر دلالت کررہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ذکر مؤمن کے دل میں حاضر رہتا ہے، خاص کر کے جب

میر سید رحمہ اللہ کا محاکمہ :اگر''الکلم'' اسم جنس ہو تو''الطیب'' کے واحد مذکر ہونے پر کوئی اعتراض نہیں اور اگر جمع ہو یا بعض کے قول کے مطابق اسم جمع ہو تو یہاں حذف مضاف ہوگا، یعنی اصل میں''بعض الکلم الطیب'' ہے بعض کو حذف کر کے الکلم کو اس کی جگہ رکھ کر اعراب مضاف والا دیا گیا، یعنی قاعدہ''الحذف والایصال'' جاری کیا گیا۔ اس لئے

قدموں کو پھسلنے سے۔اسی کی طرف کلمات طیبہ کو بلندی حاصل ہوتی ہے۔

کلام کو اصول الشرع کی ابتداء میں ذکر کیا جائے، اور اس طرف اشارہ پایا گیا ہے کہ اللہ تعالی متعین ہوتا ہے جب محامد اس کی طرف متوجہ ہوں تو اللہ تعالی کے پہلے صراحۃ ذکر کی محتاج نہیں ہوتی اور نہ ہی رب تعالی کے غیر کی طرف ضمیر کے لوٹنے کا وہم ہوتا ہے۔

"اذ لہ العظمۃ والجلال" جب عظمت وجلال اسے ہی حاصل ہے، اور اسی سے عطاء اور مہربانی حاصل ہوتی ہے اور اس طرف اشارہ پایا گیا ہے کہ علوم اسلامیہ کو شروع کرنے والے کا مطمع نظر اور مقصد ہمت صرف اللہ تعالی ہی ہونا چاہیے۔اور اسی کی رضا طلب کرنی مقصود ہو اور کسی اور کی طرف توجہ نہ پائی جائے۔

لایقال ان ابتداء المتن بالتسمیة فلااضمارقبل الذکروان لم یبدأ لزم ترک العمل بالسنة لأنا نقول یکفی فی العمل بالسنة ان یذکر التسمیة باللسان أویخطر بالبال أویکتب علی قصد التبرک من غیران یجعل جزأ من الکتاب وعلی کل تقدیریکون الاضمارقبل ذکرالمرجع فی الکتاب الصعود الحرکة الی العالی مکانا وجهة استعیر للتوجه الی العالی قدرا ومرتبة.

اعتراض: جب متن کی ابتداء تسمیہ سے ہے تو اضمار قبل الذکر لازم نہیں کیونکہ بسم اللہ میں اللہ کا ذکر آچکا ہے، اگر یہ کہا جائے کہ متن ابتداء تسمیہ سے نہیں تو سنت پر عمل کرنے کی ترک لازم آئے گی جو مصنف کی شان کے لائق نہیں۔

جواب: عمل سنت پر اس قدر کافی ہے کہ تسمیہ کا ذکر زبان سے ہو یا دل میں واقع ہو جائے، یا بسم اللہ صرف تبرک کے ارادہ سے لکھ لی جائے اور کتاب کی جزء نہ بنائی جائے۔ان سب صورتوں میں کتاب میں "الیہ یصعد الکلم الطیب" جو ذکر کیا جا رہا ہے اضمار قبل الذکر لازم آنے کا سوال کیا جا سکتا ہے جواب وہی جو پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ اللہ کا

"الطیب" صفت ہے بعض کی نہ کہ الکلم کی۔

ایک اس میں احتمال یہ ہے کہ الکلم بمعنی الکلیم ہو تو اس وقت بھی مفرد ہے جمع نہیں۔

اگر طیب کا مطلب ہو خبائث قلبیہ، قولیہ وعملیہ سے پاک ہونا تو یہ حمد کی قسم ہوگی اب مطلب ہوگا حامد پاک ہو خبائث سے اس صورت میں بھی الطیب کا مذکر آنا صحیح ہے۔

طیب کا اشتقاق طیب سے ہے جس کا معنی ہے نقاوۃ، نظافۃ، طہارۃ (سب ہم معنی ہیں)۔اگر الکلم بمعنی الکلام ہو تو مراد "لا الہ الا اللہ" ہو یا مراد ہر ذکر، دعاء اور قراءت قرآن ہو جو رب تعالی کی تعظیم پر مشتمل ہو۔(السید)

ذکر ہر مؤمن کے دل میں موجود ہے خاص کر کے کتاب کو شروع کرتے ہوئے تو خصوصی طور پر وہ دل میں موجود ہوتا ہے، اس لئے قبل الذکر لازم نہیں آئے گا۔

''یصعد'' صعود کا مطلب ہے نیچے سے بلندی کی طرف حرکت کرنا خواہ وہ بلندی کی طرف مکان کے لحاظ پر ہو یا جہت کے لحاظ سے ہو، لیکن یہاں مراد قدر و منزلت کے لحاظ پر بلندی کی طرف کلمات طیبہ کا چڑھنا مراد ہے۔ یہاں استعارہ پایا گیا ہے مراد رب تعالی کے ہاں مقام قبولیت حاصل ہونا ہے۔

صعود، سے مراد رجوع کی انتہاء ہے، لیکن لفظ صعود سے تعبیر کیا گیا ہے مرجوع الیہ (اللہ تعالی) کی بلندی شان کا اعتبار کرتے ہوئے، اور کلم، سے مراد رب تعالی کی محامد ہیں۔

بیضاوی نے فرمایا کہ صعود سے مراد اللہ تعالی کا کلمات طیبہ کو قبول کرنا ہے، اور یہ بھی ممکن ہے کہ مراد یہ ہو کہ کراما کاتبین صحف کو لے کر آسمانوں کی طرف چڑھتے ہیں جن صحف میں کلمات طیبہ ہوتے ہیں ان کو رب تعالی کے ہاں شرف قربت حاصل ہوتا ہے۔

والكلم من الكلمة بمنزلة التمر من التمرة يفرق بين الجنس وواحده بالتاء واللفظ مفرد الا انه كثيرا ما يسمى جمعا نظرا الى المعنى الجنسي ولاعتبار جانبي اللفظ والمعنى يجوز في وصفه التذكير والتانيث قال الله تعالى كأنهم اعجاز نخل خاوية اى متأكلة الأجواف ثم الكلم غلب على الكثير لايستعمل في الواحد البتة حتى توهم بعضهم انها جمع كلمة وليس على حد تمرو تمرة الا ان الكلم الطيب بتذكير الوصف يدل على ما ذكرنا مع ان فعلا ليس من ابنية الجمع فلاينبغي ان يشك في انه جمع كتمرو ركب وانه ليس بجمع ككسب ورتب.(التلويح)

اعتراض: الکلم، موصوف ہے جو جمع ہے الطیب، واحد مذکر صفت ہے، موصوف وصفت میں مطابقت نہیں، تو یہ کس طرح جائز ہے حالانکہ صفت یا واحد مؤنث آنی چاہے تھی جمع مکسر کی یا صفت جمع آنی چاہے تھی۔

جواب: ایک جواب تو مصنف نے دیا ہے کہ الکلم، جمع ہے لیکن وہ جمع جس کے واحد اور جمع میں تاء سے فرق کیا جائے اس کی صفت واحد مذکر بھی آسکتی ہے اور واحد مؤنث بھی۔ لیکن علامہ تفتازانی نے تلویح میں اس کا جواب یہ دیا ہے کہ الکلم، جمع نہیں بلکہ اسم جنس ہے مفرد اور اسم جنس میں تاء سے فرق کیا گیا ہے جیسے تمرۃ، مفرد ہے اور تمر اسم جنس ہے۔ اسلئے الکلم، لفظ کے لحاظ پر مفرد ہے لیکن اس کے معنی جنس کی کثرت کا اعتبار کرتے ہوئے کثیر طور پر اسے جمع کہہ لیا جاتا ہے، اس لئے اس کی دو جانبیں ہیں ایک لفظی اور دوسری معنوی، اسلئے اس کا وصف مذکر بھی آسکتا ہے اور مؤنث

من محامد لأصولها من مشارع الشرع ماء ولفروعها من قبول القبول نماء القبول الاول ريح الصبا. (التلويح والتوضيح)

اسی کی طرف چڑھتے ہیں کلمات طیبہ محامد کے کہ ان کے اصول جو مشارع شرع ہیں پانی کی طرح ہیں اور ان کے فروع

بھی، جیسے رب تعالی نے ارشاد فرمایا ''کانهم اعجاز نخل منقعر'' اس مثال میں نخل، کی صفت منقعر ہے جو مذکر ہے۔ ''منقعر'' کا معنی جڑوں سے اکھڑ جانا اور زمین پر گر جانا۔

اور رب تعالی کا ارشاد ''کانهم اعجاز نخل خاوية'' اس مثال میں نخل، کی صفت خاویۃ، مؤنث ہے۔ ''خاویۃ'' کا معنی ہے درخت کے تنے کا اندر سے کھایا جانا، کھوکھلا ہونا۔

اعتراض مقدر: الکلم، کو اسم جنس کہنا صحیح نہیں کیونکہ یہ ایک یا دو پر نہیں بولا جاتا حالانکہ ''تمر'' کا اطلاق ایک اور دو پر بھی صحیح ہے اسم جنس تو اسے کہا جاتا ہے جو قلیل و کثیر پر صادق آسکے۔

جواب: اس سوال مقدر کا جواب یہ دیا گیا کہ الکلم، کا استعمال کثرت سے زیادہ افراد پر ہونے لگا، ایک فرد پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا تو لوگوں نے وہم کیا کہ یہ جمع ہے کلمۃ کی، کیونکہ یہ تمر اور تمرۃ کی طرح واحد اور اسم جنس ہے۔

صحیح وہی ہے جو ہم نے ذکر کیا ہے کہ ''الکلم الطیب'' یہ الطیب، مذکر ہے صفت ہے الکلم کی کہ وہ اسم جنس ہے اس کی صفت مذکر بھی آسکتی ہے اور مؤنث بھی۔ اور وجہ یہ بھی ہے کہ یہ وزن فعل کے اوزان سے نہیں، اس لئے جس طرح تمر، رکب کے جمع ہونے کا کوئی شک نہیں اسی طرح اسے جمع نہ سمجھا جائے، چونکہ نسب، رتب جمع ہیں ان کی طرح اسے جمع بھی نہ سمجھا جائے۔

ففي قوله والكلم ان كان جمعا حزازة لايخفى والصواب وان كان بالواو. (التلويح)

ماتن کے قول ''والکلم ان كان جمعا'' میں حزازۃ، یعنی تسامح پائی گئی ہے کیونکہ ماتن نے ''ان وصلیہ'' بنایا ہے واو کو ذکر نہیں کیا حالانکہ ''واؤ'' کا ذکر ہونا ان وصلیہ کے ساتھ ضروری ہے اس لئے ''والكلم وان كان جمعا'' ہونا چاہئے تھا۔

قوله من محامد حال من الكلم بيانا له على ما قال النبي ﷺ هو سبحان الله والحمد لله ولااله الا الله والله اكبر اذا قالها العبد عرج بها الملك الى السماء فحيى بها وجه الرحمن فاذا لم يكن عمل صالح لم يقبل. (التلويح)

من محامد: یہ حال ہے الکلم سے اور اس کا بیان ہے جیسے نبی کریم ﷺ نے فرمایا ''سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ

کو باد صباء کے آنے سے بڑھنا حاصل ہوتا ہے.

پہلا قبول اس کا معنی ہے باد صباء۔

اکبر" جب بندہ یہ کلمات کہتا ہے تو فرشتہ ان کو لے کر آسمانوں پر چڑھتا ہے تو وہ رب تعالی کے حضور بطور تحفہ پیش کرتا ہے جب بندے کے اعمال نیک نہ ہوں تو ان کو قبولیت نہیں آتی۔

وانما صلح الجمع المنكر بيانا للمعرف المستغرق لما سيجيء من ان النكرة تعم بالوصف كامرة كوفية ولأن التنكير ههنا للتكثير وهو يناسب اللتعميم والمحامد جمع محمدة بمعنى الحمد وهو مقابلة الجميل من نعمة أوغيرها بالثناء والتعظيم باللسان والشكر مقابلة النعمة بالاظهار وتعظيم النعم قولا أوعملا أواعتقادا فلاختصاص الحمد باللسان كان بيان الكلم بها النسب أوالمشارع جمع مشرعة الماء وهي مورد الشاربة.(التلويح)

"محامد" جمع منکر (نکرہ) ہے جو بیان ہے "الکلم الطیب" معرف باللام کا کیونکہ اس میں الف لام استغراقی ہے اس لحاظ پر مبین اور بیان دونوں میں تعمیم پائی گئی ہے، عنقریب آئے گا کہ نکرہ کبھی وصف کے ذریعے عام ہوتا ہے جیسے "امرأة كوفية" تنکیر یہاں تکثیر کیلئے ہے جو تعمیم کے مناسب ہے۔

"محامد" جمع ہے محمدۃ، کی معنی اس کا حمد ہے، حمد کی تعریف یہ ہے "**هو الثناء باللسان على قصد التعظيم على الجميل الاختياري نعمة كان أوغيرها**" حمد کا مطلب یہ ہے کہ زبان سے تعریف کی جائے تعظیم کے ارادہ سے نعمت مقابلہ میں ہو یا نہ ہو جس وصف پر تعریف کریں وہ جمیل ہو اور اختیار میں ہو۔

الصباء، اس ہوا کو کہتے ہیں جو مشرق سے مغرب کی طرف چلے، مراد اس سے یہی وصف لیا گیا ہے ورنہ اسم جنس صفت نہیں واقع ہوتا، اسی طرح مہذب میں مذکور ہے۔اور یہ بھی ممکن ہے کہ پہلے قبول کا معنی قابلہ (دایہ) ہو جو بچے کو ولادت کے وقت اٹھاتی ہے اور اس کی تربیت کرتی ہے، قبول مشترک ہے باد صباء اور دایہ میں۔ اسی طرح کنز اللغات میں ہے، یا قبول بمعنی رضاء اور میلان ہو، جس طرح دایہ بچے کی طرف میلان کرتی ہے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ پہلے قبول کا معنی ہو رضاء اور قبول کرنا، اور دوسرے قبول کا معنی ہو باد صباء اضافت بیانیہ ہو۔ (السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں : کنز اللغات میں بیان کیا گیا ہے "محامد" کا معنی ہے تعریف کرنا، اور وہ جمع ہے محمدۃ، کی محمدۃ، کو اختیار کیا ہے کیونکہ حروف کی زیادتی معنی کی زیادتی اور کمال پر دلالت کرتی ہے اور احتمال یہ ہے کہ یہ

شکر: نعمت کے مقابل تعریف کرنے کا نام ہے، وہ تعریف اور تعظیم منعم قول سے ہو یا عمل سے یا اعتقاد سے ہو حمد کا اختصاص زبان سے کلم کا بیان ہے جو زیادہ مناسب ہے۔

الشارع، جمع ہے "مشرعۃ الماء" کی یہ پانی پینے کے وارد ہونے کی جگہ ہے۔

والشرع والشريعة ما شرع الله تعالى لعباده من الدين اى اظهروبيّن وحاصله الطريقة المعهودة الثابتة من النبى ﷺ جعلها على طريقة الاستعارة المكنية بمنزلة روضات وجنات فاثبت لها مشارع يردها المتعطشون الى زلال الرحمة والرضوان وبهذا الطريق اثبت لقبول العبادة الذى هومهب الطاف الرحمن ومطلع انوار الغفران وريح الصبا التى بها روح الابدان ونماء الأغصان.

شرع اور شریعت کا اصطلاحی معنی یہ ہے: جو اللہ تعالیٰ نے اپنے بندوں کیلئے دین مشروع فرمایا۔

یعنی ظاہر فرمایا اور بیان فرمایا۔ حاصل یہ ہے کہ شریعت وہ طریقہ معہودہ ہے جو نبی کریم ﷺ سے ثابت ہے۔ یہاں استعارہ مکنیہ پایا گیا ہے، یعنی شرعی طریقہ کو تشبیہ دی گئی ہے باغات سے جس طرح باغات کو پانی کی نالیوں سے سیراب کیا جاتا ہے اور پانی کی جگہ میں پیاسے وارد ہوتے ہیں اسی طرح شریعت کے طریقہ سے رب تعالیٰ کی رحمت اور رضاء کی مٹھاس حاصل کی جاتی ہے اور پیاس بجھائی جاتی ہے۔

اس طریقے سے ثابت کیا کہ جس طرح بدنوں (جسموں) کو باد صباء سے راحت حاصل ہوتی ہے اور درختوں کی شاخیں اس سے بڑھتی ہیں اسی طرح شریعت کے مطابق کام کرنے والے اور عبادت کرنے والوں کو رب تعالیٰ کی مہربانیوں کی ہوا سے اور اس کی مغفرت کے انوار پر مطلع ہونے سے ان کی روح تسکین حاصل ہوتی ہے۔

فان القبول الأول ريح الصبا ومهبها المستوى مطلع الشمس اذا استوى الليل والنهارويقابلها الدبوروالعرب تزعم ان الدبورتزعج السحاب وتشخصه فى الهواء ثم تسوقه فاذا علا كشفت عنه واستقبلته الصبا فوزعت بعضه على بعض حتى يصير كسفا واحدا ثم ينزل مطرا تنمى بها

محمدۃ (بکسر العین) کی جمع ہو۔ ضد ہو "مذمۃ" کی۔

جب "محمد" اسم مکان کی جمع ہو تو یہ عبادات قولیہ، عملیہ، اعتقادیہ سب کو شامل ہے کہ سب ہی محل حمد ہیں۔ اسی ظرف والے معنی سے مراد حامدین بھی ہو سکتے ہیں کیونکہ وہ بھی محل حمد ہیں، یعنی ان کی زبانیں محل حمد ہیں۔ اور ایک احتمال یہ ہے کہ محمدۃ، مصدر میمی ہو اور مبنی للفاعل ہو مراد حامدین ہوں، اس صورت میں "من" ابتدائیہ ہوگا۔

الاشجار والقبول الثانی من المصادرة الشاذة لم یسمع له ثان. (التلویح)

قبول اول سے مراد باد صباء ہے جو معتدل موسم میں جب رات دن برابر ہوں تو مشرق کی طرف سے چلتی ہے۔ باد صباء کے مقابل باد دبور ہے عرب گمان کرتے ہیں کہ باد دبور بادل کو اکھیڑتی ہے اور فضاء ان کو منتشر کر دیتی ہے پھر ان کو چلاتی ہے جب وہ بلند ہوتے ہیں تو باد دبور ہٹ جاتی ہے اور باد صباء آ جاتی ہے جو بعض کو بعض سے جدا کر کے ایک قطعہ کی صورت میں جمع کر دیتی ہے جس سے بارش برستی ہے اور درخت بڑھتے ہیں۔

بیان کردہ بحث میں چند الفاظ کے معانی :مشرعة الماء، پانی پینے کیلئے جمع ہونے کی جگہ۔ مهب الریح، ہوا کا چلنا۔ زعج، قلق واضطراب، جگہ سے اکھیڑنا، ہٹانا، وزع، تقسیم کرنا متفرق کرنا، کسفا، منقطع کرنا، سورج کا بے نور ہونا، یہاں مراد بادل کے ٹکڑوں کو جمع کرنا۔

قبول ثانی: مصادر شاذہ سے ہیں اس وزن پر ''لم یسمع له ثان'' کوئی اور دوسرا نہیں سنا گیا۔ مراد یہ ہے کہ اس وزن پر زیادہ استعمال نہیں بلکہ شاذ طور پر استعمال ہے۔

والنماء الزیادة والارتفاع نمی ینمی نماء ونما ینمو نموا وحقیقة النمو الزیادة فی اقطار الجسم علی تناسب طبیعی ثم فی وصف المحامد بما ذکرنا تلمیح الی قوله تعالی ''ضرب الله مثلا کلمة طیبة کشجرة طیبة اصلها ثابت وفرعها فی السماء'' فان المحامد لما کانت هی الکلم الطیب والکلمة الطیبة کشجرة طیبة فالمحمدة شجرة لها اصل هو الایمان والاعتقادات وفرع هو الأعمال والطاعات. (التلویح)

النماء :زیادہ ہونا، بڑھنا، یہ ناقص یائی ''نمی ینمی'' (ض) اور ناقص واوی ''نما ینمو (ن) پر آتا ہے، حقیقت میں ''نمو'' کا مطلب ہے جسم تمام طرفوں میں ایک تناسب طبیعی سے بڑھے، محامد کا وصف نماء سے کر کے ایک آیۃ کریمۃ کی طرف

لأصولها :یہ کوئی بعید نہیں کہ مراد ''اصول محامد'' سے محامد، کے اداء کرنے کے طریقہ کا علم ہو، بیشک یہ علم ''ادلہ اربعہ'' سے حاصل ہوتا ہے۔ ادلہ اربعہ کو پانی کے حوض وغیرہ سے تشبیہ دی گئی ہے، اور طالبین کے اذہان کو تشبیہ دی گئی پیاسے پانی پر وارد ہونے والوں سے، اور ادلہ پانی پر داخل ہونے کے طریقے (راستے) ہیں۔ اور اصول محامد سے مراد رونق، خوبصورتی، حسن منظر، ضیائیہ ہوں، تو مطلب یہ ہے کہ وہ علم جو ادلہ اربعہ سے حاصل ہوتا ہے وہی اہل شرع کے نزدیک معتبر ہے، بخلاف اس کے کہ جو خواب میں یا الہام کے ذریعے حاصل ہو وہ معتبر نہیں اور نہ ہی اس پر عمل کرنا جمہور علماء کے نزدیک جائز ہے۔

اشارہ ہے ''ضرب اللہ مثلا کلمة طیبة کشجرۃ طیبة اصلھا ثابت وفرعھا فی السماء''
محمدۃ: کو تشبیہ دی گئی ہے شجرۃ سے، یعنی محمدۃ ایک درخت ہے اس کی جڑ ایمان واعتقادیات ہیں اور اس کی ٹہنیاں اعمال وطاعات ہیں۔

وتحقیق ذلک ان الحمد وان کان فی اللغة فعل اللسان خاصة الا ان حمد اللہ تعالی علی ما صرح بہ الامام الرازی فی تفسیر لیس قول القائل الحمد للہ بل ما یشعر بتعظیمہ وینبیء عن تمجیدہ من اعتقاد اتصافہ بصفات الکمال والترجمة عن ذلک بالمقال والأتیان بما یدل علیہ من الأعمال فالاعتقاد اصل لولاہ لکان الحمد کشجرۃ خبیثة اجتثت من فوق الأرض ما لھا من قرار، والعمل فرع لولاہ لما کان للحمد نماء الی اللہ تعالی وقبول عندہ بمنزلة دوحة لاغصن لھا وشجرۃ ثمرۃ علیھا اذ العمل ھو الوسیلة الی نیل الجنات ورفع الدرجات قال اللہ تعالی والعمل الصالح یرفعہ ،وفی الحدیث فاذا لم یکن عمل صالح لم یقبل فأشار المصنف الی ان الشجرۃ المحامد اصلا ثابتا ھو الاعتقاد الراسخ الاسلامی المبتنی علی علم التوحید والصفات وفرعا نامیا الی اللہ مقبولا عندہ ھو العمل الصالح الموافق للشریعة المطھرۃ المبتنی علی علم الشرائع والأحکام واشار الی الاختصاص والدوام بقولہ یصعد بتقدیم الظرف المفید للاختصاص ولفظ المضارع المنبیء علی الاستمرار .(التلویح)

تحقیق مقام: اگر چہ لغت میں حمد فعل لسان (زبان سے حمد کرنا) کو کہا گیا ہے، لیکن امام فخر الدین عبداللہ رازی نے اپنی تفسیر مفاتیح الغیب المعروف بالکبیر میں وضاحت فرمائی کہ صرف زبان سے ''الحمدللہ'' کہنا حمد نہیں۔ حقیقت میں حمد یہ ہے کہ اللہ تعالی کی تعظیم اور اس کی بزرگی کی خبر دے اور عقیدہ یہ ہو کہ اللہ تمام کامل صفات سے متصف ہو، پھر اسے زبان سے بیان کرے یا ایسے اعمال لائے جو اس کی تعظیم پر دلالت کریں، سب حمد ہی ہیں۔

اصل اعتقاد ہی ہے: اگر اعتقاد درست نہ ہو تو وہ حمد اس درخت خبیثہ کی طرح ہے جو زمین سے اوپر ہو جسے قرار حاصل نہ ہو۔(اجتثت ای قطعت)

من مشارع الشرع: شریعت وہ راستہ ہے جس کے ذریعے پانی پر جائے۔ اسی طرح صراح اور مہذب میں ذکر کیا گیا ہے۔''شرع'' کا مطلب سیدھی راہ اور دین کا راستہ، اسی طرح کنز اللغات اور مہذب میں ہے۔ اور مراد ''مشارع الشرع'' سے ادلہ اربعہ ہیں جس طرح پہلے بیان کیا جا چکا ہے۔

علی ان جعل اصول الشریعة ممهدة المبانی وفروعها رفیقة الحواشی ای لطیفة الأطراف

عمل فرع ہیں: یعنی درخت کی ٹہنیاں ہیں، اگر عمل نہ ہو تو حمد کو رب تعالیٰ کی طرف بڑھنا اور اس کے ہاں قبول ہونا حاصل نہیں ہوگا، وہ ایک بڑا درخت (تنا) ہوگا جس کی ٹہنیاں نہ ہوں اور ایسا درخت ہوگا جس کا پھل نہ ہو۔ (دوحہ، بڑا وسیع درخت یہاں مراد تنا ہے)

عمل ہی درجات کے حاصل ہونے کا ذریعہ ہے: یعنی عمل وسیلہ ہے جنات اور درجات کے حاصل ہونے کا، رب تعالیٰ نے فرمایا "والعمل الصالح یرفعه" نیک عمل ہی اس کے ہاں رفعت وقرب حاصل کرتا ہے۔ اور حدیث شریف میں ہے "فاذا لم یکن عمل صالح لم یقبل" جب عمل نیک نہ ہو تو وہ قبول نہیں ہوتا۔

مصنف کا اسی طرف اشارہ ہے: کہ محامد کے درخت کی جڑ قرار پکڑنے والی، اعتقاد راسخ اسلامی ہے جس کی بناء علم توحید وصفات باری تعالیٰ پر ہے، اور اس درخت کی شاخیں بڑھنے والی یعنی اللہ کے ہاں رفعت وقبولیت حاصل کرنے والے اعمال صالحہ ہیں جو شریعت مطہرہ کے موافق ہوں جس کی بناء علم شرائع واحکام پر ہے۔

مصنف نے اشارہ کیا ہے اختصاص ودوام کی طرف: مصنف نے قرآن پاک سے بطور تلمیح جو ذکر کیا ہے "الیه یصعد الکلم الطیب" اس میں ظرف کو مقدم ذکر کیا گیا ہے جو اختصاص کا فائدہ دے رہی ہے۔ اور یصعد، مضارع استمرار پر دلالت کر رہا ہے۔ (یعنی مضارع میں دوام تجدد پایا جاتا ہے)۔

قوله علی ان جعل تعلیق للمحامد ببعض النعم اشارة الی عظم امر العلم الذی وقع التصنیف وفیه دلالة علی جلال قدره والشریعة تعم الفقه وغیره من الأمور الثابتة بالأدلة السمعیة کمسئلة الرؤیة والمعاد وکون الاجماع والقیاس حجة وما اشبه ذلک واصول الشریعة ادلتها الکلیة

ولفروعها: اس سے مراد عبادات کے ثمرات ونتائج جو اللہ تعالیٰ عبادات کی قبولیت پر مرتب فرماتا ہے اور ان پر کئی مشکل زائد ثواب عطاء فرماتا ہے۔

قبول القبول: میں اضافت تاکید کیلئے ہے جیسے "وهی تمر مر السحاب" میں ہے، اور اضافت اس میں مشبہ بہ کی مشبہ کی طرف ہے جیسے "لجین الماء"

میر سید شریف رحمہ اللہ فرماتے ہیں: قوله "اصول الشرع ممهدة المبانی": اصول الشرع سے مراد علم اصول فقہ ہے، مبانی اس علم کے اصل مسائل ہیں، حواشی سے مراد اطراف یعنی مسائل پر تفریعات اسی طرح تعریفات

والجوانب ودقیقة المعانی بنی علی اربعة ارکان قصر الاحکام واحکمه بالمحکمات غایة الاحکام یہ کہ بنایا گیا ہے اصول شرع کو مبانی کیلئے تمہید، اور اس کے فروع کو رقیقۃ الحواشی یعنی لطیفۃ الاطراف اور لطیفۃ الجوانب بنایا گیا ہے۔ اور دقیقۃ المعانی بنایا گیا ہے۔ اور احکام کے محل کی بناء چار ارکان پر رکھی گئی ہے، اور محکمات کے ذریعے بہت زیادہ پختہ کیا گیا ہے

ومبانی الأصول ما یبتنی هی علیه من علم الذات والصفات والنبوات وتمهیدها تسویتها واصلاحها بکونها علی وفق الحق ونهج الصواب. (التلویح)

ماتن کا قول "علی ان جعل" سے محامد کو بعض محامد کو بعض نعمتوں سے متعلق کیا۔ اور اشارہ کیا ہے اس علم کے امر کی عظمت کی طرف جس علم میں تصنیف کی، کیونکہ اس میں دلالت اس کے جلال قدر پر۔

شریعت عام ہے: فقہ کو بھی شامل ہے اور اس کے بغیر ان امور کو بھی شامل ہے جو ادلہ سمعیہ سے ثابت ہیں جیسے رؤیۃ باری تعالیٰ کا مسئلہ اور قیامت کا مسئلہ۔ اور اجماع وقیاس کے حجت ہونے کا مسئلہ اور اس کے مشابہ مسائل۔

اصول شریعت سے مراد: ادلہ کلیہ ہیں اور مبانی اصول سے مراد جن چیزوں کی ان پر بناء ہے جیسے علم ذات وصفات باری تعالیٰ، علم نبوت، وتمهیدها: ان کو برابر کرنا، ان کی اصلاح اس طرح کرنا جو حق کے موافق ہو اور صواب کے طریقے پر ہو۔

وفروع الشریعة احکامها المفصلة المبنیة فی علم الفقه ومعانیها العلل الجزئیة التفصیلیة علی کل مسئلة ودقتها کونها غامضة لایصل الیها کل واحد بسهولة وجمیع ذلک نعم تستوجب الحمد اذ بالشریعة نظام الدنیا وثواب العقبی وبدقة معانی الفقه رفعة درجات العلماء ونیلهم الثواب فی دار الجزاء. (التلویح)

وفروع الشریعة: اس سے مراد احکام شرعیہ ہیں جن کو تفصیل سے علم فقہ میں بیان کر دیا گیا ہے اور احکام شرعیہ کے معانی یعنی علل جزئیہ تفصیلیہ ہر مسئلہ پر اور ان کی دقت ان کے پیچیدہ ہونے کی وجہ سے جن کی طرف ہر شخص سہولت سے

اور جتیں ان سے متعلق ہیں ان پر تفریعات۔

"تمہید الامور" سے مراد امور کو درست کرنا، ان کی اصلاح، اور تمہید القدر کا معنی بسیط کرنا۔ اس لئے تمہید المسائل کا مطلب ہوگا مسائل کو بساطت سے بیان کرنا یا ان کی اصلاح کرنا اور اختلاف سے ان کو محفوظ کر کے محکم کرنا۔

نہ پہنچ سکے یہ سب نعمتیں ہیں جو مستوجب حمد ہیں۔ شریعت ہی سے نظام دنیا اور ثواب آخرت اور معانی فقہ کی وقت اور علماء کے درجات کی بلندی اور دار جزاء میں ثواب حاصل ہوتا ہے۔

وفي هذا الكلام اشارة الى ان علم الأصول فوق الفقه ودون الكلام لأن معرفة الأحكام الجزئية بأدلتها التفصيلية موقوفة على معرفة احوال الأدلة الكلية من حيث توصل الى الأحكام الشرعية وهي موقوفة على معرفة البارى تعالى وصفاته وصدق المبلغ ﷺ ودلالة معجزاته ونحوذلك مما يشتمل عليه علم الكلام الباحث عن احوال الصانع والنبوة والامامة والمعاد وما يتصل بذلك على قانون الاسلام.(التلويح)

اس میں اشارہ اس طرف ہے : کہ علم اصول فقہ کا درجہ اوپر ہے فقہ کے، اور علم کلام سے کم درجہ ہے، کیونکہ معرفت احکام جزئیہ ادلہ تفصیلیہ سے موقوف ہے ادلہ کلیہ کے احوال کی معرفت پر اس لحاظ سے کہ وہ احکام شرعیہ تک پہنچاتی ہے۔ اس سے علم اصول کی فوقیت علم فقہ پر ثابت ہوگئی۔ علم اصول (ادلہ) موقوف ہیں معرفت باری تعالی اور اس کی صفات کی معرفت پر، اور مبلغ علیہ السلام کے صدق پر، اور معجزات کی دلالت پر وغیرذلک، یہ تمام وہ مسائل ہیں جن پر علم کلام مشتمل ہے۔

علم کلام وہ علم ہے جس میں احوال صانع ونبوت وامامت وقیامت اور قیامت سے متصل کی بحثیں پائی جاتی ہیں قانون اسلام کے مطابق۔

یا مبانی سے مراد اس علم کے متون مصنفہ، اور فروع وحواشی واطراف سے مراد شرح اور حواشی ہوں، یا مبانی سے مراد ادلہ اربعہ جو اس علم کے موضوعات ہیں جن کے احوال سے اس میں بحث کی جاتی ہے۔ بیشک علم کی بناء وجود موضوع پر ہے، اور حواشی واطراف سے مراد اطراف واحوال اور احکام ہیں جو ادلہ سے متعلق ہیں۔

اور یہ بھی بعید کہ اصول سے مطلقا دلائل ہوں، اور مبانی سے مراد خاص کر کے تین دلیلیں کتاب وسنت واجماع ہوں۔ اور فروع سے مراد قیاسات ہوں۔ تین دلیلوں کو تمہید اس لئے بنایا گیا ہے کہ یہ ادلہ قطعیہ ہیں ان کے حکم میں شک نہیں سنت کے قطعی ہونے سے مراد حدیث متواتر ہے۔

قوله وفروعها رفيقة الحواشي : فروع شریعت سے مراد علم فقہ ہے یہ وہ علم ہے جس میں احکام عملیہ جو ثابت ادلہ سے ان کی خصوصیات کا ذکر ہو۔ اور اہل اجتہاد کی روایات اس میں جمع ہوں، اس علم کے حواشی روایات متخالفہ ہیں،

بنی علی اربعۃ ارکان قصر الأحکام احکام کے محل کی بنیاد چار ارکان پر رکھی گئی ہے۔

قوله بنی علی اربعة ارکان بمنزلة البدل من الجملة السابقة شبه الأحكام الشريعة بقصر من جهة ان الملتجئ اليها يأمن من غوائل عدو الدين وعذاب النار فاضافة المشبة به الى المشبه كما فى لجين الماء. (التلويح)

قوله بنی علی اربعة ارکان: یہ جملہ سابقہ سے بمنزل بدل کے ہے، احکام شرعیہ کو تشبیہ دی گئی ہے محل سے۔

وجہ شبہ: جس طرح محل میں پناہ پکڑنے والا بارش، آندھی، چوروں وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے اسی طرح احکام شرعیہ میں پناہ پکڑنے والا دین کے دشمنوں اور عذاب نار کے مصائب سے محفوظ ہو جاتا ہے۔

''قصر الاحکام'' میں اضافت مشبہ بہ کی مشبہ کی طرف ہے جیسے ''لجین الماء'' میں ہے لجین (بضم اللام بفتح الجیم) چاندی،

اوران کے معانی علل اجتہادات ہیں اور اوصاف مراد ہیں جو مقیس اور مقیس علیہ کے جامع ہیں، یہ معنی علم اصول میں متعارف ہے۔

اس علم کے مبانی: اصل حکم ہے جس میں اختلاف واقع ہو، جیسے وضوء اصل حکم ہے، اور اس میں اختلاف ہے کہ نیت اس میں فرض ہے یا نہیں۔

رقة الحواشی ودقة المعانی: کنایۃ ہے پوشیدگی وخفاء سے جس تک سوائے اذکیاء کے اذہان نہ جا سکیں۔

سوال: خفاء تو سبب ہے جہالت کا، یہ نعمتوں میں سے نہیں کہ اسے محمود علیہ بنایا جائے؟

جواب: حمد کا تعلق کبھی نعمت سے ہوتا ہے اور کبھی غیر نعمت سے، تو محمود علیہ کبھی نعمتوں میں سے ہوگا جسے اصول شریعۃ کی تمہید مبانی اہل جہاں پر ایسی نعمت ہے کہ اس سے بڑھ کر اور کوئی نعمت نہیں۔ اور کبھی محمود علیہ غیر نعمت ہوتا ہے اور خفاء بھی اسی قسم سے ہے۔ لیکن جب افراد بشر میں فرق ہے کمال قدرت کے امور کے ادراک میں باوجود اس کے کہ سب متماثل ومتشابہ ہیں تو اس پر بھی اللہ تعالی کی حمد ہے، بلکہ اگر توجہ کی جائے تو رقۃ حواشی اور دقۃ معانی مجتہد کیلئے بہت بڑی نعمت ہے کہ وہ خفاء کی وجہ سے ہی اجتہاد کر کے بلند شان اور عظیم قدر و منزلت حاصل کر لیتا ہے۔

حرف عطف مقدر ہے، اس کا عطف جعل پر ہے یا یہ حال ہے قد مقدر سے کیونکہ بنی، ماضی ہے، ماضی حال واقع ہو تو اس پر قد، ظاہر ہوتا یا مقدر۔ یا یہ بدل الاشتمال ہے، یا جملہ استینافیہ ہے۔ (السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں: ارکان اربعہ سے مراد ادلہ اربعہ ہیں، ان کو احکام کا رکن کہا گیا ہے، اس اعتبار سے کہ

یعنی پانی چاندی کی طرح سفید ہے۔

والأحكام تستند الى ادلة جزئية ترجع مع كثرتها الى اربعة دلائل هي اركان قصر الأحكام فذكرها في اثناء الكلام على الترتيب الذي بنى الشارع الأحكام عليها من تقديم الكتاب ثم السنة ثم الاجماع ثم العمل بالقياس ذكر الثلاثة الأول صريحا والقياس بقوله وضع معالم العلم على مسالك المعتبرين اى القائسين المتأملين في النصوص وعلل الأحكام من قوله تعالى فاعتبروا يا اولى الأبصار، تقول اعتبرت الشئ اذا نظرت اليه وراعيت حاله والمعلم الاثر الذى يستدل به على الطريق عبربه عن علة الحكم التى بها يستدل على ثبوت الحكم في المقيس.

احکام کی نسبت ادلہ کی طرف :اگر چہ دلائل جزئیہ تو بہت ہیں لیکن وہ سب چار دلائل کی طرف ہی لوٹتے ہیں جو احکام شرعیہ کے محل ارکان ہیں۔ ان چار کا ذکر اس کلام کے ضمن میں آچکا ہے جن پر شارع نے احکام کو مرتب فرمایا۔

چار دلائل کی ترتیب: سب سے پہلے کتاب اللہ پھر سنہ رسول اللہ ﷺ، پھر اجماع، پھر قیاس۔

سوال: پہلے تین دلائل کا ذکر ہے، چوتھی دلیل قیاس کا ذکر تو نہیں کیا گیا۔

جواب: تین دلیلوں کا ذکر صراحۃ کیا گیا ہے لیکن چوتھی دلیل کا ذکر کنایۃ کیا گیا ہے۔ یعنی قیاس کو مصنف نے اپنی ''وضع معالم العلم على مسالك المعتبرين'' سے ذکر فرمایا ہے۔ معتبرین کا مطلب ہے، قیاس کرنے والے اور نصوص اور احکام کی علتوں میں تأمل کرنے والے، جیسے ارشاد باری تعالیٰ ''فاعتبروا يا أولى الابصار'' اس سے بھی اصحاب نظر و بصیرت کو نظر و فکر کرنے (قیاس کرنے) کا حکم دیا گیا ہے۔ اسی طرح کہا جاتا ہے ''اعتبرت الشئ'' میں نے اس چیز کی طرف نظر کی اور اس کے حال کی رعایت کی۔

معالم جمع ہے مَعْلَم کی :معلم کا معنی اثر جس سے اس طریق پر دلیل پکڑی جائے کہ قیاس کیا جائے اس کے ذریعے

احکام ان سے مستنبط ہوتے ہیں، یا ان پر اعتقاد رکھنے کی وجہ سے ان کو ارکان سے تعبیر کیا گیا ہے، ورنہ رکن کا لغوی معنی ہے ''جانب اقوی، یا مطلقا جزء'' کنز اللغات میں اسی طرح ذکر کیا گیا ہے۔ ایک چیز سے خارج کو رکن نہیں کہا جاتا اور احکام کی ادلہ اربعہ اسی طرح ہیں۔

اور یہ بھی جائز ہے کہ رکن کو لیا گیا ہو ''رکون'' سے جس کا معنی ہے ایک چیز کی طرف میلان اور اس پر قرار، اس معنی کے لحاظ پر کہ رکن، کا معنی ہے جس چیز کا اعتماد و سہارا ہو خواہ جزء ہو یا خارج ہو۔

مقیس علیہ کی علت حکم سے مقیس پر حکم ثابت کرنا۔

فان قلت ليس ترتيب الشارع تقديم السنة على الاجماع مطلقا بل اذا كانت قطعية قلت الكلام في متن السنة ولا خفاء في تقدمه وانما يؤخر حيث يؤخر لعارض الظن في ثبوته ثم ذكر بعض اقسام الكتاب اشارة الى انه كما يشمل القصر على ما هو غاية في الظهور وعلى ما هو دونه وعلى ما هو غاية في الخفاء والاستتار بحيث لا يصل اليه غير رب القصر وعلى ما هو دونه كذلك قصر الأحكام يشتمل على محكم غاية في الظهور ونص هو دونه وعلى متشابه وهو غاية في الخفاء ومجمل هو دونه وسيجئ تفسيرها. (التلويح)

اعتراض: شارع نے مطلقا سنت کو اجماع سے مقدم نہیں، بلکہ سنۃ قطعیہ (خبر متواتر) اجماع سے مقدم ہے مطلقا سنۃ کو شارع نے کیسے مقدم ذکر کیا ہے؟

جواب: کلام متن سنت میں ہے، اس کے تقدم میں کوئی خفاء نہیں کیونکہ وہ قطعی ہے، اس کا مؤخر ہونا اور ظنی ہونا ثبوت کے لحاظ سے ہے۔

واحكمه بالمحكمات غاية الأحكام ،قصر احکام کو محکمات کے ذریعے بہت زیادہ پختہ کیا گیا ہے۔

اور یہ بھی احتمال ہے کہ ارکان اربعہ سے مراد نماز، زکوۃ، روزہ اور حج ہو، کیونکہ یہ چار چیزیں چار طائفہ ثابت ہیں کتاب وسنت واجماع وقیاس سے، اور احتمال اس میں یہ ہے کہ ارکان اربعہ سے وجوب، حرمۃ، ندب اور اباحت مراد ہیں، یا مراد قصر احکام سے کتاب اللہ ہو کیونکہ یہ مشتمل ہے احکام پر جس طرح بیت مشتمل ہوتا ہے ان چیزوں پر جو اس میں ہوتی ہیں، اور کتاب اللہ مرتفع اور عالی مرتبت ہے کہ اس میں احکام کو بیان کیا گیا ہے۔

اور احتمال یہ ہے کہ ارکان اربعہ سے مراد عبارۃ النص، اشارۃ النص، دلالۃ النص، اقتضاء النص ہوں۔ اور احتمال یہ ہے کہ ارکان اربعہ سے مراد متقابلات اربعہ ہوں۔ ظاہر، نص، مفسر، محکم اور خفی، مشکل، مجمل، متشابہ۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: احکام (مصدر باب افعال) یعنی کسی چیز کو برابر کرنا، اور ایسے طریقہ سے ضبط کرنا کہ وہ خلل وفساد سے محفوظ رہے، محکم، اصطلاح اصول میں اسے کہا جاتا ہے جس کی مراد ظاہر ہو اور بہت زیادہ اس میں وضاحت ہو کہ کلام اسی کیلئے چلائی گئی ہو اور تاویل کا باب اس میں بند ہو اور تخصیص کا باب بھی اس میں بند ہو، اور نسخ کا احتمال بھی اس میں نہ پایا جائے۔ نسخ کا احتمال ہو تو مفسر، تاویل وتخصیص کا احتمال ہو تو نص، اور بہت زیادہ واضح نہ

جعل المتشابهات مقصورات خیام الأستار ابتلاء لقلوب الراسخین فان انزال المتشابهات

ثم ذکر بعض اقسام الکتاب الخ: یعنی مصنف نے یہاں سے کتاب کی بعض اقسام کا ذکر کیا ہے یعنی جس طرح محل کے بعض حصے بہت زیادہ ظاہر ہوتے ہیں اور بعض حصے بہت زیادہ مخفی ہوتے ہیں۔جن پر صرف مالک مکان ہی مطلع ہوتا ہے اسی طرح قصر احکام شرع مشتمل ہے محکم آیات پر بہت زیادہ ظاہر ہیں پھر ظہور کے مختلف درجے ہیں، ظاہر میں کم ظہور ہے نص سے اور نص میں کم ظہور ہے مفسر سے اور مفسر میں کم ظہور ہے محکم سے۔اسی طرح قصر احکام شرع مشتمل ہے متشابہات پر جن میں بہت زیادہ خفاء ہے، خفاء کے بھی مختلف مدارج ہیں، متشابہ میں بہت زیادہ خفاء اس سے کم خفاء مجمل میں ہے، اس سے کم خفاء مشکل میں ہے، اوراس سے کم خفاء خفی میں ہے۔

قوله مقصورات ای محبوسات جعل خیام الاستتار مضروبة علی المتشابه محیطة به بحیث لایرجی بدوه وظهوره اصلا علی ما هوالمذهب من ان المتشابه لایعلم تأویله الا الله وفائدة انزاله ابتلاء الراسخین فی العلم بمنعهم عن التفکر فیه والوصول الی ما هوغایة متمناهم من العلم بأسراره فکما ان الجهال مبتلون بتحصیل ما هوغیر مطلوب عندهم من العلم والأمعان فی الطلب کذلک العلماء مبتلون بالوقف وترک ما هومحبوب عندم اذ ابتلاء کل أحد انما یکون بما هو علی خلاف هواه وعکس متمناه.(التلویح)

مقصورات کا معنی ہے محبوسات، بند کرنا، جس طرح خیمہ کے پردہ میں کسی چیز کو محبوس کر کے پوشیدہ کر دیا جاتا ہے متشابہات آیات میں اسی طرح بہت زیادہ پوشیدگی رکھی گئی ہے جس کے ظاہر ہونے کی امید نہیں کی جاسکتی۔

ہو یعنی کلام اس کیلئے نہ چلائی گئی ہو تو اسے ظاہر کہیں گے۔

''جعل'' کے چند مطالب: جعل کا معنی کرنا، وہ ایجاد کی طرح متعدی ہے۔اس کے چند احوال ہیں

۱۔ بمعنی تصییر جیسے ارشاد باری تعالی ہے''انا جعلناه قرآنا عربیا'' بیشک ہم نے بنایا قرآن کو عربی۔

۲۔ بمعنی ایجاب، جیسے رب تعالی نے فرمایا''وما جعلنا القبلة التی کنت علیها الا لنعلم ''مختصر مطلب یہ ہے کہ ہم نے کعبہ کو قبلہ واجب کیا آزمائش کیلئے۔

۳۔ بمعنی حکم وقول وتسمیہ، جیسے اللہ تعالی کا ارشاد''وجعلوا الملائکة الذین هم عباد الرحمن اناثا'' انہوں (کفار) نے اللہ کے بندے فرشتوں پر مؤنث ہونے کا حکم لگایا۔مؤنث ہونے کا قول کیا، ان کا نام انہوں نے

علی مذھبنا وھو الوقف اللازم علی قولہ تعالی "وما یعلم تاویلہ الا اللہ" لابتلاء الراسخین فی العلم بکبح عنان ذھنھم عن التفکر فیھا والوصول الی ما یشتاقون الیہ من العلم بالاسرار التی اودعھا فیھا ولم یظھر احدا من خلقہ علیھا

توضیح وتلویح کا مجموعی مطلب: متشابہات کے نازل کرنے میں ہمارا مذہب یہ ہے کہ اللہ تعالی کے ارشاد گرامی "وما یعلم تاویلہ الا اللہ" میں "الا اللہ" پر وقف لازم ہے، یعنی متشابہات کا مطلب صرف رب تعالی جانتا ہے۔

سوال: جب متشابہات کا علم صرف رب تعالی کو ہے ان کو نازل کرنے کا کیا فائدہ؟

جواب: ان کے نازل کرنے کا مقصد "راسخین فی العلم" کو آزمانا ہے اس لیے کہ جو علم میں پختگی رکھتے ہیں وہ ہر مسئلہ اور ہر لفظ کی گہرائی تک پہنچنے اور اس کے راز تک پہنچاننے کی کوشش کرتے ہیں، گویا کہ ان کو کہا گیا کہ تم اپنے ذہن کے تفکر اور متشابہات کے اسرار کو پہچاننے سے اپنی باگ ڈوری کو کھینچ کر رکھو۔

یہ ایسے ہی ہے جیسے جاہلوں کو علم حاصل کرنے سے آزمایا جاتا ہے جو ان کا مطلوب نہیں ہوتا۔ کیونکہ امتحان تمنا کے خلاف ہوتا ہے تمنا کے مطابق کام کا مطالبہ آزمائش نہیں ہوتا۔

مؤنث رکھا۔

۴۔ جعل بمعنی خلق، ارشاد باری تعالی ہے "جعل الظلمات والنور" اس نے تاریکیاں اور نور پیدا کیا۔

۵۔ جعل بمعنی اخذ (شروع کرنا) جب یہ دوسرے فعل کے ساتھ متصل ہو، جیسے "جعل یفعل کذا" اس نے اس طرح کرنا شروع کیا۔

تنبیہ: اس کتاب کی عبارت میں "جعل" بمعنی تسمیہ نہیں ہوسکتا اس لئے کہ رب تعالی نے "مقصورات خیام الاختتام" نام نہیں رکھا۔ اور دوسرا معنی ایجاب والا بھی نہیں لیا جاسکتا کیونکہ یہاں وجوب نہیں۔ پہلا معنی تصییر والا ممکن ہے کہ اللہ تعالی نے قصر احکام شرع کو محکمات سے پختہ بنایا اور متشابہات کو پوشیدہ کرکے امتحان بنایا۔

اور چوتھا معنی خلق والا لیا جاسکتا ہے لیکن وہ کلام لفظی سے مقید ہوگا کیونکہ رب تعالی کے کلام کی دو قسمیں ہیں کلام نفسی اور کلام لفظی، کلام نفسی تو مخلوق نہیں بلکہ قدیم ہے لیکن کلام لفظی مخلوق ہے اس کے لحاظ پر جعل بمعنی خلق لینا صحیح ہے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: مقصورات خیام الاستار، میں مقصورات قصر سے لیا ہوا ہے جس کا معنی رکنا بھی ہے اور روکنا بھی، یعنی ذہنوں کو اس سے روکا گیا ہے، یا مطلب یہ ہے کہ ذہن اس سے رک گئے ہیں گھسنے سے قاصر ہیں۔

قوله بکبح عنان ذهنهم تقول کبحت الدابة اذا جذبتها الیک باللجام لکی تقف ولاتجری.

کہا جاتا ہے" کبحت الدابۃ" میں نے سواری کا لگام کھینچا تا کہ رک جائے اور چلے نہیں۔

سوال: وجعل المتشابهات، کا عطف ہے جعل اصول الشریعة، پر تو متشابہات کا جب ادراک نہیں تو ان کا نعمت ہونا بھی پتہ نہیں چلے گا تو حمد کا مقتضی کیسے ہے؟

جواب: اللہ تعالی نے ان کے ذریعے بندوں کو آزمایا ہے، جب بندہ ان کا حقیقی معنی بیان کرنے کی کوشش کرے اور اعتراف نہ کرے کہ ان کا علم اللہ تعالی کو ہی ہے تو یہ رب تعالی کو پسند نہیں، لیکن جب بندہ اس آزمائش میں پورا اترے اور یہ اعتراف کرے کہ ان کا علم اللہ تعالی کو ہی ہے تو اللہ تعالی کو پسند ہے اور یہ بندے کیلئے نعمت ہے کہ وہ اپنے امتحان میں کامیاب ہو گیا۔

ابتلاء کے چند معانی: ا۔آزمانا ۲۔پوشیدہ ہونا ۳۔ظاہر ہونا ۴۔نعمت دینا ۴۔مکروہ چیز پہنچانا

پہلا معنی آزمانا جب لیا جائے تو ابتلاء کا فاعل "اللہ" ہے، اور" قلوب" مفعول بہ ہے اور ابتلاء پر نصب ہے کہ یہ جعل کا مفعول لہ ہے۔

دوسرا معنی پوشیدہ ہونا جب لیا جائے تو فاعل متشابہات ہیں۔اور ابتلاء پر نصب کا عامل مقصورات اسم مفعول ہے یعنی متشابہات پختہ علم والوں کے دلوں سے پوشیدہ ہیں کہ ان کے دل بھی ادراک نہیں کر سکتے۔

تیسرا معنی ظاہر ہونا جب لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ متشابہات کے بارے میں پختہ علم والوں پر یہ ظاہر ہے کہ ان کے معانی کا ادراک نہیں کیا جا سکتا۔

چوتھا معنی نعمت دینا جب لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ اللہ تعالی نے پختہ علم والوں کے دلوں کو راحت دینے کیلئے متشابہات کو پوشیدہ رکھ کر ان پر انعام کیا کہ وہ ان میں غور وخوض سے بچ جائیں۔

پانچواں معنی مکروہ چیز پہنچانا جب لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ جب پختہ علم والے متشابہات میں تأمل کرتے ہیں تو انھیں نہ سمجھ کر پریشان ہوتے ہیں وہ تو سمجھنا چاہتے تھے لیکن نہ سمجھ سکے۔

فائدہ: قلوب سے مراد عقول ہیں یہ مجاز مرسل ہے ذکر محل کا اور مراد حال ہے۔اکثر اہل علم اس طرف ہیں کہ عقل دل میں ہے اور سر محل آلات ہے یعنی محل حواس باطنہ ہے یا" سر" حواس کا بعض ہے۔کیونکہ کل حواس ظاہرہ اور باطنہ ہیں

خیام کی اضافت استار کی طرف مشبہ بہ کی اضافت مشبہ کی طرف ہے۔اور مقصورات کی اضافت خیام کی طرف

(والنصوص منصة عرائس ابکار افکار المفکرین) منصة العروس مکان یرفع العروس علیه للجلوة اور نصوص کو متفکرین کی فکروں نے ایسے ظاہر کردیا جیسے باکرہ دلہنوں کو جلوہ گاہ پر بلند کر کے ظاہر کردیا جاتا ہے مصنف نے خود ہی توضیح میں ذکر فرمایا "منصة العروس" کا مطلب ہے تخت وغیرہ جس پر دلہن کو جلوہ کیلئے بلند کیا جائے۔

شرط کا اطلاق مشروط پر ہے کیونکہ عضو مخصوص (دل) شرط حیات ہے عقل کی اور عقل ہی حقیقت میں حیات ہے بغیر عقل کے حقیقی حیات حاصل نہیں ہوتی۔

قوله وهو الوقف اللازم :وقف لازم جہاں پایا جائے تو اس کے مابعد کا تعلق ماقبل سے نہیں ہوتا۔

قوله اودعها فيها اى اودع الله الاسرار فى المتشابهات والايداع متعد الى مفعولين تقول اودعته مالا اذا رفعته اليه ليكون وديعة عنده وانما عداه بفى تسامحا أو تضمينا بمعنى الادراج والوضع. (التلويح)

علامہ تفتازانی تلویح میں فرماتے ہیں کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ اللہ تعالی نے متشابہات میں راز ودیعت رکھے ہیں۔ ایداع، دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے جیسے تو کہے "اودعتہ مالا" میں نے فلاں کے پاس مال بطور امانت رکھا ہے۔ ایداع متعدی ہوتا ہے "الی" کے ذریعے "فی" سے متعدی کرنے میں تسامح ہے، یا ادراج اور وضع کے معنی کو متضمن ہونے کی وجہ اس کو "فی" سے متعدی کیا گیا ہے۔

علامہ تفتازانی تلویح میں بیان فرماتے ہیں :منصة بفتح الميم المكان الذى يرفع عليه العروس للجلوة من نصصت الشئ رفعته والعروس نعت يستوى فيه الرجل والمرأة ما داما فى اعراسهما يجمع

اضافت بیانیہ ہے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: عروس (بالفتح) مرد اور عورت پر بولا جاتا ہے جب وہ نئے نئے ایک دوسرے کو چاہنے والے ہوتے ہیں۔ عرائس کا ابکار بدل ہے یا عطف بیان ہے اس صورت میں ابکار مفتوح ہوگا۔

اگر اسے مجرور پڑھا جائے تو اضافت بیانیہ ہوگی۔ اور ابکار کی اضافت افکار کی طرف تشبیہ کیلئے ہے۔ اور وجہ شبہ یہ ہے کہ جس طرح باکرہ عورت بکارۃ کے زوال کے عیب اور نقصان سے سلامتی میں ہوتی ہے اسی طرح فکر کامل غلطی واقع ہونے کے عیب سے سلامتی میں ہوتا ہے۔ (السید)

وكشف القناع عن جمال مجملات كتابه بسنة نبيه المصطفى وفصل خطابه اى الخطاب الفاصل بين الحق والباطل ﷺ وآله واصحابه

اوراپنی کتاب کے مجملات کے جمال سے پردوں کو ہٹایا اپنے نبی کریم ﷺ کی سنت اور فصل خطاب کے ذریعے۔

المؤنث على عرائس والمذكر على عرس بضمتين وفى هذا الكلام نوع خزازة لأن المعانى التى اظهرت بالنصوص وجليت بها على الناظرين هى مفهوماتها والأحكام المستفاد منها وهى ليست نتائج افكار المتفكرين بل احكام الملك الحق المبين فكأنه أراد ان المجتهدين يتأملون فى النصوص فيطلعون معان ودقائق ويستخرجون احكاما وحقائق هى نتائج افكارهم الظاهرة على النصوص بمنزلة العروس على المنصة. (التلويح)

منصة، میم کا فتحہ سے ہے وہ جگہ جس پر دلہن کو جلوہ کیلئے بلند کیا جاتا ہے یہ لیا ہوا ہے۔ "نصصت الشئ" (میں نے اس چیز کو بلند کیا) سے، عروس، نعت ہے اس میں مذکر اور مؤنث دونوں برابر ہیں، اس لفظ کا اطلاق دونوں پر اس وقت تک کیا جاتا ہے جب تک وہ شادی میں ہوں۔ عروس، جب مؤنث پر بولا جائے تو اس کی جمع "عرائس" آتی ہے، اور جب مذکر پر اس کا اطلاق ہو تو اس کی جمع "عرس" (بضمتین) آتی ہے۔

شارح علامہ تفتازانی فرماتے ہیں کہ ماتن کے اس کلام میں کمزوری پائی گئی ہے اس لئے کہ وہ معانی جن کو نصوص ظاہر کرتی ہیں اور وہ معانی ناظرین پر واضح کرتی ہیں یہ مفہومات ہیں اور احکام ان سے مستفاد ہوتے ہیں۔ یہ متفکرین کے افکار نتائج نہیں بلکہ اللہ تعالی الملک الحق المبین کے احکام ہیں۔ اس کے بعد علامہ تفتازانی اس کی توجیہ بیان کرتے ہیں، گویا کہ مصنف کی مراد یہ ہے کہ مجتہدین نصوص میں تأمل کرتے ہیں تو معانی ودقائق پر مطلع ہوتے ہیں اور احکام وحقائق نکالتے ہیں جو ان کی فکروں کے نتائج ہیں۔ اور نصوص پر اس طرح ظاہر ہیں جیسے دلہن جلوہ گاہ پر بلند ہو کر ظاہر ہوتی ہے۔

اجمال کا لغوی معنی: کسی چیز کو جمیل بنانا، یا معنی یہ ہے خلط (ملا جلا) کر دینا، یا معنی ہے تمام اشیاء کو مجتمع کرنا، عام عرف

میر سید شریف فرماتے ہیں: کشف، کا معنی ہے ایک چیز کو دوسری سے زائل کرنا، قناع (بکسر القاف) پردہ۔ جمال، اصل میں مصدر ہے بمعنی حسن، پھر مجازی طور پر وجہ حسن کو جمال کہا جاتا ہے۔ کیونکہ چہرہ محل حسن ہے، اگر جمال کا معنی وجہ لیا جائے تو استعارہ تخیلیہ ہوگا یعنی مجملات کو حسین چہرے سے تشبیہ دی گئی ہے۔

میں اجمال کا معنی ہے ایہام (پوشیدگی) یعنی کلام کو اس طرح وارد کرنا جس سے مراد ظاہر نہ ہو یہ خلط کے لوازمات سے ہی ہے۔

اصطلاح اصول فقہ میں اجمال کی تعریف : کلام کو اس طرح وارد کرنا جس سے مراد ظاہر نہ ہو یعنی نفس کلام کے معنی میں خفاء ہو جس کا ادراک عقل سے نہ ہو بلکہ نقل سے ہو۔

سنت کا لغوی معنی : مھذب میں "صورۃ الوجہ" معنی بیان کیا گیا ہے۔ اور کنز اللغات میں طریقہ اور عادۃ معنی بیان کیا گیا ہے، یہی معنی ہے اللہ تعالی کے اس ارشاد میں "ولن تجد لسنة الله تبديلا"

اصطلاح اصولیین میں سنت کی تعریف : نبی کریم ﷺ کے اقوال اور افعال اور بوقت حاجت آپ کا سکوت جو کسی کے قول وفعل کی تقریر کرے۔ یعنی آپ سے کسی حال کا سوال کیا جائے تو آپ خاموش رہیں یا کسی کو کوئی کام کرتے دیکھ کر آپ خاموش رہیں، تو یہ سنت تقریری ہے۔ اسی طرح صحابہ کے قول وفعل وتقریر کو بھی سنت کہا جاتا ہے۔

قوله وفصل خطابه اى خطابه الفاصل المميز بين الحق و الباطل أو خطابه المفصول الذى يبينه من يخاطب به ولا يلتبس عليه على ان الفصل مصدر بمعنى الفاعل أو المفعول وهذا عطف الخاص على العام تنبيها على عظم أمره وفخامة قدره اذ السنة ضربان قول وفعل والقول هو الموضوع لبيان الشرائع المبنى عليه اكثر الأحكام المتفق على حجيته بين الأنام.(التلويح)

علامہ تفتازانی تلویح میں ذکر فرماتے ہیں: وقولہ فصل خطابہ، اس میں اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے،

جس طرح حسین چہرہ پردے میں ہوتا ہے کبھی اس سے پردہ ہٹا کر اسے ظاہر کیا جاتا ہے ایسے ہی مجملات کتاب اللہ سے سنت مصطفیٰ کریم ﷺ کے ذریعے پردہ ہٹا کر واضح کیا جاتا ہے۔ اگر اجمال بمعنی حسن ہو تو پھر یہ العلم حصول صورۃ الشئ فی العقل کے قبیلہ سے ہوگا، یعنی مجملات کے حسن سے پردوں کو ہٹایا گیا، یعنی جس طرح مراد صورۃ حاصلۃ ہے اسی طرح مراد چہرے کا حسن ہی ہے۔

میر سید فرماتے ہیں : خطاب کے فاصل ہونے کے چند مطالب مراد لئے جاسکتے ہیں۔

۱۔ مجمل کی مراد اور اس کے دوسرے محتملات میں فرق کرنے والا ہو۔

۲۔ کفار کے ساتھ مخاصمت کے وقت اقوال مسلمین کے درمیان ملت اسلامیہ کو ممتاز کرنے والا ہو۔

۳۔ مذہب حق اہل سنت وجماعت کے درمیان اور ملت کفر کے درمیان فرق کرنے والا ہو۔

ما رفع اعلام الدین باجماع المجتهدین ووضع معالم العلم علی مسالک المعتبرین اراد بمعالم العلم العلل التی یعلم القائس بها الحکم فی المقیس واراد بالمعتبرین بکسر الباء القائسین ومسالکهم هی مواقع سلوکهم باقدام الفکر من موارد النصوص الی الاحکام الثابتة فی الفروع فمبدا سلوکهم هو لفظ النص فیعبرون منه الی معانیه اللغویة الظاهر ثم منها الی

اور "فصل" مصدر بمعنی للفاعل ہے یا بمعنی للمفعول ہے۔ فصل کو معنی للفاعل کہا جائے تو تقدیر عبارت کی یہ ہوگی "خطابه الفاصل الممیز بین الحق والباطل "یعنی خطاب فاصل سے مجملات کے پردوں کو کھولا، خطاب فاصل یعنی حق وباطل میں تمیز پیدا کرنے والا۔

اگر فصل کو بمعنی للمفعول کہا جائے تو تقدیر عبارت کی یہ ہوگی "خطابه المفصول الذی یبینه من یخاطب به ولایلتبس علیه" ایسا خطاب جو مفصول ہے یعنی واضح بیان کر دیا گیا ہے اس میں کوئی التباس نہیں پایا گیا۔

"وفصل خطابه" کا عطف "بسنة نبیه" پر ہے یہ عطف خاص کا عام پر ہے، جس سے تنبیہ کی گئی ہے فصل خطاب کی عظمت امر اور فخامت شان پر، چونکہ سنت کی دو قسمیں ہیں قولی اور فعلی، قول کی وضع ہی شرائع کے بیان کیلئے ہے جس پر اکثر احکام کی بناء ہے جو مخلوق کے درمیان حجت ہونے میں متفق ہیں۔

تنبیہ: فصل خطاب قولی سنت ہے، سنت کی قسموں میں سے ایک قسم خاص ہے، کیونکہ فصل خطاب بھی نبی کریم ﷺ کا خطاب ہے۔

تنقیح وتلویح کا مجموعی مطلب: قوله ما رفع ای مادام رایات مراسم الدین مرفوعة عالیة باجماع المجتهدین الباذلین وسعهم فی اعلاء کلمة الله واحیاء مراسم الدین فان الحکم المجتمع علیه مرفوع لایوضع ومنصوب لایخفض. (التلویح)

یعنی جب تک دین کی رسوم کے جھنڈے بلند وبالا ہیں مجتہدین کے اجتہاد اور وسعت کے خرچ کرنے سے جو انہوں نے اعلاء کلمۃ اللہ کے بلند کرنے اور رسوم دین کے احیاء میں کوشش کی۔ "فان الحکم المجتمع علیه مرفوع

میر سید شریف فرماتے ہیں: "قوله ما رفع اعلام الدین" ما مصدریہ ہے مراد اس سے "مدة ما رفع" یعنی دین کے جھنڈوں کی بلند ہونے کی مدت، یا "ما" ظرفیہ ہو یعنی مادام کے معنی میں ہے یعنی جب تک دین کے جھنڈے بلند ہیں؛ ایک اور احتمال یہ ہے کہ عائد مقدر ہو اور ما موصولہ ہو، تقدیر عبارت کی یہ ہو "ما رفع فیه الاعلام من المدة"

معانيها الشرعية الباطنة فيجدون فيها علامات وامارات وضعها الشارع ليهتدوا بها الى مقاصدهم ولما قال بنى على اربعة اركان قصر الاحكام ذكر الاركان الاربعة وهى الكتاب والسنة والاجماع والقياس على الوجه الذى بنى الشارع قصر الاحكام عليها.(تنقیح وتوضیح)

جب احکام کے محل کی بناء چار ارکان پر ہے تو وہ چار ارکان اسی طرح بیان کئے گئے جن پر شارع نے احکام کے محل کو بناء کیا ہے، وہ چار یہ ہیں "کتاب، سنت، اجماع وقیاس"

لایوضع ومنصوب لایخفض "اس لئے کہ بے شک جس حکم پر اجماع امت ہو وہ بلند ہوتا ہے پست نہیں ہوتا، اوپر ہوتا ہے نیچے نہیں ہوتا۔(التلویح)

شارح توضیح میں فرماتے ہیں :معالم علم سے مراد وہ علتیں جن کو دیکھ کر قیاس کرنے والا مقیس پر حکم لگاتا ہے۔

معتبرین (بکسر الباء) اس کا معنی قیاس کرنے والے۔

مسالکھم، یعنی "مسالک المعتبرین" سے مراد ان کے سلوک کے مواقع ہیں۔ یعنی نصوص کے ذریعے فروع میں احکام ثابت کرنے میں ان کے فکر کا اقدام، یعنی قیاس کر کے نصوص سے فروع پر احکام ثابت کرنا۔

رفع الاعلام: اعلام جمع ہے علم کی، اس جگہ "علم" کا معنی ہے جھنڈا، زیادہ معروف بادشاہ کا جھنڈا، ہے۔ "الدین" کا معنی ہے ملۃ الاسلام۔

یہاں دین کو تشبیہ دی گئی بادشاہ سے عظمت اور علوشان اور غلبہ میں، جس طرح بادشاہ غالب ہوتا ہے باقی لوگوں پر اسی طرح دین اسلام غالب ہے باقی دینوں پر۔

ہوسکتا ہے اعلام مجاز ہو کمال قدرت اور کمال منزلۃ سے، اس لئے کہ وہ لازم ہے یعنی جسے ثواب حاصل ہو وہ اس کے مرتبہ اور زیادہ درجہ پر علامات ہیں، اور ان اعلام یعنی علامات کے رفع سے مراد زیادتی ہے۔

اور یہ بھی جائز ہے کہ جملہ مجاز مرکب ہو قطع نظر مفردات میں مجاز کے اعتبار کرنے کے، مطلب یہ ہو کہ اللہ تعالی نے لوگوں میں دین اسلام کا درجہ بلند کیا ہے۔

حاصل کلام: نبی کریم ﷺ پر صلوۃ (درود) اس وقت تک قائم رہے جب تک دین اسلام کی قدر و منزلت بلند ہو، مراد یہ ہے کہ ہمیشہ کیلئے آپ پر صلوۃ قائم رہے کیونکہ دین تو دنیا کے ختم ہونے تک قائم ہے، اور انقطاع دنیا تک اس کی قدر و منزلت میں رفعت موجود رہے گی۔

مبدأ سلوک وہ لفظ نص ہے جس سے وہ معانی لغویہ ظاہرہ اعتبار کرتے ہیں۔ پھر ان سے معانی شرعیہ باطنہ حاصل کرتے ہیں۔ان میں وہ علامات وامارات پاتے ہیں جن کو شارع نے وضع کیا ہے تاکہ وہ ان کے ذریعے اپنے مقاصد تک ہدایۃً حاصل کرلیں۔

اعتراض: مصنف نے تو رفع کو مقید کیا ہے اجماع مجتہدین کے ساتھ،اس سے تو دوام انقطاع اجتہاد تک ثابت ہے نہ کہ انقطاع دنیا تک،اجتہاد اور اجماع تو ہمارے زمانہ میں منقطع ہو چکا ہے تو صلوۃ کا دوام انقطاع دنیا تک کیسے ثابت کیا جارہا ہے؟

جواب:ارتفاع دین کا سبب اجتماع ہے باعتبار حدوث وبقاء کے۔اور انقطاع اجماع باعتبار حدوث کے ہے نہ کہ باعتبار بقاء کے،اجتہاد کے بعد اس کی بقاء زمانہ کے آخر تک ہے اس کا انقطاع نہیں۔

ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ ''ما'' نافیہ ہے اور ''رفع'' بمعنی ازالہ ہو اور جملہ استینافیہ دعائیہ ہو مطلب یہ ہو کہ دین کی رونق ہمیشہ قائم رہے اور مروج رہے۔یا یہ دعا ماقبل والی دعا (صلوۃ) کی تاکید ہو اور ماتن کا قول ''باجماع المجتهدین'' علت ہے نفی کی یعنی دین کی رونق اجماع مجتہدین کی کوشش کی وجہ سے زائل نہ ہو، یہ منفی کی علت نہیں۔

اور جائز ہے کہ مراد ''اعلام'' سے علامات دین اور علامات اعتقاد وایمان ہوں۔یعنی نماز، روزہ، زکوۃ، حج، جمعہ، جماعت،اذان،اقامت وامامت وغیرہ۔

اعتقاد وایمان کا اعزاز واحترام مستلزم ہے اکرام دین اور اعلاء امر دین کو،اسی طرح اس کو بقاء وعدم زوال مستلزم ہے بقاء دین کو۔

قوله باجماع المجتهدين :اجماع کا لغوی معنی ہے اتفاق اور اصطلاح اصولیین میں امت مصطفیٰ کریم ﷺ کے مجتہدین کا ایک زمانہ میں کسی شرعی مسئلہ پر متفق ہونا۔

یہاں مراد لغوی معنی ہے۔اگر اصطلاحی معنی ہوتا تو اس کے بعد مجتہدین کے ذکر کی ضرورت نہیں تھی۔

اجتہاد کا لغوی معنی کوشش کرنا،اور عرف میں معنی ہے ''بہت زیادہ کوشش کرنا'' اور اصطلاح اصول میں مطلب یہ ہے وہ علم جو احکام شرعیہ عملیہ کا ادلہ تفصیلیہ سے حاصل ہو۔یہ فقہ کا مرادف ہے۔اجتہاد قیاس سے عام ہے کیونکہ کتاب، سنت واجماع کے علم کو قیاس نہیں کہا جا سکتا اجتہاد کہا جا سکتا ہے، قیاس نفی نص سے علت کا استنباط کر کے احکام شرعیہ عملیہ کا علم حاصل کیا جاتا ہے،اجماع سے علت حاصل کر کے مقیس میں حکم ثابت کیا جاتا ہے۔

اجتہاد کی شرط یہ ہے کہ کتاب کے لغوی اور شرعی معانی کا علم ہو،(ہر شخص مجتہد نہیں ہو سکتا)۔لیکن تمام کتاب کی معرفت

سعد فان العبد المتوسل الی اللہ باقوی الذریعۃ عبیداللہ بن مسعود ابن تاج الشریعۃ سعد

شرط نہیں بلکہ جن کے ساتھ احکام کا تعلق ہو ان کی معرفت ضروری ہے۔

معالم جمع ہے معلم (بفتح المیم) کی، اس کا معنی ہے علامت۔ ایک چیز کے علم سے دوسری چیز علم حاصل ہوا سے علامت کہا جاتا ہے، اور معالم سے مراد علل بھی ہیں جسے مصنف نے خود ہی توضیح میں بیان کیا ہے۔

قولہ ثم منھا الی معانیھا الخ :شارع نے کہا "لاتشربوا الخمر" شراب نہ پیئو۔ لغوی معنی ہے "طلب ترک شرب" اور شرعی معنی ہے "حرمۃ خمر" اور اس کا منکر کافر ہے۔ علامت اس کی اس میں نشہ کا پایا جانا۔ اس علت کو دیکھ کر مجتہد نے "کل مسکر حرام" کا حکم ثابت کیا ہے۔

قولہ وضعھا الشارع :شارع کا اگر اشتقاق شرع مصطلح بمعنی طریق مستقیم کا اتحاد اور مخلوق کے درمیان رکھنا مراد ہو تو شارع سے مراد اللہ تعالی اور رسول اللہ ﷺ ہیں۔ اور اگر شارع کا اشتقاق شرع بمعنی اظہار (لغوی معنی) ہو تو شارع کا اطلاق مجتہد اور مقلد دونوں پر ہو سکتا ہے کیونکہ دونوں سے اظہار مطالب پایا گیا ہے۔ (السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں :قولہ علی الوجہ الذی بنی الشارع الخ ،یعنی اس ترتیب پر جو ترتیب شارع نے رکھی ہے پہلے کتاب پھر سنت پھر اجماع پھر قیاس، اس پر دلیل حدیث معاذ ہے۔

نبی کریم ﷺ نے حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف عامل بنا کر بھیجا تو آپ ﷺ نے ان سے پوچھا تم کس پر عمل کرو گے؟ تو انہوں نے عرض کیا کتاب اللہ سے، پھر آپ ﷺ نے پوچھا اگر تم کتاب اللہ میں نہ پاؤ؟ عرض کیا پھر اس کے مطابق فیصلہ کروں گا جو رسول اللہ ﷺ نے فیصلہ فرمایا پھر آپ ﷺ نے فرمایا اگر تم رسول اللہ ﷺ کا فیصلہ نہ پاؤ؟ انہوں نے عرض کیا "اذن اجتھد برأی "تو اس وقت میں اپنی رائے کا اجتہاد کروں گا۔ تو اس وقت رسول اللہ ﷺ نے فرمایا "الحمد للہ الذی وفق رسول رسولہ بما یرضی بہ رسولہ "سب تعریفیں اللہ کیلئے ہیں جس اپنے رسول کے پیغام رساں کو توفیق دی اس کی جس کو اس کے رسول پسند کرتے ہیں۔

قیاس کی شرط یہ ہے کہ وہ اجماع سے مخالف نہ ہو، اگر اجماع کے مخالف ہو تو باطل ہے۔ "والاجماع لایکون نسخا للسنۃ فھو منھا "اجماع سنت کیلئے ناسخ نہیں بلکہ سنت سے ہے (یعنی سنت کے مطابق ہے)

میر سید شریف فرماتے ہیں :قولہ سعد جدہ ای عظم سعادتہ وبختہ ،اللہ اس کی سعادت وبخت کو عظیم بنائے، سعد، کا معنی ہے نیک بختی۔ "جد" کا معنی دادا، بخت، عظمت، ان تمام معانی میں مشترک ہے مطلب یہ ہے کہ اس کے

جده وجد سعده يقول لما رأيت فحول العلماء مكبين في كل عهد وزمان على مباحثة اصول الفقه اى مقبلين عليها من اكب على وجهه سقط عليه فان من اقبل على الشئ غاية الاقبال فكانه اكب عليه للشيخ الامام مقتدى الائمة العظام فخر الاسلام على البزدوى بوأه الله تعالى دار السلام وهو كتاب جليل الشان باهر البرهان مركوز كنوز معانيه في صخور عباراته ومرموض غوامض نكته في دقائق اشاراته ووجدت بعضهم طاعنين على ظواهر الفاظه لقصور نظرهم عن مواقع الحاظه اى لايدركون بامعان النظر ما يدركه هو بلحاظ

مصنف نے توضیح میں بیان کیا: "مكبين في كل عهد وزمان على مباحثة اصول الفقه اى مقبلين عليها" یعنی کہا جاتا ہے "اکب علی وجہہ" وہ اس پر منہ کے بل گر پڑا، پھر جب کسی چیز کی طرف زیادہ توجہ ہو جائے تو اس کیلئے بھی بولا جاتا ہے "اکب علیہ" وہ ایک چیز کی طرف اتنا متوجہ ہوا گویا کہ اس پر گر پڑا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله جليل الشان اى عظيم الأمر باهر البرهان اى غالب الحجة وفائقها مركوز اى مدفون من ركزت الرمح غرزته في الأرض والكنوز الأموال المدفونة والصخور الحجارة العظام شبه بها عباراته الصعبة الجزلة لصعوبة التوصل بها الى فهم المعانى التى هى بمنزلة الجواهر النفيسة والرمز الاشارة بالشفتين أو الحاجب تعدى بالى فاصل الكلام مرموز الى غوامض حذف الجار واوصل الفعل فصار غوامض مسندا اليه. (التلويح)

قوله جليل الشان، بمعنى عظيم الامر، باهر البرهان، یعنی غالب الحجۃ اور دلائل کا عمدہ ہونا (اور روشن، واضح ہونا)۔ مرکوز، کا معنی ہے مدفون یہ لیا ہوا ہے "رکزت الرمح" میں نے نیزہ گاڑا۔ الکنوز، وہ اموال جو دفن ہوں۔

بخت کو رب تعالیٰ نیک اور عظیم بنائے۔ اس کے دادا کو نیک بخت بنائے۔ اور اسے عظمت عطا فرمائے۔

اگر "جد" کو بالکسر پڑھا جائے تو معنی ہوگا "انجح جدہ" اس کی کوشش کو کامیاب کرے۔

تنبیہ: جد اور سعد دونوں کا معنی بخت بھی ہے اور عظمت بھی، اس لئے "جد سعدہ" کا مطلب بھی یہی ہے کہ اس کے بخت کو عظمت عطا فرمائے۔

قوله فحول العلماء: فحول، جمع ہے فحل کی، فحل کے معنی مذکر قوی یعنی نر۔ یہاں مراد کامل علماء یعنی بڑے بڑے

عينه من غيران ينظر اليه قصدا اردت تنقيحه وتنظيمه .(تنقيح وتوضيح)

حمد وصلوۃ کے بعد بیشک بندہ اللہ تعالی کی طرف اقوی ذریعہ سے وسیلہ پکڑنے والا عبیداللہ بن مسعود بن تاج الشریعہ اللہ تعالی اس کے بخت کو نیک اور بلند کرے اور اس کی کوشش کو کامیاب کرے۔ کہتا ہے جب میں نے بڑے

الصخور ، بڑے پتھر۔ ان سے تشبیہ دی گئی سخت مشکل عبارات جن کے معانی تک پہنچنا مشکل ہے وہ جواہر نفیسہ کے درجہ میں ہیں۔ الرمز، ہونٹوں سے اشارہ کرنا یا ابرو سے اشارہ کرنا۔ یہ "الی" کے ذریعے متعدی ہوتا ہے اصل میں "مرموز الی غوامض" حرف جار کو حذف کر کے مرموز کو براہ راست اس پر داخل کیا ہے۔ حذف والا یصال والا قانون جاری کیا گیا۔ غوامض معنوی طور پر نائب فاعل ہے مرموز کا۔ (شارح نے جو "وأوصل الفعل" ذکر کیا ہے اس سے مراد لغوی معنی لیا ہے مراد مرموز ہے)

والنكتة المنفعحة من نكت في الأرض بالقضيب اذا ضرب فأثر فيها بمعنى قد أومى الى النكت الخفية اللطيفة في اثناء اشاراته الدقيقة والنظر تأمل الشئ بالعين والامعان فيه واللحظ النظر الى الشئ بمؤخر العين واللحاظ بالفتح مؤخر العين والتنقيح التهذيب تقول نقحت الجذع وشذبته اذا قطعت ما تفرق من اغصانه ولم يكن في لبه. (التلويح)

النكتة: خفی چیز کو کریدنا، یہ لیا ہوا ہے "نکت فی الارض بالقضیب" چھڑی کو زمین پر مارنا، زمین کو کریدنا، مراد یہ ہے کہ اس کتاب جلیل الشان میں خفی نکات کی طرف اشارہ پایا گیا ہے۔

علماء۔ العلماء جمع ہے علیم کی جیسے سعداء جمع ہے سعید کی، اور غرباء جمع ہے غریب کی۔ علیم کا اطلاق اللہ تعالی کے غیر پر جائز ہے جیسے رب تعالی نے فرمایا "وبشره بغلام عليم" اس سے مراد اسحاق علیہ السلام ہیں۔

میر سید شریف نے بیان کیا : "قوله مكبين في كل عهد وزمان اى ساقطين على وجوههم لغاية الرغبة ونهاية المحبة" یعنی میں نے دیکھا کہ بڑے بڑے علماء فخر الاسلام کی کتاب پر منہ کے بل گر رہے ہیں، بہت زیادہ رغبت اور بہت زیادہ محبت کی وجہ سے۔

قوله اى مقبلين عليها : ماتن نے توضیح میں "مکبین علیھا" کی وضاحت فرماتے ہوئے کہا "مقبلین علیھا" اقبال الی الشئ، کا معنی "التوجه الی الشئ" ہے یا اس میں استعارہ پایا گیا ہے، یا مجاز مرسل ہے کیونکہ "اقبال الی الشئ، اکباب علی الشئ" کے لوازمات سے ہے۔

بڑے ائمہ کو دیکھا جو ہر زمانے میں اصول فقہ کی بحثوں کی طرف متوجہ ہیں جو شیخ امام جو بڑے بڑے ائمہ کا مقتدا ہے یعنی فخر الاسلام علی بزدوی اللہ تعالی اسے جنت عطا فرمائے نے اپنی جلیل الشان کتاب میں ذکر فرمائے ہیں۔ جو روشن دلائل پر مشتمل ہیں اور ان کے معانی پختہ عبارات میں مرکوز ہیں۔ اور دقیق اشارات اس میں پائے گئے ہیں لیکن میں

لقصور نظرهم: النظر کا معنی آنکھ سے کسی چیز کو دیکھنا اور گہری نظر کرنا، اللحظ، آنکھ کے کنارے سے دیکھنا۔ الملحاظ، بفتح اللام آنکھ کے کنارہ کو کہا جاتا ہے۔ التنقیح، کا معنی ہے تہذیب، کانٹ چھانٹ کرنا۔ جیسے کہا جاتا ہے "نقحت الجذع وشذبته" میں نے درخت کی بکھری ہوئی شاخوں کو چھانٹا "ولم یکن فی لبہ" وہ کانٹ چھانٹ تنے میں نہ واقع ہو۔

قوله فان اقبل علی الشئ غاية الاقبال: مصنف نے توضیح میں جو یہ ذکر کیا ہے اس سے مبالغہ ثابت کیا ہے یعنی بہت زیادہ کسی چیز کی طرف متوجہ کرنے پر "مکبین علی الشئ" بولا جاتا ہے۔

الشیخ، بڑی عمر والا، اور بلند شان و مرتبہ والا۔ العظام، جمع ہے عظیم کی جیسے کبار جمع ہے کبیر کی اور صغار جمع ہے صغیر کی۔

قوله بوأه الله تعالی دار السلام: اللہ تعالی اسے جنت میں اتارے، جنت میں ٹھہرائے۔ التبویۃ، کسی کو جگہ دینا، یہ دو مفعولوں کی طرف متعدی ہوتا ہے، کبھی لام کے واسطہ سے اور کبھی بلا واسطہ۔ یہ بھی ممکن ہے کہ بغیر واسطہ کے متعدی ہونے میں "اعطاء" کے معنی کو متضمن ہو، بوأہ اللہ تعالی دار السلام، کا معنی ہوا "اعطاه الله دار السلام مباءة ومكانا"

السلام اللہ تعالی کا اسم گرامی ہے اس کا معنی ہے "رحمۃ وسلامۃ" دار کی نسبت السلام کی طرف اضافۃ تشریفی ہے سلام کا گھر، مراد دار آخرت ہے۔ اور لغوی معنی لیا جائے تو زیادہ واضح ہے کہ اللہ تعالی اسے وہ مقام (جنت) عطا کرے جو تمام آفات سے سلامتی میں ہے۔ (السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں: **قوله نكتة**، نکتۃ اور نقطۃ ایک معنی میں استعمال ہوتے ہیں، نکت ینکت، انگلی کے سر سے یا لکڑی سے زمین کو کریدنا۔ یہاں مراد لطائف دقیقہ ہیں، جن کو بعض لوگ اپنی حدت نظر (نظر کی تیزی) اور صحت نظر سے سمجھ جاتے ہیں۔ جو صحت نظر سے محروم ہوتے ہیں وہ لطائف دقیقہ کو بھی سمجھنے سے محروم ہوتے ہیں۔

نقطہ اپنے مشہور معنی کے لحاظ سے اسی وجہ سے نقطہ کہلاتا ہے کہ وہ چھوٹا ہونے کے وجہ سے بعض کو دکھائی دیتا ہے اور بعض کو نہیں دکھائی دیتا۔

غوامض کی اضافت نکتۃ کی طرف اضافت صفت کی موصوف کی طرف ہے جیسے "جرد قطیفۃ" میں ہے۔ دقائق کی اشارہ

نے بعض کوتاہ نظر جو گہری نظر سے مسائل کو نہیں سمجھتے کو پایا ہے کہ وہ علی بزدوی (فخر الاسلام) کی کتب میں طعنہ کرتے ہیں تو میں نے ارادہ کیا کہ اس کی کتاب کی تنقیح چھانٹ کروں، اور اس کی ترتیب کو بہتر طریقہ سے منظم کروں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وتنظیم الدرفی السلک جمعها کما ینبغی مرتبة متناسقة.(التلویح)
تنظیم کا اصل میں معنی یہ ہے موتیوں کو ایک سلک (لڑی) میں پرونا جس کی ترتیب مناسب ہو۔

کی طرف اضافت بھی صفت کی موصوف کی طرف ہے۔

متن میں ''عباراته، اشارته'' کا اشارہ عبارۃ النص اور اشارۃ النص کی طرف ہے، اس میں براعت استہلال بھی پائی گئی ہے اوران میں تضاد کی وجہ سے طباق بھی پایا گیا ہے۔ عبارۃ النص کا مطلب ہے کہ لفظ دلالت کرے معنی پر خواہ دلالت مطابقی ہو یا دلالت تضمنی ہو یا دلالت التزامی ہو شرط یہ ہے کہ کلام اسی مقصد کیلئے چلائی گئی ہو۔ اور اشارۃ النص میں کلام اس مقصد کیلئے نہیں چلائی جاتی جو اس سے اشارۃ سمجھ آرہا ہوتا ہے۔

قولہ وجدت :اس کا عطف ہے ''لمارأیت'' پر۔ معنی دونوں کا ہے ''علمت'' یہاں وجدت کا لفظ اختیار کیا گیا ہے کیونکہ یہ مشترک ہے ''غضبت وحزنت واصبت الضالة'' میں، اس میں ایہام ہے کہ بعض کا فخر الاسلام کے کلام میں طعن غضب اور حزن کا سبب ہے۔ یہ سیدھی راہ سے بھٹکتا ہے۔ ''بعضهم'' کی ضمیر یا فحول کی طرف لوٹ رہی، یا العلماء کی طرف (جبکہ العلماء بھی مقید ہے فحول سے تو مقصد ایک ہی ہے)

قولہ طاعنین :یہاں مراد عیب نکالنا، طنز کرنا مشہور ہے۔ اگرچہ اس کے دوسرے معانی بھی لئے جاسکتے ہیں ''شیوخة، ذھاب وعود'' شیوخة والا معنی لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ ان لوگوں کی عمریں ظواہر پر نظر کرتے گزر گئیں وہ بواطن پر نہ پہنچ سکے اور نہ ہی حقیقی مقاصد کو پاسکے۔ اگر معنی ذھاب لیا جائے تو مقصد یہ ہے کہ وہ ظواہر پر چلتے رہے اور مقصد پر مطلع نہ ہوسکے۔ اگر معنی عود لیا جائے تو مطلب یہ ہے کہ وہ ظواہر کی طرف لوٹتے رہے لیکن ظواہر کو بھی نہ سمجھ سکے۔

راقم کو ایک عجیب معنی یہ سمجھ میں آیا کہ طعن کا ایک معنی ہے دشمن کو نیزہ مارنا، یہ معنی لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ اصحاب ظواہر دقائق کو نہ سمجھنے والے، حدت نظر سے لطائف ودقائق بیان کرنے والوں کو اپنا دشمن سمجھ کر گالیوں کے نیزے مارتے رہے۔

ظواہر، جمع ظاہر کی جماعت کی تاویل میں ہے کیونکہ فاعل صفتی کی جمع فواعل نہیں آتی ہے بلکہ مؤنث یعنی فاعلة کی جمع فواعل آتی ہے جیسے قاعدۃ کی جمع قواعد اور قائمة کی جمع قوائم آتی ہے، ہاں البتہ فاعل اسمی کی جمع فواعل آجاتی ہے۔

والكلام لايخلو عن تعريض ما بان في اصول فخر الاسلام زوائد يجب حذفها ومغالق يجب حلها وانه ليس بمبني على قواعد المعقول بأن يراعى في التعريفات والحجج شرائطها المذكورة وعلم الميزان وفي التقسيمات عدم تداخل الأقسام الى غير ذلك مما لم يلتفت اليه المشائخ.

کلام میں تعریض (اشارہ) سے یہ بیان کیا گیا ہے کہ اصول فخر الاسلام میں زوائد کا حذف کرنا واجب تھا اور بکھرے ہوئے مضامین کو منظم ومرتب کرنا ضروری تھا اور پیچیدہ عبارات کو حل کرنا ضروری تھا۔ جو قواعد معقول (قواعد عقلیہ) پر تعریفات وحجج (حجتیں) مبنی نہیں تھیں ان کو علم میزان یعنی علم منطق کے قوانین کے مطابق بیان کرنا ضروری تھا، اور تقسیمات میں عدم تداخل اقسام جس کی طرف مشائخ نے توجہ نہیں کی ان کو بھی میں نے بیان کیا۔

قوله لقصور نظرهم: نظر کا معنی کسی چیز کو تامل کے ذریعے دیکھنے کا ارادہ کرنا، (کذا في الصراح)

قوله عن مواقع الحاظ: الحاظ (بفتح الهمزة) جمع ہے لحظ کی، لحاظ (بفتح العین) آنکھ کے کنارے کو کہا جاتا ہے۔ "لحظ" کا معنی ہے آنکھ کے کنارے سے دیکھنا۔ (اللحظ هو الابصار باللحاظ)، لحاظ (بکسر اللام) آنکھ کے کنارے کے معنی میں آتا ہے۔

قوله امعان النظر: اضافت مصدر کی فاعل کی طرف ہے، مفعول کی طرف نہیں۔ امعان کا معنی دور تک جانا، اچھی طرح سمجھنا یعنی گہری نظر کرنا۔

وقوله من غير ان ينظر اليه قصدا: یعنی بغیر قصداً کے اس کی طرف نظر کرنے کے، کبھی آنکھ کے کنارے سے کسی کو ارادہ سے دیکھا جاتا ہے اور کبھی بالتبع جس طرح کوئی نظر کرے اپنے چہرے کی سامنے چیز کی طرف تو اس کی نظر دائیں بائیں جانب بھی کسی چیز کی طرف بلا ارادہ واقع ہو جائے۔

قوله اردت تنقيحه وتنظيمه: یعنی میں نے اسے مہذب کرنے کا ارادہ کیا جو رکیک وہم پیدا ہوتے ہیں ان میں سے اس کی چھانٹ کروں، اسی طرح مراد سے جو زائد ہیں ان کی بھی چھانٹ کروں، یا مراد کو واضح عبارت سے ظاہر کروں۔ تنظیم سے مراد یہ ہے کہ بعض الفاظ کو بعض سے متصل کرنا کہ الفاظ اور معنی میں مناسبت پائی جائے۔ (السید)

وحاولت ای طلبت تبیین مراده وتفهیمه وعلی قواعد المعقول تاسیسه وتقسیمه موارد فیه زبدة مباحث المحصول واصول الامام المدقق جمال العرب ابن الحاجب مع تحقیقات بدیعه

قوله موارد فیه ای فی ذلک المنقح الموصوف یعنی کتابه وکذا الضمائر التی یاتی بعد ذلک.

موارد فیه: ضمیر مجرور کا مرجع "التنقیح" ہے اسی طرح بعد والی ضمیریں بھی تنقیح کی طرف لوٹ رہی ہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: حاولت ماخوذ ہے حول سے، اصل معنی ہے مجادلہ، یعنی ایک شخص کا کسی چیز کے اردگرد اوراس کی جوانب میں پھرنا اس چیز کی تدبیر کیلئے، یہ چونکہ طلب سے خالی نہیں اسی وجہ سے مصنف نے "حاولت" تفسیر طلبت سے کی ہے۔

قولہ تبیین مرادہ: تبیین، لازم بمعنی ظہور کے بھی استعمال ہے، اور متعدی بمعنی اظہار کی بھی استعمال ہے، جب لازم ہوتو اضافت مصدر کی فاعل کی طرف ہوگی کہ میں نے اس کی مراد ظاہر ہونے کو طلب کیا، اور اگر متعدی ہوتو اضافت مفعول کی طرف ہوگی، یعنی میں نے طلب کیا اس کی مراد ظاہر کرنے کو۔ یعنی مقام اشتباہ میں میں اس کی مراد کو ظاہر کردوں۔ اور تبیین میں مبالغہ پایا گیا جس سے زیادتی ظہور یا زیادتی اظہار مراد ہے۔

قولہ وعلی قواعد المعقول تاسیسہ وتقسیمہ: یہاں مصنف نے "قواعد المعقول" کو تاسیس سے پہلے ذکر کیا، لیکن مصدر کے معمول کو مصدر سے پہلے ذکر کرنا جائز نہیں جس طرح فعل پر ان مصدر یہ داخل ہوتو فعل بمعنی مصدر ہونے کی وجہ سے اس کا معمول اس سے پہلے نہیں آسکتا۔ یعنی میں نے ارادہ کیا کہ منطقی قوانین پر اس کی بنیاد رکھوں اور تقسیم کروں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ "التاسیس علی قواعد المعقول لتسویة الاساس "منطقی قوانین پر بنیاد کو صحیح طریقے سے قائم کرنے کا میں نے ارادہ کیا، مطلب یہ ہے کہ میں نے ارادہ کیا تعریفات ودلائل کو منطقی قوانین کے مطابق بیان کرنے کا۔ مصنف نے خود بھی مسئلہ حسن وقبح اور تکلیف مالا یطاق کو عقلی دلائل پر مبنی کیا ہے۔

قولہ وتقسیمہ: تقسیم کا لغت میں معنی ہے جدا جدا کرنا، یعنی حصے علیحدہ علیحدہ کرنا۔ اور مفہوم کلی کی اقسام کو بیان کرنا۔ (السید)

قولہ زبدة مسائل المحصول: ہر چیز کا خلاصہ زبدہ کہلاتا ہے، اسی طرح پاکیزہ چیز کا خلاصہ اوراس پاکیزہ چیز سے جو خوبتر ہو وہ بھی زبدہ ہے۔

وتدقيقات غامضة منيعة تخلو الكتب عنها سالكا فيه مسلك الضبط والايجاز متشبثا بأهداب

علامہ تفتازانی تلویح میں ذکر فرماتے ہیں: قوله الاعجاز في الكلام ان يؤدي المعنى بطريق هو ابلغ من جميع ما عداه من الطرق ليس تفسير المفهوم اعجاز الكلام لأنه لايلزم ان يكون بالبلاغة بل

المحصول سے مراد علامہ فخر الدین رازی رحمہ اللہ کی کتاب ہے جس کا مکمل نام یہ ہے "المحصول فی الأصول" یعنی مصنف نے کہا ہے کہ میں نے ارادہ کیا کہ میں علامہ فخر الدین رازی رحمہ اللہ کی کتاب المحصول کا زبدہ (خلاصہ) بھی اپنی کتاب التنقیح میں شامل کرلوں۔ اور ابن حاجب کی کتاب "اصول" سے بھی چیدہ چیدہ مسائل کا خلاصہ شامل کرلوں۔

قوله واصول الأمام المدقق : تدقیق کا معنی ہے "باریک کرنا" مراد ابن حاجب کی تصانیف دقیقہ ہیں یعنی الفاظ قلیل ہیں بنسبت معانی کے۔ یعنی رموز واشارات ودلائل وامارات کو شامل کرلوں۔

قوله جمال العرب : یالقب ہے ابن حاجب کا یا لغوی معنی معتبر ہے کہ وہ "زینۃ العرب" ہے۔ یہ دلالت کرتا ہے کہ وہ عربی ہے، اور یہ بھی احتمال ہے کہ اسم مرکب ہے عبداللہ کی طرح، اور یہ بھی احتمال ہے کہ اسم صرف "جمال" ہو اور مضاف الیہ اس لئے زیادہ کیا گیا ہوتا کہ یہ پتہ چل جائے کہ وہ عربی ہے۔ "بہاؤ الدین" کو تعظیم کیلئے "بہاؤ الحق والملۃ والدین" کہا جاتا ہے۔

قوله ابن حاجب : حاجب کا معنی ابرو، پردہ کرنے والا، روکنے والا، دربان۔ یا تو ابن حاجب کے باپ بادشاہ کے دربان تھے اس لئے ان کی کنیت ابن حاجب ہوئی۔ اور عین ممکن ہے کہ ان کے باپ عظیم تھے اپنے مطالعہ میں مشغول رہنے کی وجہ سے بغیر ضرورت کے لوگوں کے سامنے نہیں ہوتے تھے تو ان کو حاجب کہا گیا اور بیٹے کو ابن حاجب۔

قوله مع تحقيقات بديعة : "تحقیق الامر" کا مطلب ہے ایک چیز کی حقیقت اور اصل کو بیان کرنا، "تحقق الامر" کا مطلب ہے ایک چیز کی تحقیق کی معرفت، اور کبھی تحقیق بمعنی تحقق اور کبھی بمعنی تصدیق کے آتی ہے۔

بـديـعـة: بدیع نئی چیز، نئی بات۔ کوچیز کو دفعۃً یعنی بغیر مدت کے اور بغیر مثال اور بغیر مادہ کے ایجاد کرنا بدیع ہے جیسے ارشاد باری تعالیٰ ہے "بديع السموات والارض"۔

قوله منيعة : منیع کا معنی ہے مضبوط ہونا، یعنی میں نے ارادہ کیا کہ اپنی کتاب تنقیح میں محکم تدقیقات کو شامل کروں جن میں خطا وخلل نہ واقع ہوں اور نہ ہی ان پر نقض واعتراض پیش کیا جاسکے۔

قوله تخلو الكتب عنها : جائز ہے کہ یہ صفت ہو مجموعہ تحقیقات وتدقیقات کی، یعنی تحقیقات وتدقیقات جن سے

السحر متمسكا بعروة الأعجاز. (تنقيح)

اختار في الاعجاز العروة وفي السحر الاهداب لأن الاعجاز اقوى واوثق من السحر واختار في العروة لفظ الواحد وفي الاهداب لفظ الجمع لأن الاعجاز في الكلام ان يؤدى المعنى بطريق

هو عبارة عن كون الكلام بحيث لايمكن معارضته والاتيان بمثله من اعجزته جعلته عاجزا.

مصنف نے توضیح میں جو یہ ذکر کیا ہے "الاعجاز في الكلام ان يؤدى المعنى بطريق هو ابلغ من جميع ما عداه من الطرق" مصنف کا یہ قول اعجاز کلام کے مفہوم کی تفسیر نہیں اس سے یہ لازم نہیں آتا کہ بلاغت کا اصطلاحی معنی معتبر ہو، بلکہ مطلب یہ ہے کہ کلام اس طرح ہو کہ اس سے معارضہ ممکن نہ ہو۔ اور نہ ہی اس کی مثل لانا ممکن ہو، یہ ایسے ہی جیسے کہا جاتا ہے "اعجزتہ" تو مطلب اس کا یہ ہوتا ہے کہ "میں نے اس کو عاجز کر دیا ہے"۔

ولهذا اختلفوا في جهة اعجاز القرآن مع الاتفاق على كونه معجزا فقيل انه ببلاغته وقيل باخباره

باقی کتب خالی تھیں ان کو میں شامل کر لوں، اور جزء اول یعنی تحقیقات کی طرف نظر کرتے ہوئے یہ تاکید ہے "بدیعۃ" کی۔

قوله ثم سالكا فيه مسلك الضبط : سالکا چلتے ہوئے، داخل ہوتے ہوئے۔ "الضبط" کسی چیز کی حفاظت کرنا، اس کا ایک مطلب یہ کہ ضبط کے راستے پر چلتے ہوئے یعنی پورے مسائل بیان ہوں کہ وہ ترک اور خطاء سے محفوظ ہوں۔ اور دوسرا مطلب یہ ہے کہ کتاب میں اختصار کی راہ کو اختیار کیا جائے تا کہ ان کو یاد کرنا آسان ہو۔ اس دوسرے معنی کو "والایجاز" سے تائید حاصل ہے۔

قوله والايجاز : لغت میں کلام کو اختصار کرنا، اور علم معانی والوں کی اصطلاح میں ایجاز اسے کہا جاتا ہے اصل مراد کو کم الفاظ سے ادا کیا جائے جو مقصد کو مکمل کریں۔ جیسے ارشاد باری تعالیٰ "ولكم في القصاص حياة" اسلئے کہ جب انسان کو معلوم ہو جائے کہ اگر میں نے کسی کو ناحق قتل کیا تو مجھے بھی قتل کر دیا جائے گا تو وہ قتل سے باز آ جائے گا، اس طرح دونوں قتل سے محفوظ رہیں گے۔

متشبثا باهداب السحر : "المتشبث" کا معنی ہے تمسک پکڑنے والا، اور کسی چیز سے معلق ہونا۔ "أهداب" جمع ہے هدب کی، (بفتح الهاء) اس کا معنی ہوتا ہے باریک ورق، اور آنکھ کی پلکوں کو بھی هدب اور هدبہ کہا جاتا ہے جمع اس کی هدب (بضم الهاء والدال) آتی ہے۔

هو ابلغ من جميع ما عداه من الطرق ولا يكون هذا الا واحدا واما السحر في الكلام فهو دون الاعجاز وطرقه فوق الواحد فاورد فيه لفظ الجمع. (توضیح)

عن المغيبات وقيل باسلوبه الغريب وقيل بصرف الله العقول عن المعارضة بل المراد ان اعجاز كلام الله تعالى انما هو بهذا الطريق وهو كونه في غاية البلاغة ونهاية الفصاحة على ما هو الرأي الصحيح فباعتبار انه يشترط في اعجاز الكلام كونه ابلغ من جميع ما عداه يكون واحدا لا تعدد فيه بخلاف سحر الكلام فانه عبارة عن دقته ولطف ماخذه وهذا يقع على طرق متعددة ومراتب مختلفة فلهذا قال اهداب السحر بلفظ الجمع وعروة الاعجاز بلفظ المفرد.

قرآن کے معجز ہونے میں اتفاق ہے لیکن وجہ اعجاز میں اختلاف ہے: یعنی سب علماء کا اس میں اتفاق ہے کہ قرآن پاک معجز ہے لیکن کیوں معجز ہے اس میں اختلاف ہے۔ بعض حضرات نے کہا ہے قرآن پاک معجز ہے بلاغت کی وجہ سے، اور بعض نے کہا معجز ہے غیبی خبروں کی وجہ سے، اور بعض نے کہا معجز ہے عجیب وغریب اسلوب (انداز بیان) کی وجہ سے، اور بعض نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ کا عقلوں کو اس کے معارضہ سے پھیرنے کی وجہ سے معجز ہے۔

سب اقوال سے درست قول یہ ہے: کہ اللہ تعالیٰ کا کلام معجز ہے اس طریقے سے کہ وہ بلاغت وفصاحت کے اعلیٰ درجہ تک پہنچا ہوا ہے، اس اعتبار سے کہ شرط اعجاز کلام میں جمیع ماعدا سے ابلغ ہونا یہ واحد ہے اس میں تعدد نہیں۔ بخلاف سحر الکلام کے کہ اس کا مطلب ہے کلام کا دقیق ہونا اور اس کا ماخذ لطیف ہونا اور یہ واقع ہوتا ہے متعدد طرق اور مختلف مراتب پر اسی وجہ سے "اهداب السحر" میں اهداب کو جمع ذکر کیا گیا ہے اور "عروۃ الاعجاز" میں عروہ کو واحد ذکر کیا گیا ہے۔

یہاں مراد ہے "اطراف اور انواع سحر" یعنی کلام فصیح وبلیغ کو تشبیہ دی گئی ہے "انواع سحر" سے۔

قوله متمسكا بعروة الاعجاز: تمسک کا معنی مضبوطی سے پکڑنا، چنگل مارنا۔ عروہ، ہر چیز کے قبضہ کو کہا جاتا ہے، کوزہ ہو یا تلوار یا چھری اس کے پکڑنے والی جگہ کو "عروہ" کہا جاتا ہے۔ "اعجاز، معجزہ" مؤمن صالح مدعی نبوت سے خرق عادت کام سرزد ہو تو وہ معجزہ ہے، اگر دعوی نبوت نہیں لیکن ایمان واعمال صالحہ ہیں تو اس سے خرق عادت کام واقع ہونا کرامت ہے۔ اور اگر اللہ تعالیٰ کی کمال معرفت وصحبت حاصل نہ ہو بلکہ شیاطین کی امداد سے خلاف عادت دعوی کے مطابق ہو تو سحر (جادو) ہے اور اگر دعوی کے مخالف کام واقع ہو تو یہ اہانت ہے۔ (السید)

مصنف توضیح میں فرماتے ہیں: اعجاز میں عروہ کو اختیار کیا اور سحر میں اھداب کو اختیار کیا، کیونکہ اعجاز اقوی اور اوثق ہے سحر سے۔

وھدب الثوب ما علی اطرافہ وعروۃ الکوز کلیعہ التی تؤخذ عند اخذہ وھی اقوی من الھدب فخصصھا بالاعجاز الذی ھو اوثق من السحر وفی الصحاح السحر الأخذۃ وکل ما لطف ماخذہ ودق فھو سحر ومعنی تمسکہ بذلک مبالغہ فی تلطیف الکلام وتأدیۃ المعانی بالعبارات اللائقۃ الفائقۃ حتی کأنہ یقرب الی السحر والاعجاز. (التلویح)

"ھدب الثوب" کپڑے کے اطراف میں جو دھاگے ہوتے ہیں ان کو کہا جاتا ہے۔ جن کو پنجابی میں جُھمکل کہا جاتا ہے۔ "عروۃ الکوز" کوزے کے قبضہ کو کہا جاتا ہے جسے کوزہ کو پکڑنے کے لئے پکڑا جاتا ہے۔

عروہ قوی ہوتا ہے ھدب سے، اس کو اعجاز سے خاص کیا ہے جو سحر سے زیادہ مضبوط ہے۔

سحر: ہر وہ جس کا ماخذ لطیف و دقیق ہو وہ سحر ہے اور تمسک کا مطلب یہ ہے کہ کلام کو لطیف بنانے میں مبالغہ پایا جائے اور معانی کو لائق اور عمدہ عبارات سے ادا کرنے میں مبالغہ پایا جائے گویا کہ وہ سحر اور اعجاز کے قریب ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: وھھنا بحثان الأول ان کون طریق تادیۃ المعنی ابلغ من جمیع ما عداہ من الطرق المحققۃ الموجودۃ غیر کاف فی الاعجاز بل لابد من العجز عن معارضتہ والاتیان بمثلہ ومن الطرق المحققۃ والمقدرۃ حتی لایمکن الاتیان بمثلہ غیر مشروط لأن اللہ تعالی قادر علی الاتیان بمثل القرآن مع کونہ معجزا فما معنی قولہ ابلغ من جمیع ما عداہ. (التلویح)

یہاں دو بحثیں ہیں: (۱) معنی کے ادا کرنے کا طریقہ ابلغ ہو جمیع ماعدا طریقوں کے، جو اس معنی کو ادا کرنے والے طریقے ہیں، لیکن اتنی قدر کافی نہیں بلکہ ضروری ہے اس کا معارضہ اور اس کی مثل لانے سے عاجز ہونا بھی۔ معنی کے ادا کرنے کے طرق سے مراد عام ہے، وہ طرق محقق ہوں یا مقدر ہوں، مقدر ہونا اس لئے مراد لیا ہے کہ اس کی مثل نہ لا سکنا شرط نہیں، کیونکہ اللہ تعالی مثل قرآن لانے پر قادر ہے حالانکہ قرآن معجزہ ہے؟

جواب: اعجاز اللہ تعالی کے بغیر کسی اور کلام میں نہیں، اور جمیع ماعداہ سے ابلغ ہونے کا یہ مطلب ہے کہ وہ ہر اس کلام سے

میر سید شریف فرماتے ہیں: "قولہ لأن الاعجاز فی الکلام الخ" یعنی مصنف نے بیان کیا ہے کہ کلام میں

پھر عروہ کو واحد ذکر کیا اور اعداب کو جمع ذکر کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ اعجاز کلام میں یہ ہے کہ معنی ادا کیا جائے سب طریقوں سے ابلغ طریقے سے "ولایکون ھذا الا واحدا" یہ نہیں مگر ایک ہی اس لیے عروہ کو واحد ذکر کیا بخلاف کلام میں سحر (جادو) کے وہ اعجاز سے کم ہے اور اس کے طریقے ایک سے زیادہ ہیں۔ اسی لئے اعداب جمع ذکر کیا گیا۔

ابلغ ہو جو اللہ تعالی کے غیر کا کلام ہو خواہ وہ محقق ہو یا مقدر ہو۔ مطلب یہ ہے کہ "لایمکن الاتیان للغیر بمثلہ" اللہ تعالی کے بغیر کوئی اور اس کلام کے مثل لانے پر قادر نہ ہو۔

۲۔ والثانی ان الطرف الاعلی من البلاغة وما يقرب منه من المراتب العلية التي لايمكن للبشر الاتيان بمثله كلاهما معجز على ما ذكر في المفتاح وحينئذ يتعدد طريق الاعجاز ايضا بأن يكون على الطرف الأعلى أوعلى بعض المراتب القريبة منه والجواب عن الأول ان الاعجاز ليس الا في كلام الله تعالى ومعنى كونه ابلغ من جميع ما عداه انه ابلغ من كل ما هو غير كلام الله محققا ومقدرا حتى لايمكن الاتيان للغير بمثله وعن الثاني ان الاعجاز سواء كان في الطريق الأعلى أوفيما هو يقرب منه متحد باعتبار انه حد من الكلام هو ابلغ مما عداه بمعنى انه لايمكن للغير معارضته والاتيان بمثله بخلاف سحر الكلام فانه ليس له حد يضبطه. (التلويح)

بلاغت کی طرف اعلی اور یا بلند مراتب میں اس کے قریب دونوں ہی معجز ہیں کہ انسان اس کی مثل لانے سے عاجز ہے۔ اسی طرح مفتاح میں ذکر کیا گیا ہے اس طرح اعجاز کے طریقے متعدد ہو گئے ایک اعلی اور ایک اعلی کے قریب، ایک طریقہ میں اعجاز کو بند کرنا کیسے صحیح ہے؟

اعجاز کا ایک ہی طریقہ ہے جو ابلغ ہے سب طریقوں سے حالانکہ علامہ تفتازانی نے شرح تلخیص یعنی مطول ومختصر المعانی میں بیان کیا ہے "ان الاعجاز فی البلاغة وما یقرب منه کلاھما حد الاعجاز" کہ بلاغت میں اعجاز اور اس کے قریب دونوں ہی حد اعجاز تک پہنچے ہوئے ہیں۔ تو ایک طریقہ میں انحصار کیسے صحیح ہے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ مصنف کی غرض علم بلاغت والوں کی اصطلاح بیان کرنا مقصود نہیں، بلکہ غرض صرف لفظ اعجاز کی وضاحت ہے۔ اسی سے یہ واضح ہو گیا کہ قرآن پاک تمام معجز ہے اگرچہ بلاغت کے مدارج میں فرق بعض سورتوں میں زیادہ اور بعض میں کم۔

راقم کے نزدیک زیادہ معتبر یہ ہے کہ "وما یقرب منه" میں ضمیر مجرور کا مرجع اعجاز نہیں بلکہ "اعلی" ہے۔ زیادہ تفصیل تلخیص المفتاح میں راقم کے حاشیہ میں دیکھیے۔

مصنف فرماتے ہیں: **وسميته بتنقيح الاصول والله تعالى مسئول ان يمتع به مؤلفه وكاتبه وقارئه وطالبه ويجعله خالصا لوجهه الكريم انه هو البر الرحيم. (تنقيح)**

یعنی میں نے جوارادہ کیا تھا کہ فخر الاسلام کی کتاب کومھذب کرنے اور وضاحت کرنے کا، اور جو میں نے ارادہ کیا تھا ابن حاجب کی کتاب محصول کے خلاصہ کوشامل کرنے کا تو جب میں نے اپنے کام کومکمل کرلیا تو میں نے اس کا نام ''تنقیح لاأصول'' رکھا۔ اور اللہ تعالی سے ہی سوال ہے کہ اس کے ذریعے نفع پہنچائے اس کے مؤلف اور لکھنے والے

جواب: اعجاز خواہ طرف اعلی میں ہو یا طرف اعلی کے قریب میں ہو یہ متحد ہے اس میں تعدد نہیں کیونکہ مطلب یہ ہے کہ کلام اپنے جمیع ماعدا سے ابلغ ہو کوئی غیر اس سے نہ معارضہ کر سکے اور نہ ہی اس کی مثل لا سکے بخلاف سحر کلام کے کہ بیشک اس کی کوئی حد نہیں جو ضبط میں آسکے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: ''تنقیح لاأصول'' میں الف لام عوض مضاف الیہ ہے یعنی اصول فخر الاسلام جو مطلقا اصول فقہ ہیں۔

قوله والله تعالى مسئول ان يمتع به مؤلفه الخ: اس مقام میں السؤال بمعنی دعا اور طلب کے ہے اسی لئے دو مفعولوں کی طرف براہ راست متعدی ہے ایک ہے ''ان یمتع بہ'' اور دوسرا ''مؤلفہ''۔ اور سوال جب بمعنی استفہام کے آئے تو دوسرے مفعول کی طرف متعدی ہوتا ہے عن کے واسطہ سے۔

''مسؤل'' صورت اسم میں ذکر کیا۔ یسئل فعل ذکر نہیں کیا دوام کے فائدہ کا ارادہ کیا گیا ہے۔

''متع'' اگر تاء کی تخفیف سے آئے تو اس کا مطلب ہوتا ہے ''نفع حاصل کرنا'' البتہ وہ متعدی ''باء'' کے ذریعے ہوتا ہے، پھر معنی ہوتا ہے نفع دینا، نفع پہنچانا۔ اور اگر تاء کی تشدید سے یعنی باب تفعیل پر واقع ہو تو بلا واسطہ اور بواسطہ باء دونوں طرح متعدی ہوتا ہے۔

قوله وطالبه: میں چند احتمال ہیں کتاب کا طالب ہو بطور ملک۔ یا تالیف کی سعی کے طریقہ پر یا کتابۃ کے طریقہ پر یا قراءۃ کے طریقہ پر طالب ہو، یا کتاب میں جو مسائل ہیں ان پر عمل کا طالب ہو۔

وقارئه: قراءۃ عام ہے، لفظ کا پڑھنا اور معانی کی معرفت حاصل کرنا، دقائق اور مشکلات کے ادراک میں تامل کرنا۔ تعلیم بھی داخل ہے قراءۃ وطلب میں، کیونکہ معلم الفاظ پڑھتا ہے اور متعلم کو ان کی تلقین کرتا ہے۔ اور معانی میں تامل کر کے متعلم کو سمجھاتا ہے اور اپنی کوشش متعلم کو پڑھانے میں صرف کرتا ہے۔ غرضیکہ اس کتاب سے جسطرح کا

اور پڑھنے والے اور اسے طلب کرنے والے کو، اور اپنی ذات کریم کیلئے میری اس کوشش اور میری کتاب کو کرے (یعنی اپنی بارگاہ میں اسے شرف قبولیت عطا فرمائے) بیشک وہ مہربان اور رحم کرنے والا ہے۔

اصول الفقه ای هذا اصول الفقه أو اصول الفقه ما هي فنعرفها أولا باعتبار الاضافة وثانيا باعتبار انه لقب لعلم مخصوص. (تنقيح وتوضيح)

اصول فقہ کی تعریف کی دو قسمیں ہیں "حد اضافی اور حد لقبی" حد اضافی یہ ہے کہ مضاف اور مضاف الیہ کی علیحدہ علیحدہ تعریف کی جائے اور حد لقبی کا مطلب یہ کہ مضاف اور مضاف کی مجموع من حیث المجموع تعریف بیان کی جائے۔

علامہ تفتازانی وضاحت فرماتے ہیں **اصول الفقه، الكتاب مرتب على مقدمة وقسمين لأن المذكور فيه اما مقاصد الفن أولا الثاني المقدمة والأول اما ان يكون البحث فيه عن الأدلة وهو القسم الأول أوعن الأحكام وهو القسم الثاني اذ لايبحث في هذا الفن عن غيرهما والقسم الأول مبنى على اربعة اركان الكتاب والسنة والاجماع والقياس وهو مذيل ببابي الترجيح والاجتهاد والثاني على ثلاثة ابواب في الحكم والمحكوم به وستعرف بيان الانحصار والمقدمة مسوقة لتعريف العلم وتحقيق موضوعه لأن من حق الطالب للكثرة المضبوطة بجهة واحدة ان يعرفها بتلك الجهة ليأمن فوات المقصود والاشتغال بغيره وكل علم فهو كثرة مضبوطة بتعريفه الذي به يتميز عند الطالب وموضوعه الذي به يمتاز في نفسه عن سائر العلوم فحين تشوقت نفس السامع الى التعريف ليتميز العلم عنده. (التلويح)**

بھی کسی کا تعلق ہو وہ مصنف کی اس دعا میں داخل ہو۔ یہ کتاب کسی کو وقف کرے تو وہ بھی اس دعا میں داخل ہے۔ وقف کا مطلب یہ ہے کہ کتاب سے نفع تو حاصل کیا جائے لیکن اس کی ملکیت کسی کو حاصل نہ ہو۔ (جیسے مدرسہ میں کتاب دی جائے)

قوله خالصا لوجهه الكريم :وجہ کی اضافت جب اللہ تعالی کی طرف کی جائے تو اس سے مراد اس کی ذات ہوتی ہے یعنی خالص اللہ تعالی کیلئے ہو دنیاوی اغراض ومقاصد اس میں نہ پائے جائیں۔ کریم، اصل میں جید اور اعلی کو کہتے ہیں مراد سخی، کرم کرنے والا۔ "البر" محسن ومفضل۔

اصول الفقہ مبتدأ اور مابعد اس کا خبر ہے یعنی اصول فقہ یہ ہیں، یا سوال ہے اصول فقہ کیا ہیں؟ (السید)

مصنف نے بیان فرمایا: اما تعریفها باعتبار الاضافة فیحتاج الی تعریف المضاف والمضاف الیه

فقال. (توضیح)

''اصول الفقہ'' کی تعریف باعتبار اضافت کے محتاج ہے مضاف کی علیحدہ تعریف اور مضاف الیہ کی علیحدہ تعریف کے۔

مصنف کے قول اصول الفقہ سے اس طرف اشارہ ہے کہ کتاب مرتب ہے ایک مقدمہ اور دو قسموں پر کیونکہ اس میں مذکور یا فن کے مقاصد سے ہوگا یا نہیں۔ دوسرا مقدمہ ہے پہلے میں یا بحث ہوگی ادلہ سے وہ قسم اول ہے، یا بحث ہوگی احکام سے وہ قسم ثانی ہے۔ کیونکہ اس فن میں ادلہ اور احکام کی بحثوں کے بغیر اور کچھ ذکر نہیں۔

پہلی قسم چار ارکان پر مبنی ہیں کتاب، سنت، اجماع، اور قیاس پر۔ اور قیاس کے ضمن میں دو باب مذکور ہیں باب الترجیح اور باب الاجتہاد۔

دوسری قسم میں تین باب مذکور ہیں باب الحکم، باب المحکوم بہ اور باب المحکوم علیہ عنقریب ان کی وجہ حصر کا ذکر کیا جائے گا۔

مقدمہ میں علم کی تعریف اور موضوع کو بیان کیا جاتا ہے، کیونکہ تعریف کے ذریعے وہ علم دوسرے علوم سے ممتاز ہو جاتا ہے اسطرح مقصد کے فوت ہونے سے انسان بچ جاتا ہے۔ یعنی مجہول چیز کی طلب لازم نہیں آتی۔ اور موضوع کے ذریعے بھی مقصود اور غیر مقصود کا فرق ہو جاتا ہے تو اس وقت نفس سامع میں تعریف علم کا شوق پیدا ہو جاتا ہے تا کہ علم اس سے زیادہ ممتاز ہو جائے۔

ما قال المصنف هو الذی اذكره اصول اصول الفقه اغناء للسامع عن السؤال أو قال عن لسانه اصول الفقه ما هی ثم اخذ فی تعریفه. (التلویح)

مصنف نے کہا اصول الفقہ: اس میں یہ بھی احتمال ہے کہ ''اذکرہ'' مقدر ہو کہ میں اصول فقہ کو ذکر کر رہا ہوں، کیونکہ سامع سوال سے بے پرواہ ہے۔ ہوسکتا ہے خود ہی اپنی زبان سے کہا ہو''اصول الفقه ما هی ''تو اس کے بعد اس کی تعریف میں شروع ہوا ہو۔

واصول الفقه لقب لهذا الفن منقول عن مركب اضافی فله بكل اعتبار تعریف فقدم بعضهم التعریف اللقبی نظرا ان المعنی العلمی هو المقصود فی الاعلام وانه من الاضافی بمنزلة البسیط من المركب والمصنف قدم الاضافی نظرا الی ان المنقول عنه مقدم والی ان الفقه مأخوذ فی

الاصل ما یبتنی علیه غیره فالابتناء شامل للابتناء الحسی وهو ظاهر والابتناء العقلی وهو ترتب الحکم علی دلیله. (تنقیح وتوضیح)

مضاف یعنی ''اصل'' کا یہ مطلب ہے وہ چیز جس پر اس کے غیر کی بناء کی جائے۔ یہ ابتناء حسی کو بھی شامل ہے اور ابتناء عقلی کو بھی۔ ابتناء عقلی یہ ہے کہ حکم دلیل پر مرتب ہو۔

التعریف اللقبی فان قدم تفسیره أمکن ذکره فی اللقبی کما قال المصنف هو العلم بالقواعد التی یتوصل بها الی الفقه والا احتیج الی ایراد تفسیر تارة فی اللقبی وتارة فی الاضافی کما فی اصول ابن الحاجب ولما کان اصول الفقه عند قصد المعنی الاضافی جمعا وعند قصد المعنی اللقبی مفردا کعبد الله قال فنعرفها اولا باعتبار الاضافة بتانیث الضمیر وقال فالآن نعرفه باعتبار انه لقب لعلم مخصوص بتذکیره واللقب علم یشعر بمدح اوذم واصول الفقه علم لهذا الفن مشعر بکونه مبنی الفقه الذی وبه نظام المعاش ونجاة المعاد وذلک مدح. (التلویح)

اصول الفقہ : یہ اس فن کا لقب ہے، مرکب اضافی (یعنی اصول مضاف اور الفقہ مضاف الیہ) ہے۔ ہر اعتبار سے تعریف ہوگی جب علم کے لقب کا لحاظ کیا جائے تو تعریف لقبی ہوگی، اور جب مضاف اور مضاف الیہ کا علیحدہ علیحدہ لحاظ کیا جائے تو تعریف اضافی ہوگی (حد اضافی اور حد لقبی مشہور نام ہیں)۔

حد اضافی : مضاف اور مضاف الیہ کی علیحدہ علیحدہ تعریف کی جائے گی۔ اصل، کا معنی ہے جس کے اوپر غیر چیز کی بناء کی جائے۔ اور فقہ کا معنی ہے ''معرفة النفس ما لها وما علیها'' نفس کا پہچاننا ان چیزوں کو جو اس کے لیے نفع مند ہیں اور ان چیزوں کو پہچاننا جو اس کیلئے نقصان دہ ہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں : ''قدم بعضهم التعریف اللقبی الخ'' اصول فقہ والے بعض حضرات نے تعریف لقبی کو مقدم ذکر کیا ہے انہوں نے اس کے علم ہونے والے معنی کا اعتبار کیا ہے، کہ اعلام (ناموں) میں مقصد ان کے ''معنی علمی'' کا اعتبار ہی ہوتا ہے۔ اور دوسری وجہ اس کی تقدیم کی یہ ہے کہ علم کا اعتبار کرنا بسیط کا درجہ ہے اور مضاف ومضاف الیہ کا علیحدہ علیحدہ اعتبار کرنا مرکب کے درجہ میں ہے اس لیے جو بسیط کے درجہ میں اسے مرکب کے درجہ

میر سید شریف فرماتے ہیں : ''ابتناء'' کا معنی ہے بناء کرنا جیسے دیوار کی بناء بنیاد پر، اور چھت کی بناء دیوار پر۔

قوله وهو ترتب الحکم علی دلیله: اس کے دو مطلب لئے جاسکتے ہیں ا۔ حکم کا دلیل کا محتاج ہونا اور دلیل

والے سے پہلے ذکر کیا ہے۔

لیکن مصنف نے حد اضافی کو پہلے ذکر کیا، اس کی وجہ یہ ہے کہ مصنف نے یہ لحاظ کیا ہے کہ "مرکب اضافی" منقول عنہ ہے اور لقب اس فن کا منقول ہے، چونکہ منقول عنہ مقدم ہوتا ہے اسلئے حد اضافی کو مصنف نے پہلے ذکر کیا ہے۔

اور وجہ یہ ہے کہ مصنف نے "فقہ" کی طرف نظر کرتے ہوئے حد اضافی کو مقدم ذکر کیا، اسلئے کہ فقہ ماخوذ ہے تعریف لقبی میں، اگر حد لقبی کو مقدم ذکر کرتا تو لقبی میں جب فقہ کی تعریف آ چکی تھی تو بعد میں حد اضافی میں فقہ کی تعریف کی ضرورت محسوس نہ ہوتی۔ جیسا کہ مصنف نے حد لقبی ذکر کی ہے "**هو العلم بالقواعد التي يتوصل بها الى الفقه**" اگر حد لقبی میں "فقہ" کا لفظ نہ لایا جاتا تو احتیاج ہوتی کہ اس کی تفسیر و وضاحت کی جائے کبھی لقبی میں اور کبھی اضافی میں۔ جیسا کہ ابن حاجب کی کتاب محکم الاصول میں ہے۔

حد اضافی میں "**فنعرفها**" اور حد لقبی میں "**فالآن نعرفه**" کہنے کی وجہ: علامہ تفتازانی وجہ فرق بیان کرتے ہیں جب "اصول الفقہ" کا معنی اضافی مراد لیا جائے تو اسے جمع کی حیثیت حاصل ہے اور جب معنی لقبی لیا جائے تو اسے مفرد کی حیثیت حاصل ہے، اسی لئے مصنف نے حد اضافی کا ذکر یوں کیا "**فنعرفها اولا باعتبار الاضافة**" یعنی "نعرفها" میں ضمیر مؤنث کی لائی مرکب اضافی کو جمع کے درجہ میں رکھتے ہوئے۔ اور جب علم مخصوص کے لقب کا اعتبار کیا تو اس کے مفرد کی حیثیت میں رکھتے ہوئے واحد مذکر کی ضمیر لائی اور کہا "**فالآن نعرفه**"۔

لقب: اس نام کو کہا جاتا ہے جس میں مدح یا مذمت پائی جائے۔ "اصول الفقہ" لقب ہے یعنی اس فن کا علم ہے جو یہ خبر دے رہا ہے کہ یہ مبنی ہے فقہ پر جس کے ساتھ نظام زندگی قائم ہے اور آخرت میں اسی کے مطابق عمل کرنے سے نجات حاصل ہوتی ہے، یہ مدح ہے۔

قوله اما تعريفها باعتبار الاضافة فيحتاج الى تعريف المضاف وهو الأصول والمضاف اليه وهو الفقه لأن تعريف المركب يحتاج الى تعريف مفرد انه الغير البينة ضرورة توقف معرفة الكل

پر موقوف ہونا۔

۲۔ حکم کا دلیل پر متفرع ہونا اور علم کا اس کے ذریعے لازم آنا جیسے دلیل کے ذریعے مدلول کا علم حاصل ہوتا ہے۔ ابتناء عقلی کا لحاظ کریں تو پہلا معنی لینا زیادہ واضح ہے، اور ترتب کا لحاظ کریں تو دوسرا معنی زیادہ بہتر ہے۔ (السید)

قوله وهو ترتب الحكم: یہاں دو امر ہیں۔ ا۔ حکم کا محتاج ہونا دلیل کا اور اس پر موقوف ہونا۔

۲۔ حکم کا دلیل پر متفرع ہونا اور حکم کا علم لازم ہونا دلیل کے علم سے۔ (السید)

على معرفة اجزائه ويحتاج الى تعريف الاضافة ايضا لأنها بمنزلة الجزء الصورى الا انهم لم يتعرضوا له للعلم بأن معنى اضافة المشتق وما فى معناه اختصاص المضاف بالمضاف اليه باعتبار المضاف مثلا دليل المسئلة ما يختص بها باعتبار كونه دليلا عليها فأصل الفقه ما يختص به من حيث انه مبنى له ومستند اليه. (التلويح)

قوله اما تعريفها باعتبار الاضافة الخ حد اضافی محتاج ہے کہ مضاف کی علیحدہ تعریف کی جائے اور مضاف الیہ کی علیحدہ تعریف کی جائے۔ مضاف، اصول ہے اور مضاف الیہ "الفقہ" ہے۔

وجہ اس کی یہ ہے کہ مرکب کی تعریف محتاج ہوتی ہے مفردات کی تعریف پر جب مفردات غیر بینہ ہوں۔ یہ بدیہی بات ہے کہ معرفت کل موقوف ہے معرفت اجزاء پر۔ اگرچہ اضافت کی تعریف بھی کرنی چاہئے تھی لیکن مصنف اس کے درپے نہیں ہوئے اسلئے کہ یہ معلوم تھی۔ اس لئے کہ مشتق یا حکم مشتق کی اضافت کا یہ مطلب ہے "اختصاص المضاف بالمضاف اليه باعتبار المضاف" مضاف کا مضاف الیہ سے خاص ہونا باعتبار مضاف کے۔

مثلا جب کہا جائے "دلیل المسئلہ" تو اس کا مطلب یہ ہوگا دلیل جو خاص ہے مسئلہ سے اس اعتبار سے کہ وہ مسئلہ کی دلیل ہے، یہ مطلب ہے "اصل الفقہ" کا کہ فقہ کی دلیل جو فقہ سے خاص ہے کہ فقہ کی بناء ہے اس پر اور فقہ منسوب ہے اس دلیل کی طرف۔

اصول جمع اصل کی: فالاصول جمع اصل وهو فى اللغة ما يبتنى عليه الشىء من حيث يبتنى عليه وبهذا القيد خرج ادلة الفقه مثلا من حيث تبتنى على علم التوحيد فانها بهذا الاعتبار فرع الأصول وقيد الحيثية لابد منه فى تعريف الاضافيات الا انه كثيرا ما يحذف لشهرة أمره، ثم نقل الأصل فى العرف الى معان أخر من الراجح والقاعدة الكلية والدليل. (التلويح)

اصل کا لغوی معنی ہے وہ چیز جس پر کسی چیز کی بناء پائی جائے اس لحاظ پر کہ اس کی بناء اس چیز پر ہے حیثیت کی قید سے فقہ کی دلیلیں خارج ہو جائیں گی جب ان پر علم توحید کی بناء ہو۔ یعنی قرآن وسنت کو جب عقائد کی دلیلیں بنایا جائے تو وہ اصول فقہ نہیں کہلائیں گی۔ حیثیت کی قید اضافیات کی تعریف میں معتبر ہوتی ہے لیکن مشہور ہونے کی وجہ اکثر طور پر اس کو حذف کر دیا جاتا ہے۔

اصل کو لغوی معنی سے اصطلاحی معنی کی طرف نقل کرنے میں چند معانی: ۱۔ اصل بمعنی راجح ۲۔ اصل بمعنی قاعدہ کلیہ ۳۔ اصل بمعنی دلیل

وتعريفه بالمحتاج اليه لايطرد وقد عرفه الامام في المحصول بهذا واعلم ان التعريف اما حقيقي كتعريف الماهيات الحقيقة واما اسمي كتعريف الماهيات الاعتبارية كما اذا ركبنا شيئا من امورهي اجزاؤه باعتبارتركيبنا ثم وضعنا لهذا المركب اسما كالأصل والفقه والجنس والنوع ونحوها فالتعريف الاسمي هوتبيين ان هذا الاسم لاى شئ وضع وشرط لكلا التعريفين الطرد اى كل ما صدق عليه الحد صدق عليه المحدود والعكس اى كل ما صدق عليه

اصول الفقہ میں اصطلاحی معانی میں کون سا معنی معتبر ہے؟

فذهب بعضهم الى ان المراد ههنا الدليل واشار المصنف الى ان النقل خلاف الاصل ولاضرورة في العدول اليه لأن الابتناء كما يشمل الحسي كابتناء السقف على الجدران وابتناء اعالي الجدار على اساسه واغصان الشجر على دوحته كذلك يشمل الابتناء العقلي كابتناء الحكم على دليله فههنا يحمل على المعنى اللغوى وبالاضافة الى الفقه الذى هومعنى عقلي يعلم ان الابتناء ههنا عقلي فيكون اصول الفقه ما يبتنى هوعليه ويستند اليه ولامعنى بمستند العلم ومبتناه الا دليله. (التلويح)

بعض حضرات نے کہا کہ اصل بمعنی دلیل ہے لیکن مصنف نے اس طرف اشارہ کیا ہے کہ نقل خلاف اصل ہے، یعنی جب لغوی معنی لیا جا سکتا ہے تو منقول معنی لینے کی ضرورت نہیں۔ اس لئے کہ لغوی معنی "ابتناء" جس طرح حسی کو شامل ہے جیسے چھت کی بناء دیواروں پر اور دیواروں کی بناء بنیاد پر اور درخت کی شاخوں کی بناء تنے پر، اسی طرح ابتناء عقلی کو بھی شامل ہے جس طرح حکم کی بناء دلیل پر ہے۔

اصول کی اضافت فقہ کی طرف کی گئی، اس میں مراد ابتناء عقلی ہے، یعنی فقہ کی جس پر بناء ہے اور فقہ جس کی طرف منسوب ہے، معنی تو لغوی لیا گیا ہے البتہ علم فقہ کی بناء دلیل پر ہے، اسلئے مراد دلیل ہی ہے۔ اسی سے وہ اعتراض مندفع ہو گیا وبهذا يندفع ما يقال ان المعنى العرفي اعني الدليل مراد قطعا فاى حاجة الى جعله بالمعنى اللغوى الشامل للمقصود وغيره. (التلويح)

کہ یہاں مراد عرفی معنی دلیل ہے، لغوی معنی لینے کی کیا ضرورت ہے۔ تو اس کا جواب آ گیا کہ لغوی معنی اصل ہے، حقیقی معنی جب ممکن ہے تو مجازی معنی کی ضرورت نہیں البتہ لغوی معنی ابتناء عقلی یعنی دلیل کو شامل ہے۔

المحدود صدق علیه الحد. (تنقیح وتوضیح)

مصنف فرماتے ہیں :اصل کی تعریف محتاج الیہ سے کرنا مطرد نہیں، امام ابن حاجب نے اپنی کتاب محصول میں یہی

فان قلت ابتناء الشیئ علی الشیئ اضافة بینهما وهو امر عقلی قطعا قلت اراد بالابتناء الحسی کون الشیئین محسوسین وحینئذ یدخل فیه مثل ابتناء السقف علی الجدار وابتناء المشتق علی المشتق منه کالفعل علی المصدر أواراد ما هو المعتبر فی العرف من ان ابتناء السقف علی الجدار بمعنی کونه مبنیا علیه وموضوعا فوقه مما یدرک بالحس وحینئذ یخرج مثل ابتناء الفعل علی المصدر من الحسی ولایدخل فی العقلی بتفسیره والحق ان ترتب الحکم علی دلیله لایصلح تفسیرا للابتناء العقلی وانما هو مثال له للقطع بان ابتناء المجاز علی الحقیقة والاحکام الجزئیة علی القواعد الکلیة والمعلولات علی عللها والافعال علی المصادر وما اشبه ذلک ابتناء عقلی. (التلویح)

اعتراض:ابتناء الشیء علی الشیء، میں اضافت (نسبت) پائی گئی ہے یہ امر عقلی ہے اسے عرفی کیسے کہا گیا ہے؟

جواب:اس میں چند اعتبار ہیں جب مراد یہ ہو کہ دو محسوس چیزوں میں سے ایک کی دوسری پر بناء ہے تو یہ ابتناء حسی ہے اس میں داخل ہے چھت کی بناء دیواروں پر، اور مشتق کی بناء مشتق منہ پر جس طرح فعل کی بناء مصدر پر۔

کبھی ابتناء عرفی کا اعتبار کیا جاتا ہے، اس میں چھت کی بناء دیواروں پر تو داخل رہے گی کیونکہ وہ تو عرف میں ایک چیز کی دوسری پر بناء سمجھی جاتی ہے۔ کیونکہ عرفی کا تعلق حسی سے ہی ہے لیکن اس سے فعل کی بناء مصدر پر خارج ہو جائے گی کیونکہ یہ عقلی ہے حسی نہیں۔

حق یہ ہے کہ حکم کا ترتب دلیل پر نہیں صلاحیت رکھتا ابتناء عقلی کی تفسیر بننے کی، حالانکہ شامل اسے عقلی میں ہی کیا جاتا ہے، جس طرح مجاز کی بناء حقیقت پر، اور احکام جزئیہ کی بناء قواعد کلیہ پر اور معلولات کی بناء علل پر، اور افعال کی مصادر پر وغیرہ ذلک یہ سب ہی ابتناء عقلی ہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :اطراد کا لغت میں معنی ہے "انطلاق وانسیاق" اور جاری ہونا۔

اور اصطلاح میں یہ مطلب ہے "جب حد کسی چیز پر سچی آئے تو محدود اس پر سچا آئے" اور حکم کلی پایا جائے اور عدم اطراد کا مطلب ہے حکم کلی نہ پایا جائے بایں طور پر کہ حد سچی آئے اور محدود سچا نہ آئے۔

تعریف کی ہے۔(التوضیح)

مصنف فرماتے ہیں :تعریف کی دوقسمیں ہیں تعریف حقیقی اورتعریف اسمی۔

تعریف حقیقی جیسے ماہیات حقیقہ کی تعریف کرنا، تعریف اسمی جیسے ماہیات اعتباریہ کی تعریف۔

تعریف اسمی کی مثال :جیسے ہم ایک چیز کی مرکب کریں چند امور(چیزوں) سے تو اس مرکب کا ہم نام رکھیں، جیسے اصول اورفقہ سے مرکب کیا تو نام ہی اس کا ''اصول الفقہ'' رکھ لیا۔اسی طرح جنس اورنوع وغیرہ کی تعریفیں یعنی اپنی

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :تعریف حقیقی اورتعریف اسمی میں وجہ حصر۔

واعلم ان التعریف اما حقیقی الماهية اما ان يكون لما تحقق وثبوت مع قطع النظرعن اعتبار العقل اولا الأولى الماهية الحقيقة اى الثابتة فى نفس الأمرولابد فيها من احتياج بعض الاجزاء الى البعض اذا كانت مركبة والثانية الماهية الاعتبارية اى الكائنة بحسب اعتبارالعقل كما اذا اعتبرالواضع عدة اموروضع بازائها اسما من غيراحتياج الأموربعضها الى بعض كالأصل الموضوع بازاء الشئ ووصف ابتناء الغيرعليه والفقه الموضوع بازاء المسائل المخصوصة والجنس الموضوع بازاء الكلى المقول على الكثرة المتفقة الحقيقة فى جواب ما هووالتمثيل بالمركبة من عدة امورلاينافى كون بعض الماهيات الاعتبارية. (التلويح)

ماہیت یامتحقق اورثابت ہوگی قطع نظراعتبارکرنے کے عقل کے یانہیں، پہلی حقیقیہ یعنی جوثابت ہوگی نفس الامر میں، اس کیلئے ضروری ہے جب کہ وہ مرکب ہوکہ اس کے اجزاءآپس میں ایک دوسرے کے محتاج ہوں، اوردوسری ماہیۃ اعتباریہ ہے یعنی باعتبارعقل کے ہوگی۔جیسے واضع چند امورکا اعتبارکرے ان کے مقابل نام رکھے، اس میں اجزاء آپس میں ایک دوسرے کے محتاج نہیں ہوں گے۔جیسے اصل ایک چیز کیلئے وضع ہے، جس کا وصف یعنی تعریف یہ کی گئی کہ غیرچیزکی اس پر بنارکھی جائے اورفقہ کی وضع مسائل مخصوصہ کیلئے ہے۔

جنس کی وضع''کلی مقول علی کثیرین مختلفین بالحقائق فی جواب ما هو '' کیلئے۔اورنوع کی وضع ہے''کلی مقول علی کثیرین متفقین بالحقائق فی جواب ما هو''

علامہ تفتازانی مصنف کا تسامح بیان کرتے ہیں :چند امورسے مرکب کی مثال دینا اس کے منافی نہیں کہ بعض ماہیات اعتباریہ بسائط ہوں، حق یہ ہے کہ اجزاءکوامور اعتباریہ کہا جائے نہ کہ ماہیات اعتباریہ۔

ترکیب کے مطابق ان کا نام رکھ لیں، تو تعریف اسمی میں یہ ظاہر کرنا مقصود ہوتا ہے کہ یہ نام کس چیز کی وجہ سے رکھا گیا ہے۔ دونوں تعریفوں کے شرط "طرد وعکس" ہے طرد کا مطلب ہے "کل ما صدق علیہ الحد صدق علیہ

اذا تمهد هذا فنقول ما يعقله الواضع ليضع بازائه اسما اما ان تكون له ماهية حقيقة اولا وعلى الاول اما ان تكون متعقله نفس حقيقة ذلك الشيء أو وجوها واعتبارات منه فتعريف الماهية الحقيقية لمسمى الاسم من حيث انها ماهية حقيقية تعريف حقيقي يفيد تصور الماهية في الذهن بالذاتيات كلها أو بعضها أو بالعرضيات أو المركب منهما وتعريف مفهوم الاسم وما تعقله الواضع فوضع الاسم بازائه تعريف اسمي يفيد تبيين ما وضع الاسم بازائه بلفظ اشهر كقولنا الغضنفر الأسد أو بلفظ يشتمل على تفصيل ما دل عليه الاسم اجمالا كقولنا الأصل ما يبتنى عليه غيره فتعريفات المعدومات لايكون الا اسميا اذ لاحقائق لها بل مفهومات وتعريف الموجودات قد يكون اسميا وقد يكون حقيقيا اذ لها مفهومات و حقائق. (التلويح)

بیان کردہ تمہید کے بعد ہم یہ کہتے ہیں: واضع جب ایک چیز کو ذہن میں لائے کہ اسے وضع کر کے اس کا نام یہ رکھے گا تو اس میں دوصورتیں ہیں یا اس کی ماہیت حقیقیہ ہوگی یا نہیں۔ پہلی صورت میں پھر دوحال ہیں یا ذہن میں نفس حقیقت آئے گی اس چیز کی یا اس کا وجود اور اس کے اعتبارات ذہن میں آئیں گے۔

تعریف حقیقی: ماہیت حقیقیہ کی تعریف اور اس کی ذات کا نام اس لحاظ پر کہ وہ ماہیت حقیقیہ ہے تعریف حقیقی ہے۔ تعریف حقیقی اس چیز کا فائدہ دے گی کہ ماہیت کا تصور ذہن میں آئے خواہ تمام ذاتیات ہی اس کے اجزاء ہوں یا بعض ذاتیات کے ذریعے وہ ذہن میں آئے یا تمام عرضیات کے ذریعے یا ذاتیات وعرضیات سے مرکب کی وجہ سے وہ ذہن میں متصور ہو۔

تعریف اسمی: واضع جب ذہن میں مفہوم اس کا لائے پھر اس کے مقابل اس کا نام رکھے تو یہ تعریف اسمی ہے۔ تعریف

فائدہ: تعریف اسمی میں جب طرد کی تعریف یہ ہوگی کہ لفظ کا اطلاق ہر اس جگہ پر پایا جائے جہاں تعریف پائی جائے اسی لئے اللہ تعالی کی تعریف "خالق الخنزیر" سے کرنی صحیح نہیں حالانکہ معنی تو اس میں متحقق ہے لیکن گھٹیا چیز کی طرف رب تعالی کی نسبت صحیح نہیں، اسلئے "خالق الکلاب والخنازیر" کہنا صحیح نہیں۔ البتہ یہ کہا جائے "خالق المخلوقات کلھا" تو اس کے ضمن میں کلاب وخنازیر بھی آجائیں گے۔ (السید بالوضاحت)

المحدود "جس پر حد سچی آئے اس پر محدود سچا آئے۔ اور عکس کا مطلب یہ ہے "کل ما صدق علیه المحدود صدق علیه الحد" ہر وہ جس پر محدود سچا آئے تو اس پر حد سچی آئے۔ (التوضیح)

اسمی میں ایک غیر مشہور لفظ کی وضاحت مشہور لفظ کے ذریعے کی جاتی ہے جیسے "الغضنفر الاسد" یا تعریف اسمی ایک لفظ مشتمل ہوتا ہے اس تفصیل پر جس پر وہ نام اجمالا دلالت کر رہا ہوتا ہے۔ جیسے ہمارا قول "الاصل ما یبتنی علیه غیره"

معدومات کی تعریف صرف اسمی ہوتی ہے حقیقی نہیں ہوتی کیونکہ معدومات کے حقائق نہیں ہوتے بلکہ صرف مفہومات اعتباریہ ہوتے ہیں۔ موجودات کی تعریف کبھی حقیقی ہوتی ہے اور کبھی اسمی، اس لئے کہ ان کے حقائق بھی ہوتے ہیں اور مفہومات اعتباریہ بھی ہوتے ہیں۔

فان قلت ظاهر عبارته مشعر بان تعريف الماهيات الحقيقية حقيقي البتة كما ان تعريف الماهيات الاعتبارية اسمي البتة قلت في العدول عن ظاهر العبارة سعة الا ان التحقيق ان الماهية الحقيقية قد تؤخذ من حيث انها حقيقة مسمى الاسم وماهيته الثابتة في نفس الامر وتعريفها بهذا الاعتبار حقيقي البتة لأنه جواب لما التي لطلب الحقيقة وهي متأخرة عن هل البسيطة الطالبة لوجود الشئ المتأخرة عن ما التي لطلب تفسير الاسم وبيان مفهومه وقد تؤخذ من حيث انها مفهوم الاسم ومتعقل الواضع عند وضع الاسم وتعريفها بهذا الاعتبار اسمي البتة لأنه جواب عن ما التي لطلب مفهوم الاسم ومتعقل الواضع فهذا التعريف قد يكون نفس حقيقة ذلك الشئ بان يكون متعقل الواضع نفس الحقيقة وقد يكون غيرها ولهذا صرحوا بانه قد يتحد التعريف الاسمي والحقيقي الا انه قبل العلم بوجود الشئ يكون اسميا وبعد العلم بوجوده ينقلب حقيقيا مثلا تعريف المثلث في مبادى الهندسة بشكل يحيط به ثلاثة اضلاع تعريف اسمي وبعد الدلالة على وجوده يصير هو بعينه تعريفا حقيقيا. (التلويح)

اعتراض: مصنف کی عبارت سے تو یہ پتہ چلتا ہے کہ ماہیات حقیقیہ کی تعریف صرف حقیقی ہوتی ہے جیسے ماہیات اعتباریہ کی تعریف صرف اسمی ہوتی۔ ماہیات حقیقیہ کی تعریف اسمی کیسے صحیح ہے؟

جواب: مصنف کی ظاہر عبارت سے عدول کرنے میں وسعت ہے، اس لئے کہ تحقیق یہ ہے کہ بیشک ماہیت حقیقیہ کبھی

فاذا قیل فی تعریف الانسان انه ماش لایطرد ولوقیل حیوان کاتب بالفعل لاینعکس. (التوضیح)

مصنف نے بیان کیا ہے کہ جہاں طرد وعکس نہیں وہ تعریف بھی کامل نہیں جبکہ حد میں تو طرد وعکس شرط ہے۔اسی وجہ

باعتبار حقیقت کے مسمی اسم مراد ہوتی ہے، یعنی وہ ماہیت جونفس الامر میں ثابت ہے اس کے اعتبار سے تعریف حقیقی ہوگی۔

تعریف حقیقی ''ما'' کے جواب میں آتی، جس ''ما'' کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے طلب حقیقت کا۔اسے ماحقیقیہ کہا جاتا ہے۔جیسے کہا جائے ''الانسان ماھو'' جواب میں آئے ''ھو حیوان ناطق''۔

یہ ماحقیقیہ ھل بسیطہ کے بعد آتا ہے کیونکہ ''ھل بسیطہ'' کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے وجود شیء کا۔اورھل بسیطہ اس ''ما'' کے بعد آتا ہے جس کے ذریعے ایک چیز کی اس کی وضاحت طلب کی جاتی ہے۔اسے ماکاشفہ کہا جاتا ہے۔

ماہیۃ کے متعلق کبھی سوال اس کی حقیقت ماہیت کے متعلق ہوتو تعریف حقیقی ہوگی،اور کبھی سوال اس کی مفہوم اور اس کے اسم کی وضاحت کے بارے میں تو اس وقت تعریف اسمی ہوگی۔

اس لئے تصریح کی گئی ہے کہ کبھی تعریف حقیقی اوراسمی متحد ہوتی ہے، یہ اس وقت ہوگا جب تعریف ماہیت کی باعتبار حقیقت اور مفہوم اسم کے،ہاں البتہ وجود شیء کے علم سے پہلے تعریف اسمی ہوگی اور وجود شیء کے علم کے بعد وہی تعریف حقیقی ہوجائے گی۔

جیسے مثلث کی تعریف ابتداء ہندسہ میں کی جاتی ہے مثلث وہ شکل ہے جس کا تین اضلاع احاطہ کرلیں۔یہ تعریف اسمی ہے جب اس کے وجود پر تعریف دلالت کرے کہ یہ مثلث پائی گئی تو وہی تعریف بعینہ حقیقی ہوجائے گی۔

طرد وعکس کی وضاحت :علامہ تفتازانی فرماتے ہیں"وشرط لکلا التعریفین ای الحقیقی والاسمی الطرد والعکس اما الطرد فھو صدق المحدود علی ما صدق علیہ الحد مطردا کلیا ای کلما صدق علیہ الحد صدق علیہ المحدود وھو معنی قولھم کلما وجد الحد وجد المحدود فبالأطراد

قولہ کلما صدق علیہ الحد الخ :بہتر یہ ہے کہ حد کی جگہ تعریف کا لفظ لانا چاہئے تاکہ رسم کو بھی شامل ہوجائے۔(السید)

قولہ والعکس :تاج المصادر البیھقی میں بیان کیا گیا ہے،عکس کا مطلب ہے چیز کے آخر کو اول کی طرف اور اول کو آخر کی طرف لوٹایا جائے۔اور کنز اللغات میں ہے کہ چیز کے داخل کو خارج اور خارج کو داخل بنایا جائے۔

سے انسان کی تعریف ''فھو حیوان ماش '' سے صحیح نہیں کیونکہ اس میں اطراد نہیں، یعنی یہ تعریف دخول غیر سے مانع نہیں کیونکہ ماشی تو فرس، حمار وغیرہ بھی ہیں۔ اوراسی طرح انسان کی تعریف ''فھو حیوان ضاحک بالفعل '' سے

یصیر الحد مانعا عن دخول غیر المحدود فیه وأما العکس فاخذه بعضهم عن عکس الطرد بحسب متفاهم العرف وهو جعل المحمول موضوعا مع رعایة الکمیة بعینها کما یقال کل انسان ضاحک وبالعکس.ای کل ضاحک انسان و کل انسان حیوان ولاعکس ای لیس کل حیوان انسانا فلهذا قال ای کل ما صدق علیه المحدود صدق علیه الحد عکسا لقولنا کلما صدق علیه الحد صدق علیه المحدود فصار حاصل الطرد حکما کلیا بالمحدود علی الحد والعکس حکما کلیا بالحد علی المحدود وبعضهم اخذه من ان عکس الاثبات نفی ففسره بأنه کلما انتفی الحد انتفی المحدود ای کل ما لم یصدق علیه الحد لم یصدق علیه المحدود فصار العکس حکما کلیا بما لیس بمحدود علی ما لیس بحد والحاصل واحد وهو ان یکون الحد جامعا لافراد المحدود کلها''. (التلویح)

مصنف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ دونوں تعریفوں میں شرط ہے طرد وعکس پایا جائے۔ دونوں تعریفوں سے مراد تعریف حقیقی اور تعریف اسمی ہے۔

طرد کی وضاحت: طرد کا مطلب یہ ہے کہ محدود سچا آئے اس پر جس پر حد سچی آئے، یہ اطراد کلی طور پر پایا جائے۔ یعنی ہر وہ جس پر حد سچی آئے اس پر محدود سچا آئے۔ اہل علم کے قول ''کلما وجد الحد وجد المحدود '' کا یہی مطلب ہے، اطراد سے حد مانع ہوگی غیر محدود کے اس میں داخل ہونے سے۔

عکس کی وضاحت: بعض حضرات نے بیان کیا ہے کہ عکس سے مراد ''عکس الطرد'' ہے، لیکن یہ عکس لغوی ہوگا جو عام عرف میں سمجھا جاتا ہے وہ یہ ہے کہ محمول کو موضوع بنایا جائے، کیمت کا بعینھا لحاظ کیا جائے یعنی عکس لغوی موجبہ کلیہ کا موجبہ کلیہ ہی ہوگا، جیسے کہا جائے ''کل انسان ضاحک'' اس کا عکس ہوگا ''کل ضاحک انسان''

عکس الطرد کا مطلب: جزء اول کو آخر بنانا اور آخر کو اول، یا یہ کہا جائے کہ طرد یہ ہے کہ محدود کا احاطہ حد کے ذریعے، محدود خارج ہے اور حد داخل ہے۔ تو اس کا عکس یہ ہے حد کا احاطہ محدود کے ذریعے اس لحاظ پر حد خارج ہوگی اور محدود داخل۔ (السید)

کرنا صحیح نہیں کیونکہ اس میں عکس نہیں یعنی یہ تعریف تمام افراد محدود کی جامع نہیں، اسلئے کہ سب انسان ضاحک بالفعل نہیں، اگرچہ "ضاحک بالقوۃ" سب انسان ہی ہیں۔ (التوضیح)

مصنف نے فرمایا: "ولا شک ان تعریف الاصل تعریف اسمی ای بیان ان لفظ الأصل لأی شیء وضع فالتعریف الذی ذکر فی المحصول لایطرد لأنه ای الأصل لایطلق علی الفاعل ای العلة الفاعلیة والصورة ای العلة الصوریة والغائیة ای العلة الغائیة والشروط کأدوات الصناعة فعلم ان هذا التعریف صادق علی هذه الاشیاء لکونها محتاجا الیها والمحدود لایصدق علیها لأن شیئا من هذه الاشیاء لاتسمی أصلا فلایصح هذا التعریف الاسمی". (تنقیح وتوضیح)

یعنی اصول الفقہ کے متعلق جو بیان کیا جا رہا ہے اس میں لفظ اصل کی تعریف اسمی ہے، یعنی بیان کرنا کہ بیشک لفظ اصل

تنبیہ: "کل انسان حیوان" کا عکس لغوی "کل حیوان انسان" صحیح نہیں، بلکہ اس کا عکس منطقی آئے گا یعنی "بعض الحیوان انسان" آئے گا۔ عکس لغوی یعنی عرفی کا لحاظ کرتے ہوئے "کلما صدق علیه الحد صدق علیه المحدود" کا عکس بیان کیا گیا "کلما صدق علیه المحدود صدق علیه الحد" طرد کا حاصل یہ ہوگیا کہ "حد پر محدود کا حکم پایا جائے۔ اور عکس کا حاصل یہ ہے کہ حد کا حکم کلی محدود پر پایا جائے"۔

بعض حضرات نے عکس کی تعریف یہ کی ہے کہ "اثبات کا عکس نفی ہے" انہوں نے مثال یہ دی ہے "کلما انتفی الحد انتفی المحدود" جب بھی حد منتفی ہو محدود بھی منتفی ہو۔ یہ موجبہ کلیہ ہے یعنی اس میں اثبات پایا گیا ہے البتہ نفی کو مستلزم ہے اس لحاظ پر اسے یوں تعبیر کر دیا جاتا ہے "کل ما لم یصدق علیه الحد لم یصدق علیه المحدود" تو اس کا عکس حکم کلی ہے "کلما لم یصدق علیه المحدود لم یصدق علیه الحد" دونوں تعریفوں کا حاصل ایک ہی ہے کہ حد محدود کے تمام افراد کو جامع ہو۔

علامہ تفتازانی مزید وضاحت فرماتے ہیں: "قوله ولا شک ان تعریف الأصل اسمی لأنه تبیین ان لفظ الأصل فی اللغة موضوع للمرکب الاعتباری الذی هو الشیء مع وصف ابتناء الغیر علیه أو احتیاج الغیر الیه وهذا لا دخل له فی بیان فساد التعریف اذ عدم الأطراد مفسد له اسمیا کان أو غیره ففی الجملة تعریف الاصل بالمحتاج الیه غیر مطرد اذ لایصدق ان کل محتاج الیه اصل لأن ما یحتاج الیه الشیء اما داخل فیه أو خارج عنه والأول اما ان یکون وجود الشیء معه بالقوة

کس چیز کیلئے وضع ہے، ابن حاجب نے محصول میں اصل کی جو تعریف کی ہے کہ اصل محتاج الیہ کو کہا جاتا ہے، یہ تعریف صحیح نہیں کیونکہ اس میں اطراد نہیں پایا گیا، اس لئے کہ فاعل یعنی علت فاعلیہ اور صورۃ یعنی علۃ صوریہ اور غائیہ یعنی علت غائیہ اور شروط جیسے ادوات منافیہ ہیں مثلاً تعریف ابن حاجب والی ان سب چیزوں پر بھی آرہی ہے کیونکہ یہ سب محتاج الیہ ہیں، لیکن محدود ان پر سچا نہیں اس لئے کہ ان تمام چیزوں میں سے کسی ایک کو اصل نہیں کہا جاتا۔ (التنقیح والتوضیح)

وهو المادة كالخشب للسرير أو بالفعل وهو الصورة كالهيئة السريرية والثاني ان كل ما منه الشيء فهو الفاعل كالنجار للسرير وان كان ما لأجله الشيء فهو الغاية كالجلوس على السرير والا فهو الشرط كآلات النجار وقابلية الخشب ونحو ذلك فهذه اقسام خمسة للمحتاج اليه لايطلق لفظ الأصل لغة الا على واحد منها هو المادة كما يقال اصل هذه السرير خشب كذا والاربعة الباقية يصدق على كل واحد منها انه محتاج اليه ولايصدق عليه انه اصل فلايكون التعريف مطردا مانعا"۔ (التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ اصل کی تعریف بلاشک اسمی ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ لفظ اصل لغت میں مرکب اعتباری کیلئے وضع کیا گیا ہے، یعنی اصل وہ چیز ہے جس کا وصف (مطلب) یہ ہے "ابتناء الغیر علیہ" غیر چیز کی اس پر بناء ہو، یا ابن حاجب نے اس کی تعریف کی ہے "احتیاج الغیر الیہ"

اگرچہ ابن حاجب کی تعریف میں بظاہر فساد کا دخل نظر نہیں آتا لیکن اس میں اطراد کا نہ پایا جانا مفسد ہے اس لئے کہ جب اطراد نہ پایا جائے تو تعریف فاسد ہے خواہ وہ حد حقیقی ہو یا اسمی ہو۔

حاصل کلام یہ ہے کہ اصل کی تعریف محتاج الیہ سے کرنا غیر مطرد ہے، جبکہ نہیں سچا آتا اس پر کہ ہر محتاج الیہ اصل ہو، اس لئے ایک چیز جس کی محتاج ہو یا وہ اس میں داخل ہوگی یا خارج ہوگی۔ اول یا وجود شیء اس کے ساتھ بالقوہ ہوگا یا بالفعل، اگر بالقوہ ہو اس کی مثال جیسے لکڑی تخت کیلئے، اسے مادہ کہا جاتا ہے۔ بالفعل کی مثال وہ صورت ہے جیسے تخت کی شکل اسے علت صوریہ کہا جاتا ہے۔ ثانی یعنی اگر وہ چیز محتاج الیہ اسے خارج ہو تو پھر دیکھیں کہ وہ "ما منہ الشیء" ہے یا "ما لأجلہ الشیء" ہے اگر ما منہ الشیء ہو یعنی چیز اس سے بنی ہو تو وہ فاعل ہے جسے قوۃ فاعلیہ کہا جاتا ہے جیسے نجار سریر کیلئے۔ اور اگر ما لاجلہ الشیء ہو یعنی جس مقصد کیلئے بنایا گیا ہے تو وہ غایۃ یعنی علت غائیہ ہے جیسے سریر پر بیٹھنا ورنہ وہ شرط ہے جس نجار کے آلات اور لکڑی کا سریر کے قابل ہونا۔ ان پانچ قسموں میں سے سوائے ایک کے کسی ایک پر اصل کا اطلاق

نہیں ہوتا، مادہ پر اصل کا اطلاق ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے "اصل هذا السرير خشب كذا" ۔ باقی چار میں سے ہر ایک محتاج الیہ تو ہے لیکن ان پر اصل صادق نہیں آتا، اصل کی تعریف محتاج الیہ سے کرنا مطرد و مانع نہیں۔

وههنا بحث من وجوه احدها منع اشتراط الطرد في مطلق التعريف لاسيما في الاسمي فان كتب اللغة مشحونة بتفسير الالفاظ بما هو اعم من مفهوماتها وقد صرح المحققون بان التعريفات الناقصة يجوز ان يكون أعم بحيث لايفيد الامتياز الا عن بعض ما عدا المحدود وان الغرض من تفسير الشيء قد يكون تميزه عن شيء معين فيكتفي بما يفيد الامتياز عنه كما اذا قصد التميز بين الأصل والفرع فيفسر الأول بالمحتاج اليه والثاني بالمحتاج وثانيها مع عدم صدق الأصل على الفاعل كيف والفعل مترتب عليه ومستند اليه ولامعنى للابتناء الا ذلك وثالثها ان كلامه في باب المجاز عند بيان جريان الأصالة والتبعية من الجانبين يدل على ان كل محتاج اليه فهو اصل ورابعها انا اذا قلنا الفكر ترتيب امور معلومة مادة للفكر واصل له مع ان ابتناء الفكر عليها ليس حسيا وهو ظاهر ولاعقليا بتفسير المصنف وهو ترتب الحكم على دليله.

یہاں چند وجہ سے بحث ہے :۱۔ ایک ان بحثوں میں سے یہ ہے کہ مطلق تعریف میں طرد کی شرط لگانا ممنوع ہے، خاص کر کے اسمی میں تو طرد کی شرط ضروری ہی نہیں، اسلئے کہ لغت کی کتب بھری پڑی ہیں کہ مفہومات کی تعریف عام الفاظ کے ذریعے کی جاتی ہے۔

محققین نے تصریح کی ہے کہ تعریفات ناقصہ جائز ہیں کہ عام ہوں اس لحاظ پر کہ وہ فقط بعض "ما عدا المحدود" (محدود کے سوا) سے امتیاز ثابت کردیں، اسلئے کہ غرض کبھی ایک چیز کی تعریف وتفسیر سے کسی معین چیز سے ممتاز کرنا ہوتا ہے، اس لحاظ پر جب اصل (مادہ) اور فرع میں امتیاز مقصود ہو تو محتاج الیہ سے تعریف کرنا صحیح ہے۔

۲۔ دوسری بحث یہ ہے کہ اصل کا فاعل (علت فاعلیہ) پر سچا آنا کیسے صحیح نہیں حالانکہ فعل اس پر مرتب ہے اور اس کی طرف منسوب ہے "ولامعنى للابتناء الا ذلك" ابتناء کا یہی معنی تو ہے۔

۳۔ تیسری بحث اس میں ہے کہ ابن حاجب نے عموم المجاز کا لحاظ کیا ہے کہ اصالۃ اور تبعیۃ دونوں جانبوں سے جاری ہے، یہ دلالت کرتا ہے اس پر کہ "کل محتاج الیہ فھو اصل" ہر محتاج الیہ اصل ہے۔

۴۔ چوتھی بحث یہ ہے کہ فکر امور معلومہ کو ترتیب دینا ہے، تو اس میں کوئی شک نہیں کہ امور معلومہ فکر کا مادہ ہیں اور اس کیلئے اصل ہیں، باوجود اس کے کہ فکر کی بناء امور معلومہ پر نہ حسی ہے، اور نہ مصنف کی تفسیر کے مطابق عقلی ہے

کیونکہ مصنف کے نزدیک حکم کا ترتب ہے دلیل پر۔(التلویح)

فقہ کی تعریف :والفقہ معرفة النفس ما لها وما عليها، نفس کا نفع مند (یعنی جائز) چیزوں کو جاننا اور نقصان دہ یعنی ممنوعات کو جاننا۔

ويزاد عملا ليخرج الاعتقاديات والوجدنيات فيخرج الكلام والتصوف ومن لم يزد اراد الشمول. (تنقیح)

فقہ کی تعریف میں بعض لوگوں نے عملا کی قید بڑھائی ہے تا کہ وجدانیات اور اعتقادیات فقہ کی تعریف سے خارج ہو جائیں، تو اس طرح کی فقہ کی تعریف سے علم کلام اور علم تصوف خارج ہو جائیں گے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله والفقه نقل للمضاف تعريفين مقبولا ومزيفا وللمضاف اليه تعريفين صرح بتزييف احدهما دون الآخر ثم ذكر من عنده تعريفا ثالثا فالأول معرفة النفس ما لها وما عليها يجوز ان يريد بالنفس العبد نفسه لأن اكثر الأحكام متعلقة بأعمال البدن وان يريد النفس الانسانية اذ بها الافعال ومنها الخطاب وانما البدن آلة. (التلويح)

مصنف نے پہلے مضاف یعنی اصول کی دو تعریفیں کی ہیں ایک قوی اور ایک ضعیف، اب مضاف الیہ کی دو تعریفیں بیان کر رہے ہیں، ایک قوی اور ایک ضعیف۔ پھر تیسری تعریف مصنف اپنے مختار مسلک پر بیان فرمائیں گے۔

پہلی تعریف بیان کی "معرفة النفس ما لها وما عليها" جائز ہے کہ نفس سے مراد انسان ہو کہ اکثر احکام کا تعلق انسان کے بدن سے ہے۔ اور یہ بھی جائز ہے کہ نفس انسانیہ مراد ہو جس کے ذریعے احکام ثابت ہوتے ہیں، کیونکہ بدن آلہ ہے طاقت انسانیہ کا۔(التلویح)

میر سید فرماتے ہیں :معرفة النفس ما لها وما عليها فقہ کا لغوی معنی ادراک، سمجھ لینا۔

معرفة، کا مطلب ہے ایک چیز کا علم بمع حکم کے کہ یہ اس طرح ہے جیسے کوئی شخص ایک مرد کو دوسری مرتبہ دیکھے تو یہ کہے "انه زيد" بیشک وہ زید ہے، میں نے اسے پہلے بھی دیکھا ہے لیکن ایک شخص اگر سقمونیا کی خصوصیت کا عالم ہے لیکن اس نے سقمونیا کو دیکھا نہیں، جب وہ سقمونیا کو دیکھے تو اس کی خاصیت یعنی اسہال کو دیکھ کر کہے کہ "انہ سقمونیا" یہ سقمونیا ہے تو یہاں سقمونیا پر معرفت کا ادراک نہیں کیونکہ اسے پہلے نہیں دیکھا تھا۔

نفس کا معنی جان، جیسے کہا جاتا ہے "خرجت نفسہ" اس کی جان نکل گئی۔ اور نفس کا معنی ایک چیز کا عین، جیسے کہا جاتا

مصنف فرماتے ہیں: ومن لم یزد اراد الشمول ، ھذا التعریف منقول عن أبی حنیفة رحمه الله (التنقیح والتوضیح)

جن حضرات نے عملا کی قید زائد نہیں کی انہوں نے اعتقادیات، وجدانیات یعنی علم کلام اور تصوف کو علم فقہ میں شامل کرنے کا ارادہ کیا ہے۔ امام اعظم أبوحنیفہ رحمہ اللہ سے یہی تعریف منقول ہے جس میں عملا کی قید نہیں۔ اسی لئے آپ کی کتاب اعتقادیات میں لکھی ہوئی کا نام "فقہ اکبر" ہے۔

ہے "رأیت فلانا نفسه" میں نے فلاں کی ذات کو دیکھا، اور بمعنی حر کے بھی آتا ہے، جیسے رب تعالی کا ارشاد ہے "واذا قتلتم نفسا" (لیکن راقم کے نزدیک یہاں مطلقا انسان معنی لینا بھی صحیح ہے) جیسے "من الکبائر قتل النفس بغیر حق" کسی انسان کو ناحق قتل کرنا کبیرہ گناہ ہے۔ یہاں انسان ہی مراد ہے کیونکہ صرف جان مراد نہیں یعنی بکری کو قتل کرنا گناہ کبیرہ نہیں، یہاں کتاب میں سب معانی معتبر ہیں۔

قوله یزاد: ایک احتمال یہ بھی کہ "یراد" راء مہملہ سے ہو، یعنی اس تعریف میں عملا کی قید کو مراد لیا گیا ہے عام نسخوں میں "یزاد" زاء معجمہ سے ہے۔ عملا، پر نصب کی وجہ "عملا" تمییز ہو لفظ معرفت کی نسبت ما موصول کی طرف سے۔ یعنی نفس کی مالھا وما علیھا کی اس لحاظ پر کہ وہ مباح ہے یا حرام ہے، نفع مند ہے یا نقصان دہ ہے، یا یہ تمییز ہو اس نسبت سے جو ظرف کی نسبت ضمیر موصول کی طرف ہے یعنی معرفة النفس ما عمله لها وما عمله علیها، یا نصب ہو اس پر کہ یہ حال ہو مفعول یا فاعل ظرف سے۔

قوله لیخرج الاعتقادیات: یعنی عملا، کی قید سے اعتقادیات کو نکال دیا گیا، اعتقادیات سے معارف اعتقادیہ ہیں یعنی "معرفة النفس ما لها وما علیها اعتقادا" اس معرفت سے مراد مسائل اعتقادیہ کا علم ہے جیسے الھیات ونبوات واحوال آخرۃ ہیں۔

قوله والوجدانیات: وجدان، کا معنی ہے پانا۔ مراد اس سے معارف وجدانیہ ہیں جو نفس انسانی کو حاصل ہوتے ہیں بغیر دلیل عقلی اور نقلی کے۔ جیسے انسان بغیر کسی دلیل کے اپنے دل کی کیفیات سے جان لے کہ علم، کرم، مروت، شجاعت، صبر، رضاء، زہد اور شہوات سے بچنا اچھا ہے بنسبت ان کی ضدوں کے۔

قوله فیخرج الکلام والتصوف: مطلب یہ ہے کہ اعتقادیات کے خارج ہونے سے علم کلام خارج ہوگا۔ اس لئے کہ علم کلام کی تعریف ہی یہ ہے کہ کلام وہ علم ہے جو احکام اعتقادیہ کا ادلہ تفصیلیہ سے حاصل ہو۔ علم کلام کا نام اس

فالمعرفة ادراک الجزئیات عن دلیل فخرج التقلید ،معرفت سے مراد یہ ہے جزئیات کا ادراک دلیل سے اس قید سے تقلید خارج ہوگئی۔(التوضیح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وفسر المعرفة بادراک الجزئیات عن دلیل والقید الأخیرمما لادلالة علیه اصلا ولااصطلاح وذهب فی قوله ما لها وما علیها الی ما یقال ان اللام للانتفاع وعلی التضرروقیدهما بالأخروی احترازا عما ینتفع به النفس أویتضررفی الدنیا من اللذات والآلام والمشعربهذا التقیید شهرة ان الفقه من العلوم الدینیة فذکرعلی هذا التقدیرثلاثة معان ثم ذکر معنیین آخرین فصارت المعانی المحتملة خمسة ثلاثة منها یشمل جمیع اقسام ما یأتی به المکلف والثان لایشملها کلها. (التلویح)

مصنف نے معرفت کی تعریف جو کی ہے''ادراک الجزئیات عن دلیل '' سے لیکن ادراک الجزئیات کو مقید کرنا عن دلیل سے اس قید پر نہ دلالت ہے، نہ اصطلاح ہے۔

لئے کلام رکھا گیا ہے کہ اس کے مسائل میں اختلاف پر کہا جاتا ہے''الکلام فی کذا کذا'' پھراس میں اختلاف پایا گیا ہے متکلمین اور حکماء کا۔(السید)

متکلمین وہ ہیں جو فقط قرآن وحدیث کو دلیل بناتے ہیں اور حکماء اسلامیہ قرآن وحدیث کے ساتھ عقلی دلائل کو بھی شامل کرتے ہیں، اور حکماء دہریہ صرف عقلی دلائل کا سہارا لیتے ہیں۔بعض جہلاء حکماء اسلامیہ کو بھی حکماء دہریہ میں شامل کر کے علماء کو جہلاء بناتے رہتے ہیں۔(راقم)

تصوف: وہ علم ہے جس سے احوال باطنہ اور کیفیات نفسانیہ کا وجدان کے ذریعے حصول ہو، تصوف ماخوذ ہے صوف بالضم سے یعنی صوف کا کپڑا پہننا۔صوف بالفتح سے ماخوذ کرنے میں بے ادبی ہے کیونکہ اس کا معنی ہے''تیر کا نشانے سے خطاء کر جانا'' اگرچہ بعض صوفیاءؒ کے کلام میں خطاء پائی جاتی ہے تاہم بعض کے من گھڑت احوال کی وجہ سے سب صوفیاء کرام کیلئے اصحاب صوف (بفتح الصاد) کہنا صحیح نہیں۔(ماخوذ من السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں :ادراک الجزئیات کا مطلب یہ ہے قضایا جزئیہ کا ادراک دلیل سے یعنی حکم جزئی کو دلیل سے ثابت کیا جائے، جس طرح دعوی یہ ہے''الصلوة واجبة ''نماز واجب ہے دلیل اس پر یہ قائم کی''لأنها مما اوجبه الله تعالی ''اس لئے کہ یہ ان میں سے جن کو اللہ نے واجب کیا''وکل ما اوجبه الله تعالی

مصنف وضاحت فرماتے ہیں :قوله ما لها وما عليها يمكن ان يراد به ما ينتفع به النفس وما يتضرر به في الآخرة كما في قوله تعالى "لها ما كسبت وعليها ما اكتسبت" فان اريد بهما الثواب والعقاب فاعلم أن ما يأتي به المكلف اما واجب أومندوب أومباح أومكروه كراهة تنزيه او مكروه كراهة تحريم أوحرام فهذه ستة ثم لكل واحد طرفان طرف الفعل وطرف الترك يعني عدم الفعل فصارت اثنى عشر ففعل الواجب والمندوب مما يثاب عليه وفعل الحرام والمكروه تحريما وترك الواجب مما يعاقب عليه والباقي لايثاب ولايعاقب عليه فلايدخل في شئ من القسمين. (توضيح)

متن میں جوذکر کیا گیا ہے"وما لها وعليها "لام انتفاع کیلئے اور علی ضرر کیلئے ہے،اس لئے ممکن ہے کہ مراد اس سے یہ ہو کہ نفس کو جس چیز کے ذریعے نفع ہو آخرت میں وہ"ما لها "ہے۔اور جس چیز کا نقصان ہو آخرت میں وہ"وما عليها"ہے۔جیسے رب تعالی کا ارشاد ہے"لها ما كسبت وعليها ما اكتسبت"(التوضیح)

وذهب في قوله "ما لها وما عليها الخ "مصنف نے"مالها وعلیها"جو بیان کیا ہے تو وہ اس طرف گئے ہیں کہ" لام"انتفاع کیلئے اور"علی"ضرر کیلئے ہے۔پھر"فی الآخرۃ" کی قید لگائی ہے اس سے دنیاوی لذات وآلام کو فقہ کی تعریف سے خارج کیا کیونکہ مشہور بات ہے کہ فقہ علوم دینیہ سے ہے۔

"لھا،علیھا"کے اعتبار سے تین معانی ذکر کئے ہیں پھر دو معنی اور ذکر کئے ہیں،کل معانی محتملہ پانچ ہیں،تین ان میں سے جمیع اقسام کو شامل ہیں،اور دو معانی جمیع اقسام کو شامل نہیں۔پہلا معنی مصنف کی توضیح سے دیکھئے۔

فهو واجب"ہر وہ جسے اللہ نے واجب کیا وہ واجب ہے۔

قوله فخرج التقليد :جب فقہ یہ ہے کہ جزئیات کا ادراک دلیل سے ہو،یعنی مجتہد دلیل سے مسئلہ کا استنباط کرے تو تقلید اس سے خارج ہوگئی،کیونکہ تقلید کا لغوی معنی ہے"قلادہ اپنے گلے میں ڈالنا"اور اصطلاحی معنی ہے کہ ایک شخص مجتہد کی اتباع لازم پکڑے اسی کے مذہب پر عمل کرے اور اسی کے اجتہاد کے مطابق فتوی دے،اسلئے حقیقی معنی کے لحاظ پر مقلد فقیہ نہیں بلکہ مجتہد کا تابع ہے،حقیقی معنی کے لحاظ پر فقیہ مجتہد ہی ہے۔(السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں :کسب کی دو قسمیں ہیں۔(۱) کسب القلب،یہ نیت اور ارادہ ہے۔

(۲) کسب الجوارح والاعضاء،وہ عمل ہے جو خیر کے مصمم ارادہ ونیت پر ثواب دیا جاتا ہے اگر چہ وہ کام نہ بھی کرے،

مصنف فرماتے ہیں :اگر" مالھا وما علیھا" سے مراد ثواب وعقاب ہو(تو یہ بعض قسموں کو شامل ہے اور بعض کو نہیں)
مکلف نے جو کام کرنا ہے یا وہ واجب ہوگا یا مستحب یا مباح یا مکروہ تنزیہی یا مکروہ تحریمی یا حرام۔
ان چھ قسموں کی دو دو قسمیں ہیں، ایک طرف فعل اور ایک ترک یعنی عدم فعل، اس طرح کل بارہ قسمیں بن گئیں۔ فعل

والاقسام اثنی عشر(ای فصارت الاقسام اثنی عشر) لأن ما یأتی به المکلف ان تساوی فعله وترکه فمباح والا فان کان فعله اولی فمع المنع عن الترک واجب وبدونه مندوب وان کان ترکه أولی فمع المنع عن الفعل بدلیل قطعی حرام وبدلیل ظنی مکروه کراهة التحریم وبدون المنع عن الفعل مکروه کراهة التنزیه هذا علی رای محمد رحمه الله وهو المناسب ههنا لأن المصنف جعل المکروه تنزیها مما یجوز فعله والمکروه تحریما مما لایجوز فعله بل یجب ترکه کالحرام وهذا لایصح علی رأیهما وهوان ما یکون ترکه أولی من فعله فهومع المنع عن الفعل حرام وبدونه مکروه کراهة التنزیه ان کان الی الحل اقرب بمعنی ان فاعله مستحق محذورا دون العقوبة بالنار کحرمان الشفاعة ثم المراد بالواجب ما یشمل الفرض ایضا لأن استعماله بهذا المعنی شایع عندهم کقولهم الزکوة واجبة والحج واجب بخلاف اطلاق الحرام علی المکروه تحریما والمراد بالمندوب ما یشمل السنة والنفل فصارت الاقسام ستة.(التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:اقسام کل بارہ ہیں ،مکلف نے جو لاتا ہے اگر اس میں فعل وترک برابر ہوں تو مباح، ورنہ اگر فعل اولی ہو اور ترک سے ممانعت پائی جائے تو واجب، اگر ترک سے ممانعت نہ ہو تو مندوب۔ اور اگر ترک اولی ہو اور اسکے فعل سے دلیل قطعی سے منع کیا گیا ہو تو وہ حرام ہے اور اگر دلیل ظنی سے منع کیا گیا ہو تو وہ مکروہ تنزیہی ہے۔
مکروہ تنزیہی کی یہ تعریف امام محمد رحمہ اللہ کے رائے کے مطابق ہے اور یہاں یہی مناسب ہے کیونکہ (مصنف نے

اور شر کی جزاء فعل کے بعد دی جاتی ہے۔ جیسا کہ روایت میں ہے کہ انسان کے دو فرشتے ہوتے ہیں ایک دائیں اور ایک بائیں، دائیں طرف والا فرشتہ نیکی کے مصمم ارادہ کو بھی لکھ لیتا ہے لیکن بائیں طرف والا فرشتہ اس کے گناہ صادر ہونے کے بعد لکھتا ہے۔ پھر خیر اصل کسب ہے اور شر زیادتی کسب ہے، اسی وجہ سے خیر کیلئے "کسبت" استعمال کیا اور شر کیلئے "اکتسبت" کیونکہ زیادتی حروف زیادتی معانی پر دلالت کرتے ہیں۔(السید)

واجب اور مندوب پر ثواب دیا جائے گا۔ اور فعل حرام اور مکروہ تحریمی کے فعل اور واجب کی ترک پر عذاب دیا جائے گا، اور باقیوں پر نہ ثواب اور نہ عذاب۔ یعنی باقی قسمیں مالھا بمعنی ثواب اور ماعلیھا بمعنی عذاب کسی قسم میں داخل نہیں ہوں گی۔ (التوضیح)

مکروہ تنزیہی کو "مما یجوز فعلہ" میں داخل کیا ہے اور مکروہ تحریمی کو "مما لا یجوز فعله بل یجب ترکه کالحرام" میں داخل کیا ہے) جو عنقریب ان شاء اللہ آ رہا ہے۔

لیکن شیخین کے قول کے مطابق اس طرح نہیں بلکہ ان کے قول کے مطابق اس طرح ہے، کہ وہ جس کی ترک اولی ہو فعل سے اور فعل سے منع بھی پایا گیا ہو وہ حرام ہے، اور منع نہ کیا گیا ہو تو وہ مکروہ، اگر وہ حلت کے قریب ہو یعنی اس کے فاعل کو عذاب نہ دیا جائے لیکن کچھ نہ کچھ ثواب اسے دیا جائے تو وہ مکروہ تنزیہی ہے۔

اور اگر حرام کے قریب ہو یعنی اس کا فاعل ثواب سے دور ہو اسے سزا سے ڈرایا گیا ہو لیکن آگ کے عذاب سے کم ہو جیسے وہ شفاعت سے محروم ہو تو مکروہ تحریمی ہے۔

واجب شامل ہے فرض کو بھی: اگرچہ اصل میں فرق ہے کہ دلیل قطعی سے ثابت ہونے والا فرض ہے اور دلیل ظنی سے ثابت ہونے والا واجب ہے، لیکن واجب کا اطلاق فرض پر فقہاء کے نزدیک مشہور ہے، جیسے کہا جاتا ہے "الزکوۃ واجبۃ، الحج واجب" وغیرہ۔

حرام کا اطلاق مکروہ تحریمی پر نہیں: جس طرح اصل میں فرق ہے کہ دلیل قطعی سے ممنوعیت ثابت ہو تو حرام ہے اور دلیل ظنی سے ثابت ہو تو مکروہ تحریمی، اسی طرح ہر ایک پر اپنا اپنا نام بولا جاتا ہے مکروہ تحریمی پر حرام نہیں بولا جاتا۔

مندوب کا اطلاق سنت اور نفل پر بھی ہے۔

بارہ اقسام میں وجہ حصر: میر سید شریف فرماتے ہیں ، مصنف نے کتاب کی قسم ثانی یعنی حکم کی بحث میں ذکر کیا بیشک عمل اگر اس کا فعل اولی ہو ترک سے باوجود ترک کی ممنوعیت کے تو پھر دیکھا جائے کہ وہ دلیل قطعی سے ثابت ہے یا ظن سے۔ اگر دلیل قطعی سے ثابت ہو تو فرض اور اگر دلیل ظنی سے ثابت ہو تو واجب۔ اور اگر فعل اولی ہو لیکن ترک منع نہ ہو تو پھر دیکھا جائے کہ وہ طریقہ مسلوکہ ہے دین میں یا نہیں، اگر طریقہ مسلوکہ ہو دین میں تو سنت ورنہ نفل ومندوب ہے۔ اور اگر ترک اولی ہو فعل سے باوجود فعل کے منع ہونے کے تو حرام ہے اور بغیر ممانعت کے مکروہ، اور اگر فعل وترک دونوں جانب برابر ہوں تو مباح۔

کل اقسام چھ ہیں :

ولکل منهما طرفان فعل ای ایقاع علی ما هو المعنی المصدری وترک ای عدم فعل فتصیر اثنی عشر والمراد بما یأتی به المکلف الفعل بمعنی الحاصل من المصدر کالهیئة التی تسمی صلوة والحالة التی تسمی صوما ونحو ذلک مما هو أثر صادر عن المکلف وطرف فعله ایقاعه وطرف ترکه عدم ایقاعه والأمور المذکورة من الواجب والحرام وغیرهما وان کانت فی الحقیقة من صفات فعل المکلف خاصة الا انها قد تطلق علی عدم الفعل ایضا فیقال عدم مباشرة الواجب حرام وعدم مباشرة الحرام واجب وهو المراد ههنا وانما فسر الترک بعدم الفعل لیصیر قسما آخر اذ لو ارید به کف النفس لکان ترک الحرام مثلا فعل الواجب بعینه. (التلویح)

پھر ہر ایک کی دو دو طرفیں ہیں فعل اور ترک، فعل سے مراد مصدری معنی ہے ایقاع، اور ترک کا مطلب عدم فعل، اس طرح کل بارہ قسمیں ہو گئیں۔ پھر مراد فعل وترک سے حاصل بالمصدر ہے، یعنی مکلف کا فعل اس ہیئت پر لانا جسے "صلوۃ" کہا جاتا ہے یا اس حالت پر لانا جسے صوم کہا جاتا ہے مقصد یہ ہے کہ مکلف سے اثر صادر ہو، طرف فعل ایقاع ہے اور طرف ترک عدم ایقاع ہے۔

تنبیہ: واجب اور حرام وغیرہ اگر چہ حقیقت میں فعل مکلف کی صفات ہیں خاص کر کے مگر کبھی عدم فعل پر بھی اطلاق ہوتا ہے، یعنی واجب پر عمل نہ کرنا حرام ہے اور حرام پر عمل کرنے کو چھوڑنا واجب ہے یہی مراد ہے یہاں۔

ترک کی تفسیر عدم فعل سے کی ہے تاکہ اور قسم بن جائے، اگر صرف کف النفس (انسان کا فعل سے رکنا) مراد ہو تو یہ ترک حرام مثلاً فعل واجب ہوگا بعینہ۔

فان قلت ایّ حاجة الی اعتبار الفعل والترک وجعل الأقسام اثنی عشر وهلا اقتصر علی الستة بأن یراد بالواجب مثلا اعم من الفعل والترک قلت لأنه اذا قال الواجب یدخل فیما یثاب علیه لم یصح ذلک فی الواجب بمعنی عدم فعل الحرام فلابد من التفصیل المذکور ثم لایخفی ان المراد عدم الاتیان بالواجب یستحق العقاب الا انه قد لایعاقب لعفو من الله تعالی أو سهو من

مکروہ کی دو قسمیں ہیں مکروہ تحریمی اور تنزیہی، مکروہ تحریمی حرام کے قریب ہے اور تنزیہی حلال کے قریب ہے۔ واجب یہاں عام ہے جو فرض کو بھی شامل ہے، اور مندوب بھی یہاں عام ہے جو سنت کو بھی شامل ہے۔ "کراهة تنزیه" اضافت بیانیہ ہے یعنی "کراهة هی تنزیه" اصل میں مقصد تشبیہ ہے جیسے "زید اسد" میں تشبیہ۔

دوسرا معنی مصنف بیان فرماتے ہیں :"وان اريد بالنفع عدم العقاب وبالضر العقاب فعل الحرام والمكروه وترك الواجب يكون من القسم الثاني اى مما يعاقب عليه والتسعة الباقية يكون من الاول اى مما لايعاقب عليه "اگر نفع سے مراد عدم عقاب ہو،اور ضرر سے مراد عقاب ہو تو فعل حرام اور فعل مکروہ اور ترک واجب دوسری قسم میں داخل ہیں کہ ان پر عذاب دیا جائے گا اور باقی نوقسمیں پہلی قسم میں داخل ہیں کہ ان پر عذاب نہیں دیا جائے گا۔(التوضیح)

العبد أونحو ذلك وباقي كلامه واضح الا ان فيه مباحث. (التلويح)

اعتراض: کونسی ضرورت درپیش آئی ہے فعل اور ترک کا علیحدہ علیحدہ اعتبار کرنے ،اور بارہ قسمیں بنانے کی۔ چھ قسموں پر ہی اقتصار کیوں نہیں کرلیا گیا، مثال کے طور پر واجب کو عام کرلیا جاتا فعل اور ترک کو شامل ہوتا۔

جواب: چونکہ مصنف نے واجب کو ثواب میں داخل کیا ہے لیکن حرام کے چھوڑنے پر جس وجوب کا اطلاق ہے اس میں نہ ثواب ہے اور نہ عذاب ہے، اس لئے جس تفصیل کو ذکر کیا گیا ہے اس کی ضرورت تھی۔

تنبیہ: عدم اتیان واجب سے انسان مستحق عقاب ہوتا ہے، لیکن کبھی اللہ تعالی معاف کردیتا ہے تو عذاب نہیں ہوتا، یا انسان بھول کر واجب چھوڑ دیتا ہے پھر بھی عذاب نہیں ہوتا۔

یہاں چند ابحاث ہیں:

الاول انه جعل ترك الحرام مما لايثاب عليه ولايعاقب واعترض عليه بأنه واجب والواجب يثاب عليه وفي التنزيل "واما من خاف مقام ربه ونهى النفس عن الهوى فان الجنة هي المأوى" وجوابه ان المثاب عليه فعل الواجب لا عدم مباشرة الحرام والا لكان لكل احد في كل لحظة مثوبات كثيرة بحسب كل حرام لايصدر عنه ونهي النفس كفها عن الحرام وهو من قبيل فعل الواجب ولانزاع في ان ترك الحرام بمعنى كف النفس عنه عند تهيؤ الاسباب وميلان النفس اليه مما يثاب عليه. (التلويح)

پہلی بحث: ترک حرام کو مباح بنایا گیا ہے کہ اس پر نہ ثواب دیا جائے گا اور نہ عذاب۔

مصنف نے پہلے چھ قسمیں بیان فرمائیں پھر ان کی دو دو قسمیں بنائی ہیں فعل اور ترک، اس کے بعد کہا ہے"فصارت اثنی عشر"اس کے متعلق میر سید شریف نے فرمایا"فالاولى ان يقال فصار الأقسام الحاصل من اضافة الفعل

مصنف تیسرا معنی بیان فرماتے ہیں: "وان ارید بالنفع الثواب وبالضر عدم الثواب ففعل الواجب والمندوب مما يثاب ثم العشرة الباقية مما لا يثاب عليها" "اگر مراد نفع سے ثواب لیا جائے اور ضرر سے عدم ثواب تو فعل واجب اور فعل مندوب پہلی قسم میں داخل ہیں جن پر ثواب دیا جائے گا، پھر دس باقی جن پر ثواب نہیں دیا جائے گا۔(التوضیح)

اعتراض: ترک حرام واجب ہے اور واجب پر ثواب دیا جاتا ہے، قرآن پاک میں بھی ہے "واما من خاف مقام ربه ونهى النفس عن الهوى فان الجنة هي المأوى" (اس آیت میں غلط شہوات نفسانیہ سے اپنے آپ کو روکنے پر جنت کا ذکر فرمایا گیا ہے) کو کس طرح یہ کہنا صحیح ہے کہ ترک حرام پر نہ ثواب ہے اور نہ عذاب؟

جواب: ثواب واجب پر ہے صرف حرام فعل کے نہ پائے جانے پر نہیں، ہاں اگر حرام فعل کا ارادہ ہو، پھر اس کا چھوڑنا واجب تھا اس وقت ترک حرام واجب ہونے کی وجہ سے ثواب ہوگا۔ ورنہ دن رات میں انسان کتنے ہی حرام کاموں سے بچا رہتا ہے اس طرح تو ہر لحظہ میں کثیر ثواب حاصل کرے گا کیونکہ وہ کتنے حرام کاموں سے اجتناب کئے ہوئے قرآن پاک میں "ونهى النفس عن الهوى" کا مطلب یہ ہے کہ حرام خواہشات کے ارادہ کے بعد اپنے آپ کو بچایا، یہ بچانا واجب تھا، واجب پر ثواب مرتب ہوتا ہے۔ اس میں کوئی نزاع نہیں بلکہ اتفاق ہے کہ جب حرام کے اسباب بھی پائے جائیں اور نفس کا میلان بھی ہو پھر نفس کو اس سے روکنا یعنی اس ترک حرام پر ثواب دیا جائے گا۔

تنبیہ: علامہ تفتازانی کی باقی ابحاث پر بعد میں ذکر ان شاء اللہ آئے گا، پہلے مصنف کے "مالها وما عليها" کے اور معانی دیکھے جائیں۔ "لیکن عربی عبارت ترتیب کے مطابق ہے بیان پہلے کیا گیا ہے"۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: احکام وجدانیات وجوب وغیرہ دلیل سے حاصل ہوتے ہیں اور ان کا نفس الامر میں ثبوت وجدان سے حاصل ہوتا ہے جس طرح عملیات میں وجوب صلوۃ کی پہچان دلیل سے ہوتی ہے اور اس کا وجود حس سے حاصل ہوتا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

والثاني ان المراد بالجواز في الوجه الرابع عدم منع الفعل والترک على ما يناسب الأمكان

والترک اثني عشر "بہتر یہ ہے کہ اس کا مطلب یہ بیان کیا جائے کہ فعل اور ترک کی نسبت جو اقسام حاصل ہوئی ہیں وہ بارہ ہیں۔

مصنف چوتھا معنی بیان کرتے ہیں :"ویمکن ان یراد بما لھا وما علیھا ما یجوزلھا وما یجب علیھا ففعل ما سوی الحرام والمکروہ تحریما وترک ما سوی الواجب مما یجوز لھا وفعل الواجب وترک الحرام خارجین عن القسمین "ممکن ہے کہ مراد "مالھا" سے وہ ہوں جو نفس کیلئے جائز ہیں، اور "ما علیھا" سے مراد وہ ہوں جو نفس پر واجب ہیں، تو حرام اور مکروہ تحریمی اور واجب کی ترک کے ماسوا "ما یجوز لھا" میں داخل ہیں اور فعل واجب اور ترک حرام اور ترک مکروہ تحریمی ما یجب علیھا میں داخل ہیں۔ اور فعل حرام اور فعل مکروہ تحریمی اور ترک واجب دونوں قسموں سے خارج ہیں۔ (التوضیح)

مصنف پانچواں معنی بیان کرتے ہیں :"ویمکن ان یراد بما لھا وما علیھا ما یجوزلھا وما یحرم علیھا فیشملان الاصناف" ممکن ہے کہ مراد "ما لھا" سے "ما یجوز لھا " ہو، اور "ما علیھا" سے مراد "ما یحرم علیھا" ہو اس طرح یہ دونوں "مالھا و ما علیھا" سب قسموں کو شامل ہیں۔

سب معانی میں سے بہتر معانی :یعنی جب کئی معانی بیان کئے جا چکے ہیں "اذا عرفت ھذا فالحمل علی وجہ لایکون بین القسمین واسطۃ اولی "تو ایسے معانی پر محمول کرنا بہتر ہے کہ دو قسموں کے درمیان واسطہ ثابت نہ ہو۔

الخاص لیقابل الوجوب وفی الخامس عدم منع الفعل علی ما یناسب الامکان العام لیقابل الحرمۃ. (التلویح)

دوسری بحث :مصنف نے چوتھا معنی جو بیان کیا "مایجوز لھا وما یجب علیھا" میں جواز بمعنی امکان خاص ہے جس میں دونوں جانبیں ضروری نہیں، نہ فعل اور نہ ترک فعل۔ اس طرح جواز مقابل ہے وجوب کے ورنہ جواز کے ضمن میں وجوب آجاتا ہے وما یجب علیھا کہنے کی ضرورت نہ ہوتی۔ اور مصنف نے جو پانچواں معنی بیان کیا ہے "ما یجوز لھا وما یحرم علیھا" اس میں جواز بمعنی امکان عام ہے جو حرمت کا مقابل ہے۔

فان قلت ان ارید بالجواز عدم منع الفعل والترک لم یصح قولہ ففعل ما سوی الحرام والمکروہ تحریما وترک ما سوی الواجب مما یجوزلھا لأن ما سوی الحرام والمکروہ یشمل الواجب مع انہ لایجوز بھذا المعنی وکذا ترک ما سوی الواجب یشمل ترک الحرام والمکروہ تحریما مع انہ لایجوز قلت ھذا مخصوص بقرینۃ التصریح بدخولہ فیما یجب علیھا. (التلویح)

اعتراض: اگر جواز امکان خاص یعنی عدم منع الفعل والترک کے معنی میں ہو تو مصنف کا قول "ففعل ما سوی الحرام والمکروہ تحریما وترک ما سوی الواجب مما یجوز لھا" کس طرح صحیح ہوگا، کیونکہ "ما سوی الحرام والمکروہ" واجب کو بھی شامل ہے باوجود اس کے کہ اس معنی میں جائز نہیں، اسی طرح "ترک ما سوی الواجب یشتمل ترک الحرام والمکروہ تحریما" حالانکہ یہ بھی جائز نہیں؟

جواب: جواز بمعنی امکان خاص مطلق نہیں بلکہ مخصوص صریح قرینہ پائے جائے تو پھر یہ معنی لیا جائے گا۔

والثالث ان ما یحرم علیھا فی الوجه الخامس بمعنی المنع عن الفعل یشمل الحرام والمکروہ تحریما والرابع ان لیس المراد بمعرفة ما لھا وما علیھا تصورھما ولا التصدیق بثبوتھما لظھوران لیس الفقه عبارۃ عن تصور الصلوۃ وغیرھا کالتصدیق بان ھذا واجب وذلک حرام والیه الاشارۃ بقوله کوجوب الایمان فاحکام الوجدانیات من الوجوب ونحوہ یدرک بالدلیل وثبوتھا فی نفس الأمر بالوجدان کما فی العملیات یعرف وجوب الصلوۃ بالدلیل ووجودھا بالحس ثم لایخفی ان اعتراضه علی التعریف الثانی بأنه لایجوزان یراد بالاحکام کلھا ولابعضھا المعین ولا المبھم وارد ھھنا فیما لھا وما علیھا ان اطلاق اللفظ المحتمل للمعانی المتعددۃ مع عدم تعین المراد غیر مستحسن فی التعریفات. (التلویح)

نوٹ: اس عبارت کا مطلب پیچھے قریب بحث ثانی سے پہلے ذکر کر دیا گیا ہے۔

تیسری بحث: پانچویں معنی میں "ما یحرم علیھا" بمعنی "ما یمنع علیھا" کے ہے جو حرام اور مکروہ تحریمی دونوں کو شامل ہے۔

چوتھی بحث: "معرفة النفس ما لھا وما علیھا" سے مراد نہ ہی ان کا تصور ہے اور نہ ہی تصدیق ہے یعنی صرف تصور صلوۃ وغیرہ یا تصدیق ان کے وجود کی نفس الامر میں مراد نہیں، بلکہ مراد صلوۃ وغیرہ کے احکام کی معرفت ہے جیسے تصدیق اس کی کہ "ھذا واجب وذاک حرام" اسی کی طرف اشارہ کیا مصنف نے یہ کہہ کر "کوجوب الایمان"۔

تنبیہ: فقہ کی جو تعریف "مالھا وما علیھا" سے کی گئی ہے اس سے مراد تمام احکام بھی نہیں ہو سکتے اور نہ بعض معین مراد ہیں اور نہ بعض مبہم۔ تعریف میں ایسے الفاظ کا ذکر کرنا جو متعدد معانی کا احتمال رکھتے ہوں جن سے مراد متعین نہ ہو، مستحسن

قوله والباقی لایثاب ولایعاقب علیه: باقی اقسام میں نہ ثواب ہے اور نہ عذاب، وہ باقی سات قسمیں ہیں ترک، مندوب، فعل مباح، ترک مباح، فعل مکروہ تنزیہی، ترک مکروہ تنزیہی، ترک حرام اور ترک مکروہ تحریمی۔ (السید)

ثم ما لها وما عليها يتناول الاعتقاديات كوجوب الايمان ونحوه والوجدانيات اى الاخلاق الباطنة والملكات النفسانية والعمليات كالصلوة والصوم والبيع ونحوهما فمعرفة ما لها وما عليها من الاعتقاديات هي علم الكلام ومعرفة ما لها وما عليها من الوجدانيات هي علم الأخلاق والتصوف كالزهد والصبر والرضا وحضور القلب في الصلوة ونحو ذلك ومعرفة ما لها وما عليها من العمليات هي الفقه المصطلح فان اردت بالفقه هذا المصطلح زدت عملا على قوله ما لها وما عليها وان اردت ما يشمل الاقسام الثلاثة لم تزد وابو حنيفة رحمه الله انما لم يزد عملا لأنه اراد الشمول اى اطلق الفقه على العلم بما لها وما عليها سواء كان من الاعتقاديات أو الوجدانيات أو العمليات ثم سمى الكلام فقها اكبر. (توضيح)

مصنف فرماتے ہیں: "وما لها وما عليها" شامل ہے اعتقادیات کو جیسے وجوب ایمان وغیرہ اور وجدانیات کو بھی شامل ہے جیسے اخلاق باطنہ اور ملکات نفسانیہ اور عملیات کو بھی شامل ہے جیسے نماز، روزہ، بیع وغیرہ۔

"معرفة النفس ما لها وما عليها" کا تعلق اعتقادیات سے ہو تو وہ علم کلام ہے اور جب ہو وجدانیات سے تو وہ علم اخلاق وتصوف ہے جیسے زہد اور صبر ورضا اور نماز میں قلب کا حضور وغیرہ، اور جب عملیات سے تعلق ہو تو یہ علم فقہ ہے جو اصطلاح میں مشہور ہے۔

مصطلح علم فقہ کی تعریف میں: "معرفة النفس ما لها وما عليها" کے ساتھ عملا کی قید زیادہ کرنی پڑے گی، اگر فقہ کو عام رکھا جائے کہ وہ علم کلام اور علم تصوف کو بھی شامل ہو تو عملا کی قید نہیں بڑھائی جائے گی، امام اعظم ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے ان علوم کو فقہ میں داخل کرنے کیلئے عملا کی قید کا اضافہ نہیں کیا، آپ نے مطلقا فقہ کی تعریف "معرفة النفس ما لها وما عليها" سے کی ہے خواہ وہ اعتقادیات ہوں یا وجدانیات ہوں، یا عملیات۔ پھر آپ نے علم کلام

نہیں۔ اصل میں اس سے فقہ کی اس تعریف کے ضعف کی طرف اشارہ کیا ہے۔ (التلویح)

کوجوب الایمان ونحوه: نحوہ سے مراد حرمۃ کفر۔

قوله کوجوب الایمان: اس میں تین مذہب ہیں۔ ۱۔ ایمان صرف تصدیق قلبی ہے اقرار احکام کیلئے شرط ہے۔ ۲۔ تصدیق اور اقرار کا مجموع ایمان ہے۔ ۳۔ تصدیق، اقرار اور عمل بالارکان کا مجموع ایمان ہے۔ (السید)

میں لکھی ہوئی اپنی کتاب کا نام فقہ اکبر رکھا۔(التوضیح)

وقیل العلم بالاحکام الشرعیة العملیة من ادلتها التفصیلیة فالعلم جنس والباقی فصل.(تنقیح وتوضیح)

فقہ کی ایک اور تعریف :مصنف بیان کرتے ہیں" وقیل العلم بالأحکام الشرعیة العملیة من ادلتها التفصیلیة" فقہ علم ہے ادلہ تفصیلیہ سے احکام شرعیہ کا۔(التنقیح)

علم جنس ہے اور باقی فصلیں ہیں۔(التوضیح)

قوله ای الاخلاق الباطنیة :اخلاق جمع ہے خلق (بضم الخاء) کی، یہ حالۃ نفسانیہ ہے جس طرح محبت، بغض، علم، جہل، شجاعت، جبن، سخاوت، بخل، رضا، صبر، مروۃ، کراھۃ اور کینہ وغیرہ۔ خلق بالفتح یہ حالۃ جسمانیہ ہے جیسے وضع، شکل، رنگ، حسن صورت اور قبح صورت وغیرہ۔

قوله والملکات النفسانیة :ملکہ کیفیۃ راسخہ ہے نفس میں، کبھی خلق بالضم پر بھی اس کا اطلاق کیا جاتا ہے ملکات کا وصف نفسانیہ تجرید پر مبنی ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وقیل العلم عرف اصحاب الشافعی رحمه الله الفقه بأنه العلم بالأحکام الشرعیة من ادلتها التفصیلیة وبیان ذلک ان متعلق العلم اما حکم أوغیره والحکم اما مأخوذ من الشرع اما ان یتعلق بکیفیة العلم اولا والعملی اما ان یکون العلم به حاصلا من دلیله التفصیلی الذی نیط به الحکم اولا فالحکم المتعلق بجمیع الأحکام الشرعیة العملیة الحاصل

میر سید شریف کہتے ہیں :یہ تعریف پہلی تعریف سے اخص ہے کیونکہ اس کے ساتھ شرعیہ کی قید لگائی ہے، اس قید سے علوم عربیہ خارج ہو جائیں گے کیونکہ وہ احکام شرعیہ نہیں، اور من وجہ یہ تعریف اعم ہے پہلی تعریف سے جب یہ لحاظ کیا جائے کہ مراد "مالها وما علیها" سے امور نافعہ وضارہ ہیں آخرت میں، اس لئے کہ فعل مباح، ترک مباح اور فعل مکروہ پر نہ ثواب دیا جاتا ہے نہ عذاب۔

قوله العملیة :حکم کی نسبت عمل کی طرف ایسے ہے جیسے صفت کی نسبت موصوف کی طرف ہو، کیونکہ حکم سے مراد اثر خطاب اللہ ہے جیسے وجوب حرمت، مندوب۔ کیونکہ وجوب وحرمت ومندوب خطاب اللہ پر مرتب ہونے والے اثرات ہیں یا حکم کی نسبت عمل کی طرف ایسے ہے جیسے فعل کی نسبت مفعول کی طرف ہے۔ یہ اس وقت ہے جب حکم سے مراد نفس خطاب اللہ ہو جیسے "ایجاب وتحریم وندب"

من ادلتها التفصيلية هو الفقه وخرج العلم بغير الاحكام من الذوات والصفات والعلم بالاحكام الغير الماخوذة من الشرع كالأحكام الماخوذة من العقل كالعلم بأن العالم حادث أومن الحس كالعلم بأن النار محرقة أومن الوضع والاصطلاح كالعلم بأن الفاعل مرفوع وخرج العلم بالأحكام الشرعية النظرية وتسمى اعتقادية واصلية ككون الاجماع حجة والايمان واجبا وخرج ايضا علم الله تعالى وجبريل والرسول عليهما الصلوة والسلام وكذا علم المقلد لأنه لم يحصل من الادلة التفصيلية. (التلويح)

فقہ کی یہ تعریف اصحاب شافعی رحمہ اللہ کی ہے کہ فقہ علم ہے احکام شرعیہ کا ادلہ تفصیلیہ سے۔ بیان اس کا یہ ہے کہ متعلق علم یا حکم ہوگا یا غیر حکم ہوگا، پھر حکم یا ماخوذ ہوگا شرع سے یا نہیں۔ پھر اگر ماخوذ ہوا شرع سے تو اس کی تعلق کیفیت عمل سے ہوگا یا نہیں، پھر وہ علم جس کا تعلق کیفیت عمل سے ہو وہ دلیل تفصیلی سے حاصل ہوگا یا نہیں۔ دلیل تفصیلی سے مراد جس پر حکم کی دارومدار ہو، ان تمام صورتوں میں سے فقہ اسے کہا جائے گا کہ علم حاصل ہو جمیع احکام شرعیہ عملیہ کا ادلہ تفصیلیہ سے۔

فقہ کی تعریف کی قیود سے مندرجہ ذیل چیزیں خارج ہوں گی، احکام شرعیہ عملیہ کی قید سے ذات وصفات کا علم خارج ہوگیا کیونکہ وہ احکام کا علم نہیں۔ اسی طرح شرعیہ کی قید سے ان احکام کا علم خارج ہوگیا جو شرعی نہیں بلکہ وہ عقلی سے حاصل ہوتے ہیں جیسے ''العالم حادث'' یا حس سے حاصل ہوتے ہیں جیسے ''النار محرقۃ'' یا وہ احکام وضع واصطلاح سے حاصل ہوتے ہیں جیسے ''الفاعل مرفوع'' پھر عملیہ کی قید سے احکام شرعیہ نظریہ یعنی اعتقادیہ اور اصلیہ کا علم خارج ہوگیا جیسے اجماع کا حجت ہونا اور ایمان کا واجب ہونا۔ یہ حکم عملی نہیں بلکہ اعتقادی ہے۔ ادلہ تفصیلیہ کی قید سے رب تعالیٰ کا علم خارج ہوگیا کیونکہ اس کا علم ذاتی ہے، اس کا علم ادلہ تفصیلیہ سے حاصل نہیں ہوتا، اور جبریل اور رسول اللہ ﷺ کا علم بھی خارج ہوگیا وہ علم اللہ تعالیٰ کی عطاء سے ہے ادلہ تفصیلیہ سے نہیں۔ اور مقلد کا علم بھی خارج ہوگیا اس کا علم مجتہد کے علم تابع ہوتا ہے، ادلہ تفصیلیہ سے اسے حاصل نہیں ہوا۔ (التلویح)

قوله من ادلتها التفصيلية: اس ظرف کا تعلق ''العلم'' سے ہے یعنی ''العلم بالحكم من دليله وهو الفقه'' دلیل سے ثابت ہونے والے حکم کا علم ہی فقہ ہے۔ استنباط، اجتہاد اور تقلید یہ مجتہد کے قول سے ثابت ہونے والے احکام کا علم ہے، یہ فقہ نہیں۔ اسلئے کہ یہ علم دلیل سے حاصل نہیں ہوا کیونکہ مجتہد کا قول حکم پر دلیل نہیں بلکہ وہ حکم کی دلیل کی ولالت پر دلیل ہے۔

فقوله بالأحكام يمكن ان يراد بالحكم ههنا اسناد امر الى آخر ويمكن ان يراد الحكم المصطلح وهو خطاب الله تعالى المتعلق الخ. (توضيح)

مصنف بیان فرماتے ہیں: فقولہ بالاحکام، احکام جمع ہے حکم کی، ممکن ہے حکم کا معنی ہو "اسناد امر الی امر آخر" ایک چیز کی نسبت دوسری چیز کی طرف کرنا جس میں فائدہ تامہ پایا جائے، اور ممکن کہ حکم سے اس کا اصطلاحی معنی لیا جائے "الحكم هو خطاب الله تعالى المتعلق بافعال المكلفين بالاقتضاء أو التخيير" (التوضیح)

قوله يمكن ان يراد بالحكم الحكم يطلق في العرف على اسناد امر الى امر آخر اى نسبته اليه بالايجاب أو السلب وفي اصطلاح الأصول على خطاب الله تعالى المتعلق بافعال المكلفين بالاقتضاء أو التخيير وفي اصطلاح المنطق على ادراك ان النسبة واقعة أو ليست بواقعة ويسمى تصديقا وهو ليس بمراد ههنا لأنه علم والفقه ليس علما بالعلوم الشرعية والمحققون على ان الثاني ايضا ليس بمراد والا لكان ذكر الشرعية والعملية تكرارا بل المراد النسبة التامة بين الأمرين التي العلم بها تصديق وبغيرها تصور والى هذا اشار بقوله يخرج التصورات ويبقى التصديقات فيكون الفقه عبارة عن التصديق بالقضايا الشرعية المتعلقة بكيفية العمل تصديقا حاصلا من الأدلة التفصيلية التي نصبت في الشرع على تلك القضايا وفوائد القيود ظاهرة على هذا التقدير. (التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: مصنف نے حکم کے دو معنی بیان کئے ہیں، اور تیسرا معنی حکم کا منطقیوں کی اصطلاح میں ہے "الحكم هو الادراك ان النسبة واقعة أو ليست بواقعة" اس حکم کو تصدیق کہا جاتا ہے، لیکن یہ حکم یہاں مراد نہیں کیونکہ تصدیق علم ہے، فقہ علوم شرعیہ کا علم نہیں بلکہ احکام شرعیہ عملیہ کا علم ہے۔

محققین حضرات نے کہا ہے کہ حکم کا دوسرا اصطلاحی معنی بھی معتبر نہیں ورنہ شرعیہ اور عملیہ کی قید کا تکرار ہوگا۔

علامہ تفتازانی کا مختار یہ ہے کہ یہاں حکم کا مطلب یہ ہے "دو چیزوں کے درمیان نسبت تامہ پائی جائے" جس کی وجہ سے اس علم کو تصدیق کہا جائے، جب نسبت تامہ نہ پائی جائے تو وہ علم تصور ہوگا۔ اسی کی طرف اشارہ کیا ہے مصنف اپنے قول "يخرج التصورات ويبقى التصديقات" (جو عنقریب ان شاء اللہ آرہا ہے)

ادلہ تفصیلیہ سے مراد: ادلہ اربعہ ہیں کتاب، سنت، اجماع، وقیاس۔

اس معنی کے لحاظ پر فقہ کی تعریف یہ ہوگئی فقہ تصدیق ہے قضایا شرعیہ کی وجہ سے جو متعلق ہوں کیفیت عمل سے، وہ تصدیق حاصل ہوادلہ تفصیلیہ سے جو شرع میں ان قضایا پر نصب ہوں۔(التلویح)

علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں: "فیکون الفقه عبارة عن التصديق الى آخره" فقہ سے مراد یہ ہے کہ تصدیق ہو قضایا شرعیہ سے جو متعلق ہو کیفیت عمل سے، وہ تصدیق حاصل ہوادلہ تفصیلیہ سے جو شرع میں ان قضایا پر ثابت ہوں۔اس تقدیر پر قیود کے فوائد ظاہر ہیں۔

والمصنف جوز ان يراد بالحكم ههنا مصطلح الأصول فاحتاج الى تكلف في تبيين فوائد القيود وتعسف في تقرير مراد القوم فذهب ان المراد بالشرعي ما يتوقف على الشرع ولايدرك لولا خطاب الشارع والأحكام منها ما هو خطاب بما يتوقف على الشرع كوجوب الصلوة والصوم ومنها ما هو خطاب بما لايتوقف عليه كوجوب الايمان بالله تعالى ووجوب تصديق النبي ﷺ لأن ثبوت الشرع موقوف على الايمان بوجود البارى وعلمه وقدرته وكلامه وعلى التصديق بنبوة النبي ﷺ بدلالة معجزاته فلوتوقف شئ من هذه الأحكام على الشرع لزم الدور فالتقيد بالشرعية يخرج هذه الأحكام لأنها ليست شرعية بمعنى التوقف على الشرع.(التلويح)

والمصنف جوز ان يراد الخ: مصنف نے جائز رکھا ہے کہ حکم سے مراد یہاں وہ لیا جائے جو اصولیین کی اصطلاح میں لیا جاتا ہے، وہ یہ ہے "خطاب الله تعالى متعلق بافعال المكلفين اقتضاء أوتخييرا" اسلئے مصنف کو احتیاج ہوئی قیود کے فوائد بیان کرنے کی تکلف کی۔اور قوم کی مراد کی تقریر میں تعسف کیا ہے۔

شرعی کے متعلق بیان کیا ہے کہ وہ جو شرع پر موقوف ہو، اگر شارع کا خطاب نہ ہوتو ادراک نہ ہو۔بعض احکام اس سے جو حاصل ہوں گے وہ خطاب ہے جو شرع پر موقوف ہو، جیسے وجوب صلوۃ وصوم وغیرہ اور بعض ان میں سے وہ ہوں گے کہ خطاب شرع پر موقوف نہیں ہوگا جیسے ایمان اللہ تعالی پر، اور تصدیق نبی کریم ﷺ کی۔یہ شرع پر موقوف نہیں بلکہ شرع ان پر موقوف ہے اسلئے کہ شرع موقوف ہے اس پر کہ ایمان ہو وجود باری تعالی پر اور اس کے علم قدرت اور کلام پر ایمان ہو۔اور شرع موقوف ہے اس پر کہ نبی کریم ﷺ کی نبوت کی تصدیق پائی جائے معجزات کی دلالت کی وجہ سے۔اگر ان میں سے کوئی چیز شرع پر موقوف ہوتو دور لازم آئے گا۔شرعیہ کی قید سے ان احکام کو نکال دیا کیونکہ یہ توقف علی الشرع کے معنی کے لحاظ پر شرعیہ نہیں۔

وانما قال الخطاب الخ: خطاب کی دوقسمیں ہیں ماتیوقف علی الشرع، اور دوسری مالا یتوقف علی الشرع۔اور حکم کی

مصنف فرماتے ہیں :فان اريد الأول يخرج العلم بالذوات والصفات التي ليست بأحكام اى يخرج التصورات ويبقى التصديقات وبالشرعية يخرج العلم بالاحكام العقلية والحسية كالعلم بأن العالم محدث والنارمحرقة۔(التوضیح)

تفسیر جس خطاب کوذکرکیا جاتا ہے اس سے مراد خطاب قدیم لیا جاتا ہے، وہ شرع پر کیسے موقوف ہوسکتا ہے؟

ولقائل ان يمنع توقف الشرع على الوجوب الايمان ونحوه سواء اريد بالشرع خطاب الله تعالى أوشريعة النبى ﷺ وتوقف التصديق بثبوت شرع النبى ﷺ على الايمان بالله تعالى وصفاته وعلى التصديق بنبوة النبى ﷺ ودلالة معجزاته لايقتضى توقفه على وجوب الايمان والتصديق ولاعلى العلم بوجوبها.(التلويح)

ولقائل الخ ،جائز ہے کہ کہنا والا یہ کہے کہ شرع کا وجوب ایمان وغیرہ پر موقوف ہونا ہم نہیں مانتے، برابر ہے کہ شرع کا معنی خطاب اللہ لیا جائے یا نبی کریم ﷺ کی شریعت لی جائے۔ تصدیق موقوف ہے نبی کریم ﷺ کی شریعت کے ثبوت پر اور شریعت کا موقوف ہونا اللہ تعالی کے وجود وصفات پر اور نبی کریم ﷺ کی نبوت کی تصدیق پر اور معجزات کی دلالت آپ کی نبوت پر، یہ نہیں چاہتے کہ شرع کا توقف ہو وجوب ایمان پر اور تصدیق پر اور نہ ہی موقوف ہیں ان کے وجوب کے علم پر۔

غايته انه يتوقف على نفس الايمان والتصديق وهو غير مفيد ولامناف لتوقف وجوب الايمان ونحوه على الشرع كما هو المذهب عندهم من ان لا وجوب الا بالسمع.(التلويح)

ہاں زیادہ سے زیادہ یہ کہا جاسکتا ہے یہ شرع موقوف ہے نفس ایمان اور تصدیق پر، یہ مفید نہیں اور نہ ہی اس قول کے منافی ہے کہ ایمان اور تصدیق شرع پر موقوف ہیں۔ جیسا کہ اصولیین کا مذہب ہے ''لا وجوب الا بالسمع'' وجوب نہیں مگر سمع سے۔

راقم کے نزدیک یہ منع ان کو فائدہ دے سکتا ہے جو اس کے قائل ہیں کہ ایمان بغیر سمع کے واجب نہیں، حالانکہ صحیح قول یہ

میر سید شریف فرماتے ہیں :قولہ ھو خطاب اللہ الخ، خطاب اللہ سے مراد عام ہے بلا واسطہ ہو یا بالواسطہ۔ بغیر واسطہ کے خطاب جیسے فرضیت اور تحریم ثابت ہے کتاب اللہ سے، خطاب بالواسطہ کبھی سنت کے واسطہ سے ہوگا، رسول اللہ ﷺ کا خطاب اللہ ہی کا خطاب ہے۔ کیونکہ آپ کا خطاب اللہ کے حکم سے ہے کبھی خطاب بواسطہ اجماع ہوگا، اجماع کی تابعداری اور اجماع کا حکم کا وجوب کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ سے ثابت ہے۔

حکم کا اگر پہلا معنی لیا جائے "اسناد أمر الی أمر آخر" ایک چیز کی نسبت دوسری کی طرف کرنا کہ مخاطب کو فائدہ تامہ حاصل ہو، اس سے "علم الذات والصفات" خارج ہو گیا یعنی جو تصورات کے درجہ میں ہوتا ہے وہ خارج ہو جائے گا اور تصدیقات کے درجہ میں جو ہوگا وہ باقی رہے گا، کیونکہ تصور کو حکم نہیں کہا جاتا اور تصدیق حکم ہے۔ اور شرعیہ کی قید سے احکام عقلیہ اور حسیہ خارج ہو جائیں گے جیسے "العالم محدث" یہ حکم عقلی ہے "النار محرقة" یہ حکم حسی ہے۔

ہے کہ ایمان اور تصدیق عقل سے واجب ہیں البتہ تفصیل شرع سے حاصل ہے۔

قوله ثم الشرعي اى المتوقف على الشرع اما نظرى لايتعلق بكيفية العمل و اما عملى يتعلق بها فالتقييد بالعملية لاخراج النظرية ككون الاجماع حجة وهذا انما يصح على التقدير الثانى لو كان الحكم المصطلح شاملا للنظرى وفيه كلام سيجئ. (التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله ثم الشرعي ،یعنی حکم شرعی وہ ہے جو شرع پر موقوف ہے پھر وہ یا تو نظری ہوگا یعنی اس کا تعلق کیفیت عمل سے نہیں ہوگا، یا عملی ہوگا یعنی اس کا تعلق کیفیت عمل سے ہوگا۔ عملیہ کی قید لگائی نظریہ (اعتقادیہ) کو نکالنے کیلئے جیسے اجماع کا حجت ہونا، نظریہ کو نکالنے کی ضرورت اس وقت ہوگی جب حکم مصطلح نظری کو بھی شامل ہو، ورنہ ضرورت نہیں اس میں کچھ کلام ہے جس کا ذکر آگے آئے گا ان شاء اللہ تعالی۔

قوله اى العلم الحاصل قد يتوهم ان قوله من ادلتها متعلق بالاحكام وحينئذ لايخرج علم المقلد لأنه علم بالاحكام الحاصلة عن ادلتها التفصيلية وان لم يكن علم المقلد حاصلا عن الأدلة فدفع ذلك بانه متعلق بالعلم لا بالاحكام اذا الحاصل من الدليل هو العلم بالشئ لا نفسه على أنه اريد بالحكم الخطاب فهو قديم لايحصل من شئ ومعنى حصول العلم من الدليل انه ينظر فى الدليل فيعلم منه الحكم فعلم المقلد وان كان مستندا الى قول المجتهد المستند الى علمه المستند الى دليل الحكم لكنه لم يحصل من النظر فى الدليل وقيد الأدلة بالتفصيلية لأن العلم

کتاب اللہ سے ثبوت: ارشاد باری تعالیٰ "ومن يشاقق الرسول من بعد ما تبين له الهدى ويتبع غير سبيل المؤمنين نوله ما تولى ونصليه جهنم وساء ت مصيرا" اور ارشاد باری تعالیٰ "وكذلك جعلناكم امة وسطا لتكونوا شهداء على الناس"۔

سنت سے ثبوت: ارشار نبوی ہے "ولا يجتمع امتى على الضلالة" واضح ہوا کہ اجماع کو دلیل بنانا اور اجماع کے مطابق عمل کرنا اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ کے حکم کے مطابق ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :وان اريد الثاني فقوله بالاحكام يكون احترازا عن علم بما سوى خطاب الله تعالى المتعلق الخ فالحكم بهذا التفسير قسمان شرعي اى خطاب الله تعالى بما يتوقف على الشرع وغيرشرعي اى خطاب الله تعالى بما لايتوقف على الشرع كوجوب الايمان بالله تعالى ووجوب تصديق النبي ﷺ ونحوهما مما لايتوقف على الشرع لتوقف الشرع عليه.(توضیح)

اگر حکم کا دوسرا معنی لیا جائے "خطاب الله تعالى المتعلق بافعال المكلفين بالاقتضاء أوالتخيير "تو فقہ کا اطلاق صرف ان احکام پر ہوگا جو خطاب میں آئیں گے،اس کے سوا احکام خارج ہو جائیں گے۔

مصنف فرماتے ہیں :دوسرے معنی کے لحاظ سے حکم کی دو قسمیں ہیں شرعی اور غیر شرعی۔

حکم شرعی کی تعریف :"خطاب الله تعالى بما يتوقف على الشرع "اللہ کا خطاب جو شرع پر موقوف ہو۔

حکم غیر شرعی کی تعریف :خطاب اللہ جو شرع پر موقوف نہ ہو جیسے اللہ تعالی پر ایمان کا واجب ہونا اور نبی کریم ﷺ کی

بوجوب الشئ لوجود المقتضى أوبعدم وجوبه لوجود النافى ليس من الفقه.(التلويح)

قوله اى العلم الحاصل :کبھی وہم پیش کیا جاتا ہے کہ مصنف کا قول "من ادلتھا" کا تعلق احکام سے ہے،اس سے مقلد کا علم نہیں نکلے گا،کیونکہ اسے بھی احکام ادلہ تفصیلیہ سے حاصل ہیں،اگر چہ خود مقلد کو ادلہ سے علم حاصل نہیں ہوا؟

وہم کا ازالہ :من ادلتھا کا تعلق احکام سے نہیں،بلکہ اس کا تعلق علم سے ہے،اس لئے مراد یہ ہے کہ ادلہ کے ذریعہ احکام کا علم حاصل ہو،خود احکام کا حاصل ہونا مراد نہیں۔

کبھی خطاب اللہ بواسطہ قیاس پایا جاتا ہے،ارشاد باری تعالیٰ "فاعتبروا يا اولى الابصار "اس پر اشارۃ اور دلالۃ دلالت کررہا ہے۔اور حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث بھی اس پر دلالت کررہی ہے کہ قیاس حجت ہے کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ میں مسئلہ نہ ملنے پر آپ نے کہا "اجتھد برأی" میں اپنی رائے سے اس میں اجتہاد کروں گا۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :علم بالذات سے مراد موضوع کا علم،اور علم بالصفات سے مراد محمول کا علم ہے۔(السید)

میر سید شریف اعتراض وجواب کی صورت میں وضاحت کرتے ہیں :۔

اعتراض:فقہ علم ہے جو عمل کو واجب کرتا ہے یا حرمت کو،یہ خطاب اللہ نہیں بلکہ اثر خطاب اللہ ہے تو فقہ کی تعریف کیسے درست ہے؟

جواب:ایجاب اور وجوب میں تلازم پایا گیا ہے اسی طرح حرمۃ وتحریم میں تلازم ہے ایجاب اور تحریم خطاب اللہ سے ثابت ہیں خواہ خطاب بالواسطہ ہو یا بلاواسطہ ہو۔پھر وجوب اثر ہے ایجاب کا اور حرمت اثر ہے تحریم کا۔(السید)

تصدیق کا واجب ہونا، ونحوھا، کیونکہ یہ چیزیں شرع پر موقوف نہیں بلکہ شرع ان پر موقوف ہے۔

ثم الشرعی اما نظری واما عملی فقوله العملية يخرج العلم بالاحكام الشرعية النظرية كالعلم بأن الاجماع حجة وقوله من ادلتها اى العلم الحاصل للشخص الموصوف به من ادلتها المخصوصة بها وهى الأدلة الأربعة وهذا القيد يخرج التقليد لأن المقلد وان كان قول المجتهد دليلا لكنه ليس من تلك الأدلة المخصوصة وقوله التفصيلية يخرج الاجمالية كالمقتضى والنافى وقد زاد ابن الحاجب على هذا قوله بالاستدلال ولاشك انه مكرر ولما عرف الفقه بالعلم بالاحكام الشرعية وجب تعريف الحكم وتعريف الشرعية فقال. (توضیح)

پھر حکم شرعی کی دو قسمیں ہیں: نظری اور عملی

جب تعریف میں عملیہ کی قید بڑھائی تو احکام شرعیہ نظریہ یعنی اعتقادیہ کا علم خارج ہو گیا، جس طرح علم کہ اجماع حجت ہے۔ یہ اعتقادی مسئلہ ہے عملی نہیں۔ تعریف میں "من ادلتھا" کی قید بڑھائی، ادلہ سے مراد ادلہ اربعہ ہیں جن سے

تنبیہ: جب مراد خطاب سے کلام قدیم ہو یعنی کلام نفسی مراد ہو تو اس سے کوئی چیز حاصل نہیں ہوگی۔

حصول العلم من الدلیل، کا مطلب یہ ہے کہ دلیل میں دیکھا جائے تو اس حکم حاصل کیا جائے، مقلد کا علم اگرچہ مجتہد کے قول کی طرف منسوب ہے، اور مجتہد کا قول دلیل سے حاصل ہونے والے علم کی طرف منسوب ہے لیکن مقلد کو دلیل میں نظر کرنے کی وجہ سے علم حاصل نہیں ہوا، اس لئے مقلد کا علم خارج ہے ادلہ کے ساتھ تفصیلیہ کی قید سے ایک چیز کے وجوب یا عدم وجوب کا علم مقتضی سے یا عدم وجوب کا علم نافی سے فقہ کی تعریف سے خارج ہوگا۔ (التلویح)

قوله ولاشك انه مكرر ذهب ابن الحاجب الى ان حصول العلم بالأحكام عن الادلة قد يكون بطريق الضرورة كعلم جبريل والرسول عليهما السلام وقد يكون بطريق الاستدلال والاستنباط

مقتضی ونافی ادلہ تفصیلیہ میں داخل نہیں: یعنی مقتضی اور نافی ادلہ اربعہ میں داخل تو ہیں لیکن یہ ادلہ تفصیلیہ نہیں بلکہ اجمالیہ ہیں، جیسے شدید بھوک کی حاجت کے وقت جب کھانے کی کوئی اور چیز حاصل نہ ہو تو مردار کی حلت کا مقتضی پایا گیا ہے لیکن تفصیلی نہیں۔

اسی طرح نافی بھی ادلہ اربعہ میں داخل تو ہے لیکن تفصیلی نہیں کیونکہ جب اضطرار اور مخمصہ نہ پایا جائے تو حلت میتۃ بھی نہیں پائی جائیگی۔ (السید)

انسان احکام عملیہ کا علم حاصل کرے تو وہ فقہ ہے اس قید سے مقلد کا علم خارج ہو جائے گا، اگر چہ مقلد کیلئے مجتہد کا قول دلیل تو ہوتا ہے لیکن مقلد خود ادلہ تفصیلیہ مخصوصہ سے علم حاصل نہیں کرتا۔ تعریف میں تفصیلیہ کی قید لگائی، اس قید سے ادلہ اجمالیہ خارج ہو جائیں گے جیسے مقتضی اور نافی۔ ابن حاجب نے اس لئے "بالاستدلال" کی قید بڑھائی لیکن اس میں تکرار ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :قولہ ولاشک انہ مکرر ،یعنی ابن حاجب نے جو قید بالاستدلال کی بڑھائی ہے اس میں تکرار، اس میں کوئی شک نہیں۔

مصنف فرماتے ہیں جب فقہ کی تعریف کی "العلم بالأحکام الشرعیة" سے ہے، تو ضروری ہو گیا کہ "حکم" کی، اور شرعیۃ کی تعریف کی جائے، اگر چہ ضمنا ماقبل ابحاث میں ان کی تعریفات ذکر ہو چکی ہیں اب بالأصالۃ تعریف کی جا رہی ہے۔

احترازا عنه والمصنف توهم انه احتراز عن علم المقلد فيجزم انه مكرر لخروجه بقوله من ادلتها التفصيلية فان قيل حصول العلم عن الدليل مشعر بالاستدلال اذ لا معنى لذلك الا ان يكون العلم ماخوذا عن الدليل فيخرج علم جبريل والرسول عليهما السلام ايضا قلنا لوسلم فذكر الاستدلال للتصريح بما علم التزاما أولدفع الوهم أوللبيان دون الاحتراز ومثله شائع في التعريفات. (التلويح)

علامہ تفتازانی مصنف کے قول پر یوں بحث کرتے ہیں :ابن حاجب کے قول کا یہ مطلب ہے کہ علم احکام کا ادلہ سے حاصل ہوتا کبھی بدیہی طور پر اور کبھی استدلال سے، بدیہی طریقے سے علم حاصل ہوتا ہے، جیسے جبریل کا علم یا رسول اللہ ﷺ کا علم۔ اور استدلال واستنباط سے مجتہد کو علم حاصل ہوتا ہے۔ اول یعنی بدیہی علم کو اصطلاح میں فقہ نہیں کہا جاتا ہے، اس لئے استدلال واستنباط کی قید لگانی ضروری ہے تا کہ اس سے احتراز ہو سکے۔ لیکن مصنف نے کہا کہ ادلہ تفصیلیہ سے ہی اللہ تعالی کا علم، رسول اللہ ﷺ کا علم اور جبریل کا علم اور مقلد کا علم خارج ہو جائیگا۔ اسلئے استدلال کی

میر سید شریف فرماتے ہیں :"فقولہ خطاب اللہ تعالی" خطاب اسم بمعنی کلام ہے اور مصدر بھی آتا ہے، اس وقت معنی ہو گا کسی کے سامنے بالمشافہ کلام کرنا، صراح میں ذکر کیا گیا ہے "خطاب سخن در روی گفتن"، کسی کے سامنے کلام کرنا خطاب ہے۔ یہاں دونوں معانی لئے جاسکتے ہیں۔

والحکم قیل خطاب اللہ تعالی هذا التعریف منقول عن الاشعری فقوله خطاب الله تعالی یشمل جمیع الخطابات وقوله المتعلق بافعال المکلفین یخرج ما لیس کذلک فبقی فی الحد نحو خلقکم وما تعملون مع انه لیس بحکم فقال بالاقتضاء ای الطلب وهو اما طلب الفعل جازما کالایجاب أوغیر جازم کالندب واما طلب الترک جازما کالتحریم أوغیر جازم کالکراهیة أو التخییر ای الأباحة. (تنقیح وتوضیح)

حکم کی تعریف: "والحکم قیل خطاب الله تعالی المتعلق بالاقتضاء أو التخییر وقد زاد البعض أو الوضع لیدخل الحکم بالسببیة والشرطیة ونحوهما" (التنقیح)

حکم کی بعض حضرات نے یہ تعریف کی ہے۔ حکم، اللہ تعالیٰ کا خطاب ہے جو متعلق ہے مکلفین کے افعال سے یا اس میں طلب پائی جائے یا اختیار پایا جائے۔

بعض حضرات نے "اوالوضع" کی قید کو زائد کیا تا کہ حکم بالسببیۃ والشرطیۃ وغیرہ داخل ہو جائے۔

قید میں تکرار ہے۔

علامہ تفتازانیؒ فرماتے ہیں کہ اگر تکرار تسلیم کرلیا جائے تو پھر فائدہ سے خالی نہیں، اس لئے کہ "التصریح بما علم التزاما" کا فائدہ حاصل ہوگا، وہم کا ازالہ ہوگا، اور زیادتی وضاحت ہوگی ضروری نہیں کہ ہر قید احترازی ہو، اس طرح کے فوائد جو ابھی ذکر کئے ہیں، تعریفات میں ان کا استعمال عام مشہور و معروف ہے۔

قوله كالايجاب: ظاہر یہ ہے کہ یہ عام ہے فرض اور واجب دونوں کو شامل ہے، کاف اگر چہ چاہتا ہے طلب مجزوم کے ایک اور فرد کو لیکن کافی ہے اس میں افراد ذہنیہ، لیکن اس صورت میں جزم کو عام رکھا جائے گا جو ظن اور قطع دونوں کو شامل ہے، ظن کا اعتبار کرتے ہوئے واجب کو شامل ہے اور قطع کا اعتبار کرتے ہوئے فرض کو شامل ہے، ورنہ صرف قطع کا اعتبار کریں تو صرف فرض کو شامل ہے۔

قوله ولما عرف الفقه المذکور فی کتب الشافعیة ان خطاب الله تعالی المتعلق بافعال المکلفین تعریف للحکم الشرعی انما هو رأی بعض الأشاعرة فکل ذلک لعدم تصفحه کتبهم فنقول عرف بعض الأشاعرة الحکم الشرعی بخطاب الله تعالی المتعلق بافعال المکلفین والخطاب فی اللغة توجیه الکلام نحو الغیر للافهام ثم نقل الی ما یقع به التخاطب وهو ههنا الکلام النفسی

مصنف توضیح میں بیان کرتے ہیں: یہ تعریف منقول ہے علامہ اشعری رحمہ اللہ سے، "فقول خطاب اللہ" یہ تمام خطابات کو شامل ہے۔ (التوضیح)

مصنف فرماتے ہیں: وقولہ المتعلق بافعال المکلفین ،اس قید سے وہ نکل جائیں گے جو اس طرح نہیں، تو حد (تعریف) میں باقی رہے گا مثلاً "خلقکم وما تعملون" کے باوجود اس کے کہ یہ حکم نہیں۔ (التوضیح)

مصنف فرماتے ہیں: تنقیح میں "بالاقتضاء" ذکر کیا گیا ہے جس سے مراد "طلب" ہے طلب فعل جازما ہو جیسے ایجاب، یا غیر جازم جیسے ندب، یا طلب ترک فعل ہو جازما جیسے تحریم، یا غیر جازم ہو جیسے کراھیۃ۔ تنقیح میں اُوالتخییر ذکر ہے اس سے مراد اباحت ہے۔

الأزلی ومن ذهب الی الکلام لایسمی فی الأزل خطابا فسر الخطاب بالکلام الموجه للافهام أوالکلام المقصود منه افهام من هو متهیئ لفهمه. (التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: ولما عرف الفقہ الخ، کتب شافعیہ میں مذکور ہے کہ حکم کی تعریف یہ ہے "خطاب اللہ تعالی المتعلق بافعال المکلفین الخ" یہ تعریف ہے حکم شرعی کی۔ فقہ کی تعریف میں جو حکم مذکور ہے یہ اس کی تعریف نہیں کیونکہ وہ حکم لغوی معتبر ہے مصنف اس طرف گئے ہیں کہ یہ تعریف ہے حکم کی جو فقہ کی تعریف میں مذکور ہے لیکن شرعی کی قید

میر سید شریف فرماتے ہیں: مصنف کا قول "خطاب اللہ" میں خطاب دونوں معانی کا احتمال رکھتا ہے اس لئے کہ خطاب اگر اسم ہو تو بمعنی کلام کے ہے، اور اگر مصدر ہو تو بمعنی تکلم کے ہے۔ جب خطاب بمعنی کلام کے ہو تو "بالاقتضاء اُوالتخییر" کا تعلق ہوگا "المتعلق" سے، اور خطاب بمعنی تکلم کے ہو تو اس صورت میں "بالاقتضاء اُوالتخییر" تفسیر ہوں گے کیونکہ باء کثیر طور پر تفسیر کیلئے بھی استعمال ہوتی ہے جیسے "اکرمتہ بالانعام" میں نے اس کی عزت کی انعام کے ذریعے انعام اکرام کی تفسیر اور بیان ہے، اس طرح "اھنتہ بالضرب" میں نے اسے رسوا کیا مار کے ذریعے، ضرب اھانۃ کی تفسیر و وضاحت ہے۔

اعتراض: خطاب کا معنی ہے "توجیہ الکلام نحو احد للافھام" کلام کا متوجہ ہونا کسی ایک طرف سمجھانے کیلئے، اللہ تعالی کا خطاب ازل میں ہے، ازل میں کوئی ایک بھی نہیں تھا کہ خطاب اس کی طرف متوجہ ہوتا تو خطاب کا ذکر کس طرح صحیح ہے؟

جواب: خطاب کا یہاں مطلب لیا ہے کلام جو متعلق ہو اقتضاء وتخییر سے، اقتضاء سے مراد ایجاب وتحریم ہے اور تخییر سے

زائد ہے۔اور یہ حکم شرعی کی تعریف ہے یہ قول ہے اشاعرہ کا،لیکن یہ ان کی کتب میں واضح طور پر مذکور نہیں۔

حکم شرعی میں اشاعرہ کے اقوال :بعض اشاعرہ نے کہا حکم شرعی یہ ہے "خطاب اللہ تعالی المتعلق بافعال المکلفین "اور خطاب لغت میں کہا جاتا ہے "توجیہ الکلام نحو الغیر للافہام "کلام کو غیر کی طرف سمجھانے کیلئے متوجہ کرنا،پھر اس معنی سے منقول کر کے خطاب کا اطلاق "ما یقع به التخاطب "پر کر دیا گیا۔وہ یہاں کلام

مراد اباحت ہے،یا مراد ہے "توجه الخطاب الی العباد فی الازل لیفهموا بعد ما وجدوا "خطاب بندوں کی طرف ازل میں اس طرح متوجہ ہوا کہ جب وہ معرض وجود میں آئیں تو سمجھ جائیں۔(السید)

قوله جمیع الخطابات :یعنی برابر ہے کہ وہ خطابات ہوں جو کسی چیز سے متعلق نہ ہوں بالکل جیسے متشابہات بیشک وہ ہمارے نزدیک علم العباد میں کسی چیز سے متعلق نہیں،جیسے الم،المص،کھیعص وغیرہ۔یا ان کا تعلق اذکار سے ہو افعال سے نہ ہو،یا ان کا تعلق اللہ تعالی کی ذات یا صفات ثبوتیہ یا صفات سلبیہ سے تعلق ہو،یا ان کا تعلق اللہ تعالی کے افعال سے ہو جیسے زمین وآسمان کو پیدا کرنا،یا ان کا تعلق بندوں کے افعال سے ہو لیکن وضع الشرع کے طریقہ پر نہیں جیسے قصص ومواعظ۔(السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں :نحو،سے مراد پر وہ جو مشتمل ہو بندوں کے افعال میں سے کسی فعل پر،تو یہ شامل ہے قصص ومواعظ کو۔

تنبیہ :اس آیۃ کی بقاء تعریف میں باعتبار اللہ تعالی کے قول "وما تعملون" کے ہے،لیکن ارشاد باری تعالی "خلقکم" متعلق ہے اللہ تعالی کے فعل اور بندوں کی ذوات سے۔"واللہ خلقکم وما تعملون" میں معتزلہ کا رد ہے کہ وہ بندوں کو اپنے افعال کا خالق مانتے ہیں اس میں اگر "ما نافیہ" ہو تو توبیخ ہے کہ تم اللہ تعالی کے امر کے مطابق نہیں کر رہے حالانکہ اللہ تعالی مستحق ہے کہ اس کی اطاعت کرو کیونکہ "لأنه خالق لکم بکون امرا بالطاعة" اللہ تعالی تمہارا خالق ہے طاعت کے حکم دینے میں۔(السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں :تاج المصادر للبیہقی میں اقتضاء کا معنی ذکر کیا گیا ہے "دام باز خواستن" (قرض واپس لینا) اسی میں اشارہ ہے کہ حقوق شرع واجب ہیں بندوں کے ذمہ لازم ہیں جسطرح قرض مقروض پر لازم ہوتا ہے مراد طلب سے علی وجہ الاستعلاء ہے جیسے دائن علی وجہ الاستعلاء دین کا مطالبہ کرتا ہے یہاں اقتضاء تخییر کے مقابل ذکر ہے اس لئے استعلاء والا معنی ہی مناسب ہے اقتضاء کا معنی "الطلب علی وجه التساوی "لینا مناسب نہیں کیونکہ وہ تخییر میں آگیا۔(السید)

نفسی ازلی مراد ہے اور بعض اشاعرہ اس طرف گئے ہیں کہ کلام کو ازل میں خطاب نام نہیں رکھا گیا، انہوں نے خطاب کی تفسیر یہ بیان کی ''الکلام الموجه للافهام'' کلام جو سمجھانے کیلئے متوجہ کی جائے، یا خطاب کا مطلب یہ ہے وہ کلام جس سے مقصود سمجھانا ہو اور وہ سمجھنے کیلئے تیار کی جائے۔

ومعنى تعلقه بافعال المكلفين تعلقه بفعل من افعالهم والا لم يوجد حكم اصلا اذ لاخطاب يتعلق بجميع الأفعال فدخل في الحد خواص النبي ﷺ كاباحة ما فوق الأربع من النساء وخرج خطاب الله تعالى المتعلق باحوال ذاته وصفاته وتنزيهاته وغيرذلك مما ليس بفعل المكلف لايقال اضافة الخطاب الى الله تعالى يدل على ان لاحكم الا خطابه وقد وجب طاعة النبي ﷺ وأولى الأمر والسيد فخطابهم ايضا حكم لأنا نقول انما وجب طاعتهم بايجاب الله تعالى اياها فلاحكم الا حكمه. (التلويح)

ومعنى تعلقه بافعال المكلفين :افعال المکلفین سے تعلق کا مطلب یہ ہے کہ مکلفین کے افعال میں سے کسی فعل سے متعلق ہو ورنہ کوئی حکم نہیں پایا جائے گا جب کہ ایسا کوئی خطاب نہیں جسکا تعلق جمیع افعال سے ہو۔

تنبیہ: حکم کی تعریف میں نبی کریم ﷺ کے خواص داخل رہیں گے، جیسا کہ چار سے زائد بیک وقت ازواج کو نکاح میں رکھنا، اسلئے کہ آپ کیلئے خطاب اللہ ہی یہی تھا۔ افعال مکلفین کی قید سے احوال ذات وصفات وتنزیہات باری تعالی خارج ہوں گے، وہ فعل مکلف نہیں۔

اعتراض: خطاب کی اضافت اللہ تعالی کی طرف دلالت کرتی ہے کہ سوائے خطاب اللہ کے کوئی حکم نہ ہو، حالانکہ نبی کریم ﷺ کی طاعت اور اولی الامر کی طاعت بھی واجب ہے اسی طرح غلام کو سید کا حکم ماننا بھی واجب ہے، یہ سب

قوله وهو اما طلب الفعل جازما :جزم کا لغوی معنی ہے قطعی، اس طرح کنز اللغات میں اور تاج المصادر میں ذکر کیا گیا ہے، یہ منصوب ہے کہ حال واقع ہے فاعل سے، اس حال میں کہ اللہ تعالی نے قطعی طور پر طلب کیا ہے، یا حال ہے مفعول سے، اس حال میں کہ فعل کو قطعی طور پر طلب کیا۔ یا یہ صفت ہے مصدر محذوف کی ''ای طلبا جازما'' جائز ہے کہ ''هذا زيد قائما'' کے قبیلہ سے ہو طالب کے جازم ہونے کا یہ مطلب ہے کہ اس کا کلام شبہہ عدم طلب سے منقطع ہو۔ طلب کے جازم ہونے کا مطلب یہ ہے کہ طلب بذاتہ عدم کے احتمال سے منقطع ہو یہاں تک کہ قرائن کے ذریعے متقرر اور مؤکد ہو۔ فعل کے جازم ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس فعل کے غیر ارادہ منقطع ہو۔ تینوں صورتوں میں سے پہلی صورت میں اسناد حقیقی ہے اور باقیوں میں مجازی۔ (السید)

خطاب ہیں حکم کی تعریف جامع نہ رہی؟

جواب: ان سب کی طاعت اس لئے واجب ہے کہ اللہ تعالی نے اسے واجب کیا ہے، اس لئے حقیقت میں حکم صرف رب تعالی ہی کا ہے۔

ثم اعترض على هذا التعريف بأنه غير مانع لأنه يدخل فيه القصص المبينة لأحوال المكلفين وافعالهم والأخبار المتعلقة باعمالهم كقوله تعالى "والله خلقكم وما تعملون" مع انها ليست احكاما فزيد على التعريف قيد يخصصه ويخرج ما دخل فيه من غير افراد المحدود وهو قولهم بالاقتضاء أو التخيير فان تعلق الخطاب بالأفعال فى القصص والاخبار عن الاعمال ليس تعلق الاقتضاء أو التخيير اذ معنى التخيير اباحة الفعل والترك للمكلف ومعنى الاقتضاء طلب الفعل منه مع المنع عن الترك وهو الايجاب أو بدونه وهو الندب أو طلب الترك مع المنع عن الفعل وهو التحريم أو بدونه وهو الكراهة وقد يجاب بأنه لا حاجة الى زيادة قولهم بالاقتضاء أو التخيير لأن قيد الحيثية مراد والمعنى خطاب الله المتعلق بفعل المكلف من حيث هو فعل المكلف وليس تعلق الخطاب بالأفعال فى صورة النقض من حيث انها افعال المكلفين وهو ظاهر. (التلويح)

اعتراض: حکم کی تعریف دخول غیر سے مانع نہیں کیونکہ خطاب اللہ میں تو وہ واقعات وقصص بھی آ جائیں گے جو مکلفین کے احوال وافعال کی وضاحت کرتے ہیں اور وہ اخبار بھی داخل ہو جائیں گی جن کا تعلق ان کے اعمال سے ہوگا جیسے ارشاد باری تعالی "واللہ خلقکم وما تعملون" باوجود اس کے کہ یہ احکام نہیں؟

جواب نمبر ۱: حکم کی تعریف "خطاب الله تعالى المتعلق بافعال المكلفين" کے ساتھ اسی لئے "بالاقتضاء أو التخيير" کی قید کا اضافہ کیا تا کہ تعریف جامع اور مانع ہو جائے۔ اسلئے کہ خطاب کا تعلق قصص کے ساتھ اور خطاب کا تعلق اعمال کی اخبار سے اس تعلق میں اقتضاء وتخییر نہیں، کیونکہ تخییر کا مطلب یہ ہے کہ مکلف کیلئے فعل وترک دونوں ہی مباح ہیں اور اقتضاء کا مطلب یہ ہے کہ طلب فعل پائی جائے اور ترک کی ممانعت پائی جائے وہ ہے ایجاب یا منع ترک نہ پائی جائے تو وہ ہے ندب، یا طلب ترک فعل پائی جائے باوجود منع فعل کے وہ ہے تحریم، یا بغیر منع فعل کے طلب ترک فعل پائی جائے وہ ہے کراھیۃ۔

جواب نمبر ۲: بالاقتضاء أو التخییر، کی قید نہ لگائیں بلکہ حیثیت کی قید لگا لیں، مطلب یہ ہوا اللہ کا خطاب متعلق فعل مکلف

مصنف فرماتے ہیں :وقد زاد البعض أو الوضع ليدخل الحكم بالسببية والشرطية ونحوهما۔(التنقیح)

بعض حضرات نے "بالاقتضاء أوالتخيير" کے ساتھ "أوالوضع" کی قید زیادہ کی ہے تاکہ سببیت وشرطیت وغیرہ کے ذریعے حکم بھی تعریف میں داخل ہوجائے۔

سے اس حیثیت سے کہ وہ فعل مکلف ہو معترضین نے جو نقض پیش کیا ہے ان تمام صورتوں میں خطاب کا تعلق افعال مکلفین سے نہیں، یہ ظاہر بات ہے۔

قوله وزاد البعض اعترضت المعتزلة على هذا التعريف بثلاثة اوجه الأول ان الخطاب عندكم قديم والحكم حادث لكونه متصفا بالحصول بعد العدم كقولنا حلت المرأة بعد ما لم تكن حلالا ولكونه معللا بالحادث كقولنا حلت بالنكاح وحرمت بالطلاق، الثاني انه يشمل على كلمة أوهو للتشكيك والترديد فينافي التعريف والتحديد، الثالث انه غير جامع للأحكام الوضعية مثل سببية الدلوك لوجوب الصلوة وشرطية الطهارة لها ومانعية النجاسة عنها والمصنف اهمل في تفسير الخطاب الوضعي ذكر المانعية. (التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله وزاد البعض الخ معتزلہ نے اس تعریف پر تین وجہ سے اعتراض کیا ہے۔

ا۔ خطاب تمہارے نزدیک قدیم ہے اور حکم حادث ہے کیونکہ وہ متصف ہے عدم کے بعد حصول سے، جیسے ہمارا قول "حلت المرأة" عورت حلال ہوگئی، یعنی پہلے حلال نہیں تھی، یہ معلل بالحادث ہے جیسے "حلت بالنکاح وحرمت بالطلاق"۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله قد زاد البعض أو الوضع، وضع ضد ہے رفع کی، وضع کا معنی یہ ہے ایک چیز کو پست مکان میں رکھنا، اور رفع کا معنی ہے ایک چیز بلند مکان میں رکھنا۔ کبھی وضع کا معنی اتنا ہی آتا ہے "ایک چیز کو ایک جگہ میں رکھنا" اور وضع بمعنی تعیین وتخصیص کے بھی آتا ہے۔ یہاں مراد ذکر و بیان ہے یعنی ایک چیز کا تعلق دوسری چیز سے بیان کرنا سببیت وشرطیت وغیرہ کے ذریعے۔(السید)

قوله ونحوهما :سببیت وشرطیت کی مثل سے مراد رکن یا علت یا علامت اور ایک چیز کا دوسری چیز سے مانع ہونا۔(السید)

اعلم ان الخطاب نوعان اما تكليفي وهو المتعلق بافعال المكلفين بالاقتضاء أو التخيير واما وضعي وهو الخطاب بان هذا سبب ذلك أو شرط ذلك كالدلوك سبب للصلوة والوضوء شرط لها فلما ذكر احد النوعين وهو التكليفي وجوب ذكر النوع الآخر وهو الوضعي والبعض لم

۲۔ تعریف کلمہ اَو پر مشتمل ہے وہ تشکیک وتردید کیلئے ہے جو تعریف وتحدید (حد بیان کرنے) کے منافی ہے۔

۳۔ تعریف احکام وضعیہ کیلئے جامع نہیں جیسے سبیت دلوک وجوب صلوۃ کیلئے، اور شرطیہ طہارت نماز کیلئے، نجاست کا مانع ہونا نماز سے، مصنف نے خطاب وضعی کی تعریف میں مانعیت کا ذکر چھوڑ دیا ہے۔

فاجابت الاشاعرة عن الأول بمنع اتصاف الحكم بالحصول بعد العدم بل المتصف بذلك هو التعلق والمعنى تعلق الحل بها بعد ما لم متعلقا وبمنع تعليل الحكم بالحادث بمعنى تأثير الحادث فيه بل معناه كون الحادث امارة عليه ومعرفا له اذ العلل الشرعية امارات ومعرفات لاموجبات ومؤثرات والحادث يصلح امارة ومعرفا للقديم كالعالم للصانع وعن الثاني بأن أو ههنا للتقسيم المحدود وتفصيله لأنه نوعان نوع له تعلق الاقتضاء ونوع له تعلق التخيير فلايمكن جمعهما في حد واحد بدون التفصيل وأما الثالث فالتزمه بعضهم وزاد في التعريف قيدا يعممه ويجعله شاملا للحكم الوضعي فقال بالاقتضاء أو التخيير أو الوضعي اى وضع الشارع وجعله. (التلويح)

اشاعرہ نے جوابات دیئے ہیں:

پہلے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ حکم حاصل ہوتا ہے عدم کے بعد، بلکہ تعلق پہلے نہیں تھا خطاب کے بعد تعلق حاصل ہوا، معنی یہ ہے کہ حلت کا تعلق پہلے حاصل نہیں تھا جواب حاصل ہوا، حاصل کلام یہ ہے کہ تعلیل حکم بالحادث ممنوع ہے بلکہ حدوث کی تاثیر اس طرح اس میں پائی گئی ہے کہ حادث کیلئے صحیح علامت ومعرف بننا

قولہ أو التخيير: حکم تکلیفی میں تخییر کو داخل کرنا محض اصطلاح ہے ورنہ لغت میں تکلیف کا معنی ہے تھکن اور مشقت برداشت کرنا، اور تخییر میں جب فعل وترک میں اختیار پایا جاتا ہے تو اس میں تکلیف نہیں پائی جاتی۔ کنز اللغات میں تکلیف کا ترجمہ کیا گیا ہے "رنج برنہادن برکسی" (کسی کو تکلیف پہنچانا) اسی طرح تاج المصادر میں بھی ذکر کیا گیا ہے۔ (السید)

یذکر الوضعی لأنه داخل فی الاقتضاء أوالتخییر لأن المعنی من کون الدلوک سببا للصلوة انه اذا وجد الدلوک وجبت الصلوة حینئذ والوجوب من باب الاقتضاء لکن الحق هو الاول لأن المفهوم من الحکم الوضعی تعلق شئ بشئ آخر والمفهوم من الحکم التکلیفی لیس هذا ولزوم احدهما الآخر فی صورة لایدل علی اتحادهما نوعا. (توضیح)

مصنف توضیح میں بیان فرماتے ہیں: بیشک خطاب کی دو قسمیں ہیں۔ تکلیفی اور وضعی، تکلیفی وہ ہے جو متعلق ہو افعال مکلفین سے بالاقتضاء ہو یا بالتخییر ہو۔ وضعی وہ ہے کہ خطاب پایا جائے کہ یہ سبب ہے فلاں چیز کا اور یہ شرط ہے فلاں چیز کی، جیسے دلوک شمس سبب ہے نماز کا، اور وضوء شرط ہے نماز کی۔ تو جب دونوع میں سے ایک تکلیفی کا ذکر کیا تو واجب ہو گیا کہ دوسری نوع یعنی وضعی کا بھی ذکر کیا جائے۔

قدم کیلئے جیسے جہان علامت ہے صانع وخالق کیلئے۔

دوسرے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ "أوْ" اس مقام میں شک کیلئے نہیں بلکہ تقسیم وتنویع کیلئے ہے، جس سے یہ وضاحت مقصود ہے کہ محدود کی دو قسمیں ہیں کبھی اس کا تعلق اقتضاء سے ہوگا اور کبھی اس کا تعلق تخییر سے ہوگا، ان دونوں قسموں کو بغیر تفصیل بیان کرنے کے ایک ہی حد میں جمع کرنا ممکن نہیں تھا۔

تیسرے اعتراض کا جواب یہ ہے کہ بعض حضرات نے خطاب وضعی کو حکم میں شامل کیا ہے تو انہوں نے "بالاقتضاء أوالتخییر" کے ساتھ "اوالوضع" کی قید بڑھائی ہے تاکہ حکم کی تعریف عام ہو جائے اور خطاب وضعی کو بھی شامل ہو جائے۔ "أوالوضع" سے مراد ہے کہ شارع نے اسے بنایا ہو، وضع کیا ہو۔

واجاب بعضهم بأنا لانسلم ان خطاب الوضع حکم ونحن لانسمیه حکما وان اصطلح غیرنا علی تسمیته حکما فلامشاحة معه وعلیه تغییر التعریف ولوسلم فلانسلم خروجها عن الحد فان مرادنا من الاقتضاء والتخییر اعم من الصریحی والضمنی وخطاب الوضع من قبیل الضمنی اذ معنی سببیة الدلوک وجوب الصلوة عنده ومعنی شرطیة الطهارة وجوبها فی الصلوة أوحرمة

قولہ کالدلوک: دلوک، کا معنی سورج کا وسط سماء میں قیام، اور غروب ہونا۔ یہاں مراد ثانی ہے وہی سبب ہے نماز کا، جیسے رب تعالی نے فرمایا "اقم الصلوة لدلوک الشمس" (السید)

لیکن صحیح یہ ہے "دلوک شمس" کا معنی سورج کا ڈھل جانا۔

بعض حضرات نے وضعی کی قید نہیں لگائی کہ وضعی اقتضاء یا تخییر میں داخل ہے، اس لئے کہ دلوک شمس کا نماز کیلئے سبب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ جب دلوک شمس پایا جائے تو نماز واجب ہوگی، وجوب اقتضاء سے ہے۔

مصنف کا مختار پہلا قول ہے کہ وضع کی قید لگائی جائے اس لئے کہ حکم وضعی کا مطلب یہ ہے ایک چیز کا تعلق دوسری چیز سے ہو، اور حکم تکلیفی کا مطلب یہ نہیں بلکہ اس میں اقتضاء یا تخییر پائی جاتی ہے۔ اگر ایک چیز دوسری کو صورت کے لحاظ سے مستلزم ہو تو یہ ان دونوں کے درمیان اتحاد پر دلالت نہیں کر رہی۔

مصنف نے أوالوضع کی قید کو حق کہا: دلیل اس پر یہ دی کہ خطاب کی دو قسمیں ہیں تکلیفی اور وضعی، جب ایک کو ذکر کیا جائے تو واجب ہے کہ دوسری قسم کو بھی ذکر کیا جائے، خطاب وضعی کو اقتضاء وتخییر یعنی تکلیفی میں داخل کرنے کی کوئی خاص وجہ نہیں، اسلئے کہ دونوں کے مفہوم متغایر ہیں، بعض صورتوں میں ایک کا لزوم دوسرے کو ان میں اتحاد ثابت نہیں کرتا۔

الصلوة بدونها ومعنى مانعية النجاسة حرمة الصلوة معها أووجوب ازالتها حالة الصلوة وكذا في جميع الأسباب والشروط والموانع وذهب المصنف الى ان الحق زيادة القيد لأن الخطاب نوعان تكليفي ووضعي فلما ذكر احدهما وجب ذكر الآخر ولا وجه لجعل الوضعي داخلا في الاقتضاء أوالتخيير اي في التكليفي لأنهما مفهومان متغايران ولزوم احدهما للآخر في بعض الصور لايدل على اتحادهما. (التلويح)

جواب نمبر۲: بعض حضرات نے یہ جواب دیا ہے کہ ہم یہ تسلیم ہی نہیں کرتے کہ خطاب وضعی حکم ہے اسلئے ہم پر کوئی اعتراض وارد نہیں اور نہ ہی ہم پر کوئی عیب ہے، اگر چہ ہمارے بعض اغیار نے حکم نام رکھا ہے۔ تو ان کو ہی اعتراض کا جواب دینے کی ضرورت ہے ہاں اگر ہم بھی تسلیم کرلیں کہ خطاب وضعی حکم ہے تو پھر بھی "أوالوضع" کی قید لگانے کی ضرورت نہیں، اسلئے کہ اقتضاء وتخییر عام ہیں صریحی ہوں یا ضمنی، خطاب وضع ضمنی میں داخل ہے۔

سب اسباب وشرائط وغیرہ کی نسبت رب تعالی کی طرف ہی ہوگی، یعنی دلوک شمس سبب ہے وجوب صلوۃ کیلئے عند اللہ، اسلئے یہ اقتضاء میں ضمنا داخل ہے، سب میں یہی اعتبار کریں، شرطیہ طہارت نماز کیلئے، اور عدم طہارت کا مانع صلوۃ ہونا، نجاست کا نماز سے مانع ہونا یعنی نجاست کے ہوتے ہوئے نماز کا حرام ہونا، اور حالت نماز میں نجاست کا زائل کرنا واجب ہونا، اسی طرح تمام اسباب وموانع وشرائط کو رب تعالی کی طرف منسوب کرکے اقتضاء ضمنی میں داخل کرلیا

مصنف بیان فرماتے ہیں :وبعضهم عرف الحكم الشرعي بهذا ای بعض المتأخرين من متابعي الاشعرى قالوا الحكم الشرعي خطاب الله تعالى فالحكم على هذا اسناد امر الى آخر. (تنقيح وتوضيح)

پھر اسی کی وضاحت توضیح میں مصنف نے بیان کی ہے کہ علامہ اشعری رحمہ اللہ کے بعض متبعین نے یہ کہا کہ حکم شرعی کی تعریف خطاب اللہ تعالی الخ ہے لیکن مطلقا حکم کی تعریف یہ ہے "ایک چیز کا اسناد دوسری چیز کی طرف" (التنقیح والتوضیح)

(اسناد کا اصطلاحی مطلب ہی نسبت تامہ ہے، اس لئے یہ قید لگانے کی کوئی خاص ضرورت نہیں کہ اس لحاظ پر مخاطب کو فائدہ تامہ حاصل ہو، بعض حضرات یہ قید بڑھاتے ہیں کیونکہ وہ اسناد کا لغوی معنی فقط نسب لیتے ہیں، تو وہ یہ قید بڑھا کر نسبت غیر تامہ کو نکال دیتے ہیں۔ راقم)

جائے گا۔

وانت خبير بانه لاتوجيه لهذا الكلام اصلا اما اولا فلأن الخصم يمنع كون الخطاب الوضعي حكما ويصطلح على تسمية بعض اقسام الخطاب حكما دون البعض فكيف يجب عليه ذكر الوضعي في تعريف الحكم بل كيف يصح واما ثانيا فلأنه يمنع كونه خارجا عن التعريف ويجعل الخطاب التكليفي اعم منه شاملا له فأىّ ضرر له في تغاير مفهوميهما بل كيف يتحد مفهوم العام والخاص على ان قوله المفهوم من الخطاب الوضعي تعلق شئ بشئ فيه تسامح والمعنى ان المفهوم منه الخطاب بتعلق شئ بشئ لكونه شرطا له أوسببا أومانعا. (التلويح)

علامہ تفتازانی نے لاتوجیہ لھذا الکلام سے مصنف کے قول کو ضعیف قرار دیا :اس کلام کی بالکل توجیہ نہیں پائی گئی۔

ا۔ پہلی وجہ یہ ہے کہ خصم خطاب وضعی کو حکم ہی نہیں مانتا بلکہ بعض اقسام خطاب کو حکم کہتا ہے اور بعض کو نہیں تو کیسے واجب ہے ذکر وضعی تعریف حکم میں بلکہ صحیح کس طرح ہے۔

۲۔ دوسری وجہ کہ یہ کہا جائے کہ خطاب وضعی تعریف سے خارج ماننا ہی ممنوع ہے کیونکہ خطاب تکلیفی عام ہے جو خطاب وضعی کو بھی شامل ہے تو کون سا نقصان ہے کہ دونوں کے مفہوموں میں تغایر پایا جائے، بلکہ عام اور خاص کا مفہوم متحد کیسے ہوسکتا ہے۔

علاوہ اس کے خطاب وضعی کا مفہوم یہ ہے ایک چیز کا تعلق دوسری چیز سے اس میں مسامحت ہے، کیونکہ یہ عام ہے حالانکہ اس کا مفہوم خاص ہے وہ یہ ہے کہ خطاب وضعی کا مفہوم یہ ہے کہ ایک چیز کا تعلق دوسری چیز سے اس طرح ہو کہ

8/8

مصنف فرماتے ہیں :والفقهاء يطلقونه على ما ثبت بالخطاب كالوجوب والحرمة مجازا، بطريق اطلاق اسم المصدر على المفعول كالخلق على المخلوق لكن لما شاع فيه صار منقولا اصطلاحيا وهو حقيقة اصطلاحية (التنقیح والتوضیح)

فقہاء کرام جو چیز خطاب کے ذریعے ثابت ہوا سے مجازاً حکم کہتے، جیسے ماوجب پروجوب اور ماحرم پر حرمۃ کا اطلاق

وہ اس کیلئے شرط ہو یا سبب ہو یا مانع ہو۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله وبعضهم عرف الخ ذكر في بعض المختصرات ان الحكم خطاب الله تعالى اشارة الى الحكم الشرعي المعهود وصرح في كثير من الكتب بان الحكم الشرعي خطاب الله تعالى فتوهم المصنف ان هذا تعريف للحكم عند البعض وللحكم الشرعي عند البعض ولاخلاف لأحد من الاشاعرة في ان هذا تعريف للحكم الشرعي قال المصنف اذا كان هذا تعريفا للحكم المطلق فمعنى الشرعي ما يتوقف على الشرع ليكون قيدا مقيدا مخرجا لوجوب الايمان ونحوه واذا كان تعريفا للحكم الشرعي فمعنى الشرعي ما ورد به خطاب الشرع لا ما يتوقف على الشرع والا لكان الحد اعم من المحدود لتناوله مثل وجوب الايمان مع ان المحدود لايتناوله حينئذ لعدم توقفه على الشرع. (التلويح)

بعض مختصرات میں ذکر کیا گیا ہے کہ حکم کی تعریف میں خطاب اللہ اشارہ ہے حکم شرعی معہود کی طرف، اور کثیر کتب میں تصریح کی گئی ہے کہ حکم شرعی خطاب اللہ ہے۔

تو مصنف نے اس سے وہم کیا ہے کہ بعض کے نزدیک یہ تعریف مطلقا حکم کی ہے اور بعض کے نزدیک یہ تعریف حکم شرعی کی ہے، حالانکہ یہ تعریف حکم شرعی کی ہونے میں اشاعرہ میں کسی کا بھی اختلاف نہیں، بلکہ سب کا اتفاق ہے کہ یہ

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله وبعضهم الخ ،ضمیر لوٹ رہی علماء کی طرف جن کا ذکر مصنف نے "كما رأيت فحول العلماء" سے کیا۔ظاہر یہ ہے کہ مطلق حکم کی تعریف ہوگی "اسناد امر الی امر آخر" یا تعریف ہوگی "خطاب اللہ" یا تعریف ہوگی "خطاب الله المتعلق بالافعال" یا تعریف ہوگی "خطاب الله تعالى المتعلق بافعال المكلفين مطلقا" مناسب یہی ہے کہ یہ وہم نہ کیا جائے کہ اس فریق کے نزدیک حکم شرعی عام ہے اس سے جو شرع پر موقوف نہ ہو۔ بلکہ صحیح یہی ہے کہ اس فریق کے نزدیک حکم شرعی وہی ہے جو شرع پر موقوف ہو۔

مجازا کرتے ہیں۔ یہ مصدر کا اطلاق مفعول پر ہے جیسے خلق کا اطلاق مخلوق پر ہے، یہ مشہور ہے، اسے منقول اصطلاحی کہا جائے گا، یعنی اصطلاح میں اسے حقیقت کا درجہ ہی حاصل ہے۔

تعریف حکم شرعی کی ہے۔

قوله فالحكم على هذا اى على تقدير ان يكون خطاب الله تعريفا للحكم الشرعي اسناد امر الى آخر لاخطاب الله تعالى المتعلق بفعل المكلف والا لكان ذكر الشرعية مكررا لما سبق من ان الشرعي على هذا التقدير ما ورد به خطاب الشرع لا ما يتوقف على الشرع فان قيل فيدخل في الأحكام الشرعية مثل وجوب الايمان مع انه ليس من الفقه قلنا يخرج بقيد العملية.(التلويح)

یعنی مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ حکم کا معنی ہے "اسناد امر الی امر آخر" یہ اسی تقدیر پر ہے جبکہ خطاب اللہ حکم شرعی کی تعریف ہو اور خطاب اللہ کا معنی ہی اسناد امر الی امر آخر لیا جائے اور یہ معنی نہ لیا جائے کہ حکم کا معنی ہے "**خطاب الله تعالى المتعلق بفعل المكلف**" ورنہ شرعیہ کے ذکر میں تکرار ہوگا جبکہ گزر چکا ہے کہ شرعی اس تقدیر پر کہ جس سے خطاب شرع وارد ہو نہ کہ وہ جو شرع پر موقوف ہو۔

اعتراض: اس صورت میں تو احکام شرعیہ میں وجوب ایمان داخل ہو جائے گا حالانکہ وہ فقہ نہیں؟

جواب: وہ عملیہ کی قید سے خارج ہو جائے گا۔(التلویح)

وجوب ایمان کو حکم سے کیسے خارج کیا گیا : مصنف نے بیان کیا ہے کہ جب یہ تعریف مطلق حکم کی ہو تو شرعی کا معنی ہوگا "**ما يتوقف على الشرع**" جو موقوف ہو شرع پر۔ یہ قید لگانے کا مقصد ہی یہ ہے کہ وجوب ایمان وغیرہ اس سے خارج ہو جائیں کہ وہ شرع پر موقوف نہیں اور جب یہ تعریف حکم شرعی کی ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ شرعی وہ ہے جس سے خطاب شرع وارد ہو، وہ مراد نہیں جو شرع پر موقوف ہو، ورنہ حد محدود سے عام ہو جائے گی وجوب ایمان کو بھی شامل ہو جائے گی حالانکہ محدود اسے شامل نہیں کیونکہ وجوب ایمان شرع پر موقوف نہیں۔

علامہ اشعری یہ نہیں کہتے کہ عقلی حکم کو حکم ہی نہیں کہا جائے گا، بلکہ وہ حکم عقلی اور حکم شرعی دونوں کو حکم کہتے ہیں، ہاں البتہ بعض اشاعرہ نے مطلقا حکم عقلی کا انکار کیا ہے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں : قولہ والفقہاء الخ، اس سے مراد بعض اصولیین ہیں، علماء اصول کبھی فقہاء نہیں ہوتے بلکہ وہ صرف دلائل کو جانتے ہیں جیسے ہمارے زمانے کے علماء ہیں۔ یہ بات پہلے بیان ہو چکی ہے کہ فقہ اجتہاد ہے،

یرد علیه ای علی تعریف الحکم وھو خطاب اللہ تعالی الی آخرہ ان الحکم المصطلح ما ثبت بالخطاب لا ھو ای لا الخطاب فلایکون ما ذکر تعریفا للحکم المصطلح بین الفقھاء وھو المقصود بالتعریف ھنا.(تنقیح وتوضیح)

مصنف فرماتے ہیں: یردعلیہ الخ،حکم کی تعریف جب خطاب اللہ سے کی جائے تو حکم کی تعریف پر اعتراض وارد ہوگا کہ

قولہ بطریق اطلاق المصدر علی المفعول ،خطاب کا اطلاق تین معانی پر ہے" کلام،تکلم،اوراثر تکلم" اثر تکلم کی مثال ایجاب وتحریم وغیرہ ہے۔خطاب بمعنی کلام اسم ہے مصدر نہیں،اور خطاب بمعنی اثر تکلم وجوب نہیں جیسے خلق بمعنی مخلوق،اس لئے کہ وجوب مفعول نہیں،اور مخلوق مفعول ہے۔اب یہاں دوسرا معنی لیا جائے گا تکلم، کیونکہ وجوب عمل متکلم سے قول کے ذریعے ہی ہوتا ہے۔جیسے کہا جائے"ھذا العمل واجب أو حرام"

قولہ والفقھاء یرید ان الحکم فی اصطلاح الفقھاء حقیقة فیما ثبت بالخطاب من الوجوب والحرمة ونحوھما وھو مجاز لغوی حیث اطلق المصدر اعنی الحکم علی المفعول اعنی المحکوم. (التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قولہ والفقہاء یطلقونہ الخ،مراد یہ ہے کہ اصطلاح فقہاء میں حقیقی معنی حکم کا یہ ہے کہ وہ چیز جو خطاب سے ثابت ہو وجوب اور حرمت وغیرہ اسے حکم کہا جاتا ہے اور وہ مجاز لغوی کے طور پر مراد ہو سکتے ہیں یعنی مصدر کا اطلاق مفعول پر ہے،مطلب یہ ہے کہ حکم کا اطلاق محکوم بہ پر ہے۔(التلویح)

قولہ یرد علیه اشارة الی اعتراضات علی تعریف الحکم مع الجواب عن البعض الأول ان المقصود تعریف الحکم المصطلح بین الفقھاء وھو ما ثبت بالخطاب کالوجوب والحرمة وغیرھما مما ھو من صفات فعل المکلف لا نفس الخطاب الذی ھو من صفات اللہ تعالی وھذا مما اورد فی الکتب الشافعیة واجیب عنه بوجوہ الاول انه کما ارید بالحکم ما حکم به ارید بالخطاب ما خوطب به للقرینة العقلیة علی ان الوجوب لیس نفس کلام اللہ الثانی ان الحکم ھو الایجاب والتحریم ونحوھما واطلاقه علی الوجوب والحرمة تسامح الثالث وھو للعلامة المحقق عضد الملة والدین ان الحکم نفس خطاب اللہ تعالی فالأیجاب قوله افعل ولیس للفعل

اور ہمارے زمانے میں اجتہاد کا دروازہ بند ہو چکا ہے۔(السید)

اصطلاح میں حکم اسے کہا جاتا ہے جو خطاب سے ثابت ہو، خود خطاب تو حکم نہیں کہا جاتا، تو یہ فقہاء کے مصطلح حکم کی تعریف نہیں، حالانکہ یہاں مقصود یہی ہے۔

قولہ یردعلیہ الخ، مصنف کے اس قول سے اشارہ ہے حکم کی تعریف پر بعض کے جوابات کے۔

ا۔ پہلا اعتراض یہ ہے کہ حکم سے مراد وہ حکم ہے جو اصطلاح فقہاء میں معتبر ہے، فقہاء کا مصطلح حکم وہ ہے جو خطاب سے ثابت ہو یعنی وجوب اور حرمت وغیرہ یہ مکلف کی صفات ہیں، نفس خطاب مراد نہیں جو اللہ کی صفات سے ہے، کتب شافعیہ میں یہ اعتراض وارد کیا گیا ہے؟

اس کا جواب چند وجہ سے دیا گیا ہے۔

پہلا جواب: جس طرح حکم سے مراد "ما حکم بہ" اسی طرح خطاب سے مراد "ما خوطب بہ" اس پر قرینہ عقلیہ پایا گیا ہے،

منہ صفة حقيقية فان القول ليس لمتعلقه منه صفة لتعلقه بالمعدوم وهو اذا نسب الى الحاكم يسمى ايجابا واذا نسب الى ما فيه الحكم وهو الفعل يسمى وجوبا وهما متحدان بالذات ومختلفان بالاعتبار فلذلك تراهم يجعلون اقسام الحكم الوجوب والحرمة مرة والايجاب والتحريم اخرى وتارة الوجوب والتحريم كما في اصول ابن الحاجب. (التلويح)

قولہ یردعلیہ الخ، مصنف کے اس قول سے اشارہ ہے حکم کی تعریف پر بعض کے جوابات کے۔

ا۔ پہلا اعتراض یہ ہے کہ حکم سے مراد وہ حکم ہے جو اصطلاح فقہاء میں معتبر ہے، فقہاء کا مصطلح حکم وہ ہے جو خطاب سے ثابت ہو یعنی وجوب اور حرمت وغیرہ یہ مکلف کی صفات ہیں، نفس خطاب مراد نہیں جو اللہ کی صفات سے ہے، کتب شافعیہ میں یہ اعتراض وارد کیا گیا ہے؟

اس کا جواب چند وجہ سے دیا گیا ہے۔

پہلا جواب: جس طرح حکم سے مراد "ما حکم بہ" اسی طرح خطاب سے مراد "ما خوطب بہ" اس پر قرینہ عقلیہ پایا گیا ہے،
کیونکہ وجوب نفس کلام اللہ نہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: قولہ وایضا یخرج، بچے کے فعل کے نکل جانے سے جو اعتراض کیا گیا ہے اس کا جواب یہ بھی دیا جاسکتا ہے کہ "المتعلق بافعال المکلفین" میں حذف مضاف ہو "ای بجنس افعال المکلفین" اس میں مکلفین کے افعال خاص نہیں بلکہ جنس افعال المکلفین مراد ہیں جو بچے کے افعال کو بھی شامل ہیں۔ (السید)

کیونکہ وجوب نفس کلام اللہ نہیں۔

دوسرا جواب: حکم اصل میں ایجاب وتحریم ہیں، وجوب وحرمت پر حکم کا اطلاق تسامح پر مبنی ہے۔

تیسرا جواب: جو علامہ محقق عضد الملۃ والدین نے دیا ہے کہ حکم نفس خطاب اللہ ہے تو ایجاب اس کا قول ہے "افعل" یہ اس کے فعل کی صفت حقیقیہ نہیں کیونکہ قول کا تعلق معدوم سے ہے فعل موجود سے نہیں۔

جب نسبت ہو حاکم کی طرف تو اس کا نام ایجاب ہے، اور جب نسبت کی جائے "مافیہ الحکم" کی طرف تو وہ فعل ہے اس کا نام وجوب ہے، تو یہ دونوں متحد بالذات اور مختلف بالاعتبار ہیں۔ اسی وجہ سے تم دیکھتے ہو کہ وہ کبھی اقسام حکم بناتے ہیں، وجوب وحرمت ذکر کرتے ہیں اور کبھی ایجاب وتحریم، اور کبھی وجوب وتحریم ذکر کرتے ہیں، جیسا کہ ابن حاجب کے اصول میں ہے۔

دوسرا جواب: حکم اصل میں ایجاب وتحریم ہیں، وجوب وحرمت پر حکم کا اطلاق تسامح پر مبنی ہے۔

تیسرا جواب: جو علامہ محقق عضد الملۃ والدین نے دیا ہے کہ حکم نفس خطاب اللہ ہے تو ایجاب اس کا قول ہے "افعل" یہ اس کے فعل کی صفت حقیقیہ نہیں کیونکہ قول کا تعلق معدوم سے ہے فعل موجود سے نہیں۔

جب نسبت ہو حاکم کی طرف تو اس کا نام ایجاب ہے، اور جب نسبت کی جائے "مافیہ الحکم" کی طرف تو وہ فعل ہے اس کا نام وجوب ہے، تو یہ دونوں متحد بالذات اور مختلف بالاعتبار ہیں۔ اسی وجہ سے تم دیکھتے ہو کہ وہ کبھی اقسام حکم بناتے ہیں، وجوب وحرمت ذکر کرتے ہیں اور کبھی ایجاب وتحریم، اور کبھی وجوب وتحریم ذکر کرتے ہیں، جیسا کہ ابن حاجب کے اصول میں ہے۔

الثانی انه غیرمنعکس لخروج الاحکام المتعلقة بافعال الصبیان فالأولی ان یقال المتعلق بافعال العباد وقد أجیب عن ذلک فی کتبهم بأن الأحکام التی یتوهم تعلقها بفعل الصبی انما هی متعلقة بفعل الولی مثلا یجب علیه اداء الحقوق من مال الصبی ورده المصنف اولا بأنه لایصح فی جوازبیعه وصحة اسلامه وصلوته وکونها مندوبة وثانیها بأنها تعلق الحق بمال الصبی أوذمته حکم شرعی واداء الولی حکم آخرمترتب علیه وهذا السؤال لایتأتی علی مذهب من عرف الحکم بهذا التعریف فانهم مصرحون بان لاحکم بالنسبة الی الصبی الا وجوب الأداء من ماله وذلک علی الولی ثم لایخفی ان تعلق الحق بماله أوذمته لایدخل فی تعریف الحکم

وايضا يخرج ما يتعلق بفعل الصبى كجواز بيعه وصحة اسلامه وصلواته وكونها مندوبة ونحو ذلک فانه ليس بمتعلق بافعال المكلفين مع انه حكم فان قيل هو حكم باعتبار تعلقه بفعل وليه قلنا هذا في الاسلام والصلوة لاتصح واما في غير الاسلام والصلوة فان تعلق الحق بماله أو بذمته حكم شرعي ثم اداء الولي حكم آخر مترتب على الاول لا عينه وسيجي في باب الحكم الاحكام المتعلقة بافعاله فينبغي ان يقال بافعال العباد .(تنقیح وتوضیح)

دوسرا اعتراض: مصنف بیان کرتے ہیں "وايضا يخرج ما يتعلق بفعل الصبى "حکم کی تعریف سے بچے کا فعل خارج ہو گیا جیسے اس کی بیع اور اس کے اسلام کا صحیح ہونا اور اس کی نماز کا صحیح اور مستحب ہونا وغیرہ یہ سب افعال حکم ہیں لیکن افعال مکلفین سے متعلق نہیں ہیں۔

وان اقيم العباد مقام المكلفين لانتفاء التعلق بالأفعال وبأن الصحة والفساد ليسا من الأحكام الشرعية لأن كون المآتى موافقا لما ورد به الشرع أومخالفا امر يعريف بالعقل ككون الشخص مصليا أوتاركا للصلوة ومعنى جواز البيع صحته ومعنى كون صلوته مندوبة ان الولي مأمور بأن يحرضه على الصلوة ويأمره بها لقوله عليه السلام مروهم بالصلوة وهم ابناء سبع.(التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: الثاني انه غير منعكس الخ، دوسرا اعتراض تعریف کے جامع نہ ہونے سے متعلق ہے، یعنی حکم کی تعریف جامع نہیں اس سے بچوں کے افعال خارج ہو رہے ہیں، اسی لئے مصنف نے کہا ہے کہ "المتعلق بافعال العباد" ہونا چاہئے تاکہ تعریف بچوں کے افعال کو بھی شامل ہو جائے، کتب شافعیہ میں اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ وہ احکام جن کے بارے میں یہ وہم ہے کہ یہ بچے کے فعل سے متعلق ہیں وہ حقیقت میں بچے کے ولی کے فعل کے متعلق ہیں، مثلاً بچے کے حقوق مالیہ کا ادا کرنا اس کے ولی پر واجب ہے۔

مصنف نے اس کا رد کیا دو وجہ سے: ا۔ ایک یہ کہ بچے کی طرف سے ولی کا اسلام قبول کرنا اور بچے کی طرف سے ولی کا نماز ادا کرنا کہ وہ نماز بچے کی طرف سے صحیح ہو اور بچے کی طرف سے مستحب ہو یہ قول صحیح نہیں۔

۲۔ دوسری وجہ رد یہ ہے کہ حق (زکوۃ) کا تعلق بچے کے مال سے ہے یا اس کے ذمہ حکم شرعی ہے، اور ولی کا اداء کرنا علیحدہ حکم ہے جو اس پر مرتب ہے۔

علامہ تفتازانی دوسری وجہ رد کو ضعیف قرار دیتے ہیں: کہ یہ سوال حکم کی یہ تعریف (جس پر اعتراض وارد ہو رہا ہے

فان قیل هو حکم باعتبار تعلقه بفعل ولیه: یہ بعض حضرات کا جواب ہے کہ بچے کا فعل اس کے ولی سے متعلق ہوتا ہے اس لحاظ پر مکلف کے فعل ہی متعلق ہے۔

مصنف اس کا رد کرتے ہیں: کہ یہ قول اسلام اور نماز میں صحیح نہیں، غیر اسلام وصلوۃ میں جو حقوق متعلق ہیں اس کے مال سے یا اور کوئی حکم شرعی اس کے ذمہ میں ہو، پھر بھی ولی کا ادا کرنا علیحدہ حکم ہے پہلے حکم پر مرتب ہے، پہلے حکم کا عین نہیں۔ اس کا ذکر ان شاءاللہ "باب الحکم الاحکام المتعلقه بافعاله" میں آئے گا۔ اس لئے مناسب یہ "المتعلق بافعال المکلفین" جگہ "بافعال العباد" ذکر کیا جائے تا کہ افعال الصبی کو بھی تعریف شامل ہو جائے۔

ویخرج منه ما ثبت بالقیاس اذ لاخطاب هنا الا ان یقال اعلم ان المصادر قد یقع ظرفا نحو آتیک طلوع الفجر ای وقت طلوعه فقوله الا ان یقال من هذا القبیل فانه استثناء مفرغ من قوله ویخرج منه ما ثبت بالقیاس ای فی جمیع الأوقات الا وقت قوله فی جواب الاشکال یدرک بالقیاس ان الخطاب ورد بهذا لا انه ثبت بالقیاس فان القیاس مظهر للحکم لا مثبت فاندفع الاشکال. (تنقیح وتوضیح)

تیسرا اعتراض: مصنف فرماتے ہیں یخرج منه ما ثبت بالقیاس، حکم کی تعریف سے وہ خارج ہو جائے گا جو قیاس

ہیں) کرنے والوں پر وارد نہیں ہوتا ہے اس لئے کہ انہوں نے تصریح کی ہے کہ بچے کی طرف منسوب حکم صرف یہی ہے کہ اس پر مال سے حق (زکوۃ) ادا کرنا واجب ہے اور اداء کرنے والا وجوب اس کے ولی پر ہے۔ پھر یہ بھی مخفی نہیں کہ بیشک حق کا تعلق اس کے مال سے یا اس کے ذمہ حکم کی تعریف میں داخل ہی نہیں۔

مکلفین کی جگہ عباد کو رکھنے والا قول بھی تفتازانی کے نزدیک ضعیف ہے، یعنی بچے کے افعال پر مکلفین کے افعال سچے نہیں آ رہے ہے اس لئے "افعال العباد" کہا جائے تا کہ بچے کے افعال کو بھی شامل ہو جائے، یہ قول اس لئے ضعیف ہے کہ صحت وفساد احکام شرعیہ سے نہیں کیونکہ کسی کام کا شرع کے موافق ہونا یا مخالف ہونا عقل سے پہچانا جاتا ہے کہ یہ شخص نماز ادا کرنے والا ہے یا نماز کا تارک ہے، اور عقل سے ہی پہچانا جاتا ہے کہ جواز بیع کا مطلب صحت بیع ہے اور نماز کے جواز کا مطلب ہے اس کا مندوب ہونا۔

الثالث ان التعریف غیر متناول للحکم الثابت بالقیاس لعدم خطاب الله تعالی وأجاب بان القیاس مظهر للحکم لامثبت ولایخفی علیک ان السؤال وارد فیما ثبت بالسنة والاجماع ایضا والجواب ان کلا منهما کاشف عن خطاب الله ومعرف له وهذا معنی کونهما ادلة

سے ثابت ہو، کیونکہ وہاں خطاب نہیں۔

بعض حضرات نے جواب دیا :الا ان یقال الخ،مگر یہ کہا جائے کہ جو قیاس سے ادراک کیا جاتا ہے خطاب اس میں بھی وارد ہے لیکن قیاس مظہر حکم ہوتا ہے مثبت حکم نہیں ہوتا۔البتہ بظاہر یہی سمجھ آتا ہے کہ یہ حکم قیاس سے ثابت ہے۔

تنقیح کی عبارت"الا ان یقال" کا مطلب خود ہی توضیح میں بیان کرتے ہیں کہ مصادر کبھی ظرف واقع ہوتے ہیں جیسے کہا جائے"آتیک طلوع الفجر" مطلب یہ ہے"وقت طلوع الفجر"میں تمہارے پاس طلوع فجر کے وقت آؤں گا۔"الا ان یقال" بھی اسی قبیلے سے ہے، بیشک یہ استثناء مفرغ ہے اس کے قول"ویخرج منہ ما ثبت بالقیاس" سے،یعنی جو قیاس سے ثابت ہے وہ حکم کی تعریف سے خارج ہو جائے گا۔جمیع اوقات میں سوائے اس وقت کے"جواشکال کا جواب ہے"جب قیاس سے وہ ظاہر ہو اس میں خطاب وارد ہے۔(فاعتبروا یا اولی الابصار)،(التنقیح والتوضیح)

الأحكام.(التلويح)

ولی کی طرف جواز صلوۃ کو منسوب کرنا بھی صحیح ہے :اس لئے کہ ولی کو حکم دیا گیا کہ وہ بچے کو نماز ادا کرنے پر برانگیختہ کرے،اور اسے نماز ادا کرنے کا حکم دے،جیسے نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے"مروهم بالصلوة وهم ابناء سبع" بچے سات سال کے ہو جائیں تو انھیں نماز کا حکم دو۔(التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :تیسرے اعتراض کا تعلق بھی تعریف کے جامع نہ ہونے سے ہے کہ تمہاری حکم کی تعریف جامع نہیں کہ جو حکم قیاس سے ثابت ہے اس کو شامل نہیں، کیونکہ وہ خطاب اللہ نہیں۔

بعض حضرات نے اس کا جواب دیا ہے کہ قیاس مظہر حکم ہے مثبت حکم نہیں۔یہ بات مخفی نہیں کہ یہ اعتراض"ما ثبت بالسنة أو الاجماع"پر بھی ہو سکتا ہے کہ وہاں بھی خطاب اللہ نہیں، جواب اس کا بھی یہی ہے کہ سنت واجماع خطاب اللہ کے کاشف و معرف نہیں۔اسی طرح ادلہ اربعہ کا ثبوت واضح ہو گیا۔(التلویح)

قوله كجواز بيعه ،اعتراض :مصنف نے حکم کو چھ قسموں میں منحصر کیا ہے وجوب،ندب،اباحۃ،حرمۃ،کراھۃ التحریم، کراھۃ التنزیہ،ان میں سے جواز بیع کس قسم میں داخل ہے حالانکہ بظاہر کسی قسم میں داخل نہیں۔

جواب:جواز بیع"وجوب وحرمت واباحت"میں داخل ہے اس لئے کہ جواز بیع میں دونوں بدلوں کو تسلیم کرنا واجب ہے،اور انہیں نہ تسلیم کرنا حرام ہے اور مشتری کو مبیع سے انتفاع مباح ہے۔(السید)

قوله وصحة اسلامه :مراد یہ ہے کہ بچے کا اسلام اس کے عقل رکھنے کے بعد صحیح ہے، جب تک اسے عقل حاصل نہ

وایضا یخرج آمنوا وفاعتبروا ای من الحد مع انهما حکم فالمراد بالایمان هنا التصدیق فوجوب التصدیق حکم مع أنه لیس من الافعال اذ المراد بالافعال افعال الجوارح ووجوب الاعتبار ای القیاس حکم مع أنه لیس من افعال الجوارح.(تنقیح وتوضیح)

چوتھا اعتراض: مصنف بیان فرماتے ہیں''وایضا یخرج آمنوا'' حکم کی تعریف سے''آمنوا''(ایمان لاؤ) اور''فاعتبروا'' خارج ہوجائے گا۔یعنی ایمان سے مراد تصدیق ہے تو وجوب تصدیق حکم ہے باوجود اس کے یہ افعال میں داخل نہیں کیونکہ افعال سے مراد افعال جوارح ہیں اور تصدیق فعل قلب ہے۔اسی طرح قیاس واعتبار حکم ہے لیکن افعال جوارح سے نہیں،تو حکم کی تعریف جامع نہ رہی۔(التنقیح والتوضیح)

الرابع انه غیر شامل للاحکام المتعلقة بافعال القلب مثل وجوب الایمان ای التصدیق ووجوب الاعتبار ای القیاس لأن الظاهر من الافعال افعال الجوارح.(التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: چوتھے اعتراض کا یہ مطلب ہے کہ یہ تعریف ان احکام کو شامل نہیں جو افعال قلب سے متعلق ہیں جیسے وجوب ایمان یعنی تصدیق اور وجوب اعتبار یعنی قیاس۔اس لئے کہ ظاہر بات یہی ہے کہ حکم کی تعریف میں''افعال مکلفین'' سے مراد افعال جوارح ہیں افعال قلب مراد نہیں۔(التلویح)

افعال جوارح سے مراد وہ افعال ہیں جن کا تعلق ظاہری اعضاء سے ہے۔

ہو اس وقت تک اس کا اسلام صحیح نہیں جیسے مجنون کا اسلام صحیح نہیں۔

مصنف نے''فصل الأمور المعترضة علی الاهلیة ''میں بیان کیا ہے کہ عقل بچہ قصداً کفر اختیار کرے تو اس کا کفر بھی احکام آخرت کے لحاظ پر صحیح ہے اور ضمناً احکام دنیا میں بھی معتبر ہے۔(السید)

قوله ونحو ذلک: یعنی بچے سے بیع کا جواز،صحت اسلام وصلوۃ جس طرح ثابت ہیں اسی طرح اور اس کی مثل ہبہ قبول کرنا،نکاح کرنا،اجارہ،روزے کا صحیح ہونا اور حج کا صحیح ہونا اور حج اور روزہ کا اس کیلئے مستحب ہونا بھی ثابت ہیں، اور طلاق اور عتاق اور ہبہ کرنا اس کیلئے ممنوع ہیں۔(السید)

قوله هو حکم باعتبار تعلقه بفعل ولیه: بچے کا فعل حکم ہے اس کے ولی کے فعل سے متعلق ہونے کی وجہ سے، اس کا مطلب یہ ہے کہ بچے کے تصرف کا جواز جس طرح اس کے اپنے فعل سے متعلق ہے کہ یہ اس کی صفت ہے اسی طرح اس کے ولی کے فعل سے بھی متعلق ہے کیونکہ اس کی اجازت اور رضاء پر موقوف ہے،اس طرح بچے کا فعل اس

پانچواں اعتراض: مصنف بیان فرماتے ہیں "ویقع التکرار بین العملیة وبین المتعلق بافعال المکلفین" عملیہ، اور "المتعلق بافعال المکلفین" میں تکرار لازم آئے گا۔ (التنقیح)

الخامس انه لما اخذ فی تعریف الحکم التعلق بفعل المکلف اختص بالعملیات وخرجت النظریات بناء علی ان اختصاص الفعل بالجوارح فیکون ذکر العملیة فی تعریف الفقه مکررا

کے ولی کے فعل سے متعلق ہونے کی وجہ سے حکم ہے نہ کہ اس کے اپنے فعل کے اعتبار سے حکم ہے۔ (السید)

قوله هذا فی الاسلام والصلوة لاتصح: بچے کو اسلام قبول کرنے یا نماز ادا کرنے میں ولی کی اجازت اور اس کی رضا ضروری نہیں، اور نہ ہی ولی کو بچے کو اسلام ونماز سے روکنے کا حق ہے۔ (السید)

قوله فینبغی ان یقال بافعال العباد: میر سید ترقی کر کے فرماتے ہیں بلکہ زیادہ بہتر ہے کہ کہا جائے "بالافعال" عباد کی قید بھی نہ لگائی جائے تا کہ ان افعال کو بھی شامل ہو جائے جو دواب کے افعال سے متعلق ہیں، جیسے جانور کے پاؤں کی زد میں آنے سے یا اس کے دم مارنے سے یا اس کی لید، گوبر، پیشاب سے پھسلنے کی وجہ سے کوئی ہلاک ہو جائے تو ضمان لازم نہیں۔ اور اگر کوئی کتے کو چھوڑے تو وہ فوراً کسی کو کاٹ کر ہلاک کر دے تو ضمان لازم ہے۔ (السید)

قوله ویخرج منه ما ثبت بالقیاس: یہاں سے اصل میں خطاب اللہ کی تحقیق کرنی مقصود ہے کہ خطاب اللہ کبھی بلاواسطہ ہوگا اور کبھی بالواسطہ، اس لئے کہ قیاس جب قرآن پاک (فاعتبروا یااولی الابصار) اور حدیث پاک سے ثابت ہے تو بالواسطہ خطاب اللہ ہو گیا۔ (السید)

قوله قد یقع ظرفا: یعنی جنس قول کا استعمال جمیع زمانوں میں سوائے مستثنیٰ کے، قول کا اصل میں معنی سقوط ہے، یعنی منہ اور زبان سے الفاظ کا نکالنا، پھینکنا اور ساقط کرنا لیکن یہ ثبوت کیلئے زیادہ مشہور ہو گیا بات کرنا، کلام کو ثابت کرنا۔ (السید)

قوله نحو آتیک طلوع الفجر: میر سید شریف فرماتے ہیں بہتر یہ ہے کہ ایسی مثال دی جائے جو حرف مصدر سے شروع ہو۔

جیسے ارشاد باری تعالیٰ "ولن ابرح الارض حتی یاذن لی ابی الا (وقت) ان یاذن لی ابی" اور تمہارا قول "اجلس ما دام زید جالسا ای مدة دوام جلوس زید"۔ (السید)

لأنه قال في حد الفقه العلم بالأحكام الشرعية العملية والحكم خطاب الله تعالى المتعلق بافعال المكلفين الشرعية العملية فيقع التكرار الا ان يقال نعني بالافعال ما يعم فعل الجوارح وفعل القلب وبالعملية ما يختص بالجوارح فاندفع بهذه العناية التكرار وخرج جواب الاشكال المتقدم وهو قوله يخرج نحو آمنوا وفاعتبروا لأنهما من افعال القلب. (تنقیح وتوضیح)

مصنفِ اس کی وضاحت فرماتے ہیں: کہ فقہ کی تعریف میں بیان کیا ہے کہ فقہ احکام شرعیہ عملیہ کا علم ہے اور حکم کی تعریف میں بیان کیا ہے کہ حکم اللہ کا خطاب ہے جو مکلفین کے افعال سے متعلق ہے، اس طرح فقہ کی تعریف میں تکرار لازم آئے گا کہ عملیہ سے مراد بھی افعال جوارح ہیں اور افعال مکلفین سے مراد بھی افعال جوارح ہیں؟

جواب: مگر یہ کہا جائے کہ ہماری مراد افعال سے عام ہے جو فعل جوارح اور فعل قلب دونوں کو شامل ہے۔ اور عملیہ سے

واجاب عنهما بأن المراد بالفعل ما يعم القلب والجوارح وبالعمل ما يخص الجوارح فلايخرج مثل وجوب الايمان والاعتبار عن تعريف الحكم ولايكون ذكر العملية مكررا لأفادته خروج ما لايتعلق بفعل الجوارح عن تعريف الفقه. (التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: پانچواں اعتراض کا یہ مطلب ہے کہ حکم کی تعریف میں "التعلق بافعال المکلفین" میں فعل مکلف عملیات سے خاص ہے، اور نظریات اس سے خارج ہیں، بناء کرتے اس پر کہ فعل کا تعلق جوارح کے ساتھ خاص ہے تو فقہ کی تعریف میں عملیہ کا ذکر تکرار ہے۔

چوتھے اور پانچویں اعتراض کا جواب یہ دیا گیا کہ فعل سے مراد عام ہے جو قلب اور جوارح دونوں کو شامل ہے اور عمل سے مراد جو جوارح سے خاص ہے تو اس طرح وجوب ایمان اور اعتبار کی تعریف حکم سے خارج نہیں ہوں گے، اور نہ ہی عملیہ کا ذکر مکرر ہوگا کیونکہ اس سے یہ فائدہ حاصل ہو رہا ہے کہ جن کا تعلق فعل جوارح سے نہیں وہ فقہ کی تعریف سے خارج ہو جائیں۔

قوله استثناء مفرغ: مستثنیٰ مفرغ اسے کہا جاتا ہے جس کا مستثنیٰ منہ محذوف ہو تو عامل مستثنیٰ منہ کے عمل سے مستثنیٰ کیلئے فارغ ہو۔ (السید)

قوله فان القياس مظهر للحكم لا مثبت: مثبت سے مراد دلیل حکم، اور مظہر سے مراد دلالت دلیل پر دلیل، جیسے مجمل کو نبی کریم ﷺ کے قول و فعل سے بیان کیا جائے تو مجمل دلیل حکم ہے اور بیان دلیل دلالت ہے۔ (السید)

مراد وہ ہے جو جوارح سے خاص ہے تو اس اعتبار سے تکرار مندفع ہو جائے گا۔تو اسی جواب سے اشکال متقدم (چوتھا اعتراض) کا جواب بھی آ گیا کہ" آمنوا" اور "فاعتبروا" اگر چہ افعال قلب ہیں لیکن افعال کا لفظ ان کو شامل ہے۔(التنقیح والتوضیح)

ولقائل ان يقول اذا حمل الحكم في تعريف الفقه على المصطلح فذكر العملية مكرر قطعا لأن مثل كون الاجماع حجة غير داخل في الحكم المصطلح لخروجه بقيد الاقتضاء أو التخيير لايقال معنى كون السنة والأجماع والقياس حججا وجوب العمل بمقتضاها فيدخل في الأقتضاء الضمني لأنا نقول فحينئذ لايخرج بقيد العملية ويلزم ان يكون العلم به من الفقه ويمكن ان يقال ان التقييد بالعملية يفيد أخراج مثل جواز الاجماع ووجوب القياس وهو حكم شرعي.(التلويح)

اعتراض: ولقائل ان يقول الخ، جب حکم کا اصطلاحی معنی فقہ کی تعریف میں لیا جائے تو عملیہ کا تکرار ہو گا یقیناً، کیونکہ مثل وجوب ایمان شرعیہ کی قید سے خارج ہے جیسا کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، اور اجماع کا حجت ہونا اصطلاحی حکم میں داخل نہیں کیونکہ وہ اقتضاء یا تخییر سے خارج ہو گا۔

بعض حضرات نے جواب دیا: کہ سنت و اجماع و قیاس کے حجت ہونے کا مطلب یہ ہے کہ ان کے تقاضا کے مطابق ان پر عمل واجب ہے، تو یہ اقتضاء ضمنی میں داخل ہے۔

جواب کا ضعف بیان کیا: لأ نا نقول الخ، اس لئے کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ اس وقت عملیہ کی قید سے خارج نہیں ہوں گے، اس سے تو لازم آئے گا کہ ان کا علم فقہ ہو، حالانکہ وہ فقہ نہیں۔

ممکن ہے یہ جواب دیا جائے کہ عملیہ کی قید سے مثال کے طور پر جواز اجماع اور وجوب قیاس کو نکالنا مقصود ہو یہ حکم شرعی ہے۔(التلویح)

خیال رہے کہ اجماع سے وجوب ثابت ہوتا ہے اور قیاس سے جواز نہ کہ وجوب۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: قوله ويقع التكرار بين العملية وبين المتعلق بافعال المكلفين، ممکن ہے کہ افعال سے مراد افعال جوارح لے کر یوں توجیہ کی جائے کہ "التعلق بالافعال" دلالت کے لحاظ سے عام ہو، کبھی اس کی دلالت وجوب عمل یا حرمت عمل پر ہو گی اور کبھی اس کی دلالت وجوب اعتقاد پر ہو گی جبکہ اس کی دلالت عمل کے وجوب

مصنف نے بیان فرمایا :والشرعية ما لايدرك لولا خطاب الشارع سواء كان الخطاب واردا في عين هذا الحكم أووا ردا في صورة يحتاج اليها هذا الحكم كالمسائل القياسية فيكون احكامها شرعية اذ لولا خطاب الشارع في المقيس عليه لايدرك الحكم في المقيس.(تنقیح وتوضیح)
اسی کی وضاحت میں فرمایا: خطاب عام ہے برابر ہے کہ خطاب وارد ہو اس حکم کے عین میں، یا وارد ہو اس حکم کی صورت میں یعنی وہ حکم جس صورت کا محتاج ہے جیسے مسائل قیاسیہ تو ان کے احکام شرعیہ ہو جائیں گے، اگر شارع کا خطاب

قوله والشرعية ما لايدرك لولا خطاب الشارع بنفس الحكم أوبأصله المقيس هو عليه فيخرج عنها مثل وجوب الايمان ويدخل مثل كون الاجماع والقياس حجة على تقدير ان يكون حكما وانما لم يفسر الشرعية بما ورد به خطاب الشرع لأن التقدير ان الحكم مفسر بخطاب الله الى آخره وحينئذ يكون تقييده بالشرع تكرارا وعند الاشاعرة ما ورد به خطاب الشرع في قوة ما لايدرك لولا خطاب الشارع اذ لامجال للعقل في درك الأحكام فلو كان خطاب الله الى آخره تعريفا للحكم على ما زعم المصنف لا للحكم الشرعي لكان ذكر الشرعي تكرارا البتة بأى تفسير فسر.(التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله والشرعية ما لايدرك لولا خطاب الشارع ،مصنف نے شرعیہ کی جو تعریف کی ہے کہ اگر شارع کا خطاب نہ پایا جائے تو اس کا ادراک نہ ہو، اس سے مراد نفس حکم کا پایا جانا ہے، یا اصل

وحرمت پر ہو تو وہ فقہ ہے، اور جب اس کی دلالت وجوب اعتقاد پر ہو تو فقہ نہیں، لیکن عملیہ سے مراد فقط متعلق بالعمل ہو تو اس صورت میں تکرار نہیں ہوگا۔(السید)

قوله فاندفع بهذه العناية التكرار :العنایۃ کا معنی ہے ارادہ کرنا، کنز اللغات میں ہے کہ ’’عنایۃ خواستن‘‘ عنایۃ کا معنی ہے چاہنا، تلویح میں ایسا ہی ذکر ہے۔(السید)

قوله والشرعية ما لايدرك الخ ،فقہ کی مصنف نے تعریف کی ’’الفقه هو العلم بخطابات الله تعالى المتعلق بأفعال المكلفين الشرعية العملية‘‘ پھر شرعیہ کی تعریف کی ’’والشرعية ما لايدرك لولا خطاب الشارع‘‘ اب مکمل مجموعی عبارت یہ ہوگئی ’’الفقه علم بخطاب الله المتعلق بالافعال الذى يتوقف على تخطاب الشارع وهو الله تعالى‘‘

مقیس علیہ میں نہ ہو تو حکم کا مقیس میں ادراک نہیں کیا جا سکتا۔ (التوضیح)

مصنف فرماتے ہیں: فیدخل فی حد الفقه حسن کل فعل وقبحه عند نفاة کونهما عقلیین، (التنقیح)

فقہ کی تعریف میں ہر فعل کا حسن اور اس کی قباحت داخل ہو جائیں گے جبکہ ان کی عقلی ہونے کی نفی پائی جائے۔

مقیس کا حکم پایا جاتا ہے وہ ہے مقیس علیہ، یعنی مقیس علیہ کا خطاب پایا جائے جس پر مقیس کو قیاس کیا جائے۔

اس تعریف سے وجوب ایمان خارج ہو جائے گا، اور اجماع وقیاس کا حجت ہونا داخل ہو جائے گا اس تقدیر پر کہ یہ حکم ہے۔

اگر شرعیہ کی تعریف "ما ورد بہ خطاب الشرع" سے نہ کی جائے تو اس تقدیر پر حکم کی تعریف خطاب اللہ الخ ہوگی تو اس وقت شرع کی قید تکرار ہوگا، اشاعرہ کے نزدیک اگر خطاب نہ پایا جائے تو عقل کو احکام کے ادراک کی کوئی مجال نہیں۔

تنبیہ: اگر خطاب اللہ تعالی الخ تعریف ہو مطلق حکم کی، حکم شرعی کی تعریف نہ ہو تو شرعی کا ذکر تکرار ہوگا خواہ جس تفسیر سے بھی تفسیر کریں۔

قوله فيدخل يريد ان تعريف الفقه على رأى الأشاعرة شامل للعلم عن دليل بحسن الجود والتواضع اى وجوبهما أوندبهما وقبح البخل والتكبراى حرمتهما أو كراهتهما وما يشبه ذلك لأنها احكام لاتدرك لولا خطاب الشرع على رأيهم بناء على ان لامدخل للعقل فى درك الأحكام مع ان العلم بها من علم الأخلاق لا من علم الفقه وأقول انما يلزم ذلك ان لو كانت هذه الأحكام عملية بالمعنى المذكوروهوممنوع والأمور المذكورة اخلاق ملكات نفسانية جعل المصنف العلم بحسنها وقبحها من علم الاخلاق وقد صرح فيما سبق بأنه يزاد عملا على

خطاب کا ذکر دو مرتبہ ہو گیا، خطاب اول خطاب ثانی کا غیر ہے ورنہ "توقف الشئ علی نفسہ" لازم آئے گا جو جائز نہیں، اول "نفس اقتضاء وتخییر" ہے اور ثانی وہ کلام ہے جو اقتضاء وتخییر پر دلالت کرے، یا اس کلام کا تکلم مراد ہے۔ (السید)

میر سید شریف نے فرمایا: قوله فيدخل فى حد الفقه الخ، یعنی فقہ کی تعریف میں حسن افعال اور قبح افعال کا علم داخل ہے جو ادلہ تفصیلیہ سے حاصل ہوتا ہے۔

مصنف نے باب ثانی، فصل حسن وقبح میں ذکر کیا ہے، کہ حسن وقبح کے تین تین معانی ہیں، دو میں عقلی ہونے میں اتفاق ہے اور ایک میں اختلاف ہے

اعلم ان عندنا وعند جمهور المعتزلة حسن بعض الافعال وقبحها يدرك عقلا وبعضها لا بل يتوقف على خطاب الشارع فالأول لايكون من الفقه بل هو علم الاخلاق والثاني هو الفقه وحد الفقه يكون صحيحا جامعا ومانعا على هذا المذهب واما عند الاشعري واتباعه فحسن كل فعل وقبحه شرعي فيكونان من الفقه مع ان حسن التواضع والجود ونحوهما وقبح اضدادهما لايعدان من الفقه المصطلح عند احد في حد الفقه المصطلح ما ليس منه فلايكون هذا تعريفا صحيحا للفقه المصطلح على مذهب الاشعرية. (توضیح)

مصنف وضاحت فرماتے ہیں: کہ بیشک ہمارے نزدیک اور جمہور معتزلہ کے نزدیک بعض افعال حسن وقبح عقل سے ادراک ہوتا ہے اور بعض کا عقل سے ادراک نہیں ہوتا بلکہ وہ خطاب شارع پر موقوف ہوتا ہے۔ پہلی قسم یعنی عقل سے ادراک ہونے والی فقہ نہیں بلکہ وہ علم اخلاق ہے، اور ثانی یعنی جن کا حسن وقبح شرع پر موقوف ہو وہ فقہ ہے۔ ہمارے مذہب کے مطابق فقہ کی تعریف جامع ومانع ہوگی لیکن اشاعرہ کے نزدیک ہر فعل کا حسن قبح شرعی ہیں تو ہر ایک فقہ کی

معرفة النفس ما لها وما عليها ليخرج علم الاخلاق ومن العمليات علم الفقه فكانه نسي ما ذكره ثمه أو ذهل عن قيد العملية ههنا. (التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قولہ فیدخل الخ، مراد یہ ہے کہ اشاعرہ کی رائے کے مطابق فقہ کی تعریف شامل ہوگی جبکہ جود وتواضع کا حسن معلوم ہو جائے یعنی ان کے وجوب وندب کا علم حاصل ہو جائے اور بخل وتکبر کی قباحت کے علم کو بھی فقہ کی تعریف شامل ہوگی، یعنی ان کی حرمت وکراہت کے علم کو شامل ہوگی اور اس کے مشابہ چیزوں کا بھی یہی حکم ہے۔ اشاعرہ کے نزدیک اگر خطاب شارع نہ ہو تو ان احکام کا ادراک نہیں پایا جاتا، کیونکہ ان کی رائے کے مطابق احکام کو پانے میں عقل کو دخل نہیں۔ (اشاعرہ کا یہ قول صحیح نہیں) کیونکہ ان کا علم ''علم اخلاق'' ہے نہ کہ علم فقہ ہے۔

علامہ تفتازانی کہتے ہیں ''واقول انما یلزم ذلک'' میں کہتا ہوں یہ اس وقت لازم آتا اگر یہ احکام عملیہ ہوتے، حالانکہ یہ عملیہ نہیں بلکہ یہ امور اخلاق وملکات نفسانیہ ہیں۔

مصنف نے ان کے حسن وقبح کا علم ''علم اخلاق'' بیان کیا ہے۔ لیکن مصنف نے صراحۃ ذکر کیا ہے کہ ''معرفۃ النفس ما لھا وما علیھا'' پر عملا کی قید بڑھائی جائے تاکہ ''علم اخلاق'' خارج ہو جائے۔ اس لئے کہ ''معرفۃ النفس ما لھا وما علیھا'' وجدانیات سے ہے یعنی اخلاق باطنہ اور ملکات نفسانیہ سے ہے اور یہ علم اخلاق ہے اور عملیات سے تعلق علم فقہ ہے، گویا

تعریف میں داخل ہوگا، باوجود اس کے تواضع اور جود وغیرہ کا حسن اوران کی ضدوں کی قباحت اصطلاحی فقہ میں انہیں نہیں شمار کیا جاتا، تو اس طرح اصطلاحی فقہ میں وہ چیزیں داخل ہو جائیں گی جو فقہ نہیں۔تو اشاعرہ کے قول کے مطابق (کہ حسن وقبح فقط شرعی ہیں) فقہ کی تعریف صحیح نہیں۔(التوضیح)

مصنف نے بیان فرمایا :ولایزاد علیہ ای علی حد الفقہ المصطلح التی لایعلم کونھا من الدین ضرورۃ لاخراج مثل الصلوۃ والصوم فانھما منہ .(التنقیح والتوضیح)

کہ مصنف کو پہلے عملا کی قید جولگائی گئی وہ بھول گئی، یا یہاں عملیہ کی قید لگانے سے ذہول ہوگیا۔

تنبیہ: تنقیح میں "نفاۃ" جوذکر ہے وہ نافی کی جمع ہے اصل میں "نفیۃ، ضربۃ" کے وزن پر ہے۔

قولہ مع ان حسن التواضع والجود الخ،تواضع وجود، کے دو دو معنی ہیں۔

۱۔ نفس میں کیفیت راسخہ جو چاہتی ہے مخلوق کی تعظیم کرنے اوران کی عزت کرنے کو، اور دوسری کیفیت جو اس پر منطبق ہوتی ہے وہ عطاء وکرم کا تقاضا کرتی ہے۔

۲۔ دوسرا معنی خود تعظیم وعطاء۔

قولہ ونحوھا: تواضع وجود کی مثل سے مراد علم، شجاعت، صبر، قناعت، شفقت ومحبت۔ان کی اضداد عناد، تکبر، بخل، جھل، جبن، حرص، غضب وحقد (کینہ)۔

ان مذکورہ اشیاء کا حسن وقبح علامہ اشعری کے نزدیک عقل سے حاصل نہیں اسلئے وہ فقہ کی تعریف میں داخل ہے، اور ہمارے (ماتریدیہ) اور معتزلہ کے نزدیک عقل سے ان کا ادراک کیا جاسکتا تو اسلئے فقہ کی تعریف سے خارج ہیں۔

قولہ ولایزاد علیہ المصطلح بین الشافعیۃ ان العلم بالاحکام انما یسمی فقھا اذا کان حصولہ بطریق النظر والاستدلال حتی ان العلم بوجوب الصلوۃ والصوم ونحو ذلک مما اشتھر کونہ من الدین بالضرورۃ بحیث یعلمہ المتدین وغیرہ لایعد من الفقہ اصطلاحا ولھذا یذکرون قید الاکتساب أو الاستدلال.(التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قولہ ولایزاد علیہ الخ ،یعنی شافعیہ کی نزدیک فقہ کی جو اصطلاحی تعریف ہے اس میں

۱۔ طبیعت کے مناسب ہونا حسن ہے، اور طبیعت کے مخالف ہونا قبح ہے۔

۲۔ صفت کمال حاصل ہونا حسن ہے، اور صفت نقصان حاصل ہونا قبیح ہے۔

فقہ اصطلاحی کی تعریف پر یہ قید زیادہ کرنے کی ضرورت نہیں کہ مکلفین کے ان افعال سے تعلق ہو کو دین میں بدیہی طور پر معلوم نہ ہوں، تا کہ نماز اور روزہ فقہ کی تعریف سے خارج ہو جائیں، حالانکہ یہ دونوں فقہ سے ہیں۔

یہ بھی ہے کہ ان احکام کا علم فقہ ہے جن کا حصول نظر واستدلال سے ہو، اس قید سے وہ احکام خارج ہو جائیں گے جن کا علم بدیہی طور حاصل ہوتا ہے، جیسے وجوب صلوۃ وصوم کا علم وغیرہ ان کا دین سے ہونا بدیہی طور پر مشہور ہے، ہر شخص جانتا ہے خواہ دین دار ہو یا غیر دین دار، اسلئے شافعیہ ان کے علم کو اصطلاحی فقہ کا نام نہیں دیتے۔ اسی وجہ سے وہ اکتساب واستدلال کی قید زیادہ کرتے ہیں۔ (التلویح)

فالأمام قيد في المحصول الاحكام بالتي لايعلم كونها من الدين بالضرورة وقال هواحترازعن العلم بوجوب الصوم فانه لايسمى فقها بمعنى انه لايدخل في مسمى الفقه ولايعد منه على ما صرح به في قيد العملية لا بمعنى انه لولم يحترزعنه لزم ان يكون العالم بمجرد وجوبهما فقيها على ما فهمه المصنف فاعترض بمنع لزوم ذلك بناء على ان الفقيه من له الفقه والفقه ليس علما بعض الاحكام وان قل حتى يكون العالم بمسئلة أومسئلتين فقيها بل العالم بمائة مسئلة غريبة استدلالية وحدها لايسمى فقيها ثم اذا كانَ اصطلاحهم على ان العلم بضروريات الدين

یہ دو معانی عقل سے حاصل ہوتے ہیں، ان کے عقلی ہونے میں اتفاق ہے کسی کا اختلاف نہیں۔

۳۔ جس فعل پر ثواب دیا جائے وہ حسن ہے اور جس پر عذاب دیا جائے وہ قبیح ہے، یہ مختلف فیہ ہے، بعض کے نزدیک عقل سے حاصل ہوگا اور علامہ اشعری رحمہ اللہ کے نزدیک یہ بغیر شرع کے حاصل نہیں ہوتا، مصنف نے اسی تیسرے معنی کا یہاں ذکر کیا ہے، کیونکہ پہلے دونوں شرعی نہیں، وہ فقہ کی تعریف سے خارج ہے۔ (السید)

قوله اعلم ان عندنا وعند جمهور المعتزلة الخ: صراح میں ذکر کیا گیا ہے۔ جمہور (بالضم) لوگ۔ کنز اللغات میں ہے "جمہور" سب لوگ، بڑے لوگ، یہاں بھی مراد سب معتزلہ ہیں، یا ان کے بڑے لوگ، اس دوسرے معنی میں یہ زیادہ مشہور ہے۔

اعتراض: یہ تیسرا معنی کہ حسن سے مراد ثواب دیا جانا، اور قبح سے مراد عذاب دیا جانا، یہ اہل سنت ماتریدیہ اور معتزلہ کے نزدیک کیسے عقلی ہیں جبکہ جنت و نار، قیامت وجزاء عقل سے نہیں پہنچانی جاتیں؟

جواب: پہلے آخرت کے احوال کے حق ہونے کا اجمالی طور پر علم حاصل ہوگا، پھر عقل سے ادراک ہوگا۔ (السید)

مصنف فرماتے ہیں: ولیس المراد بالاحکام بعضها وان قل ،احکام سے مراد بعض نہیں اگرچہ قلیل ہی ہوں
(یہ ان کے استدلال کا جواب ہے وضاحت ساتھ ہی آ رہی ہے)

اعلم ان هذا القيد ذكر في المحصول ليخرج مثل الصلوة والصوم وامثالهما اذ لولم يخرج لكان الشخص العالم بوجوبهما فقيها وليس كذلك. (توضيح)

تنبیہ: یہ قید محصول میں ذکر کی گئی ہے تاکہ نماز اور روزہ اوران کی مثل نکل جائیں، جبکہ ان کو فقہ سے نہ نکالا جائے تو ان کے وجوب کے علم رکھنے والے شخص کو فقیہ کہا جائے گا۔ (التوضیح)

فأقول هذا القيد ضائع لأنا لانسلم انه لولم يخرج لكان الشخص العالم بوجوبهما فقيها لأن المراد بالاحكام ليس بعضها وان قل فان الشخص العالم بمائة مسئلة من ادلتها سواء يعلم

ليس من الفقه فلابد من اخراجها عن تعريفهم الفقه فلايكون القيد المخرج لها ضائعا ولا القول بكونها من الفقه صحيحا عندهم ولا الاصطلاح على ذلك صالحا للاعتراض عليهم. (التلويح)

علامہ تفتازانی علامہ ابن حاجب کے قول کی تاویل بیان کرتے ہیں: امام ابن حاجب نے محصول میں یہ قید بڑھائی ہے کہ فقہ میں وہ احکام مراد جو بدیہی طور حاصل نہ ہوں، ابن حاجب نے کہا کہ اس قید سے وجوب صوم کے علم سے احتراز ہو جائے گا، اس کا نام فقہ نہیں رکھا جاتا، مطلب یہ ہے کہ اس کا دخل مسمی فقہ میں نہیں اور نہ ہی اسے فقہ سے شمار کیا جائے گا علاوہ اس کے کہ عملیہ کی قید میں ابن حاجب نے تصریح کی ہے کہ یہ مطلب نہیں کہ اگر اس سے احتراز نہ ہو تو لازم آئے گا کہ وجوب صلوۃ وصوم کے عالم کو فقیہ کہا جائے، جیسا کہ مصنف نے یہ سمجھ کر ابن حاجب پر اعتراض کیا ہے کہ یہ لازم نہیں آتا کیونکہ فقیہ اسے کہا جاتا ہے جسے فقہ کا علم حاصل ہو، صرف بعض احکام کے علم کو فقہ نہیں کہا جا سکتا، کیونکہ ایک دو مسائل کا عالم فقیہ نہیں بلکہ فقط ایک سو مسائل غریبہ کا عالم بھی فقیہ نہیں۔

اس قید کا فائدہ یہ ہے: جبکہ ان کی اصطلاح یہ ہے کہ علم ضروریات دین کا ان کے نزدیک فقہ نہیں تو ان کیلئے ضروری تھا کہ وہ اس قید سے ضروریات دین کو نکالیں، اس لئے یہ قید ان کیلئے مفید ہے ضائع نہیں۔

شافعیہ کے نزدیک ضروریات دین کا فقہ سے ہونے کا قول صحیح نہیں کیونکہ وہ اس کے قائل ہی نہیں، اسلئے ان کی اصطلاح پر اعتراض بھی نہیں کیا جا سکتا۔ (التلویح)

ہاں یہ کہا سکتا ہے کہ ہمارے نزدیک ان کی اصطلاح معتبر نہیں۔

كونها من الدين ضرورة أو لايعلم كالمسائل الغريبة التي في كتاب الرهن ونحوه لايسمى فقيها فالعلم بوجوب الصلوة والصوم من الفقه مع ان العالم بذلك وحده لايسمى فقيها كالعلم بمائة مسئلة غريبة فانه من الفقه لكن العالم بها وحدها ليس بفقيه فلامعنى لاخراجهما منه بذلك العذر الفاسد. (توضيح)

مصنف اس کارد فرماتے ہیں :فاقول هذاالقيد ضائع ،میں کہتا ہوں یہ قید بے فائدہ ہے اسلئے کہ ہم نہیں تسلیم کرتے کہ اگر نماز وروزہ کو نہ نکالا جائے تو ان کے وجوب کے علم رکھنے والے کو فقیہ کہا جائے گا اس لئے کہ مراد احکام سے بعض نہیں کہ اگر چہ قلیل ہی ہوں۔ بیشک ایک شخص ایک سو مسئلہ جانتا ہوادلہ کے ذریعے خواہ وہ بدیہی مسائل ہوں یا غیر بدیہی ہوں، جیسے کتاب الرھن کے مسائل غریبہ (غیر بدیہی) ایک سو بھی جان لینے سے انسان فقیہ نہیں ہوتا، تو واضح ہوا کہ نماز وروزہ کے وجوب کا علم فقہ کا مسئلہ ہے لیکن صرف اتنے علم سے اس شخص کا نام فقیہ نہیں رکھا جائے گا، جیسے صرف ایک سو مسائل غریبہ کو جاننے والے کو فقیہ نہیں کہا جاتا۔ اس لئے نماز وروزہ کے وجوب کے علم کو فقہ سے نکالنے کیلئے اس عذر فاسد کی ضرورت نہیں۔ اور ہم یہ تسلیم ہی نہیں کرتے کہ ان کا علم فقہ سے نہیں، فقہ سے ہے یعنی مسئلہ فقہ کا ہے لیکن عین فقہ نہیں۔ (التوضیح)

ثم اعلم انه لايراد بالأحكام الكل لأن الحوادث لاتكاد تتناهى ولاضابط بجمع احكامها ولايراد كل واحد لثبوت لاادرى ولابعض نسبة معينة بالكل كالنصف أو الأكثر للجهل به

قوله ثم اعلم انه لايراد بالاحكام اعتراض على تعريف الفقه بأن المراد بالاحكام اما الكل اى المجموعي واما كل واحد واما بعض له نسبة معينة الى الكل كالنصف أو الأكثر كالثلثين مثلا واما البعض مطلقا وان قل والاقسام باسرها باطلة اما الاول فلأن الحوادث وان كانت متناهية فى نفسها بانقضاء دار التكليف الا انها لكثرتها وعدم انقطاعها ما دامت الدنيا غير داخلة تحت حصر الحاصرين وضبط المجتهدين وهو المعنى بقوله لايكاد تتناهى فلايعلم احكامها جزئيا فجزئيا لعدم احاطة البشر بذلك ولا كليا تفصيليا لأنه لاضابطة تجمعها لاختلاف الحوادث اختلافا لايدخل تحت الضبط فلايكون احد فقيها. (التلويح)

- علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله ثم اعلم انه لايراد بالاحكام الخ ، یہ فقہ کی تعریف پر ایک اعتراض ہے۔

ولاالتهیؤ للکل اذ التهیؤ البعید قد یوجد لغیر الفقیه والقریب مجهول غیر منضبط ولا یراد انه یکون بحیث یعلم بالاجتهاد حکم کل واحد لأن العلماء المجتهدین لم یتیسر لهم علم بعض الأحکام مدة حیاتهم کأبی حنیفة رحمه الله لم یدر الدهر وللخطأ فی الاجتهاد ولأن حکم بعض الحوادث ربما یکون مما لیس للاجتهاد فیه مساغ وایضا لایلیق فی الحدود ان یذکر العلم ویراد به تهیؤ مخصوص اذ لادلالة للفظ علیه اصلا.(توضیح)

مصنف فرماتے ہیں :ثم اعلم انه لایراد بالاحکام الکل الخ ،پھر جان لو بیشک مراد احکام سے تمام احکام بھی نہیں اس لئے کہ حوادثات ختم ہونے کے قریب نہیں اور نہ ہی تمام احکام ضبط وشمار میں ہیں، پھر ہر ایک ایک مسئلہ جاننا بھی ضروری نہیں اس لئے کہ بعض ائمہ سے بعض مسائل کے جواب میں لا ادری آیا ہوا ہے۔اور نہ ہی کل کی بنسبت بعض معین مراد ہیں، اس لئے کہ جب کل ہی معلوم نہیں تو کل کا نصف یا کل کا اکثر کیسے مراد ہوگا۔اور نہ ہی کل کو مسائل کو جاننے کی تیاری واستعداد ضروری ہے، اسلئے کہ کل کو جاننے کی تھیؤ بعید بھی غیر فقیہ کو بھی حاصل ہوتی ہے، اور قریب مجہول غیر منضبط ہے۔اور یہ بھی مراد نہیں کہ اجتہاد کے ذریعے ہر ایک کا علم حاصل کرے اس لئے کہ علماء مجتہدین کیلئے بعض احکام کا علم زندگی بھر آسان نہ ہوا جیسے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے ''دہر'' (کی مقدار) کو زندگی بھر نہ جانا، اور اجتہاد کے ذریعے ہر ایک مسئلہ کو جاننا اسلئے بھی ضروری نہیں کہ اجتہاد میں ائمہ سے خطاء بھی واقع ہوتی ہے۔اور اس لئے بھی

اعتراض کی تقریر یہ ہے کہ فقہ کی تعریف میں ''الاحکام'' کا جو ذکر ہے اسے تم کل مجموعی کے درجہ میں رکھتے ہو یا کل افرادی یعنی کل واحد کے درجے میں رکھتے ہو، یا بعض کی نسبت کل سے معین رکھتے ہو یعنی نصف یا اکثر لیتے ہو، اکثر سے مراد ثلثین وغیرہ یا مطلقا بعض مراد لیتے ہو اگرچہ قلیل ہوں، سب اقسام محتملہ باطل ہیں۔

پہلے قسم کا ابطال اس طرح ہے کہ حوادثات اگرچہ متناہی ہیں کیونکہ دار تکلیف (دنیا) نے ختم ہو جانا ہے مگر کثیر ہیں اور جب تک دنیا موجود ہے اس وقت تک انقطاع بھی نہیں اس لئے وہ شمار کرنے والوں کے شمار اور مجتہدین کے ضبط میں نہیں، مصنف کے قول ''لایکاد تتناهى'' کا یہی مطلب ہے۔

یعنی تمام احکام جزئی جزئی معلوم نہیں ہوسکتے وہ انسان کے احاطہ میں نہیں آسکتے، اور تمام احکام کلی تفصیل بھی معلوم نہیں ہوسکتے کیونکہ ان کو جمع کرنے کا کوئی ضابطہ نہیں کیونکہ حوادث مختلف ہیں وہ ضبط میں نہیں آسکتے، تو کوئی ایک فقیہ نہیں ہوگا۔

ضروری نہیں کہ بعض مسائل میں اجتہاد کی گنجائش نہیں، اور یہ بھی لائق نہیں کہ حدود میں علم ذکر کیا جائے اور مراد اس سے تھوڑ مخصوص لیا جائے اسلئے کہ لفظ کی دلالت اس پر نہیں۔

پھر کیا مراد ہے؟ اس کا ذکر مصنف کی اس عبارت کی وضاحت کے بعد ان شاء اللہ آئے گا۔

واما الثانی فلان بعض من هو فقيه بالاجماع قد لايعرف بعض الاحكام كمالك سئل عن اربعين مسئلة فقال فى ست وثلاثين لاادرى واما الثالث فلأن الكل مجهول الكمية والجهل بكمية الكل يستلزم الجهل بكمية الكسور المضافة اليه من النصف وغيره ضرورة وبهذا يظهر انه لايصح ان يراد اكثر الاحكام لأنه عبارة عما فوق النصف وهو ايضا مجهول واما الرابع فلأنه يستلزم ان يكون العالم بمسئلة أومسئلتين من الدليل فقيها وليس كذلك اصطلاحا وهذا مذكور فيما سبق فلم يصرح به ههنا بل اشار بلفظ ثم اى بعد ما لايراد البعض وان قل لايراد الكل الى آخره.(التلويح)

دوسری قسم یعنی کل افرادی کا ابطال اس طرح ہے کہ بعض حضرات کا فقیہ ہونا تو بالاتفاق ہے لیکن انہوں نے بعض احکام کو نہیں پہچانا جیسے امام مالک رحمہ اللہ سے چالیس مسائل پوچھے گئے تو آپ نے چھتیس کے متعلق لاادری (میں نہیں

میر سید شریف فرماتے ہیں: **قوله لانسلم انه لولم يخرج الخ**، یعنی اگر اس زیادتی سے نہ نکلے، ورنہ ظاہر بات یہ ہے کہ اگر فقہ کی تعریف سے نماز کا علم نہ نکلے تو تعریف اس پر صادق آئے گی تو فقہ کا علم ہو گیا، تو جو فقہ سے متصف ہو وہ فقیہ ہے، تو اس وقت ملازمہ مکابرہ ہو جائے گا۔

ہاں مگر یہ کہا جائے کہ وہ فاقہ ہوگا کہ فقہ سے متصف ہو، فقیہ غیر ہے فاقہ کا، کیونکہ فقیہ میں مبالغہ پایا گیا ہے جیسے علیم، خبیر، قدیر اور قدیم وغیرہ تو ضروری ہے کہ فقیہ اسے کہا جائے جو زیادہ تفقہ رکھے وہ ہے کل احکام کا جاننے والا۔ (السید)

قوله وان قل: قلۃ نصف سے کم کو کہا جاتا ہے اور کثرۃ نصف سے اوپر کو، اور اعلیٰ مرتبہ قلۃ کا وحدت ہے اور ادنیٰ مرتبہ نصف سے کم، اور کثرۃ کا اعلیٰ مرتبہ کل مراتب سے ایک مرتبہ کم ہو اور ادنیٰ مرتبہ نصف سے ایک مرتبہ اوپر ہو۔ (السید)

تنبیہ: بحث مذکور میں نصف سے مراد کل تعداد کا نصف ہے نہ کہ ایک کا نصف۔ (راقم)

قوله سواء يعلم كونها من الدين ضرورة: یہاں "یعلم" مجہول کا صیغہ ہے، یعنی برابر ہے کہ وہ معلوم ضروری (بدیہی) طور پر یعنی بایں طور پر کہ اس کی تعریف عامہ لوگوں پر مشہور و معروف ہو۔ "یعلم" معروف کا صیغہ

جانتا) فرمایا۔

تیسری قسم، بیشک ''کل'' کی مقدار مجہول ہوتی ہے تو جب کل کی مقدار مجہول ہو تو اس کی کسور نصف وغیرہ بھی جو اس کی طرف منسوب ہوتی ہیں وہ مجہول ہوتی ہیں تو اسی سے ظاہر ہوگیا کہ یہ صحیح نہیں کہ اکثر احکام مراد لئے جائیں کیونکہ اکثر نصف سے اوپر ہوتے ہیں جب نصف کا ہی پتہ نہیں تو اکثر کا بھی علم نہیں ہوسکتا۔

چوتھی قسم کا ابطال یعنی کل کی بنسبت بعض معین نصف یا اکثر بھی مراد نہیں ہوسکتے اسلئے کہ کل مجہول الکمیۃ ہے جب کل کی مقدار و تعداد معلوم تو بعض کسور یعنی نصف یا اکثر کی تعداد بھی مجہول ہوگی۔ اکثر کا علم بھی نصف کی تعداد کے علم سے سمجھ آتا ہے۔ چوتھی قسم کا ابطال یعنی بعض مطلق اگرچہ قلیل ہوں مراد نہیں ہوسکتے کیونکہ اس سے لازم آئے گا کہ ایک دو مسئلے دلیل سے جاننے والا بھی فقیہ ہو حالانکہ وہ اصطلاح میں فقیہ نہیں۔ چوتھی قسم کا مصنف نے صراحۃ ذکر تو نہیں کیا لیکن لفظ ''ثم'' سے بحث کو شروع کرتے ہوئے بیان کیا جس سے اسی کی طرف اشارہ ملتا ہے ''ثم اعلم انه لایراد بالأحکام الکل '' آگے چل کر بیان کیا ''ولا بعض'' اس سے بعض کی دوقسموں کی طرف اشارہ مل گیا۔ (التلویح)

تھیؤ قریب و بعید کا فرق: فقط استعداد پائی جائے مسائل کے استنباط کی، یہ بعض اوقات غیر فقیہ کو بھی حاصل ہوتی ہے اسے تھیؤ بعید سے تعبیر کیا گیا۔ اگر استعداد کے ساتھ واقع میں استنباط بھی پایا گیا تو یہ تھیؤ قریب ہے، اس کی پھر دو صورتیں ہیں۔ معلوم اور مجہول۔

معلوم یہ ہے کہ اس کی حد منضبط ہوگی جیسے کہا جائے کہ وہ مشتمل ہے کتاب اللہ کے معانی لغوی اور شرعی کے علم پر، اور اس کی اقسام عام وخاص ومشترک وغیرہ پر، اور اسی طرح علم سنت اور اس کے متن وسند وغیرہ پر علم مشتمل ہے، اسی طرح اجماع اور اس کے احکام اور قیاس کی وجوہ پر۔ معلوم کے خلاف مجہول ہوگا جس کی حد معلوم کی طرح منضبط نہ ہو۔

درست نہیں کہ ضمیر شخص کی طرف لوٹے کیونکہ فرض یہ کیا گیا ہے کہ وہ عالم بالاستدلال ہے تو اس کا علم نظری وکسبی ہوگا، ضروری وبدیہی نہیں ہوگا۔ (السید)

قوله لایسمی فقیها: علامہ رازی رحمہ اللہ کے نزدیک یہ قول پسندیدہ نہیں بلکہ ان کے نزدیک معتبر یہ ہے کہ فقہ مسائل دین کا علم ہے جو ادلہ سے حاصل ہو برابر ہے کہ کل کا علم ہو یا بعض کا، اگرچہ بظاہر امام کے قول کے مطابق ایک یا دو مسائل کو استدلال سے جاننے والا فقیہ، لیکن استدلال کی قید سے ان کے نزدیک بھی ضروریات دین کا علم فقہ مصطلح سے نکل جائے گا۔ (السید)

وههنا بحث وهوان من الأحكام ما يصح حمله على الكل دون كل واحد كقولنا كل القوم يرفع هذا الحجر لا كل واحد منهم ومنها ما هوبالعكس كقولنا كل واحد من الناس يكفيه لا كل الناس ومنها ما لايختلف كقولنا ضربت كل القوم أو كل واحد منهم ومعرفة الأحكام من هذا القبيل اذ معرفة جميع الاحكام معرفة كل حكم وبالعكس وانه التزم المصنف ان معرفة جميع الأحكام اعم من معرفة كل واحد اوالبعض فقط فعدم تناهي الحوادث لاينافي ذلك والظاهر انه قصد بالكل مجموع الأحكام الماضية والآتية وبكل واحد ما يقع ويدخل في الوجود على التفصيل ويلتفت اليه ذهن المجتهدين حيث علل عدم ارادة الأول بلاتناهي الحوادث والثاني بثبوت لاادري. (التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وههنا بحث ،یہاں ایک بحث ہے،احکام کوکل پرمحمول کرنا صحیح ہو۔نہ کہ ہرایک پر جیسے ہمارا قول''كل القوم يرفع هذا الحجر ''اس کا مطلب یہ ہے کہ کل قوم مل کراس بھاری پتھرکواٹھاسکتی ہے نہ کہ ہرایک ایک شخص اٹھاسکتا ہے،اسے کل مجموعی کہاجاتا ہے۔

اورکبھی مراد''کل واحد''ہوتا ہے جمیع مرادنہیں ہوتے جیسے کہاجائے''يكفي هذا الطعام الكل' 'تواس کا مطلب یہ ہے''كل واحد من الناس يكفيه هذا الطعام''یہ طعام لوگوں میں سے ہرایک کوکافی ہے،لیکن یہ مرادنہیں کہ سب لوگوں کوکافی ہے،اسے کل افرادی کہاجاتا ہے۔

ومنها ما لايختلف :اورکبھی کل کااستعمال مختلف نہیں ہوتا،چاہے توآپ کل مجموعی مرادلیں یاکل افرادی،دونوں صورتوں میں مطلب ایک ہی ہوگا،جیسے کہاجائے''ضربت کل القوم''میں نے تمام قوم کومارا۔یا یہ ترجمہ کیاجائے میں نے قوم کے ہرفردکومارا۔ان دونوں صورتوں میں مطلب تقریباایک ہی ہے۔''راقم کے خیال میں یہ کل اشتراکی کہلائے گا''

معرفت احکام اسی قبیلے سے ہے کیونکہ جمیع احکام کی معرفت ہرحکم کی معرفت ہے،اورہرحکم کی معرفت جمیع احکام کی معرفت ہے۔

وانه التزم المصنف :مصنف نے لازم پکڑاہے کہ بیشک جمیع احکام کی معرفت عام کل واحدکی معرفت ہے یافقط بعض کی معرفت سے توعدم تناہی حوادث اس کے منافی نہیں۔

ظاہر یہ ہے کہ مصنف نے کل سے مرادمجموع احکام لیا ہے خواہ وہ احکام ماضیہ ہوں یااحکام آتیہ(مستقبلہ)ہوں،

اور کل واحد سے مراد جو واقع ہوں اور وجود میں داخل ہوں۔
مجتہدین کا ذہن بھی اسی طرف منتقل ہے کیونکہ مصنف نے جمیع مرادنہ لینے کی علت (وجہ) بیان کی ہے حوادثات کا ختم نہ ہونا، اور بعض مرادنہ ہونے کی علت بیان کی ہے ثبوت لا ادری۔ (التلویح)

ولما اجاب ابن الحاجب بأن المراد بالأحكام المجموع ومعنى العلم بها التهيؤ البعيد حاصل لغير الفقيه والقريب غير مضبوط اذ لايعرف ان اى قدرمن الاستعداد يقال لها التهيؤ القريب ولما فسر التهيؤ بكون الشخص بحيث يعلم بالاجتهاد حكم كل واحد من الحوادث لاستجماعه المأخذ والاسباب والشرائط التى يتمكن بها من تحصيلها ويكفيه الرجوع اليها فى معرفة الاحكام رده المصنف باربعة أوجه يمكن الجواب عنها بأنا لانسلم ان عدم تيسر معرفة بعض الاحكام لبعض الفقهاء أوالخطاء فى الاجتهاد ينافى التهيؤ بالمعنى المذكورلجوازانه يكون ذلك لتعارض الأدلة أووجود الموانع أومعارضة الوهم العقل أومشاكلة الحق الباطل ونحو ذلك ولانسلم ان شيئا من الأحكام التى لم يرد بها نص ولااجماع يكون بحيث لامساغ فيه للاجتهاد ويدل عليه حديث معاذ رضى الله عنه حيث اعتمد الاجتهاد برأيه فيما لايجد فى النص ولم يقل النبى ﷺ فان لم يكن محلا للاجتهاد ولانسلم ان لادلالة للفظ العلم على التهيؤ المخصوص فان معناه ملكة يقتدربها ادراك جزئيات الاحكام واطلاق العلم شائع فى العرف كقولهم فى تعريف العلوم علم كذا وكذا فان المحققين على ان المراد به هذه الملكة ويقال لها ايضا الصناعة لا نفس الادراك وكقولهم وجه الشبه بين العلم والحياة كونهما جهتي ادراك. (التلويح)

علامہ تفتازانی ابن حاجب کا اور مصنف کا رد بیان کرتے ہیں: جب ابن حاجب نے جواب یہ دیا کہ مراد احکام سے جمیع احکام ہیں، البتہ ان کے علم سے مراد تھیؤ ہے۔
تو مصنف نے اس کا رد کیا ہے کہ تھیؤ بعید غیر فقیہ کو بھی حاصل ہے اور تھیؤ قریب ضبط میں نہیں ابن حاجب نے تھیؤ کی تفسیر بیان کی، کہ کوئی شخص جب اجتہاد کے ذریعے ہر ایک حادث کا حوادثات میں ماخذ واسباب وشرائط کو جمع کر کے علم حاصل کر لے تو کافی ہے معرفت احکام میں اس کی طرف رجوع کرنا۔
تو مصنف نے اس کی چار وجہ سے رد کیا ہے، اگر چہ ان کا جواب بھی ممکن ہے۔

جب چند احتمال باطل ہیں تو کون سا احتمال معتبر ہے ؟ مصنف نے بیان کیا ''اذا عرفت هذا فلابد ان يكون الفقه علما بجملة متناهية مضبوطة فلهذا قال المصنف ''(التوضیح)

جب تم نے بیان کردہ بحث کو پہچان لیا تو ضروری ہے کہ فقہ علم ہے تمام متناہی منضبط احکام کا،

مصنف کے وجوہ رد کے جوابات :

ا۔ ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ بعض فقہاء پر بعض احکام کی معرفت کا آسان نہ ہونا یا اجتہاد میں خطاء تھیؤ کے معنی مذکور کے منافی ہے، اسلئے کہ ہوسکتا ہے کہ یہ ادلہ کے تعارض کی وجہ سے ہو، یا موانع کے پائے جانے کی وجہ سے ہو، یا وہم کے عقل کے معارض ہونے کی وجہ سے ہو، یا حق و باطل کی مشاکلت وغیرہ کی وجہ سے ہو۔

۲۔ اور ہم یہ تسلیم نہیں کرتے احکام میں سے کسی پر نص وارد نہ ہو اور اس پر اجماع نہ ہو تو اس میں اجتہاد کی گنجائش نہ ہو، اس پر حضرت معاذ رضی اللہ عنہ کی حدیث دلالت کر رہی ہے جبکہ انہوں نے اپنی رائے سے اجتہاد کرنے پر اعتماد کیا اس مسئلہ میں جس میں نص نہ پائی گئی، ان کے اس قول پر ''ولم يقل النبي ﷺ فان لم يكن محلا للاجتهاد '' نبی کریم ﷺ نے یہ ارشاد نہیں فرمایا کہ جس میں نص نہ پائی جائے اس میں اجتہاد تو ہو ہی نہیں سکتا۔

۳۔ اور ہم تسلیم نہیں کرتے کہ لفظ علم کی تھیؤ مخصوص پر دلالت نہیں، اسلئے کہ تھیؤ مخصوص کا معنی ہے ''ملکہ جس کے ذریعے احکام کی جزئیات کا ادراک کرنے کی طاقت رکھے''

علم کا اطلاق معرفت پر مشہور و معروف ہے، جس طرح علوم کی تعریف میں کہا جاتا ہے ''علم کذا وکذا'' مراد اس سے یہ ہوتا ہے کہ فلاں فلاں جزئیات کی اس اس طرح معرفت حاصل ہوگئی، بیشک محققین نے یہی کہا ہے کہ اس سے مراد ملکہ ہے۔

۴۔ اور اسے صناعت بھی کہا جاتا ہے نہ کہ نفس ادراک، جیسے ان کا قول ہے کہ علم اور حیات میں وجہ شبہ یہ ہے کہ ان دونوں میں جہت ادراک پائی گئی ہے۔

قوله بل هو العلم تعريف مخترع للفقه بحيث ينضبط معلوماته و التقييد بكل الاحكام يخرج به البعض الا انه يدل على اذا ظهر نزول الوحي بحكم أو بحكمين فالعالم به مع الملكة لايسمى

مطلب یہ ہے کہ فقہ وہ علم جس میں احکام کے متناہی ہونے کا احتمال ہو، بالفعل احکام قلیل بھی نہ ہوں، اور صرف تھیؤ اور استعداد بھی نہ ہو۔ (السید)

اسی لئے مصنف نے کہا :بل هو العلم بكل الاحكام الشرعية العملية التى قد ظهر نزول الوحى بها والتى انعقد الاجماع عليها من ادلتها مع ملكة الاستنباط الصحيح منها ۔(التنقیح)

فقہ وہ علم ہے جو ادلہ (اربعہ) سے حاصل ہو باوجود اس کے کہ اس کو ملکہ استنباط صحیح حاصل ہو۔اور وہ علم کل احکام شرعیہ عملیہ کا ہو جو احکام ظاہر نزول وحی سے حاصل ہوں اور ان پر اجماع منعقد ہو۔

فقيها واذا علم ثلاثة احكام يسمى فقيها وقيد نزول الوحى بالظهور احترازا عما نزل به الوحى ولم يبلغ بعد فليس من شرط الفقيه معرفته.(التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :فقہ کی یہ تعریف اختراع کی گئی ہے اس حیثیت سے تاکہ اس کے معلومات ضبط میں آسکیں۔"کل الاحکام" کی قید لگا کر بعض کو نکالا گیا ہے کہ یہ واضح ہو جائے کہ جب نزول وحی کے ظاہر ہونے پر ایک یا دو حکم معلوم ہوں اور عالم کو ملکہ استنباط بھی حاصل ہو تو وہ فقیہ نہیں،اور جب تین احکام کا اسے علم حاصل ہو تو وہ فقیہ ہے۔ اور نزول وحی کے ساتھ ظہور کی قید لگائی تاکہ احتراز ہو جائے اس سے کہ جب وحی نازل ہو اور درجہ ظہور میں نہ پہنچے تو فقیہ کیلئے اس کی معرفت شرط نہیں۔

قوله مع ملكة الاستنباط اى العلم بما ذكر بشرط كونه مقرونا بملكة استنباط الفروع القياسية من تلك الاحكام أو استنباط الاحكام من أدلتها حتى ان العلم بالحكم بمجرد سماع النص للعلم باللغة من غير اقتدار على النظر والاستدلال لايعد من الفقه والأول اوجه.(التلويح)

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله قد ظهر الخ ،مراد یہ ہے کہ اول وضع شریعت سے اس حکم کے علم تک ظاہر ہو،تمام طبقات فقہاء سلف،صحابہ کرام کے زمانہ سے لے کر امام محمد بن حسن شیبانی تک ،اور خلف شمس الائمہ حلوانی،اور متاخرین سے حافظ الدین بخاری تک،اپنے اپنے زمانے کے تمام احکام ظاہرہ کے عالم تھے نص یا اجماع کے ذریعے باوجود ملکہ استنباط صحیح کے،اس لحاظ سے تعریف جامع ہے۔(السید)

قوله نزول الوحى :وحی عام ہے متلو ہو یا غیر متلو ہو،متلو سے قرآن پاک ہے اور غیر متلو سے مراد حدیث پاک ہے۔وحی کی تمام اقسام کی طرف اشارہ پایا گیا ہے خواہ فرشتے کے ذریعے ہو،یا فرشتے کے اشارہ سے ہو،یا اللہ تعالیٰ کی طرف سے الہام ہو،یہ تینوں قسمیں ظاہر وحی ہیں۔اور جو رائے اور اجتہاد سے ہو وہ اسے وحی باطن کہا جاتا ہے پھر وحی کا ظاہر ہونا عام ہے خواہ نبی کریم ﷺ کے قول سے یا فعل سے یا تقریر سے ظاہر ہو۔

فالمعتبر ان یعلم فی ای وقت کان جمیع ما قد ظهر نزول الوحی به فی ذلک الوقت فالصحابة رضی الله عنهم کانوا فقهاء فی وقت نزول بعض الأحکام بعده ثم ما لم یظهر نزول الوحی به قد لایعلمه الفقیه والصحابة رضی الله عنهم لعربیتهم کانوا عالمین بما ذکر. (توضیح)

مصنف نے توضیح میں بہتر وضاحت فرمائی: کل احکام کا جو ذکر کیا ہے اس سے مراد نزول وحی کے ظہور کے وقت جتنے احکام تھے ان کو جاننے والے صحابہ کرام فقیہ تھے، جب بعض احکام کا نزول ہو تو وہ بعض مراد تھے (ایک، دو یا تین کا کوئی فرق نہیں بیان کیا) پھر نزول وحی کا ظہور ذکر کیا کیونکہ بغیر ظہور کے کبھی فقیہ اور صحابہ کرام کو بھی علم حاصل نہ ہو حالانکہ وہ اہل عربیت تھے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: مع ملکة الاستنباط، کے دو مطلب ہیں، ایک یہ کہ احکام کا علم مقرون ہو ملکہ استنباط سے یعنی ان احکام سے فروع قیاسیہ کا استنباط (اخذ) کر سکے۔ دوسرا مطلب ہے کہ ادلہ کے ذریعے احکام کا استنباط کر سکے، کیونکہ فقط نص سے سن کر علم حاصل ہو جانا کہ لغت کا اسے علم حاصل ہو بغیر نظر و استدلال کی قدرت رکھنے کے اسے فقیہ نہیں شمار کیا جائے گا۔

"والاول أوجہ" دونوں معانی سے پہلا معنی زیادہ مناسب ہے۔ (التلویح)

قوله لا المسائل القیاسیة ای لایشترط فی الفقیه العلم بالمسائل القیاسیة لأنها نتیجة الفقاهة والاجتهاد لکونها فروعا مستنبطة بالاجتهاد فیتوقف العلم بها علی کون الشخص فقیها فلو توقفت الفقاهة علیها لزم الدور فان قیل هذا انما یستقیم فی اول القائسین واما من بعده فیجوز ان یشترط فیه العلم بالمسائل القیاسیة التی استنبطها المجتهد الأول من غیر دور قلنا لایجوز للمجتهد التقلید بل یجب علیه ان یعرف المسائل القیاسیة باجتهاده فلو اشترط العلم بها لزم الدور نعم یشترط ان یعرف اقوال المجتهدین فی المسائل القیاسیة لئلا یقع فی مخالفة

اسی طرح وحی کا لفظ تمام اقسام کتاب وسنت کو شامل ہے۔ (السید)

قوله مع ملکة الاستنباط الصحیح: استنباط کا مطلب ہے احکام کو قیاس کے ذریعے نکالنا، یا غیر قیاس یعنی دلالة النص، یا اشارة النص، یا اقتضاء النص، یا خفی، یا مشکل کے ذریعے احکام کو نکالنا، شرط یہ ہے کہ اصول فقہ کے قواعد کے مطابق ہو، اور کتاب اللہ اور سنت رسول اللہ ﷺ کے معانی لغویہ وشرعیہ مستحضر ہوں۔

فقیہ کا اطلاق صرف ان پر ہی ہوسکتا ہے جو ملکہ استنباط رکھتے ہیں۔(التوضیح)

مصنف فرماتے ہیں :ولم یطلق الفقیه الا علی المستنبطین منهم وعلم المسائل الاجماعیة یشترط الا فی زمن رسول الله ﷺ لعدم الاجماع فی زمنه.(توضیح)

فقیہ کیلئے جہاں ملکہ استنباط ضروری ہے وہاں یہ بھی شرط ہے کہ اسے مسائل اجماعیہ کا بھی علم ہو مگر نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں اجماع شرط نہیں تھا۔(التوضیح)

مصنف فرماتے ہیں :لا المسائل القیاسیة للدور بل یشترط ملکة الاستنباط الصحیح وهو ان یکون مقرونا بشرائطه.(توضیح) یعنی فقیہ کیلئے مسائل قیاسیہ کا علم ضروری نہیں کیونکہ اگر یہ شرط لگائی جائے تو دور لازم آئے گا، بلکہ شرط صرف ملکہ استنباط صحیح ہے کہ وہ اپنی شرائط سے مقرون ہو۔(التوضیح)

الاجماع.(التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله لا المسائل القیاسیه، یعنی فقیہ کیلئے مسائل قیاسیہ کا علم شرط نہیں، اس لئے کہ مسائل قیاسیہ تو فقاہت واجتہاد کا نتیجہ ہیں کیونکہ یہ فروع ہیں اجتہاد سے مستنبط ہوتے ہیں، اگر فقاہت ان پر موقوف ہوجائے تو دور لازم آئے گا۔(التلویح)

اعتراض: یہ قول تو سب سے پہلے قیاس کرنے والوں پر صادق آئے گا، لیکن بعد والوں کیلئے یہ شرط جائز ہے کہ انہیں ان مسائل قیاسیہ کا علم ہو جو پہلے مجتہد نے استنباط کئے ہیں، اس میں کوئی دور لازم نہیں آئے گا۔

جواب: مجتہد پر پہلے مجتہد کی تقلید لازم نہیں بلکہ اس پر واجب ہے کہ مسائل قیاسیہ کی معرفت حاصل کرے اپنے اجتہاد سے، اگر مسائل قیاسیہ کا علم شرط قرار دیں تو دو دلازم آئے گا۔

ہاں شرط یہ ہے کہ اقوال مجتہدین جو مسائل قیاسیہ میں ہیں ان کی معرفت حاصل ہوتا کہ اجماع کی مخالفت لازم نہ

قوله فی وقت نزول بعض الاحکام :میر سید شریف کا قول بھی مصنف کی تائید کر رہا ہے آپ فرماتے ہیں مصنف کا یہ قول ایک حکم کے نازل ہونے کے وقت کو بھی مشتمل ہے، اس ایک حکم کے نازل ہونے پر ملکہ استنباط ہو تو وہ فقیہ ہے کیونکہ بعض کا لفظ کل کے ماسوا سب کو شامل ہے۔(السید)

اس لئے کہ نبی کریم ﷺ کے ارشاد کا کسی صحابی نے انکار نہیں کیا، بلکہ سب صحابہ اس پر راضی رہے اگر کسی منافق نے انکار کیا یا آپ کے حکم پر راضی نہ ہوا تو اس کا کوئی اعتبار ہی نہیں۔(ماخوذ از السید)

آئے۔(التلویح)

فان قيل المسائل القياسية مما ظهر نزول الوحي بها اذ القياس مظهر لامثبت فيشترط للمجتهد الأخير العلم بها قلنا نزول الوحي بها انما ظهر للمجتهد السابق لا في الواقع ولا عند المجتهد الثاني وليس له تقليد الأول فلايشترط له معرفته ويمكن ان يراد ما ظهر نزول الوحي به لا بتوسط القياس. (التلويح)

اعتراض: مسائل قیاسیہ ظاہر نزول وحی سے حاصل ہوتے ہیں، قیاس مظہر احکام ہے نہ کہ مثبت احکام تو مجتہد اخیر کیلئے بھی ان کا علم شرط ہوگا۔

جواب: نزول وحی کے ظہور پر مسائل قیاسیہ کا مجتہد سابق کیلئے اور نہ ہی مجتہد ثانی کیلئے واقع میں ان کا ظاہر ہونا نہیں۔(اسی وجہ سے مجتہد سے خطاء بھی ہوسکتی ہے، اگر واقع کے مطابق ظاہر ہونا لازم ہوتا تو ہر اجتہاد صواب پر مبنی ہوتا) اور نہ ہی مجتہد ثانی کیلئے تقلید لازم ہے مجتہد اول کی، اور نہ ہر شرط اس کے علم کی، ممکن ہے کہ مصنف کی عبارت "قد ظهر نزول الوحي بها" کا مطلب ہو کہ وہ مسائل قیاسیہ نزول وحی سے ظاہر ہوتے ہیں نہ کہ قیاس سے۔

ثم ههنا ابحاث، الأول ان المقصود تعريف الفقه المصطلح بين القوم وهو عندهم اسم لعلم مخصوص معين كسائر العلوم وعلى ما ذكر المصنف هو اسم المفهوم كلي يتبدل بحسب الايام والاعصار فيوما يكون علما بجملة من الأحكام ويوما باكثر واكثر وهذا يتزايد الى انقراض زمن النبي ﷺ ثم اخذ يتزايد بحسب الأعصار وانعقاد الاجتماعات وايضا ينتقض بحسب النواسخ والاجماع على خلاف اخبار الآحاد والثاني ان التعريف لايصدق على فقه الصحابة في زمن النبي ﷺ لعدم الاجماع في زمانه وكانه اراد انه العلم بما ظهر نزول الوحي به فقط ان لم يكن اجماع وبه ربما انعقد عليه الاجماع ان كان ومثله في التعريفات بعيد والثالث انه يلزم ان يكون العلم بالأحكام القياسية خارجا عن الفقه وذلك عندهم معظم مسائل الفقه اللهم الا ان يقال انه فقه بالنسبة الى من ادى اليه اجتهاده اذ قد ظهر عليه نزول الوحي به وحينئذ يكون الفقه بالنسبة الى كل مجتهد شيئا آخر والرابع انه ان اريد بظهور نزول الوحي الظهور في الجملة فكثير من فقهاء الصحابة لم يعرفوا كثيرا من الأحكام التي ظهر نزول الوحي بها على بعض الصحابة كما رجعوا في كثير من الوقائع الى عائشة رضي الله عنها ولم يقدح ذلك في

فقاهتهم وان اريد الظهور على الأعم الأغلب فهو غير مضبوط لكثرة الرواة وتفرقهم في الاسفار والاشغال ولو سلم فيلزم ان لايكون العلم بالحكم الذي يرويه الأحاد من الفقه حتى يصير شائعا ظاهرا على الأكثر فيصير فقها وبالجملة هذا التعريف لايخلو عن الاشكال والاختلال. (التلويح)

یہاں چند ابحاث ہیں: ا۔ بیشک مقصد ایک قوم کی درمیان مصطلح فقہ کی تعریف کرنا ہے، وہ ان کے نزدیک ایک مخصوص معین علم کا نام ہے جس طرح باقی علوم کی تعریفیں اور اسماء ہیں اور مصنف نے جو ذکر کیا ہے وہ نام ہے مفہوم کلی کا، جو دنوں اور زمانے کے بدلنے سے بدلتا رہتا ہے ایک دن تمام احکام کا علم اور ہوگا، دوسرے دن اور یعنی پہلے سے زیادہ ہوگا، اسی طرح آنے والے دنوں میں اور ہی زیادہ ہوگا۔

اسی طرح نبی کریم ﷺ کے زمانے کے ختم ہونے پر بنسبت پہلے کو زیادہ احکام کا علم حاصل ہوا، اور اسی طرح مختلف زمانوں اور اجتماعات کے منعقد پر احکام کا علم زیادہ ہوتا رہا۔

اور نواسخ کی وجہ سے اور اخبار احاد کے خلاف اجماع سے اس میں کمی بھی آتی رہی۔

۲۔ دوسری بحث علامہ تفتازانی کی تنقیح پر تو اعتراض ہوسکتا ہے توضیح پر نہیں، توضیح میں مصنف نے جب خود ہی وضاحت کردی ہے تو راقم کے نزدیک یہ بحث محل نظر ہے آیئے بحث دیکھئے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں تعریف نبی کریم ﷺ کے زمانہ کے صحابہ کرام کی فقہ پر صادق نہیں آئے گی کیونکہ اس زمانے میں اجماع نہیں تھا، گویا کہ مصنف نے مراد لیا ہے کہ فقط نزول وحی کے ظہور کے وقت احکام شرعیہ کا علم فقہ ہے اگر چہ اس پر اجماع نہ ہو اور اجماع کے منعقد ہونے کا علم ہو۔

"ومثله في التعريفات بعيد" تعریفات میں اس قسم کا ذکر کرنا بعید ہے۔

۳۔ بیشک اس تعریف سے تو مسائل قیاسیہ کا فقہ سے خارج ہونا لازم آئے گا، حالانکہ یہ مسئلہ ان کے نزدیک فقہ کا عظیم مسئلہ (اللھم، اے اللہ تو مدد فرما) مگر یہ کہا جائے کہ احکام قیاسیہ کا علم فقہ ہے بنسبت اس شخص کے جس کے اجتہاد نے نزول وحی کے ذریعے اسے ان کے علم تک پہنچایا ہے، لیکن اس جواب کی رو سے ہر مجتہد کی فقہ علیحدہ ہوگی۔

(اس توجیہ کی کمزوری کی وجہ سے اسے "اللھم" سے شروع کیا تا کہ یہ کوئی اعتراض نہ کردے کہ فقہ تو ایک ہے ہر شخص کی علیحدہ فقہ تو نہیں)

میر سید شریف نے دونوں معانی کا ایک جیسا اعتبار کیا ہے جیسا کہ پہلے ذکر کیا جاچکا ہے۔

وما قيل ان الفقه ظني فلم اطلق العلم عليه فجوابه أولا انه مقطوع به فان الجملة التي ذكرنا انها فقه وهي ما قد ظهر نزول الوحي به وما انعقد الاجماع عليه قطعية وثانيا ان العلم يطلق على الظنيات كما يطلق على القطعيات كالطب ونحوه وثالثا ان الشارع لما اعتبر غلبه الظن في الاحكام صار كأنه قال كلما غلب ظن المجتهد يكون ثبوت الحكم مقطوعا به فهذا الجواب على مذهب من يقول ان كل مجتهد مصيب يكون صحيحا واما عند لايقول به فيراد بقوله كلما غلب ظن المجتهد يثبت الحكم انه يجب عليه العمل أويثبت الحكم بالنظر الى الدليل وان لم يثبت في علم الله تعالى. (توضيح)

مصنف نے اعتراض اوراس کے جوابات ذکر فرمائے:

اعتراض: فقہ ظنی ہے فقہ کی تعریف میں "علم" کا لفظ ذکر کرنا کیسے صحیح ہے، جبکہ علم یقین پر دلالت کرتا ہے؟

جواب نمبرا: فقہ قطعی ہے اسلئے کہ ہم نے فقہ کی تعریف میں ذکر کیا ہے احکام شرعیہ عملیہ کا علم نزول وحی کے ظہور سے

۴۔ اگر مرادنزول وحی کے ظاہر ہونے سے مراد ظہور فی الجملہ ہوتو تعریف درست ہوگی، کیونکہ کثیر فقہاء صحابہ کرام نے بہت سے احکام وحی کے نزول کے ظہور سے نہیں پہچانے بلکہ انہوں نے بہت سے مسائل میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کی طرف رجوع کیا، ان کے فقیہ ہونے میں کوئی عیب نہیں۔

اوراگر عام اغلب پرظہور مراد ہوتو یہ ضبط میں نہیں آسکتا کیونکہ راوی کثیر ہیں سفراور مشغولیت میں متفرق متفرق رہے، بعض پروحی کا ظہور ہوااور بعض پر نہیں (بلکہ دوسرے لوگوں سے انہوں نے حاصل کیا) اگر یہ اعم اغلب پرظہوروالاقول تسلیم کرلیا جائے تو لازم آئے گا کہ جس حکم کو احاد نے روایت کیا ہو اس کا علم فقہ نہ ہو، یہاں اکثر پر مشہور ومعروف ہوجائے تو فقہ ہو۔

حاصل کلام یہ ہے کہ یہ تعریف اشکال وخلل سے خالی نہیں۔ (التلویح)

قوله فجوابه أولا مشعر بأن ما اظهر القياس نزول الوحي به فهو خارج عن الفقه للقطع بأنه ظني ثم ما ورد به النص أوالاجماع ايضا انما يكون قطعيا اذا كان ثبوتهما ايضا قطعيا للقطع بأن الأحكام الثابتة بأخبار الآحاد ظنية. (التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: پہلا جواب علم فقہ قطعی ہے مطلق نہیں بلکہ اس میں تفصیل ہے، یعنی نزول وحی سے جو قیاس

حاصل ہو، اور اس پر اجماع منعقد ہو، یہ قطعی ہے۔

جواب نمبر ۲: لفظ علم کا اطلاق ظنیات پر بھی ہوتا ہے جیسے اس کا اطلاق قطعیات پر ہوتا ہے، طب وغیرہ کا علم کہا جاتا ہے حالانکہ علم طب ظنی ہے، قطعی نہیں۔

جواب نمبر ۳: شارع نے جب احکام میں غلبہ ظن کا اعتبار کیا ہے وہ اس درجہ میں ہو گیا کہ جب حکم پر مجتہد کا ظن غالب ہو گیا تو حکم ثابت ہو گیا، جب بھی غلبہ ظن مجتہد پایا گیا تو حکم قطعی ثابت ہو گیا۔

یہ جواب اس مذہب پر صحیح ہوگا: جن کا یہ قول ہے کہ بیشک ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے اور اس کا اجتہاد صحیح ہوتا ہے، لیکن

کیا جائے وہ فقہ قطعی سے خارج ہوگا۔

پھر جن احکام کے بارے میں نص وارد ہو یا اجماع ان میں پایا جائے وہ قطعی ہوں گے جب ان کا ثبوت قطعی طریقے سے ہو، کیونکہ جو احکام اخبار احاد سے ثابت ہیں وہ ظنی ہیں۔ (التلویح)

قوله وثالثا هو الذی ذکر فی المحصول وغیره ان الحکم مقطوع والظن فی طریقه وتقریره انه لما دل الاجماع علی وجوب العمل بالظن وکثرت اخبار الآحاد فی ذلک حتی صار متواتر المعنی وهذا معنی اعتبار الشارع غلبة الظن فی الأحکام صار ذلک بمنزلة نص قطعی من الشارع علی ان کل حکم یغلب علی ظن المجتهد فهو ثابت فی علم الله فیکون ثبوت الحکم المظنون قطعیا فیصح اطلاق العلم علی ادراکه هذا علی تقدیر تصویب کل مجتهد.(التلویح)

قوله وثالثا: تیسرا جواب جو محصول وغیرہ میں ذکر کیا گیا ہے کہ حکم قطعی ہوگا طریقہ ثبوت ظنی ہوگا، اس کی تقریر یہ ہے کہ جب اجماع دلالت کرے گا وجوب عمل پر ظن کے ذریعے (یعنی ظنیات پر اجماع ہو جائے) اور اخبار احاد کسی حکم میں کثیر ہو جائیں (کثیر سے مراد کثیر الاسناد، ایک روایت کا تکرار سے آنا کثرت ثابت نہیں کرتا) تو وہ متواتر المعنی ہو جاتی ہیں۔ اسی معنی کی اظہار کرتے ہوئے شارع (مصنف) نے اعتبار کرتے ہوئے کہا ہے احکام میں ظن کا غالب آ جانا شارع (اللہ تعالیٰ) کی طرف سے نص قطعی کے درجہ میں ہے، علاوہ اس کے بیشک ہر حکم جو ظن مجتہد پر غالب ہو تو وہ ایسے ہوگا جیسے اللہ کے علم میں ثابت ہے تو ہو جائے گا حکم مظنون کا حکم قطعی، تو اس کے ادراک پر علم کا اطلاق صحیح ہوگا۔ اس تیسرے جواب کی دارومدار اس قول پر ہے جنہوں نے یہ کہا کہ ہر مجتہد مصیب ہوتا ہے اور اجتہاد صواب ہوتا ہے (لیکن مجتہد کے مخطئ ہونے یا مصیب ہونے والا قول ہی زیادہ معتبر ہے)

جواس کے قائل نہیں ان کے نزدیک "کلما غلب ظن المجتهد يثبت الحكم" کا مطلب یہ ہے کہ جب مجتہد کوغلبہ ظن حاصل ہوتو اس پراسے عمل کرنا واجب ہے۔یا کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ مجتہد پر دلیل کی طرف نظر کرنے کا حکم ثابت ہے، اگر چہ علم اللہ میں ثابت ہونے کا مجتہد کو یقین نہیں، کہ جو میرا اجتہاد ہے وہی اللہ کے علم میں ہے یا اس کے خلاف اللہ تعالی کے علم میں ہے۔(التوضیح)

فان قيل المظنون ما يحتمل النقيض والمعلوم ما لايحتمله فيتنافيان قلنا يكون مظنونا فيصير معلوما بملاحظة هذا القياس وهوانه قد علم كونه مظنونا للمجتهد وكل ما علم كونه مظنونا للمجتهد علم وكونه ثابتا فى نفس الأمر قطعيا بناء على تصويب كل مجتهد واما على تقدير ان المصيب واحد فكأنه ثبت نص قطعي على ان كل حكم غلب على ظن المجتهد فهوواجب العمل أوهوثابت بالنظرالى الدليل وان لم يكن ثابتا فى علم الله فيكون وجوب العمل به أوثبوته بالنظر الى الدليل قطعيا لكن يلزم على الأول ان يكون الفقه عبارة عن العلم بوجوب العمل بالأحكام وعلى الثانى ان يكون الثابت بالنظرالى الدليل الظنى وان لم يعلم ثبوته فى الواقع قطعيا.(التلويح)

اعتراض: مظنون احتمال رکھتا ہے نقیض کا اور معلوم نقیض کا احتمال نہیں رکھتا، ان دونوں میں منافاۃ ہے تو ظن پر علم کا اطلاق کیسے صحیح ہے؟

جواب: مظنون معلوم ہوجاتا اس قیاس کالحاظ کرتے ہوئے، وہ قیاس یہ ہے "تحقیق وہ حکم معلوم ہو گیا اس کا مجتہد کا مظنون ہونا" (صغری) ہروہ جو معلوم ہوا اس کا مجتہد کا مظنون ہونا تو اس کا نفس الامر میں قطعی ہونا ثابت ہوگا (کبری) نتیجہ اس کا۔ ہر حکم جس میں غلبہ ظن مجتہد ہو وہ قطعی ہوگا۔ البتہ اس کی دارومدار ہر مجتہد کے مصیب ہونے پر ہے۔

واما على تقدير ان المصيب واحد الخ، لیکن اس تقدیر پر کہ کوئی ایک مجتہد مصیب ہوتا ہے نہ کہ ہر ایک بیشک مصیب تو ایک ہے تو گویا کہ ثابت ہوگی نص قطعی اس بات پر کہ ہر حکم جو غالب ہو ظن مجتہد پر وہ واجب العمل ہے، یا وہ ثابت ہوگا قطعی طور دلیل کی طرف نظر کرتے ہوئے، اگر چہ وہ حکم ظن مجتہد کے مطابق اللہ کے علم میں ثابت نہ ہو تو بھی اس پر عمل واجب ہوگا یا اس کا ثبوت قطعی ہوگا دلیل کی طرف نظر کرتے ہوئے۔ پہلے قول (ہر حکم جو غالب ہو ظن مجتہد پر وہ واجب العمل ہے) کے مطابق فقہ کی تعریف یہ ہوگی کہ "فقہ وہ علم ہے جس کے ذریعے احکام پر عمل کا واجب

ہونا معلوم ہو جائے'' دوسرے قول (کہ وہ ثابت ہو دلیل کی طرف نظر کرتے ہوئے) کے مطابق فقہ وہ علم ہے جو دلیل ظنی کی طرف نظر کرتے ہوئے ثابت ہوا گرچہ فی الواقع اس کا ثبوت قطعی نہ ہو۔

وانت تعلم ان الثابت القطعي ما لايحتمل عدم الثبوت في الواقع وغاية ما امكن في هذا المقام ما ذكره بعض المحققين في شرح المنهاج وهوان الحكم المظنون للمجتهد يجب العمل به قطعا للدليل القاطع وكل حكم يجب العمل به قطعا علم قطعا انه حكم الله تعالى والا لم يجب العمل به وكل ما علم قطعا انه حكم الله فهومعلوم قطعا فكل ما يجب العمل به معلوم قطعا فالحكم المظنون للمجتهد معلوم قطعا فالفقه علم قطعي والظن وسيلة اليه وحله انا لانسلم ان كل حكم يجب العمل به قطعا انه حكم الله تعالى لم لايجوزان يجب العمل قطعا بما يظن انه حكم الله فقوله والا لم يجب العمل به عين النزاع وان بني ذلك على ان كل ما هومظنون المجتهد فهوحكم الله تعالى قطعا كما هورأى البعض يكون ذكروجوب العمل ضائعا لا معنى له اصلا.(التلويح)

وانت تعلم الخ :اور یہ بات تمہیں معلوم ہے کہ قطعی طور پر وہی ثابت ہوگا جس کے واقع میں عدم ثبوت کا احتمال نہ ہو،(ہاں حقیقت رب تعالی کو ہی معلوم ہے کہ واقع میں ثابت ہے یا غیر ثابت ہے)

شرح منہاج میں ذکر کیا گیا ہے : مجتہد کا حکم مظنون واجب العمل ہوگا قطعی طور پر دلیل قطعی کی وجہ سے، اور ہر حکم جو قطعی طور پر واجب العمل ہو اس کا علم بھی قطعی ہوگا کہ یہ اللہ کا حکم ہے، ورنہ واجب العمل نہ ہوتا۔

''**وكل ما علم قطعا انه حكم الله فهومعلوم قطعا**'' ہر وہ جس کا علم قطعی ہو کہ یہ اللہ کا حکم ہے تو وہ معلوم ہوگا قطعی طور پر۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :**قوله فجوابه او لا الخ** ،اس کی تقریر ایک اور عبارت سے یہ ہے قطعی کی دو قسمیں ہیں عقلی اور نقلی۔ اس کے مقابل ظنی کی بھی دو قسمیں ہیں عقلی اور نقلی۔

قطعی عقلی: جس میں عقل حکم کرے کہ اس میں کذب کا احتمال نہیں، جیسے دو کوز وجیت لازم ہے اور اجتماع ضدین منع ہے۔

ظنی عقلی: عقل حکم کرے کہ اس میں کذب کا احتمال پایا گیا ہے، امور نقلیہ سے وہ خالی ہو۔

قطعی نقلی: ایک حکم کے قطعی ہونے پر امور نقلیہ یعنی نصوص قطعیہ دلالت کریں کہ اس میں کذب کا احتمال نہیں۔

مصنف فرماتے ہیں :واصول الفقه الكتاب والسنة والاجماع والقياس وان كان ذا فرعا لثلاثة
اصول فقہ چار ہیں کتاب، سنت، اجماع اور قیاس۔ اگر چہ یہ (قیاس) تین کی فرع ہے۔(التنقیح)

لما ذكران اصول الفقه ما يبتنى عليه الفقه اراد ان يبين ان ما يبتنى عليه الفقه اى شئ هو هذه الأربعة فالثلاثة الاول اصول مطلقة لأن كل واحد مثبت للحكم اما القياس فهواصل من وجه لأنه اصل بالنسبة الى الحكم فرع من وجه لأنه فرع بالنسبة الى الثلاثة الأول.(توضيح)

مصنفؒ توضیح میں ذکر کرتے ہیں: جب ذکر کیا گیا کہ اصول فقہ وہ ہیں جن پر فقہ کی بناء ہے، تو مصنف نے ارادہ کیا کہ

"فكل ما يجب العمل به معلوم قطعا" ہر وہ جس پر عمل واجب ہوگا وہ قطعی معلوم ہوگا۔

"فالحكم المظنون للمجتهد معلوم قطعا" جو حکم مجتہد کا مظنون ہو وہ قطعی ہوگا۔

"فالفقه علم قطعي والظن وسيلة اليه" تو فقہ علم قطعی اور ظن اس کا وسیلہ ہے۔

شرح منہاج کا رد :وحله الخ ،شرح منہاج کا جواب یہ ہے کہ بیشک ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ ہر وہ حکم جو قطعی طور پر واجب العمل ہو وہ اللہ ہی کا حکم ہو، یہ کیوں نہیں جائز کہ قطعی طور پر ہر واجب العمل اسلئے ہو کہ اس کے متعلق ظن یہ ہے کہ یہ اللہ کا حکم ہے۔

صاحب منہاج کے قول "والا لم يجب العمل "میں بھی یہی نزاع رہے گا جو واجب العمل میں بیان کیا ہے، اگر صاحب منہاج کے قول کا یہ مطلب لیا جائے۔ کہ ہر وہ جو مجتہد کا مظنون ہے وہ اللہ کا حکم ہے قطعی طور پر، جیسے کہ بعض کی رائے ہے تو عمل کے وجوب کا ذکر ضائع ہو جائے گا اس کا کوئی معنی ہی باقی نہیں رہے گا۔

قوله واصول الفقه ما سبق كأنه بيان مفهوم اصول الفقه فهذا بيان ما صدق عليه هذا المفهوم من الانواع المنحصرة بحكم الاستقراء فى الأربعة ووجه ضبطه ان الدليل الشرعى اما وحى او

ظنی نقلی :امور نقلیہ سے ثابت ہو کہ اس میں کذب کا احتمال ہو سکتا ہے، جیسے مسائل قیاسیہ نقلیہ اور وہ امور جو ثابت ہوں خبر واحد سے وہ مظنون ہیں بنسبت راوی کے اور قطعی ہیں بنسبت مخبر صادق ﷺ کے، (لیکن راوی کے لحاظ پر قطعی پر ظنی غالب ہے)

میر سید شریف فرماتے ہیں : پہلی شرائع کتاب اللہ اور سنت میں داخل ہیں۔ اس لئے کہ جب وہ کتاب اللہ یا سنت میں ذکر ہوں ان میں پہلی قوموں کی تخصیص اور عذاب کا ذکر نہ ہو تو وہ ہم پر لازم ہوں گے لیکن اسلئے نہیں کہ یہ احکام

بیان کرے کہ جس پر فقہ کی بناء ہے وہ کیا چیز ہے؟ تو فرمایا وہ چار اصول (دلیلیں) ہیں پہلی تین مطلقا اصول ہیں کیونکہ ہر ایک حکم کیلئے مثبت ہے لیکن قیاس وہ اصل ہے من وجہ اور فرع ہے من وجہ۔ اصل ہے بنسبت حکم کے کہ حکم اس سے ثابت ہے اور فرع ہے بنسبت پہلی تین دلیلوں کے۔

غيره والوحي ان كان متلوا فالكتاب والا فالسنة وغير الوحي ان كان قول كل الأمة من عصر فالأجماع والا فالقياس أوان الدليل اما يصل من الرسول ﷺ أولا والأول ان تعلق بنظمه الاعجاز فالكتاب والا فالسنة والثاني ان شرط عصمة من صدرعنه فالاجماع والا فالقياس واما شرائع من قبلنا والتعامل وقول الصحابة ونحو ذلك فراجعة الى الأربعة وكذا المعقول نوع استدلال بأحدها والا فلادخل للرأى في اثبات الأحكام وما جعله بعضهم نوعا خامسا من الأدلة وسماه الاستدلال فحاصله يرجع الى التمسك بمعقول النص أوالاجماع صرح بذلك في الأحكام.(التلويح)

علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں: قوله اصول الفقه الخ ، پہلے اصول فقہ کا لفظ بیان ہوا تھا یہاں سے اصول فقہ کا مفہوم بیان کیا جارہا ہے جن پر یہ صادق آرہا ہے، ان میں وجہ حصر استقرائی یہ ہے ،دلیل شرعی وحی ہوگی یا غیر وحی۔ اگر وحی ہو تو متلو ہوگی یا غیر متلو۔ اگر متلو ہو تو کتاب اللہ اور غیر متلو ہو تو سنت رسول اللہ، اور اگر غیر وحی ہو تو ایک زمانے میں کل امت (کے اہل علم) کا قول ہوگا یا نہیں، اگر کل کا قول ہوا تو اجماع ورنہ قیاس۔

وجہ حصر ایک اور طریقہ سے: دلیل رسول اللہ کی طرف سے پہنچے گی یا نہیں، اگر آپ کی طرف سے دلیل پہنچے تو اس کی نظم معجز ہوگی یا نہیں، اگر نظم معجز ہو تو کتاب اللہ اور اگر معجز نہ ہو تو سنت، اور اگر دلیل آپ کی طرف سے نہ پہنچے تو جن سے

پہلی شرائع کے ہیں، بلکہ اس لئے کہ وہ قرآن وحدیث میں جیسے " وكتبنا عليهم ان النفس بالنفس والعو بالعين " الآیۃ ،اور تعامل الناس کا اعتبار باطل ہوگا۔ قول صحابی ملحق بالسنۃ ہوگا کیونکہ اس میں احتمال ہے کہ اس نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہوگا۔ استصحاب حال قیاس کے ساتھ ملحق ہے جیسے پانی نظر آئے اس میں علامات نجاست نہ ہو اور کسی نے اس کے نجس ہونے کی خبر نہ دی ہو تو اس کو اس کے اصلی حال (طاہر ہونے) پر رکھتے ہوئے طاہر ہی کہیں گے۔ اور تعلیل بالنفی یعنی استدلال عدم علت سے عدم حکم پر اگر اس میں اجماع ہو تو وہ قبول ہے لیکن وہ علیحدہ دلیل نہیں بلکہ ملحق بالاجماع ہے اگر اجماع کے خلاف ہو تو وہ وجہ فاسد ہے دلیل ہی نہیں۔ (السید بالوضاحۃ)

وہ صادر ہے ان کا محفوظ ہونا (خطاء سے) شرط ہے یا نہیں اگر شرط ہو تو اجماع ورنہ قیاس۔

اعتراض: دلیل تو چار میں منحصر نہیں اور دلیلیں بھی ہیں ان کا ذکر نہ کرنا کس طرح صحیح ہے؟

جواب: جو بظاہر اور دلیلیں نظر آتی ہیں وہ ان چار میں ضم ہیں، یعنی پہلی شرائع اور تعامل الناس اور اقوال صحابہ ان چار میں ہی داخل ہیں، اسی طرح عقلی استدلال بھی ان میں داخل ہے کیونکہ ادلہ اربعہ کی تائید کے بغیر صرف عقلی رائے سے احکام ثابت نہیں ہوتے۔

بعض نے عقلی دلیل کو پانچویں دلیل بنایا ہے اور اس کا نام استدلال رکھا، لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ بھی نص میں داخل ہے کہ نص سے بذریعہ عقل پکڑی جائے یا بذریعہ اجماع۔

ثم الثلاثة الاول اصول مطلقة لكونها ادلة مستقلة مثبتة للأحكام والقياس اصل من وجه لاستناد

فائدہ: اجماع کی تین وجوہ ہیں۔

۱۔ حکم ثابت ہو خبر واحد سے یا جو اس کے حکم میں ہو جیسے عام مخصوص البعض پھر اس پر اجماع منعقد ہو۔

۲۔ ایک حکم قیاس سے ثابت ہو پھر اس پر اجماع منعقد ہو۔

۳۔ ایک حکم پر ان دو وجہ میں سے ایک وجہ پر اجماع منعقد ہو پھر اس اجماع (مقیس علیہ) پر قیاس کرتے ہوئے ایک اور اجماع منعقد ہو۔

پہلے اجماع کی اصل خبر ہے دوسرے کی قیاس اور تیسرے کی مقیس علیہ۔ (السید)

تنبیہ: اجماع علماء مجتہدین کا معتبر ہے، جاہل گویئے مقررین اور جاہل پیروں کا اجماع مراد نہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله اصول مطلقة، اصل مطلق کی دو قسمیں ہیں۔

۱۔ اس کی حجیت کسی چیز پر موقوف نہ ہو اور نہ ہی وہ کسی چیز کی فرع ہو وہ ہے کتاب اللہ، اسی وجہ سے اس کا نام اصل مطلق ہے من کل الوجوہ۔

۲۔ اس کی حجیت دوسری چیز پر موقوف تو ہو لیکن وہ کسی کی فرع نہ ہو جیسے سنت و اجماع یہ اصل مطلق ہیں من وجہ اور نہیں ہیں من وجہ۔

لیکن اصل مطلق کی دونوں وجہ میں سے قیاس میں کوئی بھی نہیں پائی جاتی، ہاں البتہ قیاس فقط اصل من وجہ ہے اور اصل من وجہ نہیں، یعنی فرع بھی ہے اور حجیت بھی نہیں۔

الحكم اليه ظاهرا دون وجه لكونه فرعا للثلاثة لابتنائه على علة مستنبطة من موارد الكتاب والسنة والاجماع فالحكم بالتحقيق مستند اليها والر القياس فى اظهار الحكم وتغيير وصفه من الخصوص الى العموم ومن ههنا يقال أصول الفقه ثلاثة الكتاب والسنة والاجماع والأصل الرابع القياس المستنبط من هذه الأصول الثلاثة.(التلويح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :ثم الثلاثة الاول اصول مطلقة الخ ،پھر پہلی تین دلیلیں کتاب،سنت اور اجماع، مطلق دلائل واصول ہیں کیونکہ وہ مستقل دلائل ہیں اور احکام کیلئے مثبت ہیں اور قیاس من وجہ اصل ہے کہ بظاہر حکم کی طرف منسوب ہوتا ہے اور من وجہ وہ فرع ہے پہلی تین کی، کیونکہ اس کی بناء ان سے حاصل ہونے والی علت پر ہے، کبھی علت کتاب اللہ سے مستنبط ہوگی اور کبھی سنت سے اور کبھی اجماع سے (تفصیل توضیح سے قریب ہی ان شاء اللہ آرہی ہے)حکم تحقیق کی رو سے ان تینوں دلائل میں سے کسی کی طرف منسوب ہوگا۔قیاس کا اثر حکم کا ظاہر کرنے میں ہے اور وصف خصوص کو عموم سے بدلنے میں اس کا اثر ہے۔اسی وجہ سے کہا جاتا ہے اصول فقہ تین ہیں کتاب، سنت اور اجماع،اور اصل رابع قیاس ہے جو ان تین اصولوں سے مستنبط ہوتا ہے۔

واعترض بوجوه، الأول انه لامعنى للأصل المطلق الا ما يبتنى عليه غيره سواء كان فرعا لشئ آخر أولم يكن ولهذا صح اطلاقه على الأب وان كان فرعا الثانى ان السبب القريب للشئ مع انه مسبب على البعيد اولى باطلاق اس السبب عليه من البعيد وان لم يكن مسببا عن شئ آخر الثالث ان أولوية بعض الاقسام فى معنى المقسم لازمة فى كل قسمة فيلزم ان يفرد القسم الضعيف فيقال مثلا الكلمة قسمان اسم وفعل والقسم الثالث هو الحرف الرابع ان تغيير الحكم من الخصوص الى العموم لايكون الا بتقريره فى صورة اخرى وهو معنى الاصالة المطلقة الخامس ان الاجماع ايضا يفتقر الى السند فينبغى ان لايكون اصلا مطلقا.(التلويح)

چند اعتراضات:۱۔ پہلا اعتراض اصل مطلق کا معنی سوائے اس کے نہیں کہ اصل وہ کہ اس پر غیر کی بناء ہو برابر ہے کہ وہ فرع بھی ہو کسی چیز کی یا نہ ہو،اسی وجہ سے ''اب'' (باپ) کو اصل کہنا صحیح حالانکہ وہ خود فرع ہے اپنے باپ کی،تو اس لحاظ پر قیاس کو مستقل طور پر اصول اربعہ میں شامل کرنا صحیح ہے۔

۲۔ ایک چیز کا سبب قریب مسبب بھی ہوتا ہے سبب بعید کا،لیکن سبب کا اطلاق قریب پر اولی بنسبت بعید کے، اگر چہ وہ کسی دوسرے کا مسبب نہ ہو،اس لحاظ پر بھی قیاس سے حاصل ہونے والے حکم کا اصل قیاس کو ہی کہا جائے نہ کہ

اسباب بعیدہ ادلہ اربعہ کو اس کے اصول کہا جائے۔

۳۔ بعض اقسام کی بعض پر معنیٰ مقسم میں تقریباً ہر تقسیم میں پائی جاتی ہے اس طرح تو ہر جگہ ضعیف کو علیحدہ ذکر کرنا چاہیے، مثلاً یہ کہنا چاہیے کلمہ کی دو قسمیں ہیں اسم اور فعل، اور تیسری قسم حرف ہے، حالانکہ ایسا نہیں کہا جاتا، صرف قیاس کیلئے یہ حکم کیوں؟

۴۔ خصوص سے عموم کی طرف حکم کو تبدیل کرنا اسی وقت ہوگا جب اس کو ایک اور صورت میں ثابت کیا جائے گا، یہ تقریر صورت اخری میں اصالۃ مطلقہ ہی ہے، جب یہ وصف قیاس کو حاصل ہے تو وہ مطلقاً اصل ہے۔

۵۔ اجماع بھی محتاج ہے سند کا (جس طرح پہلے تین صورتیں بیان کی جا چکی ہیں) تو چاہیے کہ وہ بھی اصل نہ ہو؟

والجواب عن الأول انا لاندعى ان لعدم الفرعية دخلا فى مفهوم الأصل بل ان الأصل مقول بالتشكيك وان الأصل الذى يستقل فى معنى الاصالة وابتناء الفرع عليه كالكتاب مثلا اقوى من الاصل الذى يبتنى فى ذلك المعنى على شئ آخر بحيث يكون فرعه فى الحقيقة مبتنيا على ذلك الشئ كالقياس والأضعف غير داخل فى الاصل المطلق بمعنى الكامل فى الأصالة وهذا بيّن واما الأب فانما يبتنى على ابيه فى الوجود لا فى الابوة والاصالة للولد فلايكون مما ذكرنا فى شئ وعن الثانى ان السبب القريب هو المؤثر فى فرعه والمفضى اليه واثر البعيد انما هو فى الواسطة التى هى السبب القريب لا فى فرعه فبالضرورة يكون أولى وأقوى من البعيد فى معنى السببية والاصالة لذلك الفرع وفيما نحن فيه القياس ليس بمثبت بحكم الفرع فضلا ان يكون قريبا ليكون أولى بالأصالة بل هو مظهر لاستناد حكم الفرع الى النص أو الاجماع وعن الثالث انا لانسلم لزوم اولوية بعض الاقسام فى كل تقسيم وكيف يتصور ذلك فى تقسيم الماهيات الحقيقية الى انواعها وافرادها كتقسيم الحيوان الى الانسان وغيره ولو سلم لزوم ذلك فى كل قسمة فلانسلم لزوم الاشارة الى ذلك والتنبيه عليه غاية ما فى الباب انه يجوز وعن الرابع انه ان اريد بالتقرير القرير بحسب الواقع حتى يكون القياس هو الذى يقرر الحكم ويثبته فى صورة الفرع فلانسلم امتناع التغيير بدونه وان اريد التقرير بحسب علمنا فهو لايقتضى اسناد الحكم حقيقة الى القياس ليكون اصلا له وعن الخامس بعد تسليم ما ذكر ان الاجماع انما يحتاج الى السند فى تحققه لا فى نفس الدلالة على الحكم فان المستقل به

لايفتقر الى ملاحظة السند والالتفات اليه بخلاف القياس فان الاستدلال به لايمكن بدون اعتبار احد الاصول الثلاثة والعلة المستنبطة منها وقد يجاب بان الاجماع يثبت امرا زائدا على ما يثبته السند وهو قطعية الحكم بخلاف القياس فانه لايفيد زيادة بل ربما يورثه نقصانا بأن يكون حكم الأصل قطعيا وحكمه ظني. (التلويح)

اعتراضات کے جوابات :

پہلے اعتراض کا جواب : ہمارا یہ دعوی ہی نہیں کہ عدم فرعیت کو دخل ہے مفہوم اصل میں بلکہ اصل کو کلی مشکک کا درجہ حاصل ہے، بیشک وہ اصل جو معنی اصالت میں مستقل اور فرع کی اس پر بناء ہو جیسے کتاب اللہ مثلا اقوی ہے اس اصل سے جس کی بناء غیر پر ہے، اس لحاظ پر وہ فرع ہے حقیقت میں کہ اس کی بناء ہے اصل چیز پر، جیسے قیاس اور اضعف اصل مطلق میں داخل نہیں کیونکہ اصل مطلق اصالۃ میں کامل ہے یہ واضح بات ہے، لیکن "اب" (باپ) کی بناء اپنے باپ پر وجود میں ہے ابوۃ میں نہیں اور ولد کیلئے ابوۃ میں بھی اسے اصالت حاصل ہے، جو ہم نے ذکر کیا اس پر کوئی اعتراض وارد نہیں ہو سکتا۔

دوسرے اعتراض کا جواب : سبب قریب فرع میں مؤثر ہے اور فرع کی طرف پہچانے والا ہے، اور سبب بعید واسطہ ہے سبب قریب کا سببیت اور اصالت میں، لیکن ہم جو قیاس کے متعلق بیان کر رہے ہیں وہ تو فرع کے حکم کا مثبت ہی نہیں چہ جائیکہ کہ قریب ہو اور اصالت میں اولی ہو، بلکہ قیاس تو فرع کا حکم نص یا اجماع کی طرف منسوب کرنے میں مظہر ہے۔

تیسرے اعتراض کا جواب : ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ بعض اقسام کی اولویت تمام تقسیمات میں لازم ہے، یہ کیسے متصور ہے ماہیات حقیقیہ کی انواع وافراد کی طرف تقسیم میں جیسے حیوان کی نسبت انسان وغیرہ کی طرف ہو تو بعض کی اولویت متصور نہیں، اگر بالفرض تسلیم کر لیا جائے تو ہم اس کی طرف اشارہ لازم نہیں قرار دیتے، اور نہ ہی اس پر متنبہ کرنا ضروری ہے ہاں زیادہ سے زیادہ یہ کہا جا سکتا ہے کہ ضعیف کی طرف علیحدہ ذکر کر کے اشارہ کرنا جائز ہے۔ (یہی وجہ ہے کہ اصولیین میں سے بعض نے اصول تین علیحدہ بیان کر کے اور قیاس کو اصل رابع علیحدہ ذکر کر کے اس کی طرف اشارہ کیا ہے اور بعض نے اصول اربعہ ذکر کر کے اشارہ نہیں کیا)

چوتھے سوال کا جواب : سوال میں تقریر (ثابت کرنے) کا جو ذکر ہے اس سے مراد کیا لیتے ہو اگر تقریر سے مراد تقریر بحسب الواقع ہو قیاس حکم کو فرع میں ثابت کرے گا تو ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ اس کے بغیر حکم ثابت کرنا اور ایک حال

مصنف فرماتے ہیں :اذ العلة فيه مستنبطة من مواردها فيكون الحكم الثابت بالقياس ثابتا بتلك الأدلة وايضا هوليس بمثبت بل هومظهر اما نظير القياس المستنبط من الكتاب فكقياس حرمة اللواطة على حرمة الوطئ فى حالة الحيض الثابتة بقوله تعالى "قل هو اذى فاعتزلوا النساء فى المحيض" والعلة هى الأذى. (توضيح)

قیاس کی علت ادلہ ثلاثہ سے مستنبط ہوگی، یعنی حکم کی جو علت کتاب وسنت واجماع میں ذکر ہوگی اسی میں سے علت کو لے کر قیاس کے ذریعے مقیس پر حکم لگایا جائے گا، تو جو حکم قیاس کے ذریعے (بظاہر) ثابت ہے وہ حکم حقیقت میں ان ادلہ سے ثابت ہے۔ قیاس دراصل مثبت حکم نہیں بلکہ مظہر حکم ہے۔

سے دوسرے حال کی طرف تغیر منع ہے۔ اگر تقریر سے مراد اپنے علم کے مطابق لیتے ہو تو یہ چاہتا ہی نہیں کہ ایک حکم کا اسناد قیاس کی طرف ہو کہ یہ اس کیلئے اصل ہو۔

پانچویں سوال کا جواب :یہ تسلیم کرتے ہوئے کہ اجماع سند کا محتاج ہے، ہم کہتے ہیں یہ سند کا محتاج اپنے تحقق میں نہ

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله اذا العلة فيه مستنبط من مواردها ، یعنی قیاس کیلئے دو چیزیں ضروری ہیں

(۱) مقیس علیہ میں جو علت نص میں یا اجماع میں وارد ہو وہی علت مقیس میں بھی پائی جائے۔

(۲) حکم فرع کی طرف متعدی ہو۔

اوران دو چیزوں کے ساتھ ایک اور چیز بھی پائی جائے وہ یہ کہ قیاس میں دلیل علیحدہ ہو اگر وہی دلیل ہو جو نص میں ہے تو حکم قیاس سے ثابت نہیں ہوگا بلکہ دلالۃ النص سے ثابت ہوگا، یا اجماع سے ثابت ہوگا۔

موارد، جمع ہے مورد کی ، یہ اسم مکان ہے یا مصدر میمی ، دونوں صورتوں میں مراد وہ علۃ ہے جو دلیل سے سمجھ آئے جو خاص محل معلل میں وارد ہے، البتہ وہ علت مقیس میں جنس دلیل سے ماخوذ ہوگی نہ کہ عین دلیل سے۔ (السید)

قوله فيكون الحكم الثابت بالقياس بتلك الادلة :مصنف کیلئے زیادہ بہتر تھا کہ وہ یہ کہتے "فيكون القياس ثابتا بتلك الأدلة" قیاس ثابت ہوگا ان دلیلوں سے، تب ہی مصنف کا یہ قول درست ہوگا "وايضا هوليس بمثبت بل هومظهر" قیاس مثبت نہیں بلکہ مظہر ہے۔ مصنف کی دونوں عبارتوں میں تعارض ہے ایک جگہ بیان کیا جو حکم قیاس سے ثابت ہے دوسری جگہ کہا قیاس سے حکم ثابت نہیں ہوتا۔ (السید)

راقم نے ترجمہ میں بریکٹ میں بظاہر کا لفظ شامل کیا جس کی وجہ سے تعارض نہیں رہے گا۔

مصنف قیاس کا استنباط ادلہ سے مثالوں سے واضح کرتے ہیں :

وہ قیاس جو کتاب اللہ سے مستنبط ہو اس کی مثال، حرمت لواطت ہے۔ جسے قیاس کیا گیا ہے حالت حیض میں وطی کی حرمت پر جو ثابت ہے اللہ تعالی کے ارشاد سے "قل ھو اذی فاعتزلوا النساء فی المحیض" "تم فرماؤ وہ ناپاکی ہے تو عورتوں سے الگ رہو حیض کے دنوں۔ (کنز الایمان) (التوضیح)

واما المستنبط من السنة فكقياس حرمة قفيزمن الجص بقفيزين على حرمة قفيزمن الحنطة بقفيزين الثابتة بقوله عليه الصلوة والسلام "الحنطة بالحنطة مثلا بمثل يدا بيد والفضل ربو" و

کہ حکم پر نفس دلالت میں، بیشک اجماع سے دلیل پکڑنے والا سند کی طرف توجہ کرنے اور اس کا لحاظ کرنے کا محتاج نہیں۔ بخلاف قیاس کے کہ اس قیاس سے استدلال اصول ثلثہ اور ان سے حاصل ہونے والی علت کو اعتبار کرنے کے بغیر ممکن نہیں اور کبھی یوں جواب دیا جاتا ہے کہ چیز کو سند نے ثابت کیا پہلے اجماع اس سے زیادہ کو ثابت کرے گا وہ حکم کا قطعی ہونا، بیشک یہ زیادتی کا فائدہ نہیں دیتا بلکہ بسا اوقات نقصان دیتا ہے کیونکہ اصل کا حکم قطعی ہوتا اور قیاس کا ظنی۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :**قوله فكقياس حرمة اللواطة**، کاف زائد ہے جیسے "لیس کمثلہ شی" اور یہ بھی جائز ہے کہ بمعنی مثل ہو۔ یعنی ہر قیاس جو مثل ہو قیاس مخصوص کے وہ اس کیلئے ظاہر ہوگا۔ (السید)

قوله والعلة هى الاذى، مہذب میں ذکر ہے کہ "اذی" کا معنی بدبو اور مکروہ چیز (یہاں مراد ہے ناپاکی، گندگی)۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :ہمارے احناف کے نزدیک علت ربا قدر مع الجنس ہے۔ یعنی جنس ایک ہو اور چیز مکیلی یا موزونی ہو، یہ دونوں چیزیں گندم میں بھی پائی گئی ہیں اور چونہ میں اسلئے جس میں یہ دونوں چیزیں پائی جائیں گی اس کی بیع ہاتھ بہاتھ زیادتی سے بھی ناجائز ہے اور نسیئہ (تاخیرا) زیادتی سے بھی بیع ناجائز ہوگی۔

اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک علت جنس اور مطعومات میں طعم اور اثمان میں ثمنیۃ ہے اسلئے ان کے نزدیک چونے میں ربا نہیں کیونکہ نہ ہی یہ مطعوم ہے اور نہ ہی یہ ثمن ہے، حقیقت میں ثمن صرف سونا، چاندی ہیں۔

امام مالک رحمہ اللہ کے نزدیک علت ربا جنس اور مطعوم وادخار ہیں یعنی ایک جنس ہو اور طعام بھی ہو اور ذخیرہ بھی بن سکے، ان کے نزدیک خراب ہونے والوں پھلوں میں ربا نہیں۔ (السید)

مصنف کی عبارت سے حرمت مصاہرہ میں حرمت وطی سمجھ آ رہا ہے، بہتر یہ ہے کہ حرمت نکاح ذکر کیا جائے کیونکہ حرمت نکاح مستلزم ہے حرمت وطی کو لیکن حرمت وطی مستلزم نہیں حرمت نکاح کو۔ (السید)

اما المستنبط من الاجماع فاوردوا لنظیرہ قیاس الوطی الحرام علی الحلال فی حرمة المصاهرة بمعنی قیاس حرمة وطئ ام المزنیة علی حرمة وطئ ام امته التی وطئها والحرمة فی المقیس علیه ثابتة اجماعا ولانص فیه بل النص ورد فی امهات النساء من غیر اشتراط الوطی ولما عرف اصول الفقه باعتبار الاضافة فالآن یعرفه باعتبار انه لقب لعلم مخصوص فیقول. (توضیح)

مصنف مثال دیتے ہیں اس قیاس کی جو مستنبط ہو سنت سے، چونے کی بیع ایک بوری کی مثلا دو بوری سے حرام ہے، اسے قیاس کیا گیا ہے گندم کی بیع ایک بوری کی دو بوری سے حرام ہونے پر۔ گندم کی بیع گندم سے زیادتی پر حرام ہونے میں نص موجود ہے۔ ارشاد نبوی ﷺ "الحنطة بالحنطة مثلا بمثل یدا بید و الفضل ربوا"

مصنف فرماتے ہیں: وہ قیاس جو اجماع سے مستنبط ہو اس کی مثال یہ ہے، وطی حرام سے حرمۃ مصاہرہ کے ثبوت کو قیاس کیا گیا ہے، وطی حلال سے حرمت مصاہرہ کے ثبوت پر۔ یعنی مزنیہ سے وطی حرام ہے لیکن اس سے مزنیہ کی ماں (بلکہ اصول وفروع، یعنی ماں، نانی، بیٹی، نواسی، پوتی وغیرہ) حرام ہو جائے گی۔ اسے قیاس کیا گیا لونڈی سے وطی حلال سے اس کی ماں سے نکاح کے حرام ہونے پر۔ یہ اجماع سے ثابت ہے، نص سے ازواج کی ماؤں سے نکاح کرنے کی حرمت ثابت ہے خواہ زوجہ سے وطی کرے یا نہ کرے اس کی ماں سے نکاح کرنا حرام ہے۔ (التوضیح)

مصنف توضیح میں تنقیح کیلئے رابطہ قائم کرتے ہیں : کہ حد اضافی ابھی تک (مع قیل وقال کے) ذکر کی جا چکی ہے، اب اس سے آگے حد لقبی ذکر کی جارہی ہے۔

وعلم اصول الفقه العلم بالقواعد التی یتوصل بها الیه علی وجه التحقیق (التنقیح)

تنبیہ: چھ چیزیں جو نبی کریم ﷺ نے بیان فرمادیں ان میں ربا بالاتفاق ہے۔ گندم، جو، کھجور، نمک، سونا، چاندی، ان کے ماسوا میں اختلاف ہوگا، ان چھ چیزوں کو ہی دیکھ کر ائمہ نے اجتہاد کے ذریعے علت کا انتخاب کیا ہے۔

قوله وعلم اصول الفقه بعد ما تقرر ان اصول الفقه لقب للعلم المخصوص لاحاجة الی اضافة

میر سید شریف فرماتے ہیں: قوله "علم اصول الفقه" لقب تینوں الفاظ کا مجموعہ ہے، البتہ اختصار کے طور پر کبھی اصول فقہ کبھی اصول کبھی علم الاصول کہہ لیا جاتا ہے۔ ممکن ہے کہ علم کی اضافت بیان ووضاحت کیلئے ہو اور معنی اضافی کے توہم یعنی مغایرت کو مندفع کر رہی ہو۔ (السید)

علم اصول فقہ وہ علم ہے جس کے قواعد کے ذریعے فقہ تک رسائی ہو علی وجہ التحقیق۔

ای العلم بالقضایا الکلیة التی یتوصل بها الی الفقه توصلا قریبا وانما قلنا توصلا قریبا احترازا عن المبادی کالعربیة والکلام، وانما قلنا علی وجه التحقیق احترازا عن علم الخلاف والجدل فانه وان اشتمل علی القواعد الموصلة الی مسائل الفقه لکن لا علی وجه التحقیق بل الغرض منه الزام الخصم وذلک کقواعدهم المذکورة فی الارشاد والمقدمة ونحوهما لتبتنی علیها النکت الخلافیة.(توضیح)

مصنف وضاحت فرماتے ہیں :قواعد سے مراد قضایا کلیہ ہیں جن کے علم سے فقہ تک انسان پہنچے وہ توصل (رسائی) قریب ہو۔

العلم الیه الا ان یقصد زیادة بیان وتوضیح کشجرة الاراک والقاعدة حکم کلی ینطبق علی جزئیاته لیتعرف احکامها منه کقولنا کل حکم دل علیه القیاس فهوثابت والتوصل والقریب مستفاد من الباء السببیة الظاهرة فی السبب القریب ومن اطلاق التوصل الی الفقه اذ فی البعید یتوصل الی الواسطة.(التلویح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله علم اصول الفقه ،جب یہ واضح ہے کہ اصول فقہ ایک خاص علم کا لقب ہے تو علم کی اضافت اس کی طرف ضروری نہیں، مگر یہ کہ زیادتی وضاحت وبیان کیلئے اضافت کرنا صحیح ہے جیسے ''شجرة الاراک'' چونکہ اراک (پیلو) کے درخت کو کہا جاتا ہے، شجرہ کی اضافت کی ضرورت نہیں تھی البتہ زیادتی وضاحت کیلئے شجرہ کو مضاف بنایا گیا ہے۔

قوله العلم بالقواعد الخ :اسماء العلوم کا اطلاق کبھی نفس مسائل وقواعد پر ہوتا ہے جیسے کہا جاتا ہے ''فلان یعلم اصول الفقه، فلان یعلم الفقه، هذه القاعدة من المنطق أو النحو ''۔اسماء علوم کا کبھی اطلاق تصدیق پر ہوتا ہے جو قواعد سے متعلق ہو وہ ہے ''ادراک ان احکام کا جو اس میں ہیں'' مصنف نے یہاں دوسرے معنی پر اطلاق کیا ہے۔

''العلم بالقواعد '' کا اطلاق اگر چہ ان کے تصور پر بھی صحیح ہے بغیر اس کے کہ ادراک کا تعلق احکام سے ہو لیکن متبادر تصدیق میں ہی اس کا اطلاق ہے جسے ذکر کیا گیا ہے۔

قیود کے فوائد :توصل قریب کہا احتراز ہوگیا توصل بعید سے یعنی مبادی سے جیسے عربیۃ اور کلام، علی وجہ التحقیق کہا ہے احتراز ہوگیا علم خلاف وجدل سے وہ اگر چہ مشتمل ہے ایسے قواعد پر جو فقہ تک پہنچاتے ہیں لیکن وجہ تحقیق پر نہیں بلکہ غرض اس سے خصم پر الزام ہوتا ہے، یہ قواعد "ارشاد و مقدمہ" میں اور ان کی مثل اور کتب میں بھی مذکور ہیں، تاکہ ان پر اختلافی نکات کی بناء کی جاسکے۔(التوضیح)

قاعدہ حکم کلی ہے جو جمیع جزئیات پر منطبق ہوتا کہ اس حکم کلی سے ان جزئیات کے احکام پہچانے جائیں۔ جیسے ہمارا قول "ہر حکم جس پر قیاس دلالت کرے وہ ثابت ہے"

التوصل والقریب :توصل اور قریب باء سببیہ سے سمجھ آئے، اسلئے کہ ظاہر یہی ہے کہ اس کا استعمال سبب قریب کیلئے ہوتا ہے، سبب بعید بغیر واضح قرینہ کے نہیں مراد ہوگا، اور وجہ یہ بھی ہے "توصل الی الفقہ" مطلقا قریب ہی ہے بعید واسطہ کا محتاج ہے۔

ومنها الی الفقه فیخرج العلم بقواعد العربیة والکلام لأنها من مبادی اصول الفقه والتوصل بهما الی الفقه لیس بقریب اذ یتوصل بقواعد العربیة الی معرفة کیفیة دلالة الالفاظ علی مدلولاتها الوضعیة وبواسطة ذلک یقتدر علی استنباط الاحکام من الکتاب والسنة وکذلک یتوصل بقواعد الکلام الی ثبوت الکتاب والسنة ووجوب صدقهما لیتوصل بذلک الی الفقه.(التلویح)

الیہ ای الی الفقه :فقہ تک توصل قریب ہو، اس سے احتراز ہوگیا قواعد عربیہ کے ذریعے اور کلام کے ذریعے علم اس لئے کہ یہ اصول فقہ کے مبادی سے ہیں اور ان دونوں کے ذریعے فقہ تک توصل قریب نہیں کیونکہ قواعد عربیہ کے ذریعے رسائی ہے دلالت الفاظ کی کیفیت ان کے مدلولات وضعیہ کی طرف، پھر اس کے ذریعے اسے قدرت حاصل

ملکہ سے مراد رسوخ فی النفس ہے :وہ جو بیان کیا گیا ہے کہ بیشک علم ملکہ ہے جس کے ذریعے انسان ادراکات جزئیہ پر قادر ہو یہ تصدیق ہے لیکن شرط اس کا رسوخ فی النفس ہے، کیونکہ بعض حضرات نے بیان کیا ہے صرف رسوخ پر ملکہ کا اطلاق صحیح نہیں۔

مہذب میں بیان کیا گیا ہے کہ قاعدہ کا لغوی معنی ہے بنیاد اور اصطلاح میں وہ حکم کلی ہے جس پر احکام جزئیہ کی بناء ہے۔(السید)

ہوتی ہے کتاب اور سنت سے احکام کے استنباط کی، اور اسی طرح علم کلام کے ذریعے پہلے رسائی ہے کتاب وسنت کی طرف اور ان کے صدق کے وجوب کی طرف پھر رسائی ہوگی احکام فقہ کی طرف، اسلئے قواعد عربیہ کا علم اور علم کلام سے احکام شرعیہ تک پہنچنا بالواسطہ اور بعید ہے۔

والتحقيق في هذا المقام ان الانسان لم يخلق عبثا ولم يترك سدى بل تعلق بكل من اعماله حكم من قبل الشارع منوط بدليل يخصه ليستنبط منه عند الحاجة ويقاس على ذلك الحكم ما يناسبه لتعذر الاحاطة بجميع الجزئيات فحصلت قضايا موضوعاتها افعال المكلفين ومحمولاتها احكام الشارع على التفصيل فسمي العلم بها الحاصل من تلك الأدلة فقها. (التلويح)

تحقیق مقام: علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: اس مقام میں تحقیق یہ ہے کہ بیشک انسان کو بے فائدہ نہیں پیدا کیا اور بیکار بھی اسے نہیں چھوڑ دیا گیا بلکہ اس کے ساتھ شارع (رب تعالی اور رسول اللہ ﷺ) کی طرف سے اعمال کو متعلق کر دیا گیا ہے ایک حکم سے، جس کی دارومدار دلیل پر ہے جو اسے خاص کر دے تاکہ وہ بوقت حاجت اس دلیل سے احکام استنباط کر سکے اور اس دلیل پر اس حکم کو قیاس کیا جا سکے جو اس مناسب کے ہو کیونکہ تمام جزئی جزئی مسائل کا احاطہ متعذر ہے تو اس لئے قواعد کلیہ حاصل ہو گئے ان قواعد وقضایا کے موضوعات افعال مکلفین ہیں اور ان کے محمولات احکام شارع ہیں تفصیل کے مطابق، جو ان دلائل سے علم حاصل ہوتا ہے اسے فقہ کہا جاتا ہے۔

ثم نظروا في تفاصيل الأدلة والأحكام وعمومها فوجدوا الأدلة راجعة الى الكتاب والسنة والاجماع والقياس والأحكام راجعة الى الوجوب والندب والحرمة والكراهة والاباحة وتأملوا في كيفية الاستدلال بتلك الأدلة على تلك الأحكام اجمالا من غير نظر الى تفاصيلهما الا على طريق ضرب المثال فحصل لهم قضايا كلية متعلقة بكيفية الاستدلال بتلك الأدلة على تلك الأحكام اجمالا وبيان طرقه وشرائطه ليتوصل بكل من تلك القضايا الى استنباط كثير من تلك الأحكام الجزئية عن ادلتها التفصيلية فضبطوها ودونوها واضافوا اليها من اللواحق والمتممات وبيان الاختلافات ما يليق بها وسموا العلم بها اصول الفقه فصارت عبارة عن العلم بالقواعد التي يتوصل بها الى الفقه ولفظ القواعد مشعر بقيد الاجمال وزاد المصنف قيد التحقيق احترازا عن علم الخلاف. (التلويح)

ثم نظروا فی تفاصیل الادلة والاحکام الخ : پھر اہل علم نے ادلہ اور احکام کی تفاصیل وعموم میں نظر کی تو انہوں نے سب دلیلوں کو کتاب وسنت واجماع وقیاس کی طرف راجع پایا، اور انہوں نے احکام کو وجوب وندب وحرمۃ وکراھۃ واباحۃ کی طرف رجوع کرنے والا پایا۔ اور انہوں نے ان دلائل سے احکام حاصل کرنے کے طریقہ میں غور وفکر کیا اجمالی طور پر بغیر ان کی تفاصیل کو دیکھنے کے سوائے مثال بیان کرنے کے طریقہ کے تو ان سے قضایا کلیہ حاصل ہوگئے جو متعلق ہیں احکام کے دلائل کی کیفیت استدلال پر اجمالا، اور ان کے بیان کے طرق اور شرائط کے ساتھ متعلق ہیں تاکہ ان قضایا کے ذریعے کثیر احکام جزئیہ کو ادلہ تفصیلیہ سے استنباط کیا جاسکے۔ تو انہوں نے ان کو منضبط کیا اور تدوین کیا اور ان قضایا کے ساتھ ان کے مناسب لواحق ومتممات اور اختلاف کو بیان کیا، تو اس علم کا نام اصول فقہ رکھا۔

قولہ یتوصل : کنز اللغات میں ہے توصل کا معنی "پیوستن ورسیدن" (ملنا، پہنچنا) "رسائی" رسیدن کا ہی حاصل مصدر ہے جس کو راقم نے استعمال کیا ہے۔ (السید)

تنبیہ: اتصال سے مراد اتصال عقلی ہے کیونکہ حسی میں دونوں طرفوں کا محسوس ہونا ضروری ہے، اور فقہ محسوس نہیں، جیسا کہ فقہ کی تعریف بیان کی جاچکی ہے۔ (السید)

قولہ یتوصل بھا الیہ : الیہ، کی ضمیر مجرور فقہ کی طرف لوٹ رہی ہے باوجود اس کے کہ "علم اصول الفقہ" میں فقہ کا معنی مراد نہیں بلکہ لفظ مراد ہے جیسے زید کی زاء سے لفظ مراد ہے لیکن جب ضمیر اس کی طرف لوٹائی گئی تو اسے استخدام کا درجہ حاصل ہوگیا، یعنی لفظ فقہ کو ذکر کیا تو مراد لفظ لیا ہے، اور جب ضمیر لوٹائی تو معنی مراد لے لیا ہے۔ (السید)

قولہ کالعربیۃ : مراد علوم عربیہ ہیں، وہ ہیں علم متن لغت، علم نحو، علم صرف، علم معانی، علم بیان اور علم بدیع۔ (السید)

قولہ احتراز عن علم الخلاف والجدل : بیان کیا گیا ہے کہ بیشک علم آداب مجادلہ ومدافعہ یہ ہے کہ انسان استعمال کرے اسے استنباط احکام کے بعد کلام خصم کو مندفع کرنے کیلئے اور اپنی کلام اور اپنے متبعین مجتہدین کے کلام کو ثابت کرنے کیلئے۔

اور فقہ کی طرف توصل (رسائی) وہ علم ہے کہ وہ علم استنباط سے پہلے استعمال کیا جاتا ہے تاکہ اس کے ذریعے فقہ کو حاصل کیا جائے، حصول فقہ کے بعد دفع اور تقریر کی طرف رسائی ہوگی، مقصد تقریر ودفع کی طرف رسائی کیلئے اس علم کے قواعد کا استعمال نہیں ہوگا۔ (السید)

مصنف فرماتے ہیں: ونعني بالقضايا الكلية المذكورة ما يكون احدى مقدمتي الدليل على مسائل الفقه اى اذا استدللت على حكم مسائل الفقه بالشكل الأول فكبرى الشكل الأول هى تلك القضايا الكلية كقولنا هذا الحكم ثابت لأنه حكم يدل على ثبوته القياس وكل حكم يدل على ثبوته القياس فهو ثابت واذا استدللت على مسائل الفقه بالملازمات الكلية مع وجود الملزوم فالملازمات الكلية هى تلك القضايا كقولنا هذا الحكم ثابت لأنه كلما دل القياس على ثبوت هذا الحكم يكون هذا الحكم ثابتا لكن القياس دل على ثبوت هذا الحكم فيكون ثابتا. (توضیح)

قضایا کلیہ جن کا ذکر کیا گیا ہے اس سے مراد مسائل فقہ پر دلیل کے دومقدمہ میں سے ایک ہے، یعنی جب مسائل فقہ

تو اصول فقہ کی یہ حد لقبی بن گئی ''اصول فقہ وہ علم ہے جس کے قواعد کے ذریعے فقہ تک رسائی ہو'' لفظ قواعد خبر دے رہا ہے استدلال اجمالی کی۔ مصنف نے تحقیق کی قید کو زائد کیا ہے تا کہ علم خلاف سے احتراز ہو سکے۔

ولقائل ان يمنع كون قواعده مما يتوصل به الى الفقه توصلا قريبا بل انما يتوصل بها الى محافظة الحكم المستنبط أو مدافعته ونسبته الى الفقه وغيره على السوية فان الجدلى اما مجيب يحفظ وضعا واما معترض يهدم وضعا الا ان الفقهاء اكثروا فيه من مسائل الفقه وبنوا نكاته عليها حتى توهم ان له اختصاصا بالفقه. (التلويح)

علم جدل وخلاف معترض کے اعتراض کے بعد واضح ہو جاتا ہے: جب کوئی اعتراض کرے کہ ہم یہ نہیں مانتے کہ قواعد فقہ تک پہنچاتے ہیں بلکہ یہ کہتے ہیں کہ قواعد پہنچاتے ہیں محافظت حکم کی طرف جو مستنبط ہے، یا قواعد اس کی مدافعت کی طرف پہنچاتے ہیں، قواعد کی یہ نسبت فقہ اور غیر فقہ کی طرف برابر ہے۔

جدلی یا تو وضع کی حفاظت کرتے ہوئے جواب دے گا یا اس پر اعتراض کے وضع کی عمارت کو منہدم کردے گا۔ لیکن فقہاء کثیر مسائل فقہ بیان کریں گے اور ان پر نکات مرتب کریں گے یہاں تک یہ وہم ہونے لگے کہ اس حکم کا اختصاص فقہ سے ہے۔ (التلویح)

قوله لتبتنى عليها النكت الخلافية: النکت جمع ہے نکتہ کی، جیسے نقطة، مراد اس سے وجہ خفی ہے جو دقیق ہونے کی وجہ نکتہ ای نقطة کہلاتی ہے، اور خلافیہ ہونے کا مطلب یہ ہے کہ اس پر اختلاف کی بناء ہو۔ (السید)

کے حکم پر شکل اول سے دلیل پکڑی جائے تو شکل اول کا کبری وہ قضایا کلیہ ہوں گے جیسے کہا جائے "هذا الحكم ثابت لأنه حكم يدل على ثبوته القياس، وكل حكم يدل على ثبوته القياس فهو ثابت "(یہ قیاس حملی کی مثال ہے)

اور اگر دلیل پکڑی جائے مسائل فقہ پر ملازمات کلیہ سے مع وجود ملزوم کے تو ملازمات کلیہ وہ قضایا ہوں گے، جیسے ہمارا قول "هذا الحكم ثابت، لأنه كلما دل القياس على ثبوت هذا الحكم يكون هذا الحكم ثابتا، لكن القياس دل على ثبوت هذا الحكم فيكون ثابتا "(التوضیح)

قوله ونعني بالقضايا الكلية اعلم ان المركب التام المحتمل للصدق والكذب يسمى من حيث اشتماله على الحكم قضية ومن حيث احتماله الصدق والكذب خبرا ومن حيث افادته الحكم اخبارا ومن حيث كونه جزأ من الدليل مقدمة ومن حيث انه يطلب بالدليل مطلوبا ومن حيث يحصل من الدليل نتيجة ومن حيث يقع في العلم ويسأل عنه مسأله فالذات واحدة واختلاف العبارات باختلاف الاعتبارات.(التلويح)

مرکب تام کے چند نام: علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں "قوله ونعني بالقضايا الكلية "مرکب تام جو صدق وکذب کا احتمال رکھے اس کا نام قضیہ رکھا جائے اس حیثیت پر کہ حکم پر مشتمل ہے، اور اس کا نام خبر رکھا جائے گا اس حیثیت سے کہ اس میں صدق وکذب کا احتمال پایا گیا ہے، اور اس کا نام اخبار رکھا جائے گا اس حیثیت سے کہ وہ حکم کا فائدہ دیتا ہے، اور اس کا نام مقدمہ رکھا جائے گا اس لحاظ پر کہ وہ دلیل کی جزء ہے، اور اس کا نام مطلوب رکھا جائے گا اس لحاظ پر کہ اسے دلیل کے ذریعے طلب کیا گیا ہے اور اس کا نام نتیجہ رکھا گیا اس لحاظ سے کہ وہ دلیل سے حاصل ہوتا ہے، اور اس کا نام مسئلہ رکھا جاتا ہے اس لحاظ پر کہ وہ علم میں واقع ہوتا ہے اور اس کے بارے میں پوچھا جاتا ہے۔(التلویح)

سب متحد بالذات ہیں اور مختلف بالاعتبار ہیں اسی وجہ سے ان کے اسماء کے مختلف عبارات سے پیش کیا گیا ہے۔

والمحكوم عليه في القضية يسمى موضوعا والمحكوم به محمولا وموضوع المطلوب يسمى

نکتہ کے چند معانی: داغ، زمین پر کریدنے کا نشان، (جمع نکت، نکات) آئینہ یا تلوار کا داغ، کلام کی باریکی، (المنجد) نقط فلان الخبر، آہستہ آہستہ خبر لینا (المنجد) اس معنی کے لحاظ پر، نقطہ، کا معنی بھی کلام خفی ہے۔

(یہ مثال ہے قیاس شرطی استثنائی اتصالی کی اس میں استثناء عین مقدم نتیجہ عین تالی ہے)

مصنف فرماتے ہیں: **واعلم انه يمكن ان لايكون هذه القضية الكلية بعينها مذكورة في مسائل اصول الفقه لكن تكون مندرجة في قضية كلية هي مذكورة في مسائل اصول الفقه كقولنا كلما دل القياس على الوجوب في صورة النزاع يثبت الوجوب فيها فان هذه الملازمة مندرجة تحت هذه الملازمة وهي كلما دل القياس على ثبوت كل حكم هذا شأنه يثبت هذا الحكم والوجوب من جزئيات ذلك الحكم فكأنه قيل كلما دل القياس على الوجوب يثبت الوجوب وكلما دل القياس على الجواز يثبت الجواز فالملازمة التي هي احدى مقدمتي الدليل تكون من مسائل اصول الفقه بطريق التضمن.** (توضیح)

جان لو بیشک یہ ممکن ہے کہ یہ قضیہ کلیہ بعینھا اصول فقہ کے مسائل میں مذکور نہ ہو لیکن اس قضیہ کلیہ میں مندرج

اصغرومحموله اكبروالدليل يتألف لامحالة عن مقدمتين يشتمل احداهما على الأصغروتسمى الصغرى والأخرى على الأكبروتسمى الكبرى وكلتاهما مشتمل على امرمتكررفيهما يسمى الأوسط. (التلويح)

قضیہ ودلیل کے اجزاء کے نام: قضیہ حملیہ میں محکوم علیہ کا نام موضوع، اور محکوم کا نام محمول، اور مطلوب کے موضوع کا نام اصغر، اور محمول کا نام اکبر۔ دلیل یقیناً دومقدمہ سے مرکب ہوگی وہ مقدمہ جو اصغر پر مشتمل ہوگا اس کا نام صغری، اور جو اکبر پر مشتمل ہو وہ کبری۔ اور دونوں مقدمات میں جو امر متکرر ہوگا اس کا نام اوسط۔ (التلویح)

والاوسط اما محمول في الصغرى موضوع في الكبرى ويسمى الدليل بهذا الاعتبارالشكل الأول أوبالعكس ويسمى الشكل الرابع أومحمول فيهما ويسمى الشكل الثاني أوموضوع فيهما ويسمى الشكل الثالث مثلا اذا قلنا الحج واجب لأنه مامورالشارع وكل مأمورالشارع فهوواجب هي الكبرى والدليل المذكورمن الشكل الأول. (التلويح)

اشکال اربعہ: اوسط یا محمول ہوگی صغری اور موضوع ہوگی کبری میں تو وہ شکل اول ہے یا اس کا عکس ہو یعنی اوسط صغری میں موضوع اور کبری میں محمول ہو تو شکل رابع، اگر اوسط دونوں یعنی صغری وکبری میں محمول ہو تو شکل ثانی، اور اگر اوسط دونوں یعنی صغری وکبری میں موضوع ہو تو شکل ثالث۔

ہو جو اصول فقہ میں مذکور ہو، جیسے ہمارا قول ”کلما دل القیاس علی الوجوب فی صورة النزاع یثبت الوجوب فیها “ (جب بھی قیاس دلالت کرے وجوب پر صورت نزاع میں تو وجوب اس میں ثابت ہوگا) یہ ملازمہ خود تو اصول فقہ نہیں لیکن یہ ایک اور ملازمہ میں مندرج ہے، وہ ملازمہ یہ ہے۔ ”کلما دل القیاس علی ثبوت کل حکم هذا شأنه یثبت هذا الحکم والوجوب من جزئیات ذلک الحکم “ (جب بھی قیاس دلالت کرے گا ہر اس حکم کے ثبوت پر جس کی یہ شان ہے تو یہ حکم ثابت ہوگا اور وجوب اسی حکم کی جزئیات میں سے ہے) گویا کہ یہ کہا گیا ہے جب بھی قیاس وجوب پر دلالت کرے گا تو وجوب ثابت ہوگا، اور جب بھی قیاس جواز پر دلالت کرے گا تو جواز ثابت ہوگا۔ یعنی دلیل کے دو مقدمہ میں ایک اصول فقہ سے بطریق ضمنا۔ (التوضیح)

مصنف نے جو بیان کیا ہے جس طرح موضوع منطق تصورات وتصدیقات ہیں، چونکہ ان کے ہی عوارض ذاتیہ سے بحث کی جاتی ہے یعنی احوال تصور سے بحث کی جاتی ہے اس لحاظ پر کہ یہ حد ہے یا رسم، اور احوال تصدیق سے بحث کی جاتی ہے اس لحاظ پر کہ یہ حجت ہے جو تصدیق کی طرف پہنچاتی ہے، اور اس لحاظ پر کہ یہ قضیہ ہے یا عکس قضیہ ہے یا نقیض قضیہ ہے تو ان سے حجت مؤلف ہوتی ہے۔ حاصل کلام یہ ہے کہ جمیع ابحاث راجع ہیں ایصال کی طرف یا ان چیزوں کی طرف جن کو ایصال میں دخل ہے (یعنی معلومات تصوریہ موصل ہیں مجہول تصور کی طرف اور معلومات تصدیقیہ موصل ہیں مجہول تصدیق کی طرف)

کبھی تصور میں بحث ہوتی ہے بحیثیت موصل الیہ کے بایں طور کے بسیط حد نہیں بن سکتا اور نہ ہی مجہول تصور کی طرف پہنچا سکتا ہے، اور اگر مرکب ہو جنس اور فصل سے تو حد ہوگی یعنی مجہول تصور کی طرف موصل ہوگی اور اگر جنس کے ساتھ ہو تو رسم ہوگی ورنہ نہیں۔ اور ممکن ہے کہ بحث راجع ہو احوال تصور کی بحث کی طرف اس لحاظ پر کہ وہ موصل ہے۔ بایں طور کہا جائے کہ بیشک حد موصل الی المرکب ہے نہ کہ موصل الی البسیط، تو یہ بحث مسائل سے ہوگی۔

اور کثیر ہیں اور تصدیقات کی ابحاث بالتبع اور قلیل ہیں۔(السید)

قوله من حيث انها موصلة: ضمیر تصورات اور تصدیقات کی طرف لوٹ رہی ہے، یعنی تصورات موصل ہیں تصور کی طرف اور تصدیقات موصل ہیں تصدیق کی طرف۔(السید)

قوله لم يعد مباحث الحكم: اصول فقہ کی بعض کتب میں حکم کی مباحث کو اس علم کی مباحث میں شمار نہیں کیا گیا، اس جملہ کی وضاحت میں تین وجوہ بیان کی گئی ہیں۔ ا۔ ایک یہ کہ بالکل ہی حکم کی بحث کو ذکر نہیں کیا گیا۔

حکم کی بحثیں ادلہ کی بحثوں کے بعد ذکر کی جاتی ہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله لكن الصحيح ذهب صاحب الأحكام الى ان موضوع اصول الفقه هو الأدلة الأربعة ولا بحث فيه عن احوال الأحكام بل انما يحتاج الى تصورها ليتمكن من اثباتها ونفيها لكن الصحيح ان موضوعه الأدلة والأحكام لأنا رجعنا الأدلة بالتعميم الى الأربعة والاحكام الى الخمسة ونظرنا فى المباحث المتعلقة بكيفية اثبات الأدلة للاحكام اجمالا فوجدنا بعضها راجعة الى احوال الأدلة وبعضها الى احوال الأحكام كما ذكره المصنف فى تحصيل القضية الكلية التى يتوصل بها الى الفقه فجعل احدهما من المقاصد والآخر من اللواحق من تحكم غاية ما فى الباب ان مباحث الأدلة اكثر واهم لكنه يقتضى الأصالة والاستقلال۔(التلویح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ صحیح احتمال اول ہی ہے، یہ صاحب احکام کے رد کی طرف اشارہ ہے، کیونکہ صاحب احکام اس طرف گئے ہیں کہ اصول فقہ کا موضوع ادلہ اربعہ ہیں، احکام کے احوال سے اس میں کوئی بحث نہیں بلکہ محتاج ان کے تصور کی طرف ہے تا کہ ان کا اثبات ونفی ذہن میں جگہ پکڑ سکے۔

لیکن صحیح یہ ہے کہ موضوع اس کا ادلہ اور احکام ہیں، کیونکہ ہم ادلہ کی طرف رجوع کرتے ہیں تعمیم سے چار تک، یعنی ادلہ

۲۔دوسری وجہ یہ بیان کی گئی ہے ان کا ذکر تو کیا گیا ہے لیکن افادہ کیلئے اس لئے نہیں کہ یہ اصول فقہ سے ہیں۔

۳۔تیسری وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ اسے ذکر تو کیا گیا ہے لیکن سکوت اختیار کیا گیا ہے کہ یہ مسئلہ اصول فقہ سے ہے یا نہیں، مصنف نے تیسری وجہ کو ہی اختیار کیا ہے۔(السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله هو الاحتمال الأول، پہلا احتمال یہ ہے کہ علم اصول کا موضوع ادلہ اور احکام دونوں ہی ہیں، ماتن نے "ملحق بہ" ذکر کیا ہے۔اس الحاق کا مطلب صرف تاخیر ہے یعنی دلائل پہلے ہیں اور احکام بعد میں، یہ مطلب نہیں کہ احکام تابع ہیں ادلہ کے ذکر میں اور اصول فقہ سے خارج ہیں (یہ قول ہی درست نہیں)۔(السید)

مصنف فرماتے ہیں :قوله وهو الحكم ان اريد بالحكم الخطاب المتعلق بافعال المكلفين وهو قديم فالمراد بثبوته بالأدلة الاربعة ثبوت علمنا به بتلك الادلة۔(التوضیح)

مصنف نے جوذکرفرمایا''وھوالحکم''اگرحکم سے مراد یہ لیا جائے حکم اللہ کا خطاب ہے جو متعلق ہے مکلفین کے افعال سے تووہ قدیم ہے اس لئے کہ خطاب اللہ کلام نفسی مراد ہے اور کلام نفسی قدیم ہے تواس صورت میں ادلہ کے ذریعے حکم کے ثبوت کا یہ مطلب ہوگا کہ ادلہ کے ذریعے حکم کا ہمارے علم میں ثبوت ہوگا، ہمارا علم چونکہ حادث ہے اس لحاظ پر حکم کو بھی حادث کہا جائے گا، کیونکہ بظاہر احکام حادث ہیں۔

چار ہیں، اوراحکام کی طرف تعمیم سے رجوع کرتے ہیں پانچ تک کہ احکام پانچ ہیں وجوب، ندب، حرمۃ، کراھیۃ، اباحت۔

اورہم نے ان بحثوں میں اجمالا نظر کی جن کا تعلق ہے ادلہ کے احکام کوثابت کرنے کی کیفیت سے توہم نے بعض کو احوال ادلہ کی طرف راجع پایا اور بعض کواحوال احکام کی طرف۔

جیسا کہ مصنف نے ذکر کیا قضیہ کلیہ کے حاصل کرنے میں جوفقہ تک پہنچائے، ایک کومقاصد سے بنایا اوردوسرے کوحکم لگانے کے لواحق سے بنایا، انتہائی بات یہی کہی جاسکتی ہے کہ ادلہ کی مباحث کثیر اوراہم لیکن یہ نہیں چاہتا کہ یہی اصل ومستقل ہوں (اوراحکام اصل ومستقل نہ ہوں)۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله فان اريد بالحكم هذا كلام لاحاصل له لأن الأدلة الشرعية معرفات وامارات ولوسلم انها ادلة حقيقية فلامعنى للدليل الا ما يفيد العلم بثبوت الشئ أو انتفائه غاية ما فى الباب ان العلم يؤخذ بمعنى الادراك الجازم أو الراجح ليعم القطعى والظنى فيصح فى جميع الأدلة وهذا لايتفاوت بقدم الحكم وحدوثه وقد اضطر الى ذلك آخر الأمر وليس معنى الدليل ما يفيد نفس الثبوت كما هو شأن العلل الخارجية وان جعلنا الحكم حادثا على ما يشعر به كلامه۔(التلویح)

مصنف نے جو''فان اريد الحكم'' پر بحث کی ہے اس کا کوئی حاصل (نتیجہ) نہیں، اس لئے کہ ادلہ شرعیہ معرفات وامارات (علامات) ہیں، اگرتسلیم کرلیا جائے کہ یہ ادلہ حقیقیہ ہیں تودلیل کا کوئی معنی نہیں مگر وہی کہ جوثبوت شی یا انتفاء شی کے علم کا فائدہ دے۔

اس باب یعنی علم اصول فقہ کی تعریف انتہائی بات یہ ہے کہ ''علم'' میں عموم ثابت کیا جائے خواہ ادراک جازم ہویا

مصنف فرماتے ہیں :وان ارید بالحکم اثر الخطاب کالوجوب والحرمة فثبوته ببعض الأدلة الأربعة صحیح وبالبعض لا کالقیاس مثلا لأن القیاس غیر مثبت للوجوب بل مثبت غلبة ظننا بالوجوب کما قیل ان القیاس مظهر لا مثبت فیکون المراد بالاثبات اثابة غلبة الظن وان نوقش فی ذلک بأن اللفظ الواحد لایراد به المعنی الحقیقی والمجازی معا فنقول نرید فی الجمیع اثبات العلم لنا أو غلبة الظن لنا۔(التوضیح)

اور اگر حکم سے مراد اثر خطاب لیا جائے جیسے وجوب وحرمۃ تو ثبوت اس کا اُدلہ اربعہ میں سے بعض سے صحیح ہوگا اور بعض سے صحیح نہیں ہوگا، جیسے قیاس ہے مثلا اس لئے کہ قیاس وجوب کیلئے مثبت نہیں (اور نہ ہی حرمت کیلئے مثبت ہے) بلکہ قیاس ہمارے لئے وجوب کا غلبہ ظن ثابت کرتا ہے، جس طرح بیان کیا گیا ہے کہ بیشک قیاس مظہر ہے مثبت نہیں تو اثبات سے مراد (قیاس میں) اثبات غلبہ ظن ہے۔

ادراک راجح ہوتا کہ قطعی اور ظنی کو شامل ہو، تو یہ تمام ادلہ میں صحیح آئے گا، اس تعمیم کے لحاظ سے حکم کے قدیم ہونے یا حادث ہونے کے لحاظ سے کوئی فرق نہیں پڑے گا، آخر کار لاچار ہو کر یہ کہا جائے گا کہ دلیل کا یہ معنی ہی نہیں کہ وہ نفس ثبوت کا فائدہ دے (بلکہ اس کا معنی یہ ہے کہ وہ ثبوت شئ یا انتفاء شئ کے علم کا فائدہ دے) اس معنی کے لحاظ پر ہم حکم کو حادث کہیں جیسے مصنف کے کلام سے پتہ چل رہا ہے تو کوئی فرق نہیں پڑے گا کیونکہ کسی چیز کے ثبوت یا انتفاء کا علم حاصل ہونا حادث ہی ہے۔

میر سید شریف کے حواشی مصنف کے مکمل قول پر :قوله فان ارید بالحکم الخطاب الخ ،ظاہر طور پر یہ کلام اس پر دلالت کر رہی ہے کہ خطاب اور اثر خطاب میں فرق ہے، وہ یہ ہے کہ خطاب تو قدیم ہے لیکن اثر خطاب قدیم نہیں، اور ثانی بعینہ ثابت ادلہ سے اور اول کا علم ثابت ہے نہ کہ بعینہ وہ ثابت ہے، لیکن یہ فرق کرنا درست نہیں اسلئے کہ وجوب وحرمت اثر ہیں جو ایجاب وتحریم کو لازم ہیں یہ خطاب ہی ہے جو اس سے جدا نہیں۔ خطاب کے قدیم ہونے سے اثر کا قدیم ہونا لازم ہے، اور اثر کے حادث ہونے سے خطاب کا حادث ہونا لازم ہے، اور یہ بھی واضح ہے کہ جس طرح ادلہ سے خطاب کا علم ثابت ہے اسی طرح ادلہ سے اثر کا علم ثابت ہے، اور جس طرح ممتنع ہے ادلہ کے ذریعے نفس خطاب کا اثر ہونا اسی طرح ممتنع ہے نفس اثر کا ادلہ سے ثابت ہونا۔(السید)

قوله فالمراد بثبوته بالأدلة الخ ،مطلب اس کا یہ ہے کہ خطاب قدیم ہے اس کا قدیم ہونا انکار کرتا ہے کہ وہ

اگر چہ اس میں مناقشہ (اعتراض) پیش کیا گیا ہے کہ ایک ہی لفظ کا ایک ہی وقت میں حقیقی اور مجازی دونوں معانی نہیں لئے جاسکتے تو یہ کس طرح کہنا صحیح ہے کہ ادلہ اربعہ میں سے بعض حقیقی معنی کے لحاظ سے مثبت ہیں اور بعض مجازی کے لحاظ پر غلبہ ظن ثابت کررہی ہیں یہ تو جمع بین الحقیقۃ والمجاز ہوگیا جو صحیح نہیں۔

تو اس کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ مراد تو اثبات علم ہے، پھر وہ عام ہے جو یقین اور غلبہ ظن کو شامل ہے، یعنی معنی ایک ہے پھر اس کی دو قسمیں ہیں۔

مصنف فرماتے ہیں :واعلم انی لما وقعت فی مباحث الموضوع والمسائل اردت ان اسمعک بعض مباحثها التی لایستغنی المحصل عنها وان کان لایلیق بهذا الفن، منها انهم قد ذکروا ان العلم الواحد قد یکون له اکثر من موضوع واحد کالطلب فانه یبحث فیه عن احوال بدن الانسان ومن الأدویة ونحوها۔(التوضیح)

ادلہ اربعہ سے بذاتہ ثابت ہو۔

اعتراض: کتاب اللہ قدیم ہے کیونکہ وہ اللہ کا کلام ہے، اور جائز ہے کہ قدیم کا ثبوت بھی قدیم ہو، جس طرح اللہ تعالی کی ذات قدیم ہے اسی طرح اس کی صفات بھی قدیم ہیں تو کہا جائے گا کہ اللہ تعالی قدیم ہے بالذات والصفات، تو اس کی صفات کا ثبوت بھی قدیم ہے؟

جواب: اللہ تعالی کا کلام جسے ہم احکام کیلئے دلیل بناتے ہیں وہ کلام لفظی ہے کلام نفسی نہیں، کلام لفظی چونکہ مرکب ہے حروف وسکنات وحرکات سے وہ حادث ہے، کلام نفسی قدیم ہے۔(السید)

قولہ ثبوت علمنا :علم سے مراد اعتقاد ہے مطلقا، اگر چہ حد یقین کو نہ پہنچے، اسلئے علم کا لفظ غلبہ ظن کو بھی شامل ہے جو قیاس سے ثابت ہے جو یقین وتعیین سے کم درجہ ہے۔

قولہ وبالبعض لا :بعض دلائل سے ثابت نہیں، اگر مراد اثر خطاب سے وجوب وحرمت ہوں تو مطلب یہ ہے کہ قیاس کے ذریعے قطعی علم یعنی وجوب وحرمت ثابت نہیں اور اگر مراد مطلقا اعتقاد ہو اگر چہ ظن ہو تو یہ کہنا صحیح نہیں کہ قیاس کے ذریعے اعتقاد ظنی بھی ثابت نہیں۔

تنبیہ: غلبہ ظن کا مرتبہ شک سے اوپر ہے اور یقین سے کم ہے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :**قولہ وقعت فی مباحث الأصول والموضوع**، یعنی مصنف نے بیان کیا ہے کہ اصول فقہ کا موضوع ادلہ اور احکام ہیں، یا صرف ادلہ ہیں، احکام وادلہ دونوں کے مسائل بطریق قصد واصالت ہیں، یا

جان لوکہ بیشک جب میں موضوع ومسائل کی مباحث میں واقع ہوا تو میں نے ارادہ کیا کہ میں تمہیں بعض وہ مباحث سناؤں جن کو حاصل کرنے کے بغیر بے پرواہی نہیں، اگر چہ وہ ابحاث اس فن کے لائق نہیں (لیکن فائدہ سے خالی نہیں بلکہ من وجہ ضروری ہیں)۔

ان ابحاث میں سے ایک یہ ہے: بیشک اہل علم نے ذکر کیا ہے کہ بیشک ایک علم کے موضوع کبھی ایک سے زائد بھی ہوتے ہیں، جیسے علم طب اس میں بحث انسان کے بدن کے احوال سے بھی کی جاتی ہے اور دواؤں وغیرہ سے بھی۔

مصنف فرماتے ہیں: **وهذا غير صحيح والتحقيق فيه ان المبحوث عنه في علم ان كان اضافة شئ الى آخر كما ان في اصول الفقه يبحث عن اثبات الأدلة للحكم، وفي المنطق يبحث فيه عن ايصال تصور أوتصديق الى تصور أوتصديق وقد يكون بعض العوارض التي لهما مدخل في المبحوث عنه ناشئة عن احد المضافين وبعضها عن الآخر فموضوع هذا العلم كلا المضافين۔**

ادلہ کے مسائل بطور قصد واصالت ہیں، اور احکام کے مسائل بطور توابع ولواحق ہیں۔ (السید)

قولہ التی لایستغنی: یہ مباحث کی صفت ہے کہ وہ مباحث جن کو حاصل کرنے کے بغیر بے پرواہی نہیں، یا یہ صفت ہے ''بعض'' کی جو معنی کے لحاظ پر جمع ہے کہ میں تمہیں بعض وہ بحثیں سناؤں جن کو حاصل کرنے کے بغیر بے پرواہی نہیں۔ (السید)

قولہ قد یکون لہ اکثر الخ: اہل علم کا یہ کہنا کہ کبھی ایک علم کا ایک موضوع سے زیادہ ہوتے ہیں، ''موضوع واحد'' سے مراد واحد نوعی ہے وہ مفہوم کلی ہے جو کثرت کو بھی شامل ہے جیسے منطق کا موضوع موصل ہے، وہ عام ہے موصل الی التصور ہو یا موصل الی التصدیق ہو، علم نحو کا موضوع لفظ مستعمل ہے خواہ کلمہ ہو یا کلام، فقہ کا موضوع فعل عباد ہے جس کی پانچ قسمیں ہیں جن کو بیان کیا جا چکا ہے، علوم کے موضوعات واحد شخصی نہیں ہوتے، جو حضرات متعدد موضوعات مانتے ہیں ان کا مطلب یہ ہے کہ دو یا دو سے زیادہ مفہومات کلیہ موضوع ہوتے ہیں۔

قولہ ونحوها: علم طب والے غذاؤں یا غذاؤں کی مثل سے بحث کرتے ہیں، مثل سے مراد اماکن، ازمان، پانی، ہوا، عمر وغیرہ ہیں۔ اسلئے کہ آب وہوا، رہنے کی جگہ، عمر اور موسم کے اعتبار سے ہی اطباء دواء کا انتخاب کرتے ہیں۔ (السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں: قولہ ان کان اضافة شئ الی آخر، اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک چیز کی صفت اضافیہ ہو جو حاصل ہو بنسبت دوسری چیز کے، مطلب یہ ہے کہ ایک چیز کی نسبت دوسری کی طرف ہونے کے سبب ہو، جیسے ''اثبات الدلیل للحکم'' یہ سبب ہے کہ یہ کہنا صحیح ہے ''ھذا دلیل الحکم'' اسی طرح ''ایصال الحد الی

ایک علم کے متعدد موضوعات کا قول صحیح نہیں، تحقیق اس میں یہ ہے کہ علم میں جب کسی چیز سے بحث کی جائے اور اس کی نسبت کسی دوسری چیز کی طرف ہو جیسے اصول فقہ میں بحث کی جاتی ہے ادلہ سے اس لحاظ پر کہ وہ حکم کیلئے مثبت ہیں یعنی ادلہ کی نسبت حکم کی طرف ہے، اور منطق میں بحث کی جاتی ہے ایصال سے اس لحاظ پر کہ معلوم تصور موصل ہو مجہول تصور کی طرف اور معلوم تصدیق موصل ہو مجہول تصدیق کی طرف تو یہاں ایصال کی نسبت ہے تصور و تصدیق کی طرف۔

کبھی بعض عوارض سے بحثوں کا دخل ہوتا ہے ایک نسبت کے لحاظ پر اور کبھی بحثوں کو دخل ہوتا ہے دوسرے کی نسبت کے لحاظ سے، اس علم کا موضوع ایک چیز دو نسبتوں کے لحاظ پر ہوگی۔

مصنف فرماتے ہیں: **وان لم یکن المبحوث عنه الأضافة لایکون موضوع العلم الواحد اشیاء کثیرة لأن اتحاد العلم واختلافه انما هوباتحاد المعلومات الی المسائل واختلافها فاختلاف الموضوع یوجب اختلاف العلم۔** (التوضیح)

اگر وہ چیز اضافی نہ ہو جس سے بحث کی جارہی ہے (یعنی وہ کسی کی طرف منسوب نہ ہو) تو ایک علم کا موضوع اشیاء کثیرہ

تصور المحدود'' یہ سبب ہے کہ ''هذا حد لهذا المحدود'' کہنا صحیح ہے۔ (السید)

میر سید شریف فرماتے ہیں: **قوله وان لم یکن المبحوث عنه الاضافة**، اس میں ''الاضافة'' پر الف لام عہد خارجی ہے معہود وہ اضافت ہے جس کا ذکر پہلے کیا گیا کہ دو نسبتوں کے لحاظ پر بحث کی جاتی ہو۔

اس کی نفی میں چند صورتیں ہوں گی، ایک یہ کہ جس چیز سے بحث کی جارہی ہے اس کی نسبت واضافت کسی اور چیز کی طرف نہ ہو، دوسری صورت یہ ہے کہ اضافت تو پائی جائے لیکن ایک طرف کے عوارض کو دوسری طرف کے عوارض میں دخل نہ ہو، یا دخل تو ہو لیکن ان سے بحث نہ کی جاتی ہو۔ (السید)

قوله اشیاء کثیرة: جمع سے مراد ''مافوق الواحد'' ہے، نہ دو چیزیں موضوع ہوں گی نہ زیادہ۔ (السید)

قوله لأن اتحاد العلم الخ: اتحاد علم سے مراد یہ ہے کہ چیز ایک ہو اس میں تعدد نہ ہو، اور اختلاف علم سے مراد یہ ہے کہ اس میں تعدد ہو دو متلازموں میں سے ایک کا ذکر ہو اور مراد دوسرا ہو، اور اختلاف مسائل سے مراد اختلاف مجانستہ ہے اور اتحاد مسائل سے مراد ان کا ہم جنس ہونا ہے۔ (السید)

نہیں ہوں گی، اسلئے کہ اتحاد علم یا اختلاف علم معلومات یعنی مسائل کے اتحاد واختلاف کی وجہ سے ہوتا ہے، اختلاف موضوع اختلاف علم ثابت کرے گا۔

مصنف فرماتے ہیں :وان اريد بالعلم الواحد ما وقع الاصطلاح على انه علم واحد من غير رعاية معنى يوجب الوحدة فلااعتباربه على ان لكل واحد ان يصطلح حينئذ على ان الفقه والهندسة علم واحد وموضوعه شيأن فعل المكلف والمقدار۔ (التوضیح)

اگر علم واحد سے مراد وہ لیا جائے جس کی اصطلاح بعض لوگوں نے بنائی ہو اس میں وحدت کے معنی کی رعایت نہ پائی گئی ہو تو اس کا کوئی اعتبار نہیں کیونکہ ہر ایک کی اپنی اپنی اصطلاح ہے، اصطلاح تو وہ معتبر ہو گی جو جمہور کی وحدت کے معنی کی رعایت کر کے وحدت کا اعتبار کیا گیا ہو۔ بعض لوگوں کی یہ اصطلاح ہے کہ فقہ اور ہندسہ ایک علم ہے اور موضوع دو چیزیں ہیں ایک فعل مکلف اور دوسری مقدار۔

مصنف تعدد موضوع والوں کو جواب دیتے ہیں :وما اوردوا من النظير وهوبدن الانسان والأدوية فجوابه ان البحث فى الأدوية انما هومن حيث ان بدن الانسان يصح ببعضها ويمرض

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله وان اريد بالعلم الواحد الخ ،یعنی اگر قاعدہ مذکورہ کو توڑنے کیلئے یہ کہا جائے کہ ایک علم جس کے متعدد موضوع ہوں اس سے مراد کسی ایک کی اصطلاح بھی ہو کہ یہ ایک علم ہے، اصطلاح بنانے کا تو ہر ایک کو حق ہے۔

تو اس کا جواب یہ ہے کہ فقہ اور ہندسہ کو ایک علم کہنا یہ اصطلاح جدید ہے (راقم کے نزدیک یہ اختراع ہے) اس کا کوئی اعتبار نہیں اس سے وہ قاعدہ نہیں ٹوٹے گا جو حکماء کے نزدیک پختہ طریقے سے ثابت ہے کہ معنی کے اعتبار کے بغیر وحدت معتبر نہیں، اگر یہ قول تسلیم کر لیا جائے "فلكل احد ان يصطلح مثل ذلك فيلزم الانتقاض بقوله كل رجل هذا خلف" کہ ہر شخص کو اصطلاح بنانے کا حق ہے تو اس قسم کا قول سے ہر شخص کو یہ حق حاصل ہوگا کہ وہ ہر ایک کے بلکہ جمہور کے قول کو رد کر دے یہ خلاف مفروض ہے۔ (السید)

راقم کو اس سے یہ روز روشن کی طرح واضح طور پر معلوم ہوا کہ جمہور اہل سنت کے عقیدہ کہ حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ بعد از انبیاء سب سے افضل ہیں کے خلاف رافضیوں کی یہ اصطلاح مردود ہے کہ سب صحابہ کرام سے افضل حضرت علی رضی اللہ عنہ ہیں۔

ببعضها۔(التوضیح)

جو مثال دی ہے ان حضرات نے جو ایک علم کے متعدد موضوعات کے جواز کے قائل ہیں کہ علم طب والوں کا موضوع بدن انسان بھی ہے اور دوائیں بھی کیونکہ وہ ان دونوں سے بحث کرتے ہیں۔

اس کا جواب یہ ہے کہ علم طب والے دواؤں سے اس حیثیت پر بحث کرتے ہیں کہ بعض دواؤں سے انسان کا بدن صحیح ہو جاتا ہے اور بعض سے اسے مرض لاحق ہو جاتی ہے یا مرض اس کی مندفع نہیں ہوتی اس لحاظ پر موضوع صرف بدن انسان ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :واعلم ان هذه ثلاثة مباحث فی الموضوع اوردها مخالفا لجمهور المحققين يتعجب منها الناظر فيها الواقف على كلام القوم فی هذا، المقام الأول ان اطلاق القول بجواز تعدد الموضوع وان كان فوق الاثنين غير صحيح.(التلويح)

جان لو کہ بیشک مصنف نے یہ تین بحثیں موضوع میں ذکر کی ہیں جو جمہور محققین کے مخالف ہیں جو ان میں قوم کی کلام سے واقف ہے وہ انہیں دیکھ کر تعجب کرے گا، ان تین میں سے پہلا مقام یہ ہے کہ مصنف کے نزدیک تعدد موضوع کے اطلاق کے جواز کا قول صحیح نہیں اگرچہ دو سے اوپر کا قول ہو۔

مصنف کی تحقیق کی علامہ تفتازانی وضاحت فرماتے ہیں :بل التحقيق ان المبحوث عنه فی العلم اما ان يكون اضافة بين الشيئين اولا وعلى الأول اما ان يكون العوارض التی لها مدخل فی المبحوث عنه بعضها ناشيا عن أحد المضافين وبعضها ناشيا عن المضاف الآخر اولا فان كان كذلک فموضوع العلم كلا المضافين كما وقع البحث فی الاصول عن اثبات الأدلة للاحكام والاحوال التی لها دخل فی ذلک بعضها ناش عن الدليل كالعموم والاشتراک والتواتر وبعضها عن الحكم ككونه عبادة أوعقوبة فموضوعه الأدلة والاحكام جميعا، واما اذا لم يكن المبحوث عنه اضافة كما فی الفقه الباحث عن وجوب فعل المكلف وحرمته وغير ذلک، أوكان اضافة لكن لادخل للاحوال الناشئة عن احد المضافين فی المبحوث عنه كما فی المنطق الباحث عن ايصال تصورأوتصديق الى تصورأوتصديق، ولادخل لاحوال التصور والتصديق الموصل اليه فی ذلک على ما قرره المصنف فيما سبق فالموضوع لايكون الا

واحدا لأن اختلاف الموضوع یوجب اختلاف المسائل الموجب لاختلاف العلم ضرورۃ ان العلم انما یختلف باختلاف المعلومات وھی المسائل. (التوضیح)

بلکہ تحقیق یہ ہے کہ علم میں جس چیز سے بحث کی جائے گی یا اسے دو چیزوں کے درمیان نسبت حاصل ہوگی یا نہیں، پہلی صورت میں دیکھا جائے کہ وہ عوارض جن کو مبحوث عنہ میں دخل ہے بعض پیدا ہونے والے دو مضافوں میں سے ایک سے اور بعض دوسرے سے یا ایسا نہیں، اگر اس طرح ہو تو علم کا موضوع دونوں مضاف (منسوب) ہوں گے، جیسے اصول فقہ کی بحث واقع ہے ادلہ کے احکام ثابت کرنے کیلئے، اور وہ احوال جن کو اس میں دخل ہے بعض دلیل سے ظاہر ہوتے ہیں جیسے عموم واشتراک وتعاون، اور بعض ظاہر ہوتے ہیں حکم سے جیسے حکم کا عبادت ہونا یا عقوبت ہونا، تو موضوع اصول فقہ کا ادلہ اور احکام جمیعا ہو گئے۔

اگر مبحوث عنہ کی اضافت ونسبت نہ ہو جیسے فقہ میں فعل مکلف کے وجوب وحرمت وغیرہ کی بحثیں، یا نسبت تو ہو لیکن مبحوث عنہ کے دو مضافوں میں سے ایک سے ظاہر ہونے والے احوال کا دخل نہ ہو تو اس صورت میں موضوع صرف ایک ہوگا، جیسے منطق میں بحث کی جاتی ہے معلوم تصور کے مجہول تصور اور معلوم تصدیق کے موصل ہونے مجہول تصدیق سے لیکن موصل الیہ تصور وتصدیق کے احوال کا موضوع میں کوئی دخل نہیں جیسا کہ مصنف نے پہلے بیان کیا ہے۔

اس صورت میں موضوع صرف ایک ہوگا اسلئے کہ اختلاف موضوع اختلاف مسائل ثابت کرے گا اور اختلاف مسائل موجب ہوں گے اختلاف علم کے یہ بدیہی بات ہے کہ علم ہے کہ علم مختلف ہوتا ہے معلومات یعنی مسائل کے مختلف ہونے کی وجہ سے۔

علامہ تفتازانی مصنف کی ترجمانی کے بعد اس پر اعتراض کرتے ہیں: وفیہ نظر لأنہ ان ارید باختلاف المسائل مجرد تکثرھا فلانسلم انہ یوجب اختلاف العلم وظاھر ان مسائل العلم الواحد کثیرۃ البتۃ، وان ارید عدم تناسبھا فلانسلم ان مجرد تکثر الموضوعات یوجب ذلک، وانما یلزم ان لولم یکن الموضوعات الکثیرۃ متناسبۃ والقوم صرحوا بان الاشیاء الکثیرۃ انما تکون موضوعا لعلم واحد بشرط تناسبھا. (التلویح)

اس میں نظر ہے اس لئے کہ اگر مراد اختلاف مسائل سے فقط تکثر لیا جائے تو ہم تسلیم نہیں کرتے کہ تکثر مسائل اختلاف علم کا سبب ہیں کیونکہ ایک علم کے کثیر مسائل تو یقینا ہوتے ہی ہیں، اور اگر مراد لیا جائے کہ کثیر مسائل میں تناسب نہیں ہوتا اس سے اختلاف علم ہوگا اس کو بھی ہم تسلیم نہیں کرتے کہ صرف تکثر موضوعات سے عدم تناسب ہوگا، قوم نے تصریح

کی ہے کہ ایک علم کا موضوع کئی اشیاء ہوسکتی ہیں، شرط یہ ہے کہ ان میں تناسب پایا جائے۔

وجہ تناسب کیا ہے؟ وجہ تناسب کو علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں۔

ووجه التناسب اشتراكهما في ذاتي كالخط والسطح والجسم التعليمي للهندسة فانها تشارك في جنسها وهو المقدار اعني الكم المتصل القار الذات أوفي عرض كبدن الانسان واجزائه والاغذية والادوية والاركان والامزجة وغيرذلك اذا جعلت موضوعات الطب فانها تتشارك في كونها منسوبة الى الصحة التي هي الغاية في ذلك العلم فعلم انهم لم يهملوا رعاية معنى يوجب الوحدة وان ليس لأحد ان يصطلح على ان الفقه والهندسة علم واحد موضوعه فعل المكلف والمقدار. (التلويح)

وجہ تناسب دونوں کا اشتراک ہے ذاتی میں یا عرضی میں، ذاتی کی مثال خط، سطح، اور جسم تعلیمی علم ہندسہ کیلئے، بیشک یہ تینوں اس کی جنس میں شریک ہیں وہ ہے مقدار میری مراد کم متصل قار الذات ہے۔

عرضی میں اشتراک کی مثال :انسان کا بدن اور اس کے اجزاء اور غذائیں اور دوائیں اور ارکان اور مزاج وغیرہ، جب ان کو علم طب کا موضوع بنایا جائے تو یہ سب شریک ہیں اس کے صحت کی طرف منسوب ہونے میں یہ اس علم کی غایت ہے۔

اسی سے واضح ہوگیا کہ علم کی وحدت ثابت کرنے کیلئے معنی کی رعایت کو اہل علم نے نہیں چھوڑا کسی ایک کو یہ حق حاصل نہیں کہ یہ اصطلاح بنائے کہ فقہ اور ہندسہ ایک علم ہے اور اس کا موضوع فعل مقدار ہے۔

مصنف نے دو مثالیں پیش کیں جو اس کے اپنے قول کے ہی مناقض ہیں :علامہ تفتازانی فرماتے ہیں۔

ثم انه فيما أورد من المثالين مناقض نفسه لأن موضوع الأصول اشياء كثيرة اذ محمولات مسائله ليست اعراضا ذاتية لمفهوم الدليل بل الكتاب والسنة والاجماع والقياس على الانفراد اذ التشارك بين اثنين أوأكثروكذا التصور والتصديق في المنطق.

پھر بیشک مصنف نے دو مثالیں ذکر کی ہیں جو اس کے اپنے قول کے ہی مناقض ہیں، اس لئے کہ اصول فقہ کا موضوع اشیاء کثیرہ ہیں یعنی دلائل اور احکام، جب کہ محمولات مسائل دلیل کے مفہوم کی اعراض ذاتیہ نہیں، بلکہ کتاب وسنت واجماع وقیاس منفرد دلیلیں ہیں۔ تشارک دو یا دو سے زیادہ چیزوں میں پایا جاتا ہے، اسی طرح منطق کا موضوع تصور وتصدیق کا موضوع ہیں بوجہ ایصال کے۔

راقم کے نزدیک مصنف کی وضاحت کے بعد اعتراض بے جا ہے، منطق کا موضوع ایک چیز ہے "ایصال" اس کے دو حال ہیں ایک تصور کی طرف موصل ہونا اور دوسرا تصدیق کی طرف موصل ہونا، اصول فقہ کا موضوع ادلہ ہیں مثبت للا حکام ہونے کیلئے ادلہ ہیں اور ادلہ سے ثابت ہونے کی وجہ سے احکام ہیں۔ حیثیات کا فرق بھی خود مصنف نے دوسری بحث میں پیش کرتا ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :**ومنها انه قد يذكر الحيثية في الموضوعات وله معنيان احدهما ان الشئ مع تلك الحيثية موضوع كما يقال الموجود من حيث انه موجود موضوع للعلم الآلهي فيبحث فيه عن الأعراض التي تلحقه من حيث أنه موجود كالوحدة والكثرة ونحوهما ولايبحث فيه عن تلك الحيثية لأن الموضوع ما يبحث عن اعراضه لا ما يبحث عنه أوعن اجزائه.(التوضيح)**

ان بحثوں میں سے ایک اور بحث یہ ہے کہ بیشک کبھی حیثیت کا ذکر کیا جاتا ہے موضوعات میں اس کے دو معنی ہیں، پہلا معنی ان میں سے یہ ہے کہ بیشک یہ چیز اس حیثیت سے موضوع ہے، جیسے کہا جاتا ہے "**الموجود من حيث انه موجود للعلم الآلهي**" موجود اس لحاظ پر کہ وہ موجود ہے علم الہی کا موضوع ہے، کہ علم الہی میں موجود کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جاتی ہے اس میں اس کے موجود ہونے کی حیثیت سے ہی عوارض ذاتیہ کا اعتبار کیا جاتا ہے جیسے

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله كالوحدة والكثرة ،اس پر اعتراض یہ کیا گیا ہے کہ وحدۃ وکثرۃ کا اعتبار تو معدومات میں بھی کیا گیا ہے، تو اس کا جواب یہ ہے کہ وجود عام ہے وجود خارجی اور وجود ذہنی دونوں کو شامل ہے، معدومات کے وجود ذہنی کے اعتبار کے قطع نظر ان پر وحدت وکثرت جاری ہوتی ہے، حقیقت میں وہ موجود ذہنی ہی ہے۔(السید)

قوله ونحوهما :وحدت وکثرت کی مثل سے مراد وجوب وامکان، قدم وحدوث، تجرد ولا تجرد، علیۃ ومعلولیۃ، جوہریۃ وعرضیۃ وغیرہ ہیں۔

قوله ولايبحث فيه عن تلك الحيثية :اعتراض: علم کلام میں تو وجود کی بحث کی جاتی ہے اور وہ موضوع میں داخل ہے؟

جواب: علم کلام میں دو اعتبار ہیں ۔ا۔وجود وعدم کے لحاظ پر ابحاث، ذات موجود بغیر لحاظ کرنے وصف وجود کے موضوع میں داخل ہے، اس کے عوارض ذاتیہ وحدت وکثرت وغیرہ ہی ہیں۔

وحدت وکثرت اوران کی مثل، اوراس کی اپنے ذات کی حیثیت سے بحث نہیں کی جاتی کیونکہ موضوع وہ چیز ہے جس کے عوارض ذاتیہ سے اس علم میں بحث کی جائے، اس کی ذات یا اس کی جزء سے بحث مراد نہیں۔

مصنف دوسرا معنی بیان کرتے ہیں :وثانیهما ان الحیثیة یکون بیانا للاعراض الذاتیة المبحوث عنها فانه یمکن ان یکون للشیٔ اعراض ذاتیة متنوعة وانما یبحث فی علم عن نوع منها فالحیثیة بیان ذلک النوع فقولهم موضوع الطب بدن الانسان من حیث انه یصح ویمرض وموضوع الهیئة اجسام العالم من حیث ان لها شکلا یراد به المعنی الثانی لا الأول اذ فی الطب یبحث عن الصحة والمرض وفی الهیئة عن الشکل فلو کان المراد هو الأول یجب ان یبحث فی الطلب والهیئة عن اعراض لاحقة لأجل الحیثیتین ولایبحث عن الحیثیتین والواقع خلاف ذلک. (التوضیح)

اوردوسرا معنی یہ ہے کہ جن اعراض ذاتیہ سے بحث کی گئی ہو حیثیت ان کا بیان ہو، بیشک ممکن ہے کہ ایک چیز کی اعراض ذاتیہ مختلف قسم ہوں، تو ایک علم میں ایک نوع اعراض ذاتیہ سے بحث ہو اور حیثیت اس نوع کا بیان ہو جیسے ان کا قول علم طب کا موضوع بدن انسان ہے اس حیثیت سے کہ وہ صحیح ہے یا مریض ہے، اور علم ہیئت میں بدن انسان سے بحث اس کی شکل کے لحاظ سے ہوتی ہے اس لئے ایک حیثیت سے وہ علم طب کا موضوع ہے اور دوسری حیثیت سے وہ علم ہیئت کا موضوع ہے دونوں حیثیات سے بحث ایک ہی علم میں واقع کے خلاف ہے۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں :قوله ومنها انه قد یذکر الحیثیة، المبحث الثانی فی تحقیق الحیثیة المذکورة فی الموضوع حیث یقال موضوع هذا العلم هو ذلک الشیٔ من حیث کذا. (التلویح)

یہ مصنف کی ابحاث میں دوسری بحث ہے، یہ بحث موضوع میں حیثیت مذکورہ کی تحقیق میں ہے، جبکہ کہا جائے کہ اس علم کا موضوع وہ چیز ہے "من حیث کذا" اس طرح کی حیثیت سے۔

حیث کا حقیقی اور مجازی معنی :حیث موضوع للمکان استعیر لجهة الشیٔ واعتباره یقال الموجود من حیث انه موجود ای من هذه الجهة وبهذا الاعتبار. (التلویح)

لفظ حیث کی وضع مکان کیلئے ہے پھر بطور استعارہ ایک چیز کی جہت اور اعتبار کیلئے ہے جیسے کہا جاتا ہے "الموجود من حیث

---

۲ قطع نظر عوارض ذاتیہ کے موجود جو وصف وجود سے متصف ہو وہ موضوع میں مبحوث عنہ نہیں۔ (السید)

انہ موجود“ کا مطلب یہ ہے موجود اس وجہ سے کہ بیشک وہ موجود ہے یا موجود اس اعتبار سے کہ وہ موجود ہے، راقم ”اس حیثیت سے“ اس لحاظ سے، زیادہ استعمال کرتا ہے، مطلب سب کا ایک ہی ہے۔

حیثیت مذکورہ کی وضاحت :فالحیثیة المذکورة فی الموضوع قد لایکون من الاعراض المبحوث عنها فی العلم کقولهم موضوع العلم الآلهی الباحث عن احوال الموجودات المجردة هو الموجود من حیث انه موجود بمعنی انه یبحث عن العوارض التی تلحق الموجود من حیث انه موجود لا من حیث انه جوهر أوعرض أوجسم أومجرد وذلک کالعلیة والمعلولیة والوجوب والامکان والقدم والحدوث ونحو ذلک ولایبحث فیه عن حیثیة الوجود اذ لامعنی لاثباتها للموجود وقد یکون من الأعراض المبحوث عنها فی العلم کقولهم موضوع علم الطب بدن الانسان من حیث یصح ویمرض وموضوع الطبیعی الجسم من حیث یتحرک ویسکن والصحة والمرض من الأعراض المبحوث عنها فی الطب وکذا الحرکة والسکون فی الطبیعی فذهب المصنف الی ان الحیثیة فی القسم الأول جزء من الموضوع وفی الثانی بیان للاعراض الذاتیة المبحوث عنها فی العلم اذ لو کانت جزأ من الموضوع کما فی القسم الأول لما صح ان یبحث عنها فی العلم وتجعل من محمولات مسائلة اذ لایبحث فی العلم عن اجزاء الموضوع بل عن اعراضه الذاتیة.(التلویح)

جس حیثیت کا موضوع میں ذکر کیا کبھی وہ ان اعراض سے نہیں ہوتی جن سے علم میں بحث کی جاتی ہے جیسے ان کا قول ”علم الٰہی“ جس میں بحث کی جاتی ہے موجودات مجردہ کے احوال سے کا موضوع ”موجود من حیث انہ موجود “ ہے، معنی یہ ہے کہ علم آلہی میں بحث کی جاتی ہے ان عوارض سے جولاحق ہوتے ہیں موجود کو اس حیثیت سے کہ بیشک وہ موجود ہے، اس حیثیت سے نہیں کہ بیشک وہ جوہر ہے یا عرض، جسم ہے یا مجرد، وہ موجود کے عوارض بحیثیت اس کے موجود ہونے کے علیت ومعلولیت، وجوب وامکان، قدم وحدوث وغیرہ ہیں۔

اور علم الٰہی میں بحیثیت وجود بحث نہیں کی جاتی اس لئے کہ وجود کو موجود کیلئے ثابت کرنے کا کوئی معنی نہیں، ورنہ تحصیل حاصل لازم آئے گی۔

اور موضوع کبھی ان اعراض سے ہوتا ہے جن سے علم میں بحث کی جاتی ہے جیسے ان کا قول علم طب کا موضوع انسان کا بدن ہے بحیثیت صحیح ومریض ہونے کے، اور موضوع علم طبیعی کا جسم ہے بحیثیت حرکت وسکون کے، صحت ومرض ان

اعراض سے ہے جن سے بحث کی جاتی ہے علم طب میں، اسی طرح حرکت وسکون علم طبیعی میں ان اعراض سے ہے جن سے علم طبیعی میں بحث کی جاتی ہے۔

تو مصنف اس طرف گئے ہیں کہ بیشک حیثیت قسم اول میں موضوع کا جزء ہے، اور ثانی میں بیان ہے اعراض ذاتیہ کا جن سے علم میں بحث کی جاتی ہے۔

اگر قسم ثانی میں بھی موضوع کی جزء بنائی جائے جس طرح قسم اول میں جزء ہے تو صحیح نہیں ہوگا کہ علم میں اس سے بحث کی جائے اور اسے مسائل کا محمول بنایا جائے، جبکہ علم میں بحث اجزاء موضوع سے نہیں ہوتی بلکہ اعراض ذاتیہ سے بحث ہوتی ہے۔

اعتراض وجواب: ولقائل ان يقول لانسلم انها فى الأول جزء من الموضوع بل قيد لموضوعيته بمعنى ان البحث يكون عن الاعراض التى تلحق عن تلك الحيثية وبذلک الاعتبار، وعلى هذا لوجعلت الحيثية فى القسم الثانى ايضا قيدا للموضوع على ما هوظاهر كلام القوم لابيانا للأعراض الذاتية على ما ذهب اليه المصنف لم يكن البحث عنها فى العلم بحثا عن اجزاء الموضوع ولم يلزمنا ما لزم المصنف من تشارک العلمين فى موضوع واحد بالذات والاعتبار.

کہنے والے کیلئے یہ کہنا جائز ہے ہم نہیں تسلیم کرتے کہ بیشک قسم اول میں جزء ہے موضوع کی بلکہ وہ اس کے موضوع بننے کی قید ہے، معنی یہ ہے کہ اعراض سے بحث لاحق ہوتی ہے اس حیثیت سے اور اسی اعتبار سے، اسی پر اگر قسم ثانی میں بھی موضوع کی قید بنا لیا جائے "جیسا کہ قوم کا کلام ظاہر ہے" اسے اعراض ذاتیہ کا بیان نہ بنایا جائے، جس طرف مصنف گئے ہیں تو نہیں ہوگی بحث اعراض ذاتیہ سے علم میں اجزاء موضوع سے بحث، ہم پر لازم نہیں جو مصنف پر لازم ہے دو علموں کا تشارک ایک موضوع میں بالذات اور بالاعتبار۔

مشہور اشکال اور اس کا جواب: نعم يرد الاشكال المشهور وهو انه يجب ان لايكون الحيثية من الاعراض المبحوث عنها فى العلم ضرورة ان ما به يعرض الشئ للشئ لابد وان يتقدم على

میر سید شریف نے اس کا جواب یہ دیا ہے کہ مصنف کے کلام میں ایسے کوئی الفاظ نہیں جو اس پر دلالت کریں کہ قسم اول جزء موضوع ہے اور قسم ثانی مبحوث عنہ کا بیان ہے بلکہ معنی صریح یہ ہے کہ لفظ کا کبھی پہلا معنی قصد کیا جاتا ہے اور کبھی ثانی معنی۔ (السید)

العارض مثلا ليست الصحة والمرض مما يعرض لبدن الانسان من حيث يصح ويمرض ولاالحركة والسكون مما يعرض للجسم من حيث يتحرك ويسكن، والمشهورفي جوابه ان المراد من حيث امكان الصحة والمرض والحركة لما كان عبارة عن المبحوث في العلم عن اعراضه الذاتية قيد بالحيثية على معنى ان البحث عن العوارض يكون باعتبارالحيثية بالنظراليها اى يلاحظ في جميع المباحث هذا المعنى الكلي لا على معنى ان جميع العوارض المبحوث عنها يكون لحوقها للموضوع بواسطة هذه الحيثية البتة.

ہاں ایک مشہوراشکال وارد ہوتا ہے، وہ یہ ہے کہ علم میں جن اعراض سے بحث کی جاتی ہے ان میں حیثیت ضروری نہ ہو، اسلئے حیثیت اس سے نہیں جو موضوع کو موضوع ہونے کی وجہ سے عارض ہو ورنہ شی کا اپنے آپ پر تقدم لازم آئے گا، کیونکہ ایک چیز جب دوسری کو عارض ہو تو ضروری ہے معروض عارض پر مقدم ہو، کیونکہ انسان کے بدن کو صحت ومرض کے عارض ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ صحیح پہلے ہوتا ہے تو صحت اسے عارض ہوتی اور مریض پہلے ہوتا ہے تو مرض اسے بعد میں عرض ہوتی ہے، بلکہ اس کا مطلب یہ ہے کہ بدن انسان کو صحت کے عارض ہونے پر وہ صحیح ہوتا ہے اور مرض کے عارض ہونے پر مریض ہوتا ہے۔ یہی صورت ہے جسم کو حرکت وسکون کے عارض ہونے کی۔ (اعتراض کی دارومدار حیثیت کی نفی پر ہے)۔

اس کا مشہور جواب یہ ہے کہ بیشک مراد یہ ہے کہ اس حیثیت سے کہ صحت ومرض اور حرکت وسکون کا ممکن اور استعداد کا پایا جانا یہ ان اعراض سے نہیں جن سے علم میں بحث کی جاتی ہے۔

تحقیق اس میں یہ ہے کہ موضوع سے جب یہ مراد ہو کہ علم میں اس کے عوارض ذاتیہ سے بحث کی جاتی ہے تو وہ حیثیت سے مقید ہوتا ہے اس معنی پر کہ بحث عوارض سے ہوتی ہے باعتبار حیثیت کے ان تمام مباحث کا لحاظ کرتے ہوئے، یہ معنی کلی ہے حیثیت سے مقید کرنے کا یہی مطلب ہے، لیکن یہ مطلب نہیں کہ تمام عوارض سے بحث کی جاتی ہے مفہوم کلی کے واسطہ سے کہا جاتا ہے کہ عوارض سے بحث کی جاتی ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :ومنها ان المشهور ان الشئ الواحد لایکون موضوعا للعلمین اقول هذا غیر ممتنع بل واقع فان الشئ الواحد یکون له اعراض متنوعة ففی کل علم یبحث عن بعض منها کما ذکرنا.

ان بحثوں میں سے ایک اور بحث یہ ہے کہ مشہور یہ ہے کہ ایک چیز دو علموں کا موضوع نہیں بن سکتی، میں کہتا ہوں یہ ممتنع نہیں بلکہ ایک چیز کی مختلف اعراض ہوتی ہیں، ایک علم میں ایک قسم کی اعراض سے بحث کی جاتی ہے، اس لحاظ سے وہ اس علم کا موضوع ہوگی، اور دوسری نوع کے لحاظ سے جو عوارض ہیں جن کی وجہ سے دوسرے علم میں بحث کی جاتی ہے اس لحاظ پر دوسرے علم کا موضوع ہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله ومنها ان المشهور الخ، المبحث الثالث فی جواز تشارک العلوم المختلفة فی موضوع واحد بالذات والاعتبار کما خالف القوم فی جواز تعدد الموضوع لعلم واحد کذلک خالفهم فی امتناع اتحاد الموضوع لعلوم متعددة وادعی جوازه بل وقوعه.

مصنف کی تین بحثوں میں سے یہ بحث تیسری اور آخری ہے، اس تیسری بحث میں یہ ذکر کیا ہے کہ علوم مختلفہ کا ایک موضوع میں تشارک ہوسکتا ہے بالذات بھی اور بالاعتبار بھی۔ جس طرح مصنف نے قوم کی مخالفت کی ہے ایک علم کے متعدد موضوع جائز ہونے کے قول کی، اسی طرح مخالفت کی ہے ان کی علوم متعددہ کے ایک موضوع کے امتناع کے قول کی، مصنف نے متعدد علوم کا ایک موضوع کے جواز کا قول کیا ہے بلکہ وقوع کا قول کیا ہے۔

جواز پر دلیل :اما الجواز فلأنه یصح ان یکون لشئ واحد اعراض ذاتية متنوعة ای مختلفة بالنوع

میر سید شریف محاکمہ پیش کرتے ہیں :تحقیق یہ ہے کہ ایک ہی چیز ایک ہی جہت سے دو علموں کا موضوع نہیں ہوتی، لیکن متعدد جہات سے کئی علوم کا موضوع ہونے میں کوئی حرج نہیں۔

اسلئے کہ کلام عرب متن لغت کے لحاظ پر علم لغت کا موضوع ہے، اور صیغہ اور نفس لفظ میں تغیرات کے لحاظ پر علم صرف کا موضوع ہے، اور اعراب بناء کے لحاظ پر علم نحو کا موضوع ہے، اور فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے علم معانی کا موضوع ہے، اور لفظ کے معانی میں استعمال کی کیفیت کے لحاظ سے علم بیان کا موضوع ہے، اور محسنات بدیعہ ہونے کی وجہ سے علم بدیع کا موضوع ہے۔ جیسا کہ بیان ہو چکا ہے۔(السید)

يبحث فی علم عن بعض انواعها وفی علم آخرعن بعض آخرفيتمايز العلمان بالأعراض المبحوث عنـاه وان اتحد الموضوع وذلک لأن اتحـاد العلم واختلافه انما هوبحسب المعلومات اعنی المسائل وكما يتحد المسائل باتحاد موضوعاتها بأن يرجع الجميع الى نوع من الاعراض الذاتية للموضوع ويختلف باختلافها فكما أعتبراختلاف العلوم باختلاف الموضوعات يجوز ان يعتبر باختلاف المحمولات بأن يوجد موضوع واحد بالذات والاعتبارويجعل البحث عن بعض اعراضه الذاتية علما وعن بعض الآخرعلما آخرفيكونان علمين متشاركين فی الموضوع متمايزين فی المحمول.(التلويح)

مصنف کے دعوی جواز پر دلیل یہ ہے کہ صحیح ہے کہ ایک چیز کی اعراض ذاتیہ مختلف انواع ہوں ایک علم میں بحث کی جائے ان کی بعض انواع کے لحاظ پراوردوسرے علم میں ان کی دوسری انواع کے لحاظ پر۔اسی طرح ایک موضوع کی مختلف قسم کی انواع کی وجہ سے دو یا زیادہ علوم ایک دوسرے سے ممتاز ہوجائیں،اس لئے کہ اتحاد علم اوراختلاف علم معلومات یعنی مسائل کے اتحادواختلاف کی وجہ سے ہوتا ہے جیسا کہ مسائل کا اتحادان کے موضوعات کے اتحاد سے ہوتا ہے کیونکہ تمام موضوع کی اعراض ذاتیہ کی ایک نوع کی طرف لوٹیں گے۔

اسی طرح اختلاف مسائل موضوع کی وجہ سے ہوں گے،جس طرح اختلاف علوم کا اعتباراختلاف موضوعات سے ہے اسی طرح جائز ہے کہ اختلاف محمولات کا اعتبار بھی کیا جائے، بایں طور کہ موضوع ایک ہو بالذات اور بالاعتبار، اوراعراض ذاتیہ کی بحث ایک نوع کے اعتبار سے ایک علم کا موضوع ہواوردوسری قسم کے لحاظ سے دوسرے علم کا موضوع ہوتو دونوں علم متشارک ہوں موضوع اورممتاز ہوں محمول میں۔

مصنف کے دعوی کی وضاحت: واما الوقوع فلأنهم جعلوا اجسام العالم وهی البسائط موضوع علم الهيئة من حيث الشكل، وموضوع علم السماء والعالم من حيث الطبعية، والحيثية فيهما بيان الاعراض الذاتية المبحوث عنها لاجزء الموضوع والا لما وقع البحث عنها فی العلمين فموضوع كل منهما اجسام العالم على الاطلاق الا ان البحث فی الهيئة عن اشكالها وفی السماء والعالم عن طبايعها، فهما علمان مختلفان باختلاف محمولات المسائل مع اتحاد الموضوع.(التلويح)

ایک چیز کا کئی علوم کا وقوع ثابت ہے،اسلئے کہ اہل علم نے اجسام عالم جبکہ وہ بسیط ہوں تو علم ہیئت کا موضوع بنایا شکل

کے لحاظ پر، اور علم السماء والعالم کا موضوع بنایا ہے باعتبار طبیعۃ کے، حیثیت دونوں میں ان اعراض ذاتیہ کا بیان ہے جن سے بحث کی جاتی ہے، ان میں حیثیت جزءِ موضوع نہیں، ورنہ ان سے بحث دو علموں میں نہ کی جاتی۔
تو موضوع دونوں علوم میں سے ہر ایک کا اجسام عالم ہیں مطلقا مگر یہ کہ بحث علم ہیئت میں ان کی اشکال سے ہے، اور علم السماء والعالم سے ان کی طبائع سے ہے، یہ دونوں دو علم ہیں مسائل کے محمولات کے اختلاف کی وجہ سے مختلف ہیں باوجود اس کے کہ موضوع دونوں کا متحد ہے۔

علم السماء والعالم کی تعریف :وعلم السماء والعالم علم تعرف فيه احوال الأجسام التي هي اركان العالم وهي السماوات وما فيها والعناصر الاربعة وطبايعها وحركاتها ومواضعها.
"علم السماء والعالم" وہ علم ہے جس میں اجسام کے احوال پہچانے جاتے ہیں یہ ارکان عالم ہیں وہ ہیں آسمان اور جو آسمانوں میں ہے اور عناصر اربعہ اور ان کی طبائع اور ان کی حرکات اور ان کے مواضع۔

حکمت کی پہچان علم طبیعی کی اقسام سے ہے :وتعريف الحكمة في صنعها وتنفذها وهو من اقسام العلم الطبيعي الباحث عن احوال الاجسام من حيث التغير.
حکمت کی تعریف اس کی صنعت اور اس کے نافذ ہونے میں وہ علم طبیعی کے اقسام میں سے ہے، علم طبیعی میں اجسام کے احوال سے بحثیں کی جاتی ہیں باعتبار تغیر کے۔

علم طبیعی کا موضوع :وموضوعه الجسم والمحسوس من حيث هو معرض للتغير في الأحوال والثبات فيها ويبحث فيه عما يعرض له من حيث هو كذلك كذا ذكره ابوعلي، ولايخفى ان الحيثية في الطبيعي مبحوث عنها وقد صرح بأنها قيد العروض.
موضوع اس کا جسم محسوس ہے اس لحاظ پر کہ وہ احوال کے تغیر وثبات کے عارض ہونے کے مقام میں ہو، اور اس میں بحث کی جاتی ہے ان چیزوں سے جو اسے عارض ہوں، اسی طرح ابوعلی نے ذکر کیا ہے، اور یہ بات مخفی نہیں کہ بیشک طبیعی میں حیثیت سے بحث کی جاتی ہے، اور بیشک تصریح کی گئی کہ یہ عروض کی قید ہے۔

مصنف کے اس قول پر نظر ہے چند وجوہ سے :١. وههنا نظر اما اولا فلأن هذا مبني على ما ذكر من كون الحيثية تارة جزأ من الموضوع وأخرى بيانا للمبحوث عنها وقد عرفت ما فيه.
پہلی وجہ نظر یہ ہے کہ یہ قول مصنف کا مبنی ہے اس قول پر جو پہلے ذکر کیا جا چکا ہے کہ حیثیت کبھی موضوع کی جزء ہوتی

ہے،اور کبھی اعراض ذاتیہ جن سے بحث کی جاتی ہے ان کا بیان ہوتی ہے۔اس قول کا ضعف ہم بیان کر چکے ہیں جسے تم پہچان چکے ہو۔

۲.واما ثانیا فانهم لما حاولوا معرفة احوال الاعيان الموجودات وضعوا الحقايق انواعا واجناسا وبحثوا عما احاطوا به من اعراضه الذاتية فحصلت لهم مسائل كثيرة متحدة في كونها بحثا عن احوال ذلك الموضوع وان اختلف محمولاتها فجعلوها بهذا الاعتبار علما واحدا يفرد بالتدوين والتسمية وجوزوا لكل احد ان يضيف اليه ما يطلع عليه من احوال ذلك الموضوع فان المعتبر في العلم هو البحث عن جميع ما تحيط به الطاقة الانسانية من الأعراض الذاتية للموضوع فلا معنى للعلم الواحد الا ان يوضع شيء أو اشياء متناسبة فيبحث عن جميع عوارضه الذاتية ويطلبها ولا معنى لتمايز العلوم الا ان هذا ينظر في أحوال شيء وذلك في احوال شيء آخر مغاير له بالذات أو بالاعتبار بأن يوخذ في أحد العلمين مطلقا وفي الآخر مقيدا أو يؤخذ في كل منهما مقيدا بقيدا آخر وتلك الأحوال مجهولة مطلقة والموضوع معلوم بين الوجود فهو الصالح سببا للتمايز.

دوسری وجہ،نظریہ ہے کہ اہل علم نے جب اعیان موجودات کے احوال کی معرفت کا قصد کیا تو انہوں نے حقائق کو وضع کیا باعتبار انواع واجناس کے،اوران کو احاطہ کرنے والے اعراض ذاتیہ سے انہوں نے بحث کی تو حاصل ہو گئے ان کو مسائل کثیرہ جو اس موضوع کے احوال کی بحث کے لحاظ پر متحد ہیں۔

اگر چہ ان کے محمولات مختلف ہیں تو انہوں نے اس اعتبار سے ایک علم بنایا اور اسے علیحدہ تدوین کیا اور اس کا علیحدہ نام رکھا،اور انہوں نے جائز رکھا ہر ایک علم کیلئے کہ اس کی طرف نسبت کی جائے جو مطلع ہے اسی پر اس موضوع کے احوال سے۔

بیشک علم میں معتبر وہ بحث ہے جو موضوع کے تمام اعراض ذاتیہ سے بحث کی جائے جو انسان کی طاقت میں ہوں۔

ایک علم کا مطلب یہ ہے کہ ایک چیز کو وضع کیا جائے یا متعدد ومتناسب اشیاء کو وضع کیا جائے اور ان کے تمام عوارض ذاتیہ سے بحث کی جائے اور انہیں طلب کیا جائے۔

علوم کے متمایز ہونے کا مطلب یہ ہے :ایک چیز کے احوال کو دیکھا جائے اور دوسری چیز کے احوال کو دیکھا جائے دوسری چیز کے احوال پہلی کے احوال کے متغایر بالذات ہوں یا متغایر بالاعتبار ہوں یعنی دو علموں میں سے ایک میں

مصنف فرماتے ہیں :وانما قلنا ان الشيء الواحد يكون له اعراض متنوعة فان الواحد الحقيقي يوصف بصفات كثيرة ولايضر ان يكون بعضها حقيقية وبعضها اضافية وبعضها سلبية ولاشيء منها يلحقه لجزئه لعدم الجزء له فلحوق بعضها لابد ان يكون لذاته قطعا للتسلسل في المبدأ فلحوق البعض الآخر ان كان لذاته فهو المطلوب وان كان لغيره نتكلم في ذلك الغير حتى ينتهي التسلسل في المبدأ ولأنه يلزم استكماله من غيره واذا ثبت ذلك يمكن ان يكون الشيء الواحد موضوع علمين ويكون تميزهما بحسب الأعراض المبحوث عنها وذلك لأن اتحاد العلمين واختلافهما بحسب اتحاد المعلومات واختلافهما بحسب اتحاد المعلومات واختلافها والمعلومات هي المسائل فكما ان المسائل تتحد وتختلف بحسب محمولاتها

مطلق ہوں اور دوسرے میں مقید یا دونوں میں مقید ہوں لیکن ہر ایک قید دوسرے کے مخالف ہو، اور یہ احوال مجہول ہوں مطلقا اور موضوع ہونے میں معلوم ہو وہ تمایز کے سبب کی صلاحیت رکھے۔

اور وجہ اس میں یہ ہے کہ کوئی علم ایسا نہیں مگر یہ کہ وہ مشتمل ہوتا ہے اپنے موضوع پر یعنی اعراض ذاتیہ کی بحث پر جو مختلف انواع پر مشتمل ہوتی ہیں، تو ہر ایک کیلئے یہ ہوگا کہ متعدد علوم بنائے، اس اعتبار سے مثال کے طرف مکلف کے فعل کو باعتبار وجوب کے علیحدہ علم بنانا لازم آئے گا، اور باعتبار حرمت کے علیحدہ علم بنانا لازم آئے گا، تو ایک فقہ کا کئی علوم بنانا لازم آئے گا کیونکہ اس کا موضوع فعل مکلف ہے اس طرح تو اتحاد واختلاف ضبط میں نہیں آسکے گا۔ ان بحثوں کی تحقیق ''کتاب البرهان من منطق الشفاء'' میں مذکور ہے۔

تنبیہ: راقم کے نزدیک میر سید شریف کا محاکمہ ہی تحقیق پر مبنی ہے ''خير الكلام قل ودل'' پر مبنی ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله وانما قلنا، استدلال على ثبوت الاعراض الذاتية المتنوعة لشيء واحد بأن الواحد الحقيقي الذي لاكثرة في ذاته بوجه من الوجوه يتصف بصفات كثيرة وان كان بعضها حقيقيا كالقدرة وبعضها اضافيا كالخلق وبعضها سلبيا كالتجرد عن المادة والمتصف بصفات كثيرة متصف باعراض ذاتية متنوعة ضرورة انه لاشيء من تلك الصفات لاحقا له لجزئه لعدم الجزء له ولالمباين لامتناع احتياج الواحد الحقيقي في صفاته الى امر منفصل.

وهی راجعة الی موضوع العلم فکذلک تتحد المسائل وتختلف بحسب محمولاتها وهی راجعة الی تلک الأعراض وان ارید ان الاصطلاح جری بأن الموضوع معتبر فی ذلک لا المحمول فلامشاحة فی ذلک علی ان قولهم ان موضوع الهیئة هی اجسام العالم من حیث لها شکل وموضوع علم السماء والعالم من الطبیعی اجسام العالم من حیث لها طبیعة قول بأن موضوعهما واحد لکن اختلافهما باختلاف المحمول لأن الحیثیة فیهما بیان المبحوث عنه لا انها جزء الموضوع والا یلزم ان لایبحث فیهما عن هاتین الحیثیتین بل عما یلحقهما لهاتین الحیثیتین والواقع خلاف ذلک والله اعلم. (التوضیح)

ہم نے کہا کہ ایک چیز کی اعراض مختلف نوع کی ہوتی ہیں، بیشک واحد حقیقی (رب تعالی) کی کثیر صفات ہیں اور کوئی ضرر نہیں کہ بعض صفات حقیقیہ ہیں اور بعض اضافیہ ہیں، اور بعض سلبیہ۔ ان صفات میں سے کوئی بھی اس کی جزء کو لاحق نہیں، کیونکہ اس کی جزء ہی نہیں وہ جزء سے پاک ہے۔

مصنف نے اپنے اس قول پر دلیل پکڑی ہے کہ ایک چیز کی مختلف نوع کی اعراض ذاتیہ ہوسکتی ہیں، اس قول سے کہ واحد حقیقی جس کی ذات میں کثرت نہیں کسی وجہ سے بھی متصف ہے کثیر صفات سے، بعض صفات حقیقی ہیں جیسے قدرت اور بعض اضافی ہیں جیسے خلق بنسبت مخلوق کے، اور بعض سلبی ہیں جیسے مادہ سے مجرد ہونا۔

جو صفات کثیرہ سے متصف ہے وہ متصف ہے مختلف نوع کی اعراض ذاتیہ سے یہ بدیہی بات ہے کہ ان صفات میں سے کوئی اس کی جزء کو لاحق نہیں کیونکہ اس کی کوئی جزء ہی نہیں، اور نہ ہی اس کے مباین کے واسطہ سے لاحق ہے کیونکہ واحد حقیقی کا اپنی صفات میں کسی امر منفصل کا محتاج ہونا منع ہے۔

اسی کی مزید وضاحت کی: وکان ینبغی ان یتعرض لهذا ایضا وحینئذ اما ان یکون کل منها لصفة اخری فیلزم التسلسل فی المبادی اعنی الصفات التی کل منها مبدأ لصفة اخری فیلزم التسلسل فی المبادی اعنی الصفات التی کل منها مبدأ لصفة اخری وهو محال بالبرهان المذکور فی الکلام أو یکون بعضها لذاته فیثبت عرض ذاتی آخر وهو المطلوب أو لغیره ولایجوز ان یکون الغیر مباینا لما مر بل یکون صفة من صفاته ولابد ان ینتهی الی ما یکون لحوقه لذاته والا لزم التسلسل فی المبدأ.

توان میں سے بعض کا لحوق ضروری ہے کہ اس کی ذات کے ساتھ ہوتا کہ مبدأ میں تسلسل منقطع ہو۔ تو لحوق بعض اور کا اگر لذاتہ ہوتو یہی مطلوب ہے، اور اگر لغیرہ (غیر کے واسطہ سے) ہوتو ہم اس غیر میں کلام کریں گے تا کہ مبدأ میں تسلسل کی انتہاء ہو جائے، اس لئے کہ استکمال من غیرہ لازم آئے گا۔

جب یہ ثابت ہو گیا کہ واحد حقیقی کی صفات کثیرہ میں کوئی حرج نہیں تو یہ بیان کرنا ممکن ہے کہ ایک چیز دوعلموں کا موضوع ہو سکتی ہے اور ان دونوں کو ایک دوسرے سے اعراض "جن سے بحث کی جاتی ہے" کے ذریعے ممتاز کیا جا سکتا ہے۔ یہ اسلئے کہ دوعلموں کا اتحاد معلومات کے اتحاد کی وجہ سے ہے، اور ان کا اختلاف معلومات کے اختلاف کی وجہ سے ہے۔ معلومات مسائل ہیں، جسطرح مسائل باعتبار اپنے موضوعات کے جوراجع ہیں علم کے موضوع کی طرف کبھی متحد ہوتے ہیں اور کبھی مختلف اسی طرح مسائل کبھی اپنے محمولات کے جوراجع ہیں اعراض کی طرف کبھی متحد ہوتے ہیں اور کبھی مختلف۔

اور اگر یہ مراد لیا جائے کہ اصطلاح جاری ہے کہ بیشک موضوع اس میں معتبر ہے نہ کہ محمول تو اس میں کوئی عیب نہیں۔ یعنی اگر چہ عام اصطلاح جاری نہیں لیکن محمول بھی موضوع کی طرح ہی معتبر ہے، جیسے ان کا قول کہ علم ہیئت کا موضوع اجسام عالم ہین باعتبار شکل کے، اور اجسام عالم ہی موضوع ہیں علم السماء والعالم طبیعی کا باعتبار طبیعہ کے۔

یہاں موضوع دونوں کا ایک ہے (یعنی اجسام عالم) لیکن دونوں علوم کا اختلاف باعتبار محمول کے ہے کیونکہ حیثیت دونوں میں مبحوث عنہ کا بیان ہے جزء نہیں، ورنہ لازم آئے گا کہ ان دونوں میں بحث نہ کی جائے ان دوحیثیات سے

اسی کے در پے ہونا بھی مناسب ہے، اگر ایک صفت کیلئے دوسری صفت مبدأ میں پائی جائے تو مبدأ میں تسلسل لازم آئے گا، تسلسل کا محال ہونا دلائل سے ثابت ہے کلام میں، یا بعض صفات لذاتہ ہوں گی تو عرض کا ذاتی ہونا لازم آئے گا جو نا جائز ہے۔ جزء کو عارض ہونا بھی جائز نہیں جسے پہلے بیان کیا جا چکا ہے، یا صفت ذات کو عارض ہو گی یہی مطلوب ہے، یا غیر کو عارض ہو گی، وہ غیر مباین نہیں ہو سکتا جیسے پہلے بیان کیا جا چکا ہے اور وہ صفات میں سے ایک صفت ہو گی۔ ضروری ہے کہ اس کی انتہاء ذات کو لاحق ہونے سے ہو ورنہ مبدأ میں تسلسل لازم آئے گا۔

اعتراض وجواب: فان قيل يجوز ان ينتهي الى العرض الذاتي الأول فلايلزم تعدد الأعراض الذاتية ولو سلم فللازم تعددها وهو غير مطلوب والمطلوب تنوعها وهو غير لازم، قلنا اللاحق بواسطة العرض الذاتي ايضا عرض ذاتي فيلزم التعدد والصفات المتعددة في محل واحد متنوعة

بلکہ بحث کی جائے ان چیزوں سے جولاحق ہیں ان دونوں کوان دوحیثیوں سے، حالانکہ واقع اس کے خلاف ہے۔ واللہ اعلم۔

لامحالة ضرورة ان اختلاف اشخاص نوع واحد من الصفات انما هو باختلاف المحل. (التلويح)

اعتراض: جائز ہے کہ پہلی عرض ذاتی کی طرف دوسری اعراض کی انتہاء ہو جائے تو اس سے اعراض ذاتیہ کا تعدد لازم نہ آئے، اگر تسلیم کرلیا جائے تو تعدد لازم آئے گا وہ مطلوب نہیں مطلوب تنوع ہے وہ لازم نہیں آرہا؟

جواب: جو عرض ذاتی اول کے واسطہ سے ذات کو لاحق ہو وہ بھی عرض ذاتی کہلائے گا تو تعدد لازم آجائے گا۔

اور صفات متعددہ ایک محل میں مختلف انواع میں ہوں گی بدیہی بات ہے کہ بیشک اختلاف اشخاص ایک ہی نوع کے صفات کا اختلاف محل کی وجہ سے ہوگا۔

قوله: ولأنه يلزم، عطف على مضمون الكلام السابق اى وان كان لغيره فهو باطل لأنه يلزم استكمال الواحد الحقيقي فى صفاته بالغير وهو محال لأنه يوجب النقصان فى ذاته والاحتياج فى كمالاته. (التلويح)

مصنف کے قول "ولأنه يلزم" کا عطف ہے کلام سابق کے مضمون پر، یعنی اگر وصف غیر کے واسطہ سے لاحق ہو تو باطل ہے، وجہ بطلان یہ ہے کہ واحد حقیقی کا اپنی صفات میں غیر سے استکمال لازم آئے گا، اور وہ محال ہے اس لئے کہ اس کی ذات میں نقصان ثابت کرے گا، اور اپنے کمالات میں غیر کا محتاج ہونا لازم آئے گا۔

علامہ تفتازانی نے قول کو ضعیف کہنے کے بعد توجیہ کی: وفيه نظر لأنه ان أريد الاستكمال بالأمر المنفصل فظاهر انه غير لازم لجواز ان يكون لحوق البعض الآخر لصفة وان اريد اعم من المنفصل والصفة فلا نسلم ان احتياج بعض الصفات الى البعض يوجب النقصان فى الذات كيف والخلق يتوقف على العلم والقدرة والأرادة ويمكن ان يجعل هذا مختصا بما يكون الغير منفصلا وما سبق مختصا ما يكون غير منفصل فيتم بمجموعهما المطلوب اعنى اثبات عرض ذاتى آخر. (التلويح)

وجہ ضعف: مصنف کے قول میں نظر ہے اسلئے کہ اگر مراد امر منفصل سے استکمال لیا جائے تو ظاہر بات ہے کہ وہ لازم

مصنف فرماتے ہیں :فنضع الكتاب على قسمين القسم الاول في الأول في الأدلة الشرعية وهي على اربعة اركان الركن الأول في الكتاب اى القرآن وهوما نقل الينا بين دفتي المصاحف.(التنقيح)

ہم کتاب کووضع کررہے ہیں دوقسموں پر، پہلی قسم ادلہ شرعیہ کے بیان میں، یہ چارارکان پر مشتمل ہے، رکن اول کتاب کے بیان میں ۔کتاب کی تعریف یہ ہے ''کتاب وہ قرآن ہے جو ہماری طرف متواترا منقول ہے اور مصاحف کی دوتختیوں کے درمیان ہے''۔

مصنف اس کی وضاحت میں فرماتے ہیں :فخرج سائر الكتب والأحاديث الآلهية والنبوية والقرآة الشاذة.(التوضيح)

اس تعریف سے باقی تمام کتب اوراحادیث قدسیہ اوراحادیث نبویہ اورقراءت شاذہ نکل گئیں۔

نہیں آرہا کیونکہ جائز ہے کہ بعض اور کالاحق ہونا صفت کی وجہ سے ہو، اوراگر مراداعم لیا جائے خواہ منفصل ہو یا صفت ہوتو ہم نہیں تسلیم نہیں کرتے کہ بعض صفات کا بعض صفات کا محتاج ہونا ذات میں نقصان ثابت کرتا ہے۔یہ کیسے صحیح ہوسکتا ہے کہ صفت خلق موقوف ہے علم وقدرت وارادہ پر۔

توجیہ بیان کی گئی :ممکن ہے کہ اس کا جواب یہ دیا جائے کہ یہ مختص ہے اس غیر سے جو منفصل ہے اور جو پہلے گزرا ہے وہ مختص ہے اس غیر سے جو منفصل نہیں، تو دونوں اقوال کے مجموع سے مطلوب مکمل ہوگا، میری مراد یہ ہے کہ دوسری عرضی ذاتی ہوگی۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله فنضع تفريع على قوله فيبحث عن كذا وكذا يعنى بسبب ان البحث في هذا الفن انما هوعن احوال الأدلة والأحكام نضع الكتاب اى مقاصده على قسمين والا فبحث التعريف والموضوع ايضا من الكتاب مع أنه خارج عن القسمين لكونه غيرداخل في المقاصد والقسم الأول مرتب على اربعة اركان في الادلة الأربعة الكتاب ثم السنة ثم الاجماع ثم القياس تقديما للأقدم بالذات والشرف وأما بابا الترجيح والاجتهاد فكأنما جعلهما تتمة وتذييلا لركن القياس.(التلويح)

مصنف کاقول''فنضع ''تفریع ہے''فيبحث فيه عن احوال المذكورة وما يتعلق بها ''پر، یعنی بسبب اس

کے کہ اس فن میں بحث کی جاتی ہے احوال ادلہ واحکام سے تو ہم کتاب کو دو قسموں پر وضع کر رہے ہیں۔

اعتراض: مصنف نے کتاب کو دو قسموں یعنی ادلہ اور احکام کے بیان پر مشتمل کیا ہے حالانکہ مصنف کی کتاب میں فقہ کی تعریف اور موضوع اور ترجیح اور اجتہاد کے ابواب بھی مذکور ہیں، تو یہ کہنا کیسے درست ہے کہ کتاب دو قسموں کے بیان میں ہے؟

جواب: مصنف کی مراد یہ ہے کہ اس کتاب کے مقاصد دو قسموں پر مشتمل ہیں ورنہ تعریف اور موضوع بھی کتاب میں مذکور ہیں لیکن وہ مقاصد میں داخل نہیں۔

اسی طرح ترجیح اور اجتہاد کے ابواب کو تتمہ بنایا اور قیاس کے تابع کیا ہے، ان کو بھی ابحاث مقاصد میں داخل نہیں کیا۔

دو قسمیں جو بیان کی ہیں وہ ایک قسم ادلہ سے ہے اور دوسری احکام سے ہے، پہلی قسم چار ارکان یعنی ادلہ اربعہ کے بیان میں ہیں، پہلی بحث کتاب اللہ سے پھر سنت رسول ﷺ پھر اجماع پھر قیاس سے۔

کتاب اللہ دلیل ہے بالذات اور اسے شرف حاصل ہے اسی لئے اسے پہلے ذکر کیا، پھر اسی طرح مدارج کے لحاظ سے ہی سنت واجماع وقیاس کو مرتب کیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله الركن الأول في الكتاب وهو في اللغة اسم للمكتوب غلب في عرف اهل الشرع على كتاب الله تعالى المثبت في المصاحف كما غلب في عرف اهل العربية على كتاب سيبويه والقرآن في اللغة مصدر بمعنى القراءة غلب في العرف العام على المجهول المعين من كلام الله تعالى المقروء على السنة العباد وهو في هذا المعنى اشهر من لفظ الكتاب واظهر فلهذا جعل تفسيرا له حيث قيل الكتاب هو القرآن المنزل على الرسول المكتوب في المصاحف المنقول الينا نقلا متواترا بلاشبهة.

پہلی بحث کتاب کے بیان میں: کتاب کا لغوی معنی ہے "مکتوب" اہل شرع کے عرف میں کتاب کا اطلاق غالب طور پر کتاب اللہ پر ہوتا ہے جو مشتمل ہے اس پر جو ثابت ہے مصاحف میں، جیسا کہ اہل عربیت جب مطلقا یہ ذکر کریں کہ یہ مسئلہ کتاب میں ہے تو وہ اس کتاب سے مراد سیبویہ کی کتاب لیتے ہیں۔

قرآن کا لغوی معنی ہے پڑھنا۔ یہ مصدر ہے قراءت کے معنی میں ہے۔

عرف عام میں غالب طور پر کلام اللہ کے معین مجموع پر بولا جاتا ہے جو بندوں کی زبان سے پڑھا جاتا ہے، قرآن اپنے معنی میں زیادہ مشہور ہے بنسبت کتاب کے اسی وجہ سے قرآن کو کتاب کی تفسیر بنایا اور کہا جاتا ہے۔

مصنف بیان فرماتے ہیں :وقد أورد ابن الحاجب ان هذا التعريف دوری لأنه عرف القرآن بما نقل في المصحف فان سئل ما المصحف فلابد ان يقال الذی كتب فيه القرآن، فأجبت عن هذا بقولي ولا دور لأن المصحف معلوم في العرف فلايحتاج الى تعريفه بقوله الذی كتب فيه القرآن.(التنقيح والتوضيح)

ابن حاجب کا اعتراض:ابن حاجب نے یہ کہا کہ یہ تعریف مستلزم دور ہے اسلئے کہ قرآن کی تعریف کی جاتی ہے کہ "قرآن وہ ہے جو مصحف میں منقول ہو" اور اگر سوال کیا جائے کہ مصحف کیا ہے؟ تو جواب دیا جاتا ہے کہ مصحف وہ ہے جس میں قرآن لکھا گیا ہے۔تو قرآن کی تعریف مصحف پر اور مصحف کی قرآن پر موقوف ہوگئی، یہ دور لازم آرہا ہے؟

جواب:تو مصنف کہتے ہیں کہ میں نے اس کے دو جواب ذکر کئے ہیں، ایک عام فہم اور ایک تحقیقی عام فہم جواب میں نے اپنے قول سے یہ دیا ہے کہ مصحف مشہور ہے عرف عام میں کہ وہ قرآن پاک کا نسخہ ہے، وہ اس تعریف کا محتاج نہیں کہ یہ کہا جائے مصحف وہ ہے جس میں قرآن لکھا گیا ہو۔

"کتاب وہ قرآن ہے جو نازل کیا گیا ہے رسول اللہ ﷺ پر اور لکھا گیا ہے مصاحف میں اور ہماری طرف منقول ہے نقل متواتر سے اور اس میں کوئی شبہ نہیں"۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :على ان القرآن هو تفسير للكتاب وباقی الكلام تعريف للقرآن وتمييزا له عما يشتبه به لا ان المجموع تعريف للكتاب ليلزم ذكر المحدود فی الحد ولا ان القرآن مصدر بمعنى المقروء ليشتمل كلام الله تعالى وغيره على ما توهم البعض لأنه مخالف للعرف بعيد عن الفهم وان كان صحيحا فی اللغة والمشائخ وان كانوا لايناقشون فی ذلک الا انه لا وجه لحمل كلامهم عليه مع ظهور الوجه الصحيح المقبول عند الكل فلأزالة هذا الوهم صرح المصنف بحرف التفسير، وقال ای القرآن وهو ما نقل الينا بين دفتی المصاحف.(التلويح)

کلمہ قرآن تفسیر ہے کتاب کی، اور باقی کلام تعریف ہے قرآن کی اور اس کے اشباہ کو دور کرنے کیلئے تمیز ہے، تمام کلام کا مجموعہ کتاب کی تعریف نہیں کہ محدود کا حد میں ذکر لازم آئے۔اور نہ ہی قرآن مصدر ہے کہ مقروء کے معنی میں ہو تو اللہ کے کلام اور باقی کلاموں میں مشتمل ہو، جیسا کہ بعض حضرات نے قرآن کو مصدری معنی میں لینے کا وہم کیا ہے، اسلئے کہ یہ عرف سے بعید از فہم ہے۔عرف میں قرآن مشہور و معروف ہے کہ اس سے مراد اللہ کا کلام ہے، اگرچہ لغوی معنی کے

مصنف کا تحقیقی جواب :ثم اردت تحقیقا فی هذا الموضع لیعلم ان هذا التعریف ای نوع من انواع التعریفات، فان اتمام الجواب موقوف علی هذا فقلت ولیس هذا تعریف ماهیة الکتاب بل تشخیصه فی جواب ای کتاب ترید ولا القرآن ، فان علماؤنا قالوا هو ما نقل الینا الی آخر فلایخلو اما عرفوا الکتاب بهذا او عرفوا القرآن بهذا فان عرفوا الکتاب بهذا فلیس تعریفا لماهیة الکتاب بل تشخیصه فی جواب ای کتاب ترید؟ وان عرفوا القرآن بهذا فلیس تعریفا لماهیة القرآن ایضا بل تشخیصه، لأن القرآن یطلق علی الکلام الأزلی وعلی المقروء فهذا تعیین أحد محتملیه وهو المقروء، فان القرآن لفظ مشترک یطلق علی الکلام الأزلی الذی هو صفة للحق عز وعلا ویطلق ایضا علی ما یدل علیه وهو المقروء فعلی هذا لایلزم الدور وانما یلزم الدور ان أرید تعریف ماهیة القرآن لأنه لو عرف ماهیة القرآن بالمکتوب فی المصحف فلابد من معرفة المصحف فلایمکن حینئذ معرفة المصحف ببعض الوجوه کالأشارة ونحوها ثم معرفة ماهیة المصحف موقوفة علی معرفة ماهیة القرآن .(التنقیح والتوضیح)

پھر میں نے ارادہ کیا ہے اس مقام میں تحقیق کا تا کہ معلوم ہو جائے کہ یہ تعریف انواع تعریف میں کس نوع کی تعریف ہے؟ کیونکہ جواب اسی پر موقوف ہے۔

یہ تعریف ماہیت کتاب کی نہیں بلکہ اس کی تشخیص میں یہ تعریف ہے اور قرآن کی ماہیت کی بھی یہ تعریف نہیں، بلکہ اس کی بھی تشخیص ہے۔ جب یہ پوچھا گیا کہ کتاب سے مراد تم کیا لیتے ہو تو اس کا جواب یہ دیا گیا "ما نقل الینا الخ" یہ تعریف خواہ کتاب کی ہو یا قرآن کی ہو ہر صورت میں ماہیت کی تعریف نہیں۔ نہ ہی ماہیت کتاب کی تعریف ہے اور نہ ہی ماہیت قرآن کی تعریف ہے بلکہ یہ تشخیص ہے کتاب وقرآن کی۔

کیونکہ قرآن پاک کا اطلاق دو معانی پر ہے۔(۱) کلام ازلی (کلام نفسی) پر۔ (۲) اس کلام پر جو ہم اپنی زبانوں سے پڑھتے ہیں۔

لحاظ پر قرآن بمعنی مقروء لینا صحیح ہے اور مشائخ نے یہ معنی لینے پر کوئی اعتراض نہیں کیا لیکن ظاہر معنی کی وجہ صحیح ہے جب کل کے نزدیک مقبول ہے تو مصدری معنی پر حمل کرنے کی کوئی خاص وجہ نہیں پائی گئی۔ اسی وہم کے ازالہ کیلئے مصنف نے حرف تفسیر سے ذکر کیا ہے "الکتاب ای القرآن وهو ما نقل الینا بین دفتی المصاحف تواترا"

یعنی قرآن لفظ مشترک ہے اس کا اطلاق کلام ازلی پر بھی ہے جو اللہ تعالی کی صفت ہے، اور اس کا اطلاق اس پر بھی جو کلام نفسی پر دلالت کرنے والا کلام لفظی ہے۔

گویا کہ سوال کیا گیا کہ تم قرآن کے معانی میں سے کون سا معنی لیتے ہو تو اس کا جواب دیا گیا کہ ہم مراد لیتے ہیں "ما نقل الینا بین دفتی المصاحف تواترا" یعنی ہماری مراد کلام لفظی ہے جسے پڑھا جاتا ہے۔اسی سے دور لازم نہیں آتا۔اگر ہم مراد ماہیت قرآن کی تعریف لیتے تو اعتراض ہوسکتا تھا کہ یہ مستلزم دور ہے، اسلئے کہ پھر مصحف کی تعریف کرنے کی ضرورت درپیش آتی۔پھر مصحف کی تعریف بعض وجوہات جیسے اشارہ اور اس کی مثل سے ممکن نہیں تھی پھر ماہیت مصحف کی تعریف ماہیت قرآن کی تعریف پر موقوف ہے۔

قرآن و کتاب کا اطلاق کل پر بھی ہے جزء پر بھی، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **ثم کل من الکتاب والقرآن یطلق عند الاصولیین علی المجموع وعلی کل جزء منه لأنهم انما یبحثون عنه من حیث انه دلیل علی الحکم وذلک آیة لا مجموع القرآن فاحتاجوا الی تحصیل صفات مشترکة بین الکل والجزء مختصة بهما ککونه معجزا منزلا علی الرسول مکتوبا فی المصاحف منقول بالتواتر.(التلویح)**

پھر کتاب اور قرآن کا اطلاق اصولیین کے نزدیک مجموع پر بھی ہے اور اس کی ہر جزء پر بھی ہے کیونکہ وہ اسی سے بحث کرتے ہیں۔جب وہ یہ کہتے ہیں کہ اس حکم کی دلیل قرآن ہے تو اس سے مراد ایک آیۃ لیتے ہیں، مجموع قرآن مراد نہیں لیتے۔اسی وجہ سے ان کو احتیاجی درپیش آئی کہ وہ بیان کریں ان صفات کو جو کل اور جزء میں مشترک ہیں اور ان صفات کو جو دونوں کے ساتھ خاص ہیں۔اس لئے یہ صفات قرآن کا معجز ہونا، رسول اللہ ﷺ پر نازل ہونا، مصاحف میں مکتوب ہونا، اور تواتر سے منقول ہونا یہ سب صفات کل اور جزء دونوں کی ہیں اور دونوں سے خاص ہیں۔

کبھی کل صفات کو ذکر کیا گیا اور کبھی بعض کو، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **فاعتبر فی تفسیره بعضهم جمیع الصفات لزیادة التوضیح وبعضهم الانزال والاعجاز لأن الکتبة والنقل لیسا من اللوازم لتحقق القرآن بدونهما فی زمن النبی ﷺ وبعضهم الکتبة والانزال والنقل.(التلویح)**

بعض حضرات نے تمام صفات مذکورہ کو زیادتی وضاحت کیلئے ذکر کیا، اور بعض نے صرف انزال اور اعجاز کا ذکر کیا، اس لئے کہ مکتوب ہونا اور منقول ہونا لوازمات سے نہیں کیونکہ نبی کریم ﷺ کے زمانہ میں ان دونوں صفات کے بغیر بھی

قرآن کا پایا جانا محقق تھا۔ اور بعض نے مکتوب ہونے اور منزل ومنقول ہونے کا ذکر کیا۔

بعض صفات کے نہ ذکر کرنے کی وجہ : علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

لأن المقصود تعريف القرآن لمن لم يشاهد الوحي ولم يدرك زمن النبوة وهم انما يعرفونه بالنقل والكتبة فى المصاحف ولاينفك عنهما فى زمانهم فهما بالنسبة اليهم من ابين اللوازم البينة وأوضحها دلالة على المقصود بخلاف الاعجاز فأنه ليس من اللوازم البينة ولا الشاملة لكل جزء اذ المعجزهو السورة أومقدارها اخذا من قوله تعالى فأتوا بسورة من مثله، والمصنف اقتصرعلى ذكرالنقل فى المصاحف تواترا لحصول الاحترازبذلك عن جميع ما عدا القرآن لأن سائرالكتب السماوية وغيرها والاحاديث الآلهية والنبوية ومنسوخ التلاوة لم ينقل شئ منها بين دفتي المصاحف لأنه اسم لهذا المعهود المعلوم عند الناس حتى الصبيان، والقراة الشاذة لم تنقل الينا بطريق التواتر بل بطريق الأحاد كما اختص بمصحف أبي رضي الله عنه، أوالشهرة كما اختص بمصحف ابن مسعود رضي الله عنه، ولاحاجة الى ذكرالانزال والاعجاز ولا الى تاكيد المتواتربقولهم بلاشبهة لحصول المقصود بدونهما. (التلويح)

اسلئے کہ مقصودان لوگوں کیلئے قرآن کی تعریف کرنا ہے جنہوں نے وحی کا مشاہدہ نہیں کیا اور نبی کریم ﷺ کا زمانہء نبوت نہیں پایا، وہ قرآن پاک کو اس سے پہچانتے ہیں کہ وہ ہماری طرف متواترا نازل ہوا ہے اور مصاحف میں مکتوب ہے، یہ ان لوگوں کے زمانہ میں کبھی ان سے منفک نہیں ہوئیں، یہ دونوں صفات ان بعد میں آنے والے لوگوں کی بنسبت لوازم بینہ میں سے سب زیادہ واضح ہیں۔

بخلاف اعجاز کے کہ وہ نہ ہی لوازم بینہ سے ہے اور نہ ہی ہر جزء کا خاصہ شاملہ ہے، کیونکہ معجز سورۃ ہے خواہ چھوٹی ہو یا سورۃ کی مقدار ہو، یہ اللہ تعالی کے اس ارشاد سے لیا گیا ہے" فأتوا بسورة من مثله "(لیکن اس مسئلہ میں اختلاف ہے، بعض حضرات کے نزدیک ہر آیۃ معجز ہے واللہ اعلم، راقم)

مصنف نے صرف اس تعریف پر اقتصار کیا ہے "منقول ہو ہماری طرف متواترا اور مصاحف میں ثابت ہو" اس لئے کہ اس تعریف سے قرآن پاک کے سوا تمام کتب سماویہ اور غیر سماویہ اور احادیث آلھیہ یعنی احادیث قدسیہ اور احادیث نبویہ اور آیات منسوخ التلاوۃ سے احتراز ہو گیا۔ کیونکہ ان میں سے کوئی ایک چیز بھی ہماری طرف تواتر سے نہ ہی منقول ہے اور نہ ہی قرآن پاک کی تختیوں میں ثابت ہے، اسلئے کہ قرآن پاک معہود ومعلوم ہے سب لوگوں کے

نزدیک یہاں تک کہ بچے بھی قرآن کے نسخہ کو جانتے ہیں۔

قراءة شاذہ سے بھی احتراز ہوگیا : کیونکہ وہ ہماری طرف متواتر طریقہ سے منقول نہیں، یا وہ اخبار احاد سے منقول ہے جیسا کہ حضرت ابی بن کعب رضی اللہ عنہ کے مصحف میں ہے، یا وہ اخبار مشہورہ سے منقول ہے جیسا کہ عبد اللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کے مصحف میں ہے۔اس لئے تواتر کی قید سے یہ دونوں قسم کی قراءتیں (احاد ومشہورہ) خارج ہیں، ان کو ہی قراءة شاذہ کہا جاتا ہے۔

مصنف نے بلاشبہ کی قید نہیں لگائی :اس کی وجہ یہ ہے کہ جو تواتر سے ہماری طرف منقول ہے اور وہ مصحف میں موجود ہے وہ بلاشبہ ہی ہے،اسلئے متواتر کی تاکید بلاشبہ سے لگانے کی ضرورت درپیش نہ آئی۔

اس بحث سے علامہ تفتازانی کا وہ قول واضح ہوگیا کہ بعض حضرات نے تمام صفات وقیود کا ذکر کیا ہے مقصد ان کا زیادتی وضاحت ہے،اگر چہ دو صفات سے تعریف مکمل ہے۔

آیۃ تسمیہ قرآن پاک کا جزء ہے یا نہیں؟ علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: واما التسمية فالمشهور من مذهب أبي حنيفة رحمه الله على ما ذكر في كثير من كتب المتقدمين انها ليست من القرآن الا ما تواتر بعض آية من سورة النمل وان قولهم بلاشبهة احتراز عنها الا ان المتأخرين ذهبوا الى ان الصحيح من المذهب انها في اوائل السور آية من القرآن انزلت للفصل بين السور بدليل انها كتبت في المصاحف بخط القرآن من غير انكار من السلف.

تسمیہ کے متعلق امام اعظم رحمہ اللہ کا مشہور مذہب یہ ہے جو متقدمین کی کثیر کتب میں ہے کہ بیشک یہ قرآن پاک کا حصہ نہیں کیونکہ تواتر سے منقول نہیں، ہاں سورۃ نمل میں تسمیہ جو آیۃ مکمل نہیں بلکہ آیۃ کا جزء ہے وہ تواتر سے منقول ہے وہ قرآن پاک کا جزء ہے،اور بلاشبہ کے قول سے بھی تسمیہ مکمل آیۃ سے احتراز ہوگیا۔

متاخرین یعنی شوافع کا یہ قول ہے کہ ہر سورۃ سے پہلے تسمیہ مکمل آیۃ قرآن پاک کا جزء ہے سورتوں کے درمیان فرق کرنے کیلئے نازل کی گئی ہے،اس پر ان لوگوں نے دلیل یہ پیش کی ہے کہ "بسم اللہ" کو قرآن پاک کے خط کے مطابق لکھا جاتا ہے اس کا کسی نے انکار نہیں کیا۔(راقم کے نزدیک یہ دلیل ضعیف ہے کیونکہ اکثر طور پر قرآن پاک کے نسخوں میں بسم اللہ کو علیحدہ خط میں دیکھا گیا،امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے مذہب کو پھر دو طرح بیان کیا گیا ہے کہ تسمیہ کسی سورۃ کا جزء نہیں یا کسی ایک سورۃ کا "لاعلی التعیین" جزء نہیں)۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وعدم جواز الصلوة بها انها هو للشبهة في كونها آية تامة وجواز تلاوتها

للجنب والحائض انما هو علی قصد التبرک والتیمن کما اذا قال الحمد لله رب العالمین علی قصد الشکر دون التلاوة وعدم تکفیر من انکر کونها من القرآن فی غیر سورة النمل انما هو لقوة شبهة فی ذلک بحیث یخرج کونها من القرآن من حیز الوضوح الی حیز الاشکال ومثل هذا یمنع التکفیر. (التلویح)

اعتراض: جن حضرات نے تسمیہ کو سورتوں سے پہلے مکمل آیۃ کی حیثیت سے قرآن پاک کا جزء بتایا ہے ان کے نزدیک صرف بسم اللہ والی آیۃ پڑھنے سے نماز نہ ادا ہونے کا قول کیوں کیا گیا ہے؟

جواب: تسمیہ کے مکمل آیۃ میں شبہ ہو گیا، اسی وجہ سے اس میں اختلاف ہے اسلئے صرف تسمیہ پڑھنے سے نماز کے عدم جواز کا قول کیا گیا ہے۔

اعتراض: اگر تسمیہ قرآن پاک کا جزء ہے اور مکمل آیۃ ہے تو جنبی اور حیض والی عورت کو پڑھنا کیوں جائز ہے؟

جواب: جنبی شخص یا حیض والی عورت کا تسمیہ بطور تبرک پڑھنا جائز ہے، بطور تلاوت جائز نہیں جیسے ان کیلئے بطور شکر الحمد للہ رب العالمین پڑھنا جائز ہے۔

اعتراض: اگر تسمیہ مکمل آیۃ کی حیثیت سے قرآن پاک کا جزء ہے تو اس کا انکار کرنے والا کہ یہ جزء نہیں کافر کیوں نہیں ہوتا؟

جواب: سورۃ نمل والی تسمیہ جو مکمل آیۃ نہیں اس کے علاوہ سورتوں سے پہلے تسمیہ میں اختلاف کی وجہ سے قوی شبہ پایا گیا ہے اس لئے وہ مقام وضوح سے مقام اشکال میں داخل ہو گئی، تو اس کے انکار سے کفر لازم نہیں آئے گا۔

اعتراض وجواب، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

فان قیل فعلی ما اختاره المتأخرون هل یبقی اختلاف بین الفریقین؟ قلنا نعم هی عند الشافعیة مائة وثلاث عشرة آیة من السور کما ان قوله تعالی "فبأی آلاء ربکما تکذبان" عدة آیات من سورة الرحمن وعند الحنفیة آیة واحدة من القرآن کررت للفصل والتبرک ولیست بآیة من شیء من السور، وجاز تکریرها فی اوائل السور لأنها نزلت لذلک ونقلت کذلک.

اگر سوال یہ کیا جائے کہ متأخرین کے قول کے مطابق دونوں فریقوں میں کوئی فرق بھی ثابت ہوگا؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ ہاں فرق نکلے گا۔ شافعیہ کے نزدیک تمام سورتوں میں ہر سورت سے پہلے تسمیہ ایک آیۃ ہے جزء ہے سورۃ کا، اور حنفیہ کے نزدیک ایک آیۃ ہے ہر سورت کا جزء نہیں بلکہ تکرار کیلئے نازل کی گئی تا کہ سورتوں کا اس کے ذریعے فصل کیا

جاسکے، اس طرح شافعیہ کے نزدیک ایک سو تیرہ آیات زائد ہوں گی، یہ تکرار ایسے ہی جیسے سورۃ رحمٰن میں فبای آلاء ربکما تکذبان کا تکرار ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :بخلاف من اخذ یلحق بالمصحف آیات مکررۃ مثل ان یکتب فی اول کل سورۃ الحمد للہ رب العالمین فانہ یعد زندیقا أو مجنونا.(التلویح)

لیکن ان حضرات کا قول ضعیف ہے: اسلئے کہ جن سورتوں میں بحیثیت قرآن پاک کی آیۃ کا تکرار ہے جیسے "الحمد للہ رب العالمین" اس کا منکر زندیق وکافر ہے، حالانکہ تسمیہ کے آیۃ ہونے اور ہر سورۃ کے جزء ہونے کا انکار کرنے والے کو وہ بھی کافر نہیں کہتے۔

"ما نقل بین دفتی المصحف "میں تخصیص ہے ،علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:فعلی ما ھو المناسب لغرض الأصولی یکون المراد بما نقل بین دفتی المصاحف ما یشمل الکل والبعض الا انہ ان ابقی علی عمومہ یدخل فی الحد الحرف أو الکلمۃ من القرآن ولایسمی قرآنا فی عرف الشرع وان خص بالکلام التام خرج بعض ما لیس بکلام تام مع انہ یسمی قرآنا، ویحرم مسہ علی المحدث وتلاوتہ علی الجنب وعلی ما دل علیہ سباق کلام المصنف المراد بما نقل مجموع ما نقل لأنہ جعلہ تعریفا للمجموع الشخص لا للمعنی الکلی فلایرد علیہ شئ الا انہ لایناسب غرض الأصولی.(التلویح)

اصولیین کی غرض کے مناسب یہ ہے کہ مراد "ما نقل بین دفتی المصاحف "سے مراد عام ہے جو کہ کل اور بعض کو شامل ہے لیکن اگر اسے عموم پر باقی رکھا جائے تو قرآن کی حد میں حرف یا ایک کلمہ بھی داخل ہو جائے گا حالانکہ عرف شرع میں اسے قرآن نہیں کہا جاتا، اور اگر کلام تام کے ساتھ خاص کیا جائے تو بعض غیر تام کلام تعریف سے خارج ہو جائیں گی باوجود اس کے کہ اسے قرآن کہا جاتا ہے جس کا چھونا بے وضو کیلئے حرام ہے اور جنبی کیلئے چھونا اور پڑھنا حرام ہے۔

اس کا جواب یہ ہے کہ مصنف کے کلام کا سباق اس پر دلالت کر رہا ہے کہ "مانقل" سے مراد مجموع جو نقل کیا گیا ہے کیونکہ تعریف مجموع شخص کی ہے، اس پر کوئی اعتراض نہیں ہوگا کیونکہ یہ تعریف حرف اور کلمہ کو شامل نہیں ہوگی اگرچہ بظاہر اصولی کی غرض سے مناسب نہیں ہوگی۔تاہم راقم کے نزدیک سیاق وسباق مستقل دلیل کی حیثیت رکھتا ہے۔

اعتراضات وجوابات ،علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:فان قیل بالکتاب بالمعنی الثانی ھل یصح تفسیرہ

بالقرآن؟ قلنا نعم علی ان یکون القرآن ایضا حقیقة فی البعض کما ھو حقیقة فی الکل.

سوال: معنی ثانی کے لحاظ پر قرآن کی تعریف کیا صحیح ہے کہ کل اور جزء دونوں کو شامل رہے؟

جواب: ہاں قرآن کا اطلاق بعض پر بھی حقیقت ہے جیسے کل پر اطلاق حقیقت ہے۔

فان قیل فیلزم عموم المشترک، قلنا لیس معنی کونہ حقیقة فی البعض کما انہ حقیقة فی الکل انہ موضوع للبعض خاصة کما انہ موضوع للکل خاصة حتی یکون حملہ علی الکل وعلی البعض من عموم المشترک بل ھو موضوع تارة للکل خاصة وتارة لما یعم الکل والبعض اعنی الکلام المنقول فی المصحف تواترا فیکون حقیقة فی الکل والبعض باعتبار وضع واحد ولایکون من عموم المشترک فی شیٔ.(التلویح)

اعتراض: اگر قرآن کی تعریف کل اور جزء دونوں پر صادق آئے تو عموم الاشتراک لازم آئے گا جو جائز نہیں؟

جواب: بعض میں حقیقت کا وہ معنی نہیں لیا گیا جو کل میں حقیقت کا معنی لیا گیا ہے، اگر بعض کیلئے بھی اسی طرح خصوصی طور پر وضع ہوتا جیسے کل کیلئے وضع ہے تو دونوں معانی بیک وقت لینے سے عموم الاشتراک لازم آتا۔ ہم یہ کہتے ہیں کہ قرآن کی وضع کبھی کل کیلئے ہوتی ہے، اور کبھی وضع عام ہوتی ہے جو کل اور بعض دونوں کو شامل ہوتی ہے، اس لئے وضع عام کے لحاظ پر وہ کلام جو شامل ہے کل اور بعض کو وہ کل اور وہ کل اور جزء میں حقیقت ہے ایک ہی وضع کے لحاظ پر، یہ عموم اشتراک نہیں، عموم اشتراک تب لازم آتا جبکہ دونوں کیلئے علیحدہ علیحدہ وضع ہوتی پھر بیک وقت دونوں پر اطلاق ہوتا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قولہ فان اتمام الجواب یتوقف علی ھذا یعنی ان جعل التعریف المذکور تفسیرا للفظ الکتاب أو القرآن وتمییزا لہ عن سائر الکتب أو الکلام الأزلی، یجوز فی معرفة المصحف الاکتفاء بالعرف أو الاشارة ونحو ذلک ولایلزم الدور وان جعل تعریفا لماھیة الکتاب أو القرآن فلابد من معرفة ماھیة المصحف وھی موقوفة علی معرفة القرآن ضرورة أنہ لامعنی لہ الا ما کتب فیہ القرآن فیلزم الدور.

مصنف نے تحقیقی جواب کو جو تعریف پر موقوف کیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ تعریف مذکور تفسیر ہے کتاب یا قرآن کی جس سے باقی کتب اور کلام ازلی سے اسے امتیاز دینا مقصود ہے، مصحف کی معرفت یا عرف سے حاصل ہونے پر اکتفاء کرنا جائز ہے، یا مصنف کی طرف اشارہ کر کے اسے سمجھنا آسان ہے، اس لئے اس سے کوئی دور لازم نہیں آئے گا۔

اگر تعریف ماہیت کتاب یا ماہیت قرآن کی ہوتی تو مصحف کی ماہیت کی معرفت بھی ضروری ہوتی تو ماہیت مصحف کی

معرفت موقوف ہوتی ماہیت قرآن پر، یہ بدیہی بات ہے کہ مصحف کی تعریف یہ کرنی پڑتی کہ مصحف وہ ہے جس میں قرآن لکھا جائے تو یہ مستلزم دور ہوتی۔ جب ماہیت کتاب وقرآن کی تعریف نہیں تو دور لازم نہیں آتا۔

اعتراض وجواب، علامہ تفتازانی ذکر کرتے ہیں :لایقال فالدور انما یلزم اذا جعل التعریف لماهیة القرآن دون الكتاب لأنا نقول ماهية الكتاب هي بعينها ماهية القرآن لما مر من انهما اسمان لشيء واحد فتوقف المصحف على ماهية القرآن توقفه على ماهية الكتاب.

اعتراض: دور اس وقت لازم آتا جبکہ تعریف ماہیت قرآن کی ہوتی، کیونکہ مصحف وہ ہے جس میں قرآن لکھا جائے، ماہیت کتاب کی تعریف سے تو کوئی دور لازم نہیں آتا؟

جواب: ماہیت کتاب بعینھا ماہیت قرآن ہے اور دونوں ایک چیز کے نام ہیں جیسا کہ پہلے بیان کیا جاچکا ہے، اسلئے مصحف کی تعریف کا سمجھنا جس طرح ماہیت قرآن کی تعریف پر موقوف ہے اسی طرح ماہیت کتاب پر بھی موقوف ہے۔

اسی سے یہ ظاہر ہوگیا ، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

وبهذا يظهران تفسير المصحف بماجمع فيه الوحي المتلو لايدفع الدور لأنه ايضا عبارة عن الكتاب والقرآن فالمصنف صرح بأنه ليس تعريفا للماهية سواء عرف به الكتاب أوالقرآن اشارة الى انه لافرق في لزوم الدوربين الصورتين ثم قال وانما يلزم الدوران لواريد تعريف ماهية القرآن اشارة الى ان ماهية الكتاب هي ماهية القرآن فذكر احدهما مغن عن ذكر الآخر.

بعض حضرات نے مصحف کی تعریف کی کہ مصحف وہ ہے جس وحی متلو جمع ہو، ان کا مقصد اس تعریف سے دور کو مندفع کرنا تھا، لیکن علامہ تفتازانی نے بیان فرمایا کہ ہماری بحث سے واضح ہوگیا کہ مصحف کی یہ تعریف اور جس میں قرآن ثابت ہو ایک ہی مطلب رکھتی ہے اس سے دور مندفع نہیں ہوسکتا، اور نہ ہی کتاب کی تعریف سے دور مندفع ہوسکتا ہے کیونکہ ماہیت کتاب اور ماہیت قرآن ایک ہی ہیں، ایک کا ذکر دوسرے کے ذکر سے مستغنی کردیتا ہے۔

اعتراض وجواب، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :فان قيل يفسر المصحف بما جمع فيه المصاحف مطلقا على ما هو موضوع اللغة ويخرج منسوخ التلاوة عن التعريف بقيد التواتر فلا دور، قلنا عدول عن الظاهر الى الخفي وعن الحقيقة الى المجاز العرفي فلايحسن في التعريفات.(التلويح)

اعتراض: اگر مصحف کی تفسیر اسی طرح کی جائے کہ مصحف وہ ہے جس میں صحائف جمع ہوں مطلقا جیسا کہ اس کا لغوی معنی ہے اور منسوخ التلاوۃ کو تواتر کی قید سے نکالا جائے تو دور لازم نہیں آئے گا؟

جواب: ظاہر سے عدول خفی کی طرف اور حقیقت سے مجاز عرفی کی طرف عدول تعریفات میں اچھا نہیں سمجھا گیا۔

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب بیان کرتے ہیں :فان قيل تعريف الأصولي انما هو للمفهوم الكلي الصادق على المجموع وعلى كل بعض ومعرفة المصحف انما تتوقف على القرآن بمعنى المجموع الشخصي وهو معلوم معهود بين الناس يحفظونه ويتدارسونه فلايشتبه عليهم فلا دور، قلنا لوسلم معرفة المجموعي الشخصي بحقيقته بدون معرفة المفهوم الكلي فمبنى كلام المصنف على ان التعريف للمجموع الشخصي دون المفهوم الكلي.

اعتراض: اصولیین کی تعریف قرآن مفہوم کلی کیلئے ہے جو مجموع اور ہر بعض پر صادق آتی ہے، اور معرفت مصحف موقوف ہے قرآن پر بمعنی مجموع شخصی کے وہ معلوم ومعہود ہے لوگوں کے درمیان وہ اسے یاد کرتے ہیں اور ایک دوسرے سے دور کرتے ہیں وہ ان پر کوئی مشتبہ نہیں تو کوئی دور لازم نہیں آتا؟

جواب: اگر ہم یہ تسلیم کرلیں کہ معرفت مجموعی شخصی کی اس کی حقیقت سے بغیر معرفت کلی کے حاصل ہوجاتی ہے تو ہم یہ کہیں گے کہ مصنف کی تعریف مجموع شخصی پر مبنی ہے، مفہوم کلی پر نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله بل تشخيصه اى تمييزه بخواصه فان كلمة اى يطلب بها تمييز الشئ بما يخصه شخصا كان أوغيره.(التلويح)

مصنف نے یہ جو بیان فرمایا ہے کہ یہ تعریف ماہیت کتاب وقرآن کی نہیں بلکہ اس کی تشخیص ہے، تشخیص کا مطلب یہ ہے کہ ایک چیز کو اس کے خواص کے ذریعے غیروں سے ممتاز کردینا، یہ امتیاز طلب کرنے کیلئے ''کلمہ ای'' کے ذریعے سوال کیا جاتا ہے۔ تو اس کا جواب خواص کے ذریعے دیا جاتا ہے خواہ وہ خواص شخصیہ ہوں یا غیر شخصیہ ہوں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله يطلق على الكلام الأزلي كما فى قوله عليه الصلوة والسلام القرآن كلام الله تعالى غير مخلوق(الحديث) وهو صفة قديمة منافية للسكوت والآفة ليست من جنس الحروف والاصوات لاتختلف الى الأمر والنهي والاخبار ولايتعلق بالماضي والحال والاستقبال الا بحسب التعلقات والاضافات كالعلم والقدرة وسائر الصفات وهذا الكلام اللفظي الحادث المؤلف من الأصوات والحروف القائمة بمحالها يسمى كلام الله تعالى والقرآن على معنى انه عبارة عن ذلك المعنى القديم الا ان الأحكام لما كانت فى نظر الأصولي منوطة بالكلام اللفظي دون الأزلي جعل القرآن اسما له واعتبر فى تفسيره ما يميزه عن المعنى القديم.

شخصی کی حد نہیں بیان کی جاسکتی ،مصنف فرماتے ہیں:ثم اراد ان یبین ان القرآن لیس قابلاً للحد بقوله"علی ان الشخصی لایحد" فان الحد هو القول المعرف للشئ المشتمل علی اجزائه وهذا لایفید معرفة الشخصیات بل لابد من الاشارة اونحوها الی مشخصاتها لتحصل المعرفة اذا عرفت ذلک فاعلم ان القرآن لما نزل به جبرائیل فقد وجد مشخصا فان کان القرآن عبارة عن ذلک المشخص لایقبل الحد لکونه شخصیا، وان لم یکن عبارة عن ذکر المشخص بل القرآن هذه الکلمات المرکبة ترکیبا خاصا سواء یقرأ جبریل علیه السلام اوزید اوعمرو علی ان الحق هذا.(التنقیح والتوضیح)

پھر مصنف نے ارادہ کیا ہے کہ یہ بیان کرے کہ بیشک قرآن قابل حد (تعریف) نہیں،اسی وجہ سے تنقیح میں یہ بیان کیا

کلام ازلی اور کلام لفظی میں فرق بیان کیا جاتا ہے ،مصنف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ قرآن کا اطلاق کا کلام لفظی اور کلام ازلی دونوں پر ہے،کلام ازلی یعنی کلام نفسی جس کے متعلق نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے"قرآن اللہ کا کلام ہے اور غیر مخلوق ہے،الحدیث" یہ اللہ تعالی کی صفت قدیمہ ہے یہ سکوت اور آفت کے منافی ہے،یہ جنس حروف واصوات سے نہیں اور نہ ہی اس میں امر ونہی اور اخبار سے کلام کا مختلف ہونا ہے،اور نہ ہی اس کا تعلق ماضی وحال واستقبال سے ہے مگر باعتبار تعلقات واضافات کے جیسے علم وقدرت اور باقی صفات ہیں (تعلقات کے لحاظ پر مختلف ہوتی ہیں)

اور یہ کلام لفظی حادث ہے،اصوات اور ان حروف سے مؤلف ہے جو اپنے مقامات سے قائم ہیں،اسے بھی کلام اللہ اور قرآن کہا جاتا ہے،کلام لفظی کے ذریعے کلام نفسی کو بیان کیا جاتا ہے۔

تعریف مذکور کلام لفظی کی ہے :اصولیین کی نظر میں جب احکام کی دارومدار کلام لفظی سے ہے ازلی ونفسی سے نہیں تو وہ کلام لفظی کو قرآن کہتے ہیں،اس لئے کہ وہ قرآن کی تعریف وتفسیر میں ان صفات کا ذکر واعتبار کرتے ہیں جو کلام لفظی کی ہیں،ان کے ذریعے ہی وہ کلام لفظی کو کلام نفسی سے ممتاز کرتے ہیں۔(منزل ہونا،مکتوب ہونا،منقول ہونا یہ سب کلام لفظی کی صفات ہیں،کلام نفسی ان صفات سے مبرأ ہے)۔(التلویح)

اعتراض وجواب،علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :لایقال التمییز یحصل بمجرد ذکر النقل فلا حاجة الی باقی القیود لأنا نقول التعریف وان کان للتمییز لابد وان یساوی المعرف فذکرباقی القیود لتحصیل المساواة.(التلویح)

گیا ہے کہ علاوہ اس کے بیشک شخصی کی حد نہیں بیان کی جا سکتی۔ بیشک حد وہ قول (مرکب) ہے جو ایک چیز کا معرف (بکسر الراء) ہوتا ہے جو اجزاء پر مشتمل ہوتا ہے، یہ حد یعنی معرف شخصیات کی معرفت کا فائدہ نہیں دیتی، بلکہ ضروری ہے کہ اشارہ وغیرہ سے مشخصات کو خاص کیا جاتا ہے تاکہ شخصی کی معرفت حاصل ہو۔

یہ تمہید پہچاننے کے بعد تم جان لو کہ بیشک قرآن جب جبرائیل نے نازل کیا تو وہ مشخص طور پر پایا گیا، تو جب قرآن سے مراد مشخص ہو تو وہ قابل حد نہیں کیونکہ وہ شخصی ہے۔ اگر قرآن سے مراد مشخص نہ لیا جائے بلکہ مطلقا یہ مراد ہو کہ یہ کلمات مرکبہ ہیں جن کو ایک خاص ترکیب حاصل ہے خواہ وہ جبریل پڑھے یا زید وعمرو تو پھر اس کی تعریف شخصی ہو سکتی ہے، جیسے متن میں تعریف کی گئی ہے، وہ ماہیت قرآن کی تعریف نہیں۔

شخصی کی حد نہ بیان کی جائے کی دو تاویلیں ہیں ، مصنف فرماتے ہیں:

فقولنا على ان الشخصى لايحد جعل دليلا على ان القرآن لايحد له تأويلان احدهما انا لانعنى ان القرآن شخصى بل عنينا ان القرآن لما كان هو الكلام المركب تركيبا خاصا فانه لايقبل الحد كما ان الشخصى لايقبل الحد فكون الشخصى لايحد جعل دليلا على ان القرآن لايحد اذ معرفة كل منهما موقوفة على الأشارة أما معرفة الشخصى فظاهر واما معرفة القرآن

اعتراض: تمیز تو صرف منقول کہنے سے ہی حاصل ہوگئی تو باقی قیود وصفات کے ذکر کا کیا فائدہ ہے؟

جواب: تعریف میں جب مقصود تمیز ہے تو ضروری ہے کہ حد میں وہ تمام صفات ذکر کی جائیں جو محدود کے مساوی ہوں، اسی وجہ سے زیادتی وضاحت کیلئے تمام صفات کو ذکر کیا گیا۔

علامہ تفتازانی اس پر تبصرہ کرتے ہیں :

فان حاول تعريف الماهية يلزم الدور ايضا لأنه ان قيل ما السورة فلابد ان يقال بعض من القرآن أو نحو ذلك فيلزم الدور وان لم يحاول تعريف الماهية بل التشخيصى ويعنى بالسورة هذا المعهود المتعارف كما عنينا بالمصحف لايرد الاشكال عليه ولا علينا.

اگر ابن حاجب ارادہ قرآن کی ماہیت کی تعریف کا کیا ہے تو اس کی تعریف بھی مستلزم دور ہے اس لئے اگر یہ پوچھا جائے سورۃ کیا ہے تو ضروری طور پر یہ کہا جائے گا وہ قرآن کا بعض حصہ ہے تو یہ مستلزم دور ہے، اور اگر اس نے تعریف سے تشخیص کا ارادہ کیا اور سورۃ سے مراد معہود حصہ لیا ہے جو متعارف ہے تو اعتراض نہ ہم پر وارد ہے نہ ابن حاجب پر۔

فلاتحصل الا بأن يقال هوهذه الكلمات ويقرأ من أوله الى آخره. (التوضيح)
ہمارا قول کہ بیشک شخصی کی حد نہیں بیان کی جاسکتی یہ دلیل ہے اس پر کہ بیشک قرآن کی حد نہیں بیان کی جاسکتی، اس کی دو تاویلیں ہیں۔

ایک تاویل یہ ہے کہ ہم یہ مراد نہیں لیتے کہ قرآن شخصی ہے بلکہ ہم یہ مراد لیتے ہیں کہ بیشک قرآن وہ کلام مرکب ہے جسے ترکیب خاص حاصل ہے، تو اس تاویل کے مطابق وہ حد کو قبول نہیں کرتا جیسے کہ شخصی قابل حد نہیں، شخصی کا قابل حد نہ ہونا دلیل بنایا گیا ہے اس پر کہ قرآن قابل حد نہیں۔ کیونکہ دونوں کی معرفت موقوف ہے اشارہ پر۔ شخصی کی اشارہ سے معرفت تو ظاہر ہے، اور قرآن کی معرفت اس وقت تک حاصل نہیں گی جب تک یہ نہ کہا جائے، قرآن یہ کلمات ہیں پھر ان کو اول سے آخر تک پڑھے، واضح ہوا کہ تعریف مذکور قرآن کی حقیقی حد نہیں صرف دوسری کتب یا کلام نفسی سے ممتاز کرنے کا ذریعہ ہے۔

وثانيهما انا نقول لامشاحة في الاصطلاحات فنعني بالشخصي هذه الكلمات مع الخصوصيات التي لها مدخل في هذا التركيب فان الأعراض تنتهي بمشخصاتها الى حد لايقبل التعدد ولا اختلاف باعتبار ذاتها بل باعتبار محلها فقط كالقصيدة المعينة لايمكن تعددها الا بحسب محلها بأن يقرأها زيد وعمرو فعنينا بالشخصي هذا والشخصي بهذا المعنى لايقبل الحد، فاذا سئل عن القرآن فانه لايعرف اصلا الا بأن يقال هوهذا التركيب المخصوص فيقرأ من أوله الى آخره فان معرفته لايمكن الا بهذا الطريق. (التوضيح)
دوسری تاویل یہ ہے کہ ہم یہ کہتے ہیں کہ مختلف اصطلاحات میں کوئی عیب نہیں۔ تو ہم شخصی سے مراد یہ لیتے ہیں کہ، یہ

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله على ان الشخصي لايحد لأن معرفته لاتحصل الا بتعيين مشخصاته بالأشارة أونحوها كالتعبير عنه باسمه العلم والحد لايفيد ذلك لأن غايته الحد التام وهوانما يشتمل على مقومات الشئ دون مشخصاته. (التلويح)
مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ شخصی کی حد نہیں بیان کی جاسکتی اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کی معرفت اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتی جب تک اس کے مشخصات کو اشارہ وغیرہ سے معین نہ کیا جائے، جیسے اس کو اسم علم سے تعبیر کرنا، اور حد اس کا فائدہ نہیں دیتی، اس لئے کہ اس کی غایت حد تام ہے، اور وہ مشتمل ہوتی ہے محدود شی کے مقومات پر نہ کہ مشخصات پر۔

کلمات بمع اپنی خصوصیات کے ان کواس ترکیب میں دخل ہے، تو بیشک اعراض کی انتہا بمع اپنے مشخصات کے حد کی طرف ہوتی ہے جو تعدد کو قبول نہیں کرتی، اور نہ ہی باعتبار ذات کے ان میں اختلاف ہوتا ہے، بلکہ ان میں اختلاف فقط باعتبار محل کے ہوتا ہے۔ جیسے قصیدہ معینہ میں ذات کے لحاظ پر کوئی اختلاف نہیں، محل کے لحاظ پر اختلاف ہوتا ہے کہ یہ زید نے پڑھا ہے اور یہ عمرو نے پڑھا ہے۔

تو شخص سے مراد ہم یہی لیتے ہیں اور اس معنی کے لحاظ پر شخصی حد کو قبول نہیں کرتا، تو جب قرآن کے بارے میں سوال کیا جائے تو اس کی معرفت سوائے اس کے حاصل نہیں ہوتی کہ یہ کہا جائے کہ "وہ (قرآن) یہ ترکیب مخصوص ہے پھر اول سے آخر تک قرآن پڑھے" اسی طرح کی قرآن کی تعریف کرنا یا معرفت حاصل کرنا ممکن نہیں۔

ابن حاجب کی تعریف اور اس پر بحث مصنف رحمہ اللہ بیان فرماتے ہیں :

وعرف ابن الحاجب القرآن بأنه الكلام المنزل للاعجاز بسورة منه.

ابن حاجب نے جمہور کی تعریف پر اعتراض کیا تھا کہ یہ مستلزم دور ہے تو اس نے خود تعریف یہ کی کہ قرآن وہ کلام ہے جو نازل کیا گیا ہے کہ اس سے ہر سورۃ سے اعجاز حاصل ہو۔

لايقال تعريف المركب الاعتبارى لفظى والكلام فى الحد الحقيقى لأنا نقول لوسلم ذلك مجموع القرآن مركب اعتبارى لامحالة فحينئذ لاحاجة الى سائر المقدمات ولا الى ما ذكر فى تشخصه من التكلفات. (التلويح)

اعتراض: مرکب اعتباری کی تعریف لفظی ہے اور کلام حد حقیقی میں ہے اس پر تمام بحث ہی غیر مفید ہوگی؟

جواب: اگر معترض کی بات کو تسلیم کر لیا جائے تو کہنا ٹھیک ہوگا کہ مجموع قرآن مرکب اعتباری ہے یقیناً تو اس وقت تمام مقدمات کی ضرورت نہیں رہے گی اور نہ ہی تشخص میں جو تکلفات ذکر کئے گئے ہیں ان کی ضرورت در پیش ہوگی۔

وقد يقال ان التصرفى تعريف الشخصى على مقومات الماهية لم يختص بالشخصى فلم يفيد التمييز الذى هو أقل مراتب التعريف وان ذكرمعها العرضيات المشخصة وعند زوالها يزول المحدود ايضا، لم يجب دوام صدقها لامكان زوالها فلايكون حد، وفيه نظر لجواز ان يذكرمعها العرضيات المشخصة وعند زوالها يزول المحدود ايضا اعنى ذلك الشخصى فلايضر عدم صدق الحد بل يجب، والحق ان الشخصى يمكن ان يحد بما يفيد امتيازه عن

جمیع ما عداہ بحسب الوجود لا بما یفید تعینه وتشخصه بحیث لایمکن اشتراکه بین کثیرین بحسب العقل فان ذلک انما یحصل بالاشارۃ لاغیر .(التلویح)

اعتراض: اگر تعریف شخصی میں مقومات ماہیت پر اقتصار کیا جائے تو شخصی تعریف سے وہ مختص نہیں ہوں گے، اور نہ ہی دوسری اشیاء سے ممتاز کریں گے حالانکہ تعریف کا کم ازکم مرتبہ یہ ہے۔اور اگر مقومات کے ساتھ عرضیات مشخصہ کو بھی ذکر کیا جائے تو ان کے زوال سے محدود کا زوال لازم آئے گا جب زوال کا امکان ہوگا تو ان کے صدق میں دوام نہیں ہوگا اور نہ ہی یہ حد ہوگی۔

جواب: جائز ہے کہ مقومات کے ساتھ عرضیات مشخصہ کو ذکر کیا جائے اور ان کے زوال سے محدود کا زوال بھی لازم آئے، محدود سے مراد وہ شخص، تو حد کے سچے نہ ہونے میں کوئی نقصان نہیں، بلکہ حد کا سچا نہ ہونا واجب ہے۔ حق یہ ہے کہ شخصی کی حد ممکن ہے کہ وہ اسے دوسری چیزوں سے ممتاز کردے باعتبار وجود کے، یہ مراد نہیں کہ وہ تعین وتشخص کا فائدہ دے اس لحاظ پر کہ باعتبار عقل کثیر میں اشتراک نہ پایا جائے، یہ صرف مقومات وعرضیات سے حاصل نہیں ہوتا بلکہ وہ صرف اشارہ سے حاصل ہوتا ہے۔یعنی تعین وتشخص کا فائدہ اشارہ دیتا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله علی ان الحق هذا"وهوان القرآن عبارۃ عن هذا المؤلف المخصوص الذی لایختلف باختلاف المتلفظین للقطع بأن ما یقرأ کل واحد منا هذا القرآن المنزل علی النبی ﷺ بلسان جبریل علیه السلام ولو کان عبارۃ عن ذلک الشخصی القائم بلسان جبریل لکان هذا مماثلا له لا عینه ضرورۃ ان الأعراض تتشخص بمحالها فتتعدد بتعدد المحال وکذا الکلام فی کل کتاب أوشعر ینسب الی أحد فأنه اسم لذلک المؤلف المخصوص سواء یقرأہ زید أوعمرو أوغیرهما واذا تحققت هذا فالعلوم ایضا من هذا القبیل مثلا النحو عبارۃ عن القواعد المخصوصة سواء علمها زید أوعمرو، فالمعتبر فی جمیع ذلک هو الوحدۃ فی غیر المحال فعلی هذا التقدیر الحق" وهوان القرآن لیس اسما للشخصی الحقیقی القائم بلسان جبریل علیه السلام خاصة.(التلویح)

مصنف کا یہ کہنا کہ حق بھی ہے، وہ یہ ہے کہ بیشک قرآن سے مراد مؤلف مخصوص جو مختلف تلفظ کرنے والوں کے تلفظ سے مختلف نہیں ہوتا، یعنی ہم میں سے جو بھی پڑھے گا جو نبی کریم ﷺ پر نازل ہوا تو وہ قرآن ہی ہوگا۔اور اگر قرآن سے مراد خاص مشخص لیا جائے جو جبریل کی زبان سے قائم ہے تو ہم جو تلاوت کریں گے وہ اس کا مماثل ہوگا نہ کہ عین۔

اس لئے کہ اعراض اپنے اپنے محل سے متشخص ہوتی ہے، جب محل متعدد ہوں گے تو اعراض بھی متعدد ہوں گی۔ اسی طرح ہر کتاب اور ہر شعر جب ایک شخص کی طرف منسوب ہوگا تو متشخص ہوگا خواہ اسے زید یا عمرو یا کوئی اور پڑھے۔
جب یہ ثابت ہوگیا تو اسی طرح علوم میں یہی صورت معتبر ہوگی۔ مثال کے طور پر نحو سے مراد قواعد مخصوصہ ہیں خواہ انہیں زید جانے یا عمرو، تو ان سب میں ان کے محلات کا اعتبار نہ کرتے ہوئے وحدت ہوگی اور جب ان کے محلات کا اعتبار کیا جائے گا تو تعدد ہوگا۔ اس تقدیر پر حق یہ ہے کہ قرآن شخصی حقیقی کا نام نہیں جو جبریل کی زبان سے قائم ہے۔

مصنف کی دو تاویلوں کی وضاحت علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **یکون لقوله علی ان الشخصی لایحد تاویلان احدهما ان الشخصی الحقیقی لایقبل الحد لأنه لایمکن معرفته الا بالاشارة ونحوها فکذا القرآن لایقبل الحد لأنه لایمکن معرفة حقیقته الا بأن یقرأ من أوله الی آخره ویقال هو هذه الکلمات بهذا الترتیب، وثانیها ان یکون اصطلاحا علی تسمیة مثل هذا المؤلف الذی لایتعدد الا بتعدد المحال شخصیا وبحکم بأنه لایقبل الحد لامتناع معرفة حقیقته الا بالاشارة الیه والقراءة من أوله الی آخره.**

مصنف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ بیشک شخصی کی حد نہیں بیان کی جاسکتی، اس کی دو تاویلیں ہیں۔ ایک ان میں سے یہ ہے کہ بیشک شخصی حقیقی حد کو قبول نہیں کرتی، اس لئے کہ اس کی معرفت سوائے اشارہ وغیرہ کے حاصل نہیں ہوسکتی، تو اسی طرح قرآن بھی حد حقیقی کو قبول نہیں کرتا اسلئے کہ اس کی حقیقت کی معرفت اس وقت تک حاصل نہیں ہوسکتی جب تک اسے اول سے آخر تک نہ پڑھا جائے اور کہا جائے کہ وہ یہ کلمات ہیں جو اس ترتیب سے ہیں۔ ایسا کرنا ممکن نہیں۔
دوسری تاویل یہ ہے کہ اس میں اصطلاح یہ ہے کہ شخص کا نام رکھا گیا ہے کہ اس قسم کے مؤلف میں تعدد نہیں سوائے محلات کے تعدد کے، اور اس پر حکم لگایا جائے گا کہ یہ حد کو قبول نہیں کرتا کیونکہ حقیقت کی معرفت ممتنع ہے سوائے اس کی طرف اشارہ کرنے کے اور سوائے اول سے آخر تک پڑھنے کے۔

کلام تعریف حقیقی میں ہے نہ کہ تشخیصی میں ، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **ولایخفی ان الکلام فی تعریف الحقیقة واما اذا قصد التمییز فهو ممکن بأن یقال القرآن هو المجموع المنقول بین دفتی المصاحف تواترا کما یقال الکشاف هو الکتاب الذی صنفه جار الله فی تفسیر القرآن، والنحو علم یبحث فیه عن احوال الکلم اعرابا وبناء.**
یہ بات مخفی نہیں کہ ہمارا کلام حقیقت کی تعریف کے متعلق ہے، لیکن جب تعریف کے ذریعے ممتاز کرنا مقصود تو وہ تعریف

ممکن ہے، کہا جائے گا کہ قرآن وہ مجموع ہے جو منقول ہے اور مصاحف (قرآن کے نسخوں) کی دوتختیوں میں تواترا ثابت ہے۔ اسی طرح کسی کتاب اور کسی علم کی تعریف کشف وتمیز کیلئے جائز ہے جیسے کہا جائے کشاف ایک کتاب ہے جو علم تفسیر میں جاراللہ زمخشری نے لکھی ہے۔ اور کہا جائے نحو ایک علم ہے جس میں کلمات کے احوال کی بحث کی جاتی ہے بحیثیت اعراب وبناء کے۔

تنبیہ: جاراللہ زمخشری علم نحو میں زیادہ دسترس رکھتا تھا جس کی وجہ سے مفسرین اس کی تفسیر کے حوالہ جات پیش کرتے ہیں ورنہ وہ معتزلی تھا، جن مسائل میں اہل سنت کا معتزلہ سے اختلاف ہے ان میں زمخشری کے قول کو دلیل نہیں بنایا جائے گا۔ (راقم)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله فان الأعراض تنتهي اى تبلغ بواسطة المشخصات حدا لايمكن تعددها الا بتعدد المحال كقول امرئ القيس "قفا نبک من ذکری حبيب ومنزل" الى آخر القصيدة، فانه بواسطة مشخصاته من التاليف المخصوص من الحروف والكلمات والابيات والهيئة الحاصلة بالحركات والسكنات بلغ حدا لايمكن تعدده الا بتعدد اللافظ حتى اذا انضاف اليه تشخص اللافظ ايضا يصير شخصيا حقيقيا لايتعدد اصلا فالمصنف اصطلح على تسمية مثل هذا المؤلف شخصيا قبل ان ينضاف اليه تشخص المحل ويصير شخصيا حقيقيا. (التلويح)

مصنف کے قول فان الأعراض تنتهي الخ کا مطلب یہ ہے کہ اعراض مشخصات کے واسطہ سے حدتک پہنچتی ہیں، ان کا تعدد سوائے ان کے محلات کے تعدد کے ممکن نہیں۔ جیسے امرئ القیس کا قصیدہ جس کا پہلا مصرعہ یہ ہے "قفا نبک من ذکری حبیب ومنزل" یہ بواسطہ مشخصات کے یعنی تالیف مخصوص حروف وکلمات سے اور اشعار اور ایک خصوصی ہیئت حرکات وسکنات سے حاصل ہونے کے لحاظ سے وہ اس حدتک پہنچا ہوا ہے کہ اس میں تعدد ممکن نہیں، ہاں البتہ لافظ کے تعدد کی وجہ سے تعدد پایا جائے گا۔ لیکن جب لافظ بھی ایک ہو تو وہ شخصی حقیقی ہوگا، اس میں تعدد نہیں ہوگا۔

مصنف نے اس کیلئے یہ اصطلاح قائم کی ہے کہ کلام وقصیدہ محل کی طرف نسبت سے پہلے شخص ہوگا اگر محل میں بھی وحدت ہو تو پھر بھی شخصی ہوگا، اور اگر محل میں تعدد ہو تو اس میں بھی تعدد ہوگا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله وقد عرف ابن الحاجب ظاهر تعريفه للمجموع الشخصي دون المفهوم الكلي الا ان يقال المراد بسورة من جنسه في البلاغة والفصاحة وعلى التقديرين لزوم

مصنف فرماتے ہیں : کہ ہم کتاب کی ابحاث کو دو بابوں میں منقسم کرتے ہیں پہلا افادہ معنی میں اور دوسرا افادہ حکم شرعی میں۔

ولورد ابحاثه ای ابحاث الکتاب فی بابین الأول فی افادته المعنی اعلم ان الغرض افادته الحکم الشرعی لکن افادته الحکم الشرعی موقوفة علی افادة المعنی فلابد من البحث فی افادته المعنی فبحث فی هذا الباب عن الخاص والعام والمشترک والحقیقة والمجاز وغیرها من حیث انها تفید المعنی، والثانی فی افادته الحکم الشرعی فیبحث فی الأمر من حیث انه یوجب الوجوب وفی النهی من حیث انه یوجب الحرمة والوجوب والحرمة حکم

الدور ممنوع لأنا لانسلم توقف معرفة مفهوم السورة علی معرفة القرآن بل هو بعض مترجم اوله وآخره توقیفیا من کلام منزل قرآنا کان أو غیره بدلیل سورة الانجیل والزبور ولهذا احتاج الی قوله منه ای من ذلک الکلام المنزل فافهم.

مصنف نے جو بیان کیا ہے کہ ابن حاجب نے قرآن کی تعریف کی ہے کہ "وہ کلام ہے جو منزل ہے سورة کے ذریعے اعجاز کیلئے" یہ تعریف مجموع شخصی کی ہے نہ کہ مفہوم کلی کی مگر یہ کہا جائے کہ مراد سورة سے جنس سورة ہے (معین نہیں) فصاحت وبلاغت میں۔ان دونوں تقدیروں میں دور کالازم آنا ممنوع ہے۔

ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ مفہوم سورة کی معرفت مفہوم قرآن پر موقوف ہے اس لئے کہ سورة تو کسی کتاب کا بعض حصہ معین ہے جس کا اول وآخر بیان ہو وہ توقیفی ہے خواہ کلام منزل قرآن ہو یا غیر قرآن ہو، کیونکہ انجیل اور زبور کی سورة پر بھی سورة کا اطلاق ہے۔اسی لئے ابن حاجب نے اپنی تعریف میں "منہ" کا لفظ بڑھانے کی احتیاج سمجھی تا کہ سورة سے مراد قرآن کی سورة ہو۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله ونورد ابحاثه ای بیان اقسامه واحواله المتعلقة بأفادة المعانی واثبات الاحکام فالکلام فی تعریفه خارج عن ذلک والمراد بالابحاث المتعلقة بأفادة المعانی ما له مزید تعلق بأفادة الاحکام ولم یبین فی علم العربیة مستوفی کالمخصوص والعموم والاشتراک ونحو ذلک لا کالأعراب والبناء والتعریف والتنکیر وغیر ذلک من مباحث العربیة وان تعلقت بافادة المعانی، لایقال المراد ما یتعلق بأفادة الکتاب المعنی وهذا یعم

شرعی.(التنقیح والتوضیح)

ہم اس کی کچھ ابحاث کا ذکر کرتے ہیں ،ابحاثہ، کی ضمیر کتاب کی طرف لوٹ رہی ہے، یعنی ہم کتاب کی ابحاث کو دو بابوں میں ذکر کر رہے ہیں۔ پہلا باب افادہ معنی میں۔

جان لے کہ بیشک غرض یہ ہے کہ کتاب حکم شرعی کا فائدہ دے، حکم شرعی کا افادہ موقوف ہے افادہ معنی پر۔ تو ضروری ہے کہ افادہ معنی سے بحث کی جائے، تو اس باب میں خاص، عام، مشترک اور حقیقت ومجاز وغیرہ کی بحثیں کی جائیں گی، اس لحاظ پر کہ یہ معنی کا فائدہ دیتے ہیں۔

دوسری بحث افادہ شرعی کے بیان میں ہے، مثلاً امر میں بحث کی جاتی ہے کہ امر وجوب کا فائدہ دیتا ہے اور نہی حرمت کا فائدہ دیتی ہے، اور وجوب وحرمت حکم شرعی ہیں۔

الكتاب وغيره لأنا نقول و كذلك المباحث الموردة في الباب الأول بل الثاني ايضا ولهذا قيل كان حقها ان يؤخرعن الكتاب والسنة الا ان نظم الكتاب لما كان متواترا محفوظا كان مباحث النظم أليق وألصق فذكرعقيبه.

مصنف نے بیان فرمایا"نورد ابحاثه "یعنی ہم ذکر کر رہے ہیں اس (کتاب) کے اقسام اور احوال کا بیان جو افادہ معانی اور اثبات احکام سے متعلق ہیں۔

کلام جو کتاب کی تعریف میں ہے وہ اس سے خارج ہے، ابحاث سے مراد وہ ہیں جن کا تعلق افادہ معانی سے ہے جن کا زیادہ تعلق افادہ احکام سے ہے یہ وہ ابحاث ہیں جن کو اہل عربیت نے اس طرح تفصیل سے نہیں ذکر کیا جس طرح اصولیین نے ذکر کیا ہے جیسے خصوص، عموم، اشتراک وغیرہ۔

وہ ابحاث مراد نہیں جو عربیۃ کی ابحاث ہیں جیسے اعراب، بنا، تعریف وتنکیر وغیرہ اگر چہ ان کا تعلق بھی افادہ معانی سے ہے۔

اعتراض: مصنف نے تو ان ابحاث کا ذکر کیا جو کتاب سے معانی کا فائدہ دیں، حالانکہ خصوص وعموم وغیرہ تو عام ہیں ان کا تعلق کتاب وسنت وغیرہ سے عام ہے؟

جواب: اس طرح کی ابحاث باب اول میں بلکہ باب ثانی میں بھی وارد ہیں ٹھیک ہے ان کا تعلق کتاب وغیرہ سے عام ہے، اسی وجہ سے کہا گیا ہے کہ حق یہ ہے کہ ان کو کتاب اور سنت سے مؤخر کیا جاتا، مگر نظم کتاب جب متواترا منقول ہے

مصنف فرماتے ہیں :الباب الأول، لما كان القرآن نظما دالا على المعنى قسم اللفظ بالنسبة الى المعنى اربع تقسيمات. (التنقيح)

پہلا باب نظم کے معنی کا فائدہ دینے کے بیان میں: جب قرآن نظم ہے معنی پر دلالت کرتا ہے تو لفظ کی بنسبت معنی کی چار تقسیمیں کیں۔

وہ چار تقسیمیں یہ ہیں: باعتبار وضع کے تقسیم اول ہے، باعتبار استعمال کے تقسیم ثانی ہے، باعتبار ظہور معنی اور خفاء معنی اوران کے مراتب کے تقسیم ثالث ہے، پھر دلالت کی کیفیت کے لحاظ سے چوتھی تقسیم ہے۔(عبارت کی ترتیب کے لحاظ پران شاءاللہ آگے آرہا ہے)

مصنف وضاحت فرماتے ہیں :المراد بالنظم هنا اللفظ الا ان فى الطلاق اللفظ على القرآن نوع سوء ادب لأن اللفظ فى الأصل اسقاط شئ من الفم فلهذا اختار النظم مقام اللفظ.

تنقیح میں جو نظم ذکر ہے اس سے مراد لفظ ہے مگر لفظ کا اطلاق قرآن کیلئے سوء ادب کی قسم ہے کیونکہ لفظ اصل میں کسی چیز کو منہ سے گرانا ہے، اسی وجہ سے لفظ کی جگہ نظم کو اختیار کیا ہے۔ کیونکہ نظم کا معنی ہے موتیوں کو ایک لڑی میں پرونا۔

مصنف فرماتے ہیں :وقد روى عن أبى حنيفة رحمه الله انه لم يجعل النظم ركنا لازما فى حق جواز الصلوة خاصة بل اعتبر المعنى فقط حتى لوقرأ بغير العربية فى الصلوة من غير عذر جازت الصلوة عنده، وانما قال خاصة لأنه جعله لازما فى غير جواز الصلوة كقراء الجنب والحائض حتى لوقرأ آية من القرآن بالفارسية يجوز لأنه ليس بقرآن لعدم النظم، لكن الأصح انه رجع عن هذا القول اى عن لزوم النظم فى حق جواز الصلوة فلهذا لم أورد هذا القول فى المتن بل قلت ان القرآن عبارة عن النظم الدال على المعنى ومشائخنا قالوا ان القرآن عبارة عن النظم الدال

اور محفوظ ہے تو نظم کی ابحاث کو کتاب کے ساتھ ذکر کرنا زیادہ لائق اور زیادہ مناسب تھا۔

آگے سنت کا جہاں ذکر کیا ہے وہاں بتادیا ہے کہ جو ابحاث کتاب سے متعلق ہیں ان کا تعلق سنت سے بھی ہے۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں :قوله لما كان، يريد ان اللفظ الدال على المعنى بالوضع لابد له من وضع للمعنى واستعمال فيه ودلالة عليه فتقسيم اللفظ بالنسبة الى معناه ان كان باعتبار وضعه له فهو الأول وان كان باعتبار استعماله فيه فهو الثانى وان كان باعتبار دلالته عليه فان اعتبر فيه

عن المعنى قالوا ان القرآن هو النظم والمعنى، والظاهران مرادهم النظم الدال على المعنى فاخترت هذه العبارة. (التوضیح)

امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا جواز صلوۃ کے حق میں نظم کو رکن نہ سمجھنا :

تحقیق روایت کیا گیا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے نظم کو نماز کے جواز کے حق میں خاص کر کے رکن لازم نہ سمجھا بلکہ معنی کا اعتبار کیا ہے فقط، اگر کوئی بغیر عربی کی نماز کے نماز میں بغیر کسی عذر کے قرآن پڑھے تو اس کی نماز جائز ہے۔

وانما قال خاصة : نماز میں خاص کر کے ذکر کرنے کا فائدہ یہ ہے کہ آپ نے نماز کے علاوہ عربیت کو لازم قرار دیا، اسی وجہ سے اگر حیض والی عورت یا جنبی شخص قرآن کو فارسی زبان میں پڑھے تو جائز ہے، یعنی نظم کے عدم عربیت کی وجہ سے اسے قرآن نہیں کہا جا سکتا۔

تنبیہ : نورالانوار اور قمرالاقمار میں ذکر ہے کہ آپ نے نماز میں غیر عربیت کے جواز کا قول کیا اس سے مراد ہر زبان نہیں بلکہ صرف فارسی زبان ہے کیونکہ یہ فصاحت وبلاغت کے لحاظ سے عربی کے قریب ہے، آپ نے یہ قول بحر توحید میں مستغرق ہونے کی وجہ سے کیا کہ انسان کی نماز میں توجہ صرف اللہ تعالی کی طرف رہے عربی زبان کی فصاحت وبلاغت اور سجع کی طرف توجہ نہ جائے۔ (راقم)

صحیح یہ ہے کہ آپ نے رجوع فرمایا (جب دیکھا کہ جہلاء اس کا مطلب غلط لے رہے ہیں تو آپ نے اس قول سے ہی رجوع فرمالیا) یعنی آپ نے اپنے قول "کہ نماز کے جواز میں نظم عربیت لازم نہیں" سے رجوع فرمالیا۔

مصنف کہتے ہیں اسی لئے میں نے آپ کے قول کو متن میں ذکر نہیں کیا بلکہ میں نے یہ کہا کہ قرآن عبارت ہے اس نظم سے جو معنی پر دال ہے۔ اور ہمارے مشائخ نے بیان فرمایا کہ بیشک قرآن وہ نظم اور معنی ہے، ظاہر یہ ہے کہ ان کی مراد یہ ہے کہ نظم دلالت کرتی ہے معنی پر، اسی لئے متن میں میں نے اسی عبارت کو پسند کیا ہے۔

مصنف تقسیمات اربعہ کا ذکر کرتے ہیں : باعتبار وضعه له ، هذا هو التقسيم الأول من التقاسيم الأربعة

الظهور والخفاء فهو الثالث والا فهو الربع. (التلويح)

مصنف کا قول لما کان الخ، اس سے مصنف نے یہ بیان کرنے کا ارادہ کیا ہے لفظ دلالت کرے گا معنی پر وضع کے لحاظ سے تو ضروری ہے کہ لفظ کو معنی کیلئے وضع کیا جائے اور اس میں استعمال ہو اور اس میں دلالت کرے۔

تقسیمات اربعہ میں وجہ حصر : لفظ کی تقسیم باعتبار معنی کے اگر اس میں وضع کا اعتبار ہو تو وہ تقسیم اول ہے، اور اگر اس

فينقسم الكلام باعتبار الوضع الى الخاص والعام والمشترك كما يأتي، وهذا ما قال فخر الاسلام رحمه الله الأول في وجوه النظم صيغة ولغة، ثم باعتبار استعماله فيه، هذا هو التقسيم الثاني فينقسم اللفظ باعتبار الاستعمال انه مستعمل في الموضوع له أو في غيره كما يجي، ثم باعتبار ظهور المعنى عنه وخفائه ومراتبهما ، وهذا ما قال فخر الاسلام والثاني في وجوه البيان بذلك النظم، وانما جعلت هذا التقسيم ثالثا واعتبار الاستعمال ثانيا على عكس ما أورده فخر الاسلام لأن الاستعمال مقدم على ظهور المعنى وخفائه، ثم في كيفيه دلالته عليه ، وهذا ما قال فخر الاسلام والرابع في وجوه الوقوف على احكام النظم.(التنقيح والتوضيح)

ایک تقسیم کا تعلق ہے نظم کو معنی کیلئے وضع کرنے کے اعتبار سے، یہ وہ تقسیم اول ہے تقاسیم اربعہ میں سے، کلام باعتبار وضع کے خاص اور عام اور مشترک کی طرف منقسم ہے۔ جس طرح عنقریب اس کا ذکر آئے گا، اسی کو فخر الاسلام (علی بزدوی) نے یوں بیان کیا ہے پہلی تقسیم باعتبار وجوہ نظم کے ازروئے صیغہ ولغت کے۔

میں استعمال کا لحاظ کیا جائے تو تقسیم ثانی، اور اگر اس میں لحاظ کیا جائے ظہور وخفاء کا تو وہ تقسیم ثالث ہے ورنہ وہ تقسیم رابع ہے۔

فخر الاسلام نے تقسیمات کو جسطرح ذکر کیا اسے علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں :

وجعل فخر الاسلام هذه الاقسام النظم والمعنى وجعل الاقسام الخارجة من التقسيم الرابع فجعلها تارة الاستدلال بالعبارة وبالاشارة وبالدلالة وبالاقتضاء وتارة الاستدلال بالعبارة والاشارة والثابت بالدلالة وبالاقتضاء وتارة الوقوف بعبارة النص واشارته ودلالته واقتضائه وذكر في تفسيرها ما هو صفة للمعنى كالثابت بالنظم مقصودا أوغير مقصود والثابت بمعنى النظم والثابت بالزيادة على النص شرطا لصحته فذهب بعضهم الى ان اقسام التقسيم الرابع للمعنى والبواقي للنظم وبعضهم الى ان الدلالة والاقتضاء اقسام للمعنى والبواقي للنظم، وصرح المصنف بان الجميع اقسام اللفظ بالنسبة الى المعنى اخذا بالحاصل وميلا الى الضبط، فاقسام التقسيم الرابع هو الدال بطريق العبارة والاشارة والدلالة والاقتضاء عدم الالتفات الى العبارات واختلافها في داب المشائخ.(التلويح)

پھراور تقسیم نظم کے استعمال کے اعتبار سے ہے، یہ تقسیم ثانی ہے، یعنی لفظ منقسم ہوتا ہے باعتبار استعمال کے کہ بیشک وہ موضوع لہ میں استعمال ہے یہ غیر موضوع لہ میں، جنطرح عنقریب آئے گا۔ پھراور تقسیم باعتبار لفظ سے معنی کے ظہور اور خفاء کے لحاظ پر ہے اور ان کے مراتب سے ہے۔ اسی کو فخر الاسلام نے بیان کیا ہے کہ دوسری تقسیم باعتبار وجوہ بیان کے ہے اس نظم سے۔

مصنف کہتے ہیں میں نے اسے تقسیم ثالث بنایا ہے اور استعمال کے اعتبار سے تقسیم کو ثانی بنایا ہے۔ فخر الاسلام کی ترتیب کے بالعکس اسی لئے میں نے ذکر کیا کہ استعمال مقدم باعتبار ظہور معنی اور خفاء معنی کے۔ پھراور تقسیم الفاظ کے معانی پر دلالت کرنے کی کیفیت سے ہے، اسی کو فخر الاسلام نے یوں بیان کیا ہے چوتھی تقسیم احکام نظم کے وجوہ وقوف پر ہے۔

فخر الاسلام نے ان اقسام (تقسیمات) کو نظم اور معنی کی اقسام سے بنایا ہے، اور جو اقسام تقسیم رابع سے نکلنے والے ہیں ان کو فخر الاسلام نے مختلف الفاظ سے بیان کیا ہے۔ کبھی بیان کیا استدلال عبارت سے ہوگا یا اشارہ سے یا دلالت یا اقتضاء سے، اور کبھی بیان کیا استدلال ہوگا عبارت یا اشارہ سے اور ثابت ہوگا دلالت یا اقتضاء سے۔ اور کبھی بیان کیا وقوف حاصل ہوگا عبارۃ النص یا اشارۃ النص یا دلالۃ النص یا اقتضاء النص سے اور ان کی تفسیر میں یہ ذکر کیا کہ جو معنی کی صفت ہے جیسے نظم سے ثابت ہو مقصود یا غیر مقصود، اور ثابت معنی نظم اور ثابت نص پر زیادتی یعنی اقتضاء النص سے شرط ہیں اس حکم صحیح ہونے کی۔ اور بعض حضرات اس طرف گئے ہیں کہ تقسیم رابع کی اقسام معنی سے ہیں اور باقی اقسام نظم کی ہیں۔

مصنف نے تصریح کی ہے کہ سب اقسام لفظ کی ہیں باعتبار معنی کے، اس نے ماحصل اور ضبط کی طرف میلان کرنے سے یہ بیان کیا ہے، تقسیم رابع کی اقسام لفظ کی اس طرح ہیں کہ لفظ کی دلالت معنی پر عبارۃ النص سے ہوگی یا دلالۃ النص سے یا اقتضاء النص سے۔

مشائخ کی عادت یہی ہے کہ وہ مختلف عبارات کی طرف توجہ نہیں کرتے بلکہ ان کی نظر مطالب ومقاصد پر ہوتی ہے، اس لئے مصنف کا بیان ہی واضح ہے۔

لفظ کی باعتبار معنی کی توجیہ علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں :

وعلى ما ذكر من تقسيم اللفظ بالنسبة الى المعنى يحمل قولهم اقسام النظم والمعنى كما قالوا القرآن هو النظم والمعنى جميعا وارادوا انه النظم الدال على المعنى لا لمجموع اللفظ

والمعنی وكذا الاعجاز يتعلق بالبلاغة وهي من الصفات الراجعة الى اللفظ باعتبار افادته المعنى فانه اذا قصدت تادية المعنى بالتراكيب حدثت اعراض مختلفة تقتضي اعتبار كيفيات وخصوصيات في النظم فان روعيت على ما صفة النظم باعتبار افادته المعنى فانه اذا قصدت تأدية المعنى بالتراكيب حدثت اعراض مختلفة تقتضي اعتبار كيفيات وخصوصيات في النظم، فان روعيت على ما ينبغي بقدر الطاقة صار الكلام بليغا، واذا بلغ في ذلك حدا تمتنع معارضته صار معجزا فالاعجاز صفة النظم باعتبار افادة المعنى لا صفة النظم والمعنى. (التلويح)

جولفظ کی تقسیم باعتبار معنی کے ذکر کی گئی ہے تو ان کے قول کو نظم اور معنی کی اقسام پر محمول کریں گے جیسا کہ انہوں نے کہا قرآن وہ نظم اور معنی جمیعا ہیں۔ان کا مقصد یہ ہے کہ نظم معنی پر دلالت کرتی ہے یہ ان کی مراد نہیں کہ نظم لفظ اور معنی پر جمیعا دلالت کرتی ہے۔اسی طرح اعجاز کا تعلق بلاغت سے ہے، کہ بلاغت ان صفات سے ہے جو لفظ کی طرف راجع ہے۔ اس اعتبار سے کہ لفظ معنی کا فائدہ دیتا ہے، جب تم ارادہ کرو معنی کے ادا کرنے کا تراکیب کے ذریعے تو وہاں مختلف اعراض ثابت ہو جائیں گی جو نظم کی کیفیات وخصوصیات کو چاہیں گی۔

اگر ان میں بقدر طاقت انسانیہ کے رعایت کی جائے تو کلام بلیغ ہوگی، جب کلام اس حد تک پہنچ جائے کہ اس سے معارضہ ممکن نہ رہے تو وہ کلام معجز ہوگی، تو واضح ہوا کہ اعجاز صفت ہے نظم کی باعتبار معنی کا فائدہ دینے کے نہ باعتبار نظم اور معنی کے مجموع کے۔

بعض حضرات نے کہا قرآن کا معنی بذاتہ معجز ہے ،علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: وقد يقال ان معنى القرآن نفسه ايضا معجز لأن الاطلاع عليه خارج عن طوق البشر كما نقل ان تفسير الفاتحة اوقار من العلم والجواب ان هذا ايضا من اعجاز النظم لأنه يحتمل من المعاني ما لايحتمله كلام آخر ومقصود المشائخ من قولهم هو النظم والمعنى جميعا دفع التوهم الناشي من قول أبي حنيفة رحمه الله بجواز القراءة بالفارسية في الصلوة ان القرآن عنده اسم للمعنى خاصة. (التلويح)

بعض حضرات نے کہا کہ بیشک معنی قرآن بذاتہ ہی معجزہ ہے کیونکہ اس کی حقیقی مراد پر مطلع ہونا طاقت بشریہ سے خارج ہے جیسے کہا جاتا ہے سورۃ فاتحہ کی تفسیر میں علم کے انبار ہیں۔

تو اس کا جواب یہ دیا گیا کہ بیشک یہ بھی نظم کا اعجاز ہے اس لئے کہ جن معانی کا اس میں احتمال ہے وہ کسی دوسرے کلام میں احتمال نہیں، مشائخ کا اپنے قول کہ قرآن نظم اور معنی کا مجموعہ ہے اس سے جو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول سے وہم

ہو رہا تھا اسے مندفع کرنا مقصود ہے کیونکہ آپ نے فرمایا کہ فارسی زبان میں قرآن پڑھنے سے نماز جائز ہے، اس سے یہ وہم ہو رہا تھا کہ شاید آپ صرف معنی کو قرآن کہتے ہیں، نظم کو نہیں۔

نظم سے مراد لفظ ہے، علامہ تفتازانی اسے بیان فرماتے ہیں: **قوله المراد من النظم ههنا اللفظ، لايقال النظم على ما فسره المحققون هو ترتب الالفاظ متربة المعانى متناسقة الدلالات على وفق ما يقتضيه العقل لاتواليها في النطق وضم بعضها الى بعض كيف ما اتفق أو هو الالفاظ المترتبة بهذا الاعتبار حتى لو قيل في "قفا نبک من ذكرى حبيب" نبک قفا من حبيب ذكرى، كان لفظا لا نظما، لأنا نقول هو يطلق في هذا المقام على المفرد حيث يقسم الى الخاص والعام والمشترک ونحو ذلک، فالمراد به اللفظ لاغير، اللهم الا ان يقال المراد باقسام النظم الاقسام المتعلقة بالنظم بأن تقع صفة لمفرداته والالفاظ الواقعة فيه لا صفة للنظم نفسه اذ الموصوف بالخاص والعام والمشترک ونحو ذلک عرفا هو اللفظ دون النظم، فان قيل كما ان اللفظ يطلق على الرمى فكذا النظم على الشعر فينبغى ان يحترز عن اطلاقه قلنا النظم حقيقة فى جمع اللؤلؤ فى السلک ومنه نظم الشعر واللفظ حقيقة فى الرمى ومنه اللفظ يعنى التكلم فاوثر النظم رعاية للأدب واشارة الى تشبيه الكلمات بالدر.** (التلويح)

مصنف نے بیان کیا کہ نظم سے مراد یہاں لفظ ہے۔

اعتراض: نظم کی تفسیر تو محققین نے یہ بیان کی ہے کہ الفاظ کی ترتیب معانی کی ترکیب کے مناسب ہو کہ الفاظ معانی پر دلالت کریں جسطرح عقل چاہے مطلقا نطق میں لگاتار الفاظ کا ذکر کرنا اور جیسے بھی اتفاق ہوا اسی طرح بعض کو بعض سے ملانا معتبر نہیں، یا نظم الفاظ مترتبہ کو کہتے ہیں کہ ان کا وزن صحیح ہو "قفا نبک من ذکر حبیب" کی جگہ اگر یہ کہا جائے "نبک قفا من حبیب ذکری" تو یہ لفظ ہے نظم نہیں۔

جواب: یہاں نظم سے مراد مفرد الفاظ ہیں جن کی تقسیم خاص، عام اور مشترک وغیرہ کی طرف ہے وہ عرفا الفاظ ہی ہیں نظم نہیں اس لئے مصنف نے بیان کیا ہے کہ نظم سے مراد یہاں لفظ ہیں۔ ہاں مگر یہ کہا جائے کہ اقسام نظم سے مراد وہ اقسام ہیں جن کا تعلق نظم یعنی الفاظ سے ہے بایں طور کہ وہ مفردات کی صفات ہیں نہ کہ لفظ نظم کی صفات ہیں، جیسے لفظ مفرد کا خاص و عام اور مشترک سے متصف ہونا عرفا یہ لفظ ہے نہ کہ نظم۔

اعتراض: جس طرح لفظ کا معنی پھینکنا، وہ قرآن پاک کیلئے استعمال کرنا مناسب نہیں تو اس طرح نظم کا اطلاق شعروں

پڑھوتا ہے، قرآن پاک کیلئے شعر کا اطلاق بھی درست نہیں۔تو اس سے بھی احتراز ضروری ہے۔
جواب: نظم کا حقیقی معنی موتیوں کو دھاگے کی لڑی میں پرونا ہے، اسی سے نظم الشعر پر بھی اطلاق ہوتا ہے موتیوں کو لڑی میں پرونے والا معنی قرآن پاک کے مناسب ہے۔لیکن لفظ کا حقیقی معنی ہے پھینکنا، اسی سے لفظ تکلم لیا گیا ہے، اسلئے مصنف نے ادب کی رعایت کرتے ہوئے نظم کو اختیار کیا ہے، کلمات کو موتیوں سے تشبیہ دینے کی طرف اشارہ کیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

قوله بل اعتبر المعنى، لأن مبنى النظم على التوسعة والمعنى هو المقصود لاسيما فى حالة المناجات فرخص فى اسقاط لزوم النظم ورخصة الاسقاط لايختص بالعذر وذلك فيمن لايتهم بشىء من البدع وقد تكلم بكلمة أوأكثر غير مؤولة ولامحتملة للمعانى وقيل من غير اختلال النظم حتى تبطل الصلوة بقراء ة التفسير اتفاقا وقيل من غير تعمد والا لكان مجنونا فيداوى أوزنديقا فيقتل، واما الكلام فى ان ركن الشىء كيف لايكون لازما فسيجىء.

مصنف نے بیان کیا ہے کہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے صرف معنی کا اعتبار کیا ہے، اسلئے کہ نظم کی بناء وسعت پر ہے، اور معنی ہی مقصود ہے، خاص کر کے حالت مناجات میں تو رخصت دی گئی لزوم نظم کے اسقاط میں۔اور رخصت اسقاط عذر سے خاص نہیں، اور یہ اس شخص کے حق میں ہے جو بدعات سے کبھی متہم نہ ہوا ہو، اور تحقیق اس نے کلام کیا ہو ایک کلمہ یا زیادہ سے جو مؤول بھی نہ ہوں اور معانی کا احتمال بھی نہ ہو۔

اور بعض حضرات نے کہا ہے کہ نظم میں ایسا خلل نہ آئے جس سے نماز باطل ہوجائے، اسی لئے قرآن پاک میں تفسیر کے الفاظ پڑھنے سے نماز بالاتفاق باطل ہوجائے گی، قرآن پاک میں تفسیر کے الفاظ پڑھنے سے صرف نماز کے باطل ہونے کا قول اس وقت کیا جائے گا جبکہ وہ عمداً تفسیری الفاظ کو شامل نہ کرے، اگر عمداً شامل کرے تو وہ مجنون ہوگا اس کی دوا کی جائے یا زندیق ہوگا اسے قتل کردیا جائے، اس میں کلام کہ ایک چیز کا رکن کس طرح لازم نہیں ان شاء اللہ عنقریب آئے گی۔

اعتراض وجواب، علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں : **فان قيل ان كان المعنى قرآنا يلزم عدم اعتبار النظم فى القرآن وعدم صدق الحد اعنى المنقول بين دفتى المصاحف تواترا عليه وان لم يكن قرآنا يلزم عدم فرضية قراء ة القرآن فى الصلوة قلنا أقام العبارة الفارسية مقام النظم المنقول فجعل النظم مرعيا منقولا فى المصاحف تقديرا وان لم يكن تحقيقا أوحمل قوله تعالى فاقرؤا ما**

تیسر من القرآن علی وجوب رعایۃ المعنی دون اللفظ بدلیل لاح لا فان قیل فعلی الاول یلزم فی الآیۃ الجمع بین الحقیقۃ والمجاز وذا لایجوز اذا القرآن حقیقۃ فی النظم العربی المنقول مجاز فی غیرہ قلنا ممنوع لجواز ان یراد الحقیقۃ ویثبت الحکم فی المجاز بالقیاس أو دلالۃ النص نظرا الی ان المعتبر ھو المعنی علی ما سبق. (التلویح)

اعتراض: اگر معنی قرآن ہو تو لازم آئے گا کہ نظم قرآن میں معتبر نہیں، اس طرح تعریف ہی صحیح نہیں آئے گی کیونکہ مصاحف کی تختیوں میں تواتر سے منقول تو الفاظ ہیں نہ کہ معانی، اور اگر تم کہو کہ معنی قرآن نہیں تو لازم آئے گا کہ قراءت قرآن نماز میں فرض نہ ہو۔

جواب: فارسی عبارت کو نظم منقول کے قائم مقام رکھنے سے مصاحف میں تقدیراً نظم منقول کی رعایت پائی جائے گی، اگرچہ تحقیقاً رعایت نہیں پائی گئی۔

یا ہم اللہ تعالیٰ کے ارشاد گرامی "فاقرءوا ما تیسر من القرآن" کو محمول کریں گے اس پر کہ معنی کی رعایت واجب ہے لفظ کی رعایت واجب نہیں، اس دلیل سے جو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے قول سے دلیل ظاہر ہے۔

اعتراض: تمہارے پہلے جواب کہ فارسی عبارت کو نظم عربی منقول کو قائم مقام کر دیا گیا ہے تو آیۃ میں حقیقت ومجاز کا اجتماع لازم آئے گا کیونکہ قرآن حقیقت میں نظم عربی منقول متواترا ہے اس کے سوا مجاز ہے۔

جواب: منع اس وقت ہوتا ہے جب حقیقت ومجاز کو بیک وقت مراد لیا جائے، ہم کہتے ہیں کہ اصل میں نظم عربی والا معنی ہی لیا گیا ہے جو کہ حقیقت ہے، فارسی کو نظم عربی پر محمول قیاس یا دلالۃ النص سے کیا گیا ہے، اب کوئی حقیقت ومجاز کا اجتماع ممنوع لازم نہ آیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قولہ بغیر العربیۃ اشارۃ الی ان الفارسیۃ وغیرھا سواء فی ذلک الحکم وقیل الخلاف فی الفارسیۃ لاغیر.

مصنف کا قول اگر نماز میں غیر عربی قرآن پڑھے تو اس کی نماز جائز ہے اس سے پتہ چلا کہ فارسی اور غیر فارسی برابر ہیں، البتہ بعض حضرات نے کہا اختلاف صرف فارسی زبان میں ہے باقی زبانوں سے قرآن پڑھنے میں نماز کا عدم جواز ثابت ہے، راقم کے نزدیک یہی قول معتبر ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قولہ حتی لو قرأ آیۃ اشارۃ الی انہ لایجوز الاعتبار والمداومۃ علی القراءۃ بالفارسیۃ للجنب والحائض بل للمتطھر ایضا، فان قیل المتأخرون علی انہ تجب سجدۃ التلاوۃ

بالقراءة الفارسية ويحرم لغير المتطهر مس مصحف كتب بالفارسية فقد جعل النظم غير لازم في ذلك ايضا فلايصح قوله خاصة، قلنا بنى كلامه على رأى المتقدمين فانه لانص عنهم في ذلك والمتأخرون بنوا الامر على الاحتياط لقيام الركن المقصود اعنى المعنى.(التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ اگر ایک آیۃ فارسی میں جنبی شخص یا حیض والی عورت پڑھے تو جائز ہے کہ اسے قرآن نہیں کہا جائے گا، ایک آیۃ کہہ کر اس طرف اشارہ کیا ہے کہ عادت بنانا اور ہمیشہ فارسی میں قرآن جنبی شخص اور حیض والی عورت کیلئے جائز نہیں بلکہ پاک شخص کیلئے بھی جائز نہیں۔

اعتراض: متاخرین نے تو یہ کہا ہے کہ فارسی میں آیۃ سجدہ تلاوت کرنے سے سجدہ لازم آجاتا ہے اور غیر متطہر کو فارسی میں لکھے ہوئے قرآن کو چھونا حرام ہے، اس سے تو پتہ چلا کہ نظم قرآن لازم نہیں، اور مصنف کا ''خاصة'' کہنا بھی صحیح نہیں۔

جواب: مصنف کا کلام متقدمین کی رائے کے مطابق ہے ان سے اس پر کوئی نص نہیں، متاخرین نے احتیاط پر مبنی کلام کیا ہے کہ رکن مقصود یعنی معنی پایا گیا ہے۔ اسی کا اعتبار کرتے ہوئے فارسی میں لکھے ہوئے قرآن کو چھونا انہوں نے حرام قرار دیا، اور فارسی میں آیۃ سجدہ کی تلاوت سے سجدہ لازم کیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله لكن الأصح انه رجع الى قولهما على ما روى نوح بن أبي مريم عنه قال فخر الاسلام لأن ما قاله يخالف كتاب الله تعالى ظاهرا حيث وصف المنزل بالعربي وقال صدر الاسلام أبو اليسر هذه مسئلة مشكلة اذ لايتضح لأحد ما قاله أبو حنيفة رحمه الله وقد صنف الكرخي فيها تصنيفا طويلا ولم يأت بدليل شاف.(التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ بیشک اصح یہ ہے کہ آپ نے رجوع فرمایا صاحبین کے قول کی طرف نوح ابن ابی مریم سے یہی مروی ہے، فخر الاسلام نے کہا آپ کا ارشاد بظاہر کتاب اللہ کے مخالف تھا کیونکہ قرآن میں ''انا انزلناه قرآنا عربیا'' تو اسی لئے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے رجوع فرمایا۔ صدر الاسلام ابوالیسر نے کہا یہ مسئلہ مشکل ہے کسی ایک پر یہ واضح ہی نہیں ہوسکا کہ آپ نے جو ارشاد فرمایا اس کا مطلب کیا تھا (مطلب اس کا وہی تھا جو راقم نے نور الانوار اور قمر الاقمار سے بیان کردیا) علامہ کرخی نے اس مسئلہ میں ایک طویل کتاب تصنیف فرمائی، لیکن علامہ تفتازانی فرماتے ہیں انہوں نے کوئی دلیل شافی نہیں لائی۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله باعتبار وضعه بيان للتقسيمات الأربع اجمالا، وفي لفظ ثم دلالة على ترتيبها على الوجه المذكور لأن السابق في الاعتبار هو وضع اللفظ للمعنى ثم استعماله فيه ثم ظهور المعنى وخفاؤه من اللفظ المستعمل فيه وبعد ذلك البحث عن كيفية دلالة اللفظ على المعنى المستعمل هو فيه ظاهرا كان أو خفيا. (التلويح)

مصنف نے "باعتبار وضعه الخ" سے چار تقسیمات کو اجمالی طور پر ذکر کیا، پھر آگے تینوں تقسیمات کے ساتھ لفظ "ثم" ذکر کر کے ترتیب مذکور کو واضح کیا، کہ سب سے پہلے اعتبار لفظ کو معنی کیلئے وضع کرنا ہے، پھر اس کے استعمال کا اس معنی میں اعتبار کیا گیا۔ پھر لفظ کا استعمال ظہور معنی میں ہے یا خفاء معنی میں ہے، اس کے بعد لفظ کی دلالت کی کیفیت کا اعتبار کیا گیا ہے خواہ لفظ کا استعمال ظہور معنی کیلئے ہو یا خفاء معنی کیلئے ہو۔

فخر الاسلام کی ترتیب اور اس کی وجہ علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں: وفخر الاسلام قدم التقسيم باعتبار ظهور المعنى وخفائه عن اللفظ على التقسيم باعتبار استعماله في المعنى نظرا الى ان التصرف في الكلام نوعان تصرف في اللفظ وتصرف في المعنى والأول مقدم ثم الاستعمال مرتب على ذلك حتى كأنه لوحظ اولا المعنى ظهورا أو خفاء ثم استعمل اللفظ فيه.

فخر الاسلام نے ظہور معنی اور خفاء معنی کی تقسیم کو مقدم ذکر کیا ہے لفظ کا معنی میں استعمال کی تقسیم کے اس طرف نظر کرتے ہوئے کہ کلام میں تصرف کی دو قسمیں ہیں، ایک لفظ میں تصرف اور دوسری قسم معنی میں تصرف، اول مقدم ہے۔ پھر استعمال اس پر مرتب ہے اس لئے پہلے ظہور و خفاء کا اعتبار کیا جائے گا، پھر استعمال کا لحاظ کیا جائے۔

تقسیمات کی وضاحت علامہ تفتازانی فرماتے ہیں۔

فاللفظ بالنسبة الى المعنى ينقسم بالتقسيم الأول عند القوم الى الخاص والعام والمشترك والمؤول لأنه ان دل على معنى واحد فاما على الانفراد وهو الخاص أو على الاشتراك بين الافراد وهو العام وان دل على معان متعددة فان ترجح البعض على الباقي فهو الأول والا فهو المشترك والمصنف اسقط المؤول عن درجة الاعتبار وادرج الجمع المنكر.

لفظ بنسبت معنی کے منقسم ہوگا تقسیم اول سے قوم کے نزدیک خاص، عام، مشترک، اور مؤول کی طرف، اس لئے کہ لفظ دلالت کرے گا ایک معنی پر یا متعدد معانی پر، اگر ایک معنی پر دلالت کرے تو مراد اس سے علی الانفراد ہوگا یا افراد میں علی الاشتراک مراد ہوگا۔ پہلا خاص ہے اور دوسرا عام ہے۔

اگر لفظ متعدد معانی پر دلالت کرے تو بعض کو اگر باقیوں پر ترجیح دی جائے تو مؤول ورنہ مشترک۔

مصنف نے مؤول کو درجہ اعتبار سے ساقط کیا ہے اور جمع منکر کو اس میں شامل کیا ہے، جس کا ذکر ان شاء اللہ آگے آرہا ہے۔

تقسیم ثانی کا بیان :وبالتقسيم الثاني الى الحقيقة والمجاز والصريح ولكناية لأنه ان استعمل في موضوعه فحقيقة والا فمجاز وكل منهما ان ظهر مراده فصريح وان استتر فكناية.

یعنی لفظ باعتبار استعمال کے منقسم ہے حقیقت ومجاز، صریح وکنایہ کی طرف، اسلئے کہ لفظ اگر استعمال ہوا اپنے معنی موضوع لہ میں تو حقیقت ہے ورنہ مجاز، پھر ہر ایک ان دونوں میں سے اگر مراد اس کی ظاہر ہو تو صریح اور اگر مراد مستتر ہو تو کنایہ۔

تقسیم ثالث کا بیان :وبالتقسيم الثالث الى الظاهر والنص والمفسر والمحكم والى مقابلاتها لأنه ان ظهر معناه فاما ان يحتمل التاويل اولا فان احتمل فان كان ظهور معناه بمجرد صيغته فهو الظاهر والا فهو النص وان لم يحتمل فان قبل النسخ فهو المفسر وان لم يقبل فهو المحكم، وان خفي معناه فأما ان يكون خفاؤه لغير الصيغة فهو الخفي أو لنفسها فان امكن ادراكه بالتأمل فهو المشكل والا فان كان البيان مرجوا فيه فهو المجمل والا فهو المتشابه.

تقسیم ثالث یعنی باعتبار ظہور معنی اور خفاء معنی کے لحاظ سے منقسم ہے ظاہر، نص، مفسر اور محکم کی طرف اور ان کے مقابلات یعنی خفی، مشکل، مجمل، اور متشابہ کی طرف۔

اس لئے کہ لفظ کا معنی اگر ظاہر ہو تو تاویل کا احتمال رکھے گا یا نہیں، اگر تاویل کا احتمال رکھے تو پھر دیکھا جائے اگر اس کا معنی فقط صیغہ سے ظاہر ہو تو اسے ظاہر کہا جائے ورنہ نص۔ اور اگر احتمال تاویل نہ رکھے تو دیکھا جائے وہ نسخ کو قبول کرتا ہے یا نہیں، اگر نسخ کو قبول کرے تو وہ مفسر ہے اور اگر نسخ کو قبول نہ کرے تو محکم۔ اگر معنی میں خفاء ہو تو وہ خفاء غیر صیغہ سے ہو تو خفی اور اگر خفاء نفس صیغہ سے ہو تو اس کا ادراک اگر تأمل سے ہو سکے تو وہ مشکل، اور اگر ادراک تأمل سے نہ ہو تو دیکھا جائے اگر اس میں بیان کی امید ہو تو وہ مجمل اور اگر بیان کی امید نہ ہو تو متشابہ۔

تقسیم رابع کا بیان :وبالتقسيم الرابع الى الدال بطريق العبارة وبطريق الاشارة وبطريق الدلالة وبطريق الاقتضاء لأنه ان دل على المعنى بالنظم فان كان مسوقا له فعبارة والا فاشارة وان لم يدل عليه بالنظم فان دل عليه بالمفهوم لغة فهو الدلالة والا فهو الاقتضاء والعمدة في ذلك

هو الاستقراء الا ان هذا وجه الضبط.

چوتھی تقسیم یعنی لفظ باعتبار کیفیت دلالت کے منقسم ہے اس طرف کہ وہ لفظ دلالت کرے گا عبارۃ کے طریقہ پر یا اشارہ کے طریقہ پر یا دلالت کے طریقہ پر یا اقتضاء کے طریقہ پر۔ اسلئے کہ اگر دلالت کرے معنی پر نظم سے اور کلام کو اسی مقصد کیلئے چلایا گیا ہو تو عبارۃ النص، ورنہ اشارۃ النص۔ اور اگر نظم سے معنی پر دلالت نہ ہو لیکن مفہوم لغوی اس پر دلالت کرے تو دلالۃ النص ورنہ اقتضاء النص۔

عمدہ اس میں حصر استقرائی ہے، تمام اقسام کی وجوہ حصر اُو، اما وغیرہ سے حصر حقیقی کے طور پر بیان کی گئی ہیں کہ ان کا یاد کرنا آسان ہو۔

اعتراض وجواب علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں :

فان قلت من حق الأقسام التباين والاختلاف وهو منتف فى هذه الاقسام ضرورة صدق بعضها على بعض كما لايخفى، قلت هذه تقسيمات متعددة باعتبارات مختلفة فلايلزم التباين والاختلاف بين جميع اقسامها بل بين الاقسام الخارجة من تقسيم تقسيم وهذا كما يقسم الاسم تارة الى المعرب والمبنى وتارة الى المعرفة والنكرة مع ان كلامنهما اما معرب أومبنى على انه لوجعل الجميع اقساما متقابلة يكفى فيها الاختلاف بالحيثيات والاعتبارات كما فى اقسام التقسيم الأول فان لفظ العين مثلا عام من حيث انه يتناول جميع افراد الباصرة ومشترك من حيث انه وضع للباصرة وغيره وكذا التقسيم الثانى.(التلويح)

اعتراض: اقسام میں تو تباین واختلاف ہونا چاہے حالانکہ مذکورہ اقسام میں تباین نہیں، بلکہ بعض اقسام دوسری بعض پر بھی سچی آرہی ہیں، جس میں کوئی خفاء نہیں؟

جواب: یہ متعدد تقسیمات بیان کی گئی ہیں جن میں مختلف اعتبارات پائے جاتے ہیں، اس لئے تمام اقسام میں تباین کا پایا جانا ضروری نہیں بلکہ ایک تقسیم کے اقسام میں تباین کا پایا جانا ضروری ہے یہ ایسے ہی ہے جیسے اسم کی تقسیم کبھی معرب اور مبنی کی طرف کی جاتی ہے اور کبھی معرفہ ونکرہ کی طرف باوجود اس کے کہ ہر ایک دونوں میں سے معرب بھی ہے اور مبنی بھی۔

اگر تمام اقسام کو متقابل بنایا جائے تو حیثیات واعتبارات کے لحاظ پر فرق کر لینا کافی ہے، جیسے تقسیم اول میں "عین" کو عام کہا جا سکتا ہے اس لحاظ پر یہ باصرہ کے تمام افراد کو شامل ہے، اور اسے مشترک کہا جا سکتا ہے اس لحاظ سے کہ یہ

باصرہ کیلئے بھی وضع اور غیر باصرہ کیلئے بھی۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله وهذا ما قال عبر فخر الاسلام عن التقسيم الأول بقوله في وجوه النظم صيغة ولغة فقيل الصيغة واللغة مترادفان والمقصود تقسيم النظم باعتبار معناه نفسه لا باعتبار المتكلم والسامع والأقرب ذكره المصنف وهو انه عبارة عن الوضع لأن الصيغة هي الهيئة العارضة للفظ باعتبار الحركات والسكنات وتقديم بعض الحروف علي بعض، واللغة هي اللفظ الموضوع والمراد بها ههنا مادة اللفظ وجوهر حروفه بقرينة انضمام الصيغة اليها، والواضع كما عين حروف ضرب بازاء المعنى المخصوص عين هيئته بازاء معنى المضى فاللفظ لايدل على معناه الا بوضع المادة والهيئة فعبر بذكرهما عن وضع اللفظ. (التلويح)

مصنف نے بیان فرمایا کہ پہلی تقسیم کو فخر الاسلام نے اپنے قول "في وجوه النظم صيغة ولغة" سے تعبیر کیا، علامہ تفتازانی فرماتے ہیں کہ بیان یہ کیا گیا ہے کہ "صیغۃ اور لغۃ" دونوں مترادف ہیں، مقصود اس سے نظم کی تقسیم باعتبار اس کے ذاتی معنی کے ہے، یہ مراد نہیں کہ متکلم کیا مراد لیتا ہے یا سامع کیا مراد لیتا ہے، زیادہ قریب وہی معنی ہے جو مصنف نے بیان کیا ہے کہ تقسیم اول باعتبار لفظ کی وضع کے ہے۔ اس لئے صیغہ کہا جاتا ہے اس ہیئت کو جو لفظ کو عارض ہوتی ہے باعتبار حرکات وسکنات اور بعض حروف کو بعض سے مقدم کرنے سے جو ہیئت حاصل ہوتی ہے۔

اور لغت اس لفظ کو کہا جاتا ہے جس کو وضع کیا جائے اور مراد یہاں مادہ لفظ اور جوہر لفظ ہے۔ قرینہ اس پر صیغہ کو اس کے ساتھ ملانا ہے۔ واضع جس طرح "ضرب" کے حروف کو معنی معین کیلئے مخصوص کرتا ہے وہ اسی طرح ہیئت کو بھی معین کرتا ہے کہ یہ ماضی کا صیغہ ہے زمانہ ماضی پر دلالت کر رہا ہے۔ معنی پر لفظ نہیں دلالت کرتا مگر باعتبار وضع اور ہیئت کے، مصنف نے بالاختصار اسی کو "باعتبار وضعه له" سے تعبیر کر دیا جو بہت جامع ومانع ہے۔

فخر الاسلام نے دوسری تقسیم کو بیان فرمایا علامہ تفتازانی وضاحت فرماتے ہیں:

وعبر عن التقسيم الثاني بقوله في وجوه استعمال النظم وجريانه في باب البيان اى في طرق استعماله من انه في الموضوع له فيكون حقيقة أوفي غيره فيكون مجازا أوفي طرق جريان النظم بيان المعنى واظهاره من أنه بطريق الوضوح فيكون صريحا أوبطريق الاستتار فيكون كناية، وعن الثالث بقوله في وجوه البيان بذلك النظم اى في طرق اظهار المعنى ومراتبه، وعن

تقسیم اول کو مصنف بالوضاحت بیان فرماتے ہیں :

التقسيم الأول اى الذى باعتبار وضع اللفظ للمعنى، اللفظ ان وضع للكثير وضعا متعددا فمشترك كالعين مثلا وضع تارة للباصرة وتارة للذهب وتارة لعين الميزان، أو وضعا واحدا اى وضع للكثير وضعا واحدا والكثير غير محصور فعام ان استغرق جميع ما يصلح له والا فجمع منكر ونحوه فالعام لفظ وضع وضعا واحدا لكثير غير محصور مستغرق لجميع ما يصلح له، فقوله وضعا واحدا يخرج المشترك والكثير يخرج ما لم يوضع لكثير وهى مستغرقة جميع

الرابع بقوله فى معرفة وجوه الوقوف على المراد والمعانى اى معرفة طرق اطلاق السامع على مراد المتكلم ومعانى الكلام بأنه يطلع عليه من طريق العبارة أو الاشارة أو غيرهما.

مصنف کی ترتیب کے مطابق دوسری قسم کو فخر الاسلام نے اپنے قول "فی وجوه استعمال النظم وجريانه فی باب البيان " سے تعبیر فرمایا، یعنی لفظ کی تقسیم طرق استعمال کے لحاظ پر اس طرح ہے کہ وہ لفظ اگر اپنے موضوع لہ میں استعمال ہو تو حقیقت اور اگر غیر موضوع لہ میں استعمال ہو تو مجاز، یا نظم کو بیان معنی کے جاری کرنے میں استعمال کیا جائے کہ اس کا معنی واضح ہو تو وہ صریح ہے یا بطریق استتار استعمال کیا جائے گا تو اسے کنایہ کہا جائے گا۔

تیسری تقسیم کو اس نے اپنے قول "فی وجوه البيان بذلك النظم " سے تعبیر کیا یعنی لفظ کو معنی کے ظاہر کرتے اور اس کے مراتب میں بیان کیا جائے بلکہ اس کے متقابلات میں لفظ کو معنی کی خفاء اور مراتب خفاء کیلئے استعمال کیا جائے گا۔

چوتھی قسم کو اس نے اپنے قول "فی معرفة وجوه الوقوف على المراد والمعانی " سے تعبیر کیا۔

یعنی سامع ان طریقوں کو پہچانے جن کو متکلم نے بیان کیا ہے اور کلام کے معانی کو پہچانے کہ وہ اس پر مطلع ہو عبارۃ النص کے طریقہ سے یا اشارۃ النص یا اس کے بغیر یعنی دلالۃ النص یا اقتضاء النص کے طریقہ سے سامع کو متکلم کی مراد کا پتہ چلے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں : والا فجمع منكر المعتبر فى العام عند فخر الاسلام وبعض المشائخ هو انتظام جميع المسميات باعتبار امر يشترك فيه سواء وجد الاستغراق اولا فالجمع المنكر عندهم عام سواء كان مستغرقا اولا، والمصنف لما اشترط الاستغراق على ما

ما يصلح له لكن الكثير محصور وقوله مستغرق جميع ما يصلح له يخرج الجمع المنكر نحو رأيت رجالا، وهذا معنى قوله والا فجمع منكر اى وان لم يستغرق جميع ما يصلح له وقوله ونحوه مثل رأيت جماعة من الرجال فعلى قول من يقول بعمومه يراد بالجمع المنكر ههنا الجمع المنكر الذى تدل القرينة على انه غير عام فان هذا يكون واسطة بين العام والخاص نحو رأيت اليوم رجالا فان من المعلوم ان جميع الرجال غير مرئى، وان كان الكثير محصورا كالعدد والتثنية أو وضع للواحد فخاص سوا كان الواحد باعتبار الشخص كزيد أو باعتبار النوع كرجل وفرس، ثم المشترك ان ترجح بعض معانيه بالرأى يسمى مؤولا ، اصحابنا قسموا اللفظ باعتبار الصيغة واللغة اى باعتبار الوضع على الخاص والعام والمشترك والمؤول وانما لم اورد المؤول فى القسمة لأنه ليس باعتبار الوضع على الخاص والعام والمشترك والمؤول وانما لم اورد المؤول فى القسمة لأنه ليس باعتبار الوضع بل باعتبار رأى المجتهد ثم هذا تقسيم آخر لابد من معرفته ومعرفة الاقسام التى تحصل منه وهو هذا. (التنقيح والتوضيح)

تقسیم اول یعنی باعتبار لفظ کی وضع کے معنی کے، لفظ اگر وضع کیا جائے کثیر کیلئے متعدد وضع سے تو وہ مشترک ہے، جیسے لفظ عین کی وضع کبھی آنکھ کیلئے، کبھی سونے کیلئے، اور کبھی ترازو کی زبان کیلئے، یا وضع ایک ہوگی یعنی کثیر کیلئے ایک ہی وضع

هو اختيار المحققين فالجمع المنكر يكون واسطة بين العام والخاص عند من يقول بعدم استغراقه، وعاما عند من يقول باستغراقه وعلى هذا التقدير يكون المراد بالجمع المنكر فى قوله فجمع منكر الجمع الذى تدل قرينته على عدم استغراقه مثل رأيت اليوم رجالا وفى الدار رجال الا ان هذا غير مختص بالجمع المنكر بل كل عام مقصور على البعض بدليل العقل أو غيره يلزم ان يكون واسطة جمعا منكرا ونحوه على مقتضى عبارة المصنف لدخوله فى قوله وان لم يستغرق فجمع منكر ونحوه وفساده بين.

مصنف نے جو "والا فجمع منکر" ذکر کیا ہے اس کا مطلب یہ ہے کہ فخر الاسلام اور بعض مشائخ کے نزدیک عام وہ ہے جو اپنے تمام افراد کو شامل ہو اس اعتبار سے کہ امر ان میں مشترک ہے برابر ہے استغراق پایا جائے یا نہ پایا جائے۔

تو جمع منکر ان کے نزدیک عام ہے خواہ اس میں استغراق پایا جائے یا نہ پایا جائے۔

مصنف نے جب استغراق کو شرط قرار دیا جیسا کہ محققین کا مختا ہے تو جمع منکر وا سطہ ہوگی عام اور خاص کے درمیان ان

ہوگی، کثیر غیر محصور عام ہے۔

اگر وہ مستغرق ہو جمیع میں جو اس کی صلاحیت رکھتے ہیں تو عام ورنہ جمع منکر یا اس کی مثل۔

عام وہ لفظ ہے جس میں ایک وضع پائی جائے اور کثیر غیر محصور، مستغرق پر شامل ہو، جمیع جن کیلئے وہ صلاحیت رکھتا ہے ان پر بولا جائے۔

فقوله وضعا واحدا: کی قید سے مشترک نکل گیا کیونکہ اس کے معانی بھی متعدد ہوتے ہیں اور وضع بھی متعدد ہوتی ہے، اور کثیر کے لفظ سے وہ نکل گیا (یعنی خاص نکل گیا) جس کی وضع کثیر کیلئے نہیں ہوتی، جیسے زید اور عمرو وغیرہ۔ اور غیر محصور کی قید سے اسماء عدد خارج ہو گئے جیسے مائۃ وغیرہ کہ وہ محصور ہوتے ہیں۔

والا فجمع منكر: ورنہ جمع منکر ہے جیسے "رايت جماعة من الرجال" جن لوگوں نے جمع منکر میں عموم ثابت نہیں کیا وہ عام اور خاص کے درمیان جمع منکر کو واسطہ مانتے ہیں اور جو حضرات جمع منکر میں عموم ثابت کرتے ہیں وہ واسطہ نہیں مانتے۔

مصنف اس ظاہر کی ایک اور لحاظ پر تقسیم کرتے ہیں: وايضا الاسمُ الظاهر ان كان معناه عين ما وضع له المشتق منه مع وزن المشتق فصفة والا فان تشخص معناه فعلم والا فاسم جنس، وهما اما مشتقان اولا ثم كل من الصفة واسم الجنس ان اريد به المسمى بلاقيد فمطلق أومعه فمقيد أواشخاصه كلها فعام أوبعضها معينا فمعهود أومنكر فنكرة فهي ما وضع لشئ لا بعينه عند الاطلاق للسامع والمعرفة ما وضع لمعين عند الاطلاق له اى للسامع. (التنقيح)

حضرات کے نزدیک جو کہتے ہیں اس میں عدم استغراق ہے اور جمع منکر عام ہوگی ان کے نزدیک جو عدم استغراق کے قائل ہیں۔ اس تقدیر پر جمع منکر وہ جمع ہے کہ قرینہ اس کے عدم استغراق پر دلالت کرے، جیسے رأیت الیوم رجالا۔ اور "فی الدار رجال" کیونکہ تمام مردوں کو دیکھنا یا سب کا دار میں پایا جانا ممکن نہیں۔ لیکن یہ مسئلہ جمع منکر سے ہی خاص نہیں بلکہ ہر وہ عام مراد ہے جو دلالت عقل سے بعض پر مقصور ہو، تو لازم آئے گا کہ جمع منکر یا اس کی مثل واسطہ ہو جیسا کہ مصنف کی عبارت کا مقتضی ہے، کیونکہ وہ داخل ہے اس کے قول میں "وان لم يستغرق فجمع منكر ونحوه" اگر اس میں استغراق نہ پایا جائے تو وہ جمع منکر ہے یا اس کی مثل ہے لیکن اس قول کا فاسد ہونا واضح ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله الاسم الظاهر قيد بذلك لأن المضمر خارج عن الاقسام وكذا اسم الاشارة فكانه اراد ما ليس بمضمر ولا اسم اشارة والصفة بمقتضى هذا التقسيم اسم مشتق

اسم ظاہر کا اگر معنی عین ہو جس کیلئے مشتق منہ وضع کیا گیا ہے بمع مشتق کے وزن کے تو وہ صفت ہے، ورنہ اگر اس کا معنی مشخص ہو تو علم ورنہ اسم جنس، یہ دونوں علم اور اسم جنس یا مشتق ہوں گے یا نہیں۔ پھر ہر ایک صفت اور اسم جنس سے مراد مسمی ہو بغیر قید کے تو وہ مطلق اور اگر بمع قید کے ہو تو وہ مقید، یا تمام اشخاص پر بولا جائے گا تو وہ عام، یا بعض معین پر بولا جائے گا تو وہ معہود، یا منکر ہوگا تو وہ نکرہ ہے۔ نکرہ وہ جو وضع کیا جائے غیر معین چیز کیلئے عند الاطلاق سامع کیلئے، اور معرفہ وہ ہے جو وضع کیا جائے معین چیز کیلئے عند الاطلاق سامع کیلئے۔

مصنف بیان فرماتے ہیں :وانما قلت عند الاطلاق اذ لافرق بين المعرفة والنكرة في التعيين وعدم التعيين عند الوضع وانما قلت للسامع لأنه اذا قيل جاء نى رجل يمكن ان يكون الرجل متعينا للمتكلم فعلم من هذا التقسيم حد كل من الاقسام.(التوضيح)

میں نے ''عند الاطلاق'' کہا ہے جبکہ معرفہ اور نکرہ کے درمیان تعین اور عدم تعین کا وضع کے وقت کوئی فرق نہیں، پھر میں نے للسامع کہا ہے اس لئے کہ جب کہا جائے ''جاءنی رجل'' تو ممکن ہے کہ متکلم کے نزدیک رجل متعین ہو۔ تو اس تقسیم سے تمام اقسام کی تعریف معلوم ہوگئی۔

يكون معناه عين ما وضع له المشتق منه مع وزن المشتق فالضارب لفظ مشتق من الضرب معناه معنى الضرب مع الفاعل والمضروب معناه معنى الضرب مع المفعول وهذا معنى قولهم ما دل على ذات مبهمة ومعنى معين يقوم بها واحترز بقوله مع وزن المشتق عن اسم الزمان والمكان والآلة ونحوذلك من المشتقات اذ ليس معنى المقتل هوالقتل مع المفعل ومعنى المفتاح هوالفتح مع المفعال اذا التعبيرعما يصدرعنه الفعل أويقع عليه بالفاعل أوالمفعول شائع بخلاف التعبيرعن المكان والآلة بالمفعل والمفعال.

مصنف نے اس ظاہر کی تقسیم کی ہے کیونکہ ضمیر ان اقسام سے خارج ہے اور اسی طرح اسم اشارہ بھی خارج ہے، گویا کہ مصنف نے اس ظاہر سے مراد لیا ہے جو مضمر نہ ہو اور اسم اشارہ نہ ہو۔ اور صفت ذکر کیا ہے اس تقسیم کا مقتضی یہ ہے کہ اس مشتق کا معنی بعینہ وہی ہو جس معنی کیلئے مشتق منہ کو وضع کیا گیا ہے بمع مشتق کے وزن کے، مثلاً ضارب لفظ مشتق ہے ضرب سے معنی اسی کا یہ ہے ''معنی الضرب مع الفاعل'' اور مضروب کا معنی ہے ''معنی الضرب مع المفعول''۔ یہی معنی ہے ان کے قول ''مادل علی ذات مبھمۃ'' کا اور معنی معین جو اس کے ساتھ قائم ہو، مصنف نے ''مع وزن المشتق'' جو ذکر کیا ہے اس سے احتراز ہو گیا اسم زمان، اس مکان اور آلہ سے اور اس قسم کے مشتقات سے، جبکہ مقتل کا معنی

''القتل مع المفعل''نہیں اور مفتاح کا معنی''الفتح مع المفعال''نہیں۔
فاعل اور مفعول پر اطلاق مشہور ہے،فعل جس سے صادر ہو یا جس پر واقع ہو۔بخلاف آلہ ومکان کے ان کو مشتق مع الفعل اور مع المفعال سے تعبیر کرنا مشہور نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :**ولقائل ان يقول هذا التفسير لايصدق الا على صفة يكون على وزن الفاعل أو المفعول لأن التعبير عما يقوم به المعنى انما يكون بالفاعل أو المفعول لا بالافعل والفعلان والمستفعل والمفعلل ونحو ذلك فليس معنى الابيض والافضل مثلا هو البياض والفضل مع الافعل ولامعنى العطشان هو العطش مع الفعلان ولامعنى الخير هو الخيرية مع الفعل ولامعنى المستخرج والمدحرج هو الاستخراج والدحرجة مع المستفعل والمفعلل وان منع ذلك يمنع خروج اسم المكان والآلة للقطع بأن القول بان معنى المقتل هو القتل مع المفعل ليس بابعد من القول بان الابيض معناه البياض مع الافعل والمدحرج معناه الدحرجة مع المفعل. (التلويح)**

اعتراض: یہ تفسیر جو بیان کی گئی ہے وہ تو صرف اسم فاعل اور اسم مفعول پر سچی آتی ہے باقی اسماء صفات پر سچی نہیں آتی۔ نہ ہی افعل،فعلان، مستفعل، مفعلل وغیرہ پر سچی آتی ہے،مثلاً ابیض کا معنی''هوالبياض مع الأفعل''نہیں۔اور افضل کا معنی''هوالفضل مع الأفعل'' نہیں۔ اور نہ ہی عطشان کا معنی''هوالعطش مع الفعلان'' ہے اور نہ ہی خیر کا معنی''هوالخيرية مع الفعل'' ہے۔اور نہ ہی مستخرج کا معنی''هوالاستخراج مع المستفعل'' ہے اور نہ ہی مدحرج کا معنی''الدحرجة مع الفعل'' ہے تو صرف اسم آلہ،اسم مکان اور اسم زمان سے احتراز کا کیا مطلب ہے؟
جواب: اسم آلہ وغیرہ میں تو یقیناً''هوالقتل مع المفعل''میں استعمال نہیں کرتے،خواہ بکسر المیم آلہ کا صیغہ ہو یا بفتح المیم ظرف کا صیغہ ہو۔اور باقی صفات کا استعمال عام نہیں ان معانی میں جو معترض نے بیان کیا ہے، کیونکہ ان میں استعمال کرنا بعید نہیں کہ یہ کہا جائے الابیض کا معنی''هوالبياض مع الأفعل'' ہو،اور المدحرج کا معنی''هوالدحرجة مع المفعل'' ہو۔
یعنی اسم آلہ،اسم زمان،اسم مکان سے احتراز اس لئے کیا ہے کہ ان میں مذکورہ معانی کا استعمال نہیں لیکن باقی اسماء صفات استعمال عام نہیں لیکن کبھی کبھی استعمال ہوتا رہتا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :**قوله وهما اى العلم واسم الجنس اما مشتقان كخاتم ومقتل ولايصح**

التمثيل بنحو ضارب لأنه جعل الصفة قسيما لاسم الجنس أولا كزيد ورجل.

مصنف کے قول ''وهما اما مشتقان اولا'' کا مطلب یہ ہے کہ علم اور اسم جنس یا مشتق ہوں گے جیسے خاتم اسم علم کی مثال ہے، اور مقتل اسم جنس کی مثال ہے۔ ضارب کو اسم جنس کی مثال نہیں بنایا جا سکتا کیونکہ وہ مثال ہے صفت کی، صفت کو اسم جنس کا قسیم بنایا گیا ہے، یقیناً ایک قسیم دوسرے قسیم کا مخالف ہوتا ہے۔ یا علم اور اسم جنس مشتق نہیں ہوں گے جیسے زید اسم علم کی مثال ہے اور رجل اسم جنس کی مثال ہے۔

علامہ تفتازانی مشتق کی وضاحت فرماتے ہیں: والاشتقاق يفسر تارة باعتبار العلم فيقال هو ان تجد بين اللفظين تناسبا فى اصل المعنى والتركيب فترد احدهما الى الآخر فالمردود مشتق والمردود اليه مشتق منه، وتارة باعتبار العمل فيقال هو ان تأخذ من اللفظ ما يناسبه فى حروفه الأصول و ترتيبها فتجعله دالا على معنى يناسب معناه فالماخوذ مشتق والمأخوذ منه مشتق منه، ولايخفى ان العلم لايكون مشتقا باعتبار المعنى العلمي بل باعتبار المعنى الأصلي المنقول عنه فالمشتق حقيقة هو اسم الجنس لاغير. (التلويح)

اشتقاق کی کبھی تفسیر بیان کی جاتی ہے باعتبار علم کے، کہا جاتا ہے اشتقاق وہ ہے کہ دو لفظوں میں تناسب پایا جائے اصل معنی میں اور ترکیب تو ایک کو دوسرے کی طرف لوٹایا جائے جسے لوٹایا جائے گا اسے مشتق کہا جائے گا اور جس کی طرف لوٹایا جائے گا اسے مشتق منہ کہا جائے گا۔

اور اشتقاق کی کبھی تفسیر کی جاتی ہے باعتبار عمل کے، کہا جاتا ہے کہ ایک لفظ سے اس کا مناسب لیا جائے جو اس کے حروف اصول کے مناسب ہو اور ترتیب بھی وہی ہو، تو اس کے مناسب پر اسے دال بنایا جائے تو ماخوذ کو مشتق کہا جائے گا اور ماخوذ منہ کو مشتق منہ کہا جائے گا۔

تنبیہ: یہ بات مخفی نہیں بلکہ واضح ہے کہ علم اپنے معنی علمی کے لحاظ پر مشتق نہیں ہوتا بلکہ معنی اصلی (لغوی) اور منقول عنہ ہونے کے لحاظ سے مشتق ہوتا ہے، اس لئے حقیقت میں مشتق اسم جنس ہی ہوتا ہے نہ کہ اس کا غیر کوئی ایک۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله ان اريد منه المسمى بلا قيد فمطلق شعر بأن المراد فى المطلق نفس المسمى دون الفرد وليس كذلك للقطع بأن المراد بقوله تعالى "فتحرير رقبة" فرد من افراد هذا المفهوم غير مقيد بشئ من العوارض. (التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ اگر مراد مسمی لیا جائے بغیر قید کے تو وہ مطلق ہے، اس سے بظاہر یہ سمجھ آرہا ہے کہ مطلق میں

مراد نفس مسمی ہوتا ہے، فرد مراد نہیں ہوتا لیکن یہ بات کوئی یقینی نہیں اسلئے کہ رب تعالی کے ارشاد "فتحریر رقبۃ" میں اس مفہوم کے افراد میں سے ایک فرد ہے حالانکہ وہ عوارض میں سے کسی ایک سے مقید نہیں، یعنی مطلق ہے لیکن مراد مسمی کا ایک فرد ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله فهي ما وضع له، لما كان الخارج من التقسيم بعض انواع النكرة وهو ما استعمل في الفرد دون نفس المسمى وفي مقابلته بعض اقسام المعرفة وهو المعهود اورد تعريفي المعرفة والنكرة على ما يشتمل الاقسام كلها. (التلويح)

مصنف نے "فهي ما وضع الخ" عبارت ذکر کر کے نکرہ اور معرفہ کی تمام اقسام کو شامل کیا ہے۔ اس لئے کہ پہلے بات مسمی کی ہو رہی تھی تو نکرہ کی بعض اقسام خارج ہو جاتیں جن کا استعمال افراد میں ہے نہ کہ نفس مسمی میں، اور اسی طرح اس کے مقابل بعض اقسام معرفہ بھی خارج ہوتیں، اس لئے نکرہ کی تعریف "ما وضع لشئ لا بعينه عند الاطلاق للسامع" کہہ کر اور معرفہ کی تعریف "ما وضع لمعين عند الاطلاق للسامع" کہہ کر تمام اقسام نکرہ و معرفہ کو شامل کر لیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله عند الاطلاق للسامع قيد ان للتعين وعدمه والأحسن في تعريفهما ما قيل ان المعرفة ما وضع ليستعمل في شئ بعينه والنكرة ما وضع ليستعمل في شئ لا بعينه فالمعتبر في التعيين وعدمه ان يكون ذلك بحسب دلالة اللفظ ولا عبرة بحالة الاطلاق دون الوضع ولا بما عند السامع دون المتكلم على ما ذهب اليه المصنف رحمه الله لأنه اذا قال جاء ني رجل يمكن ان يكون الرجل معينا للسامع الا انه ليس بحسب دلالة اللفظ. (التلويح)

مصنف نے "عند الاطلاق" اور "للسامع" کی قیود کا ذکر کیا ہے، یہ دونوں قیدیں تعین اور عدم تعین کی ہیں۔ لیکن بہت اچھی تعریف یہ ہے جو بعض حضرات نے بیان کی ہے کہ بیشک معرفہ وہ ہے جو وضع کیا جائے تا کہ معین چیز میں استعمال کیا جائے اور نکرہ وہ ہے جو وضع کیا جائے تا کہ غیر معین چیز میں استعمال کیا جائے، معتبر تعین اور عدم تعین میں لفظ کی دلالت ہے حالت اطلاق کا سوائے وضع معتبر نہیں۔ اور مصنف رحمہ اللہ نے "للسامع" کی قید کا فائدہ بیان کیا ہے کہ

میر سید شریف فرماتے ہیں :نکرہ نام ہے مفہوم کلی کا جس سے مراد اس کے بعض افراد غیر معین ہوتے ہیں، یہ بات اقرب الی التحقیق ہے۔ اگرچہ بعض حضرات نے کہا کہ نکرہ نفس ماہیت پر بولا جاتا ہے نہ کہ فرد پر، معرف باللام ہو جیسے الرجل تو مراد فرد ہے اور رجل سے مراد ماہیت ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :وعلم ان المطلق من اقسام الخاص لأن المطلق وضع للواحد النوعی.

اسی سے معلوم ہوگیا کہ مطلق بھی اقسام خاص سے ہے کیونکہ مطلق واحد نوعی کیلئے وضع کیا گیا ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :واعلم انه یجب فی کل قسم من هذه الاقسام ان یعتبر من حیث هو کذلک حتی لایتوهم التنافی بین کل قسم وقسم فان بعض الاقسام قد یجتمع مع بعض وبعضها لا مثل قولنا جرت العیون فمن حیث ان العین وضعت تارة للباصرة وتارة لعین الماء تکون العین مشترکة بهذه الحیثیة ومن حیث ان العیون شاملة لأفراد تلک الحقیقة وهی عین الماء مثلا تکون عامة بهذه الحیثیة، فعلم انه لاتنافی بین العام والمشترک لکن بین العام والخاص تناف اذ لایمکن ان یکون اللفظ الواحد خاصا وعاما بالحیثیتین فاعتبرها فی البوقی فانه سهل بعد

جب کہا جائے ''جاءنی رجل'' تو ممکن ہے کہ الرجل متکلم کے نزدیک متعین ہو، لیکن علامہ تفتازانی فرماتے ہیں للسامع کی قید کا کوئی فائدہ نہیں ہوسکتا ہے سامع کے نزدیک رجل متعین ہو۔ البتہ نکرہ کہنے کی وجہ یہ ہے کہ لفظ کی دلالت تعیین پر نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

قوله واعلم انه یجب الی آخره، یرید ان تمایز الاقسام المذکورة لیس بحسب الذات بل بحسب الحیثیات والاعتبارات والحیثیتان قد لاتتنافیان کالوضع الکثیر للمعنی الکثیر ووضع واحد لافراد معنی واحد کما فی لفظ العیون فانه عام من حیث انه وضع وضعا واحدا لافراد العین الجاریة ومشترک من حیث انه وضع وضعا کثیرا للعین الجاریة والعین الباصرة والشمس والذهب وغیر ذلک وقد تتنافیان کالوضع لکثیر غیر محصور والوضع لواحد أو لکثیر محصور فاللفظ الواحد لایکون عاما وخاصا باعتبار الحیثیتین لأن الحیثیتین متنافیان

میر سید شریف فرماتے ہیں :پہلی تقسیم منقسم ہے چار قسموں کی طرف خاص، عام، مشترک اور مؤول کی طرف لیکن ان قسموں کے ضمن میں جمع منکر، اسم علم، اسم صفت، اسم جنس، مطلق ومقید وغیرہ کئی اقسام آجاتی ہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :مصنف نے فی کل قسم من الاقسام سے تمام تقسیمات کی اقسام کی طرف اشارہ کردیا ہے۔ تعریفات سے واضح ہوجاتا ہے کہ ان میں منافات ذاتی ہے یا صرف حیثیات سے ہے۔ مثلا اسم علم، اسم صفت، اسم

الوقوف علی الحدود التی ذکرنا. (التوضیح)

جان لو کہ ان اقسام میں حیثیت کا اعتبار کیا جائے اس لحاظ پر کہ ہر ہر قسم میں منافات نہیں۔ کبھی بعض دوسری بعض کے ساتھ جمع ہو جاتی ہیں، جیسے کہا جائے ''جرت العیون'' کہ عین کی وضع کبھی آنکھ کیلئے اور کبھی چشمہ کیلئے، اس لحاظ پر عین مشترک ہے، اور جب یہ لحاظ کیا جائے کہ عین اپنے پانی کے سب چشموں کو شامل ہے یا سب باصرہ کو شامل ہے تو عام ہے۔ تو پتہ چلا کہ عام اور مشترک میں ذاتی طور پر منافات نہیں صرف حیثیت کے فرق سے اختلاف ہوگا، لیکن عام اور خاص میں ذاتی طور پر منافات پائی جاتی ہے کسی ایک ہی لفظ کو دو حیثیتوں سے عام اور خاص نہیں بنایا جاسکتا۔

باقی تقسیمات کی اقسام میں بھی یہی اعتبار کرلیں تعریفات سے اس مسئلہ کو سمجھنا آسان ہے۔

لاتجتمعان فی لفظ واحد وما ذکر من ان النکرة الموصوفة خاص من وجه عام من وجه فسیجیٔ جوابه، هذا غایة ما تکلفت لتقریر هذا التقسیم وتبیین اقسامه والکلام بعد موضع نظر.

مصنف کے کلام کا مطلب یہ ہے اقسام مذکورہ کا تمایز باعتبار لفظ کے نہیں بلکہ باعتبار حیثیات واعتبارات کے ہے حیثیتوں میں کبھی منافات نہیں ہوتی۔ جس طرح وضع کثیر ہو معنی کثیر کیلئے یا وضع ایک ہو کئی افراد کیلئے معنی ایک کیلئے، جس طرح لفظ عیون یہ عام ہے اس لحاظ پر کہ اس میں وضع ایک ہو جاری چشمے کے کئی افراد کیلئے، اور یہ مشترک ہے جبکہ عین میں وضع کثیر ہوں، جاری چشمے کیلئے وضع ہو، دیکھنے والی آنکھ کیلئے وضع ہو، سورج کیلئے وضع ہو، سونے کیلئے وضع ہو، وغیر ذلک۔

اور کبھی اقسام میں حقیقی منافات ہوگی جیسے وضع ایک ہو کثیر محصور کیلئے اور وضع ایک ہو ایک فرد کیلئے یا وضع ایک ہو کثیر افراد غیر محصور کیلئے اور وضع ایک ہو ایک فرد کیلئے۔

اس لئے خاص اور عام ایک لفظ میں مختلف حیثیات سے جمع نہیں ہو سکتے کیونکہ متنافیین جمع نہیں ہو سکتے۔ اور یہ جو ذکر کیا گیا ہے کہ نکرہ موصوفہ من وجہ عام ہے اور من وجہ خاص ہے، اس کا جواب ان شاء اللہ آگے آئے گا۔ یہ اس تقسیم کی تقریر وتبیین میں انتہائی پر تکلف بحث ہے لیکن محل نظر ہے۔

جنس میں منافات ذاتی ہے حیثیات کے اعتبار کی ضرورت نہیں ایسے ہی واجب، جوہر اور عرض میں ذاتی طور پر منافات پائی گئی ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :فصل، الخاص من حیث هو خاص ای من غیر اعتبار العوارض والموانع کالقرینة الصارفة عن ارادة الحقیقة مثلا یوجب الحکم فاذا قلنا زید عالم فزید خاص فیوجب الحکم بالعلم علی زید وایضا العالم لفظ خاص بمعناه فیوجب الحکم بذلک الأمر الخاص علی زید قطعا وسیجیء انه یراد بالقطعی معنیان والمراد ههنا المعنی الأعم ان لایکون له احتمال ناش عن دلیل لا ان لایکون له احتمال اصلا.

خاص من حیث ھو خاص حکم کو واجب کرتا ہے، من حیث ھو خاص کا مطلب یہ ہے کہ اس کے ساتھ عوارض اور موانع کا اعتبار نہ کیا جائے جیسا کہ حقیقی معنی لینے سے قرینہ صارفہ پایا جائے کہ یہاں حقیقی معنی نہیں لیا جا سکتا۔ جیسے ہم کہیں "زید عالم" تو زید خاص ہے جو زید پر حکم علم کو واجب کرتا ہے۔

اور "عالم" بھی لفظ خاص ہے اپنے معنی کے لحاظ سے تو وہ اس امر خاص کا حکم زید پر قطعی طور پر واجب کر رہا ہے۔

عنقریب آئے گا کہ قطعی کے دو معنی ہیں، یہاں مراد معنی اعم ہے وہ یہ ہے کہ اس میں کسی دلیل سے احتمال پیدا نہ ہو یہ مراد نہیں کہ بالکل اس میں احتمال ہی نہ ہو۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله فصل، لما فرغ عن الکلام فی نفس التقسیم اورد ستة فصول للاحکام المتعلقة بالاقسام الأول فی حکم الخاص، الثانی فی حکم العام، الثالث فی قصر العام، الرابع فی الفاظ العام، الخامس فی المطلق والمقید، السادس فی المشترک. (التلویح)

مصنف جب نفس تقسیم کی بحث سے فارغ ہوئے تو انہوں نے چھ فصلیں ذکر کی ہیں جن میں وہ احکام ذکر کئے گئے ہیں جو اقسام سے متعلق ہیں۔ پہلی فصل حکم خاص میں، دوسری فصل حکم عام میں، تیسری فصل قصر عام میں اور چوتھی فصل الفاظ عام میں اور پانچویں فصل مقید اور مطلق کے بیان میں اور چھٹی فصل مشترک کے بیان میں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :الخاص من حیث هو خاص، کہا ہے اسلئے کہ "الخاص من حیث انہ مشترک اَو مؤول" حکم کو قطعی طور پر واجب نہیں کرے گا۔

مصنف کا قول "من غیر اعتبار العوارض" سے زیادہ مراد وہ عوارض ہیں جو حکم کو منع کریں لیکن یہ بھی بعید نہیں کہ وہ عوارض مراد ہوں جو شک یا وہم پیدا کریں۔ (السید)

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں :وقد علم مما سبق ان الخاص لفظ وضع لواحد أولكثير محصور وضعا واحدا واشرنا الى ان مثل لفظ المائة ايضا موضوع لواحد بالنوع كالرجل والفرس الا ان المصنف جعله قسيما له نظرا الى اشتمال معناه على اجزاء متفقة فاحتاج فى التعريف الى كلمة أو .(التلويح)

تحقیق اس سے پہلے معلوم ہو چکا ہے کہ خاص وہ لفظ ہے جو ایک کیلئے وضع ہو یا کثیر محصور کیلئے وضع ہو اور وضع اس میں ایک ہو، اور ہم نے اشارہ کیا ہے کہ لفظ "مائۃ" بھی ایک کیلئے وضع ہے، وضع ایک سے مراد وضع نوعی ہے جیسے "الرجل والفرس" مگر مصنف نے اسے قسم بنایا ہے، اس لئے ضرورت پڑی کہ اسکے اجزاء متفق ہیں، اسی لئے مصنف کو ضرورت درپیش آئی کہ معرفہ کی دو قسمیں پائی جائیں۔ اس کی وجہ یہ کہ ایک لفظ وضع ایک کیلئے ہو یا ایک ہی وضع کثیر محصور کیلئے ہو تو وہ خاص ہے تقسیم میں اسی لئے "اَوْ" ذکر کیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وذكر فخر الاسلام رحمه الله ان الخاص كل لفظ وضع لمعنى واحد على الانفراد وكل اسم وضع لمسمى معلوم على الانفراد فقيل المراد بالمعنى مدلول اللفظ واحترز بقيد الوحدة عن المشترك وبقيد الانفراد عن العام ولم يخرج التثنية لأنه اراد بالانفراد عدم المشاركة بين الافراد وقد تم التعريف بهذا الا انه افرد خصوص العين بالذكر بطريق عطف الخاص على العام تنبيها على كمال مغايرته لخصوص الجنس والنوع وقوة خصوصه بحيث لاشركة فى مفهومه اصلا ولايخفى ما فى هذا من التكلف .(التلويح)

فخر الاسلام رحمہ اللہ نے ذکر فرمایا کہ بیشک خاص ہر وہ لفظ ہے جسے ایک معنی کیلئے وضع کیا جائے علی الانفراد اور خاص ہر وہ اسم ہے جسے مسمی معلوم کیلئے وضع کیا جائے علی الانفراد۔ معنی سے مراد مدلول اللفظ اور وحدۃ کی قید سے مشترک سے احتراز ہو گیا اور انفراد کی قید سے عام سے احتراز ہو گیا۔ البتہ تثنیہ نہیں نکلے گا کیونکہ اسے نکالنے کی ضرورت ہی نہیں کیونکہ انفراد سے مراد افراد کے درمیان عدم مشارکت ہے، وہ تثنیہ میں نہیں پائی جاتی۔

تحقیق تعریف اسی سے مکمل ہو گئی مگر خصوص عین علیحدہ ذکر کیا یعنی عطف خاص کا عام پر کیا اس پر متنبہ کرنے کیلئے خصوص عین کو خصوص جنس اور خصوص نوع سے کمال مغایرت حاصل ہے۔ اور خصوص عین کو خصوص میں وہ قوت حاصل ہے جس کے مفہوم کوئی دوسرا بالکل شریک نہیں۔ تاہم علامہ تفتازانی کے نزدیک اس میں تکلف پایا گیا ہے جو مخفی نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :معنی کا مطلب بعض حضرات نے ایسا لیا ہے کہ دونوں کی ضرورت نہیں رہتی۔

وقيل المراد بالمعنى ما يقابل العين كالعلم والجهل وهذا تعريف لقسمى الخاص الاعتبارى والحقيقى تنبيها على جريان الخصوص فى المعانى والمسميات بخلاف العموم فانه لايجرى فى المعانى، وهذا وهم اذ ليس المراد بعدم جريان العموم فى المعانى انه مختص باسم العين دون اسم المعنى للقطع بان مثل لفظ العلوم والحركات عام بل المراد ان الواحد لايعم متعددا .(التلويح)

بعض حضرات نے کہا ہے کہ معنی سے مراد وہ ہے جو عین کا مقابل ہو جیسے علم اور جہل اور یہ تعریف خاص کی دونوں قسموں کوشامل ہے خاص اعتباری اور خاص حقیقی کو۔ اوراس سے اس پر متنبہ کیا گیا ہے کہ خصوص معانی اور مسمیات دونوں میں جاری ہے بخلاف عموم کے وہ معانی میں جاری نہیں۔

لیکن علامہ تفتازانی فرماتے ہیں یہ قول وہم پرمبنی ہے جبکہ مراد معانی میں عموم کے جاری نہ ہونے سے یہ نہیں ہوسکتی کہ عموم قطعی طور پر صرف اسم عین کے ساتھ خاص ہے اور معانی میں نہیں پایا جاتا، یہ قول وہم پر کیوں مبنی ہے اسلئے کہ علوم اور حرکات عام ہیں حالانکہ معانی ہیں، بلکہ مراد یہ ہے کہ واحد متعدد مرتبہ عام نہیں ہوتا۔

فخر الاسلام نے خاص کی تقسیم میں واؤ ذکر کی أوذکر نہیں اس پراعتراض وجواب کو علامہ تفتازانی ذکر فرماتے ہیں :

واعترض ايضا بأنه اذا كان تعريفا لقسمى الخاص كان الواجب ان يورد كلمة أودون الواؤ ضرورة ان المحدود ليس مجموع القسمين وجوابه ان المراد ان هذا بيان للتسمية على وجه يؤخذ منه تعريف قسمى الخاص بدليل انه ذكر كلمة كل، والخاص اسم لكل من القسمين لا لأحد القسمين على ان الواو قد يستعمل بمعنى أووقيل المراد ان الخاص مقول بالاشتراك على معنيين احدهما الخاص مطلقا والآخرخاص الخاص اعنى الاسم الموضوع للمسمى المعلوم اى المعين المشخص.(التلويح)

اعتراض: جب تعریف قیاس کی دوقسموں کی گئی تو واجب تھا کہ دونوں کے درمیان کلمہ أوذکر کیا جاتا نہ کہ واؤ، کیونکہ یہ بدیہی بات ہے کہ بیشک محدود دو قسموں کا مجموع نہیں؟

جواب نمبرا: مقصد بیان کرنے کا خاص کی وجہ سے تسمیہ تھی جس سے خاص کی دونوں قسموں کا پتہ چل جائے دلیل اس پر یہ ہے کہ کلمہ کل دونوں میں ذکر کیا گیا ہے جس سے یہ بتانا مقصود ہے کہ خاص ہر ایک دونوں قسموں پر بولا جاتا ہے نہ کہ دونوں قسموں میں سے ایک پر۔

جواب نمبر۲: کبھی واؤ بمعنی أو استعمال ہوتی ہے ہوسکتا ہے فخر الاسلام نے واؤ کو أو کے معنی میں لیا ہو۔

جواب نمبر۳: خاص دو معنوں پر بطور اشتراک بولا جاتا ہے خاص مطلق پر اور خاص الخاص پر، خاص الخاص سے مراد وہ اسم جس کی وضع پائی جائے مسمی معلوم کیلئے یعنی معین مشخص کیلئے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله يوجب الحكم اى يثبت اسناد امر الى آخر على ما ذكر في مثل زيد عالم ان زيدا خاص فيوجب الحكم بثبوت العلم له له وكذا عالم ولو فسر بالحكم الشرعي بناء على ان الكلام في خاص الكتاب المتعلق بالأحكام لم يبعد فان قيل الموجب للحكم هو الكلام لا زيد أو عالم قلنا كأنه اراد ان له دخلا في ذلك وعبارتهم في هذا المقام ان الخاص يتناول مدلوله قطعا ويقينا، لما اريد به من الحكم الشرعي كلفظة الثلاثة في ثلاثة قروء يتناول الأحاد المخصوصة قطعا لأجل ما اريد به من تعلق وجوب التربص به.(التلويح)

مصنف نے جو بیان کیا" الخاص من حيث هو خاص يوجب الحكم "اگر حکم کا معنی لغوی ہو تو یوجب بمعنی یثبت کے ہوگا۔ یعنی ایک امر کا اسناد دوسرے کے طرف ثابت ہوگا جیسے ہم نے "زید عالم" مثال سے واضح کیا۔ کہ بیشک زید خاص ہے تو علم اس کیلئے ثابت ہے۔ اگر حکم کے معنی شرعی لیا جائے تو یوجب کا معنی واجب ہوگا، چونکہ کلام کتاب اللہ کے خاص میں ہے جس سے احکام ثابت ہونے ہیں تو وہ وجوب ہی ہے۔

اعتراض: موجب حکم کلام یعنی مجموع ہے نہ کہ زید یا عالم؟

جواب: گویا کہ ارادہ یہ کیا گیا ہے کہ اسے ان کی عبارت میں دخل ہے کہ خاص اپنے مدلول کو شامل ہے قطعی اور یقینی طور پر۔

جب حکم شرعی مراد ہو جیسے "ثلاثۃ" خاص ہے اس پر حکم عورتوں کو اپنے آپ پر تین حیض روک کر رکھنا یعنی عدت گذارنی ہے تو واضح ہوا کہ تربص واجب ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله قطعا اى على وجه يقطع الاحتمال الناشى عن دليل وسيجئ في آخر التقسيم الثالث ان القطع يطلق على نفى الاحتمال اصلا وعلى نفى الاحتمال الناشى عن دليل، وهذا اعم من الأول لأن الاحتمال الناشى عن دليل اخص من مطلق الاحتمال ونقيض الأخص اعم من نقيض الأعم فلذا قلنا والمراد ههنا المعنى الأعم.(التلويح)

مصنف نے تقسیم ثالث میں بیان کیا ہے کہ علماء علم قطعی کو دو معانی میں استعمال کرتے ہیں ایک یہ کہ جس میں احتمال مکمل

مصنف فرماتے ہیں :

ففی قوله تعالی ثلاثة قروء لایحمل القروء علی الطهر والا فان احتسب الطهر الذی طلق فیه یجب طهران وبعض فان لم یحتسب تجب ثلاثة وبعض ، اعلم ان القرء لفظ مشترک وضع للحیض ووضع للطهر ففی قوله تعالی والمطلقات یتربصن بانفسهن ثلاثة قروء المراد من القرء الحیض عند أبی حنیفة رحمه الله والطهر عند الشافعی رحمه الله فنحن نقول لو کان المراد الطهر لبطل موجب الخاص وهو لفظة ثلاثة لأنه لو کان المراد الطهر و الطلاق المشروع هو الذی یکون فی حالة الطهر فالطهر الذی طلق فیه ان لم یحتسب من العدة تجب ثلاثة اطهار وبعض وان احتسب کما هو مذهب الشافعی یجب طهران وبعض .(التنقیح والتوضیح)

اللہ تعالی کے ارشاد گرامی ''ثلاثۃ قروء'' میں قروء کو طہر پر محمول نہیں کیا جا سکتا ورنہ اگر طہر کو شمار میں لایا جائے جس میں طلاق دی گئی تو دو طہر اور بعض طہر لازم آئے ، اور اگر نہ شمار کیا جائے تو تین طہر اور بعض طہر لازم آئے گا۔

وضاحت: جان لو کہ بیشک قرء کا لفظ مشترک ہے اس کی وضع حیض کیلئے بھی ہے اور طہر کیلئے بھی ، اور اللہ تعالی کے قول ''والمطلقات یتربصن بانفسهن ثلاثة قروء '' میں قرء سے مراد امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک حیض ہے

طور پر منقطع ہو جیسے محکم اور متواتر۔ دوسرا یہ کہ دلیل کی وجہ سے جو احتمال پیدا ہوتا ہے وہ منقطع ہو جیسے ظاہر، نص، خبر مشہور وغیرہ۔ یہاں یہی دوسرا معنی لیا گیا ہے۔

اسے اعم کہنے کی وجہ: جو احتمال دلیل سے پیدا ہوتا ہے وہ اخص مطلق ہے اس قطعی سے جس میں مطلقا احتمال پیدا ہو، جب نفی کی تو اخص کی نقیض اعم ہو گئی اور اعم کی نقیض اخص ہو گئی ، اسی لئے مصنف نے ذکر کیا ہے ''والمراد ههنا المعنی الأعم''

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله ففی قوله تعالی ثلاثة قروء بیان للتعریفات علی ان موجب الخاص قطعی تقریر الأول ان القرء ان حمل علی الطهر بطل موجب الثلاثة اما بالنقصان عن مدلولها ان اعتبر الطهر الذی وقع منه الطلاق واما بالزیادة ان لم یعتبر وهو ظاهر .(التلویح)

مصنف نے اللہ تعالی کے ارشاد گرامی ''ثلاثۃ قروء'' تعریفات کے بیان کیلئے ذکر کیا ہے کہ بیشک موجب خاص قطعی ہے اس کی تقریر یہ ہے کہ اگر قرء کو طہر پر محمول کیا جائے تو ''ثلاثۃ'' کا موجب باطل ہو گا یا اپنے مدلول میں نقصان کے

اورامام شافعی رحمہ اللہ نے نزدیک طہر ہے۔

ہم کہتے ہیں اگر مراد طہر لیا جائے تو خاص کا موجب باطل ہوگا، وہ ہے لفظ "ثلاثۃ" جس کا معنی ہے تین، کم یا زیادہ کو تین نہیں کہا جا سکتا کیونکہ طلاق مشروع ہے حالت طہر میں، جس طہر میں طلاق دی گئی اسے عدت میں نہ شمار کیا جا سکے تو تین طہر اور بعض طہر لازم آئے گا، اور اگر اسے عدت میں شمار کیا جائے جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے تو دو طہر اور بعض طہر لازم آئے گا۔

ذریعے یا زیادتی کے ذریعے، نقصان اس وقت ہوگا جب وہ طہر عدت میں شمار کرو جس میں طلاق دی گئی اور زیادتی اس وقت ہو جب وہ طہر جس میں طلاق دی گئی ہے اسے عدت میں شمار نہ کیا جائے۔ یہ دونوں صورتیں ظاہر ہیں۔

اعتراضات وجوابات کو علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں: فان قيل كلاهما جائزان اما النقصان فكما في اطلاق الاشهر على شهرين وبعض شهر في قوله تعالى الحج اشهر معلومات واما الزيادة فيلزمكم من حمل القرء على الحيض فيما اذا طلقها في الحيض فانه لايعتبر بتلك الحيضة فالواجب ثلاثة حيض وبعض اجيب عن الاول بأن الكلام في الخاص واشهر ليس كذلك بل هو عام أو واسطة وعن الثاني بأنه وجب تكميل الحيضة الأولى بالرابعة فوجبت بتمامها ضرورة ان الحيضة الواحدة لاتقبل التجزية ومثله جائز في العدة كما في عدة الأمة فانها على النصف من عدة الحرة وقد جعلت قرئين ضرورة وليس الواجب عند الشافعي ثلاثة اطهار غير الطهر الذى وقع فيه الطلاق حتى يتأتى له مثل ذلك وايضا الظاهر حمل الكلام على الطلاق المشروع الواقع في الطهر لأنه المقصود بنظر الشرع في بيان ما يتعلق به من الاحكام ويعرف حكم غير المشروع بدلالة نص أو اجماع وكان قوله والطلاق المشروع هو الذى يكون في حالة الطهر اشارة الى هذا. (التلويح)

اعتراض: نقصان اور زیادتی دونوں جائز ہیں جیسا کہ رب تعالیٰ کا ارشاد گرامی "الحج اشهر معلومات" میں دو مہینے مکمل اور تیسرے کا بعض یعنی دس دن مراد ہیں۔ اور زیادتی بھی ثابت ہے جیسے ایک شخص حیض میں دے تو تم اس حیض کا عدت میں اعتبار نہیں کرتے اس طرح تین حیض مکمل اور ایک حیض کا بعض حصہ تمہارے نزدیک بھی ثابت ہو گیا۔

پہلی شق کا جواب: کلام خاص میں ہے وہ ہے ثلاثۃ، اشہر عام ہے خاص ہی نہیں اس لئے اشہر سے دو مہینے مکمل

اورایک بعض لیا جاسکتا ہے،اور بعض حضرات نے اشھر کو جمع منکر اعتبار کرتے ہوئے عام اور خاص کے درمیان واسطہ مانا ہے پھر بھی خاص نہیں۔

دوسری شق کا جواب نمبرا: پہلے حیض کے جو دن کم رہ گئے تھے ان کا اعتبار نہیں بلکہ چوتھے حیض سے عدت کی تکمیل لازم ہے اس لئے کہ ایک حیض تجزیٔ کو قبول نہیں کرتا جیسے لونڈی کی عدت حرہ کی عدت کا نصف ہے لیکن لونڈی کی عدت دو حیض ہوگی ڈیڑھ حیض نہیں ہوگی۔اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جس طہر میں طلاق واقع ہوئی اس کے سوا تین اور طہر مراد نہیں لئے جاتے کہ حیض کو اس پر قیاس کرتے ہوئے منع ہو۔

جواب نمبر ۲: کلام طلاق مشروع میں ہے جو طہر میں واقع ہو،شریعت کی طرف نظر کرتے ہوئے ان احکام کا بیان ہوگا جو شریعت سے متعلق ہیں غیر شرعی احکام دلالۃ النص یا اجماع سے ثابت ہوں گے۔مصنف کا قول ''والطلاق المشروع هو الذی یکون فی حالة الطهر ''اسی طرف اشارہ ہے۔

اصل استدلال پر منع لطیف وارد ہے،علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

وعلی اصل الاستدلال منع لطيف وهوانا لانسلم انه اذا لم يعتبر الطهر الذی وقع فيه الطلاق كان الواجب ثلاثة اطهار وبعضها بل الواجب بالشرع لايكون الا الأطهار الثلاثة الكاملة ويلزم مضی البعض الذی وقع فيه الطلاق بالضرورة لا باعتبار أنه مما وجب بالعدة لكنه لايفيد الشافعی لأنه لايقول بوجوب ثلاثة اطهار كاملة غير ما وقع فيه الطلاق نعم يفيد أباحنيفة رحمه الله فی دفع ما يورد من المعارضة بوجوب ثلاثة حيض وبعض فيما اذا طلقها فی الحيض.(التلويح)

اصل استدلال منع لطیف ہے وہ یہ کہ ہم نہیں تسلیم کرتے کہ جب وہ طہر معتبر نہ ہو جس میں طلاق واقع ہوئی تو تین طہر اور بعض طہر لازم آئے گا اسلئے کہ شریعت میں تین طہر کامل معتبر ہیں جو بعض گزر گیا جس میں طلاق واقع ہوئی ہے وہ معتبر نہیں،لیکن یہ منع لطیف امام شافعی رحمہ اللہ کو فائدہ نہیں دیتا وہ تین طہر کامل گزرنے کا قول نہیں کرتے بلکہ جس میں

میر سید شریف فرماتے ہیں :قرء (بالفتح) اس کے معانی اضداد سے ہیں حیض اور پاکی۔اسی طرح وقت حیض اور وقت پاکی۔

ثلاثۃ،لفظ خاص ہے واجب کرتا ہے کہ تربص کا تعلق خاص عدد سے ہو بغیر اعتبار کرنے زیادتی اور نقصان کے،اس لئے قروء کا معنی حیض لیا جائے تاکہ تین مکمل ہوں۔جیسا تفصیلی طور پر بیان کیا جاچکا ہے۔

مصنف سوال مقدر کا جواب دیتے ہیں :علی ان بعض الطهر ليس بطهر والا لكان الثالث كذلك ، جواب اشكال مقدر وهو ان يقال لم قلتم انه اذا احتسب يكون الواجب طهرين وبعضها بل الواجب ثلاثة لأن بعض الطهر طهر فان الطهر ادنى ما يطلق عليه لفظ الطهر وهو طهر ساعة مثلا فنقول في جوابه ان بعض الطهر ليس بطهر لأنه لو كان كذلك لايكون بين الأول والثالث فرق فيكفي في الثالث بعض طهر فينبغي انه اذا مضى من الثالث شئ يحل له التزوج وهذا خلاف الاجماع وهذا الجواب قاطع لشبهة الشافعي رحمه الله وقد تفردت بهذا.

سوال مقدر یہ تھا کہ جس طہر میں طلاق دی جائے اسے عدت میں شمار کرنے سے تم یہ کیوں کہتے ہو کہ دو طہر مکمل اور ایک بعض طہر لازم آئے گا، بلکہ تین طہر مکمل ہی ہوں گے کیونکہ بعض طہر بھی طہر ہی ہوتا ہے اسلئے طہر تو ادنی جس پر لفظ طہر بولا جائے خواہ وہ ایک گھڑی بھی ہو۔

طلاق واقع ہوا سے وہ معتبر سمجھتے ہیں البتہ امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ پر جو اعتراض تین حیضوں اور بعض حیض (جس میں طلاق واقع ہوئی) سے جو اعتراض ہوتا تھا وہ اس منع لطیف سے بطور معارضہ جواب دے سکتے ہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله على ان بعض الطهر، جواب سوال مقدر توجيهه انا لانسلم انه اذا أعتبر الطهر الذى وقع فيه الطلاق كان الواجب الطهرين وبعضا لاثلاثة وانما يلزم ذلك لو كان الطهر اسما لمجموع ما يتخلل بين الدمين وهو ممنوع بل هو اسم للقليل والكثير حتى يطلق على طهر ساعة مثلا، وتوجيه الجواب على ما ذكره القوم ان الطهران كل اسما للمجموع فقد ثبت ما ذكرنا سالما عن المنع وان لم يكن لزم انقضاء العدة بطهر واحد بل بأقل ضرورة اشتماله على ثلاثة اطهار واكثر باعتبار الساعات وعلى ما ذكره المصنف انه اذا لم يكن اسما للمجموع لم يبق فرق بين الأول والثالث فى صحة الاطلاق على البعض فيلزم انقضاء العدة بمضى شئ من الطهر الثالث من غير توقف على انقضائه وليس كذلك.

مصنف کا قول علی ان بعض الطہر الخ سوال مقدر کا جواب ہے سوال کی توجیہ یہ ہے کہ بیشک ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ جب اس طہر کا عدت میں اعتبار کرلیا جائے جس میں طلاق واقع ہوئی تو دو طہر اور ایک طہر کا بعض حصہ عدت بنے گی تین طہر مکمل نہیں ہوں گے، یہ اس وقت لازم آتا جب دو دم کے درمیان واقع ہونے والا مجموع طہر مراد ہوتا، یہ ہم نہیں

مصنف نے اس کا جواب دیا ہے اگر تمہارا قول تسلیم کرلیا جائے تو تیسرے طہر کا معمولی حصہ گزر جائے تو اس عورت کی عدت ختم ہو جائے اور اس سے نکاح حلال ہو جائے حالانکہ یہ اجماع کے خلاف ہے مصنف فرماتے ہیں یہ امام شافعی رحمہ اللہ کے شبہ کا قاطع جواب ہے، اس جواب میں میں منفرد ہوں۔

تسلیم کرتے، طہر تو قلیل وکثیر پر بولا جاتا ہے یہاں تک کہ مثلاً ایک گھڑی کو بھی طہر کہا جاتا ہے۔
جواب کی توجیہ یہ ہے کہ جو قوم نے ذکر کیا ہے کہ طہر مکمل مجموع کا نام ہے اگر ایسا نہ ہو تو ایک طہر یا ایک طہر سے کم پر بھی عدت گزر جانی چاہئے تو طہر کی کچھ گھڑیاں ایک طہر شمار ہو جائیں گی، کچھ دوسرا طہر اور کچھ تیسرا طہر اسی طرح تو ایک طہر بھی عدت گزرنے کیلئے مکمل کرنا ضروری نہیں ہوگا، حالانکہ یہ بالا جماع باطل ہے۔
مصنف نے جو جواب ذکر کیا ہے اس کی توجیہ یہ ہے، کہ اگر بعض طہر کو مکمل طہر سمجھا جائے تو پہلے اور تیسرے طہر میں کوئی فرق نہیں ہوگا جس طرح پہلے بعض کو مکمل طہر کا حکم دیا جائے گا اسی طرح تیسرے طہر کے بعض حصے کے گزرنے پر اسے کل طہر کا حکم دے کر عدت کو ختم کرنے کا حکم نافذ کیا جانا چاہئے اور اس عورت کو اور جگہ نکاح کر لینا جائز ہونا چاہئے حالانکہ یہ اجماع کے مخالف ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

فان قيل الطهر حالة مستمرة لايدخل تحت العدد الا باعتبار انقطاعه بالحيض كسائر الأمور المستمرة مثل القيام والقعود فانها لاتتصف باسماء الاعداد الا عند انقطاعها بالأضداد وكون كل بعض من تلك الحالة المستمرة طهرا لايستلزم كونه طهرا واحدا فعلى هذا لايلزم انقضاء العدة بطهر واحد وانما يلزم ذلك ان لو كان كل بعض منه طهرا واحدا ولايلزم عدم الفرق بين الاول والثالث بل الفرق ظاهر لأن البعض من الأول قد انقطع بالحيض فيكون واحدا بخلاف البعض من الثالث فانه لايكون طهرا واحدا ما لم ينقطع، قلنا دخول الأمور المستمرة تحت العدد كما يتوقف على انتهاء يتوقف على ابتداء فانه كما لايتصف اول النهار بكونه يوما واحدا فكذلك آخره فان جاز اطلاق الطهر الواحد على البعض من الأول بمجرد الانتهاء الى الحيض جاز اطلاقه على البعض من الثالث بمجرد الابتداء من الحيض وان امتنع هذا امتنع ذاك وان ادعى جواز الأول دون الثاني لم يكن بد من البيان. (التلويح)

مصنف خاص کی ایک اور مثال پیش کرتے ہیں :وقوله فان طلقها فلاتحل له، الفاء لفظ خاص للتعقیب وقد عقب الطلاق بالافتداء فان لم یقع الطلاق بعد الخلع کما هو مذهب الشافعی رحمه الله یبطل موجب الخاص ، تحقیقه انه تعالی ذکر الطلاق المعقب للرجعة مرتین ثم ذکر افتداء المرأة وفی تخصیص فعلها هنا تقریر فعل الزوج علی ما سبق وهو الطلاق فقد بین نوعیه بغیر مال وبمال لا کما یقول الشافعی رحمه الله ان الافتداء فسخ فان ذلک زیادة علی الکتاب ثم قال "فان طلقها" ای بعد المرتین سواء کانت بمال أوبغیره ففی اتصال الفاء بأول الکلام وانفصاله عن الأقرب فساد الترکیب.(التنقیح)

اعلم ان الشافعی رحمه الله یصل قوله تعالی فان طلقها بقوله تعالی الطلاق مرتان ویجعل ذکر الخلع وهو قوله تعالی "ولایحل لکم ان تأخذوا الی قوله تعالی فاولئک هم الظالمون"

اعتراض: طہر جاری ہونے کی حالت میں عدد نیچے داخل نہیں بلکہ حیض سے ختم ہونے پر شمار میں آئے گا جس طرح باقی جاری رہنے والی حالتوں کا حکم ہے، قیام اور قعود اسماء عدد سے متصف نہیں ہوتے مگر جب ان کا انقطاع پایا جائے اپنی اضداد سے، پر بعض طہر جاری رہنے کی حالت میں ایک طہر نہیں بنے گا اور نہ ہی ایک ہی طہر سے عدت کا ختم ہونا لازم آئے گا۔

یہ اس وقت لازم آتا جب ہر بعض طہر کو مکمل طہر سمجھا جاتا، تب ہی پہلے اور تیسرے طہر میں فرق ظاہر نہ ہوتا۔ بلکہ پہلے اور تیسرے طہر میں فرق ظاہر رہے گا، اسلئے کہ پہلا بعض حیض سے منقطع ہو کر ایک ہو گیا، شمار میں آ گیا اور تیسرا بعض جب تک جاری ہے، حیض سے منقطع نہیں ہوتا وہ ایک طہر نہیں بن سکتا۔

جواب: امور مستمرہ کا عدد میں دخول جسطرح انتہاء پر موقوف اسی طرح ابتداء پر بھی موقوف ہے جس طرح اول النہار سے متصف نہ ہو تو ایک دن مکمل نہیں ہوتا اسی طرح آخر النہار سے متصف نہ ہو تو ایک دن مکمل نہیں ہوتا، تو واضح ہوا کہ تکمیل کیلئے ابتداء وانتہاء دونوں ضروری ہیں۔

اگر پہلے بعض طہر کو مکمل طہر کہنا صرف انتہاء کی وجہ جائز ہو تو تیسرے طہر کو حیض کے بعد ابتداء کے لحاظ پر بھی مکمل طہر کہنا جائز ہونا چاہئے، اور اگر تیسرے کا ابتداء کے لحاظ پر مکمل طہر کہنا منع ہے تو پہلے کا انتہاء کے لحاظ پر مکمل طہر کہنا منع ہے۔ پہلے کے جواز کا دعوی اور دوسرے کے عدم جواز کا قول سوائے دلیل بیان کرنے کے تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔

علامہ تفتازانی اسی مسئلہ کو فخر الاسلام کے قول سے واضح کرتے ہیں :قوله، وقوله تعالی فان طلقها،

معترضا ولم يجعل الخلع طلاقا بل فسخا والا يصير الأولان مع الخلع ثلاثة، فيصير قوله فان طلقها رابعا، وقال المختلعة لايلحقها صريح الطلاق فان قوله فان طلقها متصل بأول الكلام ووجه تمسكنا مذكور في المتن مشروحا. (التوضيح)

اللہ تعالی کے ارشاد گرامی "فان طلقها فلاتحل له" میں فاء لفظ خاص ہے جو تعقیب کیلئے ہے، تحقیق طلاق کو طلاق بالافتداء کے بعد ذکر کیا گیا، اگر خلع طلاق نہ ہو جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے تو موجب خاص (یعنی تعقیب) فوت ہو جائے گا۔

مسئلہ کی تحقیق یہ ہے : کہ اللہ تعالی نے پہلے دو رجعی طلاقوں کا ذکر کیا، اس کے بعد عورت کا فدیہ دے کر خلع حاصل کرنے کا ذکر کیا ہے، خلع میں عورت کے فعل کا ذکر کیا گیا کیونکہ مطالبہ عورت کی طرف سے ہوتا ہے اور زوج کے فعل کی تقریر ہے کیونکہ خلع کرنا مرد کا فعل ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ طلاق دو قسمیں بیان کی ہیں "طلاق بالمال اور طلاق بغیر المال"۔ ایسا نہیں جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے بیان فرمایا کہ عورت کا فدیہ دے کر خلع لینا یہ فسخ ہے طلاق نہیں۔ کتاب پر زیادتی ہے۔

پھر رب تعالی نے فرمایا "فان طلقها" اگر دو طلاقوں کے بعد پھر طلاق دے دی، برابر ہے وہ طلاق بالمال ہو یا بغیر المال ہو تو وہ عورت اس کیلئے حلال نہیں۔ فاء کے اول کلام میں اتصال اور اقرب سے انفصال میں فساد ترکیب ہے۔

مصنف توضیح میں کچھ وضاحت فرماتے ہیں : کہ امام شافعی رحمہ اللہ تعالی کے قول "فان طلقها" ارشاد باری

ذكر فخر الاسلام رحمه الله من فروع العمل بالخاص ان الخلع طلاق لا فسخ عملا بقوله تعالى الطلاق مرتان الى قوله فلاجناح عليهما فيما افتدت به، وان الطلاق بعد الخلع مشروع عملا بالفاء في قوله تعالى فان طلقها الا ان كون الأول من هذا الباب غير ظاهر فلهذا اقتصر المصنف على الثاني مشيرا في اثناء تحقيقه الى الأول. (التلويح)

مصنف نے اللہ تعالی کے ارشاد "فان طلقها" سے جو مسئلہ ذکر کیا، اسے فخر الاسلام رحمہ اللہ نے عمل بالخاص کے فروع کی بحث میں بیان کیا ہے، کہ بیشک خلع طلاق ہے فسخ نہیں عمل کرتے ہوئے اللہ تعالی کے ارشاد "الطلاق مرتان" سے لے کر "فلاجناح عليهما فيما افتدت به" تک جو ذکر کیا یعنی پہلے دو طلاقوں کا ذکر فرمایا جن کے بعد رجوع جائز ہے، اس کے بعد خلع کا ذکر کیا۔

تعالی ''الطلاق مرتان'' سے ملاتے ہیں اور خلع کا ذکر جو رب تعالی نے ''ولا یحل لکم ان تاخذوا'' سے لے کر'' فاولئک ھم الظالمون'' تک ذکر فرمایا، وہ جملہ معترضہ ہے، امام شافعی رحمہ اللہ نے خلع کو طلاق نہیں بنایا، ورنہ پہلی دو طلاقیں خلع والی طلاق سے ملکر تین ہو جائیں گی، اور رب تعالی کا ارشاد'' فان طلقھا'' سے چوتھی طلاق ثابت ہو جائے گی۔ اور انہوں نے کہا خلع صریح طلاق سے لاحق نہیں، بیشک اللہ تعالی کا قول'' فان طلقھا'' پہلے کلام'' الطلاق مرتان'' سے متصل ہے۔ اور ہماری وجہ تمسک اور ہمارے دلائل متن میں واضح طور پر ذکر کر دیئے گئے ہیں۔

اس کے بعد'' فان طلقھا'' ذکر کیا، پہلا مسئلہ خلع والا خاص کی بحث میں غیر ظاہر اور دوسرا مسئلہ'' فان طلقھا'' والا ظاہر تھا مصنف نے اسی کو خاص کی مثال بنایا۔

علامہ تفتازانی مسئلہ کی تحقیق بیان فرماتے ہیں

وتحقيقه ان الله تعالى ذكر الطلاق المعقب للرجعة مرتين مرة بقوله والمطلقات يتربصن الى قوله تعالى وبعولتهن احق بردهن، ومرة بقوله الطلاق مرتان فامساك بمعروف، اى التطليق الشرعى تطليقة بعد تطليقة على التفريق دون الجمع كذا قيل نظرا الى ظاهر عبارة المصنف وليس بمستقيم لأن قوله تعالى والمطلقات يتربصن الى آخر بيان وجوب العدة، وقوله الطلاق مرتان كلام مبتدأ لبيان كيفية الطلاق ومشروعيته وذكر الطلاق الف مرة بدون ما يدل على تعدد وترتيب لايقتضى تعدده حتى يكون قوله فان طلقها بيانا للثالثة، بل الصواب ان قوله مرتين قيد للطلاق لا لذكره اى انه تعالى ذكر الطلاق الذى يكون مرتين بقوله الطلاق مرتان اى ثنتان بدليل قوله ثم ذكر "فان طلقها" اى بعد المرتين فانه صريح فى انه اراد بالمرتين التطليقتين ثم ذكر افتداء المرأة بقوله فان خفتم اى علمتم أو ظننتم ايها الحكام ان لايقيما اى الزوجان حدود الله اى حقوق الزوجية فلاجناح عليهما اى فلا اثم على الرجل فيما أخذ ولا على المرأة فيما افتدت به نفسها، وفى تخصيص فعل المرأة بالافتداء تقرير فعل الزوج على ما سبق وهو الطلاق، لأنه تعالى لما جمعهما فى قوله ان لايقيما ثم خص جانب المرأة مع انها لاتتخلص بالافتداء الا بفعل الزوج كان بيانا بطريق الضرورة ان فعل الزوج هو الذى تقرر فيما سبق وهو الطلاق فكان هذا بيانا لنوعى الطلاق اعنى بغير مال وبمال وهو الافتداء وصار كالتصريح

بان فعل الزوج في الخلع وافتداء المرأة طلاق لا فسخ، والا يلزم ترك العمل بهٰذا البيان الذى هو في حكم المنطوق وهو الذى عبر عنه فخر الاسلام رحمه الله بترك العمل بالخاص والمصنف بالزيادة على الكتاب ثم قال فان طلقها اى بعد المرتين سواء كانتا على مال أو بدونه فدل على مشروعية الطلاق بعد الخلع عملا بموجب الفاء. (التلويح)

تحقیق اس کی یہ ہے کہ بیشک اللہ تعالی نے جس طلاق کے پیچھے رجوع کا ذکر کیا ہے اسے دومرتبہ ذکر فرمایا۔ایک اپنے ارشاد''والمطلقات يتربصن ''سے لے کر''وبعولتهن احق بردهن ''تک اور دوسرا اللہ تعالی کے قول''الطلاق مرتان فامساك بمعروف''سے بیان فرمایا۔

ضمنا یہ مسئلہ بھی سمجھ آیا کہ تطلیق شرع طلاق بعد از طلاق ہے، یعنی طلاقیں متفرق دی جائیں نہ کہ جمع کر کے (لیکن دوطلاقیں جمع کر کے بھی دے تو پھر بھی وہ رجعی طلاقیں ہوں گی)۔

مصنف کی ظاہرعبارت سے یہی سمجھ آیا جو بیان کیا گیا ہے لیکن یہ درست نہیں کیونکہ رب تعالی نے اپنے ارشاد ''والمطلقات يتربصن ''آیۃ کووجوب عدت کے بیان کیلئے ذکر فرمایا۔(راقم کے نزدیک ایک آیۃ میں دومسئلے بیان کرنے کوئی مشکل نہیں، عدت کا بیان بھی ہواور طلاق کے رجعی ہونے کا بھی ذکر ہو)

اور اللہ تعالی کا ارشاد''الطلاق مرتان''نیا کلام ہے کیفیت طلاق کے بیان کیلئے اور طلاق کی مشروعیت کے بیان کیلئے۔

تنبیہ: اگر کوئی شخص ہزار طلاقیں دے دے لیکن تعدد پر دلالت کرنے والے الفاظ اور ترتیب نہ پائی جائے جو تعدد کا تقاضا کرتی ہے، تو رب تعالی کا ارشاد''فان طلقها''تیسری طلاق کا بیان ہوگا۔(راقم کے نزدیک یہ قانون عربی جاننے والوں کیلئے ہے آج کل جہلاء طلاق طلاق کی رٹ لگاتے ہیں اسے متعدد ہی سمجھا جائے گا)۔

بلکہ درست یہ ہے کہ''مرتین''قید ہے طلاق کی نہ کہ اللہ تعالی کے ذکر کی، یعنی اللہ تعالی کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ جس نے طلاق دی دومرتبہ، اس کے بعد فرمایا''فان طلقها''یعنی ان دو کے بعد اگر اور طلاق دے تو اس شخص کیلئے وہ عورت حلال نہیں۔ پھر درمیان میں عورت کے فدیہ کا ذکر کیا، اپنے ارشاد''فان خفتم ان لا يقيما حدود الله فلا جناح عليهما فيما افتدت به ''یعنی اے حاکمو اگر تمہیں یقین ہوجائے یا ظن غالب حاصل ہوجائے کہ زوجین اللہ تعالی کی حدود کو یعنی حقوق زوجیت کو قائم نہیں کرسکیں گے، تو ان دونوں پر کوئی گناہ نہیں یعنی مرد کو فدیہ لینے کا کوئی گناہ نہیں اور عورت کو فدیہ دینے کا کوئی گناہ نہیں۔

عورت کا فدیہ دینے کی تخصیص: یعنی آیہ کریمہ میں عورت کے فدیہ دینے کا خصوصی طور پر ذکر کیا گیا مرد کے فدیہ لینے

کا ذکر نہیں کیا گیا، اس میں اشارہ ہے کہ اصل میں طلاق دینا فعل زوج ہی ہے اسے ہی "ان لایقیما" میں ذکر کردیا گیا۔ اور عورت کو بالخصوص ذکر کرکے یہ بتادیا کہ عورت فدیہ دے کر بھی خلاصی حاصل نہیں کرسکتی جب تک زوج خلع نہ کرے، زوج کا فعل بیان ضرورۃ کے طور پر ذکر کردیا گیا۔

یہ بیان ہے طلاق کی دوقسموں کا، طلاق بالمال اور طلاق بغیر المال کا۔ عورت فدیہ دے گی مرد خلع کرے گا تو تصریح باحسان حاصل ہوگا۔

اور زوج کا فعل خلع کرنے میں اور عورت کا فدیہ دینا طلاق ہے نہ کہ فسخ جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ نے فسخ کا قول کیا ہے وہ ہمارے نزدیک درست نہیں ورنہ لازم آئے ترک عمل اس بیان ضرورۃ کا جو حکم منطوق میں ہے، اسی کو فخر الاسلام نے "ترک العمل بالخاص" سے تعبیر فرمایا۔ اور مصنف نے کتاب پر زیادتی سے تعبیر کیا۔

پھر ذکر فرمایا "فان طلقھا" ای بعد المرتین یعنی دوطلاقوں کے بعد اگر اور طلاق دے خواہ وہ دوطلاقیں مال کے بدلے میں تھیں یا بغیر مال کے، تو وہ عورت اس کیلئے حلال نہیں اسی سے بیان کردیا گیا کہ خلع کے بعد طلاق جائز ہے یہی فاء کا موجب ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله فساد التركيب، هو ترك العطف على الاقرب الى الأبعد مع توسط الكلام الاجنبى، فان قيل اتصال الفاء بقوله "الطلاق مرتان" هو قول عامة المفسرين ويدل عليه كلام المصنف ايضا حيث قال فان طلقها اى بعد المرتين، فكيف حكم بفساده قلنا الحكم بالفساد انما هو على تقدير ان يكون قوله تعالى ولايحل لكم الى آخره كلاما معترضا مستقلا واردا فى بيان الخلع غير منصرف الى الطلقتين المذكورتين، واما على ما ذهب اليه

میر سید شریف بیان فرماتے ہیں : کہ مصنف نے "وقد عقب الطلاق" سے فاء تعقیبیہ بنائی ہے۔

اعتراض: فاء داخل ہے شرطیہ پر اور حکم اس کا جزاء میں ہے کیونکہ طلاق شرط ہے نہ کہ جزاء بلکہ جزاء عدم حلت ہے؟

جواب: عدم حلت کے وقوع کے بعد متحقق ہوگی اسلئے فاء کا وقوع طلاق دلالت کرنا صحیح ہے۔

قوله فان ذلک زيادة على الكتاب ،مصنف نے نسخ کی بحث میں بیان کیا ہے کہ محصول اور اصول ابن حاجب میں ذکر کیا ہے کہ نص پر زیادتی یا جزء پر زیادتی، یا شرط کی زیادتی، یا مفہوم مخالف سے لازم آتی ہے، یہاں فسخ مفہوم مخالف ہے جس سے کتاب اللہ پر زیادتی لازم آرہی ہے۔

المصنف وعامة المفسرين ودل عليه سياق النظم وهو ان الافتداء منصرف الى الطلقتين والمعنى لايحل لكم ان تاخذوا فى الطلقتين شيئا ان لم يخافا الا يقيما حدود الله فان خافا ذلک فلا اثم في الأخذ والافتداء فلافساد لأن اتصاله بقوله "الطلاق مرتان" هومعنى اتصاله بالافتداء لأنه ليس بخارج عن الطلقتين فكأنه قال فان طلقها بعد الطلقتين اللتين كلتاهما أو احداهما خلع وافتداؤه.

مصنف نے بیان فرمایا اگرامام شافعی رحمہ اللہ کا قول لیا جائے تو فساد ترکیب لازم آئے گی۔ وہ فساد ترکیب یہ ہے کہ عطف قریب پر چھوڑ دیا گیا ہے، اور باوجود اس کے کہ درمیان میں اجنبی کلام کا واسطہ لازم آئے گا۔

اعتراض: فاء کا اتصال "الطلاق مرتان" کے ساتھ ہے یہ قول ہے عام مفسرین کا اور مصنف کا کلام بھی اس پر دلالت کررہا ہے جبکہ اس نے کہا "فان طلقها" یعنی دومرتبہ طلاق دینے کے بعد پھر طلاق دے، تو فساد کا حکم کیسے کیا جائے گا؟

جواب: حکم فساد کا اس تقدیر پر ہے کہ اللہ تعالی کا ارشاد "ولا تحل لکم الخ" کلام معترض و مستقل وارد ہے خلع کے بیان میں، دو مذکورہ طلاقوں کی طرف اسے نہیں پھیرا گیا۔

لیکن مصنف اور عام مفسرین جس طرف گئے ہیں اس پر سیاق نظم دلالت کررہا ہے، وہ یہ ہے کہ فدیہ دینا دو طلاقوں کی طرف پھیرا گیا ہے، معنی یہ ہے کہ تمہارے لیے حلال نہیں کہ دو طلاقیں دینے میں کچھ فدیہ حاصل کرو جبکہ تمہیں اللہ تعالی کی حدود قائم کرنے میں کوئی خوف نہ ہو، اگر دونوں کو یہ خوف لاحق ہو کہ وہ اللہ کی حدود قائم نہیں کرسکیں گے تو فدیہ لینے اور دینے میں کوئی فساد نہیں۔ اس کا اتصال "الطلاق مرتان" سے معنوی اتصال ہے وہ ہے فدیہ دینا کیونکہ وہ دو طلاقوں سے خارج نہیں، گویا کہ یہ کہا گیا ہے کہ اگر طلاق دی ان دو طلاقوں کے بعد جو دونوں ہی خلع تھیں یا ان میں سے ایک خلع تھی تو مرد کیلئے وہ عورت حلال نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: وبهذا يندفع اشكالان احدهما لزوم عدم مشروعية الخلع قبل التطليقتين عملا بموجب الفاء فى قوله تعالى فان خفتم الا يقيما الآية، الثانى لزوم تربيع الطلاق بقوله فان طلقها لترتبه على الخلع المترتب على الطلقتين وذلک لأن الخلع ليس بمرتب على الطلقتين بل يندرج فيهما والمذكور عقيب الفاء ليس نفس الخلع بل انه على تقدير الخوف لاجناح فى الافتداء. (التلويح)

ابھی تک جو وضاحت کی ہے اس سے دونوں اشکال مندفع ہوگئے، ایک اعتراض یہ تھا کہ لازم آئے گا کہ خلع دو طلاقوں

سے پہلے مشروع نہ ہو کیونکہ فاء تعقیب کو چاہتی ہے، خلع کا ذکر "فان خفتم الا یقیما" سے بیان کیا ہے۔ اور دوسرا اعتراض جو لازم آرہا تھا کہ اس طرح چار طلاقیں لازم آئیں گی، کیونکہ دو طلاقیں، پھر ایک طلاق خلع، پھر ایک طلاق فان طلقھا سے بیان کی۔

ان دونوں اعتراضات کا جواب ایک ہی ہے کہ خلع دو طلاقوں پر مرتب نہیں بلکہ ان میں مندرج ہے، اور فاء کے پیچھے نفس خلع مذکور نہیں بلکہ خوف کی تقدیر پر "لا جناح فی الافتداء" کو مرتب کیا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

لکن یرد اشکالان احدھما ان لایکون المراد بقوله الطلاق مرتان ھو الطلاق الرجعی علی ما صرحوا به لأن الخلع بائن، وثانیھما ان لایصح التمسک بالآیة فی ان الخلع طلاق وانه یلحقه الصریح لأن المذکور ھو الطلاق علی مال لا الخلع، واجیب عن الأول بأن کونه رجعیا انما ھو علی تقدیر عدم الأخذ، وعن الثانی بأن الآیة نزلت فی الخلع لا الطلاق علی مال وقد یجاب بأن الطلاق علی مال اعم من الخلع لأنه یکون بصیغة الطلاق وقد یکون بصیغة الخلع.(التلویح)

یہاں دو اعتراض وارد ہوتے ہیں ایک ان میں سے یہ ہے کہ مراد "الطلاق مرتان" سے طلاق رجعی ہے جیسا کہ فقہاء نے تصریح کی ہے اور خلع طلاق بائن ہے، اور دوسرا اعتراض وارد ہوتا ہے کہ آیہ سے تمسک پکڑنا صحیح نہیں کہ خلع طلاق ہے کیونکہ یہ صریح طلاق سے ملحق ہوگا۔ اس لحاظ پر خلع طلاق رجعی ہونا چاہئے حالانکہ یہ طلاق بالمال ہے نہ کہ خلع۔

پہلے کا جواب دیا گیا کہ طلاق کا رجعی ہونا مشروط ہے او پر تقدیر مال نہ لینے کے۔

اور ثانی کا جواب یہ دیا گیا ہے کہ آیہ خلع میں نازل ہوئی نہ طلاق علی مال کے بارے میں۔ اور کبھی جواب یہ دیا گیا ہے کہ طلاق علی مال عام ہے خلع سے کہ طلاق کے صیغہ سے واقع ہو یا خلع کے صیغہ سے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :وفیه نظر اذ لم یقع نزاع الخصم الا فی ان ما یکون بصیغة الخلع طلاق علی مال حتی لو سلم ذلک یصح نزاعه فی انه طلاق وانه یلحقه صریح الطلاق، فان قیل الفاء فی الآیة لمجرد العطف من غیر تعقیب ولاترتیب والا لزم من اثبات مشروعیة الطلقة الثالثة وجوب التحلیل بعدھا من غیر سبق الافتداء والطلاق علی المال الزیادة علی الکتاب وترک العمل بالفاء فی قوله تعالی فان طلقھا قلنا لو سلم فبالاجماع والخبر المشھور کحدیث العسیلة لایقال الترتیب فی الذکر لایوجب الترتیب فی الحکم لأنا نقول الفاء للترتیب فی الوجود والا

فالترتيب في الذكر حاصل في جميع حروف العطف واعلم ان هذا البحث مبنى على ان يكون التسريح باحسان اشارة الى ترك الرجعة واما اذا كان اشارة الى الطلقة الثالثة على ما روى عن النبي ﷺ فلابد ان يكون قوله تعالى فان طلقها بيانا لحكم التسريح على معنى انه اذا ثبت انه لابد بعد الطلقتين من الامساك بالمراجعة أو التسريح بالطلقة الثالثة فان آثر التسريح فلاتحل له من بعد حتى تنكح زوجا غيره وحينئذ لا دلالة في الآية على شرعية الطلاق عقيب الخلع. (التلويح)

علامہ تفتازانی "وفیہ نظر" سے ماقبل اعتراض وجواب کے ضعف کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ محل نزاع خلع ہے صرف طلاق بالمال نہیں۔

اعتراض: فاء آیہ کریمہ میں مطلقا عطف کیلئے ہو اس میں نہ ہی تعقیب کا لحاظ ہو اور نہ ہی ترتیب کا ورنہ لازم آئے گا تیسری طلاق کا مشروع ہونا اور تحلیل اس کے بعد بغیر افتداء کے پہلے پائے جانے کے اور بغیر طلاق بالمال کے یہ کتاب اللہ پر زیادتی ہے کیونکہ "فان طلقھا" میں فاء کا عمل چھوڑنا لازم آئے گا۔

جواب: ہم نے پہلے بیان کردیا ہے کہ تیسری طلاق خواہ دو طلاقوں بغیر المال کے بعد ہو یا دو طلاقوں بالمال کے بعد ہو تو وہ عورت پہلے کیلئے حلال نہیں رہتی یہ زیادتی بالاجماع اور خبر مشہور سے جو جائز جیسے حدیث عسیلہ جو مشہور ہے اس سے زیادتی نص (حتی تنکح زوجا غیرہ) پر کی جو جائز ہے۔

اعتراض: ترتیب فی الذکر ترتیب فی الحکم ثابت نہیں کرتی ہے، ہوسکتا ہے ترتیب ذکری مراد ہو، ترتیب حکمی مراد نہ ہو؟

جواب: ترتیب سے مراد ترتیب فی الوجود ہے، صرف ترتیب فی الذکر تو تمام حروف عطف میں موجود ہے۔

میر سید شریف نے چند مسائل ذکر فرمائے :دو طلاق کے بعد خلع کرے تو خلع ہمارے نزدیک طلاق ہے تو خلع کو تیسری طلاق ہی کہا جائے گا اس کے بعد وہ عورت اس کیلئے حلال نہیں یہاں تک کہ وہ عورت اور زوج سے نکاح کرے، آپ فرماتے ہیں کہ مصنف کے قول "المختلعة لايلحقها صريح الطلاق" سے یہ وہم نہ کیا جائے کہ یہ حکم صریح طلاق سے خاص ہے بلکہ یہ قید اتفاقی ہے اسلئے کہ کنایہ طلاق کا بھی یہی حکم ہے۔

بلکہ الزام نفی کنایہ میں اولی ہے جب صریح طلاق کنایہ سے اقوی ہے اسلئے کہ صریح میں فرقت بغیر نیت کے واقع ہو جاتی ہے بخلاف کنایہ کے کہ اس کی تاثیر مشروط ہے نیت سے۔

مصنف خاص کی ایک اور مثال ذکر کرتے ہیں :وقوله تعالى ان تبتغوا باموالكم الباء لفظ خاص يوجب الالصاق فلاينفك الابتغاء اى الطلب وهو العقد الصحيح عن المال اصلا فيجب بنفس العقد بخلاف الفاسد فان المهر لايجب بنفس العقد اذا كان فاسدا خلافا للشافعي ، والخلاف ههنا في مسئلة المفوضة اى التي نكحت بلامهر اونكحت على ان لامهر لها لايجب المهر عند الشافعي رحمه الله عند الموت واكثرهم على وجوب المهر اذا دخل بها وعندنا يجب كمال المهر المثل اذا دخل بها أومات احدهما.(التنقيح والتوضيح)

اللہ تعالی کا ارشاد "ان تبتغوا باموالكم "میں باء لفظ خاص ہے الصاق واجب کرتی ہے،یعنی عقد صحیح مال سے جدا نہیں۔ابتغاء کا معنی طلب ہے،یعنی عقد صحیح کی طلب ہے،یعنی نفس عقد سے مال لازم آجائے گا۔بخلاف عقد فاسد کے

تنبیہ :ابھی تک جو بحث کی ہے اس کا تعلق اس سے ہے کہ تسریح باحسان اشارہ ہے ترک رجعت کی طرف لیکن جب اشارہ ہو تیسری طلاق کی طرف جیسا کہ ایک حدیث میں یہی ذکر ہے تو پھر ضروری ہے کہ اللہ تعالی کا ارشاد "فان طلقها" بیان ہوگا حکم تسریح کا اس معنی پر جب یہ ثابت ہو کہ ضروری ہے دو طلاقوں کے بعد رجوع کے ذریعے عورت کو اپنے پاس روک رکھنا یا تیسری طلاق کے بعد آزاد کر دینا،تیسری طلاق کے بعد وہ عورت پہلے زوج کیلئے حلال نہیں رہے گی یہاں تک کہ وہ اور زوج سے نکاح کرے۔اس تفسیر کے مطابق خلع کے بعد مشروعیۃ طلاق پر آیہ کریمہ دلالت نہیں کر رہی۔

لیکن پہلی تفسیر ہی جمہور کے نزدیک معتبر ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله ان تبتغوا مفعول له اى بين ما يحل مما يحرم ارادة ان تبتغوا النساء بالمهور ويجوز ان يكون بدلا عن ما وراء ذلكم والابتغاء هو الطلب بالعقد لا بالأجارة والمتعة لقوله تعالى غير مسافحين والمراد العقد الصحيح اذ لايجب المهر بنفس العقد الفاسد اجماعا بل يتراخى الى الوطى.

مصنف نے جو مثال بیان کی ہے "ان تبتغوا باموالكم "اس میں "ان تبتغوا" مفعول لہ ہے۔یہ کلام مکمل سیاق وسباق سے یہ ہے "واحل لكم ما وراء ذلكم محصنين غير مسافحين "اور حلال کر دی گئی ہیں تمہارے لئے ماسوا

کیونکہ نفس عقد فاسد سے مہر لازم نہیں آتا۔

امام شافعی رحمہ اللہ کا اس میں اختلاف ہے کہ اگر عورت کا نکاح بغیر مہر کے کردیا گیا، یا نکاح کیا گیا اس کا مہر نہیں ہوگا تو امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک موت کے وقت اس کا مہر واجب نہیں ہوگا یا اس سے دخول کرنے کے بعد وجوب مہر سے زائد مہر نہیں ہوگا۔

ہمارے نزدیک کامل مہر مثل واجب ہوگا جب اس سے دخول کرے یا ان دونوں میں سے ایک فوت ہوجائے۔

ان کے تم طلب کرو (ان کو) اپنے مالوں کے ذریعے پاکدامن بنتے ہوئے نہ زنا کار بنتے ہوئے۔ (ضیاء القرآن)

یعنی رب تعالی نے ان عورتوں کا ذکر فرمایا جو مردوں پر حرام ہیں اور ان کے ماسوا حلال عورتوں کا ذکر فرمایا کہ ان کو حاصل کرو مہر کے بدلے۔ اور یہ بھی ہوسکتا ہے کہ "ان تبتغوا" بدل ہو "ماوراء ذلکم" سے۔ ابتغاء کا یہاں مطلب ہے عقد صحیح کے ذریعے طلب کرنے کا۔ عقد فاسد بھی مراد نہیں اور متعہ و اجارہ بھی مقصود نہیں اسلئے کہ اللہ تعالی کی "غیر مسافحین" سے مراد عقد صحیح ہے کہ نفس عقد فاسد سے مہر واجب نہیں ہوتا اس میں اجماع ہے عقد فاسد میں مہر متراخی ہوگا مجامعت تک یا دونوں میں سے ایک کی موت تک۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله الباء لفظ خاص، يعني ان حقيقة في الالصاق مجاز في غيره ترجيحا للمجاز على الاشتراك.

یعنی باء کا حقیقی معنی الصاق ہے، اور باقی معانی مجاز ہیں، اور مجاز میں بھی اشتراک کو ترجیح دی گئی یعنی ہر ایک میں الصاق کا معنی بھی پایا گیا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله والخلاف ههنا في مسئلة المفوضة من التفويض وهو التسليم وترك المنازعة استعمل في النكاح بلامهر أو على ان لامهر لها، لكن المفوضة التي نكحت نفسها بلامهر لاتصلح محلا للخلاف لأن نكاحها غير منعقد عند الشافعي بل المراد من

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله والخلاف ههنا في مسئلة المفوضة.

یہاں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ "مفوضہ" اس مفعول کا صیغہ ہو کہ عورت کا نکاح بغیر مہر کے کردیا گیا ہو۔ دوسرا احتمال یہ کہ اسم فاعل کا صیغہ ہو کہ عورت خود اپنا نکاح بغیر مہر کے کردے۔

مصنف خاص کی ایک اور مثال ذکر کرتے ہیں :وقوله تعالى قد علمنا ما فرضنا، خص فرض المهر الى تقديره بالشارع فيكون ادناه مقدرا خلافا له لأن قوله فرضنا معناه قدرنا وتقدير الشارع اما ان يمنع الزيادة أويمنع النقصان والأول منتف لأن الأعلى غير مقدر في المهر اجماعا فتعين الثاني فيكون الأدنى مقدرا ولما لم يبين ذلك المفروض قدرنا بطريق الرأى والقياس بشيء هو معتبر شرعا في هذا الباب اى كونه عوضا لبعض اعضاء الانسان وهو عشرة دراهم فانه يتعلق بها وجوب قطع اليد، وعند الشافعي رحمه الله كل ما يصلح ثمنا يصلح مهرا وأورد

المفوضة هي التي اذنت لوليها ان يزوجها من غير تسمية المهر أوعلى ان لامهر لها فروجها وقد يروى المفوضة بفتح الواو على ان الولى زوجها بلامهر وكذا الأمة اذا زوجها سيدها بلامهر .(التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ اس جگہ اختلاف مسئلہ مفوضہ میں ہے، تفویض کا معنی ہے سپرد کرنا اور تسلیم کرنا، جھگڑا ختم کرنا۔ یہ استعمال ہوتا نکاح بلامہر میں بھی اور اس میں بھی کہ مشروط کر دیا جائے کہ اس نکاح میں مہر مقرر نہیں کیا جائے گا۔

لفظ مفوضہ میں دو احتمال ہیں ایک بکسر الواو یعنی صیغہ اسم فاعل کا لیا جائے تو مطلب یہ ہو کہ عورت خود اپنا نکاح بغیر مہر کے کرے لیکن یہ محل اختلاف کی صلاحیت نہیں رکھتا کیونکہ ولی کی اجازت کے بغیر نکاح کرے تو امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک اس کا نکاح ہی منعقد نہیں ہاں البتہ یہ مراد ہو سکتی ہے کہ عورت اپنے ولی کو اجازت دے کہ وہ میرا نکاح بغیر مہر مقرر کرنے کے یا مہر کے نہ ہونے سے مشروط کر کے نکاح کر دے۔ تو اس مسئلہ میں ہمارا اور امام شافعی رحمہ اللہ کا اختلاف ہو سکتا ہے جب نکاح ولی کرے اور مہر مقرر عورت کی اجازت سے نہ کرے۔

راقم کے نزدیک اختلاف باکرہ نابالغہ عورت میں ہے ثیبہ اپنا نکاح خود امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک بھی کر سکتی ہے۔ لیکن اگر مفوضہ بفتح الواو مفعول کا صیغہ ہو تو مطلب یہ ہوگا کہ عورت کا نکاح اس کا ولی اور لونڈی کا نکاح اس کا مالک کر کے دے بغیر مہر مقرر کرنے یا عدم مہر سے مشروط کرنے کے۔

علامہ تفتازانی نے ذکر فرمایا :قوله قد علمنا ما فرضنا، المشهوران الفرض حقيقة في القطع والايجاب ومعنى الآية قد علمنا ما اجبنا على المؤمنين في الازواج والاماء من النفقة والكسوة

فخر الاسلام رحمه الله في هذا الفصل مسائل آخر اوردتها في الزيادة على النص في آخر فصل النسخ الا مسئلتين تركتهما بالكلية مخافة التطويل وهما مسئلة الهدم والقطع مع الضمان.

رب تعالیٰ کا ارشاد"قد علمنا ما فرضنا علیهم "مہر کے حد مقرر کرنے میں خاص ہے، یعنی شارع کے نزدیک اس کی حد مقدر ہے کیا زیادتی منع ہے یا کمی منع ہے؟ عقلی احتمال دو ہیں، لیکن پہلا احتمال مراد نہیں لیا جاسکتا کیونکہ اعلیٰ کی حد مقدر نہیں وہ رب تعالیٰ نے فرمایا"و آتیتم احداهن قنطارا "لہذا دوسرا احتمال مراد ہے جو کم از کم شریعت میں مہر مقرر ہے اس سے کم مہر مقرر نہیں کیا جا سکتا۔ آیہ کریمہ میں بظاہر کم از کم مہر کی حد کا ذکر نہیں لیکن ہم نے رائے

والمهر بقرينة تعديته بعلى وعطف ما ملكت ايمانهم على الازواج مع ان الثابت في حقهن ليس بمقدر في الشرع، وذهب الاصوليون الى ان الفرض لفظ خاص حقيقة في التقدير بدليل غلبة استعماله فيه شرعا يقال فرض النفقة اى قدرها أوتفرضوا لهن فريضة اى تقدروا وفرضناها اى قدرناها ومنه الفرائض للسهام المقدرة مجاز في غيره دفعا للاشتراک وتعديته بعلى لتضمين معنى الايجاب وقوله وما ملكت ايمانهم معناه "وما فرضنا عليهم فيما ما ملكت ايمانهم" على ان الفرض هنا بمعنى الايجاب ولما كان هذا مخالفا لتصريح الأئمة بأنه حقيقة في القطع لغة وفي الايجاب شرعا عدل المصنف عن ذلک فقال خص فرض المهر اى تقديره بالشارع وتحقيقه ان اسناد الفعل الى الفاعل حقيقة في صدور الفعل عنه فيكون لفظ فرضنا من حيث اشتماله على الاسناد خاصا في ان مقدر المهر هو الشارع على ما هو وضع الاسناد وهذا تدقيق منه الا انه يتوقف على كون الفرض هنا بمعنى التقدير دون الايجاب. (التلويح)

مصنف نے رب تعالیٰ کا ارشاد بطور دلیل ذکر فرمایا"قد علمنا ما فرضنا علیهم "فرض کا حقیقی معنی قطعی طور پر حکم ثابت ہونا اور واجب ہونا، کیونکہ لغت میں کاٹنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا ہے۔ آیہ کریمہ کا معنی یہ ہے تحقیق ہمیں معلوم ہے جو مؤمنین پر ان کی ازواج اور لونڈیوں کے حقوق ہم نے واجب کئے ہیں یعنی نفقہ اور کپڑے اور مہر، اس قرینہ سے کہ یہ متعدی ہے"علیٰ" سے۔ اور عطف ہے"ما ملکت ایمانهم "کا عطف ہے ازواج پر، باوجود اس کے کہ ان کے حق میں نفقہ وغیرہ کی شرع میں حد مقرر نہیں۔

اصولیین حضرات اس طرف گئے ہیں کہ بیشک فرض لفظ خاص ہے حقیقت میں اس کا معنی ہے تقدیر اس پر دلیل یہ کہ اس

اور قیاس سے اس کی حد مقرر کی۔ کیونکہ مہر انسان کے کسی عضو کا بدل ہے جیسا کہ دس درہم چوری کرنے پر ہاتھ کا کاٹنا لازم آجائیگا، معلوم ہوا جس طرح قطع ید دس درہم کے عوض ہے اسی طرح مہر دس درہم ایک عضو شریف کا عوض ہے، البتہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جو چیز بھی ثمن بن سکتی ہے وہ مہر بن سکتی ہے۔

فخر الاسلام نے اس فصل میں اور مسائل کا بھی ذکر کیا ہے جنہیں میں نے نسخ کی فصل "الزیادۃ علی النص" کی بحث میں ذکر کیا ہے۔ البتہ دو مسئلے تطویل کے ڈر کی وجہ سے مکمل میں نے حذف کر دیئے ان میں سے ایک مسئلہ ھدم کا ہے اور ایک قطع مع الضمان کا ہے۔

معنی میں غالب طور پر استعمال ہے شرع میں، جیسے کہا جاتا ہے "فرض النفقۃ" نفقہ کی حد مقدر کر دی گئی، اور ارشاد باری تعالیٰ "او تفرضوا لھن فریضۃ" یا ان کیلئے ایک حد مقدر کر دو۔ اسی طرح یہاں "وفرضنا ھا" کا معنی یہی ہے ہم نے ان پر ان کی ازواج کا حق مقدر کر دیا ہے۔

اسی طرح سہام مقدر کو فرائض کہا جاتا، اس معنی کے غیر مجازی معانی ہیں، اس سے اشتراک کا وہم مندفع ہو جائے گا۔ اور "علی" سے متعدی ہونا "ایجاب" کے معنی کو متضمن ہے۔ اور ارشاد باری تعالیٰ "وما فرضنا علیھم فیما ملکت ایمانھم" کا مطلب بھی ایجاب ہے یعنی فرضنا کو اوجبنا کے معنی میں لیا گیا ہے۔

جبکہ یہ مخالف ہے تصریح ائمہ کے کہ لغت میں حقیقی طور پر قطع کے معنی میں ہے اور شرع میں ایجاب کے معنی میں ہے تو مصنف نے اس سے عدول کر کے کہا ہے کہ شارع نے اس مقام پر مہر کے مقدر کرنے سے "فرضنا" کو خاص کیا ہے۔ تحقیق کلام یہ ہے کہ فعل کا اسناد فاعل کی طرف حقیقت ہے کہ فعل فاعل سے ہی صادر ہو، لفظ "فرضنا" اسناد پر مشتمل ہونے کی وجہ سے خاص ہے کہ مہر کی حد جو مقدر ہے وہ شارع کی طرف سے ہے۔ جیسا کہ وضع اسناد کا تقاضا ہے، یہ اس مسئلہ کی اس مقام میں تدقیق ہے، مگر یہ کہ یہ مسئلہ موقوف ہے اس پر کہ یہاں فرض بمعنی تقدیر کے ہے نہ کہ ایجاب کے۔

علامہ تفتازانی دو مسئلے بیان کرتے ہیں: وہ دو مسئلے جن کو مصنف نے تطویل سے بچتے ہوئے کتاب میں ذکر نہیں کیا تھا، وہ حقیقت میں دو اعتراض ہیں امام شافعی رحمہ اللہ کی جانب سے احناف پر جن کے جواب دیئے گئے۔

قولہ وھما مسئلتا الھدم والقطع مع الضمان، ھما مسئلتان خالف فیھما الشافعی اباحنیفۃ محتجا بأن فیما ذھب الیہ ترک العمل بالخاص، تقریر الأولی أن لفظ حتی فی قولہ تعالی

فلاتحل له من بعد حتی تنكح زوجا غيره، خاص في الغاية وأثرالغاية في انتهاء ما قبلها لا في اثبات ما بعدها فوطئ الزوج الثاني يكون غاية للحرمة السابقة لا مثبتا لحل جديد وانما يثبت الحل بالسبب السابق وهو كونها من بنات آدم خالية عن المحرمات كما في الصوم تنتهي حرمة الأكل والشرب بالليل ثم يثبت الحل بالاباحة الأصلية فوطئ الزوج الثاني يهدم حكم ما مضى من طلقات الزوج الاول اذا كانت ثلاثا لثبوت الحرمة بها ولايهدم ما دون الثلاث اذ لاتثبت به الحرمة ولاتصورلغاية الشئ قبل وجود اصله ففي القول بأنه يهدم ما دون الثلاث ايضا كما هومذهب أبي حنيفة بناء على ان وطئ الزوج الثاني مثبت لحل جديد ترك العمل بالخاص، وجوابه ان المراد بالنكاح ههنا العقد بدليل اضافته الى المرأة واشتراط الدخول انما يثبت بالحديث المشهوروهو حديث العسيلة حيث قال لا حتى تذوقي جعل الذوق غاية لعدم العود فاذا وجد ثبت العود وهو حادث لا سبب له سوى الذوق فيكون هوالمثبت للحل وبقوله عليه الصلوة والسلام لعن الله المحلل والمحلل له جعل الزوج الثاني محللا اى مثبتا للحل ففي ما دون الثلاث يكون الزوج الثاني متمما للحل الناقص بطريق الأولى.

مصنف نے جن دو مسئلوں کے نہ ذکر کرنے کے متعلق کہا ہے، وہ ایک مسئلہ ہدم ہے اور دوسرا مسئلہ قطع مع الضمان ہے، ان دو مسائل میں امام شافعی رحمہ اللہ نے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کی مخالف کی ہے انہوں نے دلیل ان دو مسائل کو بنایا ہے کہ ان میں تمہارا خاص پر عمل چھوڑنا لازم آرہا ہے۔

مسئلہ ہدم یعنی اس سوال کی تقریر یہ ہے :رب تعالی کا ارشاد گرامی "فلاتحل له من بعد حتی تنكح زوجا غیره" اس میں لفظ حتی خاص ہے غایۃ کے معنی کے ساتھ، غایۃ ماقبل کے اثر کو ختم کرنا ہے مابعد کو ثابت کرنا نہیں۔

تین طلاقوں کے بعد زوج کا وطی کرنا حرمت سابقہ کی غایت وانتہاء ہے، لیکن حلت جدیدہ کو ثابت نہیں کرتی، حلت ثابت ہوگی سبب سابق سے وہ ہے اس کا بنات آدم سے ہونا جو محرمات سے خالی ہیں، یعنی یہ زوج اول کی محرمہ عورت نہیں ورنہ پہلا نکاح بھی نہ ہوتا۔

یہ ایسے ہی ہے جیسے روزے میں کھانے اور پینے کی حرمت کی انتہاء رات ہے، پھر کھانے کی حلت کا ثبوت رات سے نہیں ہوگا بلکہ اباحت اصلیہ سے ہوگا کہ یہ طعام ومشروب اصل میں مباح ہیں لھذا حلال ہیں اے احناف! تم یہ کہتے ہو کہ زوج ثانی کے وطی کرنے سے (اس کے بعد اس سے مفارقت پر) زوج اول کو حلت جدیدہ حاصل ہوگئی یعنی زوج

مصنف عام کی بحث کو ذکر کرتے ہیں:

فصل: حکم العام التوقف عند البعض حتی یقوم الدلیل لأنه مجمل لاختلاف اعداد الجمع. (التنقیح)

فان جمع القلة یصح ان یراد منه کل عدد من الثلاثة الی العشرة وجمع الکثرة یصح ان یراد منه کل عدد من العشرة الی ما لانهایة له فانه اذا قال لزید علی افلس یصح بیانه من الثلاثة الی العشرة فیکون مجملا. (التوضیح)

فصل: عام کا حکم بعض کے نزدیک توقف ہے یہاں تک کہ دلیل قائم ہو جائے، توقف کی وجہ یہ ہے کہ وہ مجمل ہے جمع کے اعداد کے اختلاف کی وجہ سے، اگر جمع قلت ہو تو صحیح یہ ہے کہ مراد اس سے کل عدد ہوں تین سے لیکر دس تک، اور اگر جمع کثرت ہو تو صحیح یہ ہے کہ مراد اس سے کل عدد ہوں یعنی دس سے لے کر مالانھایۃ تک، اسلئے کہ جب اس نے یہ کہا "زید کے مجھ پر فلوس ہیں" افلس جمع قلت ہے اس کا بیان تین سے دس تک صحیح ہے۔

مصنف فرماتے ہیں: وانه یؤکد بکل واجمع ولو کان مستغرقا لما احتیج الی ذلک ولأنه یذکر الجمع ویراد به الواحد کقوله تعالی "الذین قال لهم الناس ان الناس قد جمعوا لکم" المراد نعیم ابن مسعود أو اعرابی آخر والناس الثانی اهل مکة.

جمع یا مجمل (باعتبار اختلاف مرجع ضمائر) کو "کل" کے ذریعے کبھی مؤکد کرلیا جاتا ہے، جب اس میں استغراق والا معنی تو "کل" کے ذریعے تاکید ضروری ہو جاتی ہے۔ کبھی جمع ذکر کر کے مراد اس سے واحد لے لیا جاتا ہے، جیسے ارشاد باری تعالی ہے "الذین قال لهم الناس ان الناس قد جمعوا لکم" اس آیہ کریمہ میں پہلے "الناس" مراد ایک فرد ہے وہ نعیم بن مسعود یا کوئی اور اعرابی، دوسرے "الناس" سے مراد اہل مکہ ہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: عام کا حکم توقف ہے بعض کے نزدیک، اس عام سے مراد اصولیین کا مصطلح عام نہیں۔ اس میں نہ خفاء ہے اور نہ ہی کوئی اختلاف ہے کیونکہ وہ عام ایک ہی وضع سے کثیر غیر محصور کیلئے وضع ہے سب افراد کو وہ شامل ہوتا، بعض افراد کو نہ شامل ہونے کا اس میں کوئی احتمال نہیں ہوتا۔ بلکہ یہاں جس عام کی مراد میں اختلاف پیش کیا جا رہا ہے، اس سے مراد الفاظ عموم ہیں جیسے جمع، اضافت، موصول، نکرہ مقام نفی میں ہو، شرط، نکرہ صفت عامہ سے متصف ہو وغیرہ۔

یہاں تک سارے دلائل ہیں توقف والوں کے۔(ابوسفیان نے اسے بھیجا تھا کہ تم مدینہ جاکر مسلمانوں کو ڈراؤ کہ اہل مکہ نے تمہارے لئے بہت بڑا لشکر جمع کر رکھا ہے،تو تم ان سے ڈر کر رہو،تو اللہ تعالی نے مؤمنین کے ایمان کو زیادہ کیا تو انہوں نے کہا ہمیں اللہ کافی ہے)

مصنف فرماتے ہیں :وعند البعض يثبت الأدنى وهو الثلاثة في الجمع والواحد في غيره لأنه المتيقن فانه اذا قال لفلان على دراهم تجب ثلاثة بالاتفاق بيننا وبينكم لكنا نقول انما تثبت الثلاثة لأن العموم غير ممكن فيثبت اخص الخصوص .(التنقيح والتوضيح)

اور بعض کے نزدیک جمع میں اونی یعنی تین افراد ثابت ہوں گے۔اور غیر جمع میں ایک فرد ثابت ہوگا کیونکہ وہ متیقن ہے،اسلئے کہ جب کسی شخص نے کہا "لفلان علی دراهم" فلان کیلئے مجھ پر دراہم لازم ہیں تو تین دراہم واجب ہوں گے، اس میں ہمارا اور تمہارا اتفاق ہے،تو ہم یہ کہتے ہیں کہ اس مثال میں عموم ممکن نہیں کہ کسی نے دوسرے کے لاتعداد دراہم دینے ہوں،اسلئے اخص الخصوص یعنی جمع کے کم از کم تین افراد مراد ہیں۔

مصنف اس مسئلہ میں اپنا اور امام شافعی رحمہ اللہ کا موقف بیان کرتے ہیں :

وعندنا وعند الشافعي رحمه الله يوجب الحكم في الكل نحو جاء ني القوم يوجب الحكم وهو نسبة المجئ الى كل الافراد تناولها القوم معنى مقصود فلابد ان يكون لفظ يدل عليه فان

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله فصل حكم العام، عندعامة الاشاعرة التوقف حتى يقوم دليل عموم أو خصوص وعند البلخي والجبائي الجزم بالخصوص كالواحد في الجنس والثلاثة في الجمع والتوقف فيما فوق ذلك وعند جمهور العلماء اثبات الحكم في جميع ما يتناوله من الأفراد قطعا ويقينا عند مشائخ سمرقند حتى يفيد وجوب العمل دون الاعتقاد ويصح تخصيص العام

قوله لأنه مجمل :یعنی وہ مجمل ہے اسلئے اس میں احتمال ہے کل افراد مراد لینے کا،یا اس کے اقل مراتب مراد لینے کا، یا ان کے درمیان مراد لینے کا۔

قوله لاحتمال اعداد الجمع :جمع کے اعداد میں احتمال ہوتا ہے،اس لئے جمع ذکر کیا جائے مراد اس سے تین افراد لیں یا چار،دس لیں یا سو یا تمام افراد لیں جن کو جمع شامل ہے۔

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله قد وضع اللفظ للمعنى ،کہ وضع کبھی باعتبار مادہ کے ہوتے ہیں جیسے

المعانی هی مقصودة فی التخاطب قد وضع الالفاظ لها. (التنقیح و التوضیح)

ہمارے نزدیک اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک حکم کل کو شامل ہوگا جیسے کہا جائے "جاء نی القوم" تو حکم واجب ہوگا یعنی مجیئت کی نسبت ان تمام افراد کی طرف ہوگی جن کو قوم شامل ہے۔ اسلئے کہ معنی مقصود یہی ہے تو ضروری ہے کہ وہی معنی لیا جائے لفظ جس پر دلالت کرے، کیونکہ تخاطب میں وہی معانی مقصود ہوتے ہیں جن کیلئے الفاظ وضع کئے جاتے ہیں۔

من الکتب بخبر الواحد و القیاس. (التلویح)

مصنف نے عام کے حکم کا ذکر کیا ہے، اس میں عام اشاعرہ کا مذہب یہ ہے کہ اس میں توقف ہے یہاں تک کہ کوئی دلیل عموم یا دلیل خصوص پائی جائے تو وہی مراد ہوگی۔ اور بلخی اور جبائی نے خصوص پر جزم رکھنے کا قول کیا ہے۔ جس طرح جنس میں واحد اور جمع میں تین، اور توقف اس سے اوپر میں وہ دلیل کا محتاج ہے۔

اور جمہور علماء نے کہا کہ حکم سب افراد کو شامل ہے، اس میں پھر دو قول ہیں مشائخ عراق اور عام متاخرین نے کہا ہے کہ سب افراد کو حکم قطعی یقینی طور پر شامل ہے، اور جمہور فقہاء اور متکلمین نے کہا ہے کہ سب افراد کو ظنی طور پر حکم شامل ہے۔ یہی مذہب ہے امام شافعی رحمہ اللہ کا بھی اور احناف میں سے مشائخ سمرقند کا بھی وہ بھی یہی کہتے ہیں کہ اس سے وجوب عمل کا فائدہ حاصل ہوگا اور اعتقاد حاصل نہیں ہوگا، دلیل ظنی کا حکم یہ ہی ہے ان کے نزدیک عام جس کا ذکر کتب میں ہوا سے خبر واحد اور قیاس کے ذریعے خاص کرنا صحیح ہے۔

علامہ تفتازنی توقف والوں کی دلیل بیان کرتے ہیں: واستدل علی مذهب التوقف تارة ببيان ان تمثل هذه الالفاظ التي ادعى عمومها مجمل وأخرى ببيان أنه مشترك اما الأول فلأن اعداد الجمع مختلفة من غير اولوية للبعض ولأنه يؤكد بكل واجمع مما يفيد بيان الشمول والاستغراق فلو كان الاستغراق لما احتيج اليه فهو للبعض وليس بمعلوم فيكون مجملا، واما الثاني فلأنه يطلق على الواحد والاصل في الاطلاق الحقيقة فيكون مشتركا بين الواحد والكثير، فقوله وانه يؤكد عطف على قوله لاختلاف اعداد الجمع فيكون دليلا آخر على الاجمال ويحتمل ان

"ضرب" سے مراد زمانہ ماضی لیا جائے، کبھی مجموع کا اعتبار کیا جاتا ہے، جیسے ضرب میں مصدری معنی بھی معتبر ہو، نسبت الی الزمان بھی ہو، اور نسبت الی الفاعل بھی ہو۔

يكون عطفا على قوله لأنه مجمل فيكون دليلا على مذهب التوقف. (التلويح)

توقف کے قول والے اپنے مذہب کے بیان پر کبھی اس بیان سے دلیل پکڑتے ہیں کہ مثلاً یہ الفاظ جن کے متعلق عموم کا دعوی کیا گیا ہے وہ مجمل ہیں، اور کبھی وہ استدلال کرتے ہیں کہ یہ عام واحد اور کثیر میں مشترک ہے۔

پہلی دلیل کی وضاحت: اعداد جمع مختلف ہیں کسی ایک کو دوسرے پر اولی نہیں قرار دیا جا سکتا۔ ہاں اگر کل اور اجمع کے ذریعے تاکید لگائی جائے تو وہ شمول واستغراق کا فائدہ دیتے ہیں ان سے شمول واستغراق حاصل ہوگا، اس کے بغیر باقی صورتوں میں وہ مجمل ہوگا۔

دوسری دلیل کی وضاحت: جب اس کا اطلاق ایک پر بھی ہے اور کثیر پر بھی ہے تو ایک اور کثیر کے درمیان مشترک ہو گیا۔

فقوله وانه يؤكد: اس کے عطف میں دو احتمال ہیں ایک یہ کہ اس کا عطف ہو "لاختلاف اعداد الجمع" پر تو یہ اجمال کی ایک اور دلیل ہوگی، دوسرا احتمال یہ ہے کہ عطف ہو "لانہ مجمل" پر تو یہ مذہب توقف پر دلیل ہوگی۔ اس طرح گویا کہ توقف والوں کے تین استدلال ہو گئے۔

علامہ تفتازانی ان کے استدلالات کا جواب دیتے ہیں:

والجواب عن الأول انه يحمل على الكل احترازا عن ترجيح البعض بلامرجع فلا اجمال، وعن الثاني ان التاكيد دليل العموم والاستغراق والا لكان تاسيسا لا تاكيدا صرح بذلك ائمة العربية، وعن الثالث ان المجاز راجح على الاشتراك فيحمل عليه للقطع بأنه حقيقة في الكثير على ان كون الجمع مجازا في الواحد مما اجمع عليه ائمة اللغة والمراد بالجمع ههنا ما يعم صيغة الجمع كالرجال واسم الجمع كالناس.

ان کے پہلے استدلال کا جواب یہ ہے کہ عام کو کل پر محمول کریں گے تاکہ بعض کو بعض پر ترجیح بلا مرجح لازم نہ آئے، اس میں کوئی اجمال نہیں۔ ان کے دوسرے استدلال کا جواب کہ تاکید "کل یا اجمع" سے دلیل عموم واستغراق ہے جب تاکید نہیں ہوگی تو تاسیس ہوگی جیسا کہ ائمہ عربیہ نے تصریح کی ہے، جب تاسیس ثابت ہوگی تو وہی معنی لیا جائے جو ہم ان کے استدلال اول کے جواب میں تحریر کر چکے ہیں۔

ان کے تیسرے استدلال کا جواب یہ ہے کہ مجمل مراد لینا مجازی معنی ہے، مجاز پر اشتراک کو ترجیح حاصل ہے اسلئے کہ اشتراک میں حقیقی معنی کے اعتبار سے لفظ عام کو یقینی طور پر کثیر پر محمول کیا جائے، کیونکہ جمع کو ایک پر محمول کرنا مجاز ہے،

اسی پر ائمہ لغت عربیہ کا اجماع ہے۔

توقف والے جو استدلال میں جمع ذکر کر رہے ہیں اس سے مراد ان کے نزدیک عام خواہ جمع کا صیغہ ہو یا اسم جمع ہو، جمع کی مثال ''الرجال'' اور اسم جمع کی مثال ''الناس'' ہے۔

علامہ تفتازانی نے تو آیہ کریمہ کا جواب بھی یہی دیا کہ جمع کو واحد پر محمول کرنا مرجوح ہے، راجح یہی ہے کہ اسے کثیر پر محمول کیا جائے۔ آیہ کریمہ میں ''فقال لھم الناس'' میں بھی کثرت والے معنی کو میر سید شریف نے یوں بیان کیا کہ نعیم بن مسعود کے ساتھ رفقاء اور خدام بھی تھے، یہ ان کا سردار تھا، اور ایک احتمال یہ بھی ہے کہ جنہوں نے بھی اس خبر کو سنا اور افشاء کیا وہ سب ہی مراد ہیں، اور ایک احتمال یہ ہے کہ اس نے اہل مکہ کا پیغام پہنچایا کہ اہل مکہ یہ کہتے، ان سب صورتوں میں پہلے ''الناس'' سے مراد بھی کثیر ہیں اور دوسرے ''الناس'' سے مراد بھی کثیر ہیں۔

علامہ تفتازانی نے آیہ الکریمہ کا شان نزول بیان کیا

وکان ابوسفیان واعد رسول اللہ ﷺ یوم احد ان یوافیہ العام المقبل ببدر الصغری فلما دنی الموعد رعب وندم وجعل لنعیم بن مسعود الاشجعی عشرا من الابل علی ان یخوف المؤمنین فھم الذین قال لھم الناس ای نعیم بن مسعود ان الناس ای اھل مکۃ قد جمعوا ای الجیش لکم لقتلکم۔ (التلویح)

ابوسفیان نے احد کے دن رسول اللہ ﷺ سے وعدہ کیا تھا کہ آئندہ سال بدر صغری میں ہمارا تم سے مقابلہ ہوگا، جب وعدہ قریب ہوا تو اس کے دل میں رعب واقع ہو گیا اور نادم ہو گیا، اس نے نعیم بن مسعود اشجعی کو دس اونٹ دیئے کہ مؤمنین کو جا کر ڈراؤ، تو نعیم بن مسعود نے مسلمانوں کو کہا کہ بیشک لوگوں نے (اہل مکہ نے) تمہارے قتل کرنے کو بڑا لشکر جمع کر رکھا ہے۔

راقم کے نزدیک یہ اختلاف اس وقت ہے جبکہ کوئی قرینہ موجود نہ ہو، اگر کوئی قوی قرینہ موجود ہو تو جمع کو واحد پر محمول کیا جائے گا، یہاں قرینہ موجود ہے کہ اگرچہ نعیم بن مسعود کے ساتھ اور رفقاء اور خدام بھی تھے اس پر اسے دس اونٹ دیئے جانا واضح دلالت کر رہا ہے، لیکن متکلم وہی تھا اس لئے کلام کو اس پر محمول کر دیا گیا۔ واللہ اعلم

علامہ تفتازانی دوسرے مذہب والوں کی دلیل کی وضاحت کرتے ہیں

قولہ لأنہ المتیقن استدل علی المذھب الثانی بانہ لایجوز اخلاء اللفظ من المعنی والواحد فی الجنس والثلاثۃ فی الجمع ھو المتقین لأنہ ان ارید الاقل فھو عین المراد وان ارید ما فوقہ

فهو داخل فی المراد فیلزم ثبوته علی التقدیرین بخلاف الکل فانه مشکوک اذ ربما کان المراد هو البعض والجواب انه اثبات اللغة بالترجیح وهو باطل ولو سلم فالعموم ربما کان احوط فیکون ارجح ولایخفی ان التوضیح بقوله لفلان علی دراهم مبنی علی تقدیر کون الجمع المنکر عاما وعلی کون الأقل فی جمع الکثرة ایضا هو الثلاثة علی خلاف ما صرح فی دلیل الاجمال. (التلویح)

دوسرے مذہب والوں نے یہ کہا کہ اقل مراد ہوگا اقل متیقن ہے، وہ جمع میں اقل تین ہیں اور غیر جمع میں واحد اسلئے کہ اگر مراد اقل لیا جائے تو یہی ہماری مراد ہے اگر مراد اس سے مافوق لیا جائے تو اقل مراد میں داخل ہوگا، اقل کا ثبوت دونوں تقدیروں میں لازم آئے گا بخلاف کل کے کہ وہ مشکوک ہے۔ کیونکہ بسا اوقات مراد بعض ہوتا ہے۔

ان کے استدلال کا جواب یہ ہے کہ لغت کو ترجیح سے ثابت کرنا باطل ہے، اگر تسلیم کرلیا جائے تو عموم بسا اوقات احتیاط پر مبنی ہے وہ زیادہ راجح ہے۔ یہ بات مخفی نہیں کہ بیشک توضیح ''لفلان علی دراھم'' سے مبنی ہے اس تقدیر پر کہ جمع منکر عام ہے اور اقل جمع کثرت میں بھی تین ہیں، دلیل اجمال کے خلاف تصریح مصنف کی یہی ہے۔

راقم نے بھی یہی قول راجح سمجھا ہے کہ جمع قلت اور جمع کثرت کی ابتداء میں کوئی فرق نہیں کہ دونوں کی ابتداء تین سے ہوتی ہے، البتہ انتہاء میں فرق ہے کہ جمع قلت کی انتہاء دس پر ہو جاتی ہے اور جمع کثرت کی انتہاء دس پر نہیں ہوتی۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: قوله لأن العموم، استدل علی المذهب المختار بالمعقول والاجماع اما المعقول فلأن العموم معنی ظاهر یعقله الأکثر وتمس الحاجة الی التعبیر عنه فلابد من ان یوضع له لفظ بحکم العادة ککثیر من المعانی التی وضع لها الالفاظ لظهورها والحاجة الی التعبیر عنها فقوله فلابد ان یکون لفظ یدل علیه یعنی بالوضع لیثبت کونه عاما وفیه نظر لأن المعنی الظاهر قد یستغنی عن الوضع له خاصة بالمجاز او الاشتراک أو نحو ذلک کخصوص الروایح والطعوم التی اکتفی فی التعبیر عنها بالاضافة کرائحة المسک علی ان هذا اثبات الوضع بالقیاس واما الاجماع فلأنه ثبت من الصحابة وغیرهم الاحتجاج بالعمومات وشاع ذلک وذاع من غیر نکیر، فان قیل فهم ذلک بالقرائن قلنا فتح هذا الباب یؤدی الی ان لایثبت للفظ مفهوم ظاهر لجواز ان یفهم بالقرائن فان الناقلین لنا لم ینقلوا نص الواضع بل أخذوا الأکثر من تتبع موارد الاستعمال. (التلویح)

مصنف بیان کرتے ہیں: وقد قال علی رضی اللہ عنہ فی الجمع بین الأختین وطئا بملک الیمین، احلتھما آیۃ وھی قولہ تعالی أوما ملکت ایمانکم، فانھا تدل علی حل وطیٔ کل امۃ مملوکۃ سواء کانت مجتمع اختھا فی الوطیٔ أولا وحرمتھما آیۃ ھی ان تجمعوا بین الأختین فانھا تدل علی حرمۃ الجمع بین الأختین سواء کان الجمع بطریق النکاح أوبطریق الوطیٔ بملک الیمین

مصنف نے لأن العموم غیر ممکن الخ سے دوسرے مذہب والوں کی دلیل کا رد پیش کیا ہے انہوں نے کہا تھا کہ جب کوئی کہتا ہے "لفلان علی دراھم" تو اس سے مراد تین ہیں، اس میں ہمارا اور تمہارا اتفاق ہے، تو اس کا مصنف نے رد کیا ہے کہ ہم کہتے ہیں تین کا ثابت ہونا اسلئے ہے کہ عموم ممکن نہیں تو اخص الخصوص ثابت ہو جائے گا۔

علامہ تفتازانی نے بیان کیا کہ مذہب مختار (کہ مراد کل ہیں) پر ایک عقلی دلیل قائم کی گئی، اور دوسری اجماع۔

عقلی دلیل یہ ہے کہ عموم کا معنی ظاہر ہے عقل سمجھتا ہے کہ عموم کا اطلاق اکثر پر ہے، اور حاجت بھی یہی چاہتی ہے کہ اسی سے تعبیر کیا جائے۔ تو ضروری ہے کہ اس کیلئے لفظ وضع کیا جائے عادت کے مطابق۔ جیسے کثیر معانی جن کیلئے الفاظ وضع کئے جاتے ہیں ان کے ظہور کی وجہ سے اور حاجت بھی چاہتی ہے کہ معانی کے مطابق الفاظ ہوں جن سے تعبیر کیا جائے۔ تو ضروری ہے کہ لفظ وضع کے لحاظ پر دلالت کرے جس سے اس کا عموم ثابت ہو۔

فیہ نظر سے اعتراض کیا گیا ہے کہ ظاہر معنی کبھی وضع سے مستغنی ہوتا ہے خاص کر کے مجاز اور مشترک وغیرہ جیسے روائح اور طعوم کو ان سے خاص کر لیا جاتا ہے جن کی طرف نسبت کی جائے، روائح کا اطلاق رائحۃ المسک پر کر لیا جاتا ہے۔

"علی ان ھذا اثبات الوضع بالقیاس" سے جواب کی طرف اشارہ ہے کہ روائح کا اطلاق رائحۃ المسک پر مجازا کیا جاتا ہے جسے قیاس سے وضع کی حیثیت حاصل ہے۔ مذہب مختار پر اور دلیل اجماع ہے کہ صحابہ کرام عمومات سے دلائل حاصل کرتے رہے، یہ مشہور و معروف ہے اس کا کسی نے انکار نہیں کیا۔

اعتراض: عموم سے کل افراد کا ثبوت تو قرائن سے حاصل ہوگا۔

جواب: اس قول سے تو یہ دروازہ کھل جائے گا کہ کسی لفظ کا مفہوم وضعی ثابت نہ ہو بلکہ وہ قرائن کا محتاج ہو، حالانکہ اصل میں حقیقت مفہوم وضعی، مجازات قرائن کے محتاج ہیں۔

اکثر حضرات بیان کرنے والے وضع ذکر کرنے کے بجائے استعمال کا ذکر کر دیتے ہیں تو وہم ہوتا کہ قرائن کی محتاجی ہے، حالانکہ استعمال بھی پہلے حقیقی وضعی ہی معتبر ہے۔

فالمحرم راجح كما يأتي في فصل التعارض ان المحرم راجح على المبيح.

حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ دو بہنوں کو ملک یمین سے وطی میں جمع کرنے کو ایک آیہ حلال قرار دیتی ہے، وہ ہے اللہ تعالیٰ کا قول "أو ما ملكت ايمانكم" یا وہ (حلال ہیں) جن کے تمہارے ہاتھ مالک ہیں۔ بیشک یہ آیہ دلالت کرتی ہے کہ ہر مملوکہ لونڈی سے وطی حلال ہے برابر ہے کہ اس کی بہن بھی اس کے ساتھ وطی میں مجتمع ہو یا نہ ہو۔ اور دوسری آیہ دونوں کو وطی میں مجتمع کرنے کو حرام قرار دیتی ہے وہ ہے رب تعالیٰ کا ارشاد "ان تجمعوا بين الأختين" یہ آیہ دلالت کرتی ہے دو بہنوں کو جمع کرنا حرام ہے برابر ہے کہ وہ جمع بطریق نکاح کرے یا بطریق ملک یمین کے وطی میں مجتمع کرے، دونوں صورتیں حرام ہیں۔ تو حرام کو ترجیح دی جائے گی جیسا کہ فصل تعارض میں آئے گا کہ حرام کو مباح پر ترجیح دی جائے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله وحرمتهما اى الجمع بينهما وطئا آية اخرى هي قوله تعالى وان تجمعوا بين الأختين عطفا على المحرمات السابقة قيل ذلك بطريق الدلالة لأن الجمع بين الأختين لما حرم نكاحا وهو سبب مفض الى الوطئ فلان يحرم وطئا بملك اليمين أولى، فاعترض بأن هذا لايعارض النص المبيح لأنه بطريق العبارة وأجيب بأنه قد خص من المبيح الأمة المجوسية والأخت من الرضاعة وأخت المنكوحة فلم يبق قطعيا فيعارضه النص المحرم وان كان بطريق الدلالة فاشار المصنف الى ان تحريم الأختين وطئا بملك اليمين ثبت ايضا بالعبارة لأن قوله تعالى ان تجمعوا في معنى مصدر معرف بالاضافة أو اللام اى جمعكم أو الجمع بين الأختين سواء كان في النكاح أو في الوطئ بملك اليمين.(التلويح)

یعنی دو بہنوں کا ملک یمین سے وطی میں مجتمع کرنا حرام ہے جس کی حرمت اس آیہ کریمہ سے ثابت ہے۔"وان تجمعوا بين الأختين" اس سے پہلے "حرمت عليكم امهاتكم" میں کئی محرمات عورتوں کا ذکر فرمایا تو اسی پر عطف ہے "وان تجمعوا" کا۔ دو بہنوں کو وطی مجتمع کرنے کی حرمت دلالۃ النص سے ثابت ہے کیونکہ جب دو بہنوں

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله في الجمع بين الأختين، یہ دونوں صورتوں کو شامل ہے کہ پہلے وہ ایک سے وطی کر رہا ہو بطور نکاح یا بطور ملک یمین کے پھر اس کی دوسری بہن سے وطی کرے بطور یمین جبکہ پہلی سے وطی کو حرام نہ

مصنف ذکر فرماتے ہیں: وابن مسعود رضی الله عنه جعل قوله تعالى واولات الاحمال ناسخا لقوله تعالى والذين يتوفون منكم حتى جعل عدة حامل توفي عنها زوجها بوضع الحمل اختلف على وابن مسعود رضي الله عنهما في حامل توفي عنها زوجها فقال على رضي الله عنه تعتد بابعد الأجلين توفيقا بين الآيتين احداهما في سورة البقرة وهي قوله تعالى والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجا يتربصن بانفسهن اربعة عشر اشهر وعشرا والأخرى في سورة النساء القصرى وهي قوله تعالى واولات الاحمال اجلهن ان يضعن حملهن، فقال ابن مسعود باهلته ان سورة النساء القصرى نزلت بعد سورة النساء الطولى وقوله واولات الأحمال اجلهن ان يضعن

کا نکاح میں جمع کرنا حرام ہے تو وہ سبب مفضی ہے وطی کی طرف، تو دو بہنوں کا وطی میں ملک یمین سے جمع کرنا بطریق اُولی حرام ہے۔

اعتراض: یہ آیہ دوسری آیہ "اُو ما ملکت ایمانکم" کے معارض نہیں ہوسکتی جس سے اباحت سمجھ آرہی ہے کیونکہ اس کا عطف ہے "ما وراء ذلکم" یعنی "احل ما ملکت ایمانکم" مطلب ہے، حلت واباحت عبارۃ النص سے ثابت ہے۔ اور حرمت دلالۃ النص سے ثابت ہے، دلالۃ النص عبارۃ النص کے معارض نہیں ہوسکتی۔

جواب: "ماملکت ایمانکم" کے عموم سے مجوسیہ لونڈی کی حلت، رضاعی (لونڈی) بہن کی حلت، اور منکوحہ بہن کی حلت کو خاص کرلیا گیا ہے، اسلئے عام مخصوص البعض ہوگیا جس کی وجہ سے اس کی قطعیت باقی نہ رہی تو اس لحاظ پر وہ آیہ جو حرمت ثابت کررہی ہے وہ اس کے معارض ہوگئی اگر چہ وہ دلالۃ النص سے ثابت ہے۔

مصنف نے جو ذکر فرمایا کہ دو بہنوں کا ملک یمین سے وطی میں جمع کرنا حرام ہے اس سے مصنف نے اشارہ کیا ہے کہ یہ حکم بھی "وان تجمعوا بين الأختين" عبارۃ النص سے ثابت ہے، اسلئے کہ ان تجمعوا مصدر معرف بالاضافۃ یا معرف باللام کے معنی میں ہے، معنوی طور پر عبارت یہ ہے "جمعکم بین الاختین" یا معنوی طور پر عبارت یہ ہے "الجمع بين الأختين" یعنی حرام ہے تمہارا جمع کرنا دو بہنوں کو برابر ہے وہ جمع کرنا نکاح سے ہو یا ملک یمین سے وطی سے جمع کرنا ہو۔

علامہ تفتازانی وضاحت فرماتے ہیں: قوله في مقدار ما تناوله الآيتان، لأن اولات الأحمال لايتناول المتوفى عنها زوجها الغير الحامل والذين يتوفون اى ازواج الذين يتوفون لايتناول الحامل

حملهن نزلت بعد قوله والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجا يتربصن بانفسهن اربعة اشهر وعشرا، فقوله يتربصن يدل على ان عدة المتوفى عنها زوجها بالأشهر سواء كانت حاملا أولا، وقوله واولات الأحمال اجلهن ناسخا لقوله يتربصن في مقدار ما تناوله الآيتان وهو اذا توفي عنها زوجها وتكون حاملا .(التنقيح والتوضيح)

ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا، اللہ تعالی کا ارشاد گرامی "واولات الاحمال الخ" ناسخ ہے رب تعالی کے ارشاد "والذین یتوفون منکم" کا۔ یعنی جس عورت کا خاوند فوت ہوجائے تو اس کی عدت وضع حمل ہے، اس مسئلہ میں اختلاف ہے حضرت علی اور حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہما کا، حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس عورت کی عدت دونوں عدتوں میں جولمبی ہے وہ ہوگی، تاکہ دونوں آیات میں توفیق پیدا ہوجائے۔ ایک آیہ ہے سورۃ بقرہ میں "والذين يتوفون منكم ويذرون ازواجا يتربصن بانفسهن اربعة عشر وعشرا" اس آیہ سے بیوہ کی عدت چار مہینے دس دن ثابت ہے۔

دوسری آیہ ہے سورۃ نساء قصری "واولات الاحمال اجلهن ان يضعن حملهن" اس آیہ سے یہ واضح ہے کہ حاملہ کی عدت وضع حمل ہے، اسلئے ابعد الأجلین کا حکم دیا جائے تاکہ دونوں آیات میں تطبیق ہوجائے۔ حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ اس مسئلہ میں اگر کوئی مجھ سے مباہلہ کرنا چاہتا ہے تو میں اس سے مباہلہ کروں گا کہ سورۃ نساء قصری بعد میں نازل ہوئی سورۃ نساء طولی سے۔ یعنی رب تعالی کا ارشاد "واولات الاحمال اجلهن ان يضعن

المطلقة، فقوله واولات الاحمال باعتبار ايجاب عدة الحامل المطلقة بوضع الحمل لايكون ناسخا، وقوله والذين يتوفون باعتبار ايجاب عدة غير الحامل باربعة اشهر وعشر لايكون منسوخا. (التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے "فی مقدار ما تناوله الآيتان" سے یہ واضح ہوا کہ "اولات الأحمال" نہیں شامل ان ازواج کے جن کے خاوند فوت ہوگئے اور وہ حاملہ نہیں۔ اور آیۃ "والذین یتوفون" یہ ان ازواج کو شامل نہیں جو حاملہ اور مطلقہ (طلاق یافتہ) ہوں اسلئے اللہ تعالی کا ارشاد "واولات الأحمال" باعتبار حاملہ مطلقہ کی عدت وضع حمل واجب ہونے کے ناسخ نہیں، اور "والذین یتوفون" آیۃ باعتبار غیر حاملہ کی عدت چار مہینے دس دن ہونے کے منسوخ نہیں۔

تنبیہ: بعض سورتوں کے ایک سے زائد نام ہیں، اسلئے "نساء طولی" سورہ بقرہ کا نام ہے اور نساء قصری سورۃ الطلاق کا نام ہے۔

بعد میں نازل ہوا اس ارشاد سے "والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا یتربصن بانفسهن اربعة عشرو عشرا" سے۔

اس آیہ میں "یتربصن" دلالت کررہا ہے کہ جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے اس کی عدت مہینوں سے ہے (یعنی چار مہینے دس دن) خواہ وہ حاملہ ہو یا نہ ہو۔

اور رب تعالیٰ "واولات لاحمال اجلهن ان یضعن حملهن" دلالت کررہا ہے کہ حاملہ کی عدت وضع حمل ہے خواہ اس کا خاوند فوت ہو گیا ہو یا اس نے اسے طلاق دے دی ہو۔

جب "واولات الاحمال" آیہ بعد میں نازل ہوئی تو یہ ناسخ ہے "یتربصن" والی آیہ کے لیکن اتنی مقدار ہی جسے دونوں آیات شامل ہیں یہ ہے جس عورت کا خاوند فوت ہو جائے اور وہ حاملہ نہ ہو تو اس کی عدت چار مہینے دس دن ہی ہو گی۔

مصنف نے فرمایا: وذلک عام کله ای الخصوص الاربعة التی تمسک بها علی وابن مسعود رضی الله عنهما فی الجمع بین الأختین والعدة. (التنقیح والتوضیح)

یہ سب عام ہیں یعنی چار نصوص جن سے حضرت علی وابن مسعود رضی اللہ عنہما نے دو بہنوں کی عدت کے جمع ہونے میں اور حاملہ کی عدت میں تمسک کیا ہے۔

مطلب یہ ہے کہ دو بہنوں سے ان کی مملوکیت میں وطی میں جماع کرنے کا حکم ثابت کرنے کا حضرت علی رضی اللہ عنہ دو آیات سے استدلال کیا ہے ایک سے اباحت سمجھ آرہی، اور ایک سے حرمت، آپ نے حرمت کو ترجیح دی۔ اور حاملہ عورت جس کا خاوند فوت ہو جائے اس کی عدت میں حضرت علی رضی اللہ عنہ اور ابن مسعود رضی اللہ عنہ کے اختلاف پر بطور استدلال دو آیات پیش کی ہیں، اس طرح چار آیات سے تمسک کیا۔

مصنف فرماتے ہیں: لکن عند الشافعی رحمه الله وهو دلیل فیه شبهة فیجوز بخبر الواحد والقیاس ای تخصیص عام الکتب بکل واحد من خبر الواحد والقیاس لأن کل عام یحتمل

میر سید شریف فرماتے ہیں: قوله فلا یجوز تخصیصه، مطلب یہ ہے کہ عام قطعی ہے اور خبر واحد اور قیاس ظنی ہیں، قطعی کی تخصیص ظنی سے جائز نہیں، عام کو دلیل قطعی سے ہی خاص کیا جائے گا اگرچہ عام مخصوص ہونے کے بعد ظنی ہو جائے گا لیکن یہ جائز ہے۔

قوله الا ان تدل القرینة علی خلافه، یعنی لفظ کو جب معنی کیلئے وضع کیا گیا تو معنی اس کیلئے لازم ہے مگر قرینہ

التخصيص وهو شائع فيه اى التخصيص شائع فى العام.(التنقيح والتوضيح)

لیکن امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عام ایک ایسی دلیل ہے جس میں شبہ پایا جاتا ہے، تو جائز کہ اسے خبر واحد یا قیاس کے ذریعے خاص کرلیا جائے، اس لئے کہ ہر عام میں تخصیص کا احتمال ہے اور وہ اس میں مشہور ہے، یعنی عام میں تخصیص کا احتمال پایا جانا مشہور ومعروف ہے۔

مصنف احناف کا مذہب بیان فرماتے ہیں: وعندنا هو قطعي مساو للخاص وسيجئ معنى القطعي فلايجوز تخصيصه بواحد منهما ما لم يخص بقطعي لأن اللفظ متى وضع لمعنى كان ذلك المعنى لازما له الا ان تدل القرينة على خلافه ولو جاز ارادة البعض بلاقرينة يرتفع الأمان عن اللغة والشرع بالكلية لأن خطابات الشرع عامة، والاحتمال الغير الناشى عن دليل لايعتبر فاحتمال الخصوص هنا كاحتمال المجاز فى الخاص فالتاكيد يجعله محكما.(التنقيح)

هذا جواب عما قالت الواقفية أنه يؤكد بكل واجمع وايضا عما قال الشافعي رحمه الله أنه يحتمل التخصيص فنقول نحن لاندعي ان العام لا احتمال فيه اصلا فاحتمال التخصيص فيه كاحتمال المجاز فى الخاص فاذ أكد يصير محكما اى لايبقى فيه احتمال اصلا لا ناش عن دليل ولاغير ناش عن دليل.(التوضيح)

ہمارے نزدیک عام قطعی ہے خاص کے مساوی یعنی جس طرح خاص قطعی ہے، اسی طرح عام بھی قطعی ہے"عنقریب

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: لكن عند الشافعي رحمه الله قد سبق ان القائلين بأن العام يوجب الحكم فيما تناوله منهم من ذهب الى انه موجبه الظني، ومنهم من ذهب الى أنه قطعي بمعنى انه لايحتمل الخصوص احتمالا ناشيا عن الدليل.(التلويح)

اس کے خلاف پایا جائے۔

اعتراض: قیاس اور خبر واحد بھی عموم کے خلاف قرینہ ہیں، تم ان کا اعتبار کیوں نہیں کرتے؟

جواب: قرینہ سے مراد یہ ہے جو حقیقت سے پھیرنے والا ہو، تو قطعی سے قرینہ صارفہ بھی قطعی ہوگا، اس لئے خبر واحد اور قیاس ظنی ہونے کی وجہ سے عام قطعی کیلئے قرینہ صارفہ نہیں ہوسکتے۔

قطعی کا معنی آئے گا۔"

عام کے قطعی ہونے کی دلیل یہ ہے کہ جس وقت لفظ کو معنی کیلئے وضع کیا جائے تو یہ معنی اسے لازم ہوگا مگر یہ کہ قرینہ اس کے خلاف دلالت کرے، اور اگر جائز رکھا جائے بعض مراد لینا بغیر کسی قرینہ کے تو لغت اور شرع پر کلی طور پر امان اٹھ جائے گی، حالانکہ خطابات عام ہیں۔ اور احتمال جو دلیل سے پیدا نہ ہو اس کا کوئی اعتبار، اور یہاں خصوص کا احتمال ایسے ہے جیسے مجاز کا احتمال خاص میں ہوتا ہے، تو تاکید اس کو محکم بنا دیتی ہے۔

"والاحتمال الغير الناشى" سے لے کر "يجعله محكما" تک جواب ہے توقف والوں کا، جوانہوں نے کہا کہ عام کو مؤکد کیا جاتا ہے، اور جواب ہے امام شافعی رحمہ اللہ کے قول کا جوانہوں نے کہا کہ عام تخصیص کا احتمال رکھتا ہے، ان دونوں کے جواب میں ہم یہ کہتے ہیں ہم یہ دعویٰ نہیں کرتے کہ بیشک عام میں بالکل کوئی احتمال نہیں پایا گیا بلکہ

پہلے یہ بیان کیا جاچکا ہے کہ عام حکم واجب کرتا ہے اس میں جسے وہ شامل ہے، پھر اس میں دو فریق ہیں بعض نے کہا عام کا موجب ظنی ہے اور بعض اس طرف گئے ہیں کہ عام کا موجب قطعی ہے، یعنی خصوص کا اس میں احتمال نہیں جو خصوص کسی دلیل کا محتاج ہو۔

قوله يرتفع الأمان : یعنی اگر بغیر قرینہ کے عام سے مراد بعض افراد ہوں تو لغت اور شرع پر اعتماد باقی نہیں رہے گا، امین معتمد علیہ کو کہا جاتا ہے۔

قوله لأن خطابات الشرع عامة : خطابات شرع عام ہیں، لیکن نبی کریم ﷺ کی تخصیصات عموم سے مستثنیٰ ہیں، اسی طرح نبی کریم ﷺ نے کسی حکم کو خاص کر دیا ہو تو وہ بھی خاص ہی رہے گا، جیسا کہ نبی کریم ﷺ نے اکیلے حضرت خزیمہ رضی اللہ عنہ کی گواہی کو دو مردوں کی گواہی کے برابر کر دیا۔

قوله فالتاكيد يجعله محكما : یہاں محکم کا اصطلاحی معنی معتبر نہیں، کیونکہ محکم اصطلاحی تو وہ ہے، جس میں تاویل و تخصیص کا احتمال نہ ہو اور نہ ہی نسخ کا احتمال ہو، یہاں محکم کا مطلب یہ ہے کہ اس میں تخصیص کا احتمال نہ ہو، اتنی قدر سے محکم اصطلاحی ثابت نہیں ہو سکتا۔ ہاں اس میں ایک احتمال یہ ہے کہ اس کا لغوی معنی معتبر ہو، عموم کو تاکید کے ذریعے پختہ کیا گیا ہو۔

قوله هذا جواب عما قالت الواقفية : توقف کے قائلین کو واقفیہ کہا گیا یعنی ان کی نسبت وقف کی طرف کی

ہم یہ کہتے ہیں کہ عام میں تخصیص کا احتمال اس طرح پایا جاتا ہے جس طرح خاص میں مجاز کا احتمال پایا جاتا ہے۔(جب تک عام کو مخصوص البعض نہیں بنایا جائے گا اس وقت قطعی ہی رہے گا)

اور جب توقف والوں نے کہا کہ عام کو کل یا اجمع کے ذریعے مؤکد کیا جاتا تو اس وقت مراد کل ورنہ توقف ہوگا تو اس کے جواب میں یہ کہا کہ جب "کل، اجمع" کے ذریعے مؤکد کیا جائے تو محکم ہو جائے گا، یعنی اس میں احتمال بالکل باقی نہیں رہے گا، نہ ہی دلیل سے پیدا ہونے والا احتمال باقی رہے گا، اور نہ ہی دلیل کے بغیر پیدا ہونے والا احتمال باقی رہے گا۔

فریق اول کی دلیل علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں۔

تمسک الفریق الأول بأن کل عام یحتمل التخصیص، والتخصیص شائع فیه کثیر بمعنی ان العام لایخلوعنه الا قلیلا بمعونة القرائن کقوله تعالی ان الله بکل شیء علیم، ولله ما فی السموات وما فی الارض حتی صار بمنزلة المثل أنه ما من عام الا وقد خص منه البعض وکفی بهذا دلیلا علی الاحتمال وهذا بخلاف احتمال الخاص المجاز فانه لیس بشائع فی الخاص شیوع التخصیص فی العام حتی ینشأ عنه احتمال المجاز فی الخاص.(التلویح)

فریق اول یعنی عام کا موجب ظنی کہنے والوں نے دلیل یہ پیش کی کہ بیشک ہر عام تخصیص کا احتمال رکھتا ہے اور تخصیص کا اس میں پایا جانا مشہور و معروف ہے، یعنی کوئی عام بھی تخصیص سے خالی نہیں مگر قلیل یعنی جن کی تخصیص نہ پائے جانے پر قرائن موجود ہوں، جیسے "ان الله بکل شیء علیم "اور اس طرح "ولله ما فی السموات وما فی الارض "ان آیات میں کوئی تخصیص کا احتمال نہیں۔(اس لئے کہ کوئی چیز نہیں جو اللہ کے علم میں نہ یا اللہ کی ملک میں نہ ہو)

عام طور پر مثال بن چکا ہے کہ کوئی عام نہیں مگر یہ کہ اس سے بعض خاص کئے جاسکتے ہیں۔اس احتمال پر یہ دلیل کافی ہے، بخلاف خاص میں احتمال مجاز کا یہ خاص میں اس طرح مشہور نہیں جس طرح عام میں تخصیص مشہور و معروف ہے۔

اعتراض و جواب علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں۔

فان قیل بل لامعنی لاحتمال المجاز عند عدم القرینة لأن وجود القرینة المانعة عن ارادة

الموضوع له ماخوذ فی تعریف المجاز، قلنا احتمال القرینة کاف فی احتمال المجاز وهو قائم اذ لاقطع بعد القرینة الا نادرا ولما کان المختار عند المصنف ان موجب العام قطعی استدل علی اثباته أولا وعلی بطلان مذهب المخالف ثانیا وأجاب عن تمسکه ثالثا.

اعتراض: جب تک قرینہ نہ پایا جائے تو مجاز کے احتمال کا کوئی معنی نہیں، اسلئے کہ موضوع لہ کے مراد لینے سے مانع قرینہ کا پایا جانا مجاز کی تعریف میں داخل ہے۔

جواب: مجاز کے احتمال کیلئے قرینہ کا احتمال کافی ہے وہ قائم ہے، اس لئے کہ عدم قرینہ کا یقین نہیں ہوتا مگر بہت نادر۔

مصنف کا مختار اور مسائل کی ترتیب علامہ تفتازانی یوں بیان فرماتے ہیں۔

مصنف کا مختار یہ ہے کہ عام کا موجب قطعی ہے تو اس کے اثبات پر پہلے دلائل پیش کئے، اور مخالف کے بطلان کا ثانیا بیان کیا، اور مخالف کے تمسک کا جواب ثالثا بیان کیا۔

اما الأول فتقریره أن اللفظ اذا وضع لمعنی کان ذلک لازما ثابتا بذلک اللفظ عند اطلاقه حتی یقوم الدلیل علی خلافه والعموم مما وضع له اللفظ فکان لازما قطعا حتی یقوم دلیل الخصوص کالخاص یثبت مسماه قطعا حتی یقوم دلیل المجاز. (التلویح)

لیکن پہلے تقریر (بیان) یہ ہے کہ بیشک لفظ جب معنی کیلئے وضع کیا جائے تو یہ معنی عندالاطلاق اس لفظ کو لازم ہوگا یہاں تک کہ کوئی دلیل اس کے خلاف ہو، یعنی عموم جس کیلئے لفظ کو وضع کیا گیا ہے جیسے خاص اپنے مسمی کو قطع طور پر ثابت کرتا ہے یہاں تک کہ دلیل مجاز قائم ہو جائے۔

وأما الثانی فتقریره أنه لو جاز ارادة بعض مسمیات العام من غیر قرینة لارتفع الأمان عن اللغة لأن کل ما وقع فی کلام العرب من الألفاظ العامة بعض الخصوص فلایستقیم ما یفهم السامعون من العموم، وعن الشرع لأن عامة خطابات الشرع عامة فلو جوزنا ارادة البعض من غیر قرینة لما صح منافهم الاحکام بصیغة العموم ولما استقام منا الحکم بعتق جمیع عبید من قال کل عبد لی فهو حر وهذا یؤدی الی التلبیس علی السامع وتکلیفه بالمحال.

لیکن ثانی مسئلہ یعنی مخالف کے مذہب کے بطلان کی تقریر یہ ہے کہ اگر بغیر قرینہ کے عام کے بعض افراد مراد لینے جائز ہوں البتہ لغت سے امان (اعتماد) اٹھ جائے گا، اس وجہ سے کہ کلام عرب میں جو الفاظ عامہ بھی واقع ہوں گے وہ

خصوص کا احتمال رکھیں گے تو سننے والوں کو عام مفہوم سمجھنا درست نہیں رہے گا۔ یہ تو عقلی دلیل تھی، شرعی دلیل یہ ہے کہ عام خطابات شرع عام الفاظ سے ہی ہیں اگر ہم جائز رکھیں بعض مراد لینا بغیر کسی قرینہ کے البتہ نہ صحیح ہوتا ہم سے احکام کا سمجھنا صیغہ عموم سے۔

اور اگر کوئی شخص کہے "کل عبد لی فھو حر" تو اس سے ہم اس کے تمام غلاموں کے آزاد ہونے کا حکم نافذ نہیں کر سکیں گے، یہ سامع کیلئے اشتباہ ثابت کرے گا اور تکلیف بالمحال لازم آئے گی۔

فان قيل لما لم يكلفنا الله ما ليس في الوسع سقط اعتبار الارادة الباطنة في حق العمل فلزمنا العمل بالعموم الظاهر لكنها بقيت في حق العلم فلم يلزمنا الاعتقاد القطعي ومع القول بوجوب العمل بالعموم الظاهر لايرتفع الأمان، قلنا لما كان التكليف بحسب الوسع وليس في وسعنا الوقوف على الباطن لم تعتبر الأرادة الباطنة في حقنا لا علما ولا عملا واقيم السبب الظاهر مقام الباطن تيسيرا وبقي ما يفهم من العموم الظاهر قطعيا، وقد يقال ان العلم عمل القلب وهو الأصل ولما لم تعتبر الارادة الباطنة في حق التبع وهو العمل فأولى ان لانعتبر في حق الأصل وهو العلم، وفيه نظر لأنه ينتقض بخبر الواحد والقياس ولأن عدم اعتبارها في حق التبع احتياط وذلك في حق العمل دون العلم ولأن الأصل اقوى من التبع فيجوز ان لايقوى مثبت التبع على اثبات الأصل.

اعتراض: جبکہ اللہ تعالی نے ہیں اس چیز کی تکلیف نہیں جسکی ہمیں طاقت نہیں تو ساقط ہوگا اعتبار کرنا عمل کے حق ارادہ باطنی کا، تو لازم رہے گا ہم پر عمل عموم ظاہر کا اعتبار کرتے ہوئے لیکن باقی رہے گا علم کے حق میں تو ہم پر اعتقاد قطعی لازم نہ رہا، اور عموم ظاہری کا اعتبار کرتے ہوئے وجوب عمل کے قول سے امان نہیں اٹھے گی۔

جواب: جب تکلیف طاقت کے مطابق ہے، اور ہماری وسعت میں باطن پر واقف ہونا نہیں پایا گیا اس وجہ سے ظاہر سبب کو باطن کی جگہ آسانی کیلئے رکھ دیا، تو جو عموم ظاہر سے سمجھ آئے گا وہ قطعی ہونے پر باقی رہے گا۔

کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ بیشک علم عمل قلب ہے وہ اصل ہے اور عمل فرع ہے، جب ارادہ باطنی تبع یعنی عمل کے حق میں معتبر نہیں تو بہتر ہے کہ ہم اصل یعنی علم کے بارے میں بھی اعتبار نہ کریں۔

وفیہ نظر سے اسے رد کیا گیا کہ یہ قول خبر واحد اور قیاس سے ٹوٹ جائے گا کیونکہ تبع یعنی عمل کے حق میں ان کا اعتبار نہیں یعنی ان سے فرضیت کا ثبوت نہیں تو علم کے حق میں ان کا اعتبار نہیں۔ جبکہ اصل اقوی ہے تبع سے تو مناسب یہی ہے کہ

جومثبت تبع ہوا سے اثبات اصل سے اقوی نہ سمجھا جائے۔

واما الثالث وهو الجواب عن تمسك المخالف فقد ذكره على وجه يستتبع الجواب عن استدلال القائلين بالتوقف في العموم بانه يؤكد بكل واجمعين، وتقريره أنه ان اريد باحتمال العام التخصيص مطلق الاحتمال فهو لاينافي القطعي بالمعنى المراد وهو عدم الاحتمال الناشي عن الدليل فيجوز ان يكون العام قطعيا مع انه يحتمل الخصوص احتمالا غير ناش عن الدليل كما ان الخاص قطعي مع احتمال المجاز كذلك فيؤكد العام بكل واجمعين ليصير محكما ولايبقى فيه احتمال الخصوص اصلا كما يؤكد الخاص في مثل جاء ني زيد نفسه أو عينه لدفع احتمال المجاز بان يجيء رسوله أو كتابه وان أريد انه يحتمل التخصيص احتمالا ناشيا عن الدليل فهو ممنوع.(التلويح)

تیسرا بیان مخالف کے تمسک کا جواب دینا ہے، مصنف نے مخالف کے قول کو ذکر ہی ایسے کیا ہے جو قائلین کے استدلال کا بالتبع جواب ہے، یعنی ان کا قول یہ ہے کہ عموم میں توقف ہے اسی وجہ سے ''کل یا اجمع'' سے تاکید لگا کر اس میں عموم واستغراق ثابت کیا جاتا ہے۔

ان کے رد کی تقریر یہ ہے کہ اگر مراد عام میں تخصیص کے احتمال سے مطلق احتمال لیا جائے وہ اس کے قطعی ہونے کے منافی نہیں، کیونکہ قطعی کا مراد معنی یہ ہے کہ دلیل سے احتمال پیدا نہ ہو۔تو جائز ہے کہ عام قطعی ہو باوجود اس کے کہ اس میں احتمال خصوص کا ہو لیکن وہ احتمال دلیل سے پیدا نہ ہو، جس طرح خاص قطعی ہے باوجود اس کے کہ اس میں احتمال مجاز کا پایا جائے۔تو عام کو ''کل یا اجمع'' سے مؤکد کیا جاتا ہے تا کہ وہ محکم ہو جائے اس میں خصوص کا احتمال بالکل نہ رہے۔یہ ایسے ہی ہے جیسے خاص کو نفس یا عین سے مؤکد کیا جائے مثلا یہ کہا ''جاء نی زید نفسه أو عینه ''تو اس سے مجاز کا احتمال ختم ہو جائے گا، یعنی یہ مراد نہیں لیا جائے گا کہ ہوسکتا ہے زید خود نہ آیا ہو بلکہ اس کا قاصد یا اس کا خط آیا ہو۔کیونکہ نفس اور عین نے اس احتمال کو ختم کر دیا ہے۔ہاں اگر مراد لیا جائے کہ تخصیص کے احتمال سے وہ احتمال مراد جو دلیل سے پیدا ہوتا ہے تو ممنوع ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **قوله لأن التخصيص شائع فيه وهو دليل الاحتمال قلنا لانسلم ان التخصيص الذى يورث الشبهة والاحتمال شائع بل هو في غاية القلة لأنه انما يكون بكلام مستقل موصول بالعام على ما سيأتي وفيه نظر لأن مراد الخصم بالتخصيص قصر العام على**

بعض المسميات سواء كان بغير مستقل أو مستقل موصول أو متراخ ولاشك في شيوعه وكثرته بهذا المعنى فاذا وقع النزاع في اطلاق اسم التخصيص على ما يكون بغير المستقل أو بالمستقل المتراخي فله ان يقول قصر العام على بعض مسمياته شائع فيه بمعنى ان اكثر العمومات مقصور على البعض فيورث الشبهة في تناول الحكم لجميع الأفراد في العام سواء ظهر له مخصص ام لا ويصير دليلا على احتمال الاقتصار على البعض فلايكون قطعيا. (التلويح)

امام شافعی رحمہ اللہ نے فرمایا کہ تخصیص اس میں مشہور ومعروف ہے وہ احتمال کی دلیل ہے، ہم نے کہا ہم تسلیم نہیں کرتے کہ بیشک تخصیص شبہ اور احتمال پیدا کرتی ہے جو مشہور ومعروف ہے بلکہ وہ بہت قلیل ہے اسلئے کہ وہ مستقل کلام ہوگی جو عام سے متصل ہوگی، جس کا ذکر عنقریب آئے گا۔

اس میں نظر ہے ، اس لئے کہ مراد خصم کی تخصیص سے عام کو بعض مسمیات میں بند کرنا ہے برابر ہے غیر مستقل کلام سے ہو یا متصل سے یا متراخی کلام سے ہو، اس معنی کے لحاظ پر بلاشک وہ مشہور ومعروف ہے اور کثیر بھی، لیکن اس میں نزاع نہیں۔

جب نزاع واقع ہے اسم تخصیص کے اطلاق میں کہ وہ غیر مستقل (کلام) ہوگی یا غیر مستقل متراخی تو جائز ہے کہ کوئی یہ کہے کہ عام کا قصر بعض مسمیات پر مشہور ہے اس معنی میں کہ اکثر عمومات بعض پر مقصور (منحصر) ہیں تو حکم کے ثابت ہونے میں شبہ پیدا ہوگا کہ جمیع افراد کو شامل ہے یا نہیں برابر ہے کہ مخصص ظاہر ہو یا نہ ہو، تو یہی دلیل ہو جائے گا کہ بعض پر اقتصار کا احتمال قطعی نہیں ہوگا۔

والمصنف توهم ان مراد الخصم ان التخصيص شائع في العام فيورث الشبهة في تناوله لجميع ما بقي بعد التخصيص شائع في العام كما هو مذهب في العام الذي خص منه البعض ولهذا قال لانسلم ان التخصيص الذي يورث شبهة في العام شائع بلاقرينة وقد عرفت ان المراد التخصيص اى القصر على البعض شائع كثير في العمومات بالقرائن المخصصة فيورث شبهة البعضية في كل عام فيصير ظنيا في الجميع وحينئذ لاينطبق الجواب المذكور عليه اصلا ولايكون لقوله بلاقرينة معنى ثم لايخفى ان قوله وان كان المخصص هو الكلام فان كان متراخيا لانسلم أنه مخصص لايستقيم الا ان يريد بالمخصص الأول ما اراده الخصم وحينئذ

مصنف اعتراض وجواب کاذکر کرتے ہیں۔

فان قيل احتمال المجاز الذى فى الخاص ثابت فى العام مع احتمال آخر وهو احتمال التخصيص فيكون الخاص راجحا فالخاص كالنص والعام كالظاهر قلنا لما كان العام موضوعا للكل كان ارادة البعض دون البعض بطريق المجاز وكثرة احتمالات المجاز لا اعتبار لها فاذا كان لفظ خاص له معنى واحد مجازى ولفظ خاص آخر له معنيان مجازيان أو أكثر ولا قرينة للمجاز اصلا فان اللفظين متساويان فى الدلالة على المعنى الحقيقى بلا ترجيح الأول على الثانى فعلم ان احتمال المجاز الواحد الذى لا قرينة له مساو لاحتمالات مجازات كثيرة لا قرينة لها ولا نسلم ان التخصيص الذى يورث شبهة فى العام شائع بلا قرينة فان المخصص اذا كان هو العقل أو نحوه فهو فى حكم الاستثناء على ما يأتى ولا يورث شبهة فان كل ما يوجب العقل كونه غير داخل لا يدخل وما سوى ذلك يدخل تحت العام وان كان المخصص هو الكلام فان كان متراخيا

لا فائدة فى منع كونه مخصصا بالمعنى الآخر الأخص. (التلويح)

مصنف رحمہ اللہ نے وہم کیا ہے کہ خصم کی مراد یہ ہے کہ تخصیص مشہور ومعروف ہے عام میں تو شبہ پیدا کرتی ہے تخصیص کے بعد باقی کو حکم شامل ہونے میں جیسا کہ عام مخصوص البعض کا حکم ہے، اسی وجہ سے کہا ہے کہ ہم نہیں تسلیم کرتے اس تخصیص کو جو بلاقرینہ عام میں شبہ پیدا کرے۔

اور تحقیق تو پہچان چکا ہے کہ بیشک مراد تخصیص سے یہ ہے کہ قرائن مخصصہ کے ذریعے کثیر عمومات میں بعض کو منحصر کرنا تو افضیت میں شبہ پیدا ہوگیا، اسلئے ہر عام ظنی ہوگیا، اسلئے مصنف کا جواب اس پر منطبق نہیں ہوتا اور نہ ہی بلاقرینہ کا کوئی معنی نکلتا ہے۔

پھر یہ مخفی نہیں کہ مصنف کا قول "وان كان المخصص هو الكلام فان كان متراخيا لانسلم" یہ قول درست نہیں ہوسکتا سوائے اس کے کہ مخصص سے مخصص اول لیا جائے جو خصم نے ارادہ کیا ہے تو اس وقت مخصص کو اور معنی کے لحاظ پر جو اس سے اخص ہے منع کرنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

راقم کے نزدیک علامہ تفتازانی کی بحث تطویل لاطائل پرمبنی ہے، تلویح کی بحث میں صحیح ترتیب نہ ہونے کی وجہ سے کچھ تقدیم وتاخیر بھی ہوگئی، مصنف کی کچھ باقی بحث کا دیکھیں جس کے کچھ حصہ کو تلویح میں پہلے بیان کردیا گیا ہے۔

لانسلم انہ مخصص بل ھو ناسخ بقی الکلام فی المخصص الذی یکون موصولا وقلیل ما ھو. (التوضیح)

اعتراض: مجاز کا احتمال خاص میں جو ثابت ہے وہ عام میں بھی ثابت ہے لیکن عام میں ایک اور احتمال تخصیص کا بھی ہے، تو خاص راجح ہو گیا تو خاص نص کی طرح ہو گیا اور عام ظاہر کی طرح۔ (معترض نے اپنے اعتراض سے خاص کی قطعیت اور عام کی ظنیت ثابت کرنے کی کوشش کی)

جواب: جب عام کل کیلئے وضع ہے تو اس میں بعض افراد مراد لینا اور بعض مراد نہ لینا بطور مجاز ہے، اور مجاز کے کثیر احتمالات کا کوئی اعتبار نہیں، جبکہ لفظ خاص کا ایک معنی مجازی ہے اور دوسرے خاص کے دو معنی مجازی ہیں یا زیادہ، اور مجاز کا قرینہ بھی نہ ہو تو دونوں لفظ حقیقی معنی پر دلالت کرنے میں برابر ہیں پہلے کو ثانی پر ترجیح نہیں دی جائے گی۔ تو اسی سے یہ معلوم ہو گیا ایک مجاز کا احتمال جس پر قرینہ نہ پایا جائے وہ اس لفظ کے مساوی ہے جس میں کثیر مجازات کے احتمال پائے جائیں۔

اور ہم یہ تسلیم نہیں کرتے کہ تخصیص عام کے شائع ہونے میں شبہ پیدا کرتی ہے بلا قرینہ۔ بیشک مخصص جب عقل یا اس کی مثل تو وہ حکم استثناء میں ہوتا ہے جیسا کہ عنقریب ذکر آئے گا اور نہ ہی وہ شبہ پیدا کرتا ہے۔ بیشک ہر وہ جو عقل ثابت

میر سید شریف فرماتے ہیں: قولہ فان قیل الخ ، بیشک جب کہا جائے ''جاء نی الرجال'' تو اس کا حقیقی معنی یہ ہے تمام مرد مراد ہیں، رجل کا مفہوم ''آدمی مذکر بالغ'' لیکن اس میں حقیقت کے خلاف کا احتمال ہے کہ استغراق مراد نہ ہو، اسی طرح مفہوم رجل کے حقیقی معنی کے خلاف کا یہ احتمال ہے کہ مراد مطلق مذکر لوگ ہوں، بلوغ کی قید نہ ہو۔

پہلا احتمال خصوص ہے اور دوسرا احتمال احتمال مجاز ہے احتمال خصوص نہیں۔ اور جب کہا جائے ''جاء نی رجل'' تو اس کا حقیقی معنی یہ ہے ''ایک مرد بالغ مذکر'' آیا۔ اس میں بھی خلاف حقیقت کا احتمال ہے کہ ذکر ایک شخص کا ہو مراد زائد ہوں، یا نابالغ مراد ہوں۔

ہر ایک خاص اور عام کے خلاف احتمال پائے گئے، خاص یعنی ''رجل'' میں وحدت کے خلاف کا احتمال ہے اور عام یعنی رجال میں کثرت کے خلاف کا احتمال ہے، جب دونوں مساوی ہیں تو دونوں میں مساوات حکمی بھی پائی جائے گی، یعنی دونوں قطعی ہیں۔

لہ فالخاص کالنص الخ: اگر مراد خاص سے اس کے مجموع معنی کا اعتبار ہو یعنی جنس اور وحدت کے اعتبار سے،

کرے اس کے غیر داخل ہونے کا کوئی دخل نہیں اور اس کے ماسوی عام میں داخل ہوں گے۔
اگر مخصص وہ کلام ہو جو متراخی ہے تو ہم اس کے مخصص ہونے کو تسلیم نہیں کرتے بلکہ وہ ناسخ ہے اور کلام باقی رہ گیا اس مخصص میں جو متصل ہو، اور وہ قلیل ہے۔

مصنف فرماتے ہیں :**واذا ثبت هذا فان تعارض الخاص والعام فان لم يعلم التاريخ حمل على المقارنة مع ان في الواقع احدهما ناسخ والآخر منسوخ لما جهلنا الناسخ والمنسوخ حملنا على المقارنة والا يلزم الترجيح من غير مرجح.(التنقيح والتوضيح)**

جب یہ ثابت ہو گیا تو بیشک خاص اور عام کا تعارض جب ہو تو اگر تاریخ کا علم نہ ہو تو مقارنت پر محمول کریں گے باوجود اس کے کہ واقع میں ایک ناسخ اور دوسرا منسوخ لیکن جب ہم ناسخ ومنسوخ سے جاہل ہیں تو ہم مقارنت پر محمول کریں

یا جنس اور عدد محصور کے اعتبار سے وہ نص کی طرح ہے، اور عام باعتبار مجموع جنس اور عموم کے ظاہر کی طرح ہے تو وہ دونوں برابر ہیں۔ اور اگر مراد یہ ہو کہ خاص باعتبار جنس کے نص کی طرح ہے اور عام باعتبار عموم کے ظاہر کی طرح ہے تو پھر بھی دونوں برابر ہیں۔ اسلئے کسی ایک کو اپنے معنی حقیقی سے بغیر قرینہ کے نہیں پھیرا جائے گا۔
پھر خاص کو نص سے تشبیہ دے کر یہ واضح کیا گیا کہ خاص میں بہت کم احتمال پایا گیا ہے اور عام کو ظاہر سے تشبیہ دے کر یہ واضح کیا کہ اس میں احتمال زیادہ پایا جاتا ہے۔

قوله قلنا لما كان العام الخ :جواب کا خلاصہ یہ ہے کہ عام میں کثیر احتمال مجاز کا پایا جانا اس کے عموم کے مخالف نہیں کیونکہ عام کو عموم سے بغیر قرینہ صارفہ کے نہیں پھیرا جائے گا جیسے خاص میں کثرۃ احتمال مجازات سے اس کے خصوص میں کوئی فرق نہیں آتا۔

قوله ولانسلم ان التخصيص الخ ،یہ امام شافعی رحمہ اللہ کے قول کا جواب ہے جو انہوں نے فرمایا عام میں تخصیص مشہور و معروف ہے یہ اس وقت درست ہے جب تخصیص سے مراد وہ ہو جو شبہ پیدا کرے حالانکہ امر اس طرح نہیں، حالانکہ مراد اس سے تخصیص ہے اس قید کے بغیر تو ہم کہتے ہیں اصل تخصیص کا مشہور ہونا بھی کس طرح ہے شیوع تو خود شبہ پیدا کرتا ہے۔

قوله يورث شبهة في العام شائع بلاقرينة :اس سے مراد بلا قرینۃ الخصوص ہے، بلا قرینۃ العموم مراد نہیں جیسا کہ لفظ عموم سے وہم ہوتا ہے کیونکہ جو لفظ عموم کیلئے وضع ہوا اس سے عموم کے قرینہ کا معدوم ہونا متصور نہیں۔

گے ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی۔

مصنف مزید وضاحت فرماتے ہیں :فعند الشافعی رحمه الله يخص به وعندنا يثبت حكم التعارض في قدر ما تناولاه وان كان العام متأخرا ينسخ الخاص عندنا وان كان الخاص متأخرا فان كان موصولا يخصصه وان كان متراخيا ينسخه في ذلك القدر عندنا. (التنقيح)

ای في القدر الذي تناوله العام والخاص ولايكون الخاص ناسخا للعام بالكلية بل في ذلك القدر فقط حتى لايكون عاما مخصصا بل يكون قطعيا في الباقي لا كالعام الذي خص منه البعض. (التنقيح والتوضيح)

امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عام اور خاص کے تعارض کے وقت خاص کے ذریعے عام کو مختص کرلیا جائے گا۔(اس

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله واذا ثبت هذا، ای کون العام قطعيا عندنا خلافا للشافعي رحمه الله فان تعارض الخاص والعام بأن يدل أحدهما على ثبوت حكم والآخر على انتفائه فأما ان يعلم تأخر احدهما عن الآخر أو لا فان لم يعلم حمل على المقارنة وان جاز ان يكون احدهما في الواقع ناسخا لتأخره والآخر منسوخا لتقدمه وانما قيدنا بالجواز لاحتمال ان يكون الخاص في الواقع موصولا بالعام فيكون مخصصا لا ناسخا. (التلويح)

جب یہ ثابت ہوگیا کہ عام ہمارے نزدیک قطعی ہے''امام شافعی رحمہ اللہ کا اس میں اختلاف ہے'' خاص اور عام کا تعارض یہ ہے کہ ایک دلالت کرے ثبوت حکم پر اور دوسرا دلالت کرے انتفاء حکم پر۔تعارض کی صورت میں دیکھا جائے ایک کا دوسرے سے متاخر ہونا معلوم ہے یا نہیں، اگر نہ معلوم ہو تو مقارنت پر محمول کریں گے،اگر چہ جائز ہے کہ واقع میں ایک متاخر ہونے کی وجہ سے ناسخ ہو اور دوسرا منسوخ ہو۔علامہ تفتازانی نے ''وان جاز'' ذکر کیا ہے تو اس کے متعلق فرمایا کہ ہم نے جواز سے مقید کیا ہے کیونکہ ایک احتمال یہ بھی ہے کہ خاص واقع میں عام کے متصل ہو تو اس وقت وہ مخصص ہوگا ناسخ نہیں۔

قولہ قلیل ما ھو :یعنی نفس کلمہ دلالت کرے گا قلت پر، قلیل پر تنوین تنکیر کی ہے تکثیر کا معنی دے رہی ہے۔ ابہامیت میں مبالغہ ثابت کیا گیا ہے، مطلب یہ ہے''ما هو في غاية القلة ''یعنی وہ بہت ہی زیادہ انتہائی درجہ قلت میں ہے۔

لئے کہ خاص قطعی ہونے کی وجہ سے عام پر راجح ہے اور عام ظنی ہے ان کے نزدیک اسلئے خاص کے عام کا حکم اتنی قدر میں باطل ہوجائے گا جتنی قدر کو دونوں شامل ہیں تو تخصیص لازم آئے گی۔ السید)

اور ہمارے نزدیک تعارض کا حکم اتنی قدر میں ثابت ہوگا جتنی قدر کو دونوں شامل ہیں۔ (تعارض کے حکم کا مطلب یہ ہے کہ دونوں کو اگر جمع کرنا ممکن ہوا تو دونوں کو جمع کریں گے دونوں شبہات پر عمل کرتے ہوئے اگر آسانی ہوئی تو ورنہ کتاب میں تعارض کو سنت کی طرف پھیریں گے اور سنت میں تعارض کو قیاس اور اقوال صحابہ کی طرف پھیریں ورنہ اصل پر ثابت رکھنا لازم ہوگا۔ السید)

اور اگر عام متاخر ہوا تو خاص کو منسوخ کردے گا ہمارے نزدیک، اور خاص اگر متاخر ہوا تو پھر دیکھا جائے وہ متصل ہے یا متراخی، اگر متصل ہوا تو وہ عام کو خاص کردے گا، اور اگر متراخی ہوا تو ہمارے نزدیک خاص عام کو اتنی قدر منسوخ کردے گا جتنی قدر کو دونوں شامل ہیں۔

واضح ہوا کہ خاص عام کیلئے کلی طور پر ناسخ نہیں بلکہ اتنی قدر کیلئے ناسخ ہے جتنی قدر کو دونوں شامل ہیں۔ جب خاص عام کیلئے ناسخ ہوگا تو عام مخصص نہیں ہوگا بلکہ باقی میں حکم قطعی ہوگا، یعنی اس عام کی طرح نہیں ہوگا جس سے بعض افراد کو خاص کیا گیا ہو، کیونکہ مخصوص البعض ظنی ہوتا ہے۔

علامہ تفتازانی کا کلام ہی جاری ہے :واذا حمل علی المقارنة فعند الشافعی یخص العام بالخاص فی الواقع لأنه ظنی والخاص قطعی فلایثبت حکم التعارض وعندنا یثبت حکم التعارض فی القدر الذی تناوله الخاص والعام جمیعا لا فی القدر الذی تفرد العام یتناوله فان حکمه ثابت بلامعارض وسیجیء حکم تعارض النصین عند الجهل بالتاریخ مثال ذلک قوله تعالی والذین یتوفون منکم الآیة وقوله تعالی واولات الأحمال علی رأی علی رضی الله عنه فیثبت حکم التعارض فی الحامل المتوفی عنها زوجها لا فی الحامل المطلقة اذ لایتناولها الأول ولا فی غیر الحامل المتوفی عنها زوجها اذ لایتناولها الثانی. (التلویح)

جب مقارنت پر محمول کیا جائے تو امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عام کو واقع میں خاص کے ذریعے مختص کرلیا جاتا ہے، کیونکہ ان کے نزدیک عام ظنی ہے اور خاص قطعی ہے تو تعارض کے وقت حکم ثابت نہیں ہوگا۔ اور ہمارے نزدیک اتنی قدر میں تعارض کا حکم ثابت ہوگا جتنی قدر کو خاص اور عام دونوں شامل ہیں، ہاں اتنی قدر جسے صرف عام شامل اس میں

حکم بغیر تعارض کے ثابت ہوگا، جب دونصوص میں تعارض ہواور تقدیم وتاخر کی تاریخوں سے جہالت حاصل ہوتو اس کا حکم آگے آئے گا۔

اس کی مثال اللہ تعالی کا ارشاد گرامی "والذین یتوفون منکم الآیۃ "اورارشاد باری تعالی "واولات الأحمال اجلھن ان یضعن حملھن "ان آیات میں حضرت علی رضی اللہ عنہ کے نزدیک تعارض ہے اس لئے ان کے نزدیک تعارض کا حکم ثابت ہوگا اس عورت کے حق میں جو حاملہ ہواوراس کا خاوند فوت ہو جائے۔(تو آپ کے نزدیک ان میں تطبیق دی جائے گی "ابعد الاجلین" پرعمل ہوگا) لیکن حاملہ مطلقہ (طلاق یافتہ) میں تعارض نہیں کیونکہ اسے پہلے آیہ شامل نہیں، اور غیر حاملہ جس کا خاوند فوت ہو جائے اس میں بھی کوئی تعارض نہیں کیونکہ اسے دوسری آیہ شامل نہیں۔

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب ذکر فرماتے ہیں :فان قیل کل من الآیتین عام، قلنا المراد بالخاص ههنا الخاص بالنسبة الى العام بان تناول بعض افراده لا كلها سواء كان خاصا فى نفسه أوعاما متناولا لشیء آخرفیكون العموم والخصوص من وجه كما فى هذا المثال أوغيرمتناول فيكون الخصوص والعموم مطلقا كما فى اقتلوا الكافرين ولاتقتلوا أهل الذمة فان علم التاريخ فالمتأخراما عام واما الخاص فعلى الأول العام ناسخ للخاص وعلى الثانى الخاص مخصص للعام ان كان موصوفا به وناسخ له فى قدر ما تناولاه ان كان متراخيا عنه كما فى الآيتين على رأى ابن مسعود رضى الله عنه فان قوله تعالى واولات الأحمال متراخ عن قوله تعالى والذين يتوفون فمن حيث انه عام من وجه خاص من وجه يكون مثالا لتاخرالعام عن الخاص وعكسه ويكون ناسخا لقوله تعالى والذين يتوفون فى حق الحامل المتوفى عنها زوجها.

اعتراض: مثال جودوآیتیں پیش کی گئی ہیں وہ دونوں عام ہیں، ایک کو عام اور دوسری کو خاص کہنا کیسے صحیح ہے؟

جواب: خاص سے مراد یہاں خاص بنسبت عام کے ہے، عام بھی وہ مراد ہے جو بعض افراد کو شامل ہے نہ کہ کل کو، برابر خاص بنفسہ ہو یا عام ہو کسی اور چیز کو بھی شامل ہو، عام لفظوں میں بیان کردیا کہ یہاں عموم وخصوص من وجہ ہے اس لئے یہ مثال عام کے خاص سے متاخر ہونے کی بھی ہے اور خاص عام سے متاخر ہونے کی بھی مثال ہے۔

عموم وخصوص مطلق کی مثال جیسے "اقتلوا الکافرین ولاتقتلوا اھل الذمۃ"

اگر متعارضین کی تاریخوں کا علم حاصل ہو جائے تو متاخر عام ہوگا یا خاص، اگر عام متاخر ہو تو وہ خاص کیلئے ناسخ ہوگا، اور اگر خاص متاخر ہو تو وہ عام کیلئے ناسخ ہوگا اگر اس کے متصل ہو، لیکن اگر متراخی ہو تو اتنی قدر کیلئے ناسخ ہوگا جتنی

قدر کو دونوں شامل ہیں۔ جس طرح دونوں آیتوں میں حضرت ابن مسعود رضی اللہ عنہ کی رائے ہے۔ اسلئے کہ اللہ تعالی کا ارشاد گرامی "واولات الأحمال" متراخی ہے رب تعالی کے اس ارشاد سے "والذین یتوفون"

ان دونوں میں نسبت عموم وخصوص من وجہ کہ ہے، ہر ایک من وجہ عام اور من وجہ خاص ہے اس لحاظ پر "اولات الأحمال" کے متعلق یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ عام ہے اس حیثیت سے کہ متاخر ہے اور یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ متاخر بحیثیت خاص کے۔

یہ آیت ناسخ ہے "والذین یتوفون" آیہ کے اس عورت کے حق میں جس کا خاوند فوت ہو گیا ہو اور وہ عورت حاملہ ہو۔

علامہ تفتازانی ایک اور سوال وجواب ذکر کرتے ہیں:

فان قلت انتساخ الخاص بالعام المتأخرينبغي ايضا ان يقيد بقدرما تناولاه لأن ذلک الخاص يجوزان يتناول افرادا لايتناولها العام فلاينسخ في حقها كما في قوله تعالى والذين يتوفون في حق غير الحامل قلت هومن هذه الحيثية يكون عاما لا خاصا وانما يكون خاصا من حيث تناوله لبعض افراد العام فالخاص المتقدم ينسخ بالعام في كل ما تناوله من حيث أنه خاص فلاحاجة الى التقييد وانما يحتاج الى ذلک اذا عبرعنه بالعام فانه انما يكون عاما من حيث تناوله للخاص المتأخر وغيره. (التلويح)

اعتراض: عام متاخر کے ذریعے خاص کو متاخر کرنے کیلئے بھی لائق یہی تھا کہ اسے بھی مقید کیا جاتا اتنی قدر سے جتنی قدر دونوں کو شامل ہو، کیونکہ خاص کیلئے جائز ہے کہ ان افراد کو شامل ہو جن کو عام شامل نہ ہو تو وہ ان کے حق میں منسوخ نہیں ہوگا، جسطرح اللہ تعالی کا ارشاد گرامی "والذین یتوفون" غیر حاملہ کے حق میں۔

جواب: جس حیثیت کو تم نے ذکر کیا ہے اس حیثیت سے وہ ہوتا ہی عام ہے خاص نہیں۔ اگر خاص ہوتا تو بعض افراد عام کو شامل ہوتا تو خاص مقدم عام کے ذریعے منسوخ ہو جاتا ہے جن کو عام شامل ہے اس لحاظ پر خاص ہے کہ وہ خاص کے افراد ہیں۔

اس لئے قید لگانے کی ضرورت نہیں، یہ اس وقت ضرورت درپیش آتی ہے جب یہ کہنا جائز ہوتا کہ عام کے متاخر سے بعض افراد خاص خارج ہیں، ایسا کہنا جائز نہیں۔ کیونکہ عام خاص کے ہر فرد کو شامل ہوتا ہے لیکن خاص عام کے ہر فرد کو شامل نہیں ورنہ مساوات لازم آتی۔ البتہ عموم وخصوص من وجہ میں ہر ایک من وجہ خاص ہوتا ہے اور من وجہ عام۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں: **قوله حتى لايكون عاما مخصصا، تفريع على جعل الخاص المتراخي**

مصنف ذکر فرماتے ہیں:

فصل: قصر العام على بعض ما تناوله لايخلو من ان يكون بغير مستقل ، اى بكلام يتعلق بصدر الكلام ولايكون تاما بنفسه والمستقل ما لايكون كذلك سواء كان كلاما أولم يكن، وهو اى غير المستقل الاستثناء والشرط والصفة والغاية فالاستثناء يوجب قصر العام على بعض افراده والشرط يوجب قصر صدر الكلام على بعض التقادير نحو انت طالق ان دخلت الدار، والصفة توجب القصر على ما يوجد فيه الصفة نحو فى الأبل السائمة زكوة، والغاية توجب القصر على البعض الذى جعل الغاية حدا له نحو قوله تعالى اتموا الصيام الى الليل ونحو فاغسلوا وجوهكم وايديكم الى المرافق.

فصل: عام کا قصر بعض ان افراد پر جن کو وہ شامل ہے، وہ خالی نہیں یا قصر غیر مستقل کے ذریعے ہوگا یا مستقل کے

ناسخا لا مخصصا يعني يكون العام فيما لم يتناوله الخاص قطعيا لا ظنيا كما اذا كان الخاص المتأخر موصولا به على ما سيجئ.

خاص جب متأخر ہو اور متراخی ہو تو عام کیلئے مخصص نہیں ہوگا بلکہ ناسخ ہوگا، یہاں تک کہ عام کے وہ افراد جن کو خاص شامل نہیں ہوگا وہ قطعی ہوگا ظنی نہیں ہوگا، جسطرح خاص متأخر موصول ہو تو وہ مخصص ہوتا ہے، متراخی اس طرح نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فصل: قصر العام على بعض تناوله، تخصيص عند الشافعية واما عند الحنفية ففيه تفصيل وهو انه ان يكون بغير مستقل أو مستقل، والأول ليس بتخصيص بل ان كان بألا واخواتها فاستثناء وألا فان كان بان وما يؤدى مؤديها فشرط وألا فان كان بأى وما يفيد معناها فغاية والا فصفة نحو فى الغنم السائمة الزكوة أوغيرها نحو جاء نى القوم اكثرهم فعلم أنه لاينحصر فى الأربعة، والثانى هو التخصيص سواء كان بدلالة الفظ أو العقل أو الحس أو العادة أو نقصان بعض

میر سید شریف فرماتے ہیں: قصر الشئ على حال ، کا مطلب ہوتا ہے ایک چیز کا ایک حال پر ثابت ہونا کہ اس سے تجاوز نہ کرے

ذریعے، غیر مستقل جیسے استثناء، شرط، صفت اور غایۃ۔
غیر مستقل کی تعریف: غیر مستقل وہ کلام ہے جس کا تعلق صدر کلام سے ہو، اور بذاتہ تام نہ ہو۔
مستقل کی تعریف: مستقل وہ ہے جو اس طرح نہ ہو برابر ہے کلام ہو یا نہ ہو۔

الافراد أوزیادته.(التلویح)
عام جن افراد کو شامل ہے ان میں سے بعض پر قصر امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک تخصیص ہے، اور احناف کے نزدیک اس میں تفصیل ہے وہ یہ ہے کہ قصر یا غیر مستقل سے ہوگا یا مستقل سے۔ پہلا یعنی غیر مستقل سے قصر تخصیص نہیں، بلکہ اگر قصر ''الا'' اور اس کے اخوات کے ذریعے ہو تو وہ استثناء ہے، ورنہ اگر ان شرطیہ یا اور کلمات شرط کے ذریعے ہو تو وہ شرط ہے ورنہ اگر ''الی'' کے ذریعے ہو یا کسی اور کلمہ کے ذریعے جو غایت کا معنی دے، تو اس کو کہا جائے غایۃ، ورنہ صفت۔ جیسے ''فی الغنم السائمۃ زکوۃ'' چرنے والی بھیڑ بکریوں میں زکوۃ ہے (یہاں ''السائمۃ'' صفت ہے جس کی وجہ سے قصر ہے) یا کوئی اور وجہ قصر پائی جائے، جیسے ''جاءنی القوم اکثرھم'' اس مثال میں لفظ اکثر نے قوم کے عموم کو مقصور

قولہ بغیر مستقل ای بکلام: کلام کا یہاں لغوی معنی لیا گیا ہے ''ما یتکلم بہ'' جو بھی انسان بولے۔ نحویوں کی اصطلاح والا معنی نہیں کیونکہ اسناد پر مشتمل نہیں ہوتی، اسی طرح استثناء یا صفت میں سے بعض بھی اسناد پر مشتمل نہیں ہوتے۔

قولہ یتعلق بصدر الکلام: یہ بھی مطلق غیر مستقل کی تعریف ورنہ تعریف جامع نہیں رہے گی، کیونکہ نفس صدر کلام جیسے زید ''زید قائم'' میں غیر مستقل ہے لیکن صدر کلام سے متعلق نہیں بلکہ یہاں بیان مراد ہے۔

مصنف نے غیر مستقل کی مثالیں دیں: استثناء، شرط، صفت اور غایۃ۔
استثناء عام کو بعض افراد پر مقصود کردے گا جیسے ''لہ علی الف درھم الا خمسمائۃ'' میں استثناء کی وجہ سے قرض پانچ صد درہم میں منحصر ہو گیا۔
شرط صدر کلام کو بعض تقادیر پر مقصور (منحصر) کردے گی، یہ اس وقت ہے جب شرط مؤخر ہو، جیسے کوئی شخص کہے ''انت طالق ان دخلت الدار'' پہلے وقوع منجز تھا لیکن جب متصل ہی شرط ذکر کردی تو دخول دار تک معلق ہو گئی۔
صفت قصر کرے گی جس میں وہ صفت پائی گئی، جیسے ''فی الابل السائمۃ زکوۃ'' چرنے والے اونٹوں میں زکوۃ ہے۔ حکم زکوۃ منحصر ہو گیا چرنے والے اونٹوں پر، گھر چارہ کھلانے والے اونٹوں کی زکوۃ نہیں۔

مصنف مستقل کے ذریعے قصر عام کا بیان کرتے ہیں:

أو بمستقل وهو أي القصر بمستقل التخصيص وهو إما بالكلام أو غيره وهو إما العقل الضمير يرجع إلى غيره نحو خالق كل شيء يعلم ضرورة أن الله تعالى مخصوص منه وتخصيص الصبي والمجنون من خطابات الشرع من هذا القبيل، وأما الحس نحو وأوتيت من كل شيء وأما العادة نحو لا يأكل رأسا يقع على المتعارف، وأما كون بعض الأفراد ناقصا فيكون اللفظ أولى بالبعض الآخر نحو كل مملوك لي حر لا يقع على المكاتب ويسمى مشككا أو زائدا عطف على قوله

کردیا، اسی سے معلوم ہوگیا کہ غیر مستقل سے قصر چار میں منحصر نہیں۔

دوسری قسم قصر کی یعنی مستقل کے ذریعے قصر تخصیص ہے، برابر ہے وہ قصر دلالت لفظ (یعنی کلام) سے ہو یا عقل سے یا حس سے یا عادت سے یا بعض افراد کے نقصان سے ہو یا بعض افراد کی زیادتی کی وجہ سے ہو۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

وفسر غير المستقل بكلام يتعلق بصدر الكلام ولا يكون تاما بنفسه، لا يقال أنه غير شامل للشرط المتقدم على الجزاء والاستثناء المتقدم على المستثنى منه نحو أن دخلت الدار فأنت طالق وما جاء ني الا زيدا احد لتعلقهما بآخر الكلام لا بصدره ولا للوصف بالجهل نحو لا تكرم رجلا ابوه جاهل والاستثناء بمثل ليس زيدا ولا يكون زيدا لأنه كلام تام، لأنا نقول المراد بصدر الكلام ما

غایۃ قصر ثابت کرے گی ان بعض پر جن کی غایۃ حد ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی "اتموا الصيام الى الليل" مکمل کرو روزے رات تک، اس لئے رات روزہ رکھنے کے حکم سے خارج ہے کیونکہ یہ غایۃ امتداد ہے، اور مثال "فاغسلوا وجوهكم وايديكم الى المرافق" وضو میں ہاتھ کو دھونے کی حد کہنیاں ہیں لیکن کہنیاں دھونے میں داخل ہیں کیونکہ یہ غایۃ اسقاط ہے۔

میر سید فرماتے ہیں "اما الحس اى العلق" حس سے مراد عقل ہے۔ واضح ہوا کہ مراد حواس ظاہرہ نہیں، تقریبا حواس باطنہ مراد ہیں۔

یا غیر کلام عادت ہوگی جس سے عام کو مقصور کیا جائے گا، جیسے کوئی قسم اٹھائے "لا يأكل رأسا" وہ سر نہیں کھائے گا

ناقصا ای و أما کون بعض افرادہ زائدا کالفاکھة لاتقع علی العنب.

یا عام کو قصر کیا جائے گا مستقل سے، اور وہ مستقل سے قصر تخصیص ہے، وہ یا کلام کے ذریعے ہوگا یا غیر کلام کے ذریعے، وہ غیر کلام یا عقل ہے یا حس ہے یا عادت ہے وغیرہ۔

وھو اما العقل: میں ھو ضمیر غیر کی طرف لوٹ رہی ہے یعنی غیر کلام یا عقل ہے جیسے کہا جائے "خالق کل شئ" ہر چیز کا

ھو متقدم فی الاعتبار سواء قدم فی الذکر أو أخر ولا یخفی أنه لابد من اعتبار الشئ اولا ثم اخراج البعض منه أو تعلیقه وقصره علی بعض التقادیر والمراد بالکلام الغیر التام ما لا یفید المعنی لو ذکر منفردا والجھل الوصفیة، والاستثناء بمثل لیس زیدا ولایکون زیدا کذلک لاحتیاجھا الی مرجع الضمیر. (التلویح)

مصنف نے غیر مستقل کی تفسیر بیان کی ہے کہ وہ کلام ہو جس کا تعلق صدر کلام سے ہو، اور وہ تام بذاتہ نہ ہو۔

اعتراض: مصنف کی یہ تعریف شامل نہیں اس شرط کو جو جزاء پر مقدم ہو، اسی طرح اس استثناء کو شامل نہیں جو مستثنی منہ پر مقدم ہو، شرط مقدم کی مثال جیسے "ان دخلت الدار فانت طالق" مستثنی مقدم کی مثال "ما جاء نی الا زیدا احد"

مصنف کی تعریف کا ان دونوں کو شامل نہ ہونے کی وجہ یہ ہے کہ ان دونوں کا تعلق کلام کے آخر سے ہے یہ کہ صدر سے، اسی طرح مصنف کی تعریف شامل نہیں وصف بالجھل کو جیسے کہا جائے "لاتکرم رجلا ابوہ جاھل" اور مصنف کی تعریف استثناء بمثل لیس زیدا ولا یکون زیدا کو شامل نہیں اسلئے کہ یہ کلام تام ہیں۔

تو اس سے مراد عادت کے مطابق وہ سر ہوں گے جو بازار میں بیچے جاتے ہوں اور تنور میں بھونے جاتے ہوں، چڑیا، کبوتر، وغیرہ کا سر مراد نہیں ہوگا۔

یا بعض افراد کا ناقص ہونا قصر ثابت کرے گا: یعنی لفظ کا اطلاق بعض اور افراد پر اولی ہوگا ناقص پر اطلاق نہیں ہوگا، جیسے کہا جائے "کل مملوک لی حر" میرا ہر مملوک آزاد ہے، یہ مکاتب کو شامل نہیں، یعنی مکاتب غلام اس کلام سے آزاد نہیں ہوگا، اس کا نام مشکک رکھا جائے گا۔

یا بعض افراد کا زائد معنی پر مشتمل ہونا قصر ثابت کرے گا: أو زائدا، کا عطف "ناقصا" پر۔ مطلب یہ ہے "واما کون بعض افرادہ زائدا" یا بعض افراد کا زائد ہونا قصر ثابت کرے گا، جیسے کوئی شخص کہے "لایاکل فاکھة" وہ فاکہہ نہیں کھائے گا تو انگور کھانے سے حانث نہیں ہوگا، لیکن یہ خیال رہے کہ امام ابوحنیفۃ رحمہ اللہ کے علاقہ میں انگور بطور غذا

خالق، اس سے اللہ تعالی مخصوص ہے اسلیئے کہ خلق کا معنی ہے عدم کے بعد ایجاد یہ قدیم میں ممتنع ہے، یہ یقینی بات ہے کہ اللہ تعالی اپنے آپ کا خالق نہیں، کیونکہ وہ قدیم ہے مخلوق نہیں۔

اور بچے (نابالغ) اور مجنون کا خطابات شرع سے مخصوص ہونا اسی قبیلے سے ہے، یعنی عقل سے معلوم ہے کہ وہ خطابات شرع کے مکلف نہیں۔

مستقل غیر کلام کبھی حس ہوتی ہے جیسے ارشاد باری تعالی "واوتیت من کل شی" ہدہد نے سلیمان علیہ السلام کو بلقیس کے متعلق بتایا کہ "اسے ہر چیز دی گئی" لیکن یہاں حس سے معلوم ہے کہ اسے بعض چیزیں ہاتھی، درندے وغیرہ نہیں دیئے گئے تھے۔

جواب: صدر کلام سے مراد وہ ہے جو اعتبار میں مقدم ہو برابر ہے کہ ذکر میں مقدم ہو یا مؤخر ہو، اور مخفی نہیں کہ ضروری ہے ایک چیز کا اعتبار پہلے کیا جائے پھر بعض کو اس سے نکالا جائے، یا اسے معلق کیا جائے اور بعض تقادیر پر اسے مقصور کیا جائے۔

اور کلام غیر تام سے مراد جو معنی کا فائدہ نہ دے جبکہ اسے منفرد ذکر کریں۔ اور جہالت کو وصفیت سے نکالنا درست نہیں، جہالت بھی وصف ہے، وصف عام خواہ اس میں اچھائی کا ذکر ہو یا برائی کا۔

لیس زید، اور لا یکون زیدا، سے استثناء ضمیر کا محتاج ہونے کی صورت میں غیر مستقل کی حیثیت میں ہے۔

اعتراض وجواب علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

فان قلت لامعنى للقصر الا ثبوت الحكم للبعض ونفيه عن البعض وهذا قول بمفهوم الصفة والشرط وهو خلاف المذهب قلت بل المراد ههنا ان يدل على الحكم في البعض ولا يدل في البعض الآخر لانفيا ولا اثباتا حتى لو ثبت ثبت بدليل آخر ولو انعدم انعدم بالعدم الأصلي، وبهذا يخرج الجواب عن اشكال آخر وهو ان كون الشرط للقصر على بعض التقادير انما هو مذهب الشافعي وعند ابي حنيفة رحمهما الله مجموع الشرط والجزاء كلام واحد موجب للحكم

استعمال ہوتا تھا اسلیئے آپ نے یہ فتوی دیا اور صاحبین کے علاقہ میں انگور بطور تلذذ استعمال ہوتا تھا اس لئے انہوں نے حانث ہونے کا فتوی دیا ہے ہمارے علاقہ میں بھی بطور تلذذ استعمال کیا جاتا ہے، صاحبین کے قول پر ہی فتوی دیا جائے گا۔

علی تقدیر وساکت علی سائر التقادیر حتی ان مجرد الجزء بمنزلة انت من انت طالق ولیس هو مفیدا للحکم علی جمیع التقادیر فحین علق بالشرط لم یفد ذلک فکانه قصره علی البعض وکذا الکلام فی الاستثناء علی ما سیجیء، فان قیل جعل المستقبل ههنا مخصصا من غیر فرق بین المتراخی وغیره وقد سبق ان المتراخی نسخ لاتخصیص، قلنا التخصیص قد یطلق علی ما یتناول النسخ فلایقید بعدم التراخی ولهذا یقال النسخ تخصیص وقد یطلق علی ما یقابله وهو المقید بعدم التراخی والقول بان التخصیص لایطلق الا علی غیر المتراخی یوجب بطلان کلام القوم فی کثیر من المواضع مثل تخصیص الکتاب بالسنة والاجماع وتخصیص بعض الآیات بالبعض مع التراخی.

اعتراض: قصر کا حکم سوائے اس کے نہیں مگر یہ کہ حکم بعض کیلئے ثابت ہو اور بعض سے نفی ہو، یہ قول تو صفت اور شرط کا مفہوم مخالف ہے، حالانکہ وہ ہمارے مذہب کے مخالف ہے۔

جواب: یہاں مراد یہ ہے کہ یہ دلالت کرتا ہے بعض میں حکم کے ثبوت پر اور دوسرے بعض پر اور دوسرے بعض پر دلالت نہیں کرتا نہ نفی کے طور پر اور نہ اثبات کے طور پر، یہاں تک کہ اگر ثابت ہو تو اور دلیل سے ثابت ہوگا اور اگر نفی ہو یعنی منعدم تو وہ عدم اصلی سے معدوم ہوگا۔

اسی سے ایک اور سوال کا جواب سمجھ آجائے گا: وہ سوال یہ ہے کہ شرط کا بعض تقادیر پر قصر کیلئے آنا امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کا مذہب یہ ہے کہ شرط وجزاء کلام واحد ہیں جو ایک تقدیر پر حکم واجب کرتی ہیں اور باقی تقادیر پر ساکت ہیں یہاں تک کہ فقط جزاء کا درجہ یہ ہے جو "انت طالق" میں "انت" کا ہے یہ جمیع تقادیر میں مفید حکم نہیں، اور شرط کا تعلیق وقصر کیلئے بعض پر آنا امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے۔

پچھلے سوال کا جواب ہی اس کا جواب ہے کہ شرط کے ساتھ جزاء کا بھی اعتبار ہے، اگرچہ ذکر صرف شرط کا کیا ہے۔

ایک اور جواب یہ ہے: جب تک شرط کا ذکر نہیں تو کلام جمیع تقادیر کا فائدہ دے رہی تھی اور اس کے ساتھ شرط کو ذکر کیا تو تعلیق شرط کی وجہ سے جمیع تقادیر کا جب فائدہ باقی نہ رہا تو گویا بعض پر قصر کر دیا گیا، یہی کلام استثناء میں بھی ہے جس کا ذکر آگے آئے گا۔

اعتراض: مستقل کو یہاں مطلقا مخصص کہا گیا ہے، تراخی، غیر تراخی کا فرق نہیں کیا گیا، حالانکہ پہلے گزر چکا ہے کہ تراخی نسخ ہے، تخصیص نہیں۔

جواب: تخصیص کبھی بولا جاتا ہے اس پر بھی جو نسخ کو شامل ہوتا ہے عدم تراخی سے مقید نہیں کیا جاتا، اسی وجہ سے کہا جاتا ہے نسخ تخصیص ہے، اور کبھی تخصیص نسخ کے مقابل پر بولا جاتا ہے وہ عدم تراخی سے مقید کیا جاتا ہے۔

اور یہ کہنا کہ تخصیص کا اطلاق نہیں ہوتا مگر غیر متراخی پر ہی، تو اس قول سے تو کثیر مقامات میں قوم کے کلام کا بطلان لازم آئے گا، مثلاً یہ کہا جاتا ہے تخصيص الكتاب بالسنة والاجماع وتخصيص بعض الآيات بالبعض مع التراخي۔ (اس تخصیص سے مراد اگرچہ نسخ ہے لیکن اطلاق اس پر تخصیص کا ہے)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :

قوله واما الحس فيه تسامح لأن المدرك بالحس هوان له كذا وكذا واما انه ليس له غير ذلك فانما هو بالعقل لا غير وفي التمثيل بقوله تعالى "واوتيت من كل شئ" رد على من زعم ان التخصيص لايجرى في الخبر كالنسخ. (التلويح)

عقل کے بعد حس کا ذکر مسامحت پر مبنی ہے، کیونکہ مدرک بالحس سے مراد زیادہ طور پر حواس ظاہرہ سے جن کا ادراک ہوان پر بولا ہو جاتا حالانکہ یہاں اس طرح نہیں، حس سے مراد بھی سوائے عقل اور کوئی چیز مراد نہیں، اور اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی "واوتيت من كل شي" بطور مثال بیان کرنے سے ان لوگوں کا رد مقصود ہے جنہوں نے گمان کیا کہ بیشک تخصیص خبر میں جاری نہیں ہوتی جس طرح نسخ جاری نہیں، کیونکہ یہ خبر ہے اور تخصیص پائی گئی ہے۔

قوله واما العادة فلو حلف لاياكل رأسا. فالرأس وان كان مستعملا عرفا في رأس كل حيوان الا انه معلوم عادة انه غير مراد اذ لايدخل فيه عادة رأس العصفور والجراد فيخص بما يكون متعارفا بأن يكبس في التنانير ويباع مشويا وباعتبار اختلاف العادات بحسب الازمنة والأمكنة خصه أبو حنيفة رحمه الله اولا برأس البقر والغنم والابل وثانيا برأس البقر والغنم وعما برأس الغنم خاصة. (التلويح)

کبھی مستقل، غیر کلام عادت ہوگی جو عام کو بعض میں مخصص کر دے گی، جیسے کوئی شخص قسم اٹھائے کہ "لاياكل رأسا" وہ سر نہیں کھائے گا، اگر چہ عرف میں ہر حیوان کے سر کو "راس" ہی کہا جاتا ہے، لیکن عادۃً معلوم ہے کہ قسم میں ہر سر مراد نہیں ہے، اس لئے چڑیا اور مکڑی وغیرہ کے سر کھانے سے حانث نہیں ہوگا، اس لئے خاص کیا جائے گا اس سر سے جو تنور میں بھونا جائے اور بھونا ہوا بیچا جائے۔

تنبیہ: قسموں کا تعلق ہوتا ہے عرف سے اس لئے باعتبار زمانے یا باعتبار مکانات کے تبدیل ہونے کے احکامات بھی

تبدیل ہوتے رہتے ہیں، یہی وجہ ہے کہ پہلے امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ نے اس قسم کا تعلق گائے، بھیڑ وبکری اور اونٹ کے سرسے بیان فرمایا، جب اونٹ کے سر کا تنور میں بھونے اور بیچنے کا رواج ختم ہو گیا تو آپ نے صرف گائے اور بھیڑ وبکری کے سر کا ذکر کیا۔

صاحبین کے زمانے میں جب گائے کے سر کا بھوننا اور بیچنا بھی ختم ہو گیا تو انہوں نے صرف بھیڑ، بکری کے سر کا ذکر کیا۔

قوله ويسمى مشككا يعني اللفظ الموضوع لمعنى لايستوي فيه جميع الراده بل تختلف بالشدة والضعف كالمملوك في القن والمكاتب أوبالأولوية أوبالتقدم والتأخر كالوجود في الواجب والممكن يسمى مشككا لأنه يشكك الناظر انه من قبيل المشترك أو المتواطي اعني ما وضع لمعنى واحد يستوي في الافراد فلو قال كل مملوك لي فهو حر لايدخل فيه المكاتب لنقصان الملك فيه لأنه يملك رقبة لايدا حتى يكون أحق بمكاسبه ولايملك المولى استكسابه ولا وطئ المكاتبة بخلاف المدبر وأم الولد. (التلويح)

مصنف نے بیان کیا کہ کبھی عام کو قصر کیا جاتا ہے کہ بعض افراد ناقص ہوتے ہیں، اسلئے لفظ بعض پر اولی طریقہ پر جاری ہوتا ہے اور بعض پر اولی طریقہ پر نہیں جیسے "کل مملوک لی فهو حر" کا اطلاق مکاتب پر نہیں ہوتا، اس کا نام رکھا جاتا ہے "مشکک"۔

علامہ تفتازانی اس کی وجہ تسمیہ بیان کرتے ہیں کہ لفظ ایک معنی کیلئے وضع کیا گیا ہے اس میں جمیع افراد برابر نہیں، بلکہ شدت وضعف کا ان میں اختلاف پایا جاتا ہے، جیسے مملوک کا اطلاق قن (کامل غلام) پر اشد ہے، اور مکاتب پر غیر اشد، اور کبھی اولویت کا اور کبھی تقدم وتأخر کا فرق کیا جاتا ہے جیسے وجود کا اطلاق واجب اور ممکن پر۔

اس کا نام مشکک رکھا جاتا ہے اس لئے کہ ناظر کو شک میں ڈالتی ہے کہ یہ کئی معانی میں مشترک ہے یا متواطی، متواطی اسے کہا جاتا ہے جو کہ ایک معنی کیلئے وضع ہو اور سب افراد پر برابر بچی آئے۔

مصنف کی مثال کی وضاحت: جب کوئی کہے "کل مملوک لی فھو حر" تو مکاتب اس میں داخل نہیں کیونکہ اس کے ملک میں نقصان ہے، اسلئے کہ اس کا مالک اس کا رقبۃ مالک ہے، یداً مالک نہیں، اسلئے کہ وہ اپنی کمائی کا خود مالک ہے، اس کی کمائی کا اس کا مولی مالک نہیں، اسی طرح مکاتبہ سے مولی وطی بھی نہیں کر سکتا، بخلاف مدبر اور ام ولد کے ان کا مولی مالک رقبۃ بھی اور یداً بھی، مدبرہ اور ام ولد سے وطی کرنا بھی جائز ہے، اس لئے مولی کی موت تک وہ کامل مملوک ہیں، اور وہ "کل مملوک لی فھو حر" کہنے سے آزاد ہو جائیں گے۔

مصنف فرماتے ہیں:

ففي غير المستقل اى فيما اذا كان الشيء الموجب لقصر العام غير مستقل هو اى العام حقيقة في الباقي لأن الواضع وضع اللفظ الذى استغنى منه للباقي وهو اى العام حجة بلاشبهة فيه اى في

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب ذکر کرتے ہیں:

فان قيل فكيف تتأدى الكفارة بالمكاتب دون المدبر وأم الولد، قلنا لأن ذلك باعتبار الرق وهو في المكاتب كامل لأنه عبد ما بقي عليه درهم والكتابة محتملة للفسخ واشتراط الملك انما هو ما يصلح به التحرير وهو حاصل بخلاف المدبر وام الولد فان الرق فيهما ناقص لأن ما ثبت فيهما من جهة العتق لايحتمل الفسخ، ولو حلف لايأكل فاكهة ولانية له لم يحنث بأكل العنب والرطب والرمان عند أبي حنيفة رحمه الله لأن كلا منهما وان كان فاكهة لغة وعرفا الا ان فيه معنى زائدا على التفكه اى التلذذ والتنعم وهو الغذائية وقوام البدن به فبهذه الزيادة يخص عن مطلق الفاكهة. (التلويح)

اعتراض: کفارہ مکاتب غلام سے ادا ہو جاتا ہے، اور مدبر وام ولد سے ادا نہیں ہوتا اس کی کیا وجہ ہے؟

جواب: کفارہ ادا ہونے کا دارومدار باعتبار رق (پائیدار مملوکیت) کی وجہ سے وہ مکاتب میں کامل ہے اسلئے کہ مکاتب پر ایک درہم بھی باقی رہ جائے تو وہ عبد ہی رہتا ہے، اور کتابت کو فسخ کرنا بھی جائز ہے، بخلاف مدبر اور ام ولد کے ان میں رق ہونا ناقص (ناپائیدار) ہے، کیونکہ ان کا موت کے وقت آزاد ہونا یقینی ہے، اسلئے ان میں کامل رقیت نہیں اور ان کا مدبر ہونا اور ام ولد ہونا قابل فسخ بھی نہیں۔

تنبیہ: مملوک ہونے میں کمال یدا اور رقبۃ مملوکیت کا ہے، اور مدبر اور ام ولد میں کامل ہے۔
رقیت میں کامل ہونے کا دارومدار پائیدار اور ناپائیدار ہونے سے ہے وہ مکاتب میں کامل ہے۔

بعض افراد میں زیادتی کی وجہ سے تخصیص کی مثال: اگر کوئی شخص قسم اٹھائے کہ "لایأکل فاکھۃ" اور اس کی کوئی نیت نہ ہو تو انگور اور کھجور اور انار کھانے سے حانث نہیں ہوگا اگر چہ ہر ایک ان میں سے لغت اور عرف کے لحاظ پر فاکھۃ ہیں مگر ان میں تفکہ (تلذذ وتنعم) سے زائد معنی غذائیت بھی ہے جس سے قوام بدن حاصل ہوتا ہے تو یہ زیادتی انہیں مطلق فاکھہ سے خاص کرتی ہے۔

الباقی وهذا اذا كانت الاستثناء معلوما اما اذا كان مجهولا فلا وفي المستقل كلاما أوغيره اى فيما اذا كان القاصر مستقلا ويسمى هذا تخصيصا سواء كان المخصص كلاما أوغيره مجازاى لفظ العام مجازفي الباقي بطريق اطلاق اسم الكل على البعض من حيث القصر اى من حيث أنه مقصورعلى الباقي حقيقة من حيث التناول اى من حيث ان لفظ العام متناول للباقي يكون حقيقة فيه على ما يأتي في فصل المجازان شاء الله تعالى.

جب ایک چیز موجب ہو عام کے قصر غیر مستقل کے ذریعے تو وہ عام باقی میں حقیقت ہوگا اس لئے کہ واضع نے لفظ کو جس معنی کیلئے وضع کیا ہے اس کی وجہ سے باقی مستغنی ہے خود بخود حقیقت ثابت ہے، اور وہ عام بلاشبہ باقی میں حجت ہوگا، یہ اسی وقت ہوگا جب مستثنی معلوم ہے، لیکن جب مجہول ہو تو حجت نہیں ہوگا۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله ففي غير المستقل اختلفوا في العام الذى اخرج منه البعض هل هوحقيقة في الباقي ام مجازفالجمهورعلى أنه مجاز، وقالت الحنابلة حقيقة، وقال أبوبكرالرازى حقيقة ان كان الباقي غيرمنحصراى له كثرة يعسرالعلم بقدرها والا فمجاز، وقال أبوالحسن البصرى حقيقة ان كان بغيرمستقل من شرط أوصفة أواستثناء أوغاية ومجازان كان بمستقل من عقل أوسمع، وقال القاضي أبوبكرحقيقة ان كان بشرط أواستثناء لاصفة وغيرها، وقال القاضي عبدالجبارحقيقة ان كان بشرط أوصفة لا استثناء وغيره، وقيل حقيقة ان كان بدليل لفظي اتصل أوانفصل وقال امام الحرمين حقيقة في ما تناوله مجازفي الاقتصارعليه. (التلويح)

وہ عام جس سے بعض کو نکال کر قصر کیا جائے غیر مستقل کے ذریعے تو اس میں اختلاف ہے کہ کیا وہ باقی میں حقیقت ہے یا مجاز، جمہور کا مذہب یہ ہے کہ باقی میں مجاز ہے، حنابلہ نے کہ باقی میں حقیقت ہے، ابوبکر رازی جصاص نے کہا ہے کہ اگر باقی غیر منحصر ہوں یعنی اسے کثرت حاصل ہو کہ اس کی قدر (مقدار) کا علم مشکل ہو تو حقیقت ورنہ مجاز، ابوالحسن بصری نے فرمایا اگر قصر ہو غیر مستقل یعنی شرط یا صفت یا استثناء یا غایت کے ذریعے تو حقیقت اور اگر قصر ہو مستقل یعنی عقل یا سمع کے ذریعے تو مجاز ہے۔ قاضی ابوبکر باقلانی نے کہا اگر قصر غیر مستقل یعنی شرط یا استثناء کے ذریعے ہو تو حقیقت ہے لیکن صفت وغایت وغیرہ کے ذریعے قصر ہو تو حقیقت نہیں، قاضی عبدالجبار نے کہا

اور مستقل میں کلام ہو یا غیر کلام ہو مجاز ہوگا، جب قاصر مستقل ہو تو اس کا نام تخصیص ہوگا برابر ہے مخصص کلام ہو یا غیر کلام ہو تو باقی میں لفظ عام مجاز ہوگا بطریق کل کا نام بعض پر مقصور ہونے کے، لیکن حقیقت ہوگا اس لحاظ پر لفظ عام باقی کو شامل ہے بطور حقیقت، مجاز کی بحث میں اس کا ذکر آئے گا ان شاء اللہ۔

اگر شرط یا صفت کے ذریعے قصر ہو تو باقی میں حقیقت ہے لیکن استثناء وغیرہ سے قصر ہو تو باقی میں حقیقت نہیں، اور بعض نے کہا اگر دلیل لفظی کے ذریعے قصر ہو خواہ وہ متصل ہو یا منفصل تو حقیقت ہے اور امام الحرمین نے کہا حقیقت ہے جن کو وہ عام شامل ہے اور مجاز ہے جن پر وہ مقصور ہے۔

علامہ تفتازانی مصنف کے مختار اور اس پر بحث کا ذکر کرتے ہیں:

واختار المصنف ان اخراج البعض ان كان بغير مستقل فصيغة العام حقيقة في الباقي وان كان بمستقل فهي في الباقي مجاز من حيث الاقتصار عليه حقيقة من حيث التناول له، اما الاول فلان اللفظ الذى اخرج منه البعض باستثناء أو صفة أو شرط أو غاية موضوع للباقي مثلا اذا قال عبيده احرار الا سالما فالعبيد المخرج منهم سالم موضوع للباقي. (التلويح)

مصنف کا مختار یہ ہے کہ بعض کو اگر غیر مستقل کے ذریعے نکالا گیا تو صیغہ عام باقی میں حقیقت ہے، اور اگر مستقل کے ذریعے نکالا گیا تو مجاز ہے باقی میں بحیثیت مقصور ہونے لیکن حقیقت ہے بحیثیت شامل ہونے کے، لیکن پہلی صورت کہ لفظ جس سے بعض کو نکالا گیا استثناء یا صفت، یا شرط یا غایت کے ذریعے تو باقی کیلئے وہ موضوع ہے، مثلا جس نے کہا "عبيده احرار الا سالما" اس کے غلام آزاد ہیں مگر سالم۔ تو اس کے عبید میں سے سالم کو نکالا گیا ہے اور باقیوں کیلئے وضع ہے۔

علامہ تفتازانی کا کلام جاری ہے:

وفيه نظر لأنه ان اراد الوضع الشخصي بمعنى أنه وضع هذا اللفظ للمجموع عند الاطلاق وللباقي عند اقترانه بالاستثناء ونحوه فهو ممنوع والا لكان مشتركا وسيجئ في فصل الاستثناء ان المستثنى منه متناول للمجموع وانما الاستثناء يمنع دخول المستثنى في الحكم وان أراد الوضع النوعي بمعنى أنه ثبت من الواضع انه اذا قرن اللفظ بالاستثناء ونحوه يكون معناه الباقي فاللفظ لايصير بهذا حقيقة لأن المجاز ايضا كذلك على ما سيجئ وقد صرح في بحث

الاستثناء بان الذاهبین الی ان المستثنی منه مستعمل فی الباقی والاستثناء قرینة علی ذلک قائلون بانه مجاز فیه هذا.(العلویح)

اوراس میں نظر ہے :اس لئے کہ اگر مراد وضع شخصی ہو یعنی یہ لفظ وضع کیا گیا ہے مجموع کیلئے عند الاطلاق اور باقی کیلئے استثناء وغیرہ کے وقت ہوگا تو یہ قول ممنوع ہے، ورنہ مشترک ہوگا جس کا ذکر استثناء کی بحث میں آئے گا، بیشک مستثنی منہ شامل ہوتا ہے مجموع کو، اور استثناء منع کرتا ہے مستثنی کے داخل ہونے کے حکم میں۔

اوراگر مراد وضع نوعی ہو اس معنی پر کہ واضع سے ثابت ہے کہ جب لفظ استثناء وغیرہ سے ملایا جائے گا تو اس کا معنی ہوگا باقی تو لفظ اس سے حقیقت نہیں ہوگا، اس لئے کہ مجاز بھی اسی طرح ہے عنقریب اس کا ذکر آئے گا، تحقیق استثناء کی بحث میں تصریح کی گئی ہے جو حضرات اس کے مجاز ہونے کے قائل ہیں وہ اس طرف گئے ہیں کہ مستثنی منہ استعمال ہوتا ہے باقی میں اور استثناء اس پر قرینہ ہوتا۔

"هذا" ای خذ هذا" اسے یاد کیجئے۔

علامہ تفتازانی ایک فائدہ جلیلہ بیان کرتے ہیں:

ولننبهک علی فائدة جلیلة وهی ان الوضع النوعی قد یکون بثبوت قاعدة دالة علی ان کل لفظ یکون بکیفیة کذا فهو متعین للدلالة بنفسه علی معنی مخصوص یفهم منه بواسطة تعینه له مثل الحکم بأن کل اسم آخره الف أو یاء مفتوح ما قبلها ونون مکسورة فهو لفردین من مدلول ما الحق بآخره هذه العلامة، وکل اسم غیر الی نحو رجال ومسلمین ومسلمات فهو لجمیع من مسمیات ذلک الاسم وکل جمع عرف باللام فهو لجمیع تلک المسمیات الی غیر ذلک ومثل هذا من باب الحقیقة بمنزلة الموضوعات الشخصیة باعیانها بل اکثر الحقائق من هذا القبیل کالمثنی والمجموع والمصغر والمنسوب وعامة الأفعال والمشتقات والمرکبات وبالجملة کل ما یکون دلالته علی المعنی بالهیئة من هذا القبیل کالمستثنی والمجموع والمصغر والمنسوب وعامة الأفعال والمشتقات والمرکبات وبالجملة کل ما یکون دلالته علی المعنی بالهیئة من هذا القبیل وقد یکون بثبوت قاعدة دالة علی ان کل لفظ معین للدلالة بنفسه علی معنی فهو عند القرینة المانعة عن ارادة ذلک المعنی متعین لما یتعلق بذلک المعنی تعلقا مخصوصا ودال علیه بمعنی أنه یفهم منه بواسطة القرینة لا بواسطة هذا التعیین حتی لو لم

يثبت من الواضع جوازاستعمال اللفظ في المعنى المجازى لكانت دلالته عليه وفهمه منه عند قيام قرينة بحالها ومثله مجازلتجاوزه المعنى الأصلى فالوضع عند الاطلاق يراد به تعيين اللفظ للدلالة على معنى بنفسه سواء كان ذلك التعيين بان يفرد اللفظ بعينه بالتعيين أويدرج في القاعدة الدالة على التعيين وهوالمراد بالوضع المأخوذ في تعريف الحقيقة والمجاز ويشمل الشخصى والقسم الأول من النوعي فلفظ الأسود في مثل قولنا ركبت الأسود من حيث قصد به الشجعان مستعمل في غيرما وضع له ومن حيث قصد به العموم مستعمل في ما وضع له فليتدبر. (التلويح)

ہم تمہیں ایک فائدۃ جلیلہ پر متنبہ کرتے ہیں، وہ یہ ہے کہ وضع نوعی کبھی ایک قاعدہ سے ثابت ہوگی، وہ قاعدہ دلالت کررہا ہوگا کہ ہر لفظ جو اس طرح کی کیفیت رکھتا ہوگا وہ متعین ہوگا کہ دلالت کرے بذاتہ معنیٰ مخصوص پر جس کی وجہ سے اس کا حکم ہر جگہ ثابت ہوگا جہاں وہ قاعدہ پایا جائے گا۔

مثال کے طور پر ہر وہ اسم جس کے آخر میں الف ماقبل مفتوح نون مکسور ہو یا ماقبل مفتوح اور نون مکسور ہو وہ دو پر دلالت کرے گا، یعنی تثنیہ کا صیغہ جہاں بھی ہو وہ حکم دو پر مرتب ہوگا۔

اور ہر وہ اسم جو اس طرح نہیں ہوگا جیسے رجال، مسلمون، مسلمات۔ یہ اس کے تمام افراد پر دلالت کرے گا، اور ہر وہ جمع جو معرف باللام ہوگی وہ بھی اپنے تمام افراد پر دلالت کرے گی۔

اسی قبیلہ سے باب حقیقت ہے :وہ الفاظ جو موضوعات شخصیہ کیلئے ہیں یا عیاناً وہ ان پر ہی دلالت کریں گے۔ اکثر حقائق کا یہی مطلب ہے جیسے مستثنیٰ، مجموع، مصغر، منسوب، عامۃ الأفعال، مشتقات اور مرکبات وغیرہ، حاصل کلام یہ ہے کہ ہر وہ لفظ جو اپنی ہیئت سے معنیٰ پر دلالت کرے گا وہ اسی قبیلے سے ہوگا کہ اس کے معنیٰ حقیقی پر حکم مرتب ہوگا۔

کبھی اس قاعدہ جو معنیٰ متعین پر دلالت کررہا ہوگا سے قرینہ مانعہ صارفہ پایا جائے گا تو معنیٰ مجازی لیا جائے گا، مجاز کا مطلب ہی یہ ہے کہ وہ حقیقی معنیٰ سے متجاوز ہوتا ہے، مجازی معنیٰ پر دلالت ہی قرینہ کرتا ہے جو حقیقی معنیٰ سے پھیر کر مجازی معنیٰ کی طرف لے جاتا ہے۔

فالوضع عند الاطلاق :یعنی وضع عند الطلاق مراد اس سے ایک لفظ کو معنیٰ بنفسہ کیلئے معین کرنا ہے برابر ہے کہ وہ تعیین اس طرح ہو کہ ایک لفظ کو ایک معنیٰ کیلئے علیحدہ کر کے معین کردیا جائے یا کہ اسے ایک قاعدہ میں درج کرلیا جائے

جو قاعدہ اس کی تعیین پر دلالت کر رہا ہے۔

حقیقت ومجاز میں جس وضع کا ذکر ہے اس سے مراد یہی وضع ہے جو شخص کو بھی شامل ہے اور وضع نوعی کی قسم اول کو بھی شامل ہے۔

ر کبــت اســودا: میں اسود جمع ہے اسود کی، جب اس کا معنی بہادری لیں جو غیر ماوضع لہ میں استعمال ہے تو اس لحاظ پر مجاز ہے، اگر حیثیت تبدیل کر کے یوں کہا جائے اسود جمع ہے جو عموم پر دلالت کرتی ہے یعنی یہاں ارادہ عموم کا پایا گیا ہے، اور یہ حقیقت ہے کہ یہ ماوضع لہ میں استعمال ہے۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

وأمـا الثـانـي فـلأنـه مـوضـوع لـلـكـل فـاذا أخـرج منـه البعض بقـي مستعملا فـي البـاقـي وهو غير الموضوع له فيكون مجازا من حيث الاقتصار على البعض الا انه يتناول الباقي كما كان يتنـاول قبـل التـخـصيص ولم يتغير التناول وانما طرء عدم ارادة البعض وهو لايوجب تغير صفة التـنـاول للباقي فيكون حقيقة من هذه الحيثية وسيجيء في فصل المجازان اللفظ الواحد بالنسبة الـى الـمـعـنـى الـواحـد يـكـون حـقـيـقـة ومـجـازا بـاعـتـبـار حيثيتين، وفيـه نظر لأن ذلـك انـمـا هـو باعتبار وضعين واما بحسب وضع واحد فذلك المعنى اما نفس الموضوع له فيكون اللفظ حـقـيـقـة أو غيـره فيـكـون مجازا نعم لو كانت صيغة العموم موضوعة للكل والبعض بالاشتراك لـكـانت عند استعمالها في الباقي مجازا من حيث الوضع للكل وحقيقة من حيث الوضع للبعض الا ان التقدير انها موضوعة للاستغراق خاصة. (التلويح)

مصنف کے مختار میں دو صورتوں کا ذکر کیا گیا تھا کہ بعض کا نکالا جائے غیر مستقل سے تو صیغہ عام حقیقت ہے باقی میں، اسے ابھی تک بیان کیا گیا ہے۔

اب دوسری صورت کا بیان ہے کہ اگر بعض کو مستقل کے ذریعے نکالا جائے تو وہ باقی میں مجاز ہے اس لحاظ پر کہ اس کا اقتصار اسی پر ہے، اور حقیقت ہے اس لحاظ سے کہ یہ اسے شامل ہے یعنی جس طرح تخصیص سے پہلے شامل تھا اسی طرح باقیوں کو تخصیص کے بعد بھی شامل رہے گا۔

تناول میں کوئی تغیر نہیں یہ بعض مراد نہ لینے کے باوجود باقیوں پر جاری ہے، جب تناول یعنی شمول باقی میں تبدیل نہ ہوا تو اس حیثیت سے حقیقت ہے۔

عنقریب فصل مجاز میں آئے گا کہ ایک لفظ بنسبت ایک معنی کے حقیقت ہے اور دوسرے اعتبار سے مجاز ہے، مطلب یہ ہے کہ دو مختلف حیثیات کے لحاظ پر احکام مختلف ہیں۔

اس میں نظر ہے :اس لئے کہ یہ ہے باعتبار دووضع کے، لیکن ایک وضع کے لحاظ پر یہ معنی یا نفس موضوع لہ ہوگا تو لفظ حقیقت ہوگا یا غیر موضوع لہ ہوگا تو مجاز ہوگا۔ ہاں البتہ اگر صیغہ عموم ہو کل کیلئے وضع کیا گیا ہو اور بعض کیلئے بھی وضع ہے اشتراک کی وجہ سے البتہ اس کا استعمال باقیوں میں مجاز ہوگا اس حیثیت سے کہ وضع تو کل کیلئے ہے، اور حقیقت ہوگا باعتبار بعض کی وضع کے کیونکہ وہ بعض کیلئے بھی وضع ہے۔

اگر وضع صرف استغراق کیلئے ہو تو باقیوں پر اطلاق مجاز ہوگا۔

علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں:

لایقال مراده ان هذا النوع من المجازاعنی اطلاق الکل علی البعض حقیقة قاصرة علی ما هومصطلح فخر الاسلام رحمه الله ما وعده المصنف وقد یجاب بأن الباقی لیس نفس المضوع له الا ان اللفظ انما یکون مجازا فیه اذا کانت ارادته باستعمال ثان ولیس کذلک بل بالاستعمال الأول وانما طرأ علیه عدم ارادة البعض وهو لایوجب التغییر فی الاستعمال فکما ان تناول العبید لغیر سالم لیس بطریق المجاز عند عدم اخراجه وکذا عند اخراجه وعلی هذا یکون المقصور علی البعض بغیر المستقل ایضا حقیقة فی الکل بحسب التناول وان اخرج البعض عن الدخول فی الحکم علی ما اختاره فی فصل الاستثناء.(التلویح)

اعتراض: مجاز کی یہ نوع جو تم نے بیان کی ہے کہ اطلاق کل کا بعض پر مجاز ہے، اسے مجاز نہ کہا جائے بلکہ حقیقت قاصرہ کہا جائے جیسے فخر الاسلام نے بیان کیا ہے۔

جواب نمبر ا: فخر الاسلام رحمہ اللہ نے جو بیان کیا ہے اس معنی کے لحاظ پر حقیقت مطلق مجاز کے مقابل نہیں اور نہ ہی اس کی طرف اشارہ فصل مجاز میں۔ راقم نے نزدیک آسان بات یہ ہے کہ حیثیات کا فرق ہے، جب یہ لحاظ کیا جائے کہ وضع کیلئے ہے اور اطلاق بعض پر ہے تو مجاز ہے اور جب یہ لحاظ کیا جائے کہ جب کل کیلئے وضع ہے تو اس کے ضمن میں بعض کیلئے بھی وضع ہے تو اس صورت میں بعض پر اطلاق حقیقت قاصرہ ہے۔

جواب نمبر ۲: جو باقی رہ جاتا ہے تخصیص کے بعد وہ نفس موضوع لہ نہیں، مگر یہ کہ لفظ اس میں مجاز ہوگا جبکہ اس کے

استعمال ثانی کا ارادہ کیا جائے گا۔

لیکن اس جواب کا رد کیا گیا ہے اس طرح نہیں جو بیان کیا گیا ہے بلکہ استعمال اول (یعنی مراد کل لینے) سے اس پر بھی جاری ہوتا ہے کہ مراد بعض نہیں اور نہ ہی استعمال میں کوئی تبدیلی جاری ہوتی ہے۔ جیسے کہ پہلے مثال دی گئی جیسے کوئی شخص کہے "عبیدہ احرار الا سالما" عبید کا لفظ غیر سالم کو شامل ہے لیکن بطریق مجاز نہیں خواہ اس میں متعدد سے اخراج کا لحاظ کریں یا نہ کریں۔

اسی میں یہ حکم ہے کہ بعض پر مقصور بغیر مستقل کے بھی حقیقت ہے کل میں باعتبار تناول (شامل ہونے) کے۔ اگرچہ بعض کو دخول حکم سے نکالا گیا ہے جیسے مصنف نے فصل استثناء میں اپنا مختار بیان کیا ہے۔

علامہ تفتازانی سوال وجواب ذکر کرتے ہیں:

فان قيل فما وجه فرق المصنف ههنا بين المستقل وغيره، قلنا لما كان غير المستقل صيغا مخصوصة مضبوطة أمكن ان يقال ان اللفظ موضوع للباقي عند انضمامه الى احدى تلك الصيغ بخلاف المستقل فانه غير محصور فلاينضبط باعتبار الوضع.

سوال: مصنف نے مستقل اور غیر مستقل جو بیان کیا ہے اس کی وجہ فرق یہاں کیا ہے؟

جواب: جبکہ غیر مستقل مخصوص اور مضبوط صیغہ ہے تو ممکن ہے کہ یہ کہا جائے کہ جب غیر مستقل ان صیغوں میں سے کسی ایک سے ملے گا تو اس انضمام کے وقت باقی کیلئے لفظ کی وضع ہوگی، بخلاف مستقل کے کہ بیشک وہ غیر محصور ہے وضع کے اعتبار سے وہ منضبط نہیں۔

وفيه نظر لانتقاضه بالصفة والمنقول عن امام الحرمين في تحقيق كونه حقيقة في التناول ان العام بمنزلة تكرير الأحاد المتعددة على ما نقل اهل العربية ان معنى الرجال فلان فلان فلان الى ان يستوعب وانما وضع الرجال اختصارا لذلك ولاشك انه في تكرير الاحاد اذا بطل ارادة البعض لم يصر الباقي مجازا فكذا ههنا. (التلويح)

اس میں نظر ہے کہ یہ صفت سے ٹوٹ جاتا ہے، اور امام الحرمین سے منقول ہے اس کی تحقیق میں کہ اہل عربیت نے کہا ہے عام کا تمام افراد کو شامل ہونا حقیقت ہے اصل میں وہ بمنزلہ تکرار کے ہے، یعنی متعدد احاد مراد ہوتے ہیں۔ "رجال" کا مطلب ہوتا ہے فلاں، فلاں، فلاں۔ یعنی ایک فرد کا جب مجموع مراد ہوتا ہے کہ وہ سب کو شامل ہوتا ہے، اس کیلئے بطور اختصار "رجال" کو وضع کیا گیا۔

تو اس میں کوئی شک نہیں کہ تکرار احاد میں بعض کا ارادہ باطل ہے تو باقی مجاز نہ رہا، اسی طرح یہاں بھی۔

علامہ تفتازانی اس کا جواب ذکر فرماتے ہیں:

وأجيب بانا لانسلم انه كتكرير الاحاد بل هو موضوع للكل فباخراج البعض يصير مستعملا فى غير ما وضع له فيكون مجازا بخلاف المتكرر فان كل واحد موضوع لمعناه فباخراج البعض لايصير الباقى مستعملا فى غير معناه ومقصود اهل العربية بيان الحكمة فى وضعه لا أنه مثل المتكرر بعينه وذكر شمس الائمة ان حقيقة صيغة العموم للكل ومع ذلك فهى حقيقة فيما وراء المخصوص لأنها انما تناوله من حيث أنه كل لا بعض كالاستثناء يصير الكلام عبارة عما وراء المستثنى بطريق انه كل لابعض حتى لو كان الباقى دون الثلاث فهو كل ايضا وان كان بصيغة العموم نظرا الى احتمال ان يكون اكثر فلو قال مماليكى احرار الا فلانا وفلانا ولامملوك له سواهما كان الاستثناء صحيحا لاحتمال ان يكون المستثنى بعضا اذا كان سواهما بخلاف لوقال مماليكى احرار الا مماليكى. (التلويح)

اس کا جواب یہ دیا گیا کہ بیشک ہم نہیں تسلیم کرتے کہ یہ احاد کے تکرار بیان کی طرح ہے، بلکہ اس کی وضع کل کیلئے ہے، بعض کے نکالنے کی وجہ سے غیر ماوضع لہ میں استعمال ہوگا تو مجاز ہوگا بخلاف متکرر کے وہ ہر ایک اپنے معنی کیلئے وضع بھی علیحدہ ہوتا ہے، بعض کے نکالنے سے باقی اپنے غیر معنی میں استعمال نہیں ہوگا۔

اہل عربیت کا مقصود وضع میں حکمت کا بیان ہے، یہ ان کا بیان کرنا مقصود نہیں کہ بعینہ یہ مثال متکرر کی ہے۔

شمس الائمہ نے بیان کیا ہے صیغہ عموم کی حقیقت کل کیلئے (اس کی وضع) ہے، باوجود اس کے کہ یہ ماوراء مخصوص حقیقت ہے کیونکہ یہ شامل ہے ان کو اس حیثیت سے کہ وہ کل ہیں نہ کہ بعض۔

جیسے استثناء سے کلام ماوراء الاستثناء کے کل ہی سمجھی جاتی ہے نہ کہ بعض، یہاں تک کہ اگر باقی مادون الثلاث بھی ہوں تو ان کو کل ہی سمجھا جائے گا، اگرچہ وہ صیغہ عموم کا ہی ہو اس کے اکثر کا احتمال کرتے ہوئے کل ہی سمجھا جائے گا۔

اگر کوئی شخص کہے "مماليكى احرار الا فلانا وفلانا" اس کا ان دونوں مستثنی کے علاوہ کوئی مملوک ہی نہیں تو یہ استثناء صحیح ہوگا اسے استثناء شی عن نفسہ کے درجہ میں نہیں لایا جائے گا، کیونکہ احتمال کہ مستثنی بعض کا ہو، جبکہ ان دونوں کے سوا کوئی اور بھی ہو۔

لیکن یہ کہنا صحیح نہیں "مماليكى احرار الا مماليكى" یہ استثناء شی عن نفسہ ہے، اس میں بعض کا کوئی احتمال نہیں،

مصنف فرماتے ہیں :وهو حجة فيه شبهة ولم يفرقوا بين كونه اى التخصيص بالكلام أوغيره فان العلماء قالوا كل عام خص بمستقل فانه دليل فيه شبهة ولم يفرقوا فى هذا الحكم بين ان يكون المخصص كلاما أوغيره لكن يجب هناك فرق وهوان المخصوص بالعقل ينبغى ان

کیونکہ اس میں مستثنی اور مستثنی منہ ایک ہی صیغہ عموم ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله اى لفظ العام مجاز، كان الأحسن ان يقول اى اللفظ العام بالوصف دون الاضافة اذ الكلام فى صيغ العموم لا فى لفظ العام على ما يشعربه كلام من قال ان هذا الاختلاف مبنى على الاختلاف فى اشتراط الاستغراق فان اشتراط كان اطلاق لفظ العام على ما اخرج منه البعض مجازا باعتبار انه عام لولا الأخراج وان اكتفى بانتظام جميع من المسميات فهو حقيقة حتى ينتهى التخصيص الى ما دون الثلاث.(التلويح)

اچھا یہ تھا کہ مصنف موصوف وصف ذکر کرتا، کہتا "اللفظ العام" مرکب اضافی کے طور پر "لفظ العام" نہ ذکر کرتا۔ کیونکہ کلام صیغہ عموم میں ہے نہ کہ لفظ عام میں، مصنف کی کلام اس کی طرف مشعر ہے کیونکہ مصنف کی اپنی عبارت کا مطلب یہ ہے، بیشک یہ اختلاف مبنی ہے استغراق کی شرط میں اگر لفظ عام کو شرط قرار دیا جائے تو لفظ عام کا اطلاق اس پر جو بعض نکالے گئے ہیں مجاز ہوگا، اسی اعتبار سے کہ وہ عام اگر نہ نکالا جائے۔

اور اگر اکتفاء کیا جائے جمیع افراد کو شامل ہونے پر تو حقیقت ہے یہاں تک کہ وہ تخصیص مادون الثلاث تک ہو۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله وهو حجة، تقرير كلامه ان العام المقصور على البعض لايخلو من ان يكون مقصورا على البعض بغير مستقل أوبمستقل فعلى الأول ان كان المخرج معلوما فهو حجة بلاشبهة كما كان قبل القصر على البعض لعدم مورث الشبهة لأنه أما جهالة المخرج أواحتماله التعليل وغير المستقل لايحتمل التعليل وان كان مجهولا كما اذا قال عبيده احرار الا بعضا أورث

میر سید شریف فرماتے ہیں :قوله وهوان المخصوص بالعقل ينبغى ان يكون قطعيا.

تخصیص عقلی سے یہ واضح ہوا کہ اگر غیر کلام عقل کے ماسوا "حس یا عادت" مخصص ہوں تو وہ دلیل قطعی نہیں ہوگی بلکہ

يكون قطعيا لأنه في حكم الاستثناء لكنه حذف الاستثناء معتمدا على العقل على انه مفروغ عنه حتى لانقول ان قوله تعالى يا ايها الذين آمنوا اذا قمتم الى الصلوة ونظائره دليل فيه شبهة وهذا فرق تفردت بذكره وهو واجب الذكر حتى لايتوهم ان خطابات الشرع التي خص منها الصبي والمجنون بالعقل دليل فيه شبهة كالخطابات الواردة بالفرائض فانه يكفر جاحدها اجماعا مع كونها مخصوصة عقلا فان التخصيص بالعقل لايورث شبهة فان كل ما يوجب العقل تخصيصه يخص وما لافلا.

وہ (عام مقصور البعض) دلیل ہے اس میں شبہ ہے یعنی عام مخصوص البعض دلیل ظنی ہے۔ بیشک علماء نے یہ کہا ہے کہ ہر عام جسے مستقل کے ذریعے خاص کیا جائے تو بیشک وہ ایسی دلیل ہے جس میں شبہ ہے، اور انہوں نے اس حکم میں کوئی

ذلك جهالة في الباقي فلم يصح حجة الى ان يتبين المراد وعلى الثاني أما ان يكون المخصص عقلا أو كلاما أو غيرهما فان كان المخصص هو العقل كان العام قطعيا في الباقي لعدم مورث الشبهة لأن ما يقتضي العقل اخراجه فهو مخرج وغيره باق على ما كان كما في الاستثناء. (التلويح)

مصنف نے جو ذکر کیا ہے "وهو حجة فيه شبهة" اس کے اس کلام کی تقریر یہ ہے کہ عام "مقصور عن البعض" نہیں خالی یا ہوگا مقصور علی البعض غیر مستقل کے ذریعے یا ہوگا مستقل کے ذریعے۔ اگر غیر مستقل کے ذریعے ہو تو مخرج معلوم ہوگا یا مجہول، اگر معلوم ہو تو وہ حجت ہوگا بلا شبہ، جیسے قصر علی البعض سے پہلے تھا کیونکہ یہاں شبہ پیدا کرنے

ظنی ہی ہوگی۔ (السید)

قوله لأنه في حكم الاستثناء: اس کلام سے ظاہر یہ ہے کہ تخصیص بالعقل سے وہی احکام جاری ہوں گے جو مخصوص بالاستثناء سے جاری ہوتے ہیں، اگر مستثنیٰ معلوم ہو تو عام مخصوص البعض قطعی ہوتا ہے، اسی طرح عقل سے بعض معلوم کو مخصوص کیا جائے تو یہ عام مخصوص البعض قطعی ہوگا۔ اگر مستثنیٰ مخرج مجہول ہو تو عام مخصوص البعض ظنی ہوگا، اسی طرح اگر عقل کے ذریعے مخصوص مجہول ہو تو عام مخصوص البعض ظنی ہوگا۔

قوله مفروغ عنه: فراغ ومفروغ، مشغول ہونا۔ جب یہ عن سے متصل ہو تو اس کا معنی ہوتا "مشغول عنہ" ایک چیز سے مشغولیت کو ہٹالینا۔ اور جب اس کے بعد لام آئے تو اس کا معنی ہوتا کسی چیز کا قصد کرنا، یا مطلب ہے "متروک

فرق نہیں کیا کہ مخصص کلام ہو یا غیر کلام ہو۔
لیکن ضروری ہے کہ فرق کیا جائے کہ مخصوص بالعقل کیلئے لائق یہ ہے کہ وہ قطعی ہو اسلئے کہ وہ حکم استثناء میں ہے، لیکن استثناء کو حذف کیا گیا ہے عقل پر اعتماد کرتے ہوئے کہ وہ خطاب میں عادۃً متروک ہے، یہاں تک کہ ہم یہ نہیں کہتے کہ "یا ایھا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوۃ" اور اس کی نظائر ایسی دلیل ہیں جن میں شبہ ہے۔
مصنف کہتے ہیں کہ یہ فرق بیان کرنے میں، میں متفرد ہوں، اور یہ فرق بیان کرنا واجب ہے تا کہ یہ وہم نہ ہو کہ خطابات شرع جن سے بچے اور مجنون کو عقل سے خاص کیا گیا ہے اس دلیل میں شبہ ہے، جیسے خطابات جو فرائض سے وارد ہیں جن کا منکر کافر ہے بالاجماع وہ عقل سے مخصوص ہیں یعنی بچے اور مجنون پر فرض نہیں کہ وہ مکلف نہیں لیکن عقل کے ذریعے جسے مخصص کیا جائے اس دلیل میں کوئی شبہ نہیں، یعنی ہر وہ جو عقل تخصیص کو واجب کرے وہ خاص ہو جاتا ہے، اور جو اس طرح نہیں ہوگا وہ خاص نہیں ہوگا۔

والی کوئی چیز نہیں۔ اس لئے کہ شبہ یا ہوتا ہے مخرج کی جہالت سے یا اس میں تعلیل کا احتمال پایا جائے لیکن غیر مستقل میں تعلیل کا احتمال نہیں پایا جاتا۔ اگر مخرج مجہول ہو جیسے کوئی شخص کہے "عبیدہ احرار الا بعضا" اس کے غلام آزاد ہیں سوائے بعض کے، یہ باقیوں میں جہالت ثابت کرے گی، اسے حجت بنانا صحیح نہیں جب تک اسے بیان نہ کرے۔
وعلی الثانی: یعنی مخصص مستقل ہو تو دیکھا جائے کہ وہ عقل ہے یا کلام یا ان دونوں کا غیر۔ اگر مخصص عقل ہو تو عام باقی میں قطعی ہوگا کیونکہ اس میں شبہ نہیں، اس لئے کہ عقل جب نکالنا چاہے گا تو مخرج اور اس کا غیر اسی طرح باقی رہے گا جیسے استثناء میں ہوتا ہے۔

وفیہ نظر لأن العقل قد یقتضی اخراج بعض مجهول بأن یکون الحکم مما یمتنع علی الکل دون البعض مثل "الرجال فی الدار" فالأولی ان یفصل کالاستثناء ویجعل قطعیا اذا کان المخصوص معلوما کما فی الخطابات التی خص منها الصبی والمجنون، لایقال یجوزان یکون

فی الخطاب عادۃ"۔ (السید)
آیہ کریمہ "یا ایھا الذین آمنوا اذا قمتم الی الصلوۃ فاغسلوا" یہ آیہ عقل کے ذریعے مخصص ہے اسلئے قطعی ہے حالانکہ یہ حدث سے خاص ہے، مطلب یہ ہے "اذا اردتم القیام الی الصلوۃ وانتم محدثون فاغسلوا"۔ (السید)

مصنف فرماتے ہیں:

واما المخصوص بالكلام فعند الكرخي لايبقى حجة اصلا معلوما كان المخصوص كالمستامن من حيث خص من قوله تعالى اقتلوا المشركين بقوله وان احد من المشركين استجارك فاجره أومجهولا كالربا حيث خص من قوله تعالى واحل الله البيع، لأنه ان كان مجهولا صار الباقي مجهولا لأن التخصيص كالاستثناء اذ هويبين أنه لم يدخل اى التخصيص يبين ان المخصوص لم يدخل تحت العام كالاستثناء فانهٔ يبين ان المستثنى لم يدخل في صدر الكلام ان كان مجهولا يكون الباقي في صدر الكلام مجهولا ولايثبت به الحكم وان كان معلوما فالظاهر ان يكون معللا لأنه كلام مستقل والأصل في النصوص التعليل ولايدرى كم يخرج بالتعليل فيبقى الباقي مجهولا. (التنقيح والتوضيح)

قطعيتها بواسطة الاجماع لأنا نقول كان قطعيا قبل ان يتحقق الاجتهاد والاجماع وان كان المخصص غير العقل والكلام فلم يتعرض له المصنف والظاهر أنه لايبقى قطعيا لاختلاف العادات وخفاء الزيادة والنقصان. (التلويح)

اس میں نظر ہے یعنی عقل جسے مخصص کرے اس ہر ایک کا قطعی ہونا ضروری نہیں کیونکہ کبھی عقل چاہتی ہے بعض مجہول کا اخراج کہ کل پر حکم ممتنع ہے تو بعض کو نکال دیا جائے جیسے "الرجال في الدار" اس لئے بہتر یہ ہے کہ اس میں استثناء کی طرح تفصیل بیان کی جائے۔

جب مخصوص معلوم ہو جیسے خطابات میں جن سے بچے اور مجنون کو خاص کیا گیا تو عام مخصوص البعض بالعقل قطعی ہوگا، اگر مخصوص مجہول ہو تو ظنی ہوگا۔

میر سید شریف فرماتے ہیں

قوله واما المخصوص بالكلام: کلام سے مراد کلام مستقل ہے، اس پر دلیل جو بعد میں ذکر کیا گیا "لأنه كلام مستقل" یہ المخصوص بالعقل کے مقابل ذکر کیا گیا ہے۔ (السید)

قوله لايبقى حجة: اس کا مطلب ہے کہ کرخی کے نزدیک نہ وہ حجت قطعیہ ہوتی ہے اور نہ ہی ظنیہ ہوتی ہے تناول کے حق میں۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں کہ وہ حجت باقی ہی نہیں رہتی نہ ہی قصر کے بعد ماقی میں تناول کے حق میں اور نہ

وہ عام جسے کلام کے ذریعے مخصوص کیا جائے علامہ کرخی رحمہ اللہ کے نزدیک باقی حجت نہیں بالکل خواہ مخصوص معلوم ہو یا مجہول۔

مخصوص معلوم کی مثال: اللہ تعالی کا ارشاد "فاقتلوا المشرکین حیث وجدتموهم" "مشرکوں کو قتل کرو جہاں بھی تم ان کو پاؤ۔ اس سے مستأمن کو خاص کیا گیا، رب تعالی کے اس ارشاد سے "وان احد من المشرکین استجارک فاجره" "اگر مشرکین میں سے کوئی ایک پناہ پکڑے تو اسے پناہ دے دو۔

مخصوص مجہول کی مثال: جیسے ارشاد باری تعالی "واحل الله البیع" "اس سے خاص کیا گیا ربا کو، ارشاد فرمایا "وحرم الربو" "ربا کو خاص کیا گیا ہے، بیع کی عمومیت سے لیکن یہ مجہول ہے۔

اگر مخصوص مجہول ہو تو باقی بھی مجہول ہوگا اسلئے کہ تخصیص استثناء کی طرح ہے جیسے پہلے بیان کیا جاچکا ہے، بیشک وہ داخل نہیں۔ یعنی مخصوص عام کے تحت داخل نہیں جیسے استثناء۔ یہ پہلے بیان ہو چکا ہے کہ مستثنی صدر کلام میں داخل نہیں یعنی مستثنی اگر مجہول ہو تو باقی صدر کلام میں بھی مجہول ہوگا اور حکم اس کے ذریعے ثابت نہیں ہوگا۔

اور اگر مخصوص معلوم ہو تو ظاہر ہے کہ وہ معلل ہوگا اسلئے کہ کلام مستقل ہے، اور اصل نصوص میں تعلیل ہے، یہ پتہ نہیں کہ تعلیل سے کتنے نکلے ہیں تو جو باقی ہے وہ مجہول ہوگا۔

یہاں تک علامہ کرخی کا قول اور ان کے دلائل ہیں، اسی پر میر سید کے حواشی دیکھئے۔

اعتراض: ہوسکتا ہے مخصوص معلوم بالعقل کی قطعیت اجماع سے ثابت ہو؟

جواب: اس کا قطعی ہونا اجتہاد اور اجماع سے پہلے ہے۔

ہی حجت ہے اصل حکم میں جنس کی طرف نظر کرتے ہوتے کیونکہ یہ کہنا مکابرہ ہے جو مردود ہے۔ (السید)

قولہ کالمستأمن: مستأمن کافر حربی ہے جو دارالسلام میں امان لے کر داخل ہو (جنگ میں امان طلب کرنا بھی اسی کے ضمن میں آتا ہے) اور ذمی وہ کافر ہے جو جزیہ دے کر دارالسلام میں رہے، اگرچہ ذمی بھی "اقتلوا المشرکین" میں سے خاص ہے، لیکن اس کا ثبوت دوسری آیہ سے ہے۔

قولہ کالربا: یعنی قطعی طور پر معلوم نہیں کہ چھ چیزیں جو احادیث میں مذکور ہیں ان کے ماسوا کن چیزوں میں ربا ہے، یہی وہ ہے کہ "وحرم الربا" کی تخصیص سے باقی مجہول ہے۔

سوال: "واحل الله البیع" میں عموم کیسے پایا گیا ہے؟

مصنف بیان فرماتے ہیں:

وعند البعض ان كان معلوما بقي العام فيما وراء المخصوص كما كان لأنه كالاستثناء في أنه يبين انه لم يدخل فلايقبل التعليل اذ الاستثناء لايقبل التعليل لأنه غير مستقل بنفسه وفي صورة الاستثناء العام حجة في الباقي كما كان فكذا التخصيص وان كان مجهولا لايبقى العام حجة لما قلنا ان التخصيص كالاستثناء والاستثناء المجهول يجعل الباقي مجهولا فلايبقى العام حجة في الباقي وعند البعض ان كان معلوما فكما ذكر آنفا ان العام بقي فيما وراء المخصوص كما كان وان كان مجهولا يسقط المخصص لأنه كلام مستقل بخلاف الاستثناء ولما كان المخصص كلاما مستقلا بنفسه بل يتعلق بصدر الكلام فجهالته تتعدى الى صدر الكلام.

تنبیہ: اگر مخصص غیر عقل اور غیر کلام ہو تو مصنف اس کے بیان کے درپے نہیں ہوئے لیکن ظاہر یہی ہے کہ اس کی قطعیت باقی نہیں رہتی، اسلئے کہ اگر عادت مخصص ہو تو عادات تبدیل ہوتی رہتی ہیں اسی طرح اگر معنی کی زیادتی یا نقصان مخصص ہوں تو اس میں خفاء ہے اس لئے ان سے ظنیت ثابت ہوگی۔

علامہ تفتازانی نے بالاختصار ذکر فرمایا: وان كان المخصص هو الكلام ففيه اختلاف فعند الكرخي لايبقى حجة اصلا وعند البعض وان كان المخصص معلوما فالعام قطعي في الباقي وان كان مجهولا يسقط المخصص ويبقى العام على ما كان والمختار ان العام بعد التخصيص دليل تمكن فيه الشبهة معلوما كان المخصص أومجهولا والتمسكات مشروحة في الكتاب. (التلويح)

اگر مخصص کلام ہو تو اس میں اختلاف ہے، کرخی رحمہ اللہ کے نزدیک تو وہ بالکل حجت نہیں۔ اور بعض حضرات کے نزدیک اگر مخصوص معلوم ہو تو باقی میں قطعی ہوگا، اور اگر مخصوص مجہول ہو تو مخصص ساقط ہو جائے گا اور عام اسی طرح باقی رہے گا جیسا کہ وہ پہلے تھا۔

جواب: "البیع" میں الف لام استغراقی ہے اس میں ایسے ہی عموم ہے جیسے "ان الانسان لفی خسر" میں الف لام استغراقی کی وجہ سے عموم پایا گیا ہے۔

اور بعض حضرات کے نزدیک اگر مخصوص معلوم ہو تو مخصوص کے ماسوا میں عام اسی طرح باقی رہے گا جیسے پہلے تھا یعنی جس طرح پہلے قطعی تھا اب بھی قطعی رہے گا۔ اس لئے کہ وہ استثناء کی طرح ہے، جس کا واضح بیان موجود ہے کہ مستثنی حکم مستثنی منہ میں داخل نہیں۔ تو استثناء تعلیل کو قبول نہیں کرتا، تعلیل کو قبول نہ کرنے کی وجہ یہ ہے کہ استثناء بذاتہ غیر مستقل ہے تو جس طرح استثناء کی صورت میں عام باقی میں حجت ہے جس طرح پہلے تھا اسی طرح تخصیص کا بھی حکم ہے یعنی مخصوص معلوم بھی تعلیل کو قبول نہیں کرتا اور باقی میں حجت قطعیہ اسی طرح موجود ہے جیسے پہلے تھی۔

اور اگر مخصوص مجہول ہو تو عام کا حجت ہونا باقی نہیں رہتا، جیسا کہ ہم نے کہا ہے یعنی تخصیص استثناء کی طرح ہے، استثناء مجہول باقی کو بھی مجہول کر دیتا ہے تو عام کا حجت ہونا بھی باقی میں باقی نہیں رہے گا۔

بعض اور حضرات کے نزدیک اگر مخصوص معلوم ہو تو اس کا حکم تو وہی رہے گا جو ابھی ہم نے ذکر کیا ہے، یعنی عام مخصوص کے ماسوا میں باقی رہے گا جیسے پہلے تھا۔

اور اگر مخصوص مجہول ہو تو مخصوص ساقط ہو جائے گا کہ وہ کلام مستقل ہے، بخلاف استثناء کے۔

مصنف نے اسی کی وضاحت یوں کی ہے کہ جب مخصوص مستقل کلام ہو تو معنی اس کا مجہول ہو تو وہ بذاتہ ساقط ہوگا، اس کی جہالت صدر کلام کی طرف متعدی نہیں ہوگی بخلاف استثناء کے کہ بیشک وہ غیر مستقل بذاتہ ہے بلکہ وہ صدر کلام سے متعلق ہے تو اس کی جہالت صدر کلام کی طرف متعدی ہوگی۔

اور مختار یہ ہے کہ عام تخصیص کے بعد ایسی دلیل ہوتا ہے جس میں شبہ ثابت ہو جاتا ہے، برابر ہے کہ مخصوص معلوم ہو یا مجہول، تمسکات مشروح ہیں کتاب میں۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله وان كان مجهولا يسقط المخصص، ويبقى العام حجة فيما تناوله كما كان لأن المجهول لايصلح دليلا فلايصلح معارضا للدليل فيبقى حكم العام على ما كان ولايتعدى جهالة المخصص اليه لكون المخصص مستقلا بخلاف الاستثناء فانه بمنزلة وصف قائم بصدر الكلام لايفيد بدونه شيئا حتى ان مجموع الاستثناء وصدر الكلام بمنزلة كلام واحد فجهالته توجب جهالة المستثنى منه فيصير مجهولا موقوفا على البيان. (التلويح)

جو دوسرے بعض حضرات کا قول بیان کرتے ہوئے کہا ہے اگر مجہول ہو تو مخصوص خود ساقط ہوگا، اور عام مخصوص کے سوا

مصنف فرماتے ہیں: وعندنا تمکن فیہ شبھة لانہ علم انہ غیر محمول علی ظاھرہ وھو ارادة الکل فعلم ان المراد البعض بطریق المجاز مثلا اذا کان کل افراده مائة وعلم ان المائة غیر مرادة فکل واحد من الاعداد التی دون المائة مساو فی ان اللفظ مجاز فیہ فلایثبت عدد معین منھا لانہ ترجیح من غیر مرجح ثم ذکر ثمرة تمکن الشبھة فیہ بقولہ فیصیر عندنا کالعام الذی لم یخص عند الشافعی رحمہ اللہ حتی یخصصہ خبر الواحد والقیاس.

ہمارے نزدیک وہ جو مخصوص البعض ہے اس میں شبہ ثابت ہے، اس لئے کہ معلوم ہے کہ وہ ظاہر پر محمول نہیں، یعنی کل مراد نہیں۔ تو معلوم ہوا کہ بعض سے مراد بطریق مجاز ہے یعنی ذکر کل مراد جزء ہے۔ مثال کے طور پر جب کل افراد ایک سو ہوں تو معلوم ہے کہ ایک سو مراد نہیں، تو اعداد میں سے ہر ایک ''مائۃ'' سے کم اس میں اس کے مساوی ہوگا کہ لفظ میں

جن کو شامل ہے ان پر وہ بطور حجت قائم رہے گا جیسے پہلے تھا، وجہ اس کی یہ ہے کہ مجہول نہ ہی دلیل بننے کی صلاحیت رکھتا ہے اور نہ ہی کسی دلیل کے معارض ہونے کی صلاحیت رکھتا ہے تو عام کا حکم اسی طرح باقی رہے گا جیسے کہ پہلے تھا، مخصوص کی جہالت اس کی طرف متعدی نہیں ہوگی اس لئے کہ مخصوص مستقل ہے، بخلاف استثناء کے بیشک وہ بمنزلہ وصف کے ہے جو قائم ہے صدر کلام سے وہ اس کے بغیر کسی چیز کا فائدہ نہیں دیتا، یہاں تک کہ استثناء کا مجموع اور صدر کلام بمنزلہ کلام واحد کے ہیں تو مستثنیٰ کی جہالت مستثنیٰ منہ میں جہالت ثابت کرے گی، تو مجہول موقوف ہوگا بیان پر۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں: قولہ وعندنا تمکن فی شبھة ای العام الذی خص منہ البعض دلیل فیہ شبھة حتی لایکون موجبا قطعا ویقینا اما کونہ حجة فلاحتجاج السلف من الصحابة وغیرھم بالعمومات المخصوص منھا البعض شائعا ذائعا من غیر نکیر فکان اجماعا واما تمکن الشبھة فلانہ اذا اخرج منہ البعض لم یبق مستعملا فی الکل بل فیما دونہ مجازا وما دون الکل افراد متعددة متساویة فی کون اللفظ مجازا فیھا من غیر رجحان فلایثبت بعض منھا لانہ ترجیح من غیر مرجح.

یعنی وہ عام جس سے بعض کو خاص کیا جائے وہ ایسی دلیل ہے جس میں شبہ ہے یہاں تک کہ وہ موجب قطع ویقین نہیں، لیکن اس کا مطلقا حجت ہونا ثابت ہے کیونکہ عام مخصوص البعض سے سلف صالحین یعنی صحابہ کرام وغیرہم کا حجت پکڑنا مشہور و معروف ہے، اس کا کسی نے انکار نہیں کیا بلکہ اس پر اجماع ہے۔

مجازی طور پر یہ بھی مراد ہے کہ کوئی عدد متعین اس سے ثابت نہیں اس لئے کہ ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی۔
پھر شبہ کے ثابت ہونے کا ثمرہ کو اپنے قول سے بیان کیا کہ وہ ہمارے نزدیک اس عام کی طرح ہو گیا جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک عام غیر مخصوص البعض کو بھی قیاس اور خبر واحد سے خاص کیا جا سکتا ہے لیکن ہمارے نزدیک عام مخصوص البعض کو خبر واحد اور قیاس سے مخصص کیا جا سکتا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں تمکن شبہ کا یہ مطلب ہے عام سے جب بعض نکل گئے تو کل میں استعمال باقی نہ رہا بلکہ اس کے مادون میں بھی مجازا استعمال یقینی درجہ کا نہ رہا، کیونکہ مادون الکل افراد متعدد متساوی ہیں لفظ کے مجاز ہونے میں بغیر کسی رجحان کے بعض اس سے ثابت نہیں ورنہ ترجیح بلا مرجح لازم آئے گی۔

وفيه نظر اما اولا فلأن ما ذكرانما يخص في المخصوص المجهول اما في العلوم فعدم الرجحان ممنوع بل مجموع ما وراء المخصوص متعين مثلا اذا أخرج من المائة عشرة تعين التسعون واذا اخرج عشرون تعين الثمانون، واذا أخرج من المشركين اهل الذمة تعين غيرهم، واما ثانيا فلأن الدليل المذكور على تقدير تمامه لايدل على تمكن الشبهة بل على ان لايبقى العام حجة اصلا ويصير مجملا موقوفا على البيان وغاية توجيهه ان المراد أنه لايثبت عدد معين منها على سبيل القطع بل بأن كان المخصوص مجهولا لايترجح شيئا منها، وان كان معلوما يترجح مجموع ما وراء المخصوص لكن ظنا لاقطعا لاحتمال خروج بعض آخر بالتعليل فعلى هذا يكون قوله لأنه ترجيح من غير مرجح مختصا بصورة المجهول. (التلويح)

اور اس میں نظر ہے دو وجہ سے، پہلی وجہ اس لئے کہ جو تمکن شبہ ذکر کیا گیا ہے وہ مخصوص مجہول میں ہے لیکن معلوم عدم رجحان ممنوع ہے بلکہ مخصوص کے ماسوا مجموع متعین ہے۔ مثال کے طور پر جب سو سے دس نکالیں تو نوے متعین ہوں گے اور بیس نکالیں تو اسی متعین ہوں گے۔ اور جب مشرکین سے اہل ذمہ کو نکالا جائے تو ان کے غیر متعین ہو جائیں

(اسی کو میر سید نے یوں بیان فرمایا کہ مصنف نے جو "تمکن فيه شبهة" ذکر کیا ہے اس میں تنکیر قلۃ وحقارۃ کا فائدہ دے رہی ہے مراد یہ ہے کہ اس میں قلیل شبہ پایا جاتا ہے عام کو اس حد تک نہیں پہنچاتا کہ اس میں توقف پایا جائے جس طرح عام کا حکم بعض کے نزدیک توقف ہے، ایسا نہیں۔ یہ شبہ اس طرح ہوتا ہے کہ جیسا کہ اشتراک واجمال میں ہے یہ شبہ عام کو مطلقا حجیت سے نہیں نکالتا۔ (السید))

گے۔

دوسری وجہ سے نظر (اعتراض) یہ ہے کہ دلیل مذکور اس کے مکمل ہونے کی تقدیر میں ممکن شبہ پر دلالت نہیں کرتی بلکہ اس پر دلالت کرتی ہے کہ عام کا حجت ہونا باقی نہیں، کیونکہ وہ مجمل ہو گیا بیان پر موقوف ہو گیا۔

انتہائی اس کی توجیہ یہ ہے کہ بیشک مراد یہ ہے کہ عدد معین اس سے قطعی طور پر ثابت نہیں ہوتا بلکہ یہ ہے کہ مخصوص مجہول ہو ترجیح نہیں دی جاتی لیکن ظنی طور پر قطعی طور پر نہیں، اس لئے کہ اس میں احتمال ہے کہ بعض اور تعلیل سے نکل جائیں۔

اس بحث کے بعد واضح ہوا کہ مصنف کا قول ''ترجیح بلا مرجح'' لازم آئے گی یہ صورۃ مجہول سے مختص ہے، مصنف کی عبارت کو بھی غور سے پڑھیں اور علامہ تفتازانی کی عبارت کو بھی غور سے پڑھیں تو سوائے لفظی اختلاف کے کچھ نظر نہیں آئے گا، مقصد تقریباً ایک ہی نظر آئے گا۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله حتى يخصصه يعني لما لم يبق العام بعد التخصيص قطعيا جاز في العام بعد التخصيص من الكتاب المتواتر معلوما كان المخصوص أومجهولا ان يخصص بخبر الواحد والقياس اجماعا ويعلم من جواز تخصيصه بالقياس انه دون خبر الواحد في الدرجة لأن القياس لايصلح معارضا بخبر الواحد حتى رجحوا خبر القهقهة على القياس وكذا خبر الأكل ناسيا في الصوم وذلك لأن ثبوت الحكم فيما وراء المخصوص انما هو شك في اصله واحتمال فيجوزان يعارضه القياس بخلاف خبر الواحد فانه لاشك في أصله وانما الاحتمال في طريقه باعتبار توهم غلط الراوي أوميله عن الصدق الى الكذب فلايصلح القياس معارضا له، وقد يستدل بجواز تخصيص هذا العالم بالقياس على ان المخصص لايجب ان يكون مقاربا للقطع بتراخي القياس عن الكتاب وليس بسديد لأن القيا س مظهر لامثبت والمخصص بالحقيقة هو النص المثبت للحكم في الأصل ولايعلم تراخيه بطريق القطع. (التلويح)

مصنف نے جو بیان کیا ''حتی یخصصہ خبر الواحد والقیاس'' اس کا مطلب یہ ہے کہ جب عام تخصیص کے بعد قطعی نہ رہا تو وہ عام جس میں تخصیص کتاب اللہ اور خبر متواتر سے کی گئی ہو خواہ مخصوص معلوم ہو یا مجہول ہو وہ ظنی ہو گیا اب اس کی تخصیص خبر واحد اور قیاس سے بھی ہو سکتی ہے بالاجماع۔ اور یہ معلوم ہونا چاہیے کہ عام کی تخصیص قیاس کے

مصنف فرماتے ہیں:

ثم اراد ان یبین ان مع وجود هذه الشبهة لایسقط الاحتجاج به فقال لکن لایسقط الاحتجاج به لأن المخصص یشبه الناسخ بصیغته والاستسقاء بحکمه کما قلنا فان کان مجهولا یسقط فی نفسه للشبه الأول ویوجب جهالة فی العام للشبه الثانی فیدخل الشک فی سقوط العام فلایسقط به ای بالشک اذ قبل التخصیص کان معمولا به فأما خص دخل

ذریعے خبر واحد کے ذریعے تخصیص کے جواز کے درجہ سے کم ہے اسلئے کہ قیاس خبر واحد کے معارض ہونے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔اسی وجہ سے علماء نے قہقہہ والی خبر کو قیاس پر ترجیح دی ہے۔اوراسی طرح بھول کر کھانے، پینے سے روزہ نہ ٹوٹنے والی خبر کو قیاس پر ترجیح دی۔اس کی وجہ یہ ہے کہ قیاس کے اصل میں شک ہےاوراس میں احتمال ہے کہ اور قیاس اس کے معارض ہواسلئے مخصوص کے ماسوامیں اس سے حکم کم درجہ ہے بنسبت خبر واحد کے کیونکہ اس کے اصل میں کوئی شک نہیں،احتمال اس کے پہنچنے کے طریقہ میں ہے کہ ہوسکتا ہے راوی کو غلطی کا وہم ہو،یا اس کا میلان صدق سے کذب کی طرف ہو،اسلئے قیاس خبر واحد کا معارض نہیں ہوسکتا۔

کبھی قیاس کے ذریعے عام کی تخصیص پر یہ دلیل پیش کی جاتی ہے کہ مخصص کیلئے ضروری نہیں کہ وہ قطع کے قریب ہو کیونکہ قیاس کتاب سے متراخی ہے،لیکن یہ دلیل درست نہیں اس لئے کہ قیاس مظہر ہے مثبت نہیں لیکن مخصص حقیقت میں وہ نص ہے جو مثبت حکم ہے،اور قیاس کا کتاب سے متراخی فی الزمان ہونا یقینی نہیں۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله لکن لایسقط الاحتجاج به لأن المخصص یشبه الناسخ بصیغته لأنه کلام مبتدأ مفهوم بنفسه مفید للحکم وان لم یتقدمه العام، ویشبه الاستثناء بحکمه لأن حکمه بیان اثبات الحکم فیما وراء المخصوص وعدم دخول المخصوص تحت حکم العام لارفع الحکم عن محل المخصوص بعد ثبوته فهو مستقل من وجه دون وجه والأصل فیما یتردد بین الشبهین ان یعتبر بهما ویوفی خطأ من کل منهما ولایبطل احدهما بالکلیة.(التلویح)

عام مخصوص البعض سے دلیل ساقط نہیں ہوتی،اسلئے کہ مخصوص صیغہ کے لحاظ پر ناسخ کے مشابہ ہے،کیونکہ وہ ابتدائی کلام ہے خود بذاتہ سمجھ آتا ہے،حکم کیلئے مفید ہے اگرچہ اس سے عام مقدم نہ ہو۔اور مخصوص استثناء کے مشابہ ہے حکم کے لحاظ

الشک فی انه هل بقی معمولا به أم بطل فلایبطل بالشک.(التنقیح والتوضیح)

پھر ارادہ کیا مصنف نے کہ یہ بیان کرے کہ باوجود اس شبہ کے اس سے حجت ساقط نہیں ہوتی۔یعنی احتجاج اس سے ساقط نہیں ہوتا کیونکہ مخصوص صیغہ کے لحاظ پر ناسخ کے مشابہ ہے اور حکم کے لحاظ پر استثناء کے مشابہ ہے جیسا کہ ہم نے پہلے بیان کیا ہے۔اگر مخصوص مجہول ہو تو شبہ اول یعنی ناسخ کے مشابہ ہونے کی وجہ سے بذاتہ وہ ساقط ہوگا،اور شبہ ثانی یعنی استثناء کے مشابہ ہونے کی عام کے ساقط ہونے میں شک داخل ہوگیا (کیا ساقط ہو یا نہ ہو) تو شک کی وجہ سے ساقط نہیں ہوگا۔کیونکہ تخصیص سے پہلے اس پر عمل ہو رہا تھا تو جب اسے خاص کرلیا گیا تو اس میں شک داخل ہوگیا کہ کیا اس پر عمل باقی رہا یا باطل ہوگیا تو شک سے وہ باطل نہیں ہوگا۔

مصنف ذکر فرماتے ہیں:

وان کان ای الخصص معلوما فللشبه الأول یصح تعلیله لایرید بقوله فللشبه الأول انه من حیث انه یشابه الناسخ یصح تعلیله کما یصح ان یعلل الناسخ الذی ینسخ بعض افراد العام

پر اس لئے کہ اس کا حکم یہ ہے کہ مخصوص کے ماسوا میں حکم ثابت کیا جائے اور مخصوص عام کے حکم کے تحت داخل نہ ہو،محل مخصوص میں حکم ثابت ہونے کے بعد حکم اٹھے گا نہیں،اسلئے وہ من وجہ مستقل ہے اور من وجہ مستقل نہیں۔

قانون یہی ہے کہ جب ایک چیز دو شبہات کے درمیان متردد ہو تو دونوں کا لحاظ کیا جائے اور دونوں کی طرف کامل قدم بڑھایا جائے،کلی طور پر کسی ایک کو باطل نہیں کیا جاسکتا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

فالمخصص ان کان مجهولا ای متناولا لما هو مجهول عند السامع فمن جهة استقلاله یسقط هو بنفسه ولایتعدی جهالته الی العام کالناسخ المجهول ومن جهة عدم استقلاله یوجب جهالة العام وسقوط الاحتجاج به لتعدی جهالته الیه کما فی الاستثناء المجهول فوقع الشک فی سقوط العام وقد کان ثابتا بیقین فلایزول بالشک بل یتمکن فیه شبهة جهالة تورث زوال الیقین فیوجب العمل دون العلم.(التلویح)

مخصوص اگر مجہول ہو یعنی شامل ہو اسے جو سامع کے نزدیک مجہول ہو (فی الواقع مجہول ہونا ضروری نہیں) وہ مستقل ہونے کی وجہ سے (جہالت کی وجہ سے) خود تو ساقط ہوگا،لیکن اس کی جہالت عام کی طرف متعدی نہیں ہوگی یہ ایسے ہی

لینسخ بالقیاس بعض آخرمن افراد العام فان تعلیل الناسخ علی ھذا الوجه لایصح علی ما یأتی فی ھذه الصفحة بل یرید انه من حیث انه نص مستقل بنفسه یصح تعلیله کما ھو عندنا فان عندنا وعند اکثر العلماء یصح تعلیله خلافا للجبائی واذا صح تعلیله لایدری انه کم یخرج بالتعلیل ای بالقیاس وکم یبقی تحت العام فیوجب جھالة فیما بقی تحت العام وللشبه الثانی لایصح تعلیله کما ھو عند البعض فدخل الشک فی سقوط العام فلایسقط به الشبه الثانی ھو شبه الاستثناء من حیث ان المخصص بین ان المخصوص غیر داخل فی العام فلھذا الشبه لایصح تعلیله کما ھو مذھب الجبائی کما لایصح تعلیل المستثنی وأخراج البعض الآخر بطریق القیاس فمن حیث انه یصح تعلیله یصیر الباقی تحت العام مجھولا فلایبقی العام حجة ومن حیث أنه لایصح تعلیله یبقی العام حجة وقد کان قبل التخصیص حجة فوقع الشک فی بطلانه فلایبطل بالشک ھذا ما قالوا۔(التنقیح والتوضیح)

اگر مخصص معلوم ہوتو شبہ اول کی وجہ سے تعلیل صحیح ہے، یہاں وجہ شبہ سے یہ مراد نہیں کہ مخصص معلوم کو ناسخ کے مشابہ ہونے کی وجہ ایسی تعلیل حاصل ہے جیسی ناسخ کو کہ نسخ عام کے بعض افراد کو منسوخ کر دیتا ہے تو قیاس بھی بعض اور افراد کو منسوخ کر دیتا۔ نہیں نہیں یہ وجہ شبہ مراد نہیں۔ بلکہ وجہ شبہ یہ ہے کہ جس طرح نسخ مستقل نص ہے اسی طرح قیاس بھی مستقل نص ہے اس سے تعلیل صحیح ہے اسی صفحہ میں ان شاء اللہ اس کا ذکر آجائے گا۔ تعلیل سے مراد علت بیان کرنا، قیاس کرنا۔

کماھو عندنا: جس طرح وہ ہمارے نزدیک ہے یعنی ہمارے نزدیک اور اکثر علماء کے نزدیک مخصوص معلوم کی تعلیل صحیح ہے، جبائی معتزلی کا اس میں اختلاف ہے۔ اور جب تعلیل اس کی صحیح ہے تو معلوم نہیں ہوگا کہ تعلیل یعنی قیاس کے

جیسے ناسخ مجہول کا حکم ہے۔ لیکن بوجہ عدم استقلال کی وجہ سے عام میں جہالت واجب کرے گا اور اس کو دلیل بنانا ساقط ہوگا اس کی جہالت عام کی طرف متعدی ہو، یہ ایسے ہی ہے جیسے استثناء مجہول کا حکم ہے۔ تو دو چیزوں سے مشابہت کی وجہ سے عام کے ساقط ہونے میں شک واقع ہوگا۔ حالانکہ عام کو مخصوص کرنے سے پہلے اس کا ثابت ہونا یقینی تھا تو وہ مکمل طور پر شک سے زائل نہیں ہوگا۔ بلکہ اس میں شبہ ثابت ہوگیا اسلئے مخصوص مجہول سے باقی عام کے ثابت ہونے کا یقین زائل ہوگیا تو عمل ثابت ہوگیا لیکن علم یقین ثابت نہ ہوا

ذریعے کتنے نکالے گئے ہیں اور کتنے عام کے تحت باقی ہیں۔

مخصوص معلوم کی شبہ اول کی وجہ سے تعلیل صحیح ہے تو وہ عام کے تحت ماقی میں جہالت ثابت کرے گا، اور شبہ ثانی کی وجہ سے تعلیل صحیح نہیں جیسے بعض کا قول ہے تو عام کے ساقط ہونے میں شک داخل ہوگیا، تو اس شبہ ثانی یعنی استثناء کی مشابہت ساقط نہیں ہوگی۔ تو شبہ ثانی کی وجہ سے مخصوص عام میں داخل نہیں ہوگا اور اسی استثناء کی مشابہت کی وجہ سے اس کی تعلیل صحیح نہیں جیسا کہ جبائی کا مذہب ہے جیسے کہ استثناء کی تعلیل صحیح نہیں۔

حاصل کلام بالاختصار: بعض کا نکالنا قیاس کے طریقہ سے اس لحاظ پر کہ مخصوص کی تعلیل صحیح ہے تو باقی عام کے تحت مجہول ہوگا، تو عام کا حجت ہونا باقی نہیں رہے گا۔

اور جب یہ لحاظ کیا جائے کہ وہ استثناء کے مشابہ ہے اس لئے اس کی تعلیل صحیح نہیں تو عام کا حجت ہونا باقی رہے گا جیسے تخصیص سے پہلے حجت تھا۔ تو دونوں شبہات کی وجہ سے دلیل کی قطعیت نہ ہو لیکن حجیت باقی ہے۔

مصنف بیان کرتے ہیں: ویرد علیہ انہ لما کان المذہب عندکم وعند اکثر العلماء صحۃ تعلیلہ

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

وان كان معلوما فمن جهة استقلاله يصح تعليله كما هو الاصل فى النصوص المستقلة فيوجب جهالة فيما بقى تحت العام اذ لايدرى أنه كم خرج بالقياس فينبغى ان يسقط العام ومن جهة عدم استقلاله لايصح على ما هو مذهب الجبائى كما لايصح تعليل الاستثناء لأنه ليس نصا مستقلا بل بمنزلة وصف قائم بصدر الكلام دال على عدم دخول المستثنى فى حكم المستثنى منه، والعدم لايعلل فيكون ما وراء المخصوص معلوما فيجب ان يبقى العام بحاله فوقع الشك فى عدم حجية العام فلاتبطل حجية الثابتة بيقين بل يتمكن فيه ضرب شبهة لكونه ثابتا من وجه دون وجه فيوجب العمل دون العلم فالحاصل ان المخصص المجهول باعتبار الصيغة لايبطل العام وباعتبار الحكم يبطله والمعلوم بالعكس فيقع الشك فى بطلانه والشك لايرفع اصل اليقين بل وصفه.(التلويح)

اگر مخصوص معلوم ہو تو بوجہ استقلال کے اسے علت بنانا صحیح ہے جیسے اصل مستقل نصوص حکم کی علت ہوتی ہیں، تو عام کے تحت جو باقی ہیں ان میں جہالت ثابت ہوجائے گی کیونکہ یہ معلوم نہیں کہ قیاس کے ذریعے کتنے نکلے ہیں، تو مناسب

فيجب ان يبطل العام عندكم بناء على زعمكم في صحة تعليله و لاتمسك لكم بزعم الجبائي ان عنده لايصح تعليله فلدفع هذه الشبهة قال على ان احتمال التعليل لايخرجه من ان يكون حجة لأن ما اقتضى القياس تخصيصه يخص وما لا فلا فان المخصص ان لم يدرك فيه علة لايعلل فيبقى العام في الباقي حجة وان عرف فيه علة فكل ما يوجد العلة فيه يخص قياسا وما لا فلا، فلا يبطل العام باحتمال التعليل. (التنقيح والتوضيح)

یہاں ایک اعتراض وارد ہوتا تھا کہ جب تمہارا مذہب یہ ہے کہ تمہارے نزدیک اور اکثر علماء کے نزدیک اس کی تعلیل (قیاس کو علت بنانا) صحیح ہے تو تمہارے گمان کے نزدیک تعلیل کے صحیح ہونے سے عام کا باطل ہونا واجب ہوتا۔ جبائی نے جو یہ کہا کہ تعلیل صحیح نہیں تمہارے پاس اس کا جواب نہیں۔

''قال علی'' سے جواب دیا ہے کہ دلیل کے علاوہ ہم یہ کہتے ہیں کہ تعلیل کے احتمال سے عام کا مکمل حجت ہونا ختم نہیں ہوتا، کیونکہ قیاس جس کی تخصیص کا تقاضا کرتا ہے اس کی تخصیص کرتا ہے اور جس کی تخصیص کا تقاضا نہیں کرتا اس کی تخصیص نہیں کی جاتی۔ یعنی مخصص اگر اس میں علت نہ پائے تو علت نہیں لائے گا، تو عام کا باقی ہونا حجت رہے گا۔

یہ ہے کہ عام ساقط ہو جائے۔

اور بوجہ عدم استقلال کے اسے علت بنانا صحیح نہیں جیسا کہ جبائی کا مذہب ہے جس طرح استثناء کو علت بنانا صحیح نہیں، کیونکہ استثناء مستقل نص نہیں بمنزلہ اس وصف کے ہے جو صدر کلام کے ساتھ قائم ہو، استثناء اس پر دلالت کرتا ہے کہ مستثنیٰ حکم مستثنیٰ منہ میں داخل نہیں۔ اور عدم (یعنی مستثنیٰ کا حکم مستثنیٰ منہ داخل نہ ہونا) اس کی علت نہیں کہ مخصوص معلوم کے ماسوا عام کا اپنی حالت باقی رہنا ضروری ہے۔

تو شک واقع ہو گیا عام کے حجت نہ ہونے میں، تو جو حجیت یقین سے ثابت ہے وہ باطل نہیں ہوگی بلکہ اس میں شبہ ثابت ہو گیا، مخصوص کے ماسوا عام من وجہ ثابت ہو گیا اور من وجہ ثابت نہ ہوا تو عمل ثابت ہو گیا علم یقین ثابت نہ ہوا۔

مخصوص مجہول اور مخصوص معلوم میں فرق کیا ہے؟ علامہ تفتازانی کی بظاہر تقریر دونوں میں ایک جیسی نظر آتی ہے، تو اس کا جواب خود علامہ تفتازانی نے دونوں میں فرق بیان کر کے واضح کر دیا ہے۔

دونوں میں فرق یہ ہے: کہ مخصوص مجہول باعتبار صیغہ کے عام کو باطل نہیں کرتا اور باعتبار حکم کے باطل کر دیتا ہے۔ اور مخصوص معلوم کا معاملہ بالعکس ہے یعنی وہ باعتبار صیغہ کے عام کو باطل کر دیتا ہے اور باعتبار حکم کے باطل نہیں کرتا۔

صحیح نہیں وہ ہے قیاس کا نص کے معارض ہونا، لیکن مخصوص میں کوئی مانع نہیں اسلئے اس کی تعلیل صحیح ہے نسخ کی مشابہت کی وجہ سے چونکہ نسخ میں استقلال ہے اور مخصوص میں بھی استقلال ہے۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله على ان احتمال التعليل، يصلح دفعا للشبهة الموردة من قبل الكرخي في بطلان الاحتجاج بالعام المخصوص لاجوابا عن الاشكال الواردة على كلام القوم بأنه لو كانت صحة تعليل المخصص توجب جهالة في العام وتقتضي سقوطه وبطلان حجيته كما زعتم لوجب بطلان حجية العام المخصص عندكم لأنكم قائلون بصحة تعليل المخصص اذ لايخفى ان المذكور لايصلح جوابا عن هذا الاشكال لما فيه من تسليم بطلان المقدمة بان صحة التعليل توجب جهالة في العام.(التلويح)

مصنف نے جو جواب "علاوہ اس کے کہ بیشک احتمال تعلیل الخ" سے دیا ہے اس کے متعلق علامہ تفتازانی فرماتے ہیں کہ یہ جواب تو علامہ کرخی کی طرف سے جو شبہ وارد ہوتا ہے اس کا جواب بننے کی صلاحیت رکھتا ہے۔
علامہ کرخی کی طرف یہ شبہ وارد ہے کہ "عام مخصوص البعض سے دلیل پکڑنا ہی باطل ہے"۔ لیکن جو اعتراض قوم کے کلام پر وارد ہوتا ہے اس کا جواب بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ قوم پر اعتراض یہ وارد ہوا کہ اگر مخصوص کی تعلیل صحیح ہو تو عام میں جہالت واجب ہوگی اور اس کے سقوط کا تقاضا کرے گا اور اس کے حجت ہونے کے بطلان کو چاہے گا۔
اس اعتراض کو مندفع کرنے کی اس میں صلاحیت نہیں پائی گئی کیونکہ تمہارا گمان بھی یہی ہے کہ مخصوص عام کی حجیت کو باطل کر دیتا ہے اسلئے کہ تم مخصوص کے علت ہونے کی صلاحیت کے قائل ہو۔ جبکہ مخفی نہیں کہ یہ قول مذکور قوم پر وارد اشکال کی صلاحیت نہیں رکھتا بلکہ اس میں معترضین کے اس مقدمہ (صحت تعلیل موجب ہے عام کی جہالت کو) کو تسلیم کرنا لازم آئے گا۔

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب ذکر کرتے ہیں:

فان قيل المخصص اذا لم يدرك علته فاحتمال التعليل باق على ما هو الأصل في النصوص واذا ادركت فاحتمال الغير قائم لما في العلل من التزاحم وبعد ما تعينت لايدرى انها في اىّ قدر من افراد العام توجد وكل ذلك يوجب جهالة العام وبطلان حجيته، قلنا لا بل يوجب

مصنف فرماتے ہیں:

فظهر هنا الفرق بين التخصيص والنسخ اى لما ذكرنا ان تعليل المخصص صحيح ظهر من هذا الحكم الفرق بين المخصص والناسخ فانه لايصح تعليل الناسخ الذى ينسخ الحكم فى بعض افراد ليثبت النسخ فى بعض آخر قياسا، صورته ان يرد نص خاص حكمه مخالف لحكم العام ويكون وروده متراخيا عن ورود العام فانا نجعله ناسخا لامخصصا على ما سبق. (التلويح)

یہاں تخصیص اور نسخ میں فرق ظاہر ہوگیا، جو ہم نے ذکر کیا ہے کہ تعلیل صحیح ہے مخصوص میں۔ اسی حکم سے مخصوص اور ناسخ میں فرق واضح ہوگیا۔ نسخ کی تعلیل نہیں یعنی وہ جو بعض افراد کے حکم کو منسوخ کرے اس پر قیاس کر کے بعض افراد اور افراد کیلئے نسخ ثابت نہیں کر سکتے۔

صورت اس کی یہ ہے کہ خاص نص جب وارد ہو جس کا حکم عام کے حکم کے مخالف ہو اور وہ وارد بھی عام کے وارد ہونے سے متراخی ہو تو وہ ناسخ ہوگی، مخصص نہیں ہوگی۔

تمكن الشبهة فيه لما عرفت من أنه ثابت بيقين والشك لايوجب زوال اصل اليقين بل وصف كونه يقينا. (التلويح)

اعتراض: مخصوص کے علت ہونے کا جب علم نہ ہو تو تعلیل کا احتمال باقی رہے گا جو کہ نصوص میں اصل ہے اور جب علت ہونے کا پتہ چلے تو غیر کا احتمال قائم ہے۔ جبکہ علل میں تزاحم ہو اور تعین کے بعد یہ معلوم نہ ہو کہ عام کے کتنے افراد باقی ہیں تو عام میں جہالت ثابت ہوگی اور بطلان حجیت ہوگا؟

میر سید شریف فرماتے ہیں: قوله الذى ينسخ الحكم ، اس قید سے احتراز ہے اس ناسخ سے جو عام کی نسخ پر بند نہ ہو بلکہ خاص کو بھی منسوخ کرے اور عام کے جمیع افراد کو بھی منسوخ کرے تو اس نسخ کی تعلیل یعنی اس پر قیاس کرنا صحیح ہے، لیکن قیاس سے حکم کا متاخر ہونا سمجھ آئے گا، منسوخ ہونا نہیں سمجھ آئے گا۔ (السید)

قوله صورته ان يرد نص خاص الخ ، یعنی صورت اس کی جو عام کو بعض افراد میں منسوخ کر دے۔ مصنف کا قول "نص خاص" عام ہے خواہ اخص مطلق ہو یا اخص من وجہ ہو۔

عموم خصوص مطلق کی مثال: نبی کریم ﷺ کا ارشاد "الشيب بالشيب جلد مائة ورجم الحجارة" (مصنف نے حدیث کے یہ الفاظ باب النسخ میں بیان کئے ہیں) یہ حدیث ناسخ ہے رب تعالی کے اس ارشاد کے لئے "واللاتی

مصنف بیان فرماتے ہیں:

فان العام الذی نسخ بعض ما تناوله لاینسخ بالقیاس لأن القیاس لاینسخ النص اذ هو لایعارضه لأنه دونه لکن یخصصه ولایلزم به المعارضة لأنه یبین انه لم یدخل وهنا مسائل من الفروع تناسب ما ذکرنا من الاستثناء والنسخ والتخصیص. (التنقیح والتوضیح)

عام جس کے بعض افراد کو منسوخ کیا گیا وہ حقیقت میں نسخ نہیں کیونکہ قیاس سے اسے منسوخ نہیں کیا جاسکتا اس لئے کہ قیاس نصکو منسوخ نہیں کرسکتا، کیونکہ قیاس نص کے معارض نہیں ہوسکتا ہے، وجہ اس کی واضح ہے کہ قیاس کا درجہ نص

جواب: ہم کہتے ہیں بطلان حجیت لازم نہیں آئے گا بلکہ شبہ ثابت ہوگا اس میں۔

جب یہ تم پہچان چکے ہو کہ عام کا حکم یقین سے ثابت ہوتا ہے، شک سے اصل یقین یعنی اس کا حجت ہونا زائل نہیں ہوگا، بلکہ وصف یقین یعنی اس کے حجت کے قطعی ہونے کا زوال ہوگا۔ اصل یقین سے مراد حجیت کا ثبوت اور وصف یقین سے مراد حجت کی قطعیت ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله اذ هو، ای القیاس لایعارض النص لأن دون النص فلاینسخه لأن عمل الناسخ انما هو فی رفع الحکم باعتبار المعارضة لکن یخصص النص العام الذی خص منه البعض لأن عمل المخصص یبین ان قدر ما تناوله لم یدخل تحته۔

یاتین الفاحشة من نسائکم فاستشهدوا علیهن اربعة منکم فان شهدوا فامسکوهن فی البیوت حتی یتوفاهن الموت أو یجعل الله لهن سبیلا"

آیہ کریمہ میں عورتوں کے زنا پر چار گواہ ثابت ہوجائیں تو ان کو گھروں میں ان کی موت تک انہیں روک رکھنا ہے، لیکن نسخ کی طرف اشارہ بھی کردیا کہ (یا اللہ ان کیلئے کوئی راہ بنادے) تو قرآن کی آیہ "الزانیة والزانی" سے باکرہ کا حکم بیان کردیا اور حدیث سے ثیبہ کا۔ (اگر چہ ثیبہ کیلئے صرف رجم ہے سو کوڑوں والا حکم بھی منسوخ ہے)۔

عموم وخصوص من وجہ کی مثال: "واولات الاحمال اجلهن ان یضعن حملهن"

ناسخ ہے اس ارشاد کیلئے "والذین یتوفون منکم ویذرون ازواجا یتربصن بانفسهن اربعة اشهر وعشرا"

سے کم ہے، لیکن اسے منسوخ نہیں کرسکتا۔ اس لئے قیاس کا نص کے معارض ہونا جب ثابت نہیں ہوسکتا تو اس سے یہ ثابت کیا جائے گا کہ یہ عام میں داخل نہیں، یہ مخصوص ہے ناسخ نہیں۔ یہ مسائل یعنی استثناء، نسخ اور تخصیص کو اصل مسائل کے فروع کے طور پر بیان کیا گیا۔

یعنی قیاس نص کے معارض نہیں ہوسکتا کیونکہ قیاس نص سے کم درجہ رکھتا ہے، اس لئے قیاس ناسخ نہیں ہوتا کیونکہ نسخ سے حکم کو بطور معارضہ اٹھایا جاتا ہے، لیکن مخصوص سے عام کی تخصیص "علی وجہ البیان" ہوتی ہے نہ کہ بطور معارضہ۔
قیاس جو مخصوص سے مستنبط ہوتا ہے اس سے بیان کیا جاتا ہے اتنی قدر کہ علت اس کی طرف متعدی ہے، عام کے نیچے داخل نہیں، جس طرح نص مخصص یہ بیان کرتی ہے کہ اتنی مقدار عام کے تحت داخل نہیں۔

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب سے وضاحت کرتے ہیں:

فان قیل فلم یجز التخصیص بالقیاس ابتداء، قلنا لأن ما یتناوله القیاس داخل تحت العام قطعا والقیاس یبین عدد دخوله ظنا فلا یسمع بخلاف العام بعد التخصیص فانه ایضا ظنی والقیاس مؤید بما یشارکه فی بیان علم دخول بعض الأفراد. (التلویح)

اعتراض: یہ کیوں نہیں جائز کہ قیاس کے ذریعے ابتداء ہی تخصیص کردی جائے۔

ان دونوں آیات میں عموم وخصوص من وجہ ہے جو پہلے بیان کیا جاچکا ہے۔ (السید)

قولہ فانا نجعلہ ناسخا : ہم اسے ناسخ بناتے ہیں اور امام شافعی رحمہ اللہ مخصوص بناتے ہیں، ان کے نزدیک ہوسکتا ہے کہ بیان تغییر کا متراخی ہونا جائز ہو۔

قولہ علی ما سبق : جو پہلے بیان ہوچکا ہے، اس سے اشارہ کیا گیا کہ عام کی فصل کے آخر میں ہم بیان کرچکے ہیں "**ان کان المخصص متراخیا لانسلم ان مخصص بل ناسخ**" پہلے یہ بیان کیا گیا ہے کہ مخصوص متراخی ہو تو ہم اسے مخصوص نہیں مانتے بلکہ ہم اسے ناسخ کہتے ہیں۔

میر سید شریف فرماتے ہیں: **قولہ ولا یلزم بہ المعارضۃ** ، مصنف نے قیاس کے متعلق جو بیان کیا ہے کہ وہ عام قطعی کے معارض نہیں ہوسکتا اسی سے یہ بات سمجھ آگئی کہ نسخ معارض ہوسکتا ہے، معنی یہ ہے کہ نسخ متاخر ہو مقدم نہ ہو اور قطع یا ظن کا فائدہ دے شرط یہ ہے کہ دونوں مساوی ہوں یا متقدم متاخر سے کم درجہ ہو، متاخر سے اقوی نہ ہو، خبر واحد مشہور اور متواتر سے منسوخ ہوجاتی ہے لیکن خبر مشہور یا متواتر خبر واحد سے منسوخ نہیں ہوسکتیں۔ بلکہ اقوی

جواب: قیاس جن کو شامل ہے وہ عام کے نیچے قطعاً داخل ہیں، لیکن قیاس ان کے دخول کی تعداد کو ظنی طور پہ بیان کرتا ہے، اسلئے اس نہیں سنا (قبول کیا) جائے گا۔ بخلاف عام تخصیص کے بعد ظنی ہو جاتا ہے اور قیاس اس کی تائید کرتا ہے کہ بعض افراد اس میں داخل نہیں۔

وقد يقال لأن الاصل الذى يستند اليه القياس لايصلح مبينا لهذا العام لعدم تناوله شيئا من افراده فكذا القياس المستنبط منه لايصلح مبينا للعام فلو اعتبر لم يكن الا معارضا، وفيه نظر لأن عدم صلوح الأصل انما هو باعتبار عدم التناول لشئ من افراد العام والكلام فى القياس المتناول له والا لم يتصور كونه مخصصا فعدم صلوح الأصل للبيان لايستلزم عدم صلوح القياس لذلك العام بل اذا خص العام بقطعي صار ظنيا فجاز تخصيصه بالقياس وان كان مستندا الى اصل لايتناول شيئا من افراد العام. (التلويح)

بعض اوقات اور جواب یہ دیا جاتا ہے کہ اصل جس کی طرف قیاس کی نسبت کی جاتی ہے وہ اس عام کیلئے مبیّن بننے کی صلاحیت نہیں رکھتا کیونکہ یہ اس کے افراد کو شامل ہی نہیں، اسی طرح وہ قیاس جو مستنبط ہوا اس میں بھی عام کی وضاحت کی صلاحیت نہیں اگر اس کا اعتبار کر بھی لیا جائے تو یہ عام کے معارض نہیں ہوسکتا۔

وفیہ نظر سے اس کے ضعف کی طرف اشارہ کیا کہ اصل کا قیاس مبیّن وکاشف نہ ہونے کی وجہ یہ ہے یہ عام کے افراد کو شامل نہیں، ہمارا کلام تو اس قیاس میں جو اس کے افراد کو شامل ہو ورنہ اس کا مخصص ہونا متصور نہیں تو اصل کے بیان کی عدم صلاحیت سے یہ لازم نہیں آتا کہ یہ قیاس جو عام کے افراد کو شامل ہے اس میں بھی صلاحیت نہیں، بلکہ جب عام کو قطعی دلیل کتاب وسنت متواترہ سے خاص کر لیا گیا تو وہ ظنی ہوگیا، اب اس ظنی کی مزید تخصیص بلکہ پہلی تخصیص کی تائید قیاس کے ذریعے ہوسکتی ہے، اگر اصل عام غیر مخصوص کی طرف قیاس کی نسبت کی جائے تو یہ افراد عام کو شامل نہیں۔

قوله لأنه يبين انه لم يدخل: یعنی قیاس کے ذریعے تخصیص، تخصیص بیان ہے کیونکہ اس کے مخصوص عام کے تحت داخل ہی نہیں، تو وہ مفہوم مخصوص کا بیان ہے اور خصوص عام بالقیاس اصل عام کے معارض نہیں ہوسکتا بلکہ دلیل قطعی سے مخصوص کا مبین وکاشف ہوتا ہے۔

پر عمل ہوگا دوسری حدیث جو سند وغیرہ کے لحاظ سے اس سے کم درجہ ہے اسے چھوڑ دیا جائے گا۔ (السید)

مصنف بیان کرتے ہیں:

فنظير الاستثناء ما اذا باع الحر والعبد بثمن أو باع عبدين الا هذا بحصته من الألف يبطل البيع لأن احدهما لم يدخل في البيع فصار البيع بالحصة ابتداء ولأن ما ليس بمبيع يصير شرطا لقبول المبيع فيفسد بالشرط الفاسد ففي المستثناة الأولى ليس حقيقة الاستثناء موجودة لكنها تناسب الاستثناء في ان الاستثناء يمنع دخول المستثنى في حكم صدر الكلام وفي هذه المسئلة لم يدخل الحر تحت الايجاب مع ان صدر الكلام تناوله فصار كأنه مستثنى، وفي المسألة الثانية وهي ما اذا باع عبدين الا هذا حقيقة الاستثناء موجودة فاذا لم يدخل أحدهما في البيع لايصح البيع في الآخر لوجهين أحدهما أنه يصير البيع في الآخر بحصته من

تنبیہ: مسئلہ میں جو تطویل بیان کی گئی ہے اس میں دو چیزوں کو ذہن میں رکھا جائے مسئلہ ان کے گرد ہی گھوم رہا ہے، ایک یہ کہ عام قطعی ہے قیاس اور خبر واحد سے اس کی تخصیص نہیں ہو سکتی البتہ عام کو جب قطعی دلیل یعنی کتاب اور خبر متواترہ سے مخصوص کر لیا جائے اور عام مخصوص البعض ظنی ہو جائے تو اس کی تخصیص خبر واحد اور قیاس سے ہو سکتی ہے۔

دوسری چیز یہ ذہن نشین کی جائے کہ نسخ اور استثناء کے فرق میں تعلیل کا جو ذکر آ رہا ہے، اس تعلیل سے مراد "علت حکم" بیان کرنا۔ یعنی ایک چیز پر دوسری کو قیاس کرنا۔ قیاس میں یہی ہوتا ہے کہ اصل کے حکم علت فرع میں پا کر اس پر بھی وہی حکم لگا دیا جائے۔

اسی کو راقم نے کہیں تعلیل، عدم تعلیل سے تعبیر کیا، کہیں علت حکم، عدم علت حکم سے تعبیر کیا اور کہیں قیاس اور عدم قیاس سے تعبیر کیا، جیسا کہ شارحین سے بھی یہی تین قسم کے الفاظ کا ذکر ملتا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فنظير الاستثناء ما اذا باع الحر والعبد بثمن اى بثمن واحد اذ لو فصل الثمن بأن قال بعتهما بألف كل واحد بخمسمائة صح في العبد عندهما خلافا لأبي حنيفة رحمه الله.(التلويح)

مصنف نے حر اور عبد کی بیع کو ایک ثمن سے ذکر کیا، اس لئے کہ اگر تفصیل بیان کر دے، یوں کہے کہ ان دونوں کو میں نے ایک ہزار درہم سے بیچا ہر ایک کا ثمن پانچ پانچ سو درہم ہے، اس صورت میں صاحبین کے نزدیک عبد کی بیع صحیح

الشمن المقابل بهما والبیع بالحصة ابتداء باطل للجهالة وانما قلنا ابتداء لأن البیع بالحصة بقاء صحیح کما یأتی فی المسئلة التی هی نظیر النسخ، والثانی ان البیع فی الآخر بیع بشرط مخالف لمقتضی العقد وهو ان قبول ما لیس بمبیع وهو الحر أو العبد المستثنی یصیر شرطا لقبول المبیع.(التنقیح والتوضیح)

استثناء کی مثال :جب کوئی شخص آزاد شخص اور غلام کو ایک ہی ثمن سے فروخت کرے، یا وہ دو غلام بیچے ان کی قیمت علیحدہ علیحدہ نہ بیان کرے بلکہ دونوں کو ایک ہی ثمن سے بیچے اور یہ کہے کہ دونوں کے ایک ہزار درہم ہیں۔ مگر اس کے حصہ کے درہم مستثنیٰ ہیں، یہ مبہم ذکر کیا۔ تو دونوں مسائل میں بیع باطل ہے اس لئے کہ ایک بیع میں داخل نہیں، تو بیع الحصہ ہوگئی ابتداء اسلئے کہ جو مبیع نہیں وہ مبیع کے قبول کرنے کیلئے شرط بن گیا تو شرط فاسد کی وجہ سے بیع فاسد ہوگئی۔

پہلے مسئلہ کی وضاحت :جب حر اور عبد کو ایک ہی ثمن سے بیچے تو اس میں حقیقت میں استثناء موجود ہی نہیں لیکن استثناء کے مناسب ہے کہ بیشک استثناء منع کرتا ہے مستثنیٰ کے دخول کا صدر کلام یعنی مستثنیٰ منہ میں ہم نے جو مسئلہ ذکر کیا ہے اس میں حر ایجاب میں داخل نہیں لیکن صدر کلام بظاہر اسے شامل ہے وہ مستثنیٰ کی طرح ہوگیا۔

مسئلہ ثانیہ کی وضاحت :جب دو غلام بیچے ایک ہی ثمن سے پھر ایک کو مستثنیٰ کرے، یوں کہے "الا هذا بحصته من

ہے، حر کی باطل ہے، امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک صفقہ واحدہ دو صفقہ لازم آئیں گے اسلئے ثمن کے تعین کی صورت میں بھی عبد کی بیع جائز نہیں۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله لم یدخل الحر تحت الایجاب لأن دخول الشیء فی العقد انما هو بصفة المالیة والتقوم وذلک لایوجد فی الحر وکذا اذا جمع بین حی ومیت أو بین میتة وذکیة أو بین خل وخمر.(التلویح)

مصنف نے بیان کیا ہے کہ حر ایجاب بیع میں داخل ہی نہیں کیونکہ عقد میں کسی چیز کا دخول ہوتا جب اس میں صفت مالیت وتقوم پایا جائے، یہ حر میں نہیں پایا جاتا، یہ ایسے ہی جیسے زندہ جانور اور مردہ کو ایک ہی ثمن سے بیچے تو مردہ ایجاب میں داخل نہیں، اسی طرح مردار اور مذبوح کو ایک ہی ثمن سے بیچے تو مردار ایجاب میں داخل نہیں، اسی طرح سرکہ اور شراب کو ایک ہی ثمن سے بیچے تو شراب ایجاب میں داخل نہیں۔

الألف "استثناء حقیقت میں موجود ہے، جب ایک بیع میں داخل نہیں تو دوسرے میں بھی بیع صحیح نہیں، بیع صحیح نہ ہونے کی دو وجہیں ہیں۔

ا۔ ایک وجہ یہ ہے کہ دوسرے میں بیع اس کے ثمن میں حصہ سے ہوگی، وہ ثمن جو دونوں کے مقابل تھا علیحدہ علیحدہ ثمن متعین نہیں تو یہ بیع ابتداء بالحصۃ ہوگئی، جہالت کی وجہ سے باطل ہے۔

تنبیہ: ہم نے ابتداء بیع بالحصہ کو باطل کہا ہے کیونکہ بقاء بیع بالحصہ جائز ہے جس کا ذکر نسخ کی نظیر کے مسئلہ میں انشاء اللہ قریب ہی آرہا ہے۔

۲۔ دوسری وجہ بیع کے صحیح نہ ہونے کی یہ ہے کہ دوسرے میں بیع مقتضی عقد کی شرط مخالف سے ہورہی ہے جو جائز نہیں۔ پہلے مسئلہ میں عبد کی بیع کو حر کی بیع سے مشروط کردیا گیا حالانکہ حر کی بیع کو عقد چاہتا ہی نہیں تو مقتضی عقد کی شرط مخالف سے مشروط کرنے کی وجہ سے بیع صحیح نہ رہی۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فصار البيع بالحصة ابتداء بأن يقسم الالف على قيمة العبد المبيع وقيمة الحربعد ان يفرض عبدا في الصورة الأولى وعلى قيمة العبد المبيع وقيمة الحربعد ان يفرض عبدا في الصورة الأولى وعلى قيمة العبد المبيع وقيمة العبد المستثنى في الثانية حتى لو كان قيمة كل واحد منهما خمسمائة فحصه العبد من الألف خمسمائة على التناصف وصورة البيع بالحصة ما اذا قال بعت منك هذا العبد بحصته من الألف الموزع على قيمته وقيمة ذلك العبد الآخر وهو باطل لجهالة الثمن وقت البيع. (التلويح)

مصنف نے بیع کے صحیح نہ ہونے کی ایک وجہ یہ بیان کی کہ بیع بالحصۃ ابتداء لازم آئے گی۔

پہلے مسئلہ میں مثال کے طور پر ایک ہزار درہم بغیر تعیین کے عبد مبیع اور حر کی قیمت پر تقسیم کیا جارہا ہے اور دوسرے مسئلہ میں عبد مبیع کی قیمت اور عبد مستثنیٰ کی قیمت پر ایک ہزار کو تقسیم کیا جارہا ہے۔ یہاں تک کہ اگر ہر ایک کی قیمت پانچ سو درہم ہو تو غلام کا حصہ تناصف میں پانچ سو درہم آیا (لیکن ابتداء میں اسے معین نہیں کیا گیا) تو بیع بالحصہ ہے۔

اور جب یہ کہا کہ یہ غلام جس کا ہزار درہم میں سے جو حصہ ہے اسے مستثنیٰ کیا جاتا ہے اور دوسرے کا جو حصہ ہے اس پر اسے بیچا جارہا ہے تو یہ بیع باطل ہے کہ وقت بیع میں ہی ثمن میں جہالت پائی گئی ہے۔

دوسرے مسئلہ میں عبد مستثنی مجہول کی بیع کو غیر مستثنی کی بیع کیلئے شرط قرار دیا جو جائز نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ولأن ما ليس بمبيع يصير شرطا وذلك لما جمع بينهما في الايجاب فقد شرط في قبول العقد في كل واحد منهما قبوله في الآخر حتى لايملك المشترى قبول احدهما دون الآخر، فان قيل هذا الاشتراط انما هو عند صحة الايجاب فيهما لئلا يكون المشترى ملحقا للضرر بالبائع في قبول احدهما دون الآخر بخلاف ما اذا لم يصح كما اذا اشترى عبدا ومكاتبا أومدبرا أوأم ولد يصح في العبد، قلنا الكلام في كونه شرطا فاسدا وذلك انما يكون عند عدم صحه الايجاب فيهما واما اذا صح فهو شرط صحيح وفيه نظر لأن حاصل السوال منع الاشتراط عند عدم صحة الايجاب فيهما وما ذكر لايدفع المنع.(التلويح)

مصنف نے اور وجہ بیع کے صحیح نہ ہونے کی یہ بیان کی کہ جو مبیع نہیں وہ شرط ہوگیا مبیع کیلئے کیونکہ دونوں ایجاب میں جمع ہیں، تحقیق قبول عقد میں ہر ایک دوسرے کے قبول ہونے کی شرط ہے یہاں تک مشتری کو یہ حق حاصل نہیں کہ دونوں میں سے ایک کو قبول کرے اور دوسرے کو قبول نہ کرے۔

اعتراض: یہ شرط تو اس وقت ہے جب ایجاب صحیح ہوتا کہ مشتری بیچنے والے ایک کے قبول کرنے اور دوسرے کو نہ قبول کرنے سے ضرر نہ دے، بخلاف اس کے جب ایجاب ہی صحیح نہ ہو تو وہ بیع دوسرے میں صحیح ہے جیسے غلام اور مکاتب یا مدبر یا ام ولد خریدے تو غلام میں بیع صحیح ہے کیونکہ مکاتب یا مدبر یا اُم ولد میں ایجاب ہی صحیح نہیں۔

جواب: ہمارا کلام ہی اس میں ہے کہ شرط فاسد ہو یہ اس وقت ہے جب ایجاب دونوں میں صحیح نہ ہو لیکن جب ایجاب صحیح تو وہ شرط صحیح ہے وہ جائز ہے۔

فیہ نظر سے جواب کے ضعف کی طرف اشارہ کیا کہ سوال کا حاصل یہ ہے کہ منع ہے شرط لگانا جبکہ ایجاب دونوں میں صحیح نہ ہو اسلئے سوال کو یہ جواب مندفع نہیں کر رہا۔

مصنف فرماتے ہیں:

ونظير النسخ ما اذا باع عبدين بألف فمات احدهما قبل التسليم يبقى العقد في الباقي بحصته فهذه المسئلة تناسب النسخ من حيث ان العبد الذى مات قبل التسليم كان داخلا تحت البيع لكن لما مات في يد البائع قبل التسليم انفسخ البيع فيه فصار كالنسخ لأن النسخ تبديل بعد الثبوت فلايفسد البيع في العبد الآخر مع انه يصير بيعا بالحصة لكن في حالة البقاء وانه غير مفسد لأن الجهالة الطارية لاتفسد. (التنقيح والتوضيح)

نسخ کی نظیر: جب ایک شخص نے دو غلام بیچے ایک ہزار درہم سے دونوں میں ایک فوت ہوگیا تسلیم سے پہلے تو باقی یعنی زندہ میں عقد باقی رہے گا اس کے ثمن کے حصہ کے مطابق۔

یہ مسئلہ نسخ کے مناسب ہے اس لحاظ پر کہ وہ غلام جو تسلیم سے پہلے فوت ہوگیا وہ بیع میں داخل تھا لیکن تسلیم سے پہلے ہی جب بائع کے ہاتھ میں فوت ہوگیا تو بیع اس میں فسخ ہوگئی، تو نسخ کی طرح ہوگیا اس لئے کہ نسخ بھی ثبوت کے بعد حکم کا تبدیل ہوتا ہے، لیکن دوسرے غلام میں بیع فاسد نہیں ہوگی باوجود اس کے کہ بیع بالحصہ ہے لیکن یہ حالت بقاء میں یہ مفسد نہیں کیونکہ جہالت طاریہ فاسد نہیں کرتی، بیع بالحصہ ابتداء منع ہے بقاء منع نہیں۔

مصنف فرماتے ہیں:

ونظير التخصيص ما اذا باع عبدين بألف على أنه بالخيار في احدهما صح، ان علم محل الخيار وثمنه لأن المبيع بالخيار يدخل في الايجاب لا الحكم فصار في السبب كالنسخ وفي الحكم كالاستثناء فاذا جهل احدهما لايصح لشبه الاستثناء واذا علم كل واحد منهما يصح لشبه النسخ ولم يعتبر هنا شبه الاستثناء حتى يفسد بالشرط الفاسد بخلاف

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله العبد الذى فيه الخيار داخل في الايجاب لورود الايجاب على العبدين لا في الحكم لما عرفت في موضعه من ان شرط الخيار يمنع الملك عن الثبوت لا السبب عن الانعقاد على ما سيجئ تحقيقه في فصل مفهوم المخالفة. (التلويح)

مصنف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ جس عبد میں اختیار رکھا گیا وہ ایجاب میں داخل ہے، اس لئے کہ ایجاب دونوں

الحر والعبد اذا بين حصة كل واحد منهما عند أبي حنيفة رحمه الله وبيان مناسبتها التخصيص ان التخصيص يشابه النسخ بصيغته والاستثناء بحكمه وهنا العبد الذى فيه الخيار داخل في الايجاب لا الحكم على ما عرف فمن حيث انه داخل في الايجاب يكون رده بخيار الشرط تبديلا فيكون كالنسخ ومن حيث انه غير داخل في الحكم يكون رده بخيار الشرط بيان انه لم يدخل فيكون كالاستثناء واذا كان له شبهان يكون كالتخصيص الذى له شبه بالنسخ وشبه بالاستثناء فلرعاية الشبهين قلنا ان علم محل الخيار وثمنه يصح البيع والا فلا.(التنقيح والتوضيح)

تخصیص کی نظیر :ایک شخص نے دو غلام بیچے ایک ہزار کے اس شرط پر کہ مجھے دونوں میں سے ایک میں اختیار ہے تو یہ بیع صحیح ہے۔اسلئے کہ جب محل خیار بھی معلوم ہو کہ فلاں میں مجھے اختیار ہے اور اس کا ثمن بھی معلوم ہو تو مبیع بالخیار ایجاب میں داخل ہوگا، حکم میں داخل نہیں ہوگا۔تو سبب میں نسخ کی طرح ہے اور حکم میں استثناء کی طرح ہے۔
جب دونوں میں سے ایک میں جہالت ہو تو بیع صحیح نہیں کیونکہ اب صرف استثناء کے مشابہ ہے، محل خیار مجہول ہے۔
اور جب دونوں میں سے ہر ایک کا علم ہو تو بیع صحیح ہے کیونکہ اس صورت میں وہ نسخ کے مشابہ ہے۔کیونکہ اس میں محل خیار معلوم ہے یہاں استثناء کی مشابہت کا اعتبار نہیں کہ شرط فاسد سے حکم فاسد ہوتا۔بخلاف حر اور عبد کی بیع جب بیان کرے ہر ایک کا حصہ ان میں سے تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک بیع پھر بھی فاسد ہے، صاحبین کے نزدیک جائز ہے۔

اس مسئلہ کی تخصیص سے بیان مناسبت : تخصیص مشابہ ہے نسخ کے باعتبار صیغہ کے اور مشابہ ہے استثناء کے باعتبار حکم کے، اور یہ عبد جس میں اختیار رکھا گیا ہے وہ ایجاب میں داخل ہے لیکن حکم میں داخل نہیں جیسا کہ پہلے یہ مسئلہ معلوم ہو چکا ہے۔
اس لحاظ پر کہ ایجاب میں داخل ہے تو خیار شرط سے رد ہونا تبدیلی ہے تو نسخ کی طرح ہو گیا، اور اس لحاظ پر کہ حکم میں

غلاموں پر وارد ہوا ہے لیکن وہ حکم میں داخل نہیں جسے تو اپنی جگہ پر پہچان چکا ہے۔وہ یہ ہے جو بیان کیا گیا کہ "شرط خیار منع کرتا ہے ملک کو ثبوت سے لیکن نہیں منع کرتا سبب انعقاد سے"۔
اس کی مزید تحقیق فصل مفہوم مخالف میں آئے گی۔

داخل نہیں تو خیار شرط سے رد کیا جانا بیان ہے اس کا کہ یہ استثناء کی طرح ہے۔
جب دو مشابہتیں حاصل ہو گئیں تو یہ مسئلہ تخصیص کی طرح ہو گیا کہ تخصیص کو نسخ سے بھی مشابہت حاصل ہے اور استثناء سے بھی مشابہت حاصل ہے۔
مسئلہ مذکورہ میں بھی دونوں شبہات کی رعایت کی گئی، ہم نے کہا اگر محل خیار اور ثمن معلوم ہو تو بیع صحیح ہے ورنہ صحیح نہیں۔

مصنف فرماتے ہیں:

وهذه المسئلة على اربعة أوجه احدها ان يكون محل الخيار وثمنه معلومين كما اذا باع هذا وذلك بألفين هذا بألف وذلك بألف صفقة واحدة على أنه بالخيار في ذلك والثاني ان يكون محل الخيار معلوما لكن ثمنه لايكون معلوما والثالث على العكس والرابع ان لايكون شئ منهما معلوما فلو راعينا كونه داخلا في الايجاب يصح البيع في الصور الأربع غاية ما في الباب انه يصير بيعا بالحصة لكنه في البقاء لا في الابتداء فلايفسد البيع، ولوراعينا كونه غير داخل في الحكم يفسد البيع في الصور الأربع اما اذا كان كل واحد من محل الخيار وثمنه معلوما فلأن قبول غير المبيع يصير شرطا لقبول المبيع واذا كان احدهما او كلاهما مجهولا فلهذه العلة ولجهالة المبيع أو الثمن أو كليهما فاذا علم ان شبه النسخ يوجب الصحة في الجميع وشبه الاستثناء يوجب الفساد في الجميع فراعينا الشبهين وقلنا اذا كان محل الخيار أو ثمنه مجهولا

علامہ تفتازانی چار صورتوں کو مثالوں سے واضح کرتے ہیں:

قوله وهذه المسئلة على اربعة اوجه لأنه اما ان يكون محل الخيار والثمن كلاهما معلومين، أومحل الخيار معلوما والثمن مجهولا أوبالعكس أو كلاهما مجهولين، مثال الأول باع سالما وغانما بالفين كلامنهما بألف صفقة واحدة على ان البائع أو المشترى بالخيار في سالم ثلاثة ايام، مثال الثاني باعهما بألفين على أنه بالخيار في سالم مثال الثالث باعهما بألفين كلاهما بألف على أنه بالخيار في أحدهما مثال الرابع باعهما بالفين على أنه بالخيار في أحدهما من غير تعيين لثمن كل واحد.

مصنف نے بیان کیا ہے کہ یہ مسئلہ چار وجوہ پر ہے، یا یہ ہے کہ محل خیار اور ثمن دونوں کا معلوم ہوگا یا محل خیار معلوم ہوگا

لایصح البیع رعایة لشبهه الاستثناء واذا کان کل منهما معلوما یصح البیع رعایة لشبه النسخ ولم یعتبر هنا شبه الاستثناء حتی یفسد بالشرط الفاسد وهو ان قبول ما لیس بمبیع یصیر شرطا لقبول المبیع بخلاف ما اذا باع الحر والعبد بالف صفقة واحدة وبین ثمن کل واحد منهما حیث یفسد البیع فی العبد عند أبی حنیفة رحمه الله لأن الحر غیر داخل فی البیع اصلا فیصیر کالاستثناء بلامشابهة النسخ فیکون ما لیس بمبیع شرطا لقبول المبیع. (التوضیح)

یہ مسئلہ چار وجوہ پر مبنی ہے:ا۔ایک ان میں سے یہ ہے کہ محل خیار اور ثمن دونوں ہی معلوم ہوں جس طرح دو غلام بیچے دو ہزار سے، ایک ہزار سے ایک اور ایک ہزار سے دوسرا دونوں کا سودا ایک ہو اور ایک معین غلام میں اختیار رکھے۔

۲۔دوسری وجہ ان میں سے یہ ہے کہ محل خیار معلوم ہو کہ فلاں معین میں مجھے اختیار ہے، لیکن اس کا ثمن علیحدہ معلوم نہ ہو بلکہ دونوں کا ثمن مجموع طور پر دو ہزار مقرر کیا ہے۔

۳۔تیسری وجہ اس دوسری وجہ کا عکس ہو کہ محل خیار معلوم نہ ہو، یہ کہے کہ مجھے دونوں میں سے ایک میں اختیار ہے لیکن ثمن ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ معلوم ہو کہ دونوں کو دو ہزار سے بیچے، ایک کا ثمن بھی ان میں سے مثال کے طور پر ایک ہزار علیحدہ مقرر کردے اور دوسرے کا ثمن بھی ایک ہزار علیحدہ مقرر کردے۔

۴۔چوتھی وجہ ان میں سے یہ محل خیار معلوم نہ ہو بلکہ یہ کہے کہ دونوں میں سے ایک میں مجھے اختیار ہے اور ثمن بھی معلوم نہ ہو بلکہ دونوں کا مجموعی ثمن دو ہزار مقرر کیا۔

ان چار صورتوں کی دو دو حالتیں :اگر ہم سب چار صورتوں میں یہ لحاظ کریں کہ دونوں غلام ایجاب میں داخل ہیں تو چار صورتوں میں ہی بیع صحیح ہوگی، انتہائی بات اس میں یہ ہوگی کہ بیع بالحصہ ہوگی لیکن بقاء ہوگی ابتداء نہیں تو بیع فاسد

اور ثمن مجہول ہوگا، یا بالعکس ہوگا یعنی محل خیار مجہول ہوگا اور ثمن معلوم ہوگا یا دونوں ہی یعنی محل خیار اور ثمن مجہول ہوں گے۔

پہلی وجہ کی مثال :ایک شخص نے دو غلام یعنی سالم اور غانم دو ہزار سے بیچے ایک ہی سودے سے اور ہر ایک کا ثمن ایک ایک ہزار مقرر کیا، مشتری یا بائع ایک معین یعنی سالم میں تین دونوں کا اختیار رکھا۔

دوسری وجہ کی مثال :دونوں کو دو ہزار سے بیچا ہر ایک کا ثمن علیحدہ مقرر نہ کیا لیکن اختیار تین دنوں کا معین یعنی سالم میں رکھا۔

نہیں ہوگی۔ اور اگر ہم رعایت کریں کہ چاروں صورتوں میں حکم میں دونوں داخل نہیں تو بیع چار صورتوں میں ہی فاسد ہوگی۔

چار صورتوں میں جواز اور عدم جواز کی تفصیل :جب ہر ایک کا محل خیار بھی معلوم اور ثمن بھی علیحدہ علیحدہ معلوم ہو تو غیر مبیع کا قبول شرط ہوگا مبیع کے قبول کیلئے۔ اور جب دونوں میں سے ایک یا دونوں مجہول ہوں تو یہ علت ہے اور مبیع یا ثمن یا دونوں مجہول ہیں تو جب یہ معلوم ہو کہ ان کو نسخ کی مشابہت حاصل ہے تو جمیع صورتوں میں بیع جائز ہوگی۔ اور جب انہیں استثناء کی مشابہت کا اعتبار کیا جائے تو سب وجوہ میں بیع فاسد ہوگی۔

ہم دونوں شبہات کی رعایت کرتے ہوئے یہ کہیں گے :جب محل خیار یا ثمن مجہول ہو تو استثناء کی مشابہت کا لحاظ کرتے ہوئے بیع صحیح نہیں ہوگی (اور محل خیار اور ثمن دونوں کے مجہول ہونے پر بیع کا فاسد ہونا بہت واضح ہے) اور جب دونوں "محل خیار اور ثمن" معلوم ہوں تو بیع صحیح ہوگی نسخ کی مشابہت کی رعایت کرتے ہوئے۔ اس صورت میں استثناء کی مشابہت کا اعتبار نہیں کہ شرط فاسد سے بیع فاسد ہو وہ شرط یہ ہے کہ غیر مبیع کے قبول کو شرط بنایا گیا مبیع کے قبول کرنے کے۔

تیسری وجہ کی مثال :دونوں کو دو ہزار سے بیچا، ہر ایک کا ثمن ایک ایک ہزار علیحدہ علیحدہ مقرر کیا لیکن اختیار دونوں میں سے ایک غیر معین میں رکھا۔

چوتھی وجہ کی مثال :دونوں کو دو ہزار سے بیچا، دونوں میں سے ایک میں اختیار رکھا اور کسی ایک کا ثمن علیحدہ متعین نہیں کیا، یعنی محل خیار اور ثمن دونوں مجہول ہیں۔

علامہ تفتازانی چار وجوہ میں جواز اور عدم جواز کی وضاحت کرتے ہیں:

ولانما فيه الخيار فرعاية شبه النسخ اعنى كون محل الخيار داخلا فى الايجاب تقتضى صحة البيع فى الصور الأربع لأن كلا من العبدين بالنظر الى ايجاب مبيع بيعا واحدا فلايكون بيعا بالحصة ابتداء بل بقاء ورعاية شبه الاستثناء اعنى كون محل الخيار غير داخل فى الحكم تقتضى فساد البيع فى الصور الاربع لوجود الشرط الفاسد فى الأولى مع جهالة الثمن فى الثانية وجهالة المبيع فى الثالثة وجهالتهما فى الرابعة فلرعاية الشبهين صح البيع فى الصورة الأولى دون الثلاثة الباقية، اعنى صح فى الأولى رعاية لشبه النسخ ولم يصح فى البواقى رعاية لشبه

بخلاف اس کے جب حر اور عبد کی بیع ایک ہزار سے کریں ایک ہی سودے سے اور ہر ایک کا علیحدہ علیحدہ ثمن بیان بھی کردیں تو پھر بھی امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک بیع عبد میں بھی فاسد ہے اسلئے کہ حر بیع میں داخل ہی نہیں تو اسے صرف استثناء کے مشابہ سمجھا جائے گا، نسخ کے مشابہ نہیں سمجھا جائے گا، کہ غیر مبیع شرط ہو قبول مبیع کیلئے۔

الاستثناء ووجه الاختصاص ان معلومية محل الخيار والثمن ترجح جانب الصحة فيلائم شبه النسخ المقتضى للصحة وجهالة محل الخيار أو الثمن أو كليهما ترجح جانب الفساد فيلائم شبه الاستثناء.(التلويح)

یہ لحاظ کیا جائے کہ اس میں اختیار ہے تو نسخ کے مشابہ ہے، یعنی اس کا محل خیار ہونا داخل ہے ایجاب میں جو چار صورتوں میں صحت بیع کا تقاضا کرتا ہے، کیونکہ دونوں غلام ایجاب کی طرف نظر کرتے ہوئے ایک ہی بیع سے مبیع ہیں، یہ بیع بالحصہ ابتداء نہیں بلکہ بقاء ہے جو جائز ہے۔ اور استثناء کی مشابہت کا لحاظ کرتے ہوئے یعنی محل خیار حکم میں داخل نہیں یہ چار صورتوں میں بیع کے فساد کا تقاضا کرتی ہے۔ پہلی میں وجہ شرط فاسد ہے، اور دوسری میں ثمن کی جہالت ہے، اور تیسری میں مبیع کی جہالت ہے، اور چوتھی میں دونوں کی جہالت ہے۔

دونوں شبہات کی رعایت کرتے ہوئے بیع صحیح ہے پہلی صورت میں، باقی تین صورتوں میں بیع صحیح نہیں۔ میری مراد یہ ہے کہ پہلی صورت میں نسخ کے شبہ کی رعایت ہے جو جواز کا تقاضا کرتی ہے اور باقی تین میں نسخ کی رعایت نہیں کیونکہ ان میں استثناء کی مشابہت کی رعایت کی گئی۔

وجہ اختصاص مشابہت: بیشک محل اور ثمن کا معلوم ہونا ترجیح دیتا ہے جانب صحت کو تو وہ شبہ نسخ کے مناسب ہے جو صحت کا تقاضا کرتی ہے۔ محل خیار، یا ثمن یا دونوں کی جہالت جانب فساد کو ترجیح دیتی ہے، تو استثناء کی مشابہت کے مناسب ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

وقد يقال ان في كل من الصور عملا بالشبهين اما في الأولى فلأن شبه الاستثناء ايضا يوجب صحتها لكونه استثناء معلوم واما في الثانية فلأن شبه النسخ يوجب انعقاده في العبدين فلاينعقد بالشك، وفيه نظر اما اولا فلأن معنى شبه الاستثناء ان محل الخيار غير داخل في الحكم فيكون بهذا الاعتبار غير مبيع فيكون قبوله شرطا فاسدا مفسدا للبيع ومعلومية الاستثناء لاندفع ذلك

ولهذا جعل الاستثناء فی صورة جهالة الثمن وحده موجبا للفساد مع انه معلوم، وأما ثانیا فلأن الأصل فی العقود هو الانعقاد والجواز اذ لم توضع فی الشرع الا لذلک فعلی ما ذکره یلزم ان لایثبت الفساد فی شیء من الصور لأنه لایثبت بالشک. (التلویح)

کبھی یہ کہا جاتا ہے کہ ہر صورت میں دونوں شبہات کا لحاظ کیا جائے، مثال کے طور پر پہلی صورت میں استثناء کی مشابہت اس کی صحت کو ثابت کرتی ہے کیونکہ استثناء معلوم ہے۔ دوسری صورت کو نسخ کی مشابہت بھی حاصل ہے کیونکہ نسخ کی مشابہت غیر محل خیار میں عقد کے لزوم کو ثابت کرے گی کیونکہ جہالت ثمن عارضی طور پر جاری ہے، اور شبہ استثناء فساد ثابت کرے گا تو شک واقع ہو گیا اور شک سے جواز ثابت نہیں ہو سکتا۔

دو اخیر صورتوں میں بھی تقریباً یہی کیفیت ہے کہ شبہ استثناء عقد کا فساد ثابت کرتا ہے اور شبہ نسخ دونوں غلاموں میں انعقاد ثابت کرتا ہے، تو شک سے جواز ثابت نہیں۔

فیہ نظر، سے اس قول کو دو وجہ سے ضعیف قرار دیا، پہلی وجہ یہ ہے کہ شبہ استثناء کا مطلب یہ ہے کہ محل خیار حکم میں داخل نہیں تو اس اعتبار سے محل خیار مبیع ہی نہیں تو اس کا قبول کرنا شرط فاسد ہے جس کی وجہ سے بیع فاسد ہے، اور معلومیت استثناء اسے مندفع نہیں کر سکتی اسی وجہ سے جہالت ثمن کی صورت میں صرف استثناء کا اعتبار کیا جو موجب فساد ہے باوجود اس کے کہ وہ معلوم ہے۔

دوسری وجہ ضعف یہ بیان کی گئی کہ اصل عقود میں جواز اور انعقاد ہے جب شرع میں عقد کو وضع ہی اس لئے کیا گیا ہے، اور علاوہ اس کے اس قول کے قائل نے بھی عدم جواز ثابت کر لیا ہے کہ تمام صورتوں میں فساد لازم نہیں آتا لیکن شک سے جواز ثابت نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ولجهالة المبیع أو الثمن، فان قیل جهالة الثمن طارئة بعارض الخیار بعد صحة التسمیة فلایمنع الجواز کما فی بیع القن مع المدبر، اجیب بأن حکم العقد لما انعدم فی محل الخیار بنص قائم من کل وجه وهو الخیار لزم انعدامه من کل وجه لأن العقد لاینعقد الا بحکمة فصار الایجاب فی حق الحکم فی محل الخیار بمنزلة العدم کما فی بیع الحر فیبقی الایجاب فی حق الآخر بحصة من الثمن ابتداً بخلاف المدبر مع القن فان الایجاب تناولهما وانما امتنع الحکم فیه لضرورة صیانة حقه لابنص قائم یمنع ثبوت الحکم فیه والثابت بالضرورة

لایظهر حکمه فی غیر موضع الضرورة فیبقی الایجاب متناولا فیما وراء هذه الضرورة کذا فی شرح التقویم وقیل محل الخیار لایدخل تحت الحکم فیصیر الثمن مجهولا من الابتداء بخلاف المدبر فانه یدخل فی العقد والحکم جمیعا لأنه قابل له بقضاء القاضی ثم یخرج فیحدث جهالة ثمن القن.(التلویح)

مصنف نے بیان کیا کہ جہالت مبیع یا جہالت ثمن یا دونوں کی جہالت سے بیع فاسد ہوگی۔

اس پر اعتراض یہ کیا گیا کہ ثمن کی جہالت تسمیہ کی صحت کے بعد خیار کے عارض کی وجہ سے جاری ہے یہ جواز کو منع نہیں کرتی جیسے قن اور مدبر کی بیع۔

اس کا جواب یہ دیا گیا کہ محل خیار میں عقد کا حکم جب نص کے ذریعے منعدم ہے من کل وجہ، وہ نص محل خیار ہی ہے تو اس کا بھی انعدام لازم آئے گا من کل وجہ کیونکہ عقد محل خیار کی وجہ سے ہی منعقد نہیں تو محل خیار میں ایجاب حکم کے حق میں بمنزلہ عدم کے ہوگیا، جس طرح حر کی بیع میں ایجاب معدوم ہوتا ہے تو دوسرے کے حق میں ایجاب حصہ ثمن کے بدلے میں ابتداء ہے۔

بخلاف مدبر کے بیع قن (عبد) کے ساتھ ایجاب ان دونوں کو شامل ہے، لیکن مدبر میں حکم ممتنع ہے اس کے حق کو بچانے کیلئے کہ اس نے موت کے بعد آزاد ہوجانا ہے، مدبر میں حکم کسی نص کے قائم ہونے سے ممتنع نہیں۔ جو ضرورۃ کی وجہ سے ثابت ہو وہ غیر ضرورت میں ثابت نہیں ہوتا ایسا نہیں ہوسکتا کہ ضرورت کے ماسوا میں بھی ایجاب ثابت ہو، شرح تقویم میں ایسے ہی ذکر کیا گیا ہے۔

بعض حضرات نے کہا کہ محل خیار حکم میں داخل ہی نہیں تو ثمن ابتداء مجہول ہوگیا بخلاف مدبر کے کہ بیشک وہ داخل ہے عقد اور حکم میں جمیعا اسلئے کہ وہ قضاء قاضی سے عقد کو قبول کرتا ہے لیکن پھر اس حکم سے (ضرورت کی وجہ سے) نکل گیا تو قن (عبد) کے ثمن میں جہالت واقع ہوگئی۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں :قوله ولم یعتبرهنا اشارة الی جواب سوال تقریره ان البیع فی الصورة الأولی ینبغی ان یکون فاسدا بناء علی وجود الشرط الفاسد وهو صیرورة قبول ما لیس بمبیع شرطا لقبول المبیع کما فی بیع العبد مع الحروتقریر الجواب ان کون محل الخیار غیر مبیع انما هو باعتبار شبه الاستثناء لأنه غیر داخل فی الحکم وأما باعتبار شبه النسخ فهو مبیع لکونه

مصنف نے فرمایا:

فصل في الفاظه ، وهي اما عام بصيغته ومعناه كالرجال واما بمعناه وهذه اما ان يتناول المجموع كالرهط والقوم وهوفي معنى الجمع أو كل واحد على سبيل الشمول نحومن يأتيني فله درهم أوعلى سبيل البدل نحومن يأتيني اوّلا فله درهم فالجمع وما في معناه

داخلا في الايجاب فيكون قبوله شرطا صحيحا بخلاف الحرأو العبد المصرح باستثنائه فانه ليس بمبيع أصلا والحاصل ان محل الخيارمبيع من وجه دون وجه فاعتبرفي صورة معلومية محل الخياروالثمن جهة كونه مبيعا حتى لايفسد البيع رعاية لشبه النسخ وفي غيرها جهة كونه غيرمبيع حتى يفسد رعاية لشبه الاستثناء .(التلويح)

مصنف کا قول لم يعتبر هنا ، یہ ایک سوال کا جواب ہے۔سوال کی تقریر یہ ہے کہ پہلی صورت (یعنی جب محل خیار معلوم اورثمن بھی معلوم ہو) میں لائق ہے کہ بیع فاسد ہو کیونکہ اس کی بناء شرط فاسد پر ہے وہ یہ ہے کہ محل خیار تو مبیع نہیں غیر مبیع کی قبولیت کو مبیع کے قبول کرنے کی شرط قرار دیا۔جس طرح عبد کی بیع حر سے جائز نہ ہونے کی یہی وجہ ہے۔

جواب کی تقریر یہ ہے کہ محل خیار کا مبیع نہ ہونا شبہء استثناء کی وجہ سے ہے کیونکہ وہ حکم داخل نہیں،لیکن محل خیار نسخ کی مشابہت کی وجہ سے مبیع ہے کیونکہ ایجاب میں داخل ہےتو اس کا قبول کرنا شرط صحیح ہے،فاسد نہیں۔بخلاف حر کے یا اس غلام کے جس کو واضح طور پر بیع سے مستثنیٰ رکھا گیا ہو وہ بالکل مبیع ہی نہیں۔

حاصل کلام یہ ہے کہ محل خیار من وجہ مبیع ہے اور من وجہ مبیع نہیں تو محل خیار کے معلوم ہونے اور ثمن کے معلوم ہونے کی وجہ سے وہ مبیع ہے اس میں بیع فاسد نہیں کہ نسخ کی مشابہت کی رعایت کی جائے اور اس کے غیر میں غیر مبیع کی جہت پائی گئی اسلئے اس میں بیع فاسد ہے اسے استثناء کی مشابہت حاصل ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فصل في الفاظه، اى في الفاظ العام على ما ذكره المصنف حيث فسر قوله منها بقوله اى من الفاظ العام والأولى الفاظ العموم على ما ذكره غيره وهي اما لفظ عام بصيغته ومعناه بأن يكون اللفظ مجموعا والمعنى مستوعبا سواء وجد له مفرد من لفظه كالرجال اولا كالنساء وأما عام بمعناه فقط بأن يكون اللفظ مفردا مستوعبا لكل ما يتناوله.(التلويح)

یطلق علی الثلاثة فصاعدا ای یصح اطلاق اسم الجمع والقوم والرھط علی کل عدد معین من الثلاثة فصاعدا الی ما لانھایة لہ فاذا اطلقت علی عدد معین تدل علی جمیع افراد ذلک العدد المعین فاذا کان لہ ثلاثة عبید مثلا أوعشرة عبید فقال عبیدی احرار بعتق جمیع العبید ولیس المراد انہ یحتمل الثلاثة فصاعدا فان ھذا ینافی معنی العموم لأن أقل الجمع ثلاثة وعند البعض اثنان لقولہ تعالی فان کان لہ اخوة والمراد اثنان وقولہ تعالی فقد صغت قلوبکما وقولہ علیہ الصلوة والسلام الاثنان فما فوقھا جماعة .(التنقیح والتوضیح)

فصل عام کے الفاظ کی بحث میں :کبھی عام کے الفاظ صیغہ اور معنی دونوں لحاظ پر عام ہوں گے جیسے رجال اور یا عام ہوگا معنی کے لحاظ پر، صیغہ کے لحاظ پر نہیں، یعنی صیغہ مفرد کا ہوگا لیکن مجموع کو شامل ہوگا جس طرح رہط اور قوم یہ جمع کے معنی میں ہے۔

یا عام کا صیغہ ہر ایک پر علی سبیل الشمول بولا جائے گا جیسے "من یاتینی فلہ درھم "یا عام کے صیغہ کو اطلاق ہر ایک پر علی سبیل البدل ہوگا جیسے "من یاتینی اولا فلہ درھم"۔

دونوں میں فرق :علی سبیل الشمول میں حکم کل واحد پر ہوگا خواہ وہ منفرد ہو یا اس کے ساتھ اور بھی ہوں خواہ مجتمع ہو یا علی سبیل التعاقب ہوں، اور ہر سبیل البدل میں حکم کل واحد پر علی الانفراد ہوگا، علی الاجتماع حکم نہیں ہوگا۔

جمع اور جو اس کے معنی میں ہیں اس کا اطلاق یا تین سے زائد پر ہوتا ہے، اس جمع اور قوم اور رہط کا ہر عدد معین پر تین سے لے کر مالانھایۃ لہ پر اطلاق ہوتا ہے۔عدد معین سے مراد یہ ہے کہ جب تم عدد معین پر اطلاق کرو تو سب افراد

مصنف نے ذکر کیا "فصل فی الفاظہ" تو علامہ تفتازانی فرماتے ہیں ضمیر کا مرجع "عام" ہے یعنی عام کے الفاظ کے بیان میں مصنف نے آگے اسی کی تفسیر بیان کی ہے۔بہتر یہ تھا کہ "الفاظ عموم" ذکر کیا جاتا جسطرح دوسرے مصنفین نے ذکر کیا ہے۔

کبھی لفظ عام صیغہ اور معنی دونوں کے لحاظ سے عام ہوتا ہے کہ صیغہ بھی جمع کا ہوتا ہے اور اس کا معنی بھی عام کو شامل ہوتا ہے، اس کی پھر دو صورتیں کبھی اس کا مفرد اسی لفظ سے ہوگا جیسے رجال کا مفرد رجل ہے، اور کبھی اس کا مفرد اسی لفظ سے نہیں ہوگا جیسے نساء کا واحد امرأۃ ہے، کبھی معنی کے لحاظ پر عام ہوگا فقط، یعنی لفظ مفرد ہوگا لیکن جتنے افراد کو وہ شامل ہوگا سب اس نے گھیر رکھا ہوگا۔

پردلالت کرے گا جو اس کے معدود و معین ہیں۔ جب کسی کے تین غلام ہوں مثلاً یا دس غلام ہوں اور وہ کہے "عبیدی احرار" تو اس کے تمام غلام آزاد ہوں گے معنی عموم کا اعتبار کرتے ہوئے اگر چہ ان کی تعداد معین۔ عموم کے ضمن میں عدد معین آئیں گے لیکن مطلقاً عدد معین پر "عبیدی احرار" کا اطلاق عموم کے منافی ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

ولايتصور ان يكون العام عاما بصيغته فقط اذ لابد من استيعاب المعنى، وهذا اى العام بمعناه فقط اما ان يتناوله مجموع الأفراد واما ان يتناول كل واحد والمتناول لكل واحد اما ان يتناوله على سبيل الشمول أوعلى سبيل البدل فالأولى ان يتعلق الحكم بمجموع الأحاد لا بكل واحد على الانفراد وحيث يثبت للأحاد انما يثبت لأنه داخل فى المجموع كالرهط اسم لما دون العشرة من الرجال لايكون فيهم امرأة والقوم اسم لجماعة الرجال خاصة فالرهط مفرد بدليل انه يثنى ويجمع ويوجد الضمير العائد اليه مثل الرهط دخل والقوم خرج.

ایسا تصور میں نہیں آسکتا کہ ایک صرف صیغہ کے لحاظ پر عام ہو، اور معنی کے لحاظ پر عام نہ ہو اس لئے کہ عام کیلئے یہ ضروری ہے کہ معنی کو گھیرے۔

صرف معنی کے لحاظ سے عام کی پھر چند صورتیں ہیں، یا وہ مجموع افراد کو شامل ہوگا یا ہر ایک ایک کو شامل ہوگا، اگر ہر ایک کو شامل ہو تو اس میں پھر دو صورتیں ہیں، یا شامل ہوگا علی سبیل الشمول یا علی سبیل البدل شامل ہوگا۔

عام کی پہلی قسم کا تعلق مجموع احاد سے ہوگا نہ کہ انفرادی طور پر ہر ایک سے، اگر حکم احاد کو ثابت ہوا تو اس لحاظ پر ہوگا کہ یہ مجموع میں داخل ہیں، جیسے رھط تین سے لے کر نو تک مردوں کو شامل ہے جن میں کوئی عورت نہ ہو، اسی طرح قوم بھی مردوں کی ایک جماعت پر خاص کر کے بولا جاتا ہے۔ رہط اور قوم لفظ مفرد ہیں، ایک دلیل تو اس پر یہ ہے کہ ان کا تثنیہ اور جمع آتے ہیں۔ دوسری دلیل یہ ہے کہ ان کی طرف واحد کی ضمیر لوٹتی ہے جیسے کہا جائے "الرهط دخل والقوم خرج"۔

علامہ تفتازانی لفظ قوم کے متعلق تحقیق بیان کرتے ہیں:

والتحقيق ان القوم فى الأصل مصدر قام فوصف به ثم غلب على الرجال خاصة لقيامهم بامور النساء ذكره فى الفائق وينبغى ان يكون هذا تاويل ما يقال ان قوما جمع قائم كصوم جمع

جمع اور معنیٰ جمع کا اطلاق تین یا تین سے زیادہ پر ہے کیونکہ جمع کے کم ازکم افراد تین ہیں۔
بعض حضرات نے کہا جمع کے کم ازکم افراد دو ہیں، جیسے ارشاد باری تعالیٰ "فان کان لہ اخوۃ فلأمہ السدس"
یہاں اخوۃ جمع کا اطلاق دو پر ہے۔ اور رب تعالیٰ کا ارشاد "فقد صغت قلوبکما" میں قلوب کا اطلاق دو پر ہے۔
اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا "الاثنان فما فوقھما جماعۃ" دو اور دو سے اوپر جماعت ہے۔
اپنا اختیار بعد میں ذکر کیا جائے گا، پہلے بحث مذکور پر تلویح کا ذکر کیا جاتا ہے۔

صائم والا ففعل لیس من ابنیۃ الجمع و کل منھما متناول لجمیع احادہ لا لکل واحد من حیث أنہ واحد حتی لو قال الرھط أو القوم الذی یدخل ھذا الحصن فلہ کذا فدخلہ جماعۃ کان النفل لمجموعھم ولو دخلہ واحد لم یستحق شیئا. (التلویح)

تحقیق یہ ہے کہ لفظ قوم مصدر ہے قام کا، اس کے ساتھ وصف قیام بیان کیا جاتا ہے پھر غالب طور پر مردوں پر اس کا اطلاق ہونے لگا کہ وہ عورتوں کے امور کو قائم کرنے والے ہیں، یہ تاویل فائق "النھر الفائق" میں ذکر کی گئی ہے۔
اور مناسب یہ ہے کہ تاویل اس طرح کی جائے کہ قوم جمع ہے قائم کی، جیسے صوم جمع صائم کی اور صحب جمع ہے صاحب کی، ورنہ یہ فعل (حدث ومصدر) ہے، مصدر جمع کی بناؤں سے نہیں۔ ہر ایک دونوں (رہط اور قوم) میں سے جمع احاد کو شامل ہیں، ایک ایک فرد کو شامل نہیں لیکن بحیثیت واحد ہونے کے، البتہ قوم کا فرد ہونے کے اسے شامل ہے۔
اگر کوئی شخص کہے "الرھط أو القوم الذی یدخل ھذا الحصن فلہ کذا" رہط یا قوم جو اس قلعہ میں داخل ہوئی اس کیلئے اسطرح کا انعام ہے، اگر ایک جماعت داخل ہوئی تو ان تمام کیلئے وہ انعام ہوگا اگر ایک فرد داخل ہوا تو وہ اس انعام کا مستحق ہوگا۔ ہاں اگر "من الرھط، من القوم" بولتا تو ایک فرد بھی نفل مال غنیمت سے زائد قائد کا مقرر کردہ انعام حاصل کر لیتا۔

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب بیان فرماتے ہیں:

فان قلت فاذا لم یتناول کل واحد فکیف یصح استثناء الواحد منہ فی مثل جاء نی القوم الازید ومن شرطہ دخول المستثنی فی حکم المستثنی منہ لولا الاستثناء، قلت یصح من حیث ان مجیٔ المجموع لایتصور بدون مجیٔ کل واحد حتی لو کان الحکم متعلقا بالمجموع من حیث ھو المجموع من غیر ان یثبت لکل فرد لم یصح الاستثناء مثل یطیق رفع ھذا الحجر القوم الا

زيدا وهذا كما يصح عندى عشرة الا واحدا، ولايصح العشرة زوج الا واحدا اذ ليس الحكم على الاحاد بل على المجموع.(التلويح)

اعتراض: جب کل واحد کو شامل نہیں تو ایک کی استثناء کیسے صحیح ہے؟ کہ یہ کہا جائے "جاء نی القوم الا زید" حالانکہ شرط یہ ہے کہ جب استثناء نہ آئے تو مستثنیٰ داخل ہوتا ہے مستثنیٰ منہ کے حکم میں۔

جواب: اسی طرح ایک کا مستثنیٰ کرنا صحیح ہے کہ مجموع کا آنا ہر ایک کے آنے کے بغیر متصور نہیں، یہاں تک اگر حکم مجموع من حیث المجموع متعلق بغیر ہر فرد پر حکم ثابت ہونے کے تو ایک فرد کا استثناء صحیح نہیں، جیسے کہا جائے "يطيق رفع هذا الحجر القوم الا زيدا" یہ کہنا صحیح نہیں کیونکہ بھاری پتھر کو اٹھانا مجموع قوم کا کام ہے ایک ایک کا نہیں اسلئے ایک فرد کا استثناء صحیح نہیں۔

اور یہ کہنا صحیح ہے "عندى عشرة الا واحدا" اس لئے کہ متکلم کے پاس دس کا مجموع افراد پر مبنی ہے اور یہ کہنا صحیح نہیں "عندى العشرة زوج الا واحد" میرے پاس دس جوڑے ہیں مگر ایک۔ یہاں حکم مجموع پر ہے ایک کا استثناء صحیح نہیں۔

علامہ تفتازانی الفاظ عام کی دوسری اور تیسری قسم کو بیان کرتے ہیں:

والثانى ان يتعلق الحكم بكل واحد سواء كان مجتمعا مع غيره أومنفردا عنه مثل من دخل هذا الحصن فله درهم فلو دخله واحد استحق درهما ولو دخله جماعة معا أومتعاقبين استحق كل واحد الدرهم، والثالث ان يتعلق الحكم بكل واحد بشرط الانفراد وعدم التعلق بواحد آخر مثل من دخل هذا الحصن أولا فله درهم فكل واحد دخله اوّلا منفردا استحق الدرهم ولو دخله جماعة معا لم يستحقوا شيئا ولو دخله متعاقبين لم يستحق الا الواحد السابق سيأتى تحقيق ذلك.(التلويح)

الفاظ عام کی دوسری قسم یہ ہے کہ عام بالمعنی ہو فقط اور اس میں شمول کی لحاظ پایا جائے، اس قسم میں حکم کا تعلق ہر ایک سے ہوگا برابر ہے کہ وہ غیر سے مجتمع ہو، یا منفرد ہو۔ مثال کے طور پر ایک شخص یہ کہے "من دخل هذا الحصن فله درهم" جو شخص اس قلعہ میں داخل ہوا اس کیلئے ایک درہم ہے۔ تو اگر ایک شخص اکیلے ہی داخل ہوا تو وہ درہم کا مستحق ہوگا، اگر اس کے ساتھ ایک جماعت داخل ہو مجتمع ہو کر یا آگے پیچھے تو سب ایک ایک درہم کے مستحق ہوں گے، یعنی انعام ہر ایک کا ایک ایک درہم ہوگا۔

الفاظ عام کی تیسری قسم یہ ہے: کہ عام بالمعنی ہو فقط اور اس کا تعلق ہر ایک سے ہو لیکن وہ منفرد ہو، اس حکم کا تعلق کسی دوسرے سے نہیں ہوگا، مثال کے طور پر کوئی شخص کہے "من دخل هذا الحصن اوّلا فله درهم" تو اس قول میں ہر ایک جو پہلے داخل ہوگا وہ درہم کا مستحق ہوگا، اور اگر ایک جماعت داخل ہوئی تو وہ کسی چیز کے مستحق نہیں ہوگے، اور اگر کئی داخل ہوئے آگے پیچھے تو ان میں سے پہلے داخل ہونے والا ایک ہی مستحق ہوگا، عنقریب اس کی تحقیق آئے گی۔

علامہ تفتازانی تینوں میں مختصر فرق بیان کرتے ہیں:

فالحكم في الأول مشروط بالاجتماع وفي الثالث بالانفراد وفي الثاني غيرمشروط منهما. (التلويح)

عام کے الفاظ کی پہلی قسم (صیغہ بھی عام اور معنی بھی عام ہو) میں حکم مشروط ہے اجتماع سے۔ اور تیسری قسم عام بالمعنی علی سبیل البدل میں انفراد شرط ہے۔ اور دوسری قسم میں دونوں شرطوں میں سے کوئی بھی نہیں۔ (تفصیل پہلے بیان کی جا چکی ہے)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فالجمع مثل الرجال والنساء وما في معناه من العام المتناول للمجموع مثل الرهط والقوم يصح اطلاقه على اى عدد كان من الثلاثة الى ما لانهاية له يعني ان مفهومه جميع الأحاد سواء كانت ثلاثة أواربعة أوما فوق ذلك وليس المراد أنه عند الاطلاق يحتمل ان يراد به الثلاثة أوان يراد به الأربعة وغيرذلك من الأعداد لأنه حينئذ يكون مبهما غيردال على الاستغراق فلايوجب العموم بل ينافيه لأن الدلالة على الاستغراق شرط فيه ولايخفى ان الكلام في الجمع المعرف وأما فسيأتي ذكره وكذا سائراسماء المجموع والا فقد سبق ان الرهط اسم لما دون العشرة من الرجال على ما صرح به في كتب اللغة فصارالحاصل ان المعرف باللام من المجموع واسمائها كجمع القلة مثل المسلمين والمسلمات والانفس ونحوذلك. (التلويح)

جمع جیسے الرجال اور النساء اور جو عام کے الفاظ جمع کے معنی میں ہیں جیسے الرھط، اور القوم ان کا اطلاق صحیح ہے کوئی عدد بھی ہو تین سے لے کر مالانہایۃ تک، یعنی مفہوم اس کا جمیع احاد ہیں خواہ وہ جمیع افراد ہی تین ہوں یا چار ہوں یا اس سے اوپر ہوں۔ یہ مراد نہیں ہوسکتا کہ جمع یا معنی جمع کا اطلاق ہی اعداد پر ہوتا ہے یعنی ان کے اطلاق سے مراد تین یا چار فرد نہیں کیونکہ اعداد میں استغراق نہیں تو ان کے ذکر سے عموم ثابت نہیں، تو یہ جمع اور معنی جمع کے منافی ہے کیونکہ ان میں

استغراق شرط ہے۔

یہ مخفی نہیں کہ وہ جمع یا اسم جمع جو استغراق پر دلالت کرتی ہیں وہ معرف باللام ہیں جس کا ذکر عنقریب آئے گا ورنہ پہلے گزر چکا ہے کہ "رهط" (نکرہ) تین سے مادون العشرۃ مردوں پر بولا جاتا ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ جمع، اسم جمع، جمع قلت، جمع کثرت جب معرف باللام ہوں تو ان میں استغراق ہوگا، جب معرف باللام نہ ہوں تو استغراق نہیں ہوگا، مسلمون، مسلمات، انفس وغیرہ پر الف لام آئے تو استغراق ہوگا ورنہ نہیں۔

علامہ تفتازانی تحقیق بیان کرتے ہیں:

واما تحقيق ان الموضوع للعموم هو مجموع الاسم وحرف التعريف أو الاسم بشرط التعريف، وعلى الثاني هل يصير مشتركا حيث وضع بدون التعريف لمطلق الجمع وان هذا الوضع لاشك أنه نوعي فكيف يكون اللفظ باعتباره حقيقة وان الحكم في مثله على كل جمع أو على كل فرد وأنه للأفراد المحققة خاصة أو المحققة والمقدرة جميعا وان مدلوله الاستغراق الحقيقي أو أعم من الحقيقي والعرفي فالكلام فيه طويل لايحتمله المقام. (التلويح)

تحقیق یہ ہے کہ عموم کیلئے "اسم اور حرف تعریف" کا مجموع وضع کیا جاتا ہے، یا اسم کی وضع تو بغیر حرف تعریف کے ہے لیکن اس میں استغراق کا معنی لینے کیلئے شرط یہ ہے کہ اس پر الف لام تعریف کا داخل ہو، اس دوسری صورت میں کیا وہ مشترک ہے جب اسے وضع کیا گیا بغیر تعریف کے مطلق جمع کیلئے، بیشک اس وضع میں کوئی شک نہیں کہ یہ وضع نوعی ہے۔

بیشک لفظ کا اعتبار کرتے ہوئے حقیقت ہوگا، اور ہر جمع پر اسی قسم کا حکم ہوگا یا ہر فرد پر، اور اس کے افراد فقط محقق ہوں گے یا محقق ومقدر کا مجموع ہوگا، اور مدلول اس کا استغراق حقیقی ہوگا یا حقیقی اور عرفی کو عام ہوگا، ان احتمالات میں کلام طویل ہے جس کا یہ مقام متحمل نہیں ہوسکتا۔

مصنف جمع کے متعلق اپنا مختار بیان کرتے ہیں:

ولنا اجماع اهل اللغة فی اختلاف صیغ الواحد والتثنیة والجمع ولانزاع فی الأرث والوصیة فان اقل الجمع فیهما اثنان وقوله تعالی فقد صغت قلوبکما مجاز کما یذکر الجمع للواحد والحدیث محمول علی المواریث أوعلی سنیة تقدم الامام فانه اذا کان المقتدی واحد یقوم علی جنب الامام واذا کان اثنین فصاعدا فالامام یتقدم أوعلی اجتماع الرفقة بعد قوة الاسلام فانه لم کان الاسلام ضعیفا نهی علیه الصلوة والسلام عن ان یسافروا واحدا واثنان لقوله الواحد شیطان والاثنان شیطانان والثلاثة رکب فلما ظهر قوة الاسلام رخص فی سفر اثنین، وانما حملناه علی احد هذه المعانی الثلاثة لئلا یخالف اجماع اهل اللغة ولاتمسک لهم بنحو فعلنا لأنه مشترک بین التثنیة والجمع لأن المثنی جمع فانهم یقولون فعلنا صیغة مخصوصة بالجمع ویقع علی اثنین فعلم ان الاثنین جمع فنقول غیر مختص بالجمع بل مشترک بین التثنیة والجمع لا ان المثنی جمع.

ہمارے نزدیک جمع کے افراد کم از کم تین ہیں، اہل لغت کا اس پر اجماع ہے کہ واحد اور تثنیہ اور جمع کے صیغے مختلف ہیں،

علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں:

قوله لأن اقل الجمع ثلاثة، اختلفوا فی أقل عدد تطلق علیه صیغة الجمع فذهب اکثر الصحابة والفقهاء وائمة اللغة الی انه ثلاثة حتی لوحلف لا اتزوج نساء لایحنث بتزوج امرأتین، وذهب بعضهم الی انه اثنان حتی یحنث بتزوج امرأتین، وتمسکوا بوجوه، الأول قوله تعالی فان کان له اخوة والمراد اثنان فصاعدا لأن الأخوین یحجبان الأم الی السدس کالثلاثة والأربعة، وکذا کل جمع فی المواریث والوصایا حتی ان فی المیراث للاختین الثلثین کما للاخوات وفی الوصیة لأثنین ما اوصی لأقرباء فلان، الثانی قوله فقد صغت قلوبکما ای قلباکما اذ ما جعل الله لرجل من قلبین فی جوفه، الثالث قوله علیه الصلوة والسلام الاثنان فما فوقهما جماعة ومثله حجة من اللغوی فکیف من النبی علیه الصلوة والسلام.

مصنف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ جمع کے کم از کم تین فرد ہوتے ہیں، اصل میں اس مسئلہ میں اختلاف ہے کہ جمع کے کم

اور وراثت اور وصیت میں بھی کوئی نزاع نہیں کہ ان دونوں میں جمع کے صیغے کا اطلاق کم از کم دو افراد پر بھی ہوتا ہے۔اللہ تعالی کے ارشاد گرامی ''فقد صغت قلوبکما ''میں قلوب جمع کا اطلاق دو پر مجاز ہے، مجازی طور پر جمع کا اطلاق ایک فرد پر بھی ہے۔

حدیث'' الاثنان وما فوقهما جماعة'' کی توجیہات :ا۔حدیث پاک کی ایک توجیہ تو یہ ہے کہ حدیث وراثت کے مسائل پر محمول ہے، اور توجیہ اس میں یہ ہے کہ حدیث کا تعلق نماز میں جماعت سے ہے، اس لئے سنت یہ ہے کہ امام آگے ہو، لیکن جب مقتدی ایک ہو تو وہ امام کی دائیں جانب کھڑا ہو اور جب مقتدی دو ہوں یا دو سے زیادہ ہوں تو امام کے پیچھے کھڑے ہوں، اس مسئلہ میں دو کو جماعت والا حکم دیا۔

یا توجیہ یہ بیان کی گئی کہ اسلام کو قوت حاصل ہونے کے بعد دو کو جماعت کا حکم دیا گیا، جب اسلام ضعیف تھا یعنی مسلمانوں کو قوت حاصل نہیں تھی تو اس وقت نبی کریم ﷺ نے ایک یا دو کو سفر کرنے سے منع فرمایا ارشاد فرمایا''الواحد شیطان والاثنان شیطانان والثلاثة رکب ''ایک شیطان ہے اور دو شیطان ہیں اور تین سوار (طاقت ور جماعت) ہیں۔اور جب اسلام کی قوت ظاہر ہوگئی تو دو کو سفر کی اجازت دے دی گئی۔(راقم کے نزدیک اب موجودہ حالات میں ایک کو سفر کرنا بھی جائز ہے کیونکہ سفر پر امن ہیں)

حدیث پاک کو ہم نے تین معانی میں سے ایک پر محمول کیا تا کہ اجماع کے خلاف ثابت نہ ہو، اسلئے کہ اجماع تو اس پر ہے کہ کم از کم تین فرد ہیں۔

از کم کتنے فرد ہیں، اکثر صحابہ کرام، فقہاء کرام، اور ائمہ لغت اس طرف گئے ہیں کہ تین افراد ہیں، یہاں تک کہ اگر کوئی شخص کہے''لا اتزوج نساء ''میں عورتوں سے نکاح نہیں کروں گا، تو اس نے دو عورتوں سے نکاح کر لیا تو حانث نہیں ہوگا۔کچھ حضرات اس طرف گئے ہیں کہ جمع کے کم از کم دو فرد ہوتے ہیں، انہوں نے چند وجوہ سے دلائل پیش کئے ہیں۔

ا۔اللہ تعالی نے فرمایا''فان كان له اخوة فلامه السدس ''یعنی دو بھائی ہوں فوت ہونے والے کے یا دو زیادہ وہ ماں کے ثلث کو سدس کی طرف تبدیل کر دیتے ہیں اسی طرح وراثت میں استعمال جمع کے اور صیغے بھی دو یا دو سے زیادہ پر بولے جاتے ہیں، اور وصیت میں جمع کے صیغے دو پر بولے جاتے ہیں، یہاں تک کہ دو بہنوں کی وراثت بھی دو ثلث ہے جس طرح دو سے زیادہ کیلئے دو ثلث ہیں، اسی طرح اگر وصیت کرے کسی شخص کے اقرباء کیلئے تو وہ بھی دو پر جاری

جمع کا اطلاق دو پر کرنے والوں نے اور یہ دلیل قائم کی تھی کہ "فعلنا" جمع کا صیغہ ہے اور دو پر اس کا اطلاق ہے اسے رد کیا کہ جمع متکلم کا صیغہ تثنیہ اور جمع میں مشترک ہے، اس کا یہ مطلب نہیں کہ تثنیہ جمع ہے، یعنی ان حضرات نے یہ کہا کہ "فعلنا" صیغہ کا مخصوص ہے، اور دو پر واقع ہوتا ہے تو معلوم ہوا کہ دو جمع ہے ہم کہتے ہیں کہ "فعلنا" کا صیغہ جمع کے ساتھ مختص نہیں بلکہ یہ تثنیہ اور جمع میں مشترک ہے یہ مراد نہیں کہ تثنیہ جمع ہے۔

ہو سکتی ہے۔

۲۔ ان حضرات کی دوسری دلیل یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی "فقد صغت قلوبكما" میں تثنیہ والا معنی ہے "قلبا کما" کیونکہ اللہ تعالیٰ نے کسی کے اندر (پیٹ وغیرہ میں) دو دل نہیں رکھے۔

۳۔ تیسری دلیل ان کی یہ ہے کہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد ہے "الاثنان فما فوقهما جماعة" دو اور دو سے اوپر جماعت ہے، حضور کے ارشاد کی مثل لغوی دلیل کیسے ہو سکتی ہے۔

علامہ تفتازانی جمع کے کم از کم تین افراد ماننے والوں کے دلائل پیش کرتے ہیں:

وتمسك الذاهبون الى ان أقل الجمع ثلاثة باجماع اهل العربية على اختلاف صيغ الواحد والتثنية والجمع فى غير ضمير المتكلم لما ستعرف مثل رجل، رجلان، رجال، وهو فعل وهما فعلا وهم فعلوا، وايضا ما فوق الاثنين هو المتبادر الى الفهم من صيغة الجمع وايضا يصح نفى الجمع عن الاثنين وليس ذلك لوجوب مراعات صورة اللفظ بأن يكون الموصوف والصفة كلاهما مثنى أو مجموعا لأن اسماء الأعداد ليست مجموعا ولا لفظ اثنان مثنى على ما تقرر فى موضعه ولأنه يصح جاء نى زيد وعمرو العالمان ولايصح العالمون. (التلويح)

جن حضرات نے یہ کہا کہ جمع کے کم از کم تین فرد ہوتے ہیں:

ا۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اہل عربیت کا اس پر اجماع ہے کہ واحد، تثنیہ، جمع کے صیغے علیحدہ علیحدہ ہیں سوائے ضمیر متکلم کے اسے عنقریب تم پہچانو گے۔ "رجل" واحد ہے "رجلان" تثنیہ ہے اور "رجال" جمع ہے، اور اسی طرح کہا جاتا ہے ھو فعل (واحد) ھما فعلا (تثنیہ) ھم فعلوا (جمع)۔

۲۔ ان کی دوسری دلیل یہ ہے دو سے اوپر کیلئے ذہن میں جلدی جمع کا صیغہ ہی آتا ہے۔

۳۔ ان کی تیسری دلیل یہ ہے کہ دو سے جمع کی نفی ہو سکتی ہے جیسے کہا جائے "ما فى الدار رجال بل رجلان"۔

۴۔چوتھی ان کی دلیل یہ ہے کہ یہ کہنا صحیح ہے رجال ثلاثة واربعة،لیکن یہ کہنا صحیح نہیں،"رجال اثنان"
یہ صرف لفظ کی صورت کی رعایت نہیں کہ موصوف اور صفت دونوں تثنیہ یا جمع ہوں،کیونکہ اسماء اعداد جمع نہیں،اور لفظ
اثنان بھی تثنیہ نہیں جو اپنی جگہ (نحو میں تثنیہ کی بحث میں) بیان کیا گیا ہے۔اور"جاء نی زید وعمر
العالمان" کہنا صحیح ہے کہ معطوف اور معطوف علیہ دو افراد پر تثنیہ کا اطلاق صحیح ہے کہ اسے ہی صفت بنایا جائے،لیکن یہ
کہنا صحیح نہیں"جاء نی زید وعمرو العالمون" یعنی دو افراد کی صفت جمع نہیں لائی جاتی۔

علامہ تفتازانی ان حضرات کے مخالفین کے دلائل کے جوابات بیان کرتے ہیں:

ثم اجابوا عن تمسكات المخالف، اما عن الأول فبأنه لانزاع في ان اقل الجمع اثنان في باب الأرث استحقاقا وحجبا والوصية لكن لا باعتبار ان صيغة الجمع موضوعة للاثنين فصاعدا بل باعتبار انه ثبت بالدليل ان للاثنين حكم الجمع اما الاستحقاق فلأنه علم من قوله تعالى فان كانتا اى من يرث بالأخوة يعنى الأختين لأب وأم أو لأب اثنتين فلهما الثلثان لكونها قرابة مجاورة فيكون للبنتين ايضا حكم البنات في استحقاق الثلثين بطريق دلالة النص لأن قرابتهما قريبة لكونها قرابة الجزئية وايضا يعلم ذلك بطريق الاشارة من قوله تعالى فللذكر مثل حظ الانثيين فانه يدل على ان حظ الابن مع الابنة الثلثان فيكون ذلك حظ الانثيين اعنى البنتين ثم لما كان هذا موهما ان النصيب يزاد بزيادة العدد نفى ذلك بقوله تعالى فان كن نساء فوق اثنتين فلهن ثلثا ما ترك.(التلويح)

جمع کے کم از کم دو افراد ماننے والوں کے دلائل کا جواب ان حضرات نے دیا جو کم از کم تین فرد مانتے ہیں۔

مخالفین کی پہلی دلیل کا جواب :اس مسئلہ میں کوئی نزاع نہیں کہ وراثت اور وصیت میں جمع کا صیغہ دو پر صادق آتا ہے،اس میں اجماع ہے کہ جہاں دو سے زیادہ کا استحقاق ہوگا وہاں دو کا بھی استحقاق ہوگا،اور دو سے زیادہ اگر کسی کیلئے حجاب ہوں گے تو دو بھی اسی طرح حجاب ہوں گے،لیکن یہاں یہ اعتبار نہیں کہ جمع کا صیغہ دو کیلئے وضع ہے بلکہ دلیل سے ثابت ہے کہ دو کیلئے حکم جمع کا ہے۔

وراثت میں استحقاق دو کیلئے جمع کے حکم کا بیان :رب تعالیٰ کا ارشاد"فان كانتا اثنتين فلهن ثلثا ما ترك"اس کا مطلب یہ ہے کہ ایک شخص فوت ہو جائے اس کی اولاد نہ ہو لیکن اس کی دو بہنیں ہیں تو میت نے جو مال چھوڑا اس کی دو تہائی دو بہنوں کیلئے ہے،اگر دو سے زیادہ بہنیں ہوں تو ان کیلئے بھی دو تہائی مال ہی ہے،بہنوں سے مراد عینی یا علاتی

ہیں، اخیافی نہیں ان کا حکم علیحدہ ہے۔

قرابت اخوۃ قرابت متوسطہ ہے کیونکہ یہ قرابت مجاورۃ ہے، اسی سے بطور دلالۃ النص دو بیٹیوں کا حکم بھی سمجھ آ گیا کہ دو بیٹیاں وارث ہوں تو ان کیلئے بھی میت کے مال کا دو تہائی حصہ ہے، بیٹیوں کو والدین سے قرابۃ قریبہ حاصل ہے اس لئے کہ یہ قرابۃ جزئیہ ہے۔

دو بیٹیوں کیلئے دو تہائی اشارۃ النص سے بھی ثابت ہے، اسلئے کہ رب تعالی کا ارشاد ہے "فللذکر مثل حظ الانثیین "ایک مذکر (بیٹے) کا حصہ دو مؤنث کے برابر ہے، یہ دلالت کرتا ہے اس پر کہ بیٹے کا حصہ دو تہائی ہے اور بیٹی کا حصہ ایک تہائی ہے، چونکہ دو بیٹیوں کا حصہ ایک بیٹے کے برابر ہے تو اسی سے بطور اشارۃ النص سمجھ آ گیا کہ دو بیٹیوں کا حصہ دو تہائی ہے۔ پھر جب یہ وہم ہو رہا تھا کہ تعداد بڑھنے سے حصہ بڑھ جائے گا تو اس وہم کا رب تعالی نے اپنے اس ارشاد سے ازالہ کر دیا "فان کن نساء فوق اثنتین فلهن ثلثا ما ترک" یہاں نساء سے مراد بیٹیاں ہیں، جب بیٹیاں دو سے زیادہ ہوں تو ان کیلئے دو تہائی ہیں اس مال سے جو میت نے چھوڑا ہے۔

علامہ تفتازانی سوال وجواب ذکر کرتے ہیں:

فان قلت هذا باطل انه يعلم ان حظ البنتين مع الابن مثل حظه لكن من اين يعلم ان حظهما ذلك بدون الابن؟ قلت من حيث ان البنت الواحدة لما استحقت الثلث مع أخ لها فمع اخت بالطريق الأولى. (التلويح)

سوال: تمہاری یہ دلیل باطل ہے، اس لئے کہ یہ تو معلوم ہوا کہ دو بیٹیوں کا حصہ بیٹے کی موجودگی میں بیٹے کے حصہ کے برابر ہے لیکن یہ کہاں سے معلوم ہوا کہ بیٹے کے نہ ہونے کی صورت میں دو بیٹیوں کا حصہ بھی دو تہائی ہوگا؟

جواب: جب یہ معلوم ہے کہ ایک بیٹی اپنے بھائی کے ساتھ تہائی حصہ کی حقدار ہے تو اسی سے معلوم ہو گیا کہ وہ بہن کے ساتھ بھی تہائی حصہ کی حقدار ہے، اسلئے دونوں دو تہائی کی حقدار ہیں۔ دو سے زیادہ کا حکم قرآن پاک کی صریح آیۃ سے پہلے بیان ہو چکا ہے۔

علامہ تفتازانی وراثت میں دو کا حکم جمع والا حجابا کی وضاحت فرماتے ہیں:

وأما الحجب فلأنه مبنى على الأرث اذ الحاجب لايكون الا وارثا بالقوة أوبالفعل على ان الحجب بالأخوين قد ثبت باتفاق من الصحابة كما روى ان ابن عباس رضى الله عنه قال لعثمان رضى الله عنه حين رد الأم من الثلث الى السدس بالأخوين قال الله تعالى فان كان له

اخوة فلأمه السدس وليس الأخوان اخوة في لسان قومك فقال عثمان نعم لكن لا استجيز ان اخالفهم فيما رأوا وروى لااستطيع ان انقض امرا كان قبلي وتوارثه الناس. (التلويح)

حجاب کی دارومدار بھی وراثت پر ہے، جو وارث ہو بالقوة یا بالفعل وہی دوسرے وارث کیلئے حجاب ہوگا دو بھائیوں کے ذریعے ماں کا حصہ تہائی سے چھٹے کی طرف محجوب ہوتا ہے حجاب نقصان سے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے مروی ہے کہ آپ نے حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کو کہا کہ جب ماں کا حصہ دو بھائیوں کی وجہ سے تہائی سے چھٹے کی طرف لوٹ آتا ہے، اللہ تعالی نے جمع کا صیغہ ذکر فرمایا "فان کان لہ اخوۃ فلامہ السدس" لیکن تمہاری قوم کی زبان میں دو بھائی "اخوۃ" نہیں ہیں۔ (مطلب یہ تھا کہ تم دو کا حکم جمع سے کیسے ثابت کرتے ہو جب دو کو جمع بھی نہیں کہتے) تو حضرت عثمان رضی اللہ عنہ نے جواب یہ دیا ہاں مسئلہ یہی ہے لیکن میں اپنی قوم کی مخالفت کو جائز نہیں مانتا جو انہوں نے اپنی لغت قائم کی ہے، اور ایک روایت میں ہے کہ میں طاقت نہیں رکھتا کہ میں اس چیز کو توڑ دوں جو مجھ سے پہلے موجود ہے اور لوگوں کا لگاتار اس پر عمل ہے۔

حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے ارشاد کا مطلب یہ ہے کہ عرب کی لغت میں دو جمع نہیں کہا جاتا، البتہ وراثت میں دو جمع کے حکم میں ہے، جمع کا صیغہ دو کیلئے وضع نہیں۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں وصیت میں دو حکم جمع میں ہیں:

واما الوصية فلأنها ملحقة بالميراث من حيث ان كلا منهما يثبت الملك بطريق الخلافة بعد الفراغ عن حاجة الميت. (التلويح)

وصیت بھی وراثت سے ہی ملحق ہے جس طرح وراثت میں دو حکم جمع میں ہیں وصیت میں اسی طرح دو حکم جمع میں ہیں کیونکہ وراثت اور وصیت دونوں میت کے مال کی ضرورت سے فارغ ہونے کے (یعنی موت کے) بعد بطور نیابت دوسرے کو ملکیت حاصل ہوتی ہے۔

علامہ تفتازانی مخالفین کی دوسری دلیل کے جواب کی وضاحت فرماتے ہیں:

واما الجواب عن الثاني فهو ان اطلاق الجمع على الاثنين مجاز بطريق اطلاق اسم الكل على البعض أو لتشبيه الواحد بالكثير في العظم والخطر كما يطلق الجمع على الواحد تعظيما في مثل قوله تعالى وانا له لحافظون مع الاتفاق على ان الجمع لايطلق على الواحد حقيقة وانما كثر مثل هذا المجاز اعني ذكر العضو الذي لايكون في الشخص الا واحدا بلفظ الجمع عند الاضافة الى

الاثنین مثل قلوبهما وانفسهما ورؤسهما ونحو ذلک احترازا عن استثقال الجمع بین التثنین مع وضوح ان المراد بمثل هذا الجمع الاثنان وقد یجاب بأن المراد بالقلوب المیول والدواعی المختلفة کما یقال لمن مال قلبه الی جهتین أوتردد بینهما أنه ذوقلبین. (التلویح)

مخالفین نے بطور دلیل قول باری تعالیٰ "فقد صغت قلوبکما" ذکر کیا کہ اس میں قلوب کا اطلاق دو پر ہے (کیونکہ حضرت حفصہ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہما کو خطاب ہے تحقیق تمہارے دل ہٹ گئے) تو اس کا جواب یہ دیا کہ یہاں جمع کا اطلاق دو پر مجاز ہے، ہمارا کلام حقیقت میں ہے مجازا جمع کا دو پر اطلاق ایسے ہی ہے جیسے کل کا اطلاق بعض پر ہے۔ یا ایک کو کثیر سے تشبیہ دی جاتی ہے اس کی عظمت کو دیکھ کر۔ (''عظم وخطر'' دونوں ہم معنی ہیں) جیسے جمع کا اطلاق واحد پر تعظیم کے طور پر کردیا جاتا، جیسے رب تعالیٰ نے اپنا ذکر جمع سے کیا "وانا له لحافظون" حالانکہ اس پر اتفاق ہے کہ جمع کا واحد پر بطور حقیقت اطلاق نہیں۔

اس قسم کے مجاز کثیر طور پر پائے جاتے ہیں، یعنی ایسا عضو جو شخص میں ایک ہی ہو اس کی اضافت جب تثنیہ کی طرف کریں تو اسے لفظ جمع سے لایا جائے گا، جیسے قلوبہما، انفسہما، رؤوسہما وغیرہ۔ اس میں احتراز ہے اس سے کہ جمع کا دو تثنیہ کے درمیان واقع ہونا ثقیل ہے یہ بہت واضح ہے کہ اس قسم کی جمع سے مراد دو ہی ہوتے ہیں۔

بعض حضرات نے اور یہ جواب دیا ہے کہ "فقد صغت قلوبکما" میں قلوب سے مراد میول (میلانات) اور مختلف دواعی ہیں جو میلان کا ذریعہ ہیں، جیسے وہ شخص جس کا دل دو جہتوں کی طرف مائل ہو، یا دو جہتوں میں متردد ہو اسلئے "ذو قلبین" کہا جاتا ہے۔

علامہ تفتازانی مخالفین کی تیسری دلیل کے جواب کی وضاحت فرماتے ہیں:

وأما الجواب عن الثالث فهو أنه لما دل الاجماع علی ان اقل الجمع ثلاثة وجب تأویل الحدیث فی ذلک بأن یحمل علی ان للاثنین حکم الجمع فی المواریث استحقاقا وحجبا أوفی حکم الاصطفاف خلف الامام وتقدم الامام علیهما أوفی اباحة السفر لهما وارتفاع ما کان منهیا فی اول الاسلام من مسافرة واحد أواثنین بناء علی غلبة الکفار أوفی انعقاد صلوة الجماعة بهما وادراک فضیلة الجماعة وذلک لأن الغالب من حال النبی ﷺ تعریف الاحکام دون اللغات. (التلویح)

مخالفین نے اپنے موقف پر تیسری دلیل حدیث پاک سے پیش کی تھی کہ ارشاد مصطفوی ہے "الاثنان فما فوقهما

جماعة'' تو اس کا جواب یہ دیا گیا کہ جب اجماع اس پر دلالت کر رہا ہے کہ جمع کے کم از کم تین افراد ہیں، تو حدیث پاک کی تاویل ضروری ہے تا کہ حدیث پاک اور اجماع میں تطبیق پائی جائے نہ کہ مخالفت۔

حدیث پاک کی تاویل چند وجوہ سے :ا۔حدیث پاک میں وراثت کا حکم بیان کیا گیا کہ وراثت میں دو کا حکم جمع والا ہے از روئے استحقاق کے اور از روئے حجاب بننے کے۔

۲۔حدیث پاک میں امام کے پیچھے صف بنانے کا حکم بیان کیا گیا ہے کہ جب مقتدی دو ہوں تو وہ امام کے پیچھے کھڑے ہوں اور امام ان سے آگے ہو، یہاں دو کا حکم جمع والا ہے یعنی دو سے زیادہ جس طرح امام کے پیچھے کھڑے ہوں ایسے ہی دو بھی امام کے پیچھے کھڑے ہوں۔

۳۔حدیث پاک سے دو کیلئے سفر کرنا مباح قرار دیا کیونکہ پہلے ایک یا دو کو سفر کرنے سے منع کیا گیا تھا تا کہ کفار انہیں نقصان نہ پہنچائیں، پہلے جماعت کو سفر کرنے کی اجازت تھی پھر دو کو جماعت والا حکم دے کر سفر کی اجازت دے دی کیونکہ اسلام کو قوت حاصل ہو چکی تھی۔

۴۔حدیث پاک میں دو کو جماعت والا حکم دے کر یہ بتایا گیا کہ دو شخص مل کر نماز جماعت سے ادا کریں تو ان کی نماز باجماعت منعقد ہوگی اور انہیں اسی طرح جماعت کی فضیلت حاصل ہوگی جس طرح دو سے زیادہ اگر نماز باجماعت ادا کریں تو ان کو فضیلت حاصل ہوتی ہے۔

یہ تاویلات پیش کرنا اسلئے بہتر ہے کہ نبی کریم ﷺ احکام بیان کرنے تشریف لائے نہ کہ لغات بیان کرنے کیلئے۔

علامہ تفتازانی اس دلیل کا ایک اور جواب ذکر کرتے ہیں:

على ان هذا الدليل على تقدير تمامه لايدل على المطلوب اذ ليس النزاع فى "ج م ع" وما يشتق من ذلك لأنه فى اللغة ضم شئ الى شئ وهذا حاصل فى الاثنين بلاخلاف وانما النزاع فى صيغ الجمع وضمائره ولذا قال ابن الحاجب اعلم ان النزاع فى نحو رجال ومسلمين وضربوا لا فى لفظ "ج م ع" ولا فى نحو "نحن فعلنا" ولا فى نحو صغت قلوبكما فانه وفاق فعلى هذا لاحاجة الى ما ذكره المصنف جوابا عن مثل فعلنا ومع ذلك يجب ان يحمل اشتراكه بعد التثنيه والجمع على الاشتراك المعنوى دون اللفظى، لأنه موضوع للمتكلم مع الغير واحدا كان الغير او اكثر وهذا مفهوم واحد يصدق على الاثنين والثلاثة وما فوق ذلك كما يصدق هم فعلوا على الثلاثة والأربعة وما فوقهما من غير اشتراك لفظ وتعدد وضع.(التلويح)

اگر حدیث پاک کا حکم عام نہیں کہ ''دواوردو سے اوپر جماعت ہیں'' تو یہ ان کے مطلوب پر دلالت نہیں کرتی کہ جمع کے کم ازکم دوفرد ہوتے ہیں، اس لئے کہ ''جماعۃ'' کے مادہ ''ج م ع'' میں اوراس سے مشتق ہونے والے الفاظ میں نزاع نہیں کیونکہ اس کا لغوی معنی ہے ''ایک چیز کو دوسری سے ملانا'' یہ معنی دو میں بغیر کسی اختلاف کے حاصل ہے نزاع ہے صیغہ جمع اور ضمائر جمع میں، کیاان کی وضع کم ازکم تین کیلئے ہے یا کم ازکم دو کیلئے۔

اسی وجہ سے ابن حاجب نے کہا ہے نزاع مثل رجال، مسلمین اور ضربوا میں ہے، لفظ ''ج م ع'' میں کوئی نزاع نہیں، اور مثل ''نحن فعلنا'' اور مثل ''صغت قلوبکما'' میں کوئی نزاع نہیں بلکہ ان میں اتفاق ہے کہ یہ دو پر بولے جاتے ہیں۔

اسی وجہ سے مصنف نے مثل ''نحن فعلنا'' کے جواب کی ضرورت محسوس نہیں کی۔اس جمع متکلم کے صیغہ کو تثنیہ اور جمع پراشتراک معنوی کے طور پر استعمال کرتے ہیں، اس میں اشتراک لفظی نہیں کہ جمع کا صیغہ تثنیہ اور جمع دونوں کیلئے وضع ہے بلکہ دونوں پر اس کا اطلاق ہے۔

اورفعلنا وغیرہ کی وضع متکلم مع الغیر کیلئے ہے، یعنی متکلم کے ساتھ اور بھی ہے وہ اورایک ہے یا دو یا تین وغیرہ ہیں، اشتراک لفظی کے بغیر ہی تثنیہ اور جمع کو شامل ہے۔

علامہ تفتازانی نے بعض حضرات کی ایک اور توجیہ کو بعید قرار دیا:

وابعد من ذلک ما قیل ان مثل فعلنا حقیقة في الجمع مجاز في الاثنین واکتفی بهذا المجاز ولم یوضع للمتکلم مع واحد آخر اسم خاص لئلایکون التبع مزاحما للأصل لأن المتکلم بهذه الصیغة یحکی عن نفسه وعن غیره علی ان ذلک الغیر تبع له في الدخول تحت الصیغة لأنه لیس بمتکلم هذا الکلام حقیقة وهو ظاهر بخلاف ما اذا کان الغیر فوق الواحد فانه یتقوی بکثرته ویصیر بمنزلة الأصل. (التلویح)

بعض حضرات نے یہ کہا ہے ''فعلنا'' وغیرہ جمع میں حقیقت ہیں اور تثنیہ میں مجاز ہیں۔انہوں نے اس مجاز پر ہی اکتفاء کی ہے، یہ قول نہیں کیا کہ وضع متکلم کیلئے ہے کہ اس کے ساتھ غیر بھی ہے کیونکہ اس طرح وہ غیر صیغہ میں بالتبع داخل ہوگا کیونکہ وہ غیر حقیقت میں متکلم نہیں ہوگا۔یہ ظاہر بات ہے بخلاف اس کے جب غیر ایک سے زائد ہوں تو کثرت کی وجہ سے وہ قوی ہوں گے اور بمنزلہ اصل کے ہوں گے۔(مصنف نے شروع میں اس قول کو بعید قرار دیا ہے کیونکہ متکلم مع الغیر خواہ تثنیہ کے معنی میں ہو یا جمع کے معنی میں متکلمین اصل ہی ہوں گے بالتبع کا قول درست نہیں)

مصنف بیان کرتے ہیں کہ تخصیص کہاں تک کی جاسکتی ہے:

فیصح تخصیص الجمع تعقیب لقوله ان اقل الجمع ثلاثة والمراد التخصیص بالمستقل وما فی معناه کالرهط والقوم الی الثلاثة والمفرد بالجر عطف علی الجمع ای المفرد الحقیقی کالرجل وما فی معناه کالجمع الذی یراد به الواحد نحو لا اتزوج النساء الی الواحد ای یصح تخصیص المفرد الی الواحد والطائفة کالمفرد بهذا فسر ابن عباس رضی الله عنه قوله تعالی فلولا نفر من کل فرقة منهم طائفة. (التنقیح والتوضیح)

مصنف نے پہلے ذکر کیا کہ جمع کے کم از کم افراد تین ہوتے ہیں، اس کے بعد اب جمع کی تخصیص کا ذکر کیا جارہا ہے، جمع یا

علامہ تفتازانی جمع قلت وکثرت کے متعلق وضاحت کرتے ہیں:

واعلم انه لم یفرقوا فی هذا المقام بین جمع القلة وجمع الکثرة فدل بظاهره علی ان التفرقة بینهما انما هی فی جانب الزیادة بمعنی ان جمع القلة مختص بالعشرة فما دونها وجمع الکثرة غیر مختص لا انه مختص بما فوق العشرة وهذا أوفق بالاستعمالات وان صرح بخلافه کثیر من الثقات. (التلویح)

اس مقام میں اہل علم نے جمع قلت اور کثرت میں فرق نہیں بیان کیا لیکن ظاہر اسی پر دلالت کررہا ہے کہ ان دونوں میں فرق زیادتی کی جانب میں ہے کہ جمع قلت دس سے مختص ہے دس سے اوپر پر اس کا اطلاق نہیں اور جمع کثرت دس سے مختص نہیں بلکہ وہ دس سے اوپر پر بھی بولی جاتی ہے۔

لیکن ابتداء میں کوئی فرق نہیں دونوں ہی تین سے شروع ہوتی ہیں، یہ تحقیق استعمالات کے زیادہ موافق ہے، اگرچہ کثیر ثقات نے اس کے خلاف بھی بیان کیا ہے۔

راقم نے علامہ تفتازانی کا مختار ہی ہمیشہ طلباء کے سامنے بیان کیا ہے اس قول کو ترجیح دینے سے اس سے چھٹکارا حاصل ہوجاتا ہے کہ یہ کہا جائے کبھی مجازی طور ایک دوسرے کی جگہ استعمال ہوتی ہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فیصح تخصیص الجمع، قد اختلفوا فی منتهی التخصیص فقیل لابد من بقاء جمع یقرب من مدلول العام وقیل یجوز الی ثلاثة وقیل الی اثنین وقیل الی واحد، والمختار عند المصنف ان

معنی جمع کی تخصیص تین تک ہوسکتی ہے، معنی جمع جیسے الرھط اور القوم وغیرہ۔ تخصیص مستقل سے ہوگی، یعنی تخصیص تین تک غیر مستقل میں جاری نہیں ہوگی جیسے استثناء۔

والمفرد: اس کا عطف ہے جمع پر، تخصیص ساتھ ملے گا تو معنوی طور پر عبارت یہ ہوگی "تخصیص المفرد وما فی معناہ الی الواحد" مفرد اور جو مفرد کے معنی اس کی تخصیص ایک تک ہوسکے گی، مفرد سے مراد مفرد حقیقی ہے، لیکن تخصیص اسی وقت ہوسکے گی جب اسے الف لام کے ذریعے عام کرلیا جائے۔

مفرد کی مثال "الرجل" ہے اور معنی مفرد کی مثال "النساء" ہے، معنی مفرد سے مراد وہ جمع ہے جس سے مراد ایک فرد لیا جائے، جیسے کوئی شخص کہے "لا اتزوج النساء" (النساء پر الف لام جنسی ہے مراد جنس عورت ہے، جو فرد واحد کو شامل ہے کہ میں کسی عورت سے شادی نہیں کروں گا)

تنبیہ: جمع سے ایک مراد لینے پر بھی وہ مقتضی ہیئت کلام کے مطابق عام رہے گی تو تخصیص واحد تک ہوسکے گی۔

اعتراض: اگر اس سے مراد مفرد لیں تو اس میں استغراق نہیں ہوگا، بغیر استغراق کے عموم نہیں ہوگا۔

العام ان كان جمعا مثل الرجال والنساء أوفى معناه مثل الرهط والقوم يجوز تخصيصه الى الثلاثة تفريعا على انها أقل الجمع فالتخصيص الى ما دونها يخرج اللفظ عن الدلالة على الجمع فيصير نسخا وان كان مفردا كالرجل أوفى معناه كالنساء فى لاأتزوج النساء يجوز تخصيصه الى الواحد لأنه لايخرج بذلك عن الدلالة على المفرد على ما هو أصل وضع المفرد. (التلويح)

مصنف نے تخصیص کا مسئلہ بیان کیا ہے، لیکن انتہاء تخصیص میں اختلاف پایا گیا ہے، بعضوں نے کہا جمع کی بقاء ضروری ہے عام کے مدلول کے قریب ہونے تک، اور بعض نے کہا تخصیص تین تک جائز ہے، اور بعض نے کہا دو تک اور بعض نے کہا ایک تک تخصیص جائز ہے۔

اس کی دو معنی ہیں ایک یہ کہ استثناء سے مقید کرنا صحیح نہیں، اور دوسرا معنی یہ ہے کہ قید وہ انتہاء تخصیص ہے تین تک دو یا ایک تک تجاوز نہیں کرے گی اور نہ ہی دو یا ایک میں تخصیص جاری ہوگی۔ اگر پہلا معنی مراد لیا جائے تو تخصیص سے مراد معنی اخص ہوگا وہ یہ ہے کہ عام کو قصر کرنا جس سے عام دلیل ظنی ہو جائے، اور اگر مراد دوسرا معنی لیا جائے تو مطلب یہ ہوگا کہ تخصیص دو یا ایک تک استثناء کے ذریعے جائز ہوگی۔ (السید)

جواب: جمع سے واحد کا ارادہ جمع کی غرض مقصود کا فائدہ دینے سے قصر کرنا ہے، جیسے عموم نفی یا جمع احاد کا شمول مراد ہو بغیر استغراق کے۔

والطائفة کالمفرد: لفظ طائفہ مفرد کی طرح ہے یعنی اس کی تخصیص بھی ایک تک ہو سکتی ہے۔ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے اسی سے تفسیر کی ہے رب تعالی کے اس ارشاد کی "فلولا نفر من کل فرقة منهم طائفة" (اس کی وضاحت تلویح میں ان شاء اللہ آرہی ہے)

مصنف کا مختار اس میں یہ ہے کہ عام اگر جمع ہو جیسے "الرجال" اور "النساء" یا جمع کے معنی میں ہو جیسے "الرھط" اور "القوم" تو اس کی تخصیص تین تک جائز ہے۔ یہ تفریع ہے اس پر کہ جمع کے کم از کم افراد تین ہیں، اگر تین سے بھی کم تک تخصیص جائز ہو تو لفظ جمع پر دلالت کرنے سے ہی نکل جائے گا، وہ تخصیص نہیں ہوگی بلکہ نسخ ہوگی جو جائز نہیں۔

اور اگر مفرد ہو یا معنی مفرد ہو تو اس کی تخصیص ایک تک جائز ہوگی، اس سے لفظ مفرد پر دلالت کرنے سے نہیں نکلے گا، کیونکہ اصل مفرد کی وضع میں ایک پر دلالت کرنا ہی ہے۔

مفرد کی مثال "الرجل" یہ تخصیص کے درجہ میں ایک تک اسی وقت ہوگا جب اس میں الف لام کی وجہ سے عموم ہوگا، اور حکم مفرد کی مثال النساء ہے، جب الف لام جنسی ہو۔

تنبیہ: علامہ تفتازانی "النساء" جمع کی مثال دی، پھر النساء حکم مفرد کی مثال دی اس کی وجہ واضح ہے کہ حقیقت میں جمع ہے اور جمع کے معنی میں ہی استعمال ہوتا، مفرد کے حکم میں صرف اس صورت میں ہوگا جب الف لام جنسی ہوگا۔

"لا اتزوج النساء" کی قسم اٹھانے والے نے مراد نفی جنس لی ہے، یہ مستفاد کہ ارادہ "لا اتزوج امرأة" کیا گیا ہے، ورنہ محلوف علیہ جمیع نساء سے تزوج کی نفی ہوگی سوائے ایک عورت ہے کے یہ خلاف مفروض ہے۔ پھر یہاں دو وجہ ہیں ایک یہ کہ نسبت تزوج کی جمیع کی طرف ہو، نفی منسوب پر وارد ہو تو رفع ایجاب کلی ہوگا، اور دوسری وجہ یہ ہے کہ نفی تزوج کی نسبت جمیع کی طرف ہو تو سلب کلی ہوگا۔ اس دوسری وجہ پر مقصود حاصل ہوگا بغیر ارادہ ایک کے جمیع سے، البتہ پہلی وجہ میں یہ اعتبار کرنا ضروری ہوگا۔ (السید)

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

وفيه نظر من وجوه الأول ان الجمع انما يكون عاما عند قصد الاستغراق على ما تقرر وحينئذ هو حقيقة في جميع الافراد ومجاز في البعض وكون الثلاثة اقل الجمع انما هو باعتبار الحقيقة اذ لانزاع في اطلاقه على الاثنين بل الواحد مجازا كما سبق وايضا النزاع في الجمع الغير العام اذ العام مستغرق للجمع لا أقل ولا اكثر فحينئذ لامعنى لهذا التفريع اصلا، الثاني ان حمل الجمع على المفرد في مثل لااتزوج النساء انما يكون عند تعذر الاستغراق على ما سيأتي وحينئذ لا عموم فلاتخصيص الثالث ان من قال لقيت كل رجل في البلد وأكلت كل رمانة في البستان ثم قال اردت واحدا عد لاغيا عرفا وعقلا. (التلويح)

اس میں چند وجوہ سے نظر ہے: ۱۔ایک وجہ یہ ہے کہ جمع عام ہوتی ہے جب استغراق کا لحاظ کیا جائے جیسے کہ پہلے بیان کیا جا چکا ہے، اس وقت وہ حقیقت ہوگا تمام افراد میں اور مجاز ہوگا بعض میں۔اور تین افراد کم از کم جمع کے ہونا حقیقت ہے، اور اس میں کوئی نزاع نہیں کہ جمع کا اطلاق دو پر بلکہ ایک پر مجاز ہے۔

اور نزاع اس جمع میں ہے جو غیر عام ہو کیونکہ عام میں تمام پر استغراق پایا جاتا ہے، اُقل یا اکثر پر اس کا اطلاق نہیں ہوتا، تو اس وقت اس تفریع کا کوئی معنی نہیں ہوگا بالکل۔

۲۔دوسری وجہ ضعف یہ ہے کہ جمع کو مفرد پر محمول کرنا مثل ''لا اتزوج النساء'' میں اس وقت جائز ہوسکتا ہے جب کہ استغراق متعذر رہو، اس کا ذکر آگے آئے گا، جب عموم نہیں تو تخصیص بھی نہیں ہوسکتی۔

۳۔تیسری وجہ ضعف یہ ہے کہ بیشک جب کوئی یہ کہے ''میں شہر میں ہر شخص کو ملا'' یا یہ کہے کہ ''میں نے باغ میں ہر انار کھایا'' پھر کہے کہ میں نے ایک کا ارادہ کیا تو اسے لغو بات کہنے والا عرفا اور عقلا شمار کیا جائے گا۔

علامہ تفتازانی تینوں وجوہ ضعف کا جواب ذکر کرتے ہیں:

ويمكن الجواب عن الأول بأن نفس الصيغة للجمع والعموم عارض باللام والتخصيص انما يرفع العموم فلابد ان يبقى مدلول الصيغة وأقله ثلاثة وعن الثاني بأن المتعذر حمل اللام على الاستغراق فيكون الاسم للجنس ونفيه يكون نفيا لجميع الافراد فيصير المعنى لاالتزوج امرأة وهو معنى العموم والاستغراق في النفي، وعن الثالث بان الكلام في الصحة لغو. (التلويح)

☆ ممکن ہے کہ پہلی وجہ کا جواب یہ دیا جائے کہ نفس صیغہ جمع کا ہے، اور عموم عارض ہے لام تعریف سے اور تخصیص عموم کو اٹھا دیتی ہے تو ضروری ہے کہ صیغہ کا مدلول باقی رہے وہ کم از کم تین فرد ہیں۔

☆ دوسری وجہ کا جواب یہ ہے کہ متعذر ہے لام کو استغراق پر محمول کرنا تو ہوگا اسم جنس کیلئے، جنس کی نفی سے بھی جمیع افراد کی نفی ہو جاتی ہے تو معنی ہوگا "لا اتزوج امراۃ" میں کسی عورت سے نکاح نہیں کروں گا، یہی معنی عموم کا اور نفی میں استغراق کا۔

☆ تیسری وجہ کا جواب یہ ہے کہ کلام یعنی نزاع تو لغت کے لحاظ پر کلام کی صحت پر ہے، عرفا یا عقلا کلام کو لغو قرار دینے سے لغوی طور پر کلام کے صحیح ہونے میں کوئی فرق نہیں پڑتا۔

علامہ تفتازانی التخصیص بالمستقل کی وضاحت کرتے ہیں:

قوله والمراد التخصيص بالمستقل قد سبق ان التخصيص لايكون الا بمستقل فهذا تاكيد لدفع توهم حمله على المعنى اللغوى وتنبيه على ان قصر العام على البعض بالاستثناء ونحوه يجوز الى الواحد فى الجمع ايضا نحو اكرم الرجال الا الجهال وان لم يكن العالم الا واحدا.(التلويح)

مصنف نے جمع کی تخصیص تین تک بیان کرنے کے بعد کہا کہ تخصیص سے مراد مستقل سے تخصیص کرنا ہے، پہلے بیان ہو چکا ہے کہ "تخصیص نہیں ہوتی مگر مستقل سے" یہ دوبارہ "التخصیص بمستقل" کر کے تاکید کی گئی ہے تا کہ لغوی معنی پر محمول کرنے کے وہم کو مندفع کیا جا سکے۔

اور اس پر متنبہ کرنا بھی مقصود ہے کہ عام کو بعض پر استثناء وغیرہ کے ذریعے قصر کرنا جائز ہے، اور وہ جمع میں بھی ایک تک قصر کرنا جائز ہے، جیسے کہا جائے "اکرم الرجال الا الجھال" تو مردوں کی عزت کر سوائے جہال کے۔ جبکہ وہاں عالم صرف ایک ہی ہو۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله والطائفة كالمفرد يعنى انه اسم للواحد فما فوقه كما فسره ابن عباس لأنه اسم لقطعة من الشئ واحدا كان أو اكثر وقيل لأنه مفرد انضمت اليه علامة الجماعة اعنى التاء فروعى المعنيان وفى الكشاف الطائفة الفرقة التى يمكن ان تكون حلقة وأقلها ثلاثة أو اربعة وهى صفة غالبة كأنها الجماعة الحافة حول الشئ فمقصود المصنف انها ليست للجمع كالرهط بل بمنزلة المفرد فيصح تخصيصها الى الواحد.(التلويح)

مصنف فرماتے ہیں:

ومنها ای من الفاظ العام "الجمع المعرف باللام" اذا لم یکن معهودا لأن المعرف لیس هو الماهية في الجمع ولابعض الأفراد لعدم الأولوية فتعين الكل ، اعلم ان لام التعريف اما للعهد الخارجي أو الذهني واما لاستغراق الجنس واما لتعريف الطبيعة لكن العهد هو الأصل ثم الاستغراق ثم تعريف الطبيعة لأن اللفظ الذي يدخل عليه اللام دال على الماهية بدون اللام فحمل اللام على الفائدة الجديدة أولى من حمله على تعريف الطبيعة والفائدة الجديدة اما تعريف العهد أواستغراق الجنس وتعريف العهد أولى من الاستغراق لأنه اذا ذكر بعض افراد الجنس خارجا أوذهنا فحمل اللام على ذلك البعض أولى من حمله على جميع الافراد لأن البعض متيقن والكل محتمل فاذا علم ذلك ففي الجمع المحلى باللام لايمكن حمله بطريق

مصنف نے بیان کیا کہ لفظ طائفہ مفرد کی طرح ہے، یعنی ایک اور ایک سے اوپر کیلئے بولا جاتا ہے جیسا کہ حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما نے تفسیر کی کہ "طائفہ" کسی چیز کے ٹکڑے کا نام ہے خواہ وہ ایک ہو یا زیادہ ہوں، اور بعض نے کہا یہ مفرد ہے اور اس کے ساتھ علامت جمع لائی گئی میری مراد "تاء" ہے اس لئے دونوں معانی کی رعایت کی گئی۔

اور کشاف میں ذکر کیا گیا ہے کہ طائفہ ایک فرقہ کو کہا جاتا ہے ممکن ہے کہ وہ ایک حلقہ ہو، کم از کم اس کے تین یا چار افراد ہوں گے، یہ غالب طور باعتبار صفت کے استعمال ہوتا ہے، طائفہ گویا کہ ایک جماعت ہے جو کسی چیز کے اردگرد کو گھیرے، ڈھانپ لے۔

مصنف کے بیان کا مقصد یہ ہے کہ لفظ طائفہ جمع کی طرح نہیں، جیسے رہط جمع کے معنی میں ہے، بلکہ یہ بمنزلہ مفرد کے ہے اس کی تخصیص ایک تک صحیح ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ومنها الجمع المعرف باللام استدل على عمومه بالمعقول والاجماع والاستعمال وتقرير الاخيرين ظاهر وتقرير الأول ان المعرف باللام قد يكون نفس الحقيقة من غير نظر الى الافراد مثل الرجل خير من المرأة وقد يكون حصة معينة منها واحدا أو اكثر مثل جاء نی رجل فقال الرجل كذا وقد يكون حصة غير معينة منها لكن باعتبار عهديتها في الذهن مثل ادخل

الحقیقة علی تعریف الماهیة لأن الجمع وضع لافراد الماهیة لا للماهیة من حیث هی لکن یحمل علیها بطریق المجاز علی ما یأتی فی هذه الصفحة ولایمکن حمله علی العهد اذا لم یکن قوله ولابعض الأفراد لعدم الأولویة اشارالی هذا فتعین الاستغراق.(التنقیح والتوضیح)

اورالفاظ عام سے جمع معرف باللام ہے جبکہ معہود نہ ہواس لئے کہ معرف ماہیت نہیں جمع میں،اور بعض افراد بھی نہیں کیونکہ اُولویۃ نہیں پائی گئی تو کل متعین ہو گئے۔

لام تعریف چارقسم ہے: جان لو بیشک لام تعریف یا عہد خارجی کیلئے ہوگا یا عہد ذہنی کیلئے، یا استغراق جنس کیلئے ہوگا یا تعریف طبیعۃ کیلئے ہوگا۔

السوق، وقد یکون جمیع افرادها مثل ان الانسان لفی خسر، واللام بالاجماع للتعریف ومعناه الاشارة والتعیین والتمییز والاشارة اما الی حصة معینة من الحقیقة وهوتعریف العهد وأما الی نفس الحقیقة وذلک قد یکون بحیث لایفتقرالی اعتبارالافراد وهوتعریف الحقیقة والماهیة والطبیعة وقد یکون بحیث یفتقرالیه وحینئذ اما ان توجد قرینة البعضیة کما فی ادخل السوق وهوالعهد الذهنی اولا وهوالاستغراق احترازا عن ترجیح بعض المتساویات فالعهد الذهنی والاستغراق من فروع تعریف الحقیقة، ولهذا ذهب المحققون الی ان اللام لتعریف العهد والحقیقة لا غیرالا ان القوم اخذوا بالحاصل وجعلوه اربعة اقسام توضیحا وتسهیلا.(التلویح)

مصنف نے جمع معرف باللام کوعام میں سے ذکر کیا،اس کے عموم پر عقلی دلیل،اوراجماع اوراستعمال کو بیان فرمایا۔

دوآخری وجہ(اجماع واستعمال) کی تقریر ظاہر ہے(جوقریب ہی ان شاءاللہ آرہی ہیں)

پہلی عقلی دلیل کی تقریر یہ ہے کہ معرف باللام کبھی نفس حقیقت کیلئے ہوتا ہے بغیر نظر کرنے افراد کی طرف جیسے''الرجل خیر من المرأة''(ذات مرد بہتر ہے ذات عورت سے)اور کبھی حقیقت سے حصہ معینہ مراد ہوتا ہے خواہ ایک ہویا زیادہ جیسے''جاءنی رجل''اسی طرح''فقال الرجل کذا''اور کبھی حقیقت سے حصہ غیر معین مراد ہوتا ہے لیکن باعتبارذہن میں معہود ہونے کے جیسے''ادخل السوق''اس میں بازارمعین نہیں،یعنی کوئی معین فردسوق مرادنہیں،بلکہ کوئی بھی بازارمراد ہے،اور کبھی جمیع افرادمراد ہوتے ہیں جیسے''ان الانسان لفی خسر''الانسان سے مرادتمام انسان ہیں،آگے''الا الذین آمنوا الخ''،مستثنی ہے۔

ان اقسام کی ترتیب: عہد اصل ہے، پھر استغراق ہے، پھر تعریف طبیعۃ، اس لئے کہ لفظ وہ کہ داخل ہو اس پر لام وہ ولالت کرے گا ماہیت پر بغیر لام کے، تو لام کو نئے فائدہ پر محمول کرنا زیادہ بہتر ہے بنسبت تعریف طبیعۃ پر محمول کرنے کے، وہ نیا فائدہ یا تعریف عہد ہوگی یا تعریف استغراق جنس، تعریف عہد بہتر ہے استغراق سے، اسلئے کہ جب جنس کے بعض افراد خارجی یا ذہنی ذکر کئے جائیں تو لام کو ان بعض پر محمول کرنا بہتر بنسبت جمیع پر محمول کرنے کے اس لئے کہ بعض یقینی ہیں اور کل احتمالی ہیں۔

جب یہ بحث مذکور آپ کے علم میں آچکی ہے تو یہ واضح ہو گیا کہ وہ جمع جس پر لام تعریف داخل ہو اس کو بطور حقیقت تعریف ماہیت پر محمول نہیں کر سکتے، کیونکہ جمع کی وضع افراد ماہیت کیلئے ہے خود ماہیت کیلئے نہیں، البتہ ماہیت پر بطریق مجاز محمول کر سکتے ہیں جو عنقریب آئے گا، اور عہد پر بھی محمول نہیں کر سکتے کیونکہ وہاں کوئی عہد (معہود) نہیں، اور بعض افراد (غیر معہود) پر بھی محمول نہیں کر سکتے کیونکہ وہاں کوئی وجہ اولویت نہیں پائی گئی تو استغراق متعین ہو گیا۔

لام بالا جماع تعریف کیلئے ہے، اور اس کا معنی اشارہ اور تعیین اور تمیز اور اشارہ ہے یا حقیقت کے حصہ معینہ کی طرف وہ تعریف عہد ہے، یا اشارہ ہوگا نفس حقیقت کی طرف، اور یہ کبھی افراد کے اعتبار کرنے کی محتاج نہیں ہوگی، یہ تعریف حقیقۃ و ماھیۃ وطبیعۃ ہے، اور کبھی افراد کی احتیاجی ہوگی، تو دیکھا جائے کہ اس میں قرینہ بعضیت کا ہے جیسے "ادخل السوق" میں تو وہ عہد ذہنی ہے، یا قرینہ بعضیت کا نہیں پایا جائے گا تو وہ استغراق ہے، بعض متساویات کو ترجیح دینے سے بچتے ہوئی لام استغراق ہے۔

اسی وجہ سے محققین اس طرف گئی ہیں کہ لام تعریف عہد اور حقیقۃ کیلئے ہی آتا ہے کوئی اور قسم نہیں لیکن قوم نے وضاحت اور آسانی کیلئے حاصل ہونے والے معانی کے اعتبار سے چار قسمیں بنائی ہیں۔

اس تمہید کے بعد علامہ تفتازانی ذکر فرماتے ہیں:

اذا تمهد هذا فنقول الأصل ان الراجح هو العهد الخارجي لأنه حقيقة التعيين و كمال التمييز ثم الاستغراق لأن الحكم على نفس الحقيقة بدون اعتبار الافراد قليل الاستعمال جدا و العهد الذهني موقوف على وجود قرينة البعضية فالاستغراق هو المفهوم من الاطلاق حيث لاعهد في الخارج خصوصا في الجمع فان الجمعية قرينة القصد الى الافراد دون نفس الحقيقة من حيث هي هي هذا ما عليه المحققون. (التلويح)

یہ تمہید جوذکر کی گئی ہے اس کے بعد ہم کہتے ہیں اصل یعنی راجح وہ عہد خارجی ہے اس لئے کہ وہ حقیقت تعیین اور کمال تمیز ہے، اس کے بعد استغراق ہے، کیونکہ حکم نفس حقیقت پر بغیر افراد کے اعتبار کرنے کے بہت ہی قلیل الاستعمال ہے، اور عہد ذہنی موقوف ہے قرینہ بعضیۃ کے وجود پر، تو استغراق اطلاق سے سمجھ آتا ہے جہاں عہد خارجی نہ ہو خاص کر کے جمع میں کیونکہ جمعیت قرینہ ہے افراد کے قصد کا نہ کہ نفس حقیقت ماھی ھی کے ارادہ کے، یہ ہے ذکر جس پر محققین ہیں۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

وفيما ذكره المصنف نظر لأن جعل العهد الذهني مقدما على الاستغراق بناء على ان البعض متيقن وهذا معارض بأن الاستغراق اعم فائدة واكثر استعمالا في الشرع وأحوط في اكثر الأحكام اعني الايجاب والندب والتحريم والكراهة وان كان البعض احوط في الأباحة ومنقوض بتعريف الماهية فانه لايوجد فرد بدون الماهية وقد جعله متأخرا عن الاستغراق بناء على انه لايفيد فائدة جديدة زائدة على ما يفيده الاسم بدون اللام وهذا ممنوع ولو سلم فمنقوض بتعريف العهد الذهني فان عدم الفائدة فيه اظهر لأن دلالة النكرة على خصة غير معينة اظهرمن دلالته على نفس الحقيقة ولهذا صرحوا بأن العهد الذهني في المعنى كالنكرة.

مصنف نے جو ذکر کیا ہے اس میں نظر ہے، مصنف نے عہد ذہنی کو استغراق سے مقدم رکھا ہے، وجہ اس کی یہ بیان کی کہ بعض افراد متیقن ہیں، حالانکہ یہ معارض ہے اس کے کہ استغراق میں فائدہ عام ہے اور شرع میں اس کا استعمال زیادہ ہے اور زیادہ احکام میں اسی پر احتیاط کی گئی ہے یعنی ایجاب، ندب، تحریم و کراہت۔ اگر چہ بعض میں مباح مراد لینے میں احتیاط پائی گئی ہے۔

اور عہد ذہنی کی دلیل تقدم تو تعریف ماہیت سے ٹوٹ جاتی ہے اسلئے کہ ماہیت کے بغیر کوئی فرد نہیں پایا جاتا، حالانکہ اسے استغراق سے متاخر رکھا گیا ہے اس وجہ سے کہ اس میں کوئی نیا فائدہ نہیں پایا گیا جو زائد ہو اس فائدہ سے جو اس سے بغیر لام کے فائدہ حاصل ہوتا ہے، اس لئے یہ قول ممنوع ہے کہ عہد ذہنی استغراق سے مقدم ہے، اگر یہ دلیل تسلیم کی جائے تو عہد ذہنی سے ٹوٹ جائے گا کیونکہ عہد ذہنی میں فائدہ نہ ہونا زیادہ ظاہر ہے کیونکہ وہ حکم نکرہ میں ہے اور نکرہ کی دلالت حصہ غیر معینہ پر زیادہ ظاہر ہے بنسبت نفس حقیقت پر دلالت کے اسی وجہ سے اہل علم نے تصریح کی ہے کہ عہد ذہنی معنی میں نکرہ کی طرح ہے۔

مصنف فرماتے ہیں:

ولتمسکھم بقولہ علیہ الصلوۃ والسلام الائمۃ من قریش لما وقع الاختلاف بعد رسول اللہ ﷺ فی الخلافۃ فقال الانصار منا امیر ومنکم امیر تمسک ابوبکر رضی اللہ عنہ بقولہ علیہ الصلوۃ والسلام الائمۃ من قریش ولم ینکرہ احد.(التنقیح والتوضیح)

علامہ تفتازانی سوال جواب ذکر کرتے ہیں:

فان قیل یعتبر فیہ العھدیۃ فی الذھن فیتمیز عن النکرۃ قلنا وکذلک یعتبر فی تعریف الماھیۃ حضورھا فی الذھن والاشارۃ الیھا لیتمیز عن اسم الجنس النکرۃ مثل رجع رجعی ورجع الرجعی، وبالجملۃ توقف العھد الذھنی علی قرینۃ البعضیۃ وعدم الاستغراق مما اتفقوا علیہ وقد صرح بہ المصنف ایضا حیث مثل بعد ذلک لتعریف الماھیۃ المتاخر عن الاستغراق بنحو اکلت الخبز وشربت الماء اذ لانعنی بالمعھود الذھنی الا مثل ذلک مما تدل القرینۃ علی انہ للفرد دون نفس الحقیقۃ وللبعض دون الکل وللمبھم دون المعین واذا کان ھذا تعریف الماھیۃ فلیت شعری ما معنی العھد الذھنی المقدم علی الاستغراق وما اسم تعریف الماھیۃ حیث لایکون الحکم علی الافراد کما فی قولنا الانسان حیوان ناطق.

اعتراض: جب کہ عہد ذہنی کی عہدیت ذہن میں ہے تو وہ نکرہ سے ممتاز ہو گیا، نکرہ کے معنی ہونے کا کیا مطلب ہے؟

جواب: اس طرح کا اعتبار تعریف ماہیت میں بھی ہے کہ وہ بھی حاضر فی الذہن ہوتی ہے اور اس کی طرف اشارہ ہوتا ہے تاکہ اسم جنس سے نکرہ ممتاز ہے، جیسے "رجع رجعی" نکرہ ہے "رجع الرجعی" معرفہ ہے اور تعریف جنسی ہے۔

حاصل کلام یہ ہے کہ عہد ذہنی موقوف ہے قرینہ بعضیت پر اور عدم استغراق پر، اس پر اہل علم کا اتفاق ہے۔ اور تحقیق مصنف نے بھی تعریف ماہیت کی مثال استغراق کے بعد بیان کی ہے جیسے "اکلت الخبز وشربت الماء"۔

معہود ذہنی اس کے سوا نہیں کہ قرینہ پایا جائے کہ اس سے مراد فرد ہے نفس ماہیت نہیں، اور بعض کیلئے ہے کل کیلئے نہیں، اور مبہم کیلئے ہے معین کیلئے نہیں۔

جب یہی تعریف ماہیت بھی ہے تو کیا وجہ ہے کہ عہد ذہنی کو استغراق سے مقدم کیا اور تعریف طریقہ کو مؤخر، اور کیا وجہ ہے تعریف ماہیت نام رکھنے کی جب کہ حکم افراد پر نہیں جیسے "الانسان ناطق"۔

جمع معرف باللام کے عام ہونے پر اجماع سے دلیل : نبی کریم ﷺ کے وصال کے بعد خلافت میں اختلاف ہوگیا، انصار نے کہا ہم سے (ہمارا) امیر ہوگا، تم سے (تمہارا) امیر ہوگا، تو حضرت ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے نبی کریم ﷺ کا ارشاد پیش کیا "الائمة من قريش" "امام قریش سے ہوں گے۔ تو سب صحابہ کرام نے اسے تسلیم کیا اور اسی سے تمسک پکڑا، یعنی اس پر اجماع ہوگیا کہ "الائمۃ" جمع معرف باللام عموم پر دلالت کررہی ہے کہ ہر امام قریش سے ہوگا، کسی نے اس کا انکار نہیں کیا تو اس پر اجماع کا ثابت ہونا واضح ہوگیا۔

مصنف فرماتے ہیں:

ولصحة الاستثناء قال مشايخنا هذا الجمع اى الجمع المحلى باللام مجاز عن الجنس ويبطل الجمعية حتى لو حلف لاتزوج النساء يحنث بالواحدة ويراد الواحد بقوله تعالى انما الصدقات للفقراء ولو اوصى بشئ لزيد وللفقراء نصف بينه وبينهم لقوله تعالى لايحل لك النساء من بعد هذا دليل على ان الجمع مجاز عن الجنس ولأنه لم يكن هناك معهود وليس للاستغراق لعدم الفائدة يجب حمله على تعريف الجنس وانما قال لعدم الفائدة اما فى قوله لاتزوج النساء فلأن اليمين للمنع وتزوج جميع نساء الدنيا غير ممكن فمنعه يكون لغوا.(التنقيح والتوضيح)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ولصحة الاستثناء فان قيل المستثنى منه قد يكون خاصا اسم عدد مثل عندى عشرة الا واحدا أواسم علم مثل كسوت زيدا الا رأسه أوغير ذلك مثل صحت هذا الشهر الا يوم كذا واكرمت هؤلاء الرجال الا زيدا فلايكون الاستثناء دليل العموم اجيب عنه بوجوه الأول ان المستثنى منه فى مثل هذه الصوروان لم يكن عاما لكنه يتضمن صيغة عموم باعتبارها يصح الإستثناء وهو جمع مضاف الى المعرفة ان جميع اجزاء العشرة واعضاء زيد وأيام هذا الشهر وأحاد هذا الجمع، الثانى ان المراد ان الاستثناء من متعدد غير محصور دليل العموم وذلك لأن المستثنى منه فى الاستثناء المتصل يجب ان يشمل المستثنى وغيره بحسب الدلالة ليكون الاستثناء لاخراجه ومنعه عن الدخول تحت الحكم فلابد فيه من اعتبار التعدد

جمع معرف باللام کے عام ہونے پر دلیل عرب کا استعمال :جمع معرف باللام سے استثناء کے صحیح ہونے کی وجہ سے ہمارے مشائخ نے کہا جمع معرف باللام میں جنس والا معنی لینا مجاز ہے اور جمعیت اس کی باطل ہوگی۔ یہاں تک کہ اگر کوئی شخص قسم اٹھاتا ہے" لا اتزوج النساء" تو ایک عورت سے نکاح کرنے پر حانث ہو جائے گا، کیونکہ مراد ایک ہے یعنی" النساء" پر لام جنس ہے، اور اللہ تعالیٰ کے ارشاد" انما الصدقات للفقراء" میں الفقراء سے مراد جنس فقیر ہے، اگر کوئی شخص وصیت کرتا زید اور فقراء کیلئے تو نصف زید کیلئے اور نصف فقراء کیلئے۔ اور اللہ تعالیٰ کا خطاب نبی کریم ﷺ کو" لا یحل لک النساء من بعد" میں بھی النساء سے مراد جنس ہے جو ایک کو شامل ہے۔ یہ دلیل ہے کہ جمع معرف باللام کا جنس والا معنی لینا مجاز ہے، کیونکہ جب معہود بھی نہ ہو اور استغراق بھی نہ ہو تو اور کوئی فائدہ نہ ہونے کی وجہ سے اس کو جنس پر محمول کرنا ضروری ہو گیا۔

عدم فائدہ کی قید لگائی اس لئے کہ اس کا کہنا" لا اتزوج النساء" میں جمع کا معنی استغراق لیں تو اس میں کوئی فائدہ نہیں کیونکہ یمین رکنے کیلئے ہے، دنیا کی تمام عورتوں سے نکاح کرنا ممکن نہیں تو اس سے رکنے کی قسم لغو ہے۔

فان كان محصورا شاملا للمستثنى شمول العشرة للواحد وزيد للرأس والشهر لليوم والجماعة التي فيهم زيد لزيد صح الاستثناء وألا فلابد من استغراقه ليتناول المستثنى وغيره فيصح اخراجه، الثالث ان المراد استثناء ما هو من افراد مدلول اللفظ لا ما هو من اجزائه كما في الصور المذكورة لايقال المستثنى في مثل جاء ني الرجال الا زيدا ليس من الافراد لأن افراد الجمع جموع لا احاد لأنا نقول الصحيح ان الحكم في الجمع المعرف الغير المحصور انما هو على الاحاد دون الجموع بشهادة الاستقراء والاستعمال أونقول المراد افراد مدلول اصل اللفظ وهو ههنا الرجل. (التلويح)

مصنف نے جمع معرف باللام کے عموم پر دلیل کی کہ اس سے استثناء صحیح ہے جو اس کے عموم پر دلالت کر رہا ہے۔

اعتراض: مستثنیٰ منہ کبھی خاص ہوتا ہے جیسے اسم عدد" عندی عشرۃ الا واحدا" یا کبھی اسم علم ہوتا ہے جیسے " کسوت زیدا الا رأسه" یا کوئی اور وجہ تخصیص پائی جائے جیسے" صمت هذا الشهر الا يوم كذا واكرمت هؤلاء الرجال الا زيدا" تو استثناء عموم کی دلیل نہیں۔

جواب نمبر1 :ان صورتوں میں اگرچہ مستثنیٰ منہ عام نہیں لیکن عموم کے صیغہ کو اس اعتبار سے متضمن ہے کہ استثناء صحیح ہے،

ان سب مثالوں میں جمع کی اضافت معرفہ کی طرف اعتبار کی گئی ہے''عندی جمیع اجزاء العشرۃ الا واحدا، کسوت جمیع اعضاء زید الا راسہ، صمت ایام ھذا الشھر الا یوم کذا، اکرمت جمیع ھؤلاء الرجال الا زیدا''۔

جواب نمبر۲: متعدد غیر محصور سے استثناء دلیل ہے عموم کی اور یہ اس لئے کہ مستثنیٰ متصل میں ضروری ہے کہ مستثنیٰ منہ مشتمل ہو مستثنیٰ وغیرہ باعتبار دلالت کے تا کہ استثناء کے ذریعے مستثنیٰ کو مستثنیٰ منہ کے حکم میں داخل ہونے سے منع کیا جا سکے اور اس کے حکم سے نکالا جا سکے، تو ضروری ہے کہ مستثنیٰ منہ میں تعدد کا اعتبار کیا جائے اگر چہ وہ محصور ہی ہوتا کہ وہ مستثنیٰ کو شامل ہو سکے۔ اسلئے مذکورہ مثالوں میں اعتبار یہ کیا جائے گا کہ عشرہ شامل ہے واحد کو، زید شامل ہے رأس کو، شہر شامل ہے یوم کو اور جماعت جس میں زید ہے وہ شامل ہے زید کو۔ ورنہ ضروری ہے کہ مستثنیٰ منہ میں استغراق پایا جائے تا کہ مستثنیٰ وغیرہ کو شامل ہو کہ مستثنیٰ کا مستثنیٰ منہ کے حکم سے نکالنا صحیح ہو۔

جواب نمبر۳: استثناء سے مراد یہ ہے کہ وہ لفظ کے مدلول کے افراد سے ہو نہ کہ لفظ کے اجزاء سے ہو، جیسا کہ مذکورہ صورتوں میں یہ واضح ہے۔

اعتراض: ''جاء فی الرجال الا زیدا'' میں زید، رجال کے مدلول کے افراد سے نہیں کیونکہ جمع کے مدلول کے افراد بھی جمع ہوتے ہیں نہ کہ احاد؟

جواب: صحیح یہ ہے کہ جمع معرف باللام غیر محصور کے مدلول کا حکم احاد پر ہوتا ہے نہ کہ افراد پر، اس پر استقراء (غور وفکر) اور استعمال شاہد ہے۔

یا ہم اس کا جواب یہ دیتے ہیں کہ اصل لفظ کے مدلول کے افراد مراد ہیں، وہ یہاں ''الرجل'' ہے کیونکہ جمع کا اصل مفرد ہی ہوتا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قولہ قال مشائخنا الجمع المعرف باللام مجاز عن الجنس وھذا ما ذکرہ ائمۃ العربیۃ فی مثل فلان یرکب الخیل ویلبس الثیاب البیض انہ للجنس للقطع بأن لیس القصد الی عھد أو استغراق فلو حلف لایتزوج النساء أو لایشتری العبید أو لایکلم الناس یحنث بالواحد لأن اسم الجنس حقیقۃ فیہ بمنزلۃ الثلاثۃ فی الجمع حتی انہ حین لم یکن من جنس الرجال غیر آدم علیہ السلام کانت حقیقۃ الجنس متحققۃ ولم یتغیر بکثرۃ افرادہ، والواحد ھو المتیقن فیعمل بہ

عند الأطلاق وعدم الاستغراق الا ان ینوی العموم فحینئذ لایحنث قط ویصدق دیانة وقضاء لأنه نوی حقیقة کلامه والیمین ینعقد لأن تزوج جمیع النساء متصور وعن بعضهم انه لایصدق قضاء نوی حقیقة لاتثبت الا بالنیة فصار کأنه نوی المجاز ثم هذا الجنس بمنزلة النکرة یخص فی الاثبات کما اذا حلف یرکب الخیل یحصل البر برکوب واحد ویعم فی النفی مثل لایحل لک النساء ای واحدة منهن. (التلویح)

مصنف نے کہا ہے کہ ہمارے مشائخ رحمہم اللہ نے کہا ہے کہ جمع معرف باللام کا اطلاق جنس پر مجاز ہے یہ ہی ائمہ عربیہ نے ذکر کیا ہے مندرجہ ذیل مثالوں سے وضاحت کی "فلان یرکب الخیل، ویلبس الثیاب البیض" کہ یہ یقیناً جنس کیلئے ہیں، کیونکہ عہد کا ارادہ بھی نہیں کیا گیا اور استغراق کا بھی ارادہ نہیں کیا گیا۔

اگر کوئی قسم اٹھائے "لایتزوج النساء" یا قسم اٹھائے "لایشتری العبد" یا "لایتکلم الناس" تو ایک سے ہی حانث ہوجائے گا کیونکہ اس جنس حقیقت میں اس میں بمنزلہ تین کے جمع میں ہے، یہاں تک کہ جب جنس رجال میں سوائے آدم علیہ السلام کے کوئی نہیں تو حقیقت جنس ایک فرد میں متحقق ہوگئی اور کثرت افراد سے اس میں تغیر نہیں ہوگا۔

تو مطلقاً ذکر کرنے اور استغراق مراد نہ لینے میں واحد یقینی ہے، مگر یہ کہ اس میں عموم کی نیت کرلے تو اس وقت ہرگز حانث نہیں ہوگا کیونکہ عموم پر عمل اس کی طاقت میں ہی نہیں۔ اگر وہ عموم کی نیت کرتا ہے تو اسے سچا سمجھا جائے گا، دیانۃً بھی اور قضاءً بھی کیونکہ اس نے حقیقت کلام کی نیت کی ہے، اور یمین منعقد ہوجائے گی، کیونکہ تزوج جمیع نساء سے متصور ہے یعنی ممکن ہے محال نہیں اگرچہ متعسر ہے۔

بعض نے کہا کہ "لاا تزوج النساء" وغیرہ میں عموم کی نیت سے قضاءً سچا نہیں مانا جائے گا کیونکہ حقیقت مراد بغیر نیت کے نہیں، اور نیت دل کا ارادہ ہے جس پر ظاہر شاہد نہیں کہ قاضی اسے سچا مانے اسلئے مجاز ہی مراد ہوگا وہ ہے جنس۔

پھر یہ جنس بمنزلہ نکرہ کے ہے اثبات میں خاص ہے جیسے کوئی قسم اٹھائے "یرکب الخیل" کہ وہ گھوڑے پر سوار ہوگا۔ تو ایک پر بھی سوار ہوگیا تو قسم اس کی پوری ہوگئی۔ اور نفی میں عام ہوگا جیسے "لایحل لک النساء" میں (کسی ایک سے بھی نکاح حلال نہیں) عموم پر دلالت ہے۔

تنبیہ: خیل کا اطلاق مفرد اور جمع دونوں پر ہے، تلویح میں یہاں جمع کی مثالیں بیان کی ہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

فقوله تعالی انما الصدقات للفقراء یکون معناه ای جنس الزکوة لجنس الفقیر فیجوز الصرف

مصنف اسی ارشاد باری تعالیٰ کی وضاحت کرتے ہیں:

وفی قوله تعالی انما الصدقات للفقراء لایمکن صرف الصدقات الی جمیع فقراء الدنیا فلایکون الاستغراق مرادا فیکون لتعریف الجنس مجازا فیکون الآیة لبیان مصرف الزکوة فتبقی الجمعیة فیه من وجه ولولم یحمل یبطل اللام اصل ا ای اذا کان اللام لتعریف الجنس ومعنی الجمعیة باق فی الجنس من وجه لأن الجنس یدل علی الکثرة تضمنا فعلی هذا الوجه حرف اللام بالکلیة فحمله علی تعریف الجنس وابطال الجمعیة من وجه اولی وهذا معنی کلام

الی واحد وذلک لأن الاستغراق لیس بمستقیم اذ یصیر المعنی ان کل صدقة لکل فقیر، لایقال بل المعنی ان جمیع الصدقات لجمیع الفقراء ومقابلة الجمع بالجمع تقتضی انقسام الاحاد بالآحاد لا ثبوت کل فرد من هذا الجمع لأنا نقول لوسلم ان هذا معنی الاستغراق فالمطلوب حاصل وهو جواز صرف الزکوة الی فقیر واحد. (التلویح)

مصنف نے اللہ تعالیٰ کے ارشاد "انما الصدقات للفقراء" اپنے موقف پر بطور دلیل پیش کیا کہ یہاں لام جنس سے معنی جمعیت باطل ہے، اسی کی وضاحت علامہ تفتازانی فرماتے ہیں کہ اس کا معنی یہ ہے کہ جنس زکوۃ جنس فقیر کیلئے ہے تو جائز ہے کہ زکوۃ ایک ہی شخص فقیر وغیرہ کو دے دی جائے۔ اس لئے کہ استغراق والا معنی درست نہیں کہ یہ کہا جائے کہ ہر صدقہ ہر فقیر کیلئے ہے۔

اعتراض: معنی یہ ہے کہ جمیع صدقات جمیع فقراء کیلئے ہیں، جمع کا مقابلہ جمع سے ہے، اسلئے تقسیم احاد بالاحاد ہے، یہ مطلب نہیں کہ جمع کے ہر فرد کا ثبوت ہے؟

جواب: اگر تمہاری بات کو تسلیم کرلیں تو اس معنی استغراق سے مطلوب حاصل ہے وہ یہ ہے کہ جواز ثابت ہے کہ زکوۃ ایک شخص کو دے دی جائے۔ (البتہ اسے صاحب نصاب نہ بنایا جائے)

علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں:

قوله فعلی هذا الوجه وهوان یکون هذا الجمع للجنس حرف اللام معمول لدلالته علی تعریف الجنس ای الاشارة الی هذا الجنس من الاجناس ومعنی الجمعیة باق من وجه لأن الجنس یدل علی الکثرة تضمنا بمعنی أنه مفهوم کلی لایمنع شرکة الکثیر فیه لا بمعنی ان الکثرة جزء

فخر الاسلام رحمه الله في باب موجب الأمر في معنى العموم والتكرار لأنا اذا ابقيناه جمعا لغا حرف العهد اصلا الى آخره، فعلم من هذا الابحاث ان ما قالوا انه يحمل على الجنس مجازا مقيد بصور لايمكن حمله على العهد والاستغراق حتى لوأمكن يحمل عليه كما في قوله تعالى لاتدركه الأبصار فان علماء نا قالوا انه لسلب العموم لا بعموم السلب فجعلوا اللام لاستغراق الجنس. (التنقيح والتوضيح)

اللہ تعالی کے ارشاد "انما الصدقات للفقراء" کا یہ مطلب لینا ممکن نہیں کہ تمام صدقات دنیا کے تمام فقراء پر خرچ کئے جائیں، تو جب استغراق والا معنی مراد نہیں تو لام مجازی طور پر تعریف جنس کیلئے ہوگا تو آیہ مصرف زکوۃ کا بیان ہوگی،

مفهومه، وهذا معنى قول فخر الاسلام رحمه الله ان كل جنس يتضمن الجمع فمعنى الجمعية وهو التكثير باق من وجه وان بطل من وجه حيث صح الحمل على الواحد ولقائل ان يقول لم لايجوز ان يحمل على ما يصح اطلاق الجمع عليه حقيقة باعتبار عهديته وحضوره في الذهن فيكون اللام معمولا والجمعية باقية من كل وجه لايقال الكلام على تقدير ان لايكون هنا معهود لأنا نقول تقدير عدم المعهود الذهني تقدير باطل لأن كل لفظ علم مدلوله جاز تعريفه باعتبار القصد الى بعض افراده من حيث انها حاضرة في الذهن فحينئذ لانسلم انتفاء العهد الذهني في شئ من الصور المذكورة فالصحيح في اثبات كون الجمع مجازا عن الجنس التمسك بوقوعه في الكلام كقوله تعالى لايحل لك النساء وقولهم فلان يركب الخيل. (التلويح)

مصنف کا قول "فعلی ھذا الوجہ الخ" کا مطلب یہ ہے کہ یہ جمع جس پر لام جنس ہے، لام پر اس کی جنس پر دلالت کرنے کا مطلب پر عمل جاری ہے، اشارہ ہے اس طرف کہ جس پر لام جنس داخل ہو وہ اجناس میں سے جنس ہے، اور معنی جمعیت من وجہ باقی رہتا ہے اسلئے کہ جنس کثرت پر دلالت کرتی ہے تضمنا یعنی مفہوم کلی شرکت کثیر سے اس میں مانع نہیں۔ لیکن یہ مطلب نہیں کہ کثرت اس کے مفہوم کا جزء ہے۔

(آسان لفظوں میں اسے بیان کیا جا چکا ہے کہ جمع معرف باللام جنس میں کثرت واجب نہیں کثرت مراد لینا جائز ہے)

تو من وجہ جمعیت باقی رہے گی۔ (جمعیت کے من وجہ باقی رہنے کا مطلب یہ ہے کہ جنس دائر ہے "واحد اور جمع کے درمیان" احتمال ہے کہ دونوں کی طرف اسے پھیرا جائے جمع کے احتمال سے جمع باقی رہے گی اور واحد کے احتمال سے جمعیت باطل ہوگی، ایک اور وجہ یہ بیان کی گئی ہے کہ جمع باقی رہے گی تو جمعیت کا اعتبار کرنا واجب نہیں لیکن جائز ہے۔(السید))

ولو لم يحمل يبطل اللام اصلا :(یعنی اگر لام کو جنس پر محمول نہ کریں تو کوئی خاص معتبر فائدہ حاصل نہیں ہوگا) مصنف خود ہی اپنے متن کی وضاحت فرماتے ہیں "جب لام تعریف جنس کیلئے ہو اور معنی جمعیت من وجہ باقی ہوگا جنس میں، اسلئے کہ جنس دلالت کرتی ہے کثرت پر تضمنا، تو اس وجہ پر حرف لام پر عمل ہوگا اور معنی جمعیت باقی ہوگا من وجہ" اگر اس معنی پر محمول نہ کریں اور جمعیت کو اپنے حال پر رکھیں تو لام کا کلی طور پر ابطال لازم آئے گا۔ اسلئے لام کو تعریف جنس پر محمول کرنا اور معنی جمعیت من وجہ باطل کرنا (اور من وجہ باقی رکھنا) بہتر ہے۔

یہی مطلب ہے فخر الاسلام کے کلام کا جو انہوں نے بیان کیا ہے "**باب موجب الأمر في معنى العموم والتكرار**" میں کہ ہم جب باقی رکھیں اس کو جمع تو لغو ہوگا حرف عہد مکمل طور پر الخ۔

ابھی تک بیان کردہ ابحاث سے یہ پتہ چلا کہ اہل علم نے جو کہا ہے کہ لام کو جنس پر محمول کرنا مقید ہے ان صورتوں سے کہ عہد پر بھی محمول کرنا ممکن نہ ہو اور استغراق پر بھی، لیکن اگر ممکن ہو عہد پر یا استغراق پر محمول کرنا تو اسی پر محمول کریں گے

یہی مطلب ہے فخر الاسلام کے قول کا "کہ ہر جنس جو جمع کو متضمن ہے تو معنی جمعیت یعنی تکثیر من وجہ باقی ہے اگرچہ من وجہ باطل ہے اسی لئے واحد پر محمول کرنا صحیح ہے"

اعتراض: یہ کہنا کیوں جائز نہیں کہ اسے محمول کریں اس پر کہ جمع کا اطلاق بھی اس پر باعتبار معہود فی الذھن ہونے کے صحیح ہے اور لام پر بھی عمل صحیح ہو کہ جمعیت من کل وجہ باقی رہے۔

جواب: ہمارا کلام اسی تقدیر پر ہے کہ وہ کوئی معہود ذہن میں نہ ہو۔

یہ جواب درست نہیں :اسلئے کہ عدم معہود فی الذھن کی تقدیر باطل ہے اسلئے کہ ہر لفظ کا مدلول معلوم ہوتا ہے تو جائز ہے اس کو معرفہ بنانا اس اعتبار سے کہ قصد بعض افراد کا ہے اس لحاظ پر کہ وہ حاضر فی الذہن ہیں، اسلئے ہم تمام مذکورہ صورتوں میں عہد ذہنی کے انتفاء کو تسلیم نہیں کرتے۔

صحیح جواب وہی ہے جو پہلے ذکر ہو چکا ہے کہ مجازی معنی جنس مراد ہے اور کلام عرب میں اس کا استعمال کثیر ہے، اسی

جس پرمحمول کرنا ممکن ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد "لاتدرکه الابصار" "لا الابصار"، کے متعلق علماء نے بیان کیا ہے کہ یہ سلب عموم کے لئے ہے، نہ کہ عموم السلب کیلئے اسی وجہ سے انہوں نے اس آیۃ میں لام کو استغراق جنس کیلئے بنایا ہے، سلب العموم اور عموم السلب کا فرق تلویح میں آرہا ہے۔

پرارشاد باری تعالیٰ "لایحل لک النساء" ولالت کررہا ہے، اور اسی پر "فلان یرکب الخیل" ولالت کررہا ہے۔

تنبیہ: علامہ تفتازانی نے مؤنث صیغہ والی قراءت لی ہے "لاتحل لک النساء" راقم نے طلباء کی آسانی کیلئے متداول قراءت ابی حفص کو ہی تلویح میں بھی "لا یحل" نقل کیا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله وهذا معنى كلام فخر الاسلام عبارته، مصنف نے کہا ہے یہی معنی ہے فخر الاسلام کے کلام کا تو اس کی عبارت یہ ہے۔

ان مثل لاأتزوج النساء ولااشترى الثياب يقع على الأقل ويحتمل الكل لأن هذا جمع صار مجازا عن اسم الجنس لأنا اذا ابقيناه جمعا لغا حرف العهد اصلا واذا جعلناه جنسا بقي حرف اللام لتعريف الجنس وبقي معنى الجمع في الجنس من وجه فكان الجنس أولى. (التلويح)

بیشک مثل "لاأتزوج النساء" اور "لااشترى الثياب" اُقل پرواقع ہوگا، اور کل کا احتمال رکھے گا، کیونکہ یہ جمع کے صیغے مجازی طور پر اسم جنس ہیں، اسلئے کہ جب ہم ان کو جمع پر باقی رکھیں گے تو حرف عہد بالکل لغو ہوگا، اور جب ہم اسے جنس بنائیں تو لام تعریف جنس کیلئے باقی رہے گا اور جنس میں من وجہ جمع کا معنی بھی باقی رہے گا، اسلئے جنس پر محمول کرنا بہتر ہے (حرف عہد باطل ہوگا) اس میں عہد کا لغوی معنی معلوم ہونا لیا گیا ہے، یعنی وہ حرف جو معرفہ اور معلومیہ پر دلالت کررہا ہے اس کا مدعیٰ باطل ہوجائے گا۔ (السید)

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

فعلم من هذه الابحاث لاشك ان حمل الجمع على الجنس مجاز وعلى العهد والاستغراق حقيقة ولامساغ للخلف الا عند تعذر الأصل ولهذا لو قالت عالمي على ما في يدي من الدوهم

ولاشیء فیهما لزمها ثلاثة دراهم ولو حلف لایکلمه الأیام أو الشهور یقع علی العشرة عنده وعلی الاسبوع والسنة عندهما لأنه امکن العهد فلایحمل علی الجنس فلهذا قالوا فی قوله تعالی لاتدرکه الابصار أنه للاستغراق دون الجنس وان المعنی لایدرکه کل بصر وهو سلب العموم ای نفی الشمول ورفع الایجاب الکلی فیکون سلبا جزئیا ولیس المعنی لایدرکه شیء من الابصار لیکون عموم السلب ای شمول النفی لکل احد فیکون سلبا کلیا۔(التلویح)

مصنف کی ابحاث سے یہ سمجھ آیا کہ بیشک جمع کا جنس پر حمل کرنا مجاز ہے، اور عہد واستغراق پر محمول کرنا حقیقت ہے، قسم مجازی معنی میں درست نہیں سوائے اصل (حقیقت) کے متعذر ہونے کے، اگر عورت یہ کہے "میرے ساتھ تم خلع کرو جو میرے ہاتھ میں دراہم ہیں" اگر اس کے ہاتھ میں کوئی چیز نہ ہو تو اس پر تین درہم لازم آجائیں گے کیونکہ یہاں "الدراہم" جمع کا حقیقی معنی لینا صحیح ہے اس کے کم از کم تین افراد ہیں۔

اگر کوئی شخص قسم اٹھائے "لایکلمه الأیام أو الشهور" تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک دس دن اور دس مہینے مراد ہوں گے، (جمع کثرت کے دس افراد مراد لئے جائیں گے) اور صاحبین کے نزدیک عرف میں "الأیام" سے مراد ایک ہفتہ اور "الشھور" سے مراد ایک سال ہوگا۔ "الایام" اور "الشھور" میں عہد والا معنی ممکن ہے اسلئے جنس پر محمول نہیں ہوگا۔

اسی وجہ سے اہل علم نے کہا ہے اللہ تعالی کے قول "لاتدرکه الابصار" میں لام استغراق کیلئے ہے جنس کیلئے نہیں، اس کا معنی ہے "رب تعالی کو سب نظریں نہیں پاسکتیں" اسے سلب العموم یعنی نفی الشمول اور "رفع الایجاب الکلی" کہا جاتا ہے، یہ سلب جزئی ہے۔

اس کا یہ معنی نہیں کہ اسے کوئی نظر بھی نہیں پاسکتی کہ عموم السلب ہو یعنی نفی ہر ایک ایک کو شامل ہو، کہ سلب کلی ہو یعنی سلب کلی نہیں۔

علامہ تفتازانی اعتراض وجواب ذکر کرتے ہیں:

لایقال کما ان الجمع المعرف باللام فی الاثبات لایجاب الحکم لکل فرد کذلک هو فی النفی لسلب الحکم عن کل فرد کقوله تعالی "وما الله یرید ظلما للعباد، ان الله لایحب الکافرین، ان الله لایهدی القوم الفاسقین" لأنا نقول یجوز ان یکون ذلک باعتبار أنه للجنس والجنس فی النفی یعم وقد یجاب عن الآیة بانها لایعم الأحوال والأوقات وبأن الادراک بالبصر أخص من الرؤیة فلایلزم من نفیه نفیها۔(التلویح)

مصنف فرماتے ہیں:

والجمع المعرف بغير اللام نحو عبيدى احرار عام ايضا لصحة الاستثناء واختلف فى الجمع المنكر والاكثر على انها غير عام وعند البعض عام لصحة الاستثناء كقوله تعالى لو كان فيهما آلهة الا الله لفسدتا والنحويون حملوا الا على غير. (التنقيح)

جمع معرفہ ہو بغیر لام کے تو اس میں بھی عموم پایا جاتا ہے جیسے "عبیدی احرار" عام ہے، اس جمع معرف بغیر اللام پر دلیل یہ ہے کہ اس سے استثناء صحیح ہے، جمع نکرہ میں اختلاف ہے اکثر حضرات اس طرف ہیں کہ یہ غیر عام ہے، بعض حضرات نے کہا یہ عام ہے کیونکہ اس سے استثناء صحیح ہے، جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "**لو كان فيهما آلهة الا الله لفسدتا**"

اعتراض: جمع معرف باللام اثبات میں ہر ہر فرد پر حکم ثابت کرنے کیلئے ہے تو اسی طرح نفی میں حکم کی سلب ہر فرد سے ہوگی، جیسے اللہ تعالیٰ نے فرمایا "**وما الله يريد ظلما للعباد**" میں ہر عبد پر ظلم کے ارادہ کی نفی کی گئی ہے اور "**ان الله لايحب الكافرين**" میں ہر کافر سے محبت کی نفی کی گئی ہے اور "**ان الله لايهدى القوم الفاسقين**" میں ہر فاسق کی ہدایت سے نفی کی گئی ہے۔

جواب: جائز ہے کہ بیان کردہ آیات میں لام جنس ہو لیکن جنس نفی میں عام ہے اور کبھی یہ جواب دیا جاتا ہے، کہ آیہ رؤیۃ میں احوال واوقات میں عموم نہیں کیونکہ بصر سے ادراک اخص ہے رؤیۃ سے، نفی ادراک سے نفی رؤیۃ لازم نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله لصحة الاستثناء كقوله تعالى ان عبادى ليس لك عليهم سلطان الا من اتبعك من الغاوين فان قيل صحة الاستثناء متوقفة على العموم فاثبات العموم بها دور قلنا يثبت العلم بالعموم بوقوع الاستثناء فى الكلام من غير نكير فيكون استدلالا بالاستعمال والاجماع. (التلويح)

مصنف نے جمع غیر معرف باللام میں عموم پر اس سے استثناء صحیح ہونے کو دلیل بنایا ہے، علامہ تفتازانی نے اسے مثال سے واضح کیا کہ رب تعالیٰ کا ارشاد گرامی ہے "**ان عبادى ليس لك عليهم سلطان الا من اتبعك من الغاوين**" بیشک میرے بندوں پر تیرا کچھ قابو نہیں سوا ان گمراہوں کے جو تیرا ساتھ دیں۔ (کنز الایمان)

اس میں "عبادی" جمع غیر معرف باللام ہے عموم پر دلالت کر رہی ہے اس سے مستثنیٰ کیا گیا "**الا من اتبعك**" کو جس کا صحیح ہونا "عبادی" کے عموم پر دلالت کر رہا ہے۔

میں استثناء پایا گیا ہے، نحویوں نے "الا" کو "غیر" کے معنی میں لیا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فی الجمع المنکر، لاشک فی عمومه بمعنی انتظام جمع من المسمیات وانما الخلاف فی العموم بوصف الاستغراق فالأکثرون علی أنه لیس بعام لأن رجالا فی الجموع کرجل فی الوحدان یصح اطلاقه علی کل جمع کما یصح اطلاق رجل علی کل فرد علی سبیل البدل وبعضهم علی انه عند الاطلاق للاستغراق فیکون عاما لصحة الاستثناء کقوله تعالی لو کان فیهما آلهة الا الله لفسدتا ولأنه لولم یکن للاستغراق لکان للبعض ولاقائل به اذ لانزاع فی صحة اطلاقه علی الکل حقیقة ولأن فی حمله علی ما دون الکل اجمالا لاستواء جمیع المراتب فی معنیٰ الجمعیة فلابد من الحمل علی الأقل لتیقنه أوعلی الکل لکثرة فائدته وهذا أقرب لأنه الجمعیة بالعموم والشمول انسب ولأنه قد ثبت اطلاقه علی کل مرتبة من مراتب الجموع فحمله علی الاستغراق حمل علی جمیع حقائقه فکان أولی. (التلویح)

جمع نکرہ کے عموم میں اس معنی میں تو کوئی شک نہیں کہ یہ اپنے تمام افراد کو شامل ہے، اختلاف ہے اس عموم میں جو استغراق سے متصف ہو، اکثر حضرات اس طرف ہیں کہ یہ عام نہیں کیونکہ رجال جمع کی وہی حیثیت ہے جیسے رجل واحد کی کہ رجال جمع کا اطلاق ہر جمع پر علی وجہ البدلیت صحیح ہے، جیسے رجل واحد کا اطلاق ہر فرد پر صحیح ہے علی وجہ البدل۔ اور بعض نے کہا کہ عند الاطلاق استغراق کیلئے ہے عام ہوگا کیونکہ استثناء صحیح ہے جیسے اللہ تعالی کا قول ہے "**لو کان فیهما آلهة الا الله لفسدتا**" اسلئے کہ اگر یہ استغراق کیلئے نہ ہوتو بعض کیلئے ہوگا حالانکہ اس کا کوئی بھی قائل نہیں جب کہ اس میں بھی کوئی نزاع نہیں کہ اس کا اطلاق کل پر بطور حقیقت صحیح ہے، اس لئے کہ اس کو مادون الکل پر اجمالاً محمول کرنے سے معنی جمعیت میں جمیع مراتب برابر ہوں گے، اس لئے ضروری ہے کہ اس کو اقل پر محمول کیا جائے اس کے تیقن کی وجہ سے یا کل پر اس کے کثیر فائدہ کیلئے۔ یہ اقرب الی الصواب ہے اس لئے کہ جمعیت میں عموم وشمول کا اعتبار کرنا زیادہ مناسب ہے، اس لئے کہ اس کا اطلاق جمع کے تمام مراتب میں سے ہر مرتبہ ثابت ہے، تو استغراق پر محمول کرنا جمیع حقائق پر محمول کرنا ہے تو یہی بہتر ہے۔

علامہ تفتازانی تمام اقوال کے جوابات ذکر فرماتے ہیں:

والجواب عن الأول انا لانسلم أنه استثناء بل صفة ولو كان استثناء لوجب نصبه وعن الثاني ان عدم اعتبار الاستغراق لايستلزم اعتبار عدمه لتلزم البعضية بل هو للقدر المشترك بين الكل والبعض، وعن الثالث والرابع انه اثبات اللغة بالترجيح على ان الحمل على القدر المشترك ابهام كما في رجل لا اجمال اذ يعرف ان معناه جمع من الرجال وان لم يعلم تعيين عدده وما ذكر من الجمع بين الحقائق ان اريد به ان موضوع لكل مرتبة وضعا عليحدة ليكون مشتركا فهو ممنوع وان أريد أنه موضوع للمفهوم الأعم الصادق على كل مرتبة بطريق الحقيقة فهو قول بعدم الاستغراق. (التلويح)

☆ پہلے قول کا جواب یہ ہے کہ ہم یہ مانتے ہی نہیں کہ یہ استثناء ہے بلکہ صفت ہے، یعنی ''الا'' صفتیہ ہے استثنائیہ نہیں، اگر استثناء ہوتا تو نصب آتی رفع نہ آتا۔

☆ دوسرے قول کا جواب یہ ہے کہ استغراق کے اعتبار نہ کرنے سے یہ لازم نہیں آتا کہ استغراق کے نہ ہونے کا اعتبار کیا جائے بلکہ وہ قدر مشترک ہے کل اور بعض کے درمیان۔

☆ تیسرے اور چوتھے قول کا جواب یہ ہے کہ لغت کا ثابت کرنا ترجیح کی وجہ سے ہے اسے ترجیح حاصل ہے قدر مشترک پر محمول کرنے سے کیونکہ اس میں ابہام ہے، جس طرح رجل کے معنی میں کوئی اجمال نہیں اسی طرح یہ بھی معلوم ہے کہ رجل کے معنی کا اجتماع ہے رجال میں اگرچہ عدد کی تعیین کا علم نہ ہو۔

اور جو تم نے حقائق کے جمع ہونے کا ذکر کیا ہے کہ اس سے تم کیا مراد لیتے ہو اگر اس سے مراد یہ لیا جائے کہ ہر مرتبہ کیلئے علیحدہ وضع ہے تاکہ مشترک ہو جائے تو یہ قول ممنوع ہے، اور اگر یہ مراد لیا جائے کہ یہ عام مفہوم کیلئے وضع ہے جو صادق ہے ہر مرتبہ پر بطریق حقیقت تو وہ قول کہ عدم استغراق ہے (یہی قول ہمارا ہے)۔

مصنف فرماتے ہیں:

ومنها المفرد المحلی باللام اذا لم یکن للمعهود کقوله تعالی ان الانسان لفی خسر الا الذین آمنوا، وقوله تعالی والسارق والسارقة ، الا ان تدل القرینة علی أنه لتعریف الماهیة نحو اکلت الخبز وشربت الماء وانما یحتاج تعریف الماهیة الی القرینة لما ذکرنا ان الأصل فی اللام العهد ثم الاستغراق ثم تعریف الماهیة.(التنقیح والتوضیح)

الفاظ عام میں سے اور یہ کہ مفرد باللام جب کہ کوئی معہود نہ ہو، جیسے اللہ تعالیٰ کا ارشاد "ان الانسان لفی خسر الا

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ومنها المفرد المحلی باللام قد سبق ان المعرف باللام اذا لم یکن للعهد الخارجی فهو للاستغراق الا ان تدل القرینة علی أنه لنفس الماهیة کما فی قولنا الانسان حیوان ناطق أو للمعهود الذهنی وهو الخبز والماء المقدر فی الذهن أنه یؤکل ویشرب وهو مقدار معلوم کذا ذکره المحققون والمصنف جعله لتعریف الماهیة فکأنه أراد بالمعهود الذهنی المقدم علی الاستغراق ما لم یسبق ذکره کقولک للغلام قد دخلت البلد وتعلم ان فیه سوقا ادخل السوق اشارة الی سوق البلد ومثله عند المحققین معهود خارجی لکونه اشارة الی معین.(التلویح)

مصنف نے مفرد معرف باللام کے متعلق جو ذکر کیا ہے، پہلے ذکر کردہ بحث کو دیکھا جائے واضح بیان ہو چکا ہے جب لام عہد خارجی نہ ہو یعنی معہود نہ ہو تو وہ استغراق کیلئے ہوگا مگر یہ کہ قرینہ دلالت کرے کہ بیشک وہ نفس ماہیت کیلئے ہے، جیسے "الانسان حیوان ناطق" یہ تعریف ماہیت انسان کی ہے۔

یا معہود ذہنی پر قرینہ دلالت کرے جیسے "خبز و ماء" جو مقدر فی الذہن ہیں، جیسے "اکلت الخبز وشربت الماء" بیشک یہ لام بعض خارجی، معہود ذہنی ہیں محققین نے اسی طرح ذکر کیا ہے۔

لیکن مصنف نے "الخبز ،الماء" لام تعریف ماہیت کیلئے بنایا ہے۔ گویا کہ مصنف نے مراد لیا ہے کہ معہود ذہنی استغراق سے مقدم ہے جب تک اس کا ذکر نہ ہو۔ جس طرح تم اپنے غلام کو کہو" جو شہر میں داخل ہوا ہوا اور تم جانتے ہو کہ بیشک اس میں بازار ہے" ادخل السوق" اشارہ ہے شہر کے بازار کی طرف، تو یہ لام عہد ذہنی ہے، لیکن محققین نے اسے لام عہد خارجی بنایا ہے کہ متکلم کے نزدیک معہود معین ہے۔

الـذین آمنوا ‘‘میں’’الانسان‘‘ پرلام استغراق ہے۔اسی طرح’’والسارق والسارقۃ ‘‘پرلام اگرچہ اسم موصول ہے لیکن دلالت اس کی بھی استغراق پر ہے۔مگر یہ کہ کوئی قرینہ دلالت کرے کہ یہ تعریف ماہیۃ کیلئے ہے،لام جنس،یالام ماہیت،یالام طبیعۃ ہوگا جیسے’’ اکلت الخبز وشربت الماء ‘‘میں جنس خبز اورجنس ماء مراد ہے۔

تعریف ماہیت قرینہ کی محتاج ہے،وجہ ہم پہلے ذکرکر چکے ہیں کہ بیشک لام میں عہد ہے،پھر استغراق ہے پھر تعریف ماہیت ہے۔

مصنف فرماتے ہیں:

ومنها النكرة في موضع النفي لقوله تعالى قل من انزل الكتاب الذى جاء به موسى فى جواب ما انزل الله عى بشر من شئ ، وجه التمسك انهم قالوا ما انزل الله على بشر من شئ، فلولم يكن مثل هذا الكلام للسلب الكلى لم يستقم فى الرد عليهم الايجاب الجزئى وهوقوله

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله، كقوله تعالى ان الانسان لفى خسر الا الذين آمنوا، وقوله تعالى والسارق والسارقة اى الذى سرق والتى سرقت، نبه بالمثالين على ان المراد باللام ههنا اعم من حرف التعريف واسم الموصول مع ما فى المثال الأول من الدليل على كون الصيغة للعموم.(التلويح)

مصنف نے دومثالیں دیں ایک’’ان الانسان لفی خسر ‘‘اس میں لام حرف تعریف استغراقی ہے۔اوراللہ تعالی کا قول’’والسارق والسارقۃ ‘‘میں لام موصول ہے’’الـذی سرق،التی سرقت ‘‘کے معنی میں ہے،مصنف نے دومثالوں سے اس پرتنبیہ کیا ہے کہ مراد لام سے عام ہے خواہ حرف تعریف ہویا اسم موصول ہو،باوجوداس کے مثال اول دلیل ہے عموم پر۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ومنها اى ومن الالفاظ العام النكرة الواقعة فى موضع ورد فيه النفى بأن ينسحب عليها حكم النفى فيلزمها العموم ضرورةان انتفاء فرد مبهم لايكون الا بانتفاء جميع الافراد وقد يقصد بالنكرة الواحد بصفة الوحدة فيرجع النفى الى الوصف فلاتعم مثل ما فى الدار رجل بل رجلان اما اذا كانت مع من ظاهرة أومقدرة كما فى ما من رجل أولا رجل فى الدار فهوللعموم

تعالی قل من انزل الکتاب الذی جاء به موسی. (التنقیح والتوضیح)

الفاظ عام میں سے نکرہ ہے جو مقام نفی میں واقع ہو، رب تعالی کا ارشاد گرامی "قل من انزل الکتاب الذی جاء به موسی، ما انزل الله علی بشر من شیءٍ" کے جواب میں واقع ہوا ہے۔

وجہ استدلال یہ ہے کہ جب یہود نے کہا کہ اللہ نے کسی بشر پر کوئی چیز نہیں اتاری تو اس کے جواب میں رب تعالی نے فرمایا کہ آپ فرما دیجئے کس نے وہ کتاب اتاری جو موسیٰ علیہ السلام لائے۔ اگر "ما انزل الله علی بشر من شیءٍ" نکرہ مقام نفی میں سلب کلی کیلئے نہ ہوتا تو جواب "قل من انزل الکتاب الذی جاء به موسی" ایجاب جزئی ان کے رد کیلئے درست نہ ہوتا۔

قطعا ولهذا قال صاحب الکشاف ان قراءة "لاریب فیه" بالفتح توجب الاستغراق وبالرفع تجوزه. (التلویح)

اور الفاظ عام میں نکرہ ہے جو مقام نفی میں واقع ہو، یعنی اس میں نفی وارد ہو جو اس نکرہ پر حکم نفی کو کھینچ لائے، تو اس نکرہ میں عموم نفی ہوگا، یہ بدیہی بات ہے، کیونکہ کسی فرد مبہم کا انتفاء اس وقت تک نہیں ہوتا جب تک جمیع افراد کا انتفاء نہ ہو۔

اور کبھی نکرہ سے واحد کا ارادہ کیا جاتا ہے اس کی صفت واحدہ مقصود ہوتی ہے تو اس صورت میں نفی اس وصف کی طرف لوٹتی ہے تو وہ نفی عام نہیں ہوتی، جیسے کہا جائے "مافی الدار رجل بل رجلان" اس مثال میں نفی میں عموم نہیں کیونکہ ایک شخص کا گھر میں ہونے کی نفی کی گئی ہے، بلکہ دو کا ثبوت ہے۔

جب نکرہ تحت النفی پر "من" ظاہر ہو یا مقدر ہو تو اس میں عموم پایا جائے قطعی طور پر۔ من ظاہرہ کی مثال "ما من رجل فی الدار" اور من مقدرہ کی مثال "لا رجل فی الدار" اس میں من مقدر ہے اسی وجہ سے صاحب کشاف نے کہا ہے کہ "لاریب فیہ" میں فتح کا پڑھنا استغراق واجب کرتا ہے اور اگر اس پر رفع پڑھا جائے تو نفی میں عموم جائز ہوگا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

واستدل المصنف علی عموم النکرة المنفية بالنص والاجماع، اما الأول فلأن قوله تعالی قل من انزل الکتاب الذی جاء به موسی استفهام تقریر وتبکیت بمعنی انزل الله التوراة علی موسی وانتم معترفون بذلک فهو ایجاب جزئی باعتبار ان تعلق الحکم بفرد معین من الشیء تعلق ببعض افراده ضرورة وقد قصد به الزام الیهود ورد قولهم ما انزل الله علی بشر من شیء فیجب ان

مصنف نکرہ منفیہ کے عموم پر دلیل اجماع پیش کرتے ہیں:

ولکلمة التوحید والنکرة فی موضع الشرط اذا کان الشرط مثبتا عام فی طرف النفی فان قال ان ضربت رجلا فکذا معناه لااضرب رجلا لأن الیمین للمنع هنا ، اعلم ان الیمین اما للحمل أوللمنع ففی قوله ان ضربت رجلا فعبدی حر الیمین للمنع فیکون کقوله لااضرب

یکون المعنی ما انزل الله علی واحد من البشر شیئا من الکتب علی أنه سلب کلی یستقیم رده بالایجاب الجزئی اذ الایجاب الجزئی لاینافی السلب الجزئی مثل انزل بعض الکتب علی بعض البشر ولم ینزل بعضها علی بعض، وانما قال الایجاب والسلب دون الموجبة والسالبة لأن الکلیة والبعضیة هنا لیست فی جانب المحکوم علیه بل متعلقات الحکم.(التلویح)

مصنف نے نکرہ منفیہ کے عموم پر دو دلیلیں پیش کی ہیں، نص اور اجماع۔

پہلی دلیل نص کی وضاحت: اللہ تعالی کا ارشاد گرامی "قل من انزل الکتاب الذی جاء به موسی "اس میں استفہام تقریر وتبکیت کیلئے ہے، یعنی اللہ تعالی نے توراۃ موسی علیہ السلام پر نازل فرمائی جس کا تم اعتراف بھی کرتے ہو، یہ ایجاب جزئی ہے اس اعتبار سے کہ ایک چیز کے حکم کا تعلق فرد معین سے بعض افراد سے تعلق ہی ہے یہ بدیہی بات ہے۔

اس سے یہود پر الزام اور ان کے رد کا قصد کیا گیا ہے، یہ ان کے اس قول کا رد ہے جو انہوں نے کہا "ما انزل الله علی بشر من شیء "تو ضروری ہے کہ اس کا معنی یہ لیا جائے "اللہ تعالی نے کسی ایک بشر پر کوئی کتاب نازل نہیں کی" تا کہ سلب کلی کا ایجاب جزئی سے رد درست ہو سکے، کیونکہ ایجاب جزئی سلب جزئی کے منافی نہیں، کیونکہ اگر یہ کہا جائے کہ بعض کتب بشر پر نازل کی گئیں اور بعض بعض پر نازل نہیں کی گئیں، تو ان میں کوئی منافات نہیں۔

مصنف نے ایجاب وسلب الفاظ ذکر کئے، موجبہ اور سالبہ نہیں کہا، اس کی وجہ یہ ہے کہ یہاں کلیت اور بعضیت (جزئیت) کا تعلق محکوم علیہ سے نہیں کہ وہ قضیہ موجبہ اور سالبہ ہو، بلکہ یہاں "کلیت وجزئیت" کا تعلق متعلقات حکم سے ہے، اس سے قضیہ نہیں بنتا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

واما الثانی فلان قولنا لااله الا الله کلمة توحید فلولم یکن صدر الکلام نفیا لکل معبود بحق لما

رجلا فشرط البران لایضرب احدا من الرجال فیکون للسلب الکلی فیکون عاما فی طرف النفی وانما قید بقوله اذا کان الشرط مثبتا حتی لوکان الشرط منفیا لایکون عاما کقوله ان لم اضرب رجلا فعبدی حر فمعناه اضرب رجلا فشرط البرضرب احد من الرجال فیکون للایجاب الجزئی. (التنقیح والتوضیح)

کلمہ توحید میں نکرہ منفیہ عموم کیلئے ہے، اورنکرہ مقام شرط میں ہو، تو شرط اگر مثبت ہوتو اس میں طرف نفی میں عموم پایا جائے گا، اگرکوئی شخص کہے اگر میں کسی کو ماروں توایسا ہوگا۔ تو اس کا مطلب یہ ہے کہ میں کسی شخص کونہیں ماروں گا، کیونکہ یہ قسم روکنے کیلئے ہے اس مقام میں۔

مصنف خود ہی اس کی وضاحت فرماتے ہیں، کہ جان لوکہ بیشک یمین یا حمل کیلئے ہوگی یعنی ثبوت کیلئے ،یا منع یعنی نفی

کان اثبات الواحد الحق تعالی توحیدا وللاشارة الی هذا التقریر قال ولکلمة التوحید دون ان یقول ولقولنا لااله الا الله أوولصحة الاستثناء، فان قلت لما فسرت الآله بالمعبوذ بالحق الموجود الباری للعالم الذی هوفرد خاص من مفهوم الا له لا أنه اسم لهذا المفهوم الکلی کالآله ثم لایخفی ان الاستثناء ههنا بدل من اسم لا علی المحل والخبرمحذوف ای لا اله موجود أوفی الوجود الا الله، فان قلت هلا قدرت فی الامکان وفی الامکان یستلزم نفی الوجود من غیرعکس قلت لأن هذا رد لخطاء المشرکین فی اعتقاد تعدد الآله فی الوجود ولأن القرینة وهی نفی الجنس انما تدل علی الوجود دون الامکان ولأن التوحید هوبیان وجوده ونفی اله غیره لابیان امکانه وعدم امکان غیره ولایجوزان یکون الاستثناء مفرغا واقعا موقع الخبرلأن المعنی علی نفی الوجود عن آلهة سوی الله تعالی لا علی نفی مغایرة الله عن کل اله. (التلویح)

مصنف کا نکرہ منفیہ کے عموم پر دوسرا استدلال کلمہ توحید سے ہے، کہ ہمارا قول "لا الہ الا اللہ" کلمہ توحید ہے اگر صدرکلام یعنی "لا الہ" ہر معبود بحق کی نفی نہ ہوتو واحد حق تعالی کا اثبات توحید نہیں ہوسکتا، اسی تقریر کی طرف اشارہ کرتے ہوئے مصنف نے کہا "ولکلمۃ التوحید" اور یہ نہیں کہا "ولقولنا لا الہ الا اللہ" اور یہ بھی نہیں "ولصحۃ الاستثناء"۔

کیلئے ہوگی، جب یہ کہا جائے''ان ضربت رجلا فعبدی حر'' یہ یمین منع کیلئے ہے تو یہ اس قول کے حکم میں ہے''لا اضرب رجلا'' تو کسی کو نہ ماروں گا اس یمین کے پورا ہونے کی یہ شرط ہے کہ وہ کسی ایک کو بھی نہ مارے مردوں میں سے، تو یہ سلب کلی ہے، تو یہ عام ہے طرف نفی میں۔

شرط کو مثبت ہونے سے مقید کیا اسلئے کہ اگر شرط منفی ہوئی تو عام نہیں ہوگی، جیسے کوئی کہے''ان لم اضرب رجلا فعبدی حر'' تو اس کا معنی یہ ہے کہ اگر میں کسی ایک شخص کو نہ ماروں تو میرا غلام آزاد ہے، تو اس قسم کے پورا کرنے کی شرط کسی ایک شخص کو مارنا ہے۔ یہ ایجاب جزئی ہے، یعنی شرط مثبت نکرہ میں سلب کلی کیلئے اور شرط منفی جزئی کیلئے ہے۔

اعتراض: جب''الٰہ'' کی تفسیر معبود بالحق سے کی تو''استثناء شیٔ عن نفسہ'' لازم آ گیا، کیونکہ''اللہ'' بھی اسم ہے معبود بالحق کا جس کی اہل علم نے تصریح کی ہے۔

جواب: مطلب یہ ہے کہ''اللہ'' علم (نام) ہے معبود بالحق کا جو واجب الوجود ہے اور جہان کو پیدا کرنے والا ہے وہ فرد خاص ہے جو الٰہ سے سمجھ آتا ہے کیونکہ وہ بھی معبود بالحق ہے لیکن''اللہ'' مفہوم کلی''الٰہ'' کا اسم (نام) نہیں، حاصل کلام یہ ہے کہ رب تعالیٰ کا ذاتی نام ہے صفاتی ناموں سے نہیں، اگرچہ صفتیت اسے شامل ہے۔

پھر یہ بات مخفی نہیں کہ یہاں استثناء بدل ہے اسم سے نہ کہ محل سے اور خبر محذوف ہے یعنی اصل میں گویا کہ یوں ہے''لا الٰہ موجود الا اللہ'' یا اصل میں ہے''لا الٰہ فی الوجود الا اللہ''۔

اعتراض: کیا تم نے خبر کو مقدر فی الامکان نہیں کیا، نفی امکان مستلزم ہے نفی وجود کو اور اس کا عکس نہیں۔

جواب: اس سے مشرکین کا رد کیا گیا ہے کہ وہ تعدد آلھہ کو رب تعالیٰ کا شریک فی الوجود کا اعتقاد رکھتے تھے، اور قرینہ اس پر دلالت کر رہا ہے کہ نفی جنس دلالت کرتی ہے وجود پر نہ کہ امکان پر اسلئے کہ توحید وہ بیان وجود ہے۔ اور اللہ تعالیٰ کے غیر معبود کی نفی بیان امکان یا عدم امکان غیر کیلئے نہیں، بعض حضرات نے مستثنیٰ مفرغ کہا تھا تو اس کی علامہ تفتازانی نفی کرتے ہیں کہ خبر کی جگہ مستثنیٰ مفرغ بنانا درست نہیں کیونکہ مقصد اللہ کے سوا متعدد آلھہ کے وجود (واجب الوجود) ہونے کی نفی ہے، مقصد اللہ کی متعدد آلھہ سے مغایرت کی نفی نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله والنكرة في موضع الشرط يريد ان الشرط في مثل ان فعلت فعبده حر أو امرأته طالق لليمين علي تحقق نقيض مضمون الشرط فان كان الشرط مثبتا مثل ان ضربت رجلا فكذا فهو يمين

مصنف فرماتے ہیں:

وكذا النكرة الموصوفة بصفة عامة عندنا نحو لااجالس الا رجلا عالما فله ان يجالس كل عالم لقوله تعالى ولعبد مؤمن خير من مشرك وقول معروف الآية انما قلنا ان قوله ولعبد عام لأنه ذكر في معرض التعليل على عدم جواز النكاح بين المؤمنة والمشرك وهذا الحكم عام ولولم تكن للعلة المذكورة دلالة للعموم لما صح التعليل وانما يدل على العموم لأنه في معرض

للمنع بمنزلة قولك والله لااضرب رجلا، وان كان منفيا مثل ان لم اضرب رجلا فكذا، فهو يمين للحمل بمنزلة قولك والله لاضربن رجلا ولاشك ان النكرة في الشرط المثبت خاص يفيد الايجاب الجزئي فيجب ان يكون في جانب النقيض للعموم والسلب الكلي والنكرة في الشرط المنفي عام يفيد السلب الكلي فيجب ان انه ان يكون في جانب النقيض للخصوص والايجاب الجزئي فظهر ان عموم النكرة في موضع الشرط ليس الا عموم النكرة في موضع النفي. (التلويح)

مصنف نے نکرہ مقام شرط کے متعلق بیان کیا ہے اس کی تفصیل یہ ہے کہ شرط اس قسم کی مثل میں "ان فعلت فعبدی حر أو امرأتی طالق" اگر میں اس طرح کروں تو میرا غلام آزاد یا میری عورت کو طلاق ہو، یمین کیلئے ہے، جو مضمون شرط کی نقیض کو محقق ہے۔

شرط کبھی مثبت ہوگی اور کبھی منفی، اگر شرط مثبت ہو جیسے "ان ضربت رجلا فکذا" اگر میں کسی شخص کو ماروں تو اسی طرح ہوگا (مثلا میرا غلام آزاد ہوگا) تو یہ یمین منع (نفی حکم) کیلئے ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ "قسم ہے اللہ کی میں کسی شخص کو نہیں ماروں گا"۔ اور اگر شرط منفی ہو جیسے "ان لم اضرب رجلا فکذا" اگر میں کسی شخص کو نہ ماروں تو اس طرح ہوگا، تو یہ یمین حمل (ثبوت حکم) کیلئے ہے، اس کا مطلب یہ ہے "قسم ہے اللہ کی میں کسی شخص کو نہیں ماروں گا" اور اس میں کوئی شک نہیں کہ نکرہ شرط مثبت میں خاص ایجاب جزئی کا فائدہ دیتا ہے تو ضروری ہے کہ اس کی جانب نقیض میں عموم پایا جائے اور سلب کلی پائی جائے۔

اور نکرہ شرط منفی میں عام ہوتا ہے سلب کلی کا فائدہ دیتا ہے تو ضروری ہے کہ اس کی جانب نقیض میں خصوص اور ایجاب جزئی پایا جائے، تو ظاہر بات یہ ہے کہ عموم نکرہ شرط میں نہیں ہوتا مگر جب کہ نکرہ مقام نفی میں ہو تو اس میں عموم ہوگا۔

التعليل لقوله تعالى ولاتنكحوا المشركين حتى يؤمنوا وهذا الحكم عام ولولم تكن العلة عامة لما صح التعليل، ولأن النسبة الى المشتق تدل على علية المأخذ فكذا النسبة الى الموصوف بالمشتق لأن قوله لأجالس الا عالما معناه الا رجلا عالما فيعم لعموم العلة فان قوله لاجالس الا عالما عام لعموم العلة ومعناه لاجالس الا رجلا عالما عام لعموم العلة ومعناه لاجالس الا رجلا عالما فان اظهرت الموصوف وهو الرجل وتقول لاجالس الا رجلا عالما كان عام ايضا، فان قيل النكرة الموصوفة مقيدة والمقيد من اقسام الخاص، قلنا هو خاص من وجه وعام من وجه اى خاص بالنسبة الى المطلق الذى لايكون فيه ذلك القيد عام فى افراده ما يوجد فيه ذلك القيد. (التنقيح والتوضيح)

اسی طرح نکرہ جو صفت عامہ سے متصف ہو اس میں بھی ہمارے نزدیک عموم پایا جاتا ہے، جیسے کوئی کہے" لا اجالس الا رجلا عالما" تو اس کیلئے جائز ہے کہ ہر عالم کے ساتھ بیٹھے۔ اسی طرح رب تعالی کا ارشاد گرامی ہے" ولعبد مؤمن خیر من مشرک" اور ارشاد باری تعالی" وقول معروف" ان میں بھی عموم پایا گیا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله وكذا النكرة الموصوفة بصفة عامة وهى التى لاتختص بفرد واحد من افراد تلك النكرة كما اذا حلف لايجالس الا رجلا عالما فان العلم ليس مما يختص واحدا من الرجال بخلاف ما اذا حلف لايجالس الا رجلا يدخل داره وحده قبل كل احد فان هذا الوصف لايصدق الا على فرد واحد.

اسی طرح نکرہ جو صفت عامہ سے متصف ہو وہ عام ہوتا ہے صفت عامہ اسے کہا جاتا ہے جو اس نکرہ افراد میں سے کسی ایک فرد سے خاص نہ ہو، جس طرح قسم اٹھائے کہ" وہ نہیں بیٹھے گا مگر عالم شخص سے" علم مردوں میں سے ایک سے خاص نہیں، بخلاف اس کے جب قسم اٹھائے کہ وہ نہیں بیٹھے گا مگر اس شخص سے جو اپنے گھر ہر ایک سے پہلا اکیلا داخل ہوگا، یہ وصف خاص ہے کیونکہ یہ صرف ایک فرد پر سچا آتا ہے۔

علامہ تفتازانی مصنف کے استدلال کی وضاحت فرماتے ہیں:

واستدل على عمومها بوجهين الاول الاستعمال فى قوله تعالى ولعبد مؤمن خير من مشرك

ہم نے کہا ہے کہ "ولعبد مؤمن" عام ہے اس کی وجہ یہ ہے کہ مؤمنہ عورت اور مشرک شخص کے نکاح کے عدم جواز کی علت بتلایا گیا ہے کہ "ہر مؤمن غلام" مشرک شخص سے بہتر ہے اگر علت مذکورہ کی دلالت عموم پر نہ ہوتو حکم مذکور کی علت بنانا صحیح نہ ہو، کیونکہ فرمایا گیا "ولاتنکحوا المشرکین حتی یؤمنوا" مشرک مردوں سے مؤمن عورتوں کا نکاح نہ کرو یہاں تک کہ وہ ایمان لے آئیں۔ تو عبد مؤمن میں عموم ہوتو علت بن سکتا ہے اور تخصیص تو علت نہیں بن سکے گا۔

اسی طرح رب تعالی کا ارشاد "قول معروف خیر من صدقة یتبعها اذی" میں بھی "قول معروف" نکرہ موصوفہ بصفت عامہ ہے اس لئے اس کا معنی یہ ہے "کل واحد من الاقوال المعروفة خیر من جمیع الصدقات المقرونة مع الاذی" اقوال معروفہ میں سے ہر قول ان تمام صدقات سے بہتر ہے جو ایذاء پہنچانے سے ملے ہوئے ہوں۔

وقول معروف خیر من صدقة یتبعها أذی، للقطع بأن هذا الحکم عام فی کل عبد مؤمن و کل معروف مع ان قوله تعالی ولعبد مؤمن وقع فی معرض التعلیل للنهی عن نکاح المشرکین وهو عام لما ذکرنا من ان الجمع المعرف باللام عام فی النفی والاثبات فیجب عموم العلة لیلایم عموم الحکم، وفی هذا اشارة الی الرد علی من زعم ان عموم النکرة الموصوفة مختص بغیر الخبر أو بکلمه ای أو بالنکرة المستثناة عن المنفی۔(التلویح)

مصنف نے نکرہ موصوفہ بصفۃ عامۃ کے عموم پر دو وجہ سے دلیل پکڑی ہے ایک استعمال، اس پر دو آیات پیش کی ہیں

(۱) ولعبد مؤمن خیر من مشرک (۲) قول معروف خیر من صدقة یتبعها اذی

ان دونوں آیات میں یقینی طور پر حکم عام پہلی آیہ میں ہر عبد مؤمن پر حکم ہے اور دوسری آیہ میں ہر قول معروف پر حکم ہے۔ اور "ولعبد مؤمن" کی مزید وضاحت کی کہ یہ واقع ہے مشرکین سے نکاح کی نہی کی تعلیل کے مقام میں۔ وہ عام ہے جیسا کہ ہم نے ذکر کیا ہے کہ جمع معرف باللام عام ہے نفی واثبات میں تو واجب ہے عموم علت تاکہ عموم حکم کے مناسب ہو، اور اس میں اشارہ ہے بعض حضرات کے قول کے رد کی طرف جنہوں نے گمان کیا تھا کہ نکرہ موصوفہ میں عموم مختص ہے غیر خبر یا کلمہ ای کے غیر یا نکرہ جو مستثنی ہو منفی سے اس کے غیر کے ساتھ، لیکن صحیح یہ ہے کہ یہ قیود معتبر نہیں۔

اور مصنف نے بیان فرمایا کہ نسبت الی المشتق دلالت کرتی ہے کہ ماخذ اشتقاق علت ہے، اسی طرح نسبت موصوف کی مشتق کی طرف عموم پر دلالت کرتی ہے، جیسے کہا جائے "لا اجالس الا عالما" تو معنی اس کا یہ ہے "الا رجلا عالما" یہ عموم علت کی وجہ سے عام ہے، خواہ موصوف ظاہر یا مقدر ہو دونوں صورتوں میں عموم ہے اسلئے "لا اجالس الا عالما اور لا اجالس الا رجلا عالما" کا مطلب ایک ہی ہے، کہ ہر عالم مرد کے ساتھ اس کا بیٹھنا جائز ہے۔

اعتراض: نکرہ موصوفہ مقیدہ ہوتا ہے یعنی صفت اس کی قید ہوتا ہے اور مقید اقسام خاص سے ہے اسے عام کہنا کیسے صحیح ہے؟

جواب: یہ من وجہ خاص ہوتا ہے اور من وجہ عام ہے، یعنی خاص بنسبت مطلق کے جس میں یہ قید نہ ہو اور عام ہے بنسبت ان افراد کے جن میں یہ قید پائی جائے۔

علامہ تفتازانی مصنف کے دوسرے استدلال کی وضاحت کرتے ہیں:

یہاں نظر ہے اس لئے کہ اگر بعضیت سے مراد مطلق بعضیت ہو جو کلیت کی نفی کرے، وہ بعضیت مراد نہ ہو جو کل کے ضمن میں ہے یا نہیں تو بعضیت کا تحقق یقینی تسلیم نہیں کیا جا سکتا۔ لیکن راقم کے نزدیک "فیہ نظر" سے اعتراض ضعیف ہے کہ صریح قرینہ موجود ہے کہ "مَن" عموم پر دلالت کر رہا ہے اور "مِن" تبعیض پر تو وہی تبعیض مراد ہے جو کل کے ضمن میں ہے، اس تبعیض کا تحقق یقینی ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله ومنها ما فی غیر العقلاء، هذا قول بعض ائمة اللغة والأکثرون علی أنه یعم العقلاء وغیرهم فان قیل ففی قوله تعالی فاقرؤا ما تیسر من القرآن یجب قراءة جمیع ما تیسر عملا بالعموم کما فی قولهم ان کان ما فی بطنک غلاما فانت حرة قلنا بناء الأمر علی التیسر دل علی ان المراد ما تیسر بصفة الانفراد دون الاجتماع لأنه عند الاجتماع ینقلب متعسرا.(التلویح)

مصنف نے جو یہ بیان کیا ہے کہ ما عموم کیلئے غیر عقلاء میں استعمال ہوتا ہے، بعض ائمہ کا یہی قول ہے، اور اکثر حضرات

کیلئے) آتا ہے، عموم پر دلالت کرتا ہے، جیسے کوئی شخص لونڈی کو کہے جو کچھ تیرے پیٹ میں ہے وہ لڑکا ہے تو تو آزاد ہے، تو اس نے لڑکا اور لڑکی دونوں جنے تو وہ آزاد نہیں ہوگی کیونکہ "مافی بطنک" میں "ما" عموم پر دلالت کررہا ہے، اسلئے مراد یہ ہے تیرے پیٹ میں کل لڑکا ہے تو تو آزاد ہے۔

اور اگر کہے "طلقی نفسک من ثلاث ما شئت" تو اپنے اپنے آپ کو تین طلاقوں میں سے جو چاہے طلاق دے دے، تو امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک تین طلاقوں سے کم دے سکتی ہے، اور صاحبین کے نزدیک تین طلاقیں دے سکتی ہے، دونوں اقوال کی وجوہ ودلائل بیان ہو چکی ہیں۔ (تلویح میں پھر آرہی ہیں)

مصنف فرماتے ہیں:

ومنها كل وجميع وهما محكمان في عموم ما دخلا عليه بخلاف سائر ادوات العموم فان

اس طرف گئے ہیں کہ ماعقلاء میں بھی عموم کیلئے آتا ہے۔

اعتراض: اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے "فاقرؤا ما تيسر من القرآن" اگر اس میں "ما" عموم کیلئے ہو جیسے "ان كان ما في بطنك غلاما فانت حرة" میں "ما" عموم کیلئے ہے تو لازم آئے گا کہ نماز میں تمام قرآن پڑھے، حالانکہ بالاتفاق یہ قول درست نہیں۔

جواب: امر کی بناء تیسر (آسانی) پر ہے، جو صفت انفراد کو چاہتا ہے کہ جتنا آسان ہے وہ پڑھو، اگر مراد اجتماع ہو کہ تمام قرآن پڑھے تو وہ متعسر (مشکل) ہوگا، آسان نہیں ہوگا۔

قوله وقد مر وجههما اما وجه قول أبي يوسف ومحمد رحمهما الله تعالى فهوان ما عام ومن للبيان والثلاث جميع عدد الطلاق المشروع واما وجه قول أبي حنيفة رحمه الله تعالى فهوان من للتبعيض فيجب ان يكون ما شاء ت بعض الثلاث. (التلويح)

یعنی امام ابو یوسف وامام محمد رحمہما اللہ کے قول کی وجہ یہ ہے کہ "ما عام" ہے اور "من" بیان کیلئے ہے اسلئے تین جمیع عدد طلاق جائز ہے، لیکن امام ابوحنیفہ رحمہ اللہ کے نزدیک "ما" عام ہے اور "من" تبعیض کیلئے ہے، اسلئے دونوں پر عمل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ تین طلاقوں سے کم ہوں، تا کہ عموم وتبعیض دونوں پر عمل ہو سکے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله وهما محكمان ليس المراد انهما لايقبلان التخصيص اصلا لأن قوله تعالى والله خلق كل

دخل الکل علی النکرة فلعموم الأفراد وان دخل علی المعرفة فللمجموع قالوا عمومه علی سبیل الانفراد ای یراد کل واحد مع قطع النظر عن غیره وهذا اذا دخل علی النکرة، فان قال کل من دخل هذا الحصن اولا فله کذا فدخل عشرة معا یستحق کل واحد اذ فی فرد قطع النظر عن غیره فکل واحد اول بالنسبة الی المتخلف بخلاف من دخل. (التنقیح والتوضیح)

ان الفاظ عام میں سے ''کل'' اور ''جمیع'' ہیں یہ دونوں جس پر داخل ہوں اس کے عموم میں محکم ہیں، بخلاف باقی الفاظ کے۔ اگر ''کل'' داخل ہو نکرہ پر تو عموم افراد کیلئے ہوگا، اور اگر معرفہ پر داخل ہو تو جمیع افراد کیلئے ہوگا، جو علماء نے بیان کیا ہے کہ ''کل'' کا عموم علی سبیل الانفراد ہوگا یعنی مراد یہ ہے یعنی ہر ایک کیلئے ہوگا قطع نظر غیر کے، یہ اسی وقت ہوگا جبکہ وہ نکرہ پر داخل ہوگا۔

اگر کوئی شخص کہے ''کل من دخل هذا الحصن اوّلا فله کذا'' ہر وہ شخص جو اس قلعہ میں پہلے داخل ہو تو اس کیلئے اس طرح (کا انعام) ہے، تو دس شخص اکٹھے داخل ہو گئے تو ہر ایک مذکور انعام کا مستحق ہوگا کیونکہ ہر ایک ''ہر فرد ہے قطع

شیء وقوله واوتیت من کل شیء مخصوص علی ما سبق بل المراد انهما لا یقعان خاصین بأن یقال کل رجل أو جمیع الرجال والمراد واحد بخلاف سائر ادوات العموم علی ما سبق فی المعرف باللام ومن وما وذکر شمس الائمة وفخر الاسلام ان کلمة کل یحتمل الخصوص نحو کلمة من کما اذا قال من دخل هذا الحصن اوّلا فله کذا فدخلوا علی التعاقب فالنفل للأوّل خاصة لاحتمال الخصوص فی کلمة کل فان الأول اسم لفرد سابقٍ وهذا الوصف متحقق فیه دون من دخل بعده وقد جعل المصنف مثل ذلک من العموم الذی یکون تناوله علی سبیل البدل. (التلویح)

مصنف نے بیان کیا ہے کہ ''کل'' اور ''جمیع'' یہ دونوں عموم میں محکم ہیں، تو علامہ تفتازانی وضاحت فرماتے ہیں کہ محکم یہاں یہ مطلب نہیں کہ وہ دونوں بالکل تخصیص کو قبول نہیں کرتے، کیونکہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد گرامی ''والله خلق کل شیء'' سے وہ خود مخصوص ہے کیونکہ وہ مخلوق نہیں ''واوتیت من کل شیء'' میں ہاتھی وغیرہ کی تخصیص کا ذکر پہلے کیا جا چکا ہے۔

نظر غیر کے" اور ہر ایک بنسبت پیچھے آنے والے کے اول ہی ہے۔
بخلاف اس کے جب کہے "من دخل هذا الحصن اوّلا فله كذا" یعنی "کل" نہ ہو تو صرف "من" ہو تو دس شخص اکٹھے داخل ہو گئے تو کوئی ایک بھی انعام کا مستحق نہیں ہوگا، تلویح میں وضاحت آ رہی ہے۔

یہاں محکم کا یہ مطلب ہے کہ یہ دونوں خاص نہیں واقع ہوتے، جب کہا جائے کل رجل، یا کہا جائے "جمیع الرجال" تو اس سے مراد ایک فرد ہوتا ہے علی وجہ العموم، بخلاف باقی ادوات عموم کے یعنی معرف باللام اور "من، ما" کے ان کا بیان پہلے ہو چکا ہے۔
شمس الائمۃ اور فخر الاسلام نے بیان کیا ہے کہ کلمہ کل خصوص کا احتمال رکھتا ہے جیسے کلمہ "مَن" خصوص کا احتمال رکھتا ہے، اگر کوئی شخص کہے "من دخل هذا الحصن اوّلا فله كذا" تو وہ چند لوگ آگے پیچھے داخل ہوئے تو نفل (مال غنیمت سے زائد انعام) کا مستحق خاص کر کے پہلے داخل ہونے والا ہوگا، تو یہی احتمال کلمہ کل میں بھی ہوگا، کیونکہ پہلا وہی ہوگا جو سب سے پہلے سبقت لے جائے داخل ہونے میں اس کے بعد والا اول نہیں ہوگا، مصنف نے اسے ہی تعبیر کیا اس عموم سے جو شامل ہو علی وجہ البدل۔

علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

قوله فان دخل الكل يعني اذا اضيف لفظ كل الى النكرة فهو العموم افرادها واذا اضيف الى المعرفة فلعموم اجزائها فيصح كل رجل يشبعه هذا الرغيف بخلاف كل الرجال ويصح كل الرجال يحمل هذا الحجر بخلاف كل رجل. (التلويح)

مصنف نے بیان کیا "کل" جب نکرہ پر داخل ہو، اس کا مطلب یہ ہے کہ "کل" کی اضافت جب نکرہ کی طرف ہو تو عموم افراد کیلئے ہوتا ہے اسے کل افرادی کہا جاتا ہے جیسے "**كل رجل يشبعه هذا الرغيف**" ہر مرد کو یہ روٹی سیر کر دے گی، یعنی ہر ہر فرد مراد ہے بخلاف "**كل الرجال يشبعه هذا الرغيف**"
یعنی معرفہ کی طرف مضاف ہو تو عموم اجزاء کیلئے یعنی مجموع کیلئے ہوگا اسے کل مجموعی کہا جاتا ہے۔ یہ واضح بات ہے کہ ایک روٹی کئی لوگوں کے مجموعہ کو نہیں سیر کر سکتی، لیکن یہ کہنا صحیح ہے "**كل الرجال يحمل هذا الحجر**" اس پتھر کو یہ سب آدمی مل کر اٹھا سکتے ہیں، پتھر بھاری جسے تقریباً تین یا تین سے زائد آدمی اٹھا سکتے ہوں تو ان کی طرف اشارہ کر کے یہ کہنا ٹھیک ہے۔

لیکن اس بھاری پتھر کے اٹھانے کیلئے ''کل رجل یحمل هذا الحجر'' کہنا صحیح نہیں کیونکہ نکرہ کی طرف اضافت کی صورت میں یہ کہا جائے گا کہ ہر مرد اس پتھر کا اٹھا سکتا ہے، حالانکہ اشارہ بھاری پتھر کی طرف ہے جسے ایک شخص نہیں اٹھا سکتا۔

قوله فدخل عشرة معا انما قال ذلک لأنهم لو دخلوا متعاقبین فالنفل للأول خاصة لأن من دخل بعده لیس داخلا اوّلا بکونه مسبوقا بالغیر ومعنی الأول السابق الغیر المسبوق. (التلویح)

مصنف نے بیان فرمایا جب کسی شخص نے کہا ''کل من دخل هذا الحصن اوّلا فله کذا'' تو دس شخص معا داخل ہو گئے تو ہر ایک اس نفل (انعام) کا مستحق ہوگا۔

علامہ تفتازانی ''معا'' کی قید کا فائدہ بیان کرتے ہیں کہ یہ قید اس لئے لگائی کہ اگر آگے پیچھے داخل ہوئے تو صرف پہلا اس انعام کا مستحق ہوگا بعد میں داخل ہونے والا اس انعام کا مستحق نہیں ہوگا کیونکہ اس کا غیر اس سے پہلے داخل ہو چکا ہے، یہ ہے مسبوق بالغیر، چونکہ اول اسے کہا جاتا ہے جو سابق ہو لیکن غیر مسبوق ہو۔

قوله، فکل ای کل واحد من العشرة الداخلین معا اوّل بالنسبة الی المتخلف الذی یقدر دخوله بعد فتح الحصن وذلک لأن الداخل اوّلا یجب ان یعتبر اضافته الی الداخل ثانیا لا الی من لیس بداخل اصلا. (التلویح)

مصنف نے کہا اگر دس شخص معا داخل ہوئے تو سب ہی اول شمار ہوں گے بنسبت اس کے کہ اگر قلعہ کھولا جائے تو جن کا بعد میں داخل ہونا مقدر ہو، لیکن داخل بھی ہوں کیونکہ اول اسے ہی کہا جائے گا جو ثانیا داخل ہونے والے سے پہلے، اگر بعد میں کوئی داخل ہی نہ ہو تو اول تو اسے نہیں کہا جائے گا، لیکن اس انعام کے مستحق بوجہ سبقت کے ہوں گے۔

قوله بخلاف من دخل ای لو قال من دخل هذا الحصن اوّلا فله الف فدخله عشرة معا لم یکن لهم ولا لواحد منهم شیء لأنه لیس عموم مَنْ علی سبیل الانفراد بل عموم الجنس وههنا لم یتحقق احد دخل اوّلا، ولایجوز ان یجعل من استعارة عن الکل أو الجمیع علی سبیل الاجتماع قصدا وعموم من انما یثبت ضرورة ابهامه کالنکرة فی موضع النفی فلامشارکة تصح الاستعارة. (التلویح)

''بخلاف من دخل'' یعنی جس وقت ''من'' داخل ہو بغیر کل کے اور یہ کہے کہ جو بھی داخل ہو اس قلعہ میں اس کیلئے یہ انعام ہے تو مثال کے طور پر دس آدمی اکٹھے داخل ہو گئے تو کوئی ایک بھی آزاد نہیں ہوگا اس لئے کہ ''مَن'' علی سبیل

مصنف ایک اور وجہ سے فرق بیان کرتے ہیں:

وههنا فرق آخر وهو ان من دخل اوّلا عام على سبيل البدل فاذا اضاف الكل اليه اقتضى عموما آخر لئلا يلغو فيقتضى العموم فى الاوّل فيتعدد الأول وهذا الفرق قد تفردت به ايضا وتحقيقه ان الأول عبارة عن الفرد السابق بالنسبة الى كل واحد ممن هو غيره ففى قوله من دخل هذا الحصن اوّلا يمكن حمل الأوّل على هذا المعنى وهو معناه الحقيقى اما فى قوله كل من دخل اوّلا فلفظ كل دخل على قوله من دخل اوّلا فاقتضى التعدد فى المضاف اليه وهو من دخل فلايمكن حمل الأول على معناه الحقيقى لأن الأول الحقيقى لايكون متعددا فيراد معناه

المنفرد عموم نہیں رکھتا بلکہ عموم جنس کے طور پر پایا جاتا ہے۔ یہاں کسی ایک کا بھی اول داخل ہونا متحقق نہیں۔

اعتراض: یہ کیوں جائز نہیں کہ ''مَن'' کو مجازی طور پر کل یا جمیع کے مشابہ کرلیا جائے یعنی استعارہ پایا جائے، تاکہ ہر ایک ایک کو یا سب کو وہ انعام مل جائے۔

جواب: ''کل'' میں عموم علی سبیل الانفراد اور ''جمیع'' میں عموم علی سبیل الاجتماع قصداً پایا جاتا ہے اور ''مَن'' میں عموم ابہام کی ضرورت کی وجہ سے پایا جاتا ہے، جیسے نکرہ تحت النفی میں عموم بوجہ ابہام کی ضرورت کی وجہ سے پایا جاتا ہے، اسلئے ان میں مشارکت نہیں پائی گئی کہ استعارہ بنایا جائے۔

علامہ تفتازانی بیان کرتے ہیں:

قوله وههنا فرق آخر حاصله ان الأول هو السابق على جميع ما عداه وهو بهذا المعنى لايتعدد فعند اضافة الكل اليه يجب ان يكون مجازا للسابق على الغير مطلقا سواء كان جميع ما عداه أو بعضه كالمتخلف ليجرى فيه التعدد فتصح اضافة الكل الا فرادى اليه فعلى هذا يجب ان يكون من نكرة موصوفة اذ لو كانت موصولة وهى معرفة لكان كل لشمول الاجزاء بمعنى كل الرجال الذين يدخلون هذا الحصن اوّلا فلهم كذا فيجب ان يكون للمجموع نفل واحد وفى

تنبیہ: یہاں استعارہ سے مراد یہ نہیں کہ لفظ جمیع لفظ کل کے معنی میں ہے بلکہ مراد یہ ہے ''کل'' کے حکم کی رعایت ''جمیع'' میں کی گئی ہے۔ (السید)

المجازی وهو السابق بالنسبة الی المتخلف وجمیع عمومه علی سبیل الاجتماع فان قال جمیع من دخل هذا الحصن اوّلا فله کذا فدخل عشرة فلهم نفل واحد وان دخلوا فرادی یستحق الأوّل فیصیر جمیع مستعارا لکل کذا ذکره فخر الاسلام فی اصوله.(التنقیح والتوضیح)

یہاں ایک اور فرق ہے: وہ یہ ہے کہ یہ کہنا ''من دخل اوّلا'' (جو داخل ہوا اول) یہ عام ہے علی سبیل البدل، اور جب ''کل'' کی اس کی طرف اضافت کریں گے تو یہ ایک اور عموم چاہے گا تا کہ ''کل'' کا ذکر لغو نہ ہو جائے، تو یہ ''اول'' میں عموم چاہے گا تو اس لحاظ اول متعدد ہو جائیں گے۔

یہ فرق بیان کرنے میں بھی میں متعدد ہوں، تحقیق اس کی یہ ہے کہ ''اول'' کا مطلب ہے فرد سابق بنسبت اس کے ہر ایک غیر کے، جب اس نے صرف لفظ ''من'' ذکر کیا بغیر ''کل'' کے اور یہ کہا ''من دخل هذا الحصن اوّلا'' تو ممکن ہے کہ اول کو اسی معنی پر محمول کریں جو ابھی بیان ''فرد سابق بنسبت اس کے ہر ایک غیر کے'' کیونکہ یہ معنی اس کا حقیقی ہے وہ متعدد نہیں ہوتا، اور مجازی معنی بھی مراد لیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ''پیچھے آنے والے کی بنسبت سابق''۔

هذا الفرق نظر وهو انه یقتضی فی الصورة الدخول فرادی ان یستحق النفل کل واحد منهم غیر الأخیر لدخوله تحت عموم هذا المجاز اعنی السابق بالنسبة الی المتخلف ولیس کذلک لتصریحهم بأن النفل للاول خاصة ویمکن الجواب بأن قید عدم المسبوقیة بالغیر مراد فلا یصدق الا علی الأوّل خاصة ومما یجب التنبیه له ان أوّلا ههنا ظرف بمعنی قبل ولیس من أوصاف الداخلین فکان المراد من قولهم الأوّل اسم للفرد السابق ان الداخل اوّلا مثلا اسم لذلک.(التلویح)

مصنف نے جو ایک اور فرق بیان کیا ہے علامہ تفتازانی اس کی وضاحت فرماتے ہیں، کہ بیشک اول اسے کہتے ہیں جو اپنے تمام ماسوا سے سابق ہو، وہ اس معنی کے لحاظ سے متعدد نہیں ہوتا، جب اس کی اضافت ''کل'' کی طرف کریں تو ضروری ہے کہ اس کا مجازی معنی ''مطلقا سابق علی الغیر'' لیں، وہ عام خواہ تمام ماسوا سے سابق ہو یا بعض سے جیسے پیچھے آنے والے سے سابق ہو، یہ مجازی معنی اس لئے لیا جاتا ضروری ہے تا کہ اس میں تعدد جاری ہو سکے تو کل افرادی کی اس کی طرف اضافت صحیح ہو سکے۔

اور ''جمیع'' کا عموم علی سبیل الاجتماع ہوتا ہے، اگر یہ کہا ''جمیع من دخل ھذا الحصن اوّلا فلہ کذا'' تو دس داخل ہو گئے توان کیلئے ایک انعام ہے، اور اگر علیحدہ علیحدہ داخل ہوئے تو پہلا مکمل انعام کا مستحق ہے، اس صورت میں ''جمیع'' بطور استعارہ ''کل'' کے حکم میں ہوگا، اسی طرح فخر الاسلام نے اصول میں بیان کیا ہے۔

تو اس پر ضروری ہے کہ ''مَن'' نکرہ موصوفہ ہو کیونکہ اس وقت نکرہ ہوگا، لیکن اگر ''من'' موصولہ ہو تو وہ معرفہ ہوگا تو ''کل'' شمول اجزاء کیلئے ہوگا، اس صورت میں معنی ہوگا ''کل الرجال الذین یدخلون ھذا الحصن اوّلا فلھم کذا'' تو ضروری ہے کہ ان سب کیلئے ایک ہی نفل (انعام) ہو۔

اس فرق پر علامہ تفتازانی نے فیہ نظر سے اعتراض کیا ہے کہ یہ وجہ فرق ضعیف ہے کیونکہ یہ چاہتا ہے کہ اگر وہ فرادی طور پر داخل ہوں تو نفل کا ہر ایک مستحق ہو سوائے اخیر شخص کے کیونکہ اس مجاز کے عموم کے تحت داخل ہے یعنی سابق ہے بنسبت پیچھے آنے والے کے۔ حالانکہ اس طرح نہیں کیونکہ اس کی تصریح کی گئی ہے کہ نفل اول کیلئے ہے خاص کر کے۔

ممکن ہے کہ اس کا جواب یہ دیا جائے کہ ''اول'' میں ''عدم مسبوقیۃ بالغیر'' کی قید مراد ہے، اس لحاظ پر فقط اول سے حکم خاص ہوگا۔ اور ضروری ہے کہ اس پر متنبہ کیا جائے کہ ''اوّلا'' یہاں ظرف ہے ''قبل'' کے معنی میں ہے، یہ داخل ہونے والوں کے اوصاف سے نہیں، اور ان حضرات کے قول سے تو ''اول'' سب سے پہلے داخل ہونے والا مراد ہے، اس طرح تو داخل ہونے والے کا وصف بن جائے جو درست نہیں۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله فان قال جميع من دخل هذا الحصن اوّلا اعلم ان المشروط له النفل فى مسائل تقييد دخول الحصن بقيد الأوّلية اما ان يكون مذكورا بمجراد لفظ من اومع اضافة الكل أوالجميع اليه وعلى التقادير الثلاث اما ان يكون الداخل اوّلا واحدا أومتعددا معا أوعلى سبيل التعاقب يصيرتسعة فان كان الداخل واحدا فقط فله كمال النفل فى الصور الثلاث اما فى من دخل وكل من دخل فظاهر واما فى جميع من دخل فلان هذا التنفيل للتشجيع واظهار الجلادة فلما استحقه الجماعة بالدخول اوّلا فالواحد أولى لأن الجلادة فى ذلك اقوى وان كان الداخل متعددا فان دخلوا معا فلاشئ لهم فى صورة من دخل ولكل واحد نفل تام فى صورة كل من

دخل وللمجموع نفل واحد فی صورة جمیع من دخل لأن لفظ جمیع للاحاطة علی صفة الاجتماع فالعشرة کشخص واحد سابق بالدخول علی سائر الناس بخلاف کل فان عمومه علی سبیل الانفراد کما مر وان دخلوا علی سبیل التعاقب فالنفل للأوّل منهم فی الصور الثلاث اما فی من و کل فظاهر واما فی الجمیع فلأنه یجعل مستعار الکل لقیام الدلیل علی استحقاق الواحد وهو ان الجلادة فی دخوله وحده اقوی فهو بالنفل احری کذا ذکره فخر الاسلام. (التلویح)

مصنف نے لفظ جمیع کے متعلق جو بیان کیا ہے کہ اگر کوئی کہے "من دخل هذا الحصن اوّلا فله کذا" اس کے متعلق علامہ تفتازانی تفصیل بیان کرتے ہیں، کہ نفل (انعام) دینے کو سب مسائل میں قلعہ میں اول داخل ہونے سے مقید کیا ہے۔

اس میں تین صورتیں ہیں یا فقط لفظ "مَن" سے ذکر کیا جائے گا، یا کل کی اضافت بھی "مَن" کے ساتھ ہوگی۔ یا "مَن" کے ساتھ جمیع کی اضافت ہوگی، یعنی "کل من" یا "جمیع من" ذکر ہوگا۔

تینوں تقادیر میں "اول داخل ہونے والا ایک" ہوگا یا متعدد ہوں گے، متعدد ہوں تو پھر دو صورتیں ہیں سب "معا" ایک ساتھ ہی داخل ہوں یا آگے پیچھے، یہ کل نو (۹) صورتیں ہوگئیں۔

اگر ایک داخل ہو فقط تو وہ کمال نفل (کامل انعام) کا حقدار ہوگا تینوں صورتوں میں "من دخل" اور "کل من دخل" تو مسئلہ ظاہر ہے، لیکن "جمیع من دخل" میں وجہ یہ ہے کہ انعام کا اعلان شجاعت کے اظہار کیلئے ہے اور بہادری و مضبوطی کے اظہار کیلئے ہے جب پہلے داخل ہونے والی ایک جماعت اس انعام کی تو ایک بطریق اولی مستحق ہوگا۔

اگر متعدد داخل ہوں "معا" تو "من دخل" والی صورت میں وہ کسی چیز کے مستحق نہیں ہوں گے، اور "کل من دخل" والی صورت میں ہر ایک مکمل انعام کا حقدار ہوگا، اور "جمیع من دخل" کی صورت میں تمام کو ایک ہی انعام حاصل ہوگا، اسلئے کہ لفظ جمیع صفت اجتماع کے احاطہ کیلئے آتا ہے۔ مثال کے طور پر دس آدمی داخل ہوئے تو ان کو بنسبت دوسرے لوگوں کے ایک شخص کی طرح داخل ہونے میں سبقت حاصل ہے، وہ سب سابق کہلائیں گے۔

بخلاف "کل" کے اس کا عموم علی سبیل الانفراد ہوتا ہے، علی سبیل الاجتماع نہیں۔ اس صورت میں ہر ایک نفل کا مستحق ہوگا اسلئے کہ ہر ایک اول ہے قطع نظر غیر کے۔

اور اگر متعدد آگے پیچھے داخل ہوں تو سب سے پہلے کیلئے انعام ہوگا سب صورتوں میں لیکن "مَن" اور "کل" میں تو ظاہر ہے، لیکن "جمیع" میں اسلئے کہ اسے "کل" کے حکم بطور استعارہ لیا جائے گا کیونکہ دلیل قائم ہے ایک کے مستحق

مصنف اعتراض وجواب ذکر کرتے ہیں:

ويرد عليه انه يلزم الجمع بين الحقيقة والمجاز ولا يمكن ان يقال ان اتفق الدخول على سبيل الاجتماع يحمل على الحقيقة وان اتفق فرادى يحمل على المجاز لأنه فى حال التكلم لابد ان يراد احدهما معينا، وارادة كل منهما معينا تنافى ارادة الآخر فحينئذ يلزم الجمع بين الحقيقة والمجاز فالقول معنى قوله انه مستعار لكل ان الكل الا فرادى يدل على امرين احدهما استحقاق الأوّل النفل سواء كان الأوّل واحدا أو جمعا والثانى انه اذا كان الأول جمعا يستحق كل واحد منهم نفلا تاما فههنا يراد الأمر الأول حتى يستحق الأول النفل سواء كان واحدا أو أكثر، ولا يراد المعنى الحقيقى ولا الأمر الثانى حتى لو دخل جماعة يستحق الجميع نفلا واحدا وذلك لأن

ہونے میں وہ جلادت (بہادری) ایک کے داخل ہونے میں شجاعت وبہادری اقوی ہے، وہ نفل کا زیادہ مستحق ہے، اسی طرح فخر الاسلام نے ذکر کیا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

واعترض عليه بأن فى ذلك جمعا بين الحقيقة والمجاز لأنهم لو دخلوا معا استحقوا النفل عملا بعموم الجميع ولو دخلوا فرادى استحق الأول منهم عملا بمجازه كما اذ لم يدخل الا واحد وأجيب بأنهم اذا دخلوا معا يحمل على الحقيقة وان دخلوا فرادى أو دخل واحد فقط يحمل على المجاز ورده صاحب الكشاف، والمصنف بأن امتناع الجمع بين الحقيقة والمجاز انما هو بالنظر الى الأرادة دون الوقوع وههنا قد تحقق الجمع فى الأرادة ليصح الحمل تارة على حقيقة الجمع واخرى على مجازه كما يقال اقتل اسدا ويراد سبع أو رجل شجاع حتى يعد متمثلا بايهما كان اذ لو أريد حقيقة الجمع لم يستحق الفرد ولو اريد مجازه لم يستحق الجميع نفلا واحدا بل يستحق كل واحد نفلا تاما كما اذا صرح بلفظ كل فلدفع هذا الاشكال اورده المصنف كلاما حاصله ان الجميع ههنا ليس فى معناه الحقيقى حتى يتوقف استحقاق النفل على صفة الاجتماع للقرينة المانعة عن ذلك وهى ان هذا الكلام للتشجيع والتحريص على الدخول اوّلا على ما ذكرنا وليس ايضا مستعار المعنى كل من دخل اوّلا حتى يستحق كل

هذا الكلام للتحريض والحث على دخول الحصن اوّلا فيجب ان يستحق السابق سواء كان منفردا أومجتمعا ولايشترط الاجتماع لأنه اذا اقدم الأول على الدخول فتخلف غيره من المسابقة لايوجب حرمان الأوّل عن استحقاق النفل فالقرينة دالة على عدم اشتراط الاجتماع فلايراد المعنى الحقيقي وايضا لادليل على أنه اذا دخل جماعة يستحق كل واحد من الجماعة نفلا تاما بل الكلام دال على ان للمجموع نفلا واحدا فصار الكلام مجازا عن قوله ان السابق يستحق النفل سواء كان منفردا أومجتمعا فان دخل منفردا أومجتمعا يستحق لعموم المجاز فالاستحقاق مجتمعا ليس لأنه المعنى الحقيقي بل لدخوله تحت عموم المجاز وهذا بحث في غاية التدقيق. (التوضيح)

اعتراض: جب دس کوایک ہی نفل (انعام) کا مستحق قرار دیا تو پہلی صورت میں یہ چاہتا ہے ارادہ حقیقت کو، اور استعارہ چاہتا ارادہ مجاز کو تو یہ حقیقت ومجاز کا جمع ہونا لازم آ گیا جو جائز نہیں۔

ولایمکن ان یقال الخ سوال مقدر کا جواب ہے، سوال یہ ہوا کہ حقیقت ومجاز کا اجتماع اس وقت منع ہے جب عمل دونوں میں ایک تقدیر پر ہو، یہاں امر ایسا نہیں بلکہ عمل ہر ایک کا دوسری تقدیر پر ہے کیونکہ اتفاق دخول علی سبیل الاجتماع

واحد كمال النفل عند الاجتماع لعدم القرينة على ذلك بل هو مجاز عن السابق في الدخول واحدا كان أو جماعة فيكون للجماعة نفل واحد كما للواحد عملا بعموم المجاز وهذا المعنى بعض معنى كل من دخل اوّلا لأن معناه ان السابق يستحق النفل وانه لو كان جماعة لكان لكل واحد من آحادها كمال النفل فصار جميع من دخل اوّلا مستعارا لبعض معنى كل من دخل اوّلا فان قوله الكل الا فرادى يدل على امرين معناه ان مدلوله مجموع الأمرين اذ ليس كل واحد منهما مدلولا علىحدة حتى يكون مشتركا بينهما. (التلويح)

اعتراض: تمہارے قول پر عمل کرنے سے حقیقت ومجاز کا اجتماع لازم آئے گا جو جائز نہیں کیونکہ اگر وہ داخل ہوئے مجتمع ہوکر "معا" تو وہ سب نفل (انعام) کے مستحق ہو جائیں گے، یہ لفظ جمیع کا حقیقی معنی ہے، اور اگر وہ اکیلے اکیلے سب داخل ہو تو اول ان میں سے مستحق ہوگا یہ مجازی معنیٰ ہے یعنی "لفظ جمیع لفظ کل کے حکم میں ہے" تو جمیع کو کل کے معنی میں بطور استعارہ لیا گیا ہے، جیسا کہ صرف ایک داخل ہو تو وہ بھی انعام کا مستحق ہوگا۔

حقیقت ہے اور علیحدہ علیحدہ اعتبار مجاز پر محمول ہے۔

تو اس کا جواب یہ دیا گیا کہ تکلم کے حال میں ضروری ہے کہ دونوں میں سے ایک معین مراد ہو۔ یہاں تکلم کے ارادہ میں حقیقت ومجاز کا اجتماع لازم آرہا ہے، اور ہر ایک کا معین ارادہ دوسرے کے ارادہ کے منافی ہے، تو اس وقت حقیقت ومجاز کا اجتماع لازم آئے گا۔

فاقول سے مصنف جواب دیتے ہیں : جو یہ کہا گیا ہے کہ لفظ جمع لفظ کل کے حکم میں بطور استعارہ لیا گیا ہے، بیشک کل افرادی دو چیزوں پر دلالت کرتا ہے۔ (۱) ایک یہ کہ اول نفل کا مستحق ہے برابر ہے کہ اول ایک ہو یا جمع ہو۔ (۲) دوسری چیز یہ ہے کہ جب اول جماعت ہو تو ہر ایک ان میں نفل تام (مکمل انعام) کا مستحق ہے۔

یہاں مراد اول ہے کہ اول مستحق ہوگا نفل (انعام) کا برابر ہے ایک ہو یا زیادہ۔ معنی حقیقی یعنی متعدد کی مشارکت امر واحد میں بھی مراد نہیں اور امر ثانی یعنی جماعت اول داخل ہو تو ہر ایک کا مکمل انعام کا مستحق ہونا بھی مراد نہیں۔

جواب: مجتمع ہو کر داخل ہونے کو حقیقت پر محمول کرنے اور علیحدہ علیحدہ داخل ہونے یا ایک کے داخل ہونے کو مجاز پر محمول کرنے کو صاحب کشاف اور مصنف نے رد کیا ہے، وجہ رد یہ ہے کہ حقیقت ومجاز کا اجتماع اس وقت منع ہوتا ہے جبکہ ارادہ سے جمع کیا جائے صرف اجتماع واقع ہونے یعنی عموم المجاز پر محمول کرنے سے کہ حقیقت بھی اس کا فرد بن کر داخل ہو جانے سے امتناع لازم نہیں آتا۔

اعتراض: یہاں تو حقیقت ومجاز کا اجتماع ارادۃً لازم آرہا ہے کیونکہ کبھی جمع کے لفظ کو حقیقت پر محمول کیا جاتا ہے اور کبھی مجاز پر، یہ ایسے ہی ہے جیسے کسی کو کہا جائے "اقتل اسدا" (تو شیر کو قتل کر) "اسد" سے مراد یا درندہ لیا جائے یا بہادر دلیر آدمی، جو بھی مراد لیا جائے اس پر عمل کرنے سے اس شخص کو حکم ماننے والا کہا جائے گا۔

جب جمع کا معنی حقیقی لیا جائے تو کوئی فرد بھی مستحق نہیں ہونا چاہئے اور اگر مجازی مراد لیا جائے تو تمام ایک انعام کے مستحق نہیں ہوں گے بلکہ ہر ایک مکمل انعام کا مستحق ہوگا جس طرح لفظ کل میں صراحۃً بیان کیا گیا ہے۔

مصنف نے اس کا جواب یہ دیا : یعنی اس اشکال کو مندفع کرنے کیلئے مصنف نے کلام پیش کیا ہے جس کا حاصل یہ ہے کہ "جمیع" یہاں حقیقی معنی میں لیا ہی نہیں گیا کہ نفل (انعام) کا استحقاق مجتمع ہو کر داخل ہونے پر موقوف ہو کیونکہ قرینہ مانعہ پایا گیا ہے، وہ یہ ہے کہ "یہ کلام شجاعت دلانے اور قلعہ میں اول داخل ہونے پر ابھارنے کیلئے ہے" جیسا کہ ہم نے بیان کیا ہے۔

یہاں مراد یہ ہے کہ اگر جماعت پہلے پہلے داخل ہو تو ایک ہی انعام کے سب مستحق ہوں گے، اسلئے کہ کلام قلعہ میں اول داخل ہونے کیلئے برانگیختہ کرنے کیلئے ہے تو ضروری ہے کہ سابق مستحق ہو خواہ منفرد ہو یا جماعت ہو اور اجتماع شرط نہیں (استحقاق نفل میں) اسلئے کہ جب اول دخول میں اقدام کرے گا تو دوسرا مسابقت میں پیچھے رہ جائے گا تو پہلا استحقاق نفل سے محروم نہیں رہے گا، تو قرینہ دلالت کرتا ہے کہ اجتماع شرط نہیں تو معنی حقیقی مراد نہیں۔

تنبیہ: استحقاق نفل میں تو علیحدہ علیحدہ داخل ہونے والے اور مجتمع ہو کر داخل ہونے والے برابر ہیں لیکن مقدار نفل میں فرق ہے اجتماعی طور پر داخل ہونے والے ایک نفل کے مستحق ہیں اور علیحدہ علیحدہ داخل ہونے والے علیحدہ علیحدہ نفل کے مستحق ہیں۔

وایضا لا دلیل الخ ، اور اس پر بھی کوئی دلیل نہیں کہ جب جماعت داخل ہو تو ہر ایک نفل تام کا مستحق ہو بلکہ کلام اس پر دلالت کرتی ہے کہ تمام جماعت ایک ہی نفل کی مستحق ہوگی، تو کلام مجاز ہوگی اس کے اس قول سے "کہ سابق مستحق ہے نفل کا منفرد ہو یا مجتمع ہو" اگر داخل ہو منفرد یا مجتمع تو مستحق ہوں گے، یہ عموم المجاز ہے جماعت کا مستحق ہونا حقیقی معنی کے لحاظ پر نہیں، بلکہ عموم مجاز کے تحت داخل ہے، یہ بحث بہت دقیق ہے۔

اور کل کے معنی بھی "جمیع" کو مستعار نہیں لیا گیا کہ جو بھی اول داخل ہو وہ کامل انعام کا مستحق ہو کیونکہ اس پر قرینہ نہیں پایا گیا بلکہ یہ مجاز ہے سابق فی الدخول میں خواہ وہ ایک ہو یا جماعت ہو تو جماعت کیلئے ایک ہی انعام ہوگا جیسے ایک کیلئے ایک انعام ہوتا ہے یہ عموم المجاز پر عمل کیا گیا ہے کہ یہ معنی "کل من دخل اولا" کے معنی کا بعض ہے کیونکہ معنی اس کا یہ ہے کہ سابق داخل ہونے والا نفل کا مستحق ہوں بطور مستعار۔

مصنف کا قول کہ کل افرادی دو امروں پر دلالت کرتا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دو امروں کا مجموع مراد ہے، یہ مطلب نہیں کہ ایک ایک امر علیحدہ مدلول ہے کہ ان دونوں کے درمیان مشترک ہو۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

فان قلت فالأمر الأول هو استحقاق السابق النفل واحدا كان أو جماعة من غير قيد عدم استحقاق كل واحد من الجماعة تمام النفل وههنا قد اعتبر ذلك مع هذا القيد فلايكون المراد هو الأمر الأوّل قلت عدم استحقاق كل واحد تمام النفل ليس من جهة انه معتبر في المعنى المجازي بل هو من جهة انه لا دليل على الاستحقاق والحكم لايثبت بدون الدليل. (التلويح)

اعتراض: مصنف نے جن دو چیزوں کا ذکر کیا ہے ان میں سے پہلی چیز یہ بیان کی کہ سابق ایک ہو یا جماعت ہو انعام کا مستحق ہے، اس میں یہ قید نہیں لگائی گئی کہ جماعت میں سے ہر ایک مکمل انعام کا مستحق نہیں حالانکہ جو مسئلہ بیان کیا جا رہا ہے اس میں تو یہ قید معتبر ہے تو امر اول مراد نہ ہوا۔

جواب: جماعت میں سے ہر ایک کا مکمل انعام کا مستحق نہ ہونا اس وجہ سے نہیں کہ وہ معنی مجازی میں معتبر ہے، بلکہ اس جہت سے ہے کہ استحقاق پر کوئی دلیل نہیں اور حکم بغیر دلیل کے ثابت نہیں ہوتا۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

فقوله لا يراد المعنى الحقيقي اى اعتبار وصف الاجتماع ولهذا كان لمجموع الداخلين معا نفل واحد.(التلويح)

مصنف نے جو یہ کہا ہے کہ امر اول یہ ہے کہ اول نفل کا مستحق ہو ایک ہو یا زیادہ، اور معنی حقیقی مراد نہیں، یعنی وصف اجتماع معتبر نہیں جو معنی حقیقی ہے، اسی وجہ سے سب مجتمع ہو کر "معا" داخل ہونے والے صرف ایک نفل (انعام) کے مستحق ہیں۔

"ولا الأمر الثاني اى استحقاق كل واحد تمام النفل عند الاجتماع ولهذا كان لمجموع الداخلين معا نفل واحد"

اور امر ثانی بھی معتبر نہیں یعنی جماعت کا اجتماعی طور پر داخل ہونے پر ہر ایک تمام نفل کا مستحق نہیں، اسی وجہ سے سب مجتمع ہو کر داخل ہونے والے ایک ہی انعام کے مستحق ہیں۔

وقوله حتى لو دخله جماعة تفريع على عدم ارادة المعنى الثاني واعلم انهم لو حملوا الكلام على حقيقته وجعلوا استحقاق المنفرد كمال النفل ثابتا بدلالة النص لكفى.(التلويح)

مصنف کا قول "یہاں تک کہ اگر جماعت داخل ہو تو سب ایک نفل کے مستحق ہوں گے" تفریع ہے کہ معنی ثانی مراد نہیں اور جان لو اگر کلام کو حقیقت پر محمول کریں اور منفرد کو مستحق بنائیں کمال نفل کا تو یہ دلالۃ النص سے ثابت ہوگا، تو دلالۃ النص سے ثبوت کافی ہے۔

مصنف فرماتے ہیں:

مسئلة: حكاية الفعل لاتعم لأن الفعل المحكي عنه واقع على صفة معينة نحو صلى النبي ﷺ في الكعبة فيكون هذا في معنى المشترك فيتأمل فان ترجح بعض المعاني فذاك وان ثبت التساوي في الحكم في البعض يثبت بفعله عليه الصلوة والسلام وفي البعض الآخر بالقياس قال الشافعي رحمه الله لايجوز الفرض في الكعبة لأنه يلزم استدبار بعض اجزاء الكعبة ويحمل فعله عليه الصلوة والسلام على النفل ونحن نقول لما ثبت جواز البعض بفعله عليه الصلوة والسلام والتساوي بين الفرض والنفل في امر الاستقبال حالة الاختيار ثابت فثبت الجواز في البعض الآخر قياسا، وأما نحو قضى بالشفعة للجار فليس من هذا القبيل وهو عام لأنه نقل الحديث بالمعنى ولأن الجار عام جواب اشكال هو ان يقال حكاية الفعل لما لم تعم

مسئله :مسئلة تحرير محل النزاع على ما صرح به في اصول الشافعية أنه اذا حكى الصحابي فعلا من افعال النبي عليه الصلوة والسلام بلفظ ظاهره العموم مثل نهى عن بيع الغرر وقضى بالشفعة للجار هل يكون عاما أولا فذهب بعضهم الى عمومه لأن الظاهر من حال الصحابي العدل العارف باللغة انه لاينقل العموم الا بعد علمه بتحققه وذهب الأكثرون الى انه لايعم لأن الاحتجاج انما هو بالمحكي لا الحكاية والعموم انما هو في الحكاية لا المحكي ضرورة ان الواقع لايكون الا بصفة معينة.(التلويح)

یہ مسئلہ اس محل نزاع کی تحریر میں ہے جس کی اصول الشافعیہ میں تصریح کی گئی ہے کہ جب صحابی نبی کریم ﷺ کے افعال میں سے کسی فعل کی حکایت بیان کرے ایسے الفاظ سے جن میں بظاہر عموم ہو جیسے نبی کریم ﷺ نے دھوکے والی بیع سے منع فرمایا، اور جار کیلئے شفعہ کا فیصلہ فرمایا۔ کیا یہ عام ہیں یا نہیں؟ بعض حضرات اس کے عموم کی طرف گئے ہیں کیونکہ ظاہر حال صحابی کا عادل ہونا اور لغت کا عارف ہونا ہے تو بیشک اس نے عموم کے تحقق کے علم کے بعد ہی نقل کیا ہے۔ لیکن اکثر حضرات اس طرف گئے ہیں کہ بیشک فعل کی حکایت میں عموم نہیں کیونکہ یہ استدلال (حجت پکڑنا) محکی (حکایت بیان کرنے والے) سے ہے نہ کہ حکایت سے حالانکہ عموم حکایت میں ہے نہ کہ محکی میں، یہ بدیہی بات ہے کہ واقع نہیں ہوتا مگر صفت معینہ۔

فما روی انه علیه الصلوة والسلام قضی بالشفعة للجار لایدل علی ثبوت الشفعة للجار الذی لایکون شریکا فأجاب ان هذا لیس من باب حکایة الفعل بل هو نقل الحدیث بالمعنی فهو حکایة عن قول النبی علیه الصلوة والسلام الشفعة ثابتة للجار ولئن سلمناه أنه حکایة الفعل لکن الجار عام لأن اللام لاستغراق الجنس لعدم المعهود فصار کأنه قال قضی علیه الصلوة والسلام بالشفعة لکل جار. (التنقیح والتوضیح)

مسئلہ: فعل کی حکایت میں عموم نہیں۔(اس سے پہلے چند الفاظ کا ذکر کیا جن میں عموم، عدم عموم کی صورتیں بیان کیں) اب فعل کا ذکر کیا جا رہا ہے، کیا اس میں عموم ہے؟ "حکایۃ الفعل" کے لفظ سے واضح کر دیا کہ فعل محکی عنہ (جس کی حکایت بیان کی جائے) ہے فعل میں عموم نہیں، نہ ہی انواع فعل، اور امکنہ وازمنہ اور تمام متعلقات کے لحاظ پر عموم نہیں، اگر فعل کی حکایت ایسے الفاظ سے کی جائے جو عموم کی خبر دیں تو عموم کا فائدہ حاصل ہوگا۔(السید)

فعل کی حکایت عموم کا فائدہ نہیں دیتی اس لئے کہ فعل محکی عنہ صفت معینہ پر واقع ہے، جیسے نبی کریم ﷺ کا فعل ذکر ہے کہ "آپ نے کعبہ شریف میں نماز ادا کی"

یہ مثل مشترک میں ہے، اس میں تأمل کرنا پڑے گا یعنی جس طرح مشترک کے بعض معانی کو تأمل سے ترجیح دی جاتی ہے اسی طرح نبی کریم ﷺ کے فعل میں تأمل کرنا پڑے گا اگر بعض معانی کو ترجیح کی وجہ پائی جائے تو وہی مراد ہوگا، اور اگر تساوی ثابت ہو تو حکم بعض میں نبی کریم ﷺ کے فعل سے ثابت ہوگا اور بعض میں قیاس سے۔

والمصنف رحمه الله مثل لذلک بقول الصحابی صلی النبی ﷺ داخل الکعبة ولایخفی انه لایکون من محل النزاع الا علی تقدیر عموم الفعل المثبت فی الجهات والازمان والصحیح انه لاعموم له لأن الواقع انما یکون بصفة معینة وفی زمان معین وغیره انما یلحق به بدلیل من دلالة نص أوقیاس أونحو ذلک. (التلویح)

مصنف رحمہ اللہ نے اس کی مثال دی قول صحابی سے کہ نبی کریم ﷺ نے کعبہ میں نماز ادا کی۔ لیکن یہ مخفی نہیں کہ یہ محل نزاع نہیں مگر اس تقدیر پر کہ فعل مثبت کا عموم جہات وازمان میں ہو۔ صحیح یہ ہے کہ فعل کی حکایت میں عموم نہیں اس لئے کہ واقع صفت معینہ سے ہوتا ہے اور زمان وغیرہ کے معین ہونے میں ہوتا ہے، اور یہ حکم جو ثابت ہے یعنی فرائض ونوافل کے جواز کا عموم یہ دلالۃ النص اور قیاس وغیرہ سے ثابت ہے۔

امام شافعی رحمہ اللہ فرماتے ہیں فرض کعبہ میں جائز نہیں کیونکہ کعبہ کے بعض اجزاء کی طرف پیٹھ کرنا لازم آئے گا، اسلئے نبی کریم ﷺ کے فعل کو نفل پر محمول کریں گے لھذا کعبہ شریف میں نفل جائز ہیں اور فرض جائز نہیں۔

ہم کہتے ہیں کہ حالۃ اختیار میں کعبہ شریف کی طرف منہ کرنا حکم میں مساوی ہے یعنی فرض ونفل میں حکم ایک جیسا ہے اسلئے بعض میں یعنی نوافل میں نبی کریم ﷺ کے فعل سے کعبہ شریف میں جواز ثابت ہے اور بعض میں یعنی فرائض میں قیاس سے ثابت ہے، وجہ یہی ہے کہ حکم میں دونوں مساوی ہیں۔

واما نحو قضى بالشفعة الخ سوال مقدر کا جواب ہے :سوال یہ ہے کہ جب فعل عام نہیں تو تم نبی کریم ﷺ نے جو شفعہ کا فیصلہ فرمایا جار (شریک وخلیط) کیلئے تو یہ آپ کا فعل ہے اس کو تم عام کیسے کرتے ہو کہ تم ہر جار غیر شریک کیلئے شفعہ کا حق ثابت کرتے ہو۔

جواب: ہم نبی کریم ﷺ کے فعل کی حکایت کو عام نہیں کررہے بلکہ حدیث بالمعنی منقول ہے وہ حکایت ہے نبی کریم ﷺ کے قول کی "الشفعۃ ثابتۃ للجار" اس حدیث قولی کی وجہ سے ہم عموم ثابت کرتے ہیں، اگر بالفرض ہم یہ بھی تسلیم

ثم رد تمثيلهم لذلك بمثل قضى بالشفعة للجار بأنه ليس حكاية الفعل بل نقل الحديث بمعناه ولو سلم فلفظ الجار عام، وفيه نظر اما اوّلا فلأن مدلول الكلام ليس الا الاخبار عن النبي عليه الصلوة والسلام بأنه حكم بالشفعة للجار ولا معنى لحكاية الفعل الا هذا، وأما ثانيا فلأن عموم لفظ الجار لايضر بالمقصود اذ ليس النزاع الا فيما يكون حكاية الصحابي بلفظ عام، وأما ثالثا فلأن جعله بمنزلة قول الصحابي قضى النبي ﷺ بالشفعة لكل جار غير صحيح بعد تسليم كونه حكاية للفعل ضرورة ان الفعل اعنى قضاؤه بالشفعة انما وقع في بعض الجيران بل جار معين، فان قيل يجوزان يقع حكمه بصيغة العموم بأن يقول مثلاً الشفعة للجار قلنا فحينئذ يكون نقل الحديث بالمعنى لاحكاية الفعل والتقدير بخلافه. (التلويح)

پھر مصنف نے ان کی مثال کا رد کیا کہ جو تم نے نبی کریم ﷺ کا فعل "قضى بالشفعۃ للجار" سے ہم پر اعتراض کیا ہے کہ ہم اس سے عموم ثابت کررہے ہیں، ہم اس کا یہ جواب دیتے ہیں کہ ہم عموم فعل کی حکایت سے ثابت نہیں کرتے بلکہ حدیث بالمعنی سے ثابت کرتے ہیں، اگر حدیث فعلی کو ہم دلیل بنائیں تو پھر حکایت فعل سے عموم ثابت نہیں کرتے بلکہ لفظ جار پر الف لام کے استغراق سے عموم ثابت کرتے ہیں۔

کرلیں کہ ہم فعل سے حکم ثابت کرتے ہیں ہر جار کیلئے تو پھر حکایت فعل کو ہم عام نہیں کرتے بلکہ ہم کہتے کہ "جار" پر لام تعریف استغراق جنس کیلئے ہے کیونکہ معہود کوئی نہیں، تو گویا کہ مطلب یہ ہوگیا کہ نبی کریم ﷺ نے شفعہ کا فیصلہ فرمایا ہر جار کیلئے (خواہ وہ جار خلیط یا غیر خلیط ہو)۔

مصنف فرماتے ہیں:

مسئلہ: اللفظ الذی ورد بعد سوال أوحادثة اما ان لایکون مستقلا أویکون فحینئذ اما ان یخرج مخرج الجواب قطعا أو الظاهر أنه جواب مع احتمال الابتداء أوبالعکس ای الظاهرمنه ابتداء الکلام مع احتمال الجواب، نحو ألیس لی علیک کذا فیقول بلی أو کان لی علیک کذا فیقول نعم هذا نظیرغیر المستقل ونحو سهی فسجد وزنی ماعزفرجم هذا

مصنف کے رد پر چند وجوہ سے نظر ہے: (۱) پہلی وجہ نظر یہ ہے کہ کلام کا مدلول صرف نبی کریم ﷺ کے فیصلہ کی خبر ہے کہ آپ نے "جار کیلئے شفعہ کا فیصلہ فرمایا" حکایت فعل کا اس کے بغیر اور تو کوئی معنی نہیں۔

(۲) دوسری وجہ نظر یہ ہے کہ لفظ جار کا عموم کچھ مقصود کو نقصان نہیں دیتا جبکہ نزاع نہیں مگر اس میں کہ صحابی کی حکایت لفظ عام سے ہے وہ ثابت ہے۔

(۳) تیسری وجہ نظر یہ ہے کہ جب یہ تسلیم کرلیا کہ یہ حکایت ہے نبی کریم ﷺ کے فعل کی، فعل سے مراد آپ کا فیصلہ ہے تو پھر آپ کے فیصلے کو بمنزلہ قول صحابی کے بنانا صحیح نہیں۔

اعتراض: ہوسکتا ہے کہ حدیث میں حکم عام ہو "الشفعة ثابتة للجار"۔

جواب: اس وقت حدیث نقل بالمعنی ہوگی، یعنی جب حکم عام ہو تو حدیث قولی ہوگی حکایت فعل نہیں ہوگی حالانکہ تقدیر اس کے خلاف ہے یعنی مسئلہ حکایت فعل کا بیان ہو رہا ہے۔

علامہ تفتازانی فرماتے ہیں:

قوله اللفظ الذی ورد بعد سوال أو حادثة یعنی یکون له تعلق بذلک السؤال أو الحادثة وحینئذ ینحصر الاقسام فی الاربعة المذکورة لامتناع ان یکون اللفظ قطعا فی الابتداء لایحتمل الجواب ونعنی بغیر المستقل ما لایکون کلاما مفیدا بدون اعتبار السوال أو الحادثة مثل نعم فانها مقررة لما سبق من کلام موجب أومنفی استفهاما أو خبرا وبلی فانها مختصة بایجاب النفی

نظیر المستقل الذی هو جواب قطعا ونحو تعال تغد معی فقال ان تغدیت فکذا من غیر زیادة هذا
نظیر المستقل الذی انه جواب، ونحو ان تغدیت الیوم مع زیادة علی قدر الجواب هذا
نظیر المستقل الذی الظاهر انه ابتداء مع احتمال الجواب ففی کل موضع ذکر لفظ
نحو فهو نظیر قسمٍ واحد ففی الثلاثة الأول یحمل علی الجواب وفی الرابع یحمل علی
الابتداء عندنا حملا للزیادة علی الأفادة ولو قال عنیت الجواب صدق دیانة وعند الشافعی
رحمه الله یحمل علی الجواب وهذا ما قیل ان العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب عندنا
فان الصحابة ومن بعدهم تمسکوا بالعمومات الواردة فی حوادث خاصة.(التنقیح والتوضیح)
مسئلہ: وہ لفظ جو سوال کے بعد وارد ہو یا کسی واقعہ میں وارد ہو، اسے دیکھا جائے وہ وارد ہونے والا لفظ کلام مستقل
(کلام مفید) ہے یا غیر مستقل۔ اگر کلام مستقل ہو تو اس میں پھر چند صورتیں ہیں۔
یا وہ مقام جواب میں واقع ہوگی یقیناً، یا ظاہر تو یہی ہوگا کہ یہ جواب ہے لیکن ابتداء کا بھی احتمال ہوگا یا اس کے بالعکس
یعنی ظاہر تو یہ ہوگا کہ اس کلام سے ابتداء ہوگی لیکن احتمال جواب کا بھی ہوگا۔
کلام غیر مستقل کی مثال: جیسے کوئی شخص کہے "الیس لی علیک کذا فیقول بلی" کیا میرا تجھ پر اس طرح

السابق استفهاما وخبرا، فعلی هذا لا یصح بلی فی جواب أکان لی علیک کذا ولا یکون نعم فی
جواب ألیس لی علیک کذا اقرارا الا ان المعتبر فی احکام الشرع هو العرف حتی یقام کل
منهما مقام الآخر فیکون اقرارا فی جواب الایجاب والنفی استفهاما أو خبرا.(التلویح)
مصنف نے جو یہاں بحث ذکر کی ہے کہ لفظ جو وارد ہو سوال یا حادثہ (خاص واقعہ) کے بعد، اس کا مطلب یہ ہے کہ
اس کلام کا تعلق سوال سے ہو یا حادثہ سے۔
اس وقت چار قسموں میں انحصار ہے جن کو مصنف نے ذکر کر دیا ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ کلام غیر مستقل یعنی جو سوال یا
حادثہ کے بغیر معنی کا فائدہ نہیں دیتی وہ ابتداء میں واقع ہی نہیں ہوتی، بلکہ اس کا جواب میں آنا قطعی ہوتا ہے، جیسے "نعم"
ماسبق کلام کی تقریر کیلئے آتا ہے خواہ کلام موجب ہو یا منفی، خواہ استفہام ہو یا خبر۔ اور "بلی" نفی سابق کے ایجاب کے
ساتھ خاص ہے خواہ استفہام ہو یا خبر۔ اسی وجہ سے مثبت "أکان لی علیک کذا" کے جواب میں "بلی" نہیں
آ سکتا۔

قرض نہیں، تو اس نے جواب میں کہا "بلیٰ" کیوں نہیں (ہاں مجھ پر اتنا قرض ہے) اس میں صرف جواب کی صلاحیت ہے اس سے ابتداء کلام نہیں ہوسکتی۔

اسی طرح کسی نے کہا "أكان لي عليك كذا" کیا میرا تم پر قرض ہے اس طرح، تو اس نے جواب میں کہا "نعم" تو مطلب یہ ہے کہ ہاں مجھ پر تمہارا اتنا قرض ہے۔ یہ بھی صرف جواب بن سکتا ہے ابتداء کلام نہیں بن سکتا۔ "بلیٰ" سوال منفی کے بعد ثبوت کیلئے آتا ہے اور "نعم" نفی کے بعد نفی کیلئے اور مثبت سوال کے بعد مثبت کیلئے۔

مستقل جو قطعاً جواب ہو کی مثال: جیسے "سہی فسجد" نبی کریم ﷺ بھولے تو سجدہ کیا۔ "سہی" ایک حادثہ (واقعہ) ہے اس کا جواب ہے "سجد"۔

اسی کی مثال: "وزنی ماعز فرجم" ماعز رضی اللہ عنہ نے زنا کیا تو انہیں رجم کردیا گیا۔ حضرت ماعز رضی اللہ عنہ کا زنا ایک حادثہ وواقعہ ہے اس کا جواب میں "فرجم" آیا ہوا ہے، اس میں ابتداء کلام کی صلاحیت نہیں۔

مستقل جو بظاہر جواب ہو کی مثال: جس طرح کوئی کہے "تعالی تغد معی فقال ان تغديت فكذا" (اس سے

اور نفی کلام "أليس لي عليك كذا" کے جواب میں "نعم" اقرار کیلئے نہیں آسکتا، اگر "نعم" جواب میں لائیں تو نفی کیلئے ہی آئے گا۔ احکام شرع میں عرف کا اعتبار کیا جاتا ہے، اگر کسی علاقہ کے عرف میں "نعم" کلام موجب، منفی، استفہام وخبر میں اقرار کیلئے ہی استعمال کیا جاتا ہو تو اس کا اعتبار کرلیا جائے گا۔

قوله حملا للزيادة على الأفادة، يعني لو قال ان تغديت اليوم فكذا في جواب تعال تغد معي يجعل كلامه مبتدأ حتى يحنث بالتغدى في ذلك اليوم ذلك الغداء المدعو اليه أو غيره معه أو بدونه لأن في حمله على الابتداء اعتبار الزيادة الملفوظة الظاهرة والغاء الحال المبطنة وفي حمله على الجواب الأمر بالعكس ولايخفى ان العمل بالحال دون العمل بالمقال والله بحقيقة الحال. (التلويح)

اگر کسی شخص نے کہا "آؤ صبح کا کھانا میرے ساتھ کھاؤ" تو اس کے جواب میں اس نے کہا "ان تغديت اليوم فكذا" اگر میں آج صبح کا کھانا کھاؤں تو اس طرح ہو۔ تو اس کلام کو ابتداء پر محمول کیا جائے گا یا اس شخص کے ساتھ وہ کھانا کھائے جس کی طرف اسے بلایا گیا یا اس شخص کے ساتھ اور کھانا کھائے یا اس کے بغیر کھانا کھائے حانث ہوجائے گا۔

زائد کلام نہ ہو) تم آؤ میرے ساتھ صبح کا کھانا کھاؤ، تو اس نے جواب میں کہا اگر میں صبح کا کھانا کھاؤں تو اس طرح ہو مثلاً میرا غلام آزاد ہو، تو اس میں بظاہر تو یہی ہے کہ پہلے شخص کی دعوت کا جواب ہے، لیکن احتمال ابتداء کلام کا بھی ہے۔
مستقل جو بظاہر ابتداء کلام ہو کی مثال: جیسے کوئی کہے "تعال تغد معی " آؤ صبح کا کھانا میرے ساتھ کھاؤ۔ تو یہ جواب سے کچھ زائد الفاظ بڑھا کر کہے "ان تغدیت الیوم فکذا " اگر میں صبح کا کھانا آج کھاؤں تو اس طرح ہو، یہ مثال ہے مستقل کلام کی جو بظاہر ابتداء کلام ہے لیکن جواب کا بھی احتمال ہے۔
جہاں بھی "نحو" کا لفظ ذکر کیا ہے وہ ایک قسم کی نظیر ہے، یعنی چار قسموں میں سے ہر ایک ایک کی مثال بیان کی گئی "لفظ نحو" سے ہر ایک کو علیحدہ علیحدہ کر دیا
پہلی تین مثالوں میں جواب پر محمول کیا گیا ہے اور چوتھی مثال کو ہمارے نزدیک ابتداء پر محمول کیا گیا ہے تا کہ "الیوم"

ابتداء پر محمول کرنے کی وجہ یہ ہے کہ ظاہر زیادہ لفظ "الیوم" کا اعتبار کیا جائے اور باطنی حال کو لغو قرار دیا جائے یہ ہے جب کلام کو ابتداء پر محمول کریں، اگر کلام کو جواب پر محمول کریں تو بالعکس ہوگا یعنی ظاہر زیادتی کا لحاظ نہیں ہوگا، باطنی حال کا لحاظ ہوگا، لیکن یہ بات مخفی نہیں کہ حال پر عمل کم درجہ ہے مقال پر عمل کرنے سے، اللہ تعالیٰ ہی حقیقت حال کو بہتر جانتا ہے۔

قوله وصدق دیانة لأنه نوی ما یحتمله اللفظ لاقضاء لأنه خلاف الظاهر مع ان فیه تخفیفا علیه. (التلویح)

اگر وہ کہے میں نے جواب کا ارادہ کیا ہے تو اسے دیانۃً سچا مانا جائے گا کیونکہ لفظ اس کا احتمال رکھتا ہے لیکن قضاء سچا نہیں مانا جائے گا کیونکہ یہ خلاف ظاہر ہے اور اس میں اس کیلئے تخفیف ہے۔

قوله ان العبرة لعموم اللفظ لا لخصوص السبب لأن التمسک انما هو باللفظ وهو عام وخصوص السبب لاینافی عموم اللفظ ولایقتضی اقتصاره علیه ولأنه قد اشتهر من الصحابة ومن بعدهم التمسک بالعمومات الواردة فی حوادث واسباب خاصة من غیر قصرلها علی تلک الاسباب فیکون اجماعا علی ان العبرة لعموم اللفظ وذلک کآیة الظهار نزلت فی خولة امرأة أوس ابن الصامت وآیة اللعان فی هلال بن امیة وآیة السرقة فی سرقة رداء صفوان أوفی سرقة المجن، وکقوله علیه الصلوة والسلام ایما اهاب دبغ فقد طهر ورد فی شاة میمونة وقوله

کی زیادتی کا فائدہ حاصل ہو، ہاں اگر وہ کہے کہ میری مراد جواب ہے تو اسے دیانۃً سچا مانا جائے گا، اور امام شافعی رحمہ اللہ کے نزدیک جواب پر محمول کیا جائے گا، لیکن ہمارے نزدیک اعتبار عموم لفظ کا ہے نہ کہ خصوص سبب کا، کیونکہ صحابہ اور ان کے بعد علماء نے خاص واقعہ میں وارد ہونے والی عمومات کو ہی دلیل بنا کر حکم عام کیا ہے۔

فائدہ: "تعال تغد معی" کے جواب میں جب یہ کہا "ان تغدیت الیوم فکذا" اگر اسے جواب پر محمول کیا جائے جیسا کہ امام شافعی رحمہ اللہ کا مذہب ہے تو صرف اس شخص کے ساتھ صبح کا کھانے سے حانث ہوگا اور کسی کھانے سے حانث نہیں ہوگا، لیکن اگر ابتداء کلام پر محمول کریں تو جس وقت بھی اس دن صبح کا کھانا کھائے گا خواہ داعی کے ساتھ یا کہیں اور تو حانث ہو جائے گا۔

علیه الصلوة والسلام خلق الماء طهورا لاینجسه الا ما غیرلونه أوطعمه أوریحه ورد جوابا بالسوال عن بئر بضاعة.(التلویح)

عموم لفظ کا اعتبار ہے خصوص سبب کا نہیں، خصوص سبب عموم لفظ کے منافی نہیں اور نہ ہی چاہتا ہے کہ حکم اسی پر بند ہو، اسلئے کہ صحابہ کرام اور ان کے بعد علماء کرام نے عموم الفاظ کا ہی اعتبار کیا ہے باوجود اس کے کہ وہ نصوص عموم الفاظ والی وارد ہیں خاص حوادث اور اسباب میں لیکن اجماع ہے کہ وہ اسباب پر بند نہیں بلکہ عموم الفاظ کا اعتبار ہے۔

جیسے آیہ ظہار خولہ زوجہ اوس بن صامت کے حق میں نازل ہوئی۔ آیہ سرقہ حضرت صفوان رضی اللہ عنہ کی چادر یا ڈھال کی چوری پر نازل ہوئی، اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد "جو چمڑا دباغت دے دیا جائے تحقیق وہ پاک ہو جاتا ہے" وارد ہوا حضرت میمونہ رضی اللہ عنہا کی مردہ بکری کے بارے میں اور نبی کریم ﷺ کا ارشاد "پانی مطہر پیدا کیا گیا ہے اسے کوئی چیز نجس نہیں کرتی مگر یہ کہ اس کا رنگ اور بو اور ذائقہ بدل جائے" وارد ہوا ہے بئر بضاعہ کے بارے میں سوال کرنے کے جواب میں۔ یہ سب نصوص خاص واقعات کے بارے میں لیکن عموم الفاظ کا اعتبار کرتے ہوئے حکم عام ہے۔

اعتراض وجواب علامہ تفتازانی بیان فرماتے ہیں:

فان قیل لو کان عاما للسبب وغیره لجازتخصیص السبب عنه بالاجتهاد لأن نسبة العام الی جمیع الافراد علی السویة ولما کان لنقل السبب فائدة ولما طابق الجواب السوال لأنه عام والسوال خاص، أجیب عن الأول بانه یجوزان یکون بعض افراد العام یعلم دخوله تحت الأرادة قطعا بحیث لایحتمل التخصیص لدلیل یدل علیه، وعن الثانی بأن فائدة نقل السبب

لاتنحصرفی خصوص الحکم به بل قد یکون نفس معرفة اسباب نزول الآیات ورود الحدیث ووجوه القصص فائدة وعن الثالث بأن معنی المطابقة هو الکشف عن السوال وبیان حکمه وقد حصل مع الزیادة ولانسلم وجوب المطابقة بمعنی المساواة فی العموم والخصوص. (التلویح)

یہاں تین طرح سے اعتراض وارد ہوتے ہیں: (۱) جب عام سبب وغیرہ کیلئے ہوتو اجتہاد کے ذریعے سبب کی اس سے تخصیص جائز ہوگی، کیونکہ نسبت عام کی جمیع افراد کی طرف برابر ہے۔

(۲) نقل سبب میں کوئی فائدہ نہیں رہے گا۔ (۳) جواب سوال کے مطابق نہیں ہوگا کیونکہ جواب عام اور سوال خاص ہے۔

سوالات کے جوابات: پہلے سوال کا جواب یہ ہے کہ جائز ہے کہ عام کے بعض افراد کا ارادہ کے تحت داخل ہونا یقینی ہو اس لحاظ پر کہ کسی دلیل کی دلالت سے تخصیص کا احتمال نہ ہو۔

دوسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ نقل سبب میں فائدہ منحصر نہیں کہ حکم اس کے ذریعے خاص ہو بلکہ اور فائدہ بھی مقصود ہوتا ہے کہ آیات کے نازل ہونے کے اسباب اور احادیث کے وارد ہونے کے اسباب اور قصص کے وجوہ کا علم حاصل ہوجائے۔

تیسرے سوال کا جواب یہ ہے کہ سوال وجواب میں مطابقت کا یہ مطلب ہے کہ سوال کی وضاحت ہوجائے اور اس کے حکم کا بیان پایا جائے، وہ جواب میں زیادتی سے بھی حاصل ہوجاتا ہے، یہ ہم تسلیم ہی نہیں کرتے کہ عموم وخصوص میں سوال وجواب کا برابر ہونا ضروری ہے۔

امتحانی کورس والے حصہ کا اللہ تعالی کے فضل وکرم اور رسول اللہ ﷺ کی نظر رحمت اور اپنے پیر ومرشد حضرت پیر غلام محی الدین المعروف بابوجی ابن سیدنا حضرت پیر مہر علی شاہ رحمہما اللہ گولڑوی کی نظر عنایت اور والدین کی روحانی توجہ اور اساتذہ کرام کی محنت وکاوش بالخصوص اشرف العلماء اشرف العظماء رئیس المحققین والمدققین عمدۃ الاذکیاء رئیس المدرسین سمی محمد اشرف المخلوقات علیہ التسلیمات المسمی ابوالحسنات محمد اشرف سیالوی رحمہ اللہ کی انتھک محنت اور آپ کی روحانی توجہ سے توضیح وتلویح کی اردو تشریح کا کام مکمل کیا۔

آجکل دوسروں کی تصنیفات کو اپنی طرف منسوب کرنا: سرقہ، ڈاکہ زنی کا رواج عام ہوگیا، لطف کی بات یہ ہے کہ سارق اپنے سرقہ کی حماقت پر اترا بھی رہے ہیں کہ ہم نے بڑا کارنامہ انجام دیا۔

کون نہیں جانتا کہ سنی بہشتی زیور مولانا خلیل احمد برکاتی کی محنت وکاوش سے تیس، چالیس سال سے منظر عام پر تھا، اب

اس میں سوال بڑھا کر میرے ایک عزیز نے اسے اپنی طرف منسوب کرلیا ہے، وہ مجھے بتاتے ہوئے اترا رہا تھا اور میں اس کی حماقت پر دل ہی دل میں مسکرا رہا تھا۔ اور ساتھ ہی مجھے مژدہ سنا رہا تھا کہ اب میں تمہاری ''تذکرۃ الانبیاء'' کا بیڑہ غرق کرنے والا ہوں، لیکن اللہ کے فضل وکرم سے جس کا بیڑہ تار دیا گیا ہے اسے کوئی غرق نہیں کر سکے گا ان شاءاللہ پڑیں ذلت میں جل جانے والے۔

اور کون نہیں جانتا جاء الحق حضرت علامہ مفتی احمد یار خان رحمہ اللہ کی محنت کا ثمر ہے لیکن بعض بزرگوں نے اس کی مختلف ابحاث کو لفظ بلفظ رسائل بنا کر اپنی طرف منسوب کرلیا۔ اس قسم کی مثالیں موجود ہیں۔

کسی کتاب سے اقتباس لینا اور اس کا حوالہ دینا تو عقل کا تقاضا ہے، لیکن مکمل کتاب ہی کسی کی معمولی ردوبدل سے اپنی طرف منسوب کرنے والے کی اہل علم کے سامنے قدر ومنزلت نہیں رہتی۔

استاذی المکرم مولانا محمد اشرف سیالوی رحمہ اللہ کا وصال بروز جمعرات ۲۳ مئی ۲۰۱۳ء، ۱۲ رجب المرجب ۱۴۳۴ھ کو ہوا راقم شدید علالت کے باوجود آپ کے جنازہ میں سلانوالی ضلع سرگودھا شریک ہوا (راقم کو واپسی پر بہت جلدی (چار دنوں بعد) اپریشن کرانا پڑا)۔ راقم کے مدرسہ جامعہ جماعتیہ مہر العلوم راولپنڈی کے اساتذہ اور طلباء نے بھی شرکت کی۔

اللہ تعالی استاذی المکرم کے مدارج بلند کرے اور صالحین کا قرب عطا فرمائے اور جنت الفردوس میں اعلی مقام عطاء فرمائے۔ امین

راقم نے استاذی المکرم مولانا مفتی محمد حسین نعیمی، مولانا محمود احمد رضوی، مولانا مفتی عبدالقیوم ہزاروی، مولانا عبدالحکیم شرف قادری (لاہور) راولپنڈی کے جامعہ رضویہ ضیاء العلوم کے حضرت علامہ عبدالرحمٰن شاہ اور جامعہ کے ہی شیخ الحدیث مولانا غلام محی الدین رحمہم اللہ (سلطان پور) جنازے میں بھی شرکت کی تھی لیکن استاذی المکرم کے جنازے میں شرکاء کا جم غفیر مذکورہ علماء کے جنازے سے کم نہ تھا بلکہ یہ کہا جائے کہ زیادہ شرکاء تھے تو اس میں کوئی مبالغہ نہیں، آپ کے جنازہ میں جم غفیر کو دیکھ کر سمجھ آیا کہ ابلیس لعین کا مبیح کرکے جنازہ سے روکنا ''ثم لآتینهم من بین ایدیهم ومن خلفهم وعن ایمانهم وعن شمائلهم ولا تجد اکثرهم شاکرین '' کا کردار تھا لیکن رحمان نے بھی قطعی فیصلہ فرمادیا ''ان عبادی لیس لک علیهم سلطان الا من اتبعک من الغاوین '' اسے پہلے ہی ''فاخرج منها فانک رجیم '' کا حکم تو مل چکا تھا۔ اب ''انک من الصاغرین '' کا تمغہ بھی مل گیا۔ شیطان نے رحمان کے مقابلہ میں ذلیل ہونا ہی تھا۔

مشائخ وعلماء کے منصب کو سمجھنا کسی کہتر کا کام نہیں۔ ایہہ کم نہیں بے سوجھت دا کوئی ورلیاں موتی لے تریا۔

اللہ تعالی صراط مستقیم پر قائم ودائم رکھے۔ بھونک ٹونک سے رب تعالی بچا کر رکھے۔ (آمین ثم آمین)

الحافظ القاضی عبدالرزاق بھترالوی، حطاروی ابن قاضی عبدالعزیز رحمہ اللہ، بدھ ۱۴ رمضان المبارک ۱۴۳۴ھ بمطابق ۲۴ جولائی ۲۰۱۳ء

آج ۱۸ محرم الحرام ۱۴۳۶ھ بمطابق ۱۲ نومبر ۲۰۱۴ء کو بعد نماز فجر اس کی ٹائپنگ سے فراغت ہوئی۔ محمد رمضان بھیروی ساکن صدر گوگیرہ ضلع اوکارہ۔ الحمد للہ علی ذلک واللھم صل علی حبیک الاکرم ونبیک المعظم ورسولک المحتشم کلما ذکرہ الذاکرون وغفل عن ذکرہ الغافلون. اللھم ارزقنا حبہ واتباعہ واحشرنا فی زمرتہ تحت لوائہ واغفرلنا ولوالدینا واساتذتنا وذریتنا بشفاعتہ یارب العالمین یا اکرم المسئولین.